متفرق تفاسیر القرآن

اس کتاب میں علامہ صاحب کی تفاسیر پر لکھی گئی تحریریں جمع کر دی گئی ہیں۔ان پر کچھ عرصہ کام کرنے کے بعد انہوں نے مساکین القرآن کے عنوان سے ایک جامع کتاب بھی تفاسیر پر تحریر کی تھی۔

ہم فی الحال ان کی یہ تمام کاوشیں بھی ایک عنوان میں جمع کر رہے ہیں۔

اس کتاب کے عنوانات مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔تفسیر باطنی

۲۔تفسیر موضوعی

۳۔تفاسیر موضوعی احکام قرآن۔(اس عنوان پر ایک جامع کتاب احکام قرآنیہ شائع ہو چکی ہے)

۴۔تفسیر موضوعی یوم آخرت۔(اس موضوع پر ایک کتاب دنیا وآخرت قرآن عظیم میں ان شاءاللہ جلد ہی شائع ہونے والی ہے)

۵۔تفسیر قرآن ربوبیت والوہیت

۶۔علوم قرآن

۷،تفاسیر پر ایک جائزہ

تفاسیر باطنی وفرقی

آئینہ تفاسیر :

حاضراوراق ہمارے ہاں متداول باب تفاسیر کے بارے میں ایک سرسری جائزہ ہیں۔کیا یہ تفاسیر انسان مسلمان کے اذہان کوقرآن کریم کے معانی ومفاہیم سے نزدیک کرنے کے لئےلکھی گئی ہیں یایوں کہیں کہ یہ تفاسیر قرآن کواذہان مسلمان سے دور کرنے کے لئےلکھی گئی ہیں۔اس کی وضاحت ضروری ہے' تاکہ مبعد کومقرب مضرکونافع تصور کرکے عمرعزیز کوامرلاتحصل میں ضائع نہ کریں پوری امت کوخسارہ زیان میں نہ ڈوبائیں یہاں چند گروہ پائے جاتے ہیں بعض نے بطورصریح کہاہے' قرآن کا ظاہری معنی مرادنہیں بلکہ باطن مراد ہے دوسرا کہتا ہےفہم قرآن بغیرتفسیراہل بیت سمجھنا ناممکن ہے باطن صرف امام کے پاس ہیں۔کوئی کہتاہےفہم قرآن تفسیرسلف کے بغیرممکن نہیں ہے' یہاں یہ دیکھنا ہےقرآن فہمی کے لئےتفسیراہل بیت یاتفسیرسلف صالحین مقرب قرآن ہے یامبعد قرآن ہے یا بے ربط چیز ہے ذرا ان احادیث پرایک نظرکریں گے کہ ان احادیث نے آیات کوواضح کیاہے یا کوئی اجنبی معنی پیش کئے ہیں گرچہ راقم کے بارے میں یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہدایہ،نحو،صدیہ سیوطی نہ سمجھنے والے تفاسیر قرآن میں قضاوت کیلئے کوداہے وہ بھی اپنے دور کے علماءنوابغ کی لکھی تفاسیر کے بارے میں اظہارنظرکریں ایسے افراد کے بارے میں کیا کہہ سکتے ہیں ایسے اقدامات کرنے والے کواگرممکن ہوسکےتوماہرنفسیات سے علاج کرائیں یاپاگل خانے میں پہنچائیں، میں اس قسم کانتیجہ اخذ کرنے والوں کوعالم اورسائل یامتشکل ومعترض کے بارے میں تمیزنہ کرنے والے ہی کہوں گامنطق ناخواندہ کہیں گے اگرکوئی بلتی جس کوانگریزی سمجھ میں نہیں آتی ہے آپ اس سے کہیں تمہیں انگریزی تونہیں آتی ہے بلتی تمہاری سمجھ میں کہاں سے آئے گی۔ان کو یہ کہوں گا کہ سائل معترض کے لئےعلم نہیں چاہیے۔

صرف ونحودرحقیقت فہم قرآن کوناممکن بنانے کے لئے وجود میں لائی ہے چنانچہ اس وقت کے شاغف وشابقہ بقرآن جہاں کہیں کتاب سیبویہ رکھتے تھےضدقرآن رکھتے تھےان کے واضعان کی سنت وسیرت عزائم وکرداراس کامنہ بولتا ثبوت ہے غیرعرب کوعربی سیکھانے کے لئے وجود میں لائی ہے یہ خودان کادعویٰ ہے کہ ہرکس وناکس کیلئے نہیں یہ ہرآئے دن مشکل بناتے گئےجبکہ دنیامیں علوم کوآسان سےآسان بنایاجاتاہے چنانچہ فی زمانہ مدارس میں کم سے کم چھ سات سال لگتے ہیں لہٰذانحوکافہم قرآن سے ربط ہی نہیں ہے جب کہ قرآن عام لوگوں کیلئے آسان بناکربھیجا گیاہے چنانچہ سورہ قمرمیں تکرارسےآیاہے۔اس علم کے مبتکرین مذاہب فاسدہ سے وابستہ تھےان میں اکثروبیشترشعوبی تھے۔

یہ محدودافراد کی سمجھ میں آتی ہے جن کی سمجھ میں آتی ہے یاجنہوں نے اس علم کی ابتکارکی ہے وہ عربی کوعام لوگوں کیلئے آسان بنانے کیلئے نہیں بنائی گئی ہے بلکہ اس کوایک متاع بازارسلاطین نشین کیلئے بناتے تھےوہ یہ علم حاصل کرنے

کے بعد فوراً دربار سلاطین میں آکر پہلے اپنی اور اپنے شاگردوں اور حلقہ احباب کے لئے جگہ بناتے تھے پھر اپنے حریف بصریوں کے لئے داخلہ بند کرتے تھے چنانچہ اس علم کا نابغہ کسائی پہلے دربار ہارون رشید میں پہنچا تا کہ معلم شہزادہ بن جائے بدقسمتی سے سیبویہ بعد میں پہنچا اس نے اپنی کتاب پر فخر وناز کرتے ہوئے ھل من مبارز کہا یحیٰی بن برمکی نے انہیں منع کیا ایسا مت کرو لیکن وہ نہیں مانا آخر میں کسائی کے شاگردوں نے یکا یک سوالات کی بوچھاڑ کر کے سیبویہ کو پہلے تھکایا بعد میں کسائی نے آ کے سیبویہ سے کہا یا بصری تمہاری ایسی کی تیسی تم کیا جانو۔نحو کیا ہے؟ یہ علم دربار سلاطین میں ایک متاع گران قیمت میں فروخت ہوا چنانچہ کسی نحوی سے سوال ہوا تم لوگوں نے اس کو کیوں اتنا مشکل بنا کر پیش کیا تو وہ کہنے لگا اگر آسان بناؤں تو ہمیں کون پوچھے گا۔

اس علم کا قرآن کے فہم سے کوئی رشتہ نہیں تھا اس کی دو نا قابل انکار حقیقتیں ہیں ایک نحوی قرآن توڑ ضد قرآن کے طور پر وجود میں آئے۔اس کا پہلا ثبوت یہ کہ جس قرآن نے شعر کو محکوم مردود گمراہ کن قرار دیا تھا سیبویہ نے قوائد نحوی کے اثبات کیلئے تین ہزار اشعار جاہلیت ومولدین سے استناد کیا لیکن قرآن سے بمشکل پچاس سے کچھ زیادہ آیت سے استدلال نہیں کیا سنت نبی سے بھی گریز کیا دوسرا ثبوت مدارس وحوزات اس کے ضد قرآن متعارف ہونے کے بعد اس کو کسی صورت میں نصاب میں رکھنے کے لئے آمادہ نہیں ہوئے کہا کہ طلباء کو قرائت سکھائیں گے لیکن معنی نہیں سکھائیں گے۔اگر کوئی منصف عاقل اس بارے میں انصاف سے قضاوت کرے تو مجموعی طور تمام تفاسیر بطور مستقیم یا غیر مستقیم مسلمانوں کو قرآن سے دور رکھنے کے لئے لکھی گئی ہیں حاضر کتاب اس مدعی کو ثابت کرنے کیلئے ایک قسم کا معرض ہوگا۔

تفاسیر باطنی یا قرآن توڑ مساعی:۔

تفاسیر باطنی کے بارے میں مفسرین اہل سنت والجماعت وشیعہ نے لکھا ہے باطنیہ کلی طور پر ظاہر آیات کو نہیں مانتے ہیں وہ کہتے ہیں ظاہر قرآن مراد نہیں بلکہ باطن قرآن مراد ہے ظاہر قرآن سے روگردانی کرانے کے بعد باطنی معانی کے نام سے اپنی الحادیات کی تلقین کرتے تھے چنانچہ اس کے کچھ نمونے آگے بیان کریں گے، اور دیکھیں گے تمام اصول ایمانیات فرعیات اخلاقیات کو کلمہ امام میں مدغم کیا ہے لیکن جو تفاسیر سنی اور شیعوں نے قرآن کے بارے میں لکھی ہیں ان تفاسیر کے مقدمہ پر جو شرائط مفسر وتفسیر کے بارے میں ہیں ان سے واضح ہوتا ہے کہ یہ تفاسیر بھی کم وبیش باطنیہ کے عزائم کی تکمیل وتتمیم کے لئے لکھی گئی ہیں۔

ہمارے پاس موجود تفاسیر وتراجم زیادہ تر فرقہ باطنیہ کے منہج کی طرف برگشت کرتے ہیں وضاحت کرنے سے پہلے خود ان کا تعارف، تاریخ، تاسیس نیز ان کے عزائم ومنویات حرکات اور واردات کو بیان کرنا ضروری ہے باطنیہ کے بارے

میں ہم نے ایک مستقل کتاب لکھی ہے مزید کتاب دراسات فرق و مذاھب میں لکھا ہے۔

تفسیر مفسرین ذھبی جلد۲ص ۲۵۶ پر لکھا ہے اس فرقے کی بنیاد مامون رشید کے دور میں عراق کے زندان میں وجود میں آئی جہاں اس زندان میں عبداللہ بن میمون قداح فرزند میمون دیصان محمد بن حسین معروف بہ زندان اور ایک جماعت جنھیں چار بچے کے نام سے متعارف کرتے تھے۔اس مذہب کی فکری بنیاد ابی الخطاب اسدی، جابر جعفی، منذر بن جارود، میمون دیصان، وغیرہ نے دوسری صدی کے پہلے پچاس سال میں اسلام دشمنی کی بنیاد پر ڈالی تھی مسلمانوں کے اندر رہ کر اہل البیت کے نام سے ہر سو اور ہر طرف سے اسلام کا انہدام ان کا منشور اولین رہا ہے اس فرقے نے اپنا منشور بنانے میں تجربات ماسونیہ سے استفادہ کیا ہے جہاں یہودی، غیر یہودی کو یہودی بنانے سے قاصر آیا تو اس نے غیر یہودی کو لادین بنانے کا فیصلہ کیا تھا۔

باطنیہ فرقوں میں سے ایک نہیں فرقوں کا خالق ہے:۔

بد قسمتی سے بعض کو یہ اشتباہ ہے یہ فرقہ ہے عام مسلمانوں سے مختلف ہونے کی وجہ سے مردود ہے جبکہ بعض دیگر کو اچھی طرح سے معلوم ہے یہ فرقوں کا خالق ہے اس بارے میں باطنیہ کے بنیادی عقائد اور دیگر فرقوں کے عقائد و سرگرمیاں دیکھنے ہونگے کہ ان سے مختلف ہے یا ان کی عقائد و نظریات دیگر فرقوں میں مختلف انداز میں پائے جاتے ہیں مسلمانوں میں گرچہ تر ہتر فرقے بتاتے ہیں لیکن سب کو ان دو فرقوں کے چھتری میں تقسیم کئے ہوئے ہیں شیعہ اور سنی دونوں میں مصادر عقائد و شریعت قرآن اور سنت رسول کو گردانا جاتا ہے لیکن عملی میدان میں دونوں قرآن اور سنت سے گریزاں اپنی خود ساختہ حجتوں کی سنت پر قائم ہیں اور اسی کے مروج ہیں شیعہ بطور صریح کہتے ہیں ہم قرآن اور سنت دونوں اہل بیت سے لیتے ہیں اس سے واضح ہو جاتا ہے وہ قرآن اور سنت دونوں کو اصلی صورت میں نہیں لینا چاہتے اس میں تبدیلی کر کے لینے کیلئے اہل بیت کو انتخاب کیا ہے حضرت محمد کی ختم نبوت کو اڑانے کیلئے نیز ہر دور میں' امام معصوم کا ہونا ضروری گردانتے ہیں اس طرح سے انہوں نے عقیدہ ختم نبوت کو اڑایا ہے امام کا ہونا رجعت تقیہ انتظار مہدی عام مسلمانوں سے نفرت کے حوالے سے باطنیہ کا دوسرا نسخہ نظر آتا ہے لیکن اہل سنت پر باطنیہ کا کتنا سایہ ہے ان کی کتابوں میں باطنیوں کے خلاف سخت تند و تیز لہجہ پایا جاتا ہے لیکن میدان عمل میں کسی قسم کی مزاحمت نظر نہیں آتی ہے حالانکہ قادیانی کے خلاف وقتاً فوقتاً مزاحمت کا اعلان کرتے رہتے ہیں جو کہ باطنیہ کے شکم سے نکلی ہے خود باطنیہ کا نام ہی نہیں لیتے ہیں ۔لیکن باطنیوں کے منشور کو عملی جامہ پہنانے کے لئے پیش پیش ہیں شیعہ اور سنیوں میں انتہائی شدت سے اختلاف دکھایا جاتا ہے تا کہ کبھی افہام و تفہیم سے اتحاد قائم نہ ہو سکے لیکن عام نکات اختلاف دوسری صورت میں ان کے اندر پائے

جاتے ہیں مثلاً جیسی عقیدہ امام مہدی، متعہ، نزول عیسیٰ دجال، مردہ پرستی، جعل مزارات، حلول اللہ، جعل احادیث، قرآن کو حجت سے گرانے میں غیر اعلانیہ اتحاد قائم ہے تا کہ اسلام کے لئے اتحاد قائم نہ ہو سکے۔

انتہائی باریک اختلاف پایا جاتا ہے جس کے ذریعے احیاء اسلام کے لئے اتحاد کو ناممکن رکھا ہے اختلافات کے لئے بہت مواقع رکھے ہیں جو عقائد احکام شیعوں میں رائج ہیں وہ دوسری صورت میں اہل سنت میں موجود ہیں اگر کوئی شیعہ اپنے عقائد سے اختلاف کرے تو فوراً کہتا ہے سنی بھی مانتے ہیں شیعہ ان عقائد و اعمال فاسدہ کا حوالہ سنی کتابوں سے دے کر انجام دیتا ہے ان کے تمام عقائد فاسدہ کے مصادر سنیوں کی لکھی ہوئی کتابوں میں ہیں۔ جب ان کو مشکل پیش آتی ہے تو کہتے ہیں سنیوں کی کتابوں میں ہے لہٰذا ماننا پڑے گا۔ بہت سخت ٹیکنیک کھیل رہا ہے۔

سنی قرآن کو نام کی حد تک اٹھائے ہوئے ہیں مدرسہ القرآن نظر آئیں گے لیکن حدیث شریف کو ہی زیادہ اٹھاتے ہیں تمام بدعات ڈنڈے سے رواج دے رہے ہیں میلاد کی مراسم میں نعت کے نام سے کفریات الحادیات آسانی سے پھیلاتے ہیں مشرکین کے بتوں کی جگہ مزارات بنائے ہیں چنانچہ باطنیہ کے ترجمان عبداللہ بن حسن قیروانی نے سلیمان بن حسن جنانی کو ایک لمبا خط لکھا کہ تشکیک تورات وانجیل نیز شرائع سابقہ کو کلی طور پر مشکوک بنائیں اور یہ ثابت کریں کہ انسان و بشر وہ نہیں جو آدم ابوالبشر سے پھیلا ہے بشر پہلے سے موجود تھے عبیداللہ بن حسن قیروانی کے اس بیان سے ان کے ادیان سابقہ خاص کر اسلام کے ساتھ عداوت واضح ہو جاتی ہے یہاں سے انھوں نے قرآن کو کنارے پے لگانے مشکوک اور معطل کرنے کے لئے سرتوڑ مہم چلائی ہوئی ہے۔

باطنیہ کے مغز متفکران نے قرآن کو عمق و گہرائی سے سمجھا ہے یعنی روئے زمین میں کوئی چیز ہماری بنیادوں کو مسمار نہیں کر سکتی سوائے آسمانی کتب خاص کر مسلمانوں کی کتاب قرآن کے۔ چنانچہ ان سے پہلے قرآن کو پہچان کر قرآن سے دو بدو جنگ مشرکین نے کی تھی مشرکین نے کہا تھا محمدؐ بغیر قرآن قبول ہے لیکن قرآن کسی صورت میں قبول نہیں لہٰذا انھوں نے محمدؐ کو مہنگی ترین پیش کش کی، آپ کی ہر بات ماننے کے لئے تیار ہیں صرف قرآن نہیں انھوں نے کہا یہ سحر ہے یہ جادو ہے یہ اللہ کی طرف نسبت دینا جھوٹ ہے اللہ نے نہیں کہا ہے اگر اللہ کی طرف سے ہوتا تو آپ پر نہیں بھیجتے بلکہ مکہ اور طائف کے دو عظیموں پر نازل کرتے آپ پر بھیجنا اس بات کی دلیل ہے کہ یہ اللہ کا نہیں ہے۔

انھوں نے اچھی طرح سے سمجھ لیا کہ قرآن اللہ ہی کا ہے عرب قرآن کو کیوں نہ سمجھیں یہ انہی کی زبان میں نازل ہوا ہے جس طرح محمدؐ کو سمجھنے کیلئے سب سے زیادہ سزاوار یہود تھے انھوں نے محمدؐ کو اچھی طرح سے سمجھا اسی سمجھ کی بنیاد پر محمدؐ سے مزاحمت مقاومت کی، وہی لوگ سمجھنے کے مستحق تھے اس کی طرف آیت کریمہ آئی ﴿الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ

یَعۡرِفُونَهُ كَمَا يَعۡرِفُونَ أَبۡنَاءَهُمۡ ﴾ بقرہ ۱۴۶ اپنے بچوں جیسا جانتے اگر مشرکین کی سمجھ میں نہ آتا تو کسی اور کی سمجھ میں بھی نہیں آتا قرآن عربی زبان میں تھا اور قریش عربی زبان کے اعلیٰ پائے کی فصاحت و بلاغت پر فائز تھے لیکن قرآن کی شناخت تسلیم کے لئے نہیں دشمنی کی بنیاد پر تھی اس طرح عصر معاصر میں مستشرقین نے قرآن کو سمجھا چنانچہ برطانیہ نے اوج اقتدار امپراطورہ کے دوران ان کے وزیر اعظم نے ایوان نمائندگان سے خطاب میں کہا جب تک مسلمانوں میں یہ قرآن ہے ہم کچھ نہیں کر سکتے ہیں قرآن کو سمجھنے کے لئے خاص مغز متفکر کو انتخاب کیا قرآن کو سمجھنے کے بعد دوبدو جنگ کی قرآن کو مسلمانوں سے چھینا چنانچہ ان سے پہلے یہودیوں اور ان کے گماشتہ باطنیوں نے قرآن کو سمجھا تو انہوں نے قرآن کا کتبہ لگا کر اندر سے ضد قرآن پر تربیت دینی شروع کی۔انسان کے لئے ضروری ہے دشمن کے ساتھ دوست کی بھی شناخت کرے۔

بے چارے مشرکین منتشر پراگندہ ہونے کی وجہ سے یا کسی مسئلہ پر اتفاق نہ ہونے کی وجہ سے قرآن سے مزاحمت مقابلہ کرنے کے حیلے طریقے ان کو نہیں آتے تھے لہٰذا انھیں شناخت قرآن کا فائدہ نہیں ہوا لہٰذا مشرکین کو قرآن کے مقابلہ میں ہزیمت اٹھانا پڑی لیکن باطنیہ نے اہل بیت کے نام سے دوبدو مقابلے کے بجائے اندر سے مزاحمت کرنے کی سوچ یہودی ماسونیہ سے اخذ کی۔ان کے نقش قدم پر چلتے ہیں قرآن کا دقت و باریکی سے جائزہ لیا پھر اس کا مقابلہ کرنے کے لئے اس سے دوبدو لڑنے کے لئے ذرائع کا بھی جائزہ لینے کے لئے انھوں نے تجربات یہودی پروٹوکولات تلموت ماسونیہ سے حاصل کیئے دو طریقے سے مزاحمت آئی۔یہودیوں نے دین نصاریٰ کو روکنے اور کچلنے کے لئے سلاطین رومی کے اندر نفوذ کیا۔سلاطین روم کے ذریعے انھوں نے مسیحیوں کو تتر بتر کیا اور حضرت عیسیٰ کو دار پر کھینچا۔

۲۔دوسرا طریقہ دوستی ہے رجعت مسیح اور مسیح کو اللہ کا بیٹا بنایا اس طرح سے نصاریٰ کو خالص مشرک بنایا باطنیہ نے دیکھا اسلام کی روح قرآن ہے،قرآن کے ہوتے ہوئے ہر قسم کی کاوش ضائع بے فائدہ ہے نیز مسلمان قرآن کے خلاف ذرا سی بھی آنکھ مچولی برداشت نہیں کریں گے یہاں سے انہوں نے تمام تر توجہ قرآن پر لگائی کلی طور پر یہودی سیرت پر عمل کر کے سنت رسول کو قرآن پر مسلط کیا قرآن کو پیچھے کرنے کے لئے شعوبیوں کو آگے لایا۔نحو سازوں کو آگے لایا ان کی زبان سے قرائت قرآن کا شعبہ کھولا کلمات قرآن کو مسخ کرنے کے لئے نحویین کو لایا بچے کچے ضمیر فروشوں دین فروشوں شکم پرست مولویوں کے لئے تخریب دین کیلئے بجٹ بنایا اور کسی بھی دروازے سے قرآن کو اٹھانے کا راستہ بھی بند کیا اور قرآن کے نام سے قرآن کے خلاف لکھنے والوں کو مفسرین قرآن کا اعزاز دیا۔کراچی میں محفل خراساں کے امام حسن رضوی نے قرآن سے توجہ ہٹانے کیلئے اردو قرآن بنایا تا کہ سیکولر قرآن کو رد کرنے کیلئے اردو قرآن استعمال کریں۔

یہاں سے اہل فکرو دانش عقل وخرد والے کہتے ہیں ایک طریقہ شناخت تعریف کی ضد ہے ایک طریقہ شناخت یہ ہے کہ آپ کے بارے میں آپ کے دشمن کیا کہتا ہے لیکن یہ جاننا ضروری ہے کہ دشمن کی دو زبانیں ہوتی ہیں۔

ا۔ ایک زبان مدح ہوتی ہے، تا کہ اسلام وقرآن سے شغف رکھنے والوں کو اندھیرے میں رکھیں اور شکم پرست مولویوں کی شکم پری کا بندوبست کریں۔ان سے قرب حاصل کریں فوائد حاصل کریں۔ وہ ان کے خاص الخاص ہوتے ہیں مسلمانوں کو ٹھنڈا کرنے کے لیے اپنوں کو اٹھاتے ہیں چنانچہ عبداللہ مقفع ایسا تھا۔

۲۔ خود کو عرب دوست پیش کرتے تھے دوسروں کو عرب دشمن اس طرح سے بعض نے قرآن کی تعظیم کے ذریعے قرآن توڑ مہم پہ لگایا ہے اس طرح ایک میدان عمل میں اتر کر قرآن کو کنارے پر لگانے پر تلے ہوئے ہیں ایک قرآن کی تحریف پر تلے ہوئے ہیں ایک قرآن حفظی کے لئے لوگوں کو آمادہ کرتے ہیں۔ دوسرا قرآن کو روکنے کیلئے طرح طرح کی نفاقی تعبیرات تعریف وتجلیل قرآن کے ذریعے قرآن سے دور رکھنے کرنے کی تدابیر بروئے کار لائیں کہ قرآن ہر کس و ناکس کے لیے نہیں، کبھی لمبی شرائط رکھیں تا کہ قرآن سمجھی کی سوچ ہی ختم کریں اس لئے انہوں نے دو حلقے بنائے۔

ا۔اصولین کہتے ہیں ظاہری قرآن سمجھنے کی کتاب ہے ظاہری قرآن حجت ہے قرآن کو پڑھنا چاہے درس قرآن ہونا چاہیے درسگاہ کھولنا چاہیے لیکن دروس کے دورانیہ میں قرآن کو حجت سے گرانے تشکیک پھیلانے کی سرتوڑ کوشش کریں گے شرائط ایسی بتائیں گے کہ سمجھنا ہی ناممکن ہے ایک زمانے میں جس وقت برطانیہ کی امپراطوری چلتی تھی ان کے عزائم ابلیسی سے واقف لوگ یا ان کے تملق گران کہتے تھے سمندر میں اگر دو مچھلیاں لڑ پڑیں تو سمجھ لیں اس لڑائی میں برطانیہ کا کردار ہے اس وقت اس ملک میں چاہے بدنام زمانہ دہشت گرد ہو یا مساجد و مدارس سازی ہو یا جماعت سازی ہو ان میں باطنیہ کا کردار ہونا قطعی ہے۔

واردات باطنیہ:

ملک میں جاری فتنہ وفساد قتل وکشتار کا سہرہ باطنیہ اوران کی متبینات کو جاتا ہے اس طرح فاسد رسومات مذہبی وعلاقائی جو دین کو کھوکھلا کرتی ہیں ان کی بازگشت ان کو جاتی ہے ’’الا ان اعدی العدو واشعل واسعر ناوالفتنۃ ھی الباطنیہ و بناتہا‘‘ یہی جس پر پردہ رہنے کو جاتی ہے باطنیہ پروردہ ماسونیہ یہودیہ ہے لہذا ان کی واردات ماسونیہ یہودیہ سے مختلف نہیں ہے طریقہ واردات باطنیہ ان عناوین کے گرد گردش کرتا ہے:

ا۔ضرب دین بہ دین ضرب قرآن بہ قرآن

۲۔ضرب مسلمین بہ مسلمین

۳۔ضرب امام و ماموین

۴۔ضرب ماموین بہ امام

۵۔ضرب مسلمین بہ کافرین

ضرب دین بہ دین کچھ اس طرح سے ہے کہ فرقہ پر فرقہ بنایا ہر ایک کو دوسرے کی ضد بنا کر ملاعنہ شروع کیا کبھی سب ناجی صرف ایک جہنمی قرار دیا' یہ اس بات کی دلیل ہے فرقہ بنانا اپنی جگہ ان کی نظر میں مستحسن ہے کبھی ضرب قرآن بہ حدیث کبھی صرف حدیث کہا ہے اللہ نے خود نبی سے بار ہا کھلوایا ہے ہم علم غیب نہیں جانتے ہیں لیکن احادیث غیب گوئی کی بھرمار کی ہے:

۱۔میری امت میں سے فلاں فلاں جنت میں جائے گا تفصیل رشدو رشادات میں دیکھیں۔

۲۔میری امت کے تر ہتر فرقے ہونگے۔ ہر فرقے کا نام لے کر لعنت بھیجتے ہیں۔

باطنیہ کو باطنیہ اس لئے کہا ہے کہ انھوں نے ہر ظاہر کے لئے ایک باطن ہر تنزیل کے لئے تاویل کا دعویٰ کیا ہے ظاہر سے صرف نظر کر کے بے معنی بے فائدہ نا قابل فہم باطن کو مرام ومقصود قرار دینے کا مطلب ہی آیات کو حجت سے گرا کے اپنی طرف سے صادر معانی ٹھونسنا اپنی جگہ استبدادی استحصالی عزائم ومنویات پر عمل در آمد ہے۔

ان کے کیے گئے معنی باطنی کے درست ہونے کی حشیش برابر بھی دلیل نہیں وہ خود مدعی ہیں اور وہ خود گواہ ہیں اور خود قاضی ہیں جس طرح فاطمی حکومت قائم ہونے سے پہلے عبداللہ میمون خود لوگوں کو امام کی طرف دعوت دینے والے تھے بعد میں خود امام بنے یہ فرقہ ایک شخص کا بنایا ہوا نہیں ہے بلکہ یہود و صلیب مجوسیوں کی مشترکہ کمپنی کی ساخت ہے جس طرح اخوان صفا نے اعلان کیا کہ دین کو ان کے نظر میں دین کو فلسفہ سے شستشو کرنا ہے دین شستشو کر کے کفرو شرک کو بحال کرنا ہے اس کے لئے انھوں نے مختلف متعدد منصوبہ بندیاں کی ہیں ان میں ایک تفسیر قرآن ہے۔

تفسیر قرآن کے نام سے قرآن کو معاشرے سے ہٹانا ہے اس عزم ناپاک کے لئے انہوں نے تفسیر سے قرآن اور فہم قرآن کے لئے لمبی فہرست مقدمات کو پیش کیا ہے۔

باطنیہ اسماعیلیوں کا ایک نام ہے جہاں انہوں نے چہرہ اسماعیلیہ مسخ ہونے کے بعد تمام سرگرمیاں پوشیدہ انجام دینے کا فیصلہ کیا نیز ظواہر قرآن وسنت کی جگہ ان کے باطنی معنی کو اختراع کیا اس فیصلہ کے بعد انہوں نے ماسونیہ یہودی کی پیش رفتہ شکل کو اپنایا یہاں سے اپنے تعارف میں کہا کہ وہ ظاہر کے نہیں باطن اشیاء کے قائل ہیں ہر چیز کا ایک ظاہر ہوتا ہے جو نظروں میں آتا ہے ایک باطن ہوتا ہے جو خاص الخاص کے نظروں میں آتا ہے مثلاً کلمات حروف سے مرکب

ہیں کلمات سے کلام بن جاتا ہے کلام اپنی جگہ ایک قسم کی حکایت خبر ہوتا ہے' کلام کے معنی ہیں افادہ سامع یعنی سامع کو فائدہ پہنچے ان کا ظاہر معنی کو ملغی کر کے باطن کا معنی لینے کی کوئی منطق نہیں بنتی ہے۔

۲۔باہر موجود اثرات اس باطن پر دلالت کرتے ہیں جیسے اللہ سبحانہ کبھی ظاہر نہیں ہوتا ہے باطن ہی ہوتا ہے لیکن کائنات کی ہر چیز اس پر دلالت کرتی ہے کلام میں بھی ظاہری معنی مراد ہوتا ہے اس سے معنی باطن بھی لے سکتا ہے جس پر یہ کلام دلالت کرتا ہے لیکن باطنیہ جو معنی بتاتے ہیں وہ ظاہر کلام سے بالکل غیر مربوط ہوتا ہیں لہٰذا یہ معنی اس ظاہر سے اخذ کیے ہیں اس کا کوئی ثبوت نہیں ہوتا ہے۔

ظاہر سے منہ موڑ کر نظریں ہٹا کر باطن نا معلوم باطن مجھول باطن نا قابل فہم کی طرف دعوت دینے والے انسان کا حقیقت سے روگردانی کرنا فسطائیزم ہی ہوگا لغت افہام و تفہیم کے لئے وضع ہوا ہے لغوی معنی کی طرف سے صرف نظر کر کے یہ کہیں جو ہم کہتے ہے اسی کو لے لیں اس کا نام استبداد ہے یعنی جو میں کہتا ہوں اس کو مان لیں یہ ہمیشہ فاقد دلائل والوں کی منطق ہوتی ہے یہاں سے ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ تمام فرقے اس باطنیہ کی شاخ اوران کے ریزہ خوار اوران کے لشکر ابرہہ ہیں فرقے والے کہتے ہیں ہر چیز کی دلیل نہیں ہوتی ہے دلائل کی جگہ ہماری باتیں سنیں بلکہ دلائل کو چھوڑیں ہماری باتیں سنیں۔

نحوست باطنیہ

کتاب تفسیر المفسر ون زھبی جلد۲ص۱۲۴ پر آیا ہے باطنیہ نے ہر ملک ہر علاقے میں نئے نام سے اپنا تعارف پیش کیا ہے برصغیر میں انھوں نے اپنا تعارف اسماعیلیہ بوھرہ آغا خانی سے کیا ہے بلاد کردوشام میں علویہ سے کیا ہے ایران میں علی الہی سے کیا ہے ترکیہ میں اشتیہ سے کیا ہے ایران میں بابیہ سے فلسطین میں بھابیہ سے کیا ہے پاکستان میں قادیانیہ سے ہر ایک کا مرکزی ہدف اسلام سے جنگ ہے وسائل وذرائع ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔

تفاسیر باطنیہ:۔

قرآن کریم کے الفاظ کلمات آیات کے ظاہری معانی کے علاوہ باطنی معانی بھی ہوتے ہیں' جیسا کہ سورہ کہف میں آیا ہے عبدالصالح نے جو اعمال غیر عادی انجام دیئے تھے ان اعمال کے اسباب وعلل جو بعد میں بیان کئے اس کے بارے میں کہا ہے یہ ان اعمال کی تاویل ہے۔

ظاہر اس باطن کی دلیل راہنما ہوتی ہے چنانچہ قرآن میں عالم کو دو حصوں میں تقسیم کیا ہے: قرآن کی ان آیات میں عالم

غیب وشہادت آیا ہے عالم شہادت سے ہی عالم غیب کا پتہ چلتا ہے عالم شہادت آئینہ عالم غیب ہے اگر ظاہر کا یکسرہ انکار کریں تو انکار وجود باری تعالیٰ بھی ہو گا۔

۱۔عالم ظاہری

۲۔عالم باطنی

ہر ظاہر کا ایک باطن ہوتا ہے لیکن وہ باطن ظاہر سے بالکل الٹ نہیں ہوتا ہے وہ باطن ظاہر سے مربوط ہوتا ہے۔

بواطن سے مراد وہ جو حواس خمسہ میں نہیں آتا ہے باطنی اعتباری یعنی کسی اعتبار کنندہ کی طرف سے باطن ہے کسی اور کے حوالے سے ظاہر ہے یا باطن حقیقی باطن واقعی جو کبھی ظاہر نہیں ہوتا ہے منقلب نہیں ہوتا ہے وہ ذات اللہ تبارک وتعالیٰ ہے لیکن دنیا کا ہر ظاہر اس کے باطن کی دلیل ہے اگر سوچنے والے انسان نہ ہوتے اگر یہ کائنات اپنے وجود میں متغیر نہ ہوتی یہ آثار فنا نہ ہوتے تو وجود الہ پر کوئی دلیل نہیں ہوتی کائنات کا ہر وجود وجود اللہ پر دلیل ہے لیکن جو تفسیر باطنیہ پیش کرتے ہیں وہ الفاظ وکلمات آیات سے نہیں نکلتی ہے وہ آیات سے بالکل غیر مربوط ہے اس تفسیر کے ہونے کے بارے میں کسی قسم کے شواہد قرائن دلائل نہیں ہیں۔

باطنیہ نے تنہا اپنی تفاسیر پیش کرنے پر اکتفاء نہیں کیا ہے تاکہ اس کو یکے از اقسام تفاسیر تصور کیا جائے بلکہ انہوں اتنی منصوبہ بندیاں کیں تاکہ قرآن فہمی کے تمام راستے مسلمانوں کے لئے بند ہو جائیں جس کی مثال آپ کے ملک میں جاری عالمی کھلاڑیوں کے کھیل کی خاطر شہریوں کے نقل وانتقال کے تمام راستے روکتے ہیں قرآن کی طرف متوجہ ہونے کے تمام متصورہ ذرائع کو انہوں نے رکاوٹیں کھڑی کر کے روکا ہے سکول، مدارس، دینی جامعات میں قرآن کے درس کسی صورت میں نہ ہونے دیں۔

۲۔فہم قرآن لغت عرب پر متوقف ہے اس کو تفسیر سلف تفسیر اہل بیت کے ذریعے روکیں۔

۳۔سنت رسول کو سنت اہل بیت وسنت صحابہ کے ذریعہ روکیں۔

۴۔آیات کے بارے میں غور وخوض کو تفسیر بالرائے کے نام سے روکیں۔

دعویٰ کنندہ وہی دعویٰ کرنے والا اور وہی مدعی ہے اور وہی گواہ ہے۔تفاسیر باطن جو فرقہ اسماعیلیہ پیش کرتے ہیں اس کے علاوہ دیگر مذاہب مسلمین نے بھی آیات کی تفسیر باطنی کی ہے جن میں سر فہرست تفاسیر صوفی ہے ان کے بعد تفاسیر شیعہ ہے چنانچہ تفسیر برہان بھری ہوئی ہے اس تفسیر کے مولف نے آیت کے علاوہ تمام کلمات کی الٹی تفسیر پیش کی ہے آئمہ کو افضل از انبیاء قرار دینے والا یہ ہے کہ قرآن کے کلمات وجملات سے غیر مربوط ہے۔

کتاب تفسیر والمفسر ون تالیف محمد حسین ذھبی ج ۳ص ۲۸۸ پہ لکھتے ہیں بھائیوں کے باب نے سورہ یوسف کے بارے میں لکھا ہے گرچہ باب نے خود کتاب لائی ہے جس طرح غلام احمد نے از خود قرآن پیش کیا ہے وہ ابتداء میں اثناعشری تھا اپنے مذموم عزائم کو اٹھانے کیلئے پہلے اپنے آپ کو ناب مہدی موعود متعارف کیا اپنے مدعیٰ کو پیش کرنے کے لئے سورہ یوسف کی آیت ۴ جہاں حضرت یوسف نے حضرت یعقوب سے کہا بابا میں نے گیارہ ستاروں کو اپنے لئے سجدہ کرتے ہوئے دیکھا ہے جس میں وہ کہتا ہے یعقوب سے مراد نفس رسول ہے یوسف سے ثمرۃ بتول ہے حسین بن علی ہے انھوں نے اپنے باپ علی سے کہا میں نے گیارہ ستاروں کو جھکتے ہوئے دیکھا ہے شمس سے مراد زہرا ہے قمر سے مراد محمد ہے اور نجوم سے مراد آئمہ ہیں۔تو یعقوب نے کہا کہ یہ رویت اپنے بھائیوں سے نہ کہو، بہائی نے کہا ہے کہ جو کچھ قرآن میں آیا ہے صلوۃ، زکاۃ، صیام حج کعبہ بلد الحرام ان سے یہ معانی مراد نہیں ہیں اس سے مراد آئمہ ہیں چنانچہ امام صادق سے منسوب کر کے لکھتے ہیں 'انتم الصراط' قرآن میں جو صراط کا ذکر ہوا ہے اس سے مراد آپ ہیں امام نے فرمایا نحن صراط قرآن میں جو صراط ہے وہ ہم ہیں زکاۃ ہم ہیں صیام ہم ہیں ہم ہیں حج ہم ہیں بلد الحرام ہم ہیں کعبہ الحرام وجہ اللہ ہم ہیں جنت ونار قرآن میں جو آئے ہیں وہ جنت ونار حقیقی نہیں ہے رمزی ہے۔

تفسیر صافی تالیف فیض کاشانی ج ۱ مقدمہ سوئم میں لکھتے ہیں امیر المومنین نے کہا ہے کہ قرآن تین حصوں میں تقسیم ہیں ایک حصہ ہم اور ہمارے دشمنوں کے بارے میں ہے ایک سنن وامثال اور ایک حصہ احکام کے بارے میں نازل ہوا ہے ہر ایک کا ایک معنی ظاہر ہوتا ہے اور ایک معنی باطن اور ہر ایک باطن کے لئے سات بطون ہیں۔تفسیر صافی ج ۱ص ۸۵ پر اھدنا الصراط المستقیم کے بارے میں امام صادق سے نقل کرتے ہیں صراط دو ہیں ایک دنیا میں ہے ایک آخرت میں ہے دنیا میں صراط سے مراد امام مفترض طاعۃ ہے جو دنیا میں اپنے وقت کے امام کو نہیں پہچانیں گے اُن کی پیروی نہیں کریں گے وہ آخرت کے صراط سے نہیں گزر سکیں گے۔

دوسری روایت میں ہے صراط سے مراد امیر المومنین ہیں تیسری روایت میں آیا ہے نحن صراط مستقیم تفسیر صافی ج ۱ ص ۹۱ میں حروف مقطعات کے بارے میں صاحب تفسیر لکھتے ہیں اسرار غریبہ حروف مقطعات میں سے یہ ہے کہ ترکیب کرتے وقت مکرر حرف کو حذف کرنے کے بعد یہ جملہ بنتا ہے علی صراط حق یعنی علی حق ہے ہم اس کی تاسیس کرتے ہیں کتاب سے مراد کتاب علی ہے جو لاریب فیہ ہے تفسیر صافی اس جیسی تفاسیر سے پر ہے یا یوں کہیں کہ یہ باطنیوں کی تفسیر ہے۔

یک از تفاسیر باطنی تفاسیر صوفی ہے کتاب تفسیر ومفسرون ذھبی اور تفسیر ومفسرون میں ہادی معرفت نے لکھا ہے صوفیوں کی

تفسیر بھی باطن کی بنیاد پر کی گئی ہے ان کی تفاسیر میں ظواہر آیات سے غریبہ تفسیر چنانچہ سورہ بقرہ ۱۸۸ الا تکلو اموالکم کا تفسیر لا تکلو امعار ضکم کیا ہے آیت الی اول بیت وضع لناس میں بیت سے مراد قلب ہے اذا قمتم الی الصلوۃ اذا انقشتم نوم الفظلہ کہا ہے۔ان کی تفاسیر بھی ظاہر باطن سے ممزوج ہے قرآن سے باہر ہے ان کے بھی تفاسیر انواع واقسام ہیں صوفی شیعی یا اسماعیلی کی تفاسیر اپنی تمام تر اختلافات تشططات منتشرات کے باوجود سب کی بازگشت قرآن سے دوری ہے قرآن سے روکنا ہے ہدایت کے دروازے کو بند کر کے ضلالت کے دروازے کو کھولنا ہے۔

صوفی دو گروہوں پر مشتمل ہے ایک گروہ فلسفی ہے یہ اتباع فلسفہ یونانی ہے فلسفہ یونانی کی طرف آیات کو موڑا ہے۔

۲۔ دوسرا صوفی عملی ہے ریاضت قناعت کشکول نماز بے معنی اور بے جا سے آیات قرآن کی غیر مربوط تفاسیر پیش کی ہے پہلے مرحلے کے مفسر محی الدین عربی ہیں ان کے نام سے ایک تفسیر ابن عربی ہے بعض اس تفسیر کو ان سے نفی کرتے ہیں علی ای حال ان کی ہو یا ان سے منسوب ہو تفسیر تفسیر صوفی ہے آیات کو فلسفہ یونان سے جوڑ کے کرتے ہیں سورہ مریم کی آیت ۵۷ میں ادریس کے بارے میں رفعنا مکانا علیا سے مراد سورج کو لیا ہے جس کے نیچے سات افلاک اوپر سات افلاک ہیں اور خود سورج پندرواں فلک ہے مرج البحرین کی تفسیر میں ھیولائے جسمانی اور عبر روح کو جوڑا ہے وہ نظریہ وحدت کے داعی تھے وہ اللہ کے علاوہ سب کو باطل کہتے تھے کائنات میں اللہ کے علاوہ کسی بھی وجود کے قائل نہیں تھے اور خود اللہ اور اللہ کے بارے میں شک کرتے تھے کہ اللہ خود ہے یا خود اللہ اس کے بارے میں شک کرتے تھے۔

وحدت وجود کے خطاب میں ابی یزید بسطامی حسین حلاج شبلی وغیرہ آتے ہیں کتاب تفسیر والمفسر ون ج ۳ ص ۳۶۸۔

تفسیر باطنیہ صرف وہ تفسیر نہیں جو مفسرین نے تفسیر باطنی کے نام سے بیان کی ہے بلکہ وہ تفاسیر بھی تفسیر باطنی ہیں جسے انھوں نے اپنی جگہ تفسیر ظاہری کہا ہے باطنیوں کی دو قسم کی تفسیر ہے ایک مرکزی حیثیت رکھتی ہے جہاں کہیں ان کی باتیں سننے کے لئے لوگ آمادہ ہوں یا خود باطنی ہوں وہاں تفسیر باطنی خالص لاتے ہیں جہاں سامع یا قاری ان کے مخالف ہو ان سے اتفاق نہ کرتا ہو ان کے لئے ایک الگ تفسیر مختلف انداز میں لاتے ہیں۔

۲۔ عام مسلمانوں میں اچھی عبارات کلمات کے ذریعے قرآن کو جو مقام اللہ نے دیا ہے اس سے گراتے ہیں۔

ایک تفسیر خالص باطنیون کے لئے ہوتی ہے اس میں سے توحید رسالت معاد سب کو خیر باد کر کے جسے آج کل کی اصطلاح میں سیکولر کہتے ہیں وہ مسلمانوں کے بھیس میں ہیں اور کام باطنی اہداف کیلئے کرتے ہیں یہاں سے ایک شخص یقین واطمینان سے کہہ سکتا ہے تفسیر باطنی صرف وہ تفاسیر نہیں ہیں جو باطنیوں نے پیش کی ہیں بلکہ وہ تفاسیر جو فرقوں کے

پاس ہیں وہ بھی تفسیر باطنی ہے۔اس میں بھی بھر پور طریقے سے کوشش کی ہے کہ قرآن کو سرے سے نکالا جائے صرف برائے نام قرآن قرآن کا دعویٰ کریں اس کے ثبوت میں بہت سے دلائل پائے جاتے ہیں۔

۲۔باطنیہ نے کہا ہے ایک ظاہر ہوتا ہے اور ایک باطن۔پھر تفسیر کا آغاز اس طرح کیا کہ ظاہر قرآن حجت ہے یا نہیں یا کہتا ہے امت کا اتفاق ہے ظاہر قرآن حجت ہے لیکن ناسخ ومنسوخ کا علم ہونا چاہیے پیغمبر کے دور میں منسوخ تو نہیں ہوا ہے جس قرآن کیلئے اللہ نے فرمایا ہے حجت بالغہ ہے جسے رد نہیں کیا جا سکتا ہے۔مفسرین نے کہا ہے اس کا حجت ہونا نہ ہونا مسلمانوں میں اختلاف ہے حجت ہے یا نہیں جب تک مسلمان قرآن کے حجت ہونے پر اتفاق نہیں کریں گے قرآن حجت نہیں ہو سکتا تو انہوں نے تفسیر میں آیات قرآن کی تقسیم ظاہر و باطن سے کی ہے محکم ومتشابہ سے نہیں کی ہے۔یہاں سے واضح ہو جاتا ہے تفسیر کی بنیاد رکھنے والے باطنی ہیں۔

۴۔تفسیر قرآن میں لکھا ہے تفسیر قرآن حدیث سے ہوگی قرآن اپنی دلالت میں محتاج حدیث ہے لیکن حدیث محتاج قرآن نہیں ہے۔

باطنیہ کا تفسیر قرآن سے کھیل

غرض وغایت باطنیہ معلوم ومشخص ہے وہ تمام شریعتوں کا خاتمہ بالخصوص اسلام کا خاتمہ چاہتے ہیں۔وہ اسلام سے جنگ پر اسلام کو گرانے مسمار ونابود کرنے کے لئے ہر اسلحے وسائل وذرائع کو استعمال کریں بالخصوص رکن واساس اسلام قرآن سے جنگ لڑنے کے لیے تمام وسائل وذرائع کو متوجہ کرنے کے بعد آیات سے کھیلنے آیات کو اُوپر نیچے کرنے سے زیادہ مؤثر ذریعہ نہیں دیکھا عبید اللہ بن حسن قیروانی نے سلیمان بن حسن بن سعید جینانی کو ایک خط لکھا اس خط میں آیا ہے کہ میں تم کو سفارش کرتا ہوں حکم دیتا ہوں کہ قرآن تورات زبور انجیل میں تشکیک پھلائیں شریعت چھوڑنے کی طرف دعوت دیں حشر معاد تصور ملائکہ تصور جن ایمان بالغیب سب کو باطل قرار دیں سب سے انکار کروائیں لوگوں کو منوائیں آدم سے پہلے بہت آدم گزرے ہیں اس سے مراد یہ ہے عالم قدیم ثابت کریں خاص کر باطنہ کی توجہ ترجیح ختم قرآن کے لئے رہی ہے۔

تفسیر باطنی

باطنیہ نے قرآن کے کلمات کو غیر مربوط نا قابل تطبیق مصادیق میں پیش کیا ہے باطنیہ نے ظواہر کلام کو یکسرہ مسترد کر کے ایک اجنبی نا قابل تطبیق معانی پیش کیے ہیں جس پر ایمان تصدیق کرنے کا کوئی ذریعہ نہیں سوائے اس کے کہ یہ لوگ کہتے

ہیں یہ معانی صرف امام جانتا ہے اور کوئی نہیں جانتا ہے امام سے ہر شخص نہیں مل سکتا ہے ممکن ہے امام نامی کوئی موجود دنیا میں نہ ہو وہ خود امام ہو لہذا تفسیر باطنی کو تفسیر قرآن نہیں کہہ سکتا ہے بلکہ اس کو قرآن توڑ کہہ سکتا ہے جس طرح بہائی اور قادیانیوں نے پیش کی ہے۔ ان کے مقابل میں خود کو اھل سنت اور شیعہ کہنے والے نے الفظ بدل کر کے کہا ہے تفسیر بغیر حدیث صحیح نہیں وہی منطق کا تکرار ہے کہ تفسیر امام کے بغیر کوئی نہیں جانتا ہے۔ نہیں اس سلسلے میں اگر کوئی مثال نمونہ دیکھنا چاہتا ہو تو تفسیر المیز ان فی التفسیر القرآن دیکھ سکتے ہیں جہاں صاحب المیز ان نے سورہ مبارکہ مائدہ آیت ۳، ۵۵، ۶۷ کی تفسیر روایات نزول سے کی ہے جو اپنی جگہ ہر حوالے سے آیت سے اجنبی و بے گانہ بلکہ نظم آیات سیاق وسباق سے اجنبی ہونے کی وجہ سے انھیں بہت فلسفہ بافی کرنا پڑی ہے صرف اس لئے کہ روایات کتب ضعیفہ نا قابل اعتماد و اعتبار کافی، برھان۔ غایت المرام، تفسیر قمی، تفسیر عیّاشی احتجاج طبرسی سے لی ہیں یہ سب نقل کرنے کا کوئی فائدہ نہیں مدعیٰ یہ ہے کہ احادیث قرآن سے اجنبی کرتی ہیں قریب نہیں۔ جو احادیث تفسیر قرآن کے بارے میں آئی ہیں وہ آیات سے اجنبی کرنے کا کردار رکھتی ہیں۔

تفسیر باطنی

۱۔ ایک تفسیر وہ ہے جو یکسرہ کلمات کو روک کر اس سے غیر مربوط غیر متعلق کوئی معنی پیش کیا ہے اور کہا کہ حقیقت قرآن یہ ہے اس مدعیٰ کی دلیل یہ ہے امام ہی حقیقت جانتا ہے اور کوئی نہیں جانتا ہے امام کون ہے یہ خود ہے یا کوئی اور دونوں صورت میں اس تفسیر کو تفسیر استبدادی استکبراہی جبری کہیں گے یہ تفسیر اصول وقواعد سے نہیں ہوئی ہے یہ پیسے سے یا تلوار سے یا جاھلوں کو اغواء کر کے فرصت تفکر و تعقل چھین کر ٹھونسی ہے ورنہ دنیا میں کوئی عاقل خود مختار ایسی تفسیر کو تسلیم نہیں کرتے مثلاً زید قائم کا معنی کریں زید سویا ہوا ہے زید مرا ہوا ہے یا ضرب زید، زید نے کھایا ہے زید نے کہا ہے زید سویا ہے دنیا میں کوئی ماننے کے لئے تیار نہیں ہے؟ کعبے کا طواف کرو یعنی امام کے گرد طواف کرو کیسے مانا جائے۔

۲۔ دوسری تفسیر جسے تفسیر فرق کہتے ہیں فرقوں کی لکھی تفسیر خود اس فرقہ والوں کیلئے قبول ہے دوسروں کے لئے قبول نہیں ہے فرعون نے قرآن کی تفسیر کی ہے جو باطنیہ نے کی ہے باطنیہ نے کہا تفسیر قرآن صرف امام جانتا ہے وہی بات شیعوں نے کی ہے سنیوں نے کہا ہے اصحاب جانتے ہیں حدیث کے بغیر تفسیر نہیں کر سکتے ہیں۔ قرآن سمجھی کے ذرائع وسائل کو ناپید کر کے یا چھین کر غیر مربوط شرائط عائد کر کے قرآن سے دور کیا ہے یہاں انھوں نے دو طریقے اپنائے ہیں

۱۔ ایک قرآن فھمی میں عقل کو چھین کر عقل کو باندھ کر یا عقل کو روک کر قرآن سے قرآن اور عقل میں تضاد تناقض غیر ہم آہنگی غیر مربوط فکر قائم کی ہے تا کہ کوئی بھی ہمت نہ کرے چنانچہ اس میں بہت کامیاب ہوا ہے اب سو میں نہیں ہزار میں

نہیں لاکھوں مسلمانوں میں دومسلمان نہیں ملیں گے کہ ہم قرآن کو سمجھیں گے اگرکسی مصیبت پر رونا ہوتا تو مسلمانوں کو اس مصیبت پر رونا چاہئے تھا عقل ہر چیز پر استعمال کرتے ہیں صرف قرآن پر استعمال نہیں کرتے جبکہ اللہ نے اس کتاب میں کتنی دفعہ مختلف صیغوں میں کلمہ عقل کو دہرایا ہے عقل کو کیوں استعمال نہیں کرتے انھوں نے عقل کے نام سے مارا ہے یہ کسی قسم کی عقل فھمی نہیں ہے

۲قرآن فھمی کے لئے جوعلوم کی شرائط عائد کی ہیں کتاب تفسیر المفسر ون تا ٔلیف دکتور محمد حسین جلد اص ۲۷۵ میں آیا ہے شخص مفسر کوان علوم کا سمجھنا صروری ہے

ا۔علم نحوایک علم کی صورت میں تقریباً ایک سوستر سال گذرنے کے بعد سیبویہ نے بنیاد رکھی ہے اس کی کتاب اوراس کی سیرت واضح دلیل ہے کہ اس کا قرآن وسنت پیغمبر اسلام سے کوئی شغف نہیں تھا اوراس کے حریف سکا کی کا بھی کوئی تعلق اسلام سے نہیں تھا دونوں کے نزدیک اوران کے بعد میں آنے والے نحویین کا پورا مقصد عیش ونوش اور ذریعہ معاش تھا جو بھی ہوا ایک سوستر سال گذرنے کے بعد آنے والے علم نحو کو قرآن فھمی کے لئے شرط لگانا کہاں کا انصاف اس سے پہلے قرآن کے معنی کرنے والے کیا پڑھتے تھے اس وقت علم نحو تو نہیں تھا آپ جب ان کی طرف پلٹاتے ہیں تو آپ بغیر نحو پڑھے تفسیر کرنے والوں کی طرف پلٹاتے ہیں

ا۔ابوعثمان متوفی ۲۴۹ھ

۲۔بکرابن محمد بن بقیہ مازنی متوفی ۲۵۰ھ

۳۔احمد بن یحیٰ بن زیدب بن سیار متوفی ۲۹۱ھ

۴زجاج ابراھیم بن سری بن سھیل زجاج متوفی ۳۱۱ھ محمد بن قاسم بن محمد بن بشار انباری متوفی ۵۷۷ھ

۲۔علوم بلاغہ۔معانی بیان، بدیع یہ تینوں علوم کے بانی معلوم ہیں معانی بیان کا تو کہتے ہیں عمروابن جاحظ متوفی ۲۵۵ھ کتاب تاریخ آداب لغت عربی میں آیا ہے جس کے مبتکرین یہ لوگ تھے

ا۔قدمہ بن جعفر متوفی ۳۲۷ھ

۲رمّانی متوفی ۳۸۴ھ

۳عبدالقاہر جرجانی متوفی ۴۷۱ ھ

۴سکا کی متوفی ۶۲۶ھ

۵ابن اثیر متوفی ۶۳۷

سب کے سب ان کا دین وایمان ضمیر خلفاء امراء کی کاسہ لیسی تھا جو کہ موسیقی سے شغف رکھنے والے تھے علم معانی بیان بلاغت کا جو چرچا ہوا ہے وہ بنی عباس کے دور میں ہوا ہے جب دربار خلافت میں فارس کے شاہ پرستان پہنچے جہاں وہ خود کو ذلیل وخوار اور خلیفہ امیر کو شمس وقمر بناتے تھے اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ قرآن میں فصاحت وبلاغت نہیں ہے ہم قرآن کریم کی فصاحت وبلاغت کو لے لیں عربی زبان میں اگر قرآن نہ ہوتا تو آج عبرانی، سریانی، یونانی، سنسکرت زبان جیسا ہوتا اس زبان کو جو دوام وبقاء ملا ہے وہ قرآن کے طفیل سے ہے عربی زبان کے تین ادوار ہیں ایک دور جاھلیت ہے جو بعثت اسلام سے پہلے ایک سوسال کی حد تک ہے اس کا آغاز امراء القیس سے ہوا اس کا نام جامع فی تاریخ ادب مؤلف حنّا الف خوری میں آیا ہے اس کا نام جندح بن حجر الکندی ہے امراء القیس یہ پانچ سو میلادی کو پیدا ہوا ہے اور پانچ سو چالیس کو مرا ہے۔ امراء القیس کی شاعری ان کے باپ کو پسند نہیں آئی اس کو خاندان شاہی کے لئے میدان جنگ کے لئے مقابلہ مبارزہ کرنے والوں کے لئے زیب نہیں دیتا تھا اب اس کے بعد سلسلہ شروع ہوا یہاں تک کہ کلام کی حسن وخوبی کو ناپنے کے لئے شعر آیا لیکن جب قرآن نازل ہوا تو اس کا دور ختم ہوا اسلام آنے کے بعد حضرت محمدؐ اور آپؐ کے چہیتے اصحاب زبان عرب کو بہتر بنانے کے لئے سوچتے بھی نہیں تھے بلکہ وہ اس کو ایک فخر بھی نہیں سمجھتے تھے وہ گویا قرآن کے لئے ایک اہانت تصور کرتے تھے چنانچہ ایک بادشاہ نے خلیفہ دوئم کو ایک خط بھیجا ان سے درخواست کی کہ آپ اپنے ملک کے بہترین شاعر کا ایک شعر بھیجیں تو خلیفہ نے خط میں سورہ بقرہ بھیجی وہاں لکھا کہ ہمارے پیغمبر پر ایک کتاب نازل ہوئی اس کے بعد ہم شعر سے بے نیاز ہو گئے ہیں شعر کو قرآن کریم میں پیغمبر ومؤمنین کے لئے نازیب قرار دیا ہے قرآن ضد شعر وشاعری ہونے کی بنیاد پر اصحاب وتابعین کے ہاں مجالس شعر تھیں حتیٰ میدان جنگ میں بھی رجز شعری نہیں تھے لیکن بنی امیہ کے دور میں معاویہ اپنے اقتدار کے لئے قرآن کو استناد نہیں کر سکتے تھے تو اپنی تبلیغات کے لئے شاعر کو استعمال کرتے تھے شعراء یہودی مسیحی بے دین تھے ان کو اپنے دور میں مقام نہیں تھا فاسد سمجھتے تھے یہاں تک کہ عمرو بن عبدالعزیز منصور دوانقی وغیرہ شعراء کو اپنے ہاں آنے نہیں دیتے تھے ان کے بعد مھدی کے دور سے شروع ہوا تو شعر کا مقام بنانے کے لئے انھیں جھوٹ باندھنا پڑا ابوبکر شعر پڑھتے تھے حضرت عمر شعر پڑھتے تھے حضرت زھراء شعر پڑھتی تھیں اس کے بعد عربی زبان میں مہارت حاصل کی عربی زبان کو خراب کرنے کے لئے قیاس بنایا فقہ کو خراب کرنے کے لیے قیاس استعمال کیا اب بدنیت والوں کے بنائے ہوئے علم کو قرآن سمجھی کے لئے شرط لگانا ﴿تلک اذا قسمۃ ضیزیٰ﴾ ہے اگر قواعد عربی کو جو شعر پر جیتا ہے قرآن سے بناتے تو آج عربی زبان کہاں پہنچتی آج عربی زبان کو خلط ملط کرنے والوں کو یہ نوبت نہیں ملتی۔ عربی زبان میں نبوغت حاصل کرنے والوں کو فصاحت و

بلاغت میں اوج قلعہ نشینوں کو یہ اعزاز نہیں ملا جو فصاحت بلاغت قرآن کو ملا ہے۔

۳۔تیسرا علم جو انھوں نے قرآن فھمی کے لئے بنایا ہے وہ علم قرائت ہے علم قرائت میں قرائت خود مشکوک ہے اور اس پر قرائت عشرہ بنائی ہیں عشرہ پر عشرین بنائی ہیں یہ قرآن کو بگاڑنے کے لئے ہے انھوں نے اپنا سب کچھ کیا ہے لیکن جس نے قرآن نازل کیا تھا اس نے اپنا تحفظ اپنے پاس رکھا تھا تو ان کا سر نیچے ہو گیا

۴۔چوتھا علم علم کلام ہے علم کلام وہی علم فلسفہ یونانی ہے اس کی رکیک بدنمائی بدظنی بدسمعتی سے بچنے کے لئے علم کلام بنایا ہے اسس الاساس تخریب علم کلام ہے علم فقہ جسے احکام اللہ کہتے ہیں اس کے اکثر مبانی کلامی ہیں علم لسان، نحو، لغت، علم کلام میں مخرب دین علم کلام ہے فقہ کو خراب کرنے والا علم کلام ہے علم کلام تاریخ میں ابوحنیفہ سے ہے جس نے فقہا کبر دیکھی ہے اس کے بعد فقہ لکھا ہے اس نے فقہ کو علم کلام کی بنیاد پر رکھا ہے

۲واصل بن عطائے غزالی متوفی ۱۳۱ھ ۳۔ابوھزیل محمد بن ھزیل الآف متوفی ۲۳۲ھ ۴۔محمد بن عبد الھاب حیوانی متوفی ۳۰۳ھ ۴۔ابوالحسن اشعری متوفی ۳۳۳ھ یہ علم کلام کے بنیاد گزاروں میں ہیں

۵۔پانچواں علم ناسخ ومنسوخ ہے جہاں انھوں نے کوشش کی ہے کہ اکثر وبیشتر آیات قرآنی کو منسوخ کریں لیکن مسلمانوں کے شور شرابہ بدگمانی کی وجہ سے رک گئے تھے اب یہ شرط لگائی کہ ناسخ ومنسوخ کا علم ہونا چاہئے اور حدیث سے قرآن نسخ ہو سکتا ہے

۶۔چھٹا یہ کہ مفسر کو علم موھبہ ہوتا ہے یہ کہاں سے لیا ہے۔

۷۔ساتواں یہ کہ مفسر کو لغت عرب پر عبور ہونا چاہیے یہ شرط مفروغ عنہ ہے جب آپ قرآن کو سمجھنا چاہیں گے تو زبان عربی جاننا ہو گی تو کیوں اپنے نصاب میں علم الغات نہیں رکھتے عربی کو قرآن ہی سے شروع کریں قرآنی الفاظ سے قواعد نکالیں علم صرف ونحو سے علم لغت نہ نکالیں

تفسیر برھان

کتاب تفسیر والمفسر ون جلد ۲ ص ۳۳۰ علامہ ھادی معرفت اس تفسیر اور مفسر کے بارے میں لکھتے ہیں تفسیر برھان کے مؤلف سید ھاشم بن سلیمان بن اسماعیل نوبلی بحرینی متوفی ۱۱۰۷ھ ہیں انھوں نے اخبار جہاں سے ملیں جمع کی ہیں کسی بھی خبر کے بارے میں جرح وتعدیل کو چھوا ہی نہیں معترض نہیں ہوئے ہیں اس تفسیر کا ماٗ خذ وہ کتابیں ہیں جو عند الناس معتبر نہیں جیسے تفسیر امام حسن عسکری یہ تفسیر ابی یعقوب یوسف بن محمد بن زیاد اور ابی الحسن علی بن محمد بن سیار نے لکھی ہے کیسے اور کس نے ان کی لکھی ہوئی کتاب امام حسن العسکری سے انتساب کی ہے ۲۔دوسری تفسیر علی ابن ابراہیم قمی ہے یہ

تفسیر بھی ابی الفضل عباس بن محمد علوی کی ہے اور انھوں نے اس کو بغیر کسی وجہ کے علی ابن ابراھیم سے نسبت دی ہے ۳۔ کتاب احتجاج طبرسی سے منسوب کیا ہے معلوم نہیں ۴۔ چوتھی کتاب سلیم بن قیس ھلالی ہے یہ اساس دھوکہ ہے اس نے عالم اسلام میں فتنے کی بنیاد رکھی ہے تمام احادیث سند سے فاقد اسناد سے خالی ارسال مرسلات ہیں تفسیر برھان کے بارے میں صاحب ریاض العلماء اپنی کتاب جلد ۵ ص ۳۰۱ پر لکھتے ہیں کتاب برھان فی تفسیر القرآن اخبار اہل البیت پر مشتمل کتاب ہے جسے موصوف نے شاہ ولی سلیمان صفوی کے لئے تحفہ کیا تھا انھوں نے یہ کتاب تفسیر بہت سی کتابوں سے نقل کی ہے جو اپنی جگہ کتب غریب ہیں ان کی بہت سی تالیفات ہیں تمام کتابیں غث وثمین سے بھری ہوئی ہیں ان کی ایک کتاب مطاعن بکر یہ مسائل عمریہ کے نام سے ہے اس میں خلفائے ثلاثہ کو نقد و مطاعن کا نشانہ بنایا ہے صاحب ریاض العلماء نے ان کے ایک رسالے کا ذکر کیا ہے جو فضیلت امیر المؤمنین بر انبیاء اولوالعزم پر لکھا ہے یہ کتاب اس نے اپنی آخری عمر مرض الموت میں لکھی ہے اپنے بعض طلاب کو املاء کی ہے جب یہ ختم ہوئی تو وہ وفات پائے ھاشم بحرانی نے ان کی تالیفات کے بارے میں اس نکتے کا بھی اشارہ کیا جو فائدے سے خالی نہیں سنہ ۸ ھجری کو نبی کریم نے علی ابن عبداللہ بن عماد حضرمی حلیف بن عبد الشّمس کو بحرین بھیجا تھا تاکہ انھیں اسلام یا جزیے کی طرف دعوت دے بحرین اس وقت عراق کے محافظات میں شامل تھا جب عراق میں حکومت بنی عباس کمزور ہونے کے بعد وہاں اضطراب آیا فساد پھیلا تو وہاں قرامطہ نے جگہ بنائی سنہ ۲۸۱ھ کو یہاں یحیٰ بن مھدی ساکن قطیف آیا تو اس نے بحرین والوں کو بیعت مھدی کی طرف دعوت دی تو علی بن حیا دزمادمی نے ان کی دعوت کو قبول کیا ان کی دعوت کو قبول کرنے والوں میں ابوسعید جنابی بھی تھا۔ ان کے بعد ان کے بیٹے سلیمان بن ابی سعید نے بحرین میں کمیونسٹ نظام کا اعلان کیا ہر چیز میں ہر شخص شریک ہے یعنی شریعت کے خاتمے کا اعلان کیا جب ابوطاہر بن ابی سعید جینابی ۳۳۴ھ کو مرے تو ان کے تینوں بیٹے یک بعد دیگر حکمران رہے

درمنثور فی تفسیر بالماثور کتاب تفسیر والمفسر ون تالیف علامہ ھادی معرفت جلد ۲ ص ۳۳۲ یہ تفسیر عبدالرحمٰن بن ابی بکر بن محمد سیوطی ہے متوفی سنہ ۹۱۱ھ ان کی اصل فارس ہے بغداد میں رہتے تھے پھر وہاں سے مصر منتقل ہوئے یہ بھی احادیث کو جمع کرتے تھے انھوں نے ایک تفسیر مبسط کتب کے حوالے سے سند دے کر کتابوں سے یا سند نقل کرنے کے بعد اسانید کو حذف کیا ہے بغیر اسناد متن حدیث نقل پر اکتفاء کیا ہے انھوں نے صرف روایات کو ذکر کیا ہے کئی روایات کے بارے میں اظہار نظر نہیں کیا ہے ترجیح یا نقد سے گریز کیا ہے حجت روایات پر توجہ نہیں دی ہے غث وثمین جمع کیا ہے غلط شلط جمع کیا ہے اکثر روایات اسرائیلی اور خودساختہ پر مشتمل ہیں

۳۔تفسیر نور ثقلین کتاب تفسیر والمفسر ون تا ئیف ھادی معرفت جلد۲ص ۳۲۷ نور ثقلین تا ئیف عبدالعلی جمعہ عروسی حویزی متوفی ۱۱۱۲ھ ساکن شیراز انھوں نے ہر اس روایات کو ہر وہ چیز جو ائمہ سے منسوب ہے اس کو نقل کیا ہے اس میں منقول احادیث کا تفسیر سے دور کا بھی واسطہ نہیں ہے ضعف احادیث اور احادیث کا مرسلات ہونا اپنی جگہ علامہ ھادی معرفت نے لکھا ہے اس کتاب میں موجود روایات غلو ائمہ کی شان میں اھانت جسارت نقل اسرائیلیات وجعلیات سے پر ہے مذاق آور روایات سے پر ہے جس میں ستارہ زھرہ کو ایک عورت ممسوخہ کہا ہے ملکین ھاروت و ماروت کو زانیہ کہا ہے اس طرح کی اسرائیلیات سے اپنی کتاب کو پر کیا ہے

اس وقت سے عرصہ دراز تک بحرین میں قرامطہ کی حکومت رہی جو اسماعیلیوں کا بایاں باز وحساب ہوتے تھے تشدد اور الحاد اسقاط تکالیف ان کا شعار تھا مجموعی طور پر دونوں کے شعار ضد خلفاء ضد مسلمین تھے صرف شعار اھل البیت پے دونوں متفق تھے تو بحرین والوں کا اسلام اور موالی اھل البیت ھونا تاریخ میں واضح ہے لہٰذا علامہ بحرانی کا حضرت علی کو انبیاء الو العزم پر برتری دینا کوئی حیرت کی بات نہیں ہے۔

بطور مثال

تفاسیر باطنیہ کی طرف کہ انھوں نے آیات قرآن کا کس طرح سے تفسیر کیا ہے۔

۱۔وضوء ہے وضوء سے مراد موالات امام ہیں۔

۲۔صلوۃ سے مراد امام ناطق مراد ہیں جو سورہ عنکبوت کی آیت ۴۵ میں ہے۔

۳غسل سے مراد جس کسی نے مذھب کے اسرار کو فاش کیا ہے تجدید عہد کرئے۔

۴۔زکوۃ سے مراد تزکیہ نفس ہے۔

۵۔کعبہ سے مراد نبی ہے باب سے مراد علی ہے۔

۶۔صفاء سے مراد نبی ہے مروہ سے مراد علی ہے۔

۷۔میقات سے مراد ایناس ہے۔

۸۔تلبیہ سے مراد اجابت دعا ہے۔

۹۔طواف سے مراد موالات ائمہ سبعہ ہے۔

۱۰جنت سے مراد جسم کو تکالیف شرعیہ سے آزاد کرنا ہے۔

۱۱۔نار سے مراد ظاہری عبادت انجام دینا ہے۔

۱۲۔آیات کے ظواہر سے موڑ کر بے جا غیر مربوط تفاسیر باطن دیکھنے کے خواہش مند یار قرمطیان کے عالم بواطن بحرانی کی تفسیر برہان ملاحظہ کریں

باطنیہ کی تفسیر کے علاوہ دیگر فرق و مذاہب کی تفاسیر بھی قرآن سے دوری کرنے قرآن کو مھجو رو معطل رکھنے میں فاطمیہ کے ہم ازم ہم بزم ہیں اہم شاہد میں سے ایک یہ ہے کہ ابتداء ہی سے تفسیر قرآن کو احادیث سے شروع کرنا ہے' اس کی کوئی منطق نہیں ہے بلکہ سازش ہی لگتی ہے دوسرے مرحلے میں تفسیر سلف ہے یہ بھی پہلی جیسی بے بنیاد ہے احادیث سے تفسیر کرنا بے بنیاد ہونے کی منطق یہ ہے کہ نبی کریم نے کوئی درس تفسیر رکھا ہو کہیں اس کا ذکر نہیں ملتا ہے اگر کہیں کسی نے پوچھا تو آپ توضیح فرماتے تھے۔

۲۔آپ نے اپنے ارشادات لکھنے سے منع فرمایا تھا۔

۳۔نحوین نے حدیث رسول سے استناد کرنے سے گریز کرنے کی توجیہ میں کہا یہ آپ کا فرمان نہیں جب نبی کریم سے منسوب احادیث سے قاعدہ نحوی ثابت نہیں ہوتا ہے معانی باطنی قرآن سے کیسے ثابت ہونگے اس کے علاوہ جس روات کو ذکر کرتے ہیں وہ کتب رجال میں مجروح ہے کیونکہ دنیا میں درس وتدریس تالیف میں ابھی بھی پہلے مرحلے میں کلام کے مفردات پر بحث کرتے ہیں اور خاص کر اس میں مبہم مشکل الفاظ کی پہلے وضاحت کرتے ہیں یہاں تک محققین نے مصطلحات دینی میں شامل بہت سی اصطلاحات کے بارے میں لکھا ہے کہ یہ اصطلاح متشرعہ ہے شرعی نہیں پہلے نہیں تھی قرآن کریم کا پہلا دعویٰ ہے کہ یہ آسان کتاب ہے آسان کلام ہے محتاج تفسیر توضیح نہیں اس کو اللہ نے دو مرحلے میں پیش کیا ہے:

خود اور اس کے فہم وادراک کے بارے میں وضاحت ضروری ہے۔

اسلام بمقابلہ باطنیہ

اسلام کا تقابل باطنیہ کے ساتھ تناقض تضاد پر مبنی ہے اس کی تفصیل کسی اور موقع کے لئے مؤخر کر دیتے ہیں سر دست یہاں دونوں کے اسّ اساس اصل الاصول کے بارے میں وضاحت یا روشنی ڈالتے ہیں اسلام کا اسّ اساس اصل الاصول اللہ کی وحدانیت ہے اسی سے شاخیں نکلتی ہیں فروعات نکلتے ہیں ہر فرع شاخ کی صحت کا سند اللہ کی وحدانیت سے جوڑتے ہیں جو وحدانیت کے منافی ہو وہ اسلام نہیں ہے جبکہ باطنیہ کی اصّ الاصول اسّ الاساس امامت ہے آج ہم یہاں امامت کا تحلیل کرتے ہیں تجزیہ کرتے ہیں امامت کے چند عناصر ہیں

۱۔امامت اسّ الاساس اصل الاصول ہے لیکن یہ خود کس اساس پر قائم ہے اس کی بنیادی نظریہ کیا ہے وہ کہاں تک اسلام سے جوڑتا ہے ملتا ہے

۱۔اگر اسلام سے جوڑنے کا کوئی سند نہ ملے تو یہ بنیاد سے باطل فریب دھوکہ دہی غلط بیانی قرار پائیں گے

۲۔خود امام جن ذوات کو امامت خلائق کے لئے پیش کرتے ہیں ان کو دیکھنا چاہے وہ کس طرح سے خلائق کا قیادت کرتے تھے ان کی قیادت خلائق کی نوعیت کیفیت کیفیت کس نوعیت کی تھی وہ بشر کو دنیا میں سوق سعادت نجات درروز قیمت دینے میں کہاں تک کامیاب رہے ان کے معتقدین ان تمام ادوار میں تأسی برامامت کر کے کہاں تک سعادت سے ہم کنار ہوئے

۴عقیدہ امامت رکھنے والوں کے قول وفعل سلوک وکردار میں کہان تک شعاع امامت چھائے ہوئے ہیں آیئے اس بارے میں تفصیل میں وارد ہوتے ہیں

امامیہ اس گروہ کو کہا جاتا ہے جن کا عقیدہ ہے ان کے اماموں کا تعیّن من جانب اللہ ہوتے ہیں وہ اس مدعیٰ کو ثابت کرنے کے لئے راہ افراطی کو اپنایا ہے بعض نے کہا ہے کل قرآن یا تو ان کی مدح میں ہے یا ان کی مخالفین کی مذمت میں ہے بعض تنزل کر کے ۸۰ سے کچھ زائد آیات ائمہ کی شان میں جانب اللہ منتخب ہونے کے لئے استدلال کی ہے وہ استدلال صرف شان نزول سے کی ہے جب متن آیت مدعی سے غیر مربوط ہونگے تو شان نزول کا تنکا برابر ارزش نہیں ہوگا چنانچہ بہت سے جید علماء س نظرئے سے دست بردار ہو گئے ہیں کہ ان کے پاس ائمہ کے منصوص ہونے بارے میں کوئی آیت نہیں ہے آیت سے مأیوس ہونے کے بعد انھوں نے ائمہ کے امامت علیت سے جوڑا ہے لیکن یہ بھی ان کے لئے خرط لاقتاط جیسا بن گیا ہے

۱۔علم ائمہ اعلم خلائق سے برتر ہونا ثابت کرنا دشوار ہو گئے ہیں کیونکہ ان کے اعلیت کو ثابت کرنے کے لئے حصول عام کے ذرائع کو دیکھنا ہے کہ انھوں نے عالم کو کہاں سے حاصل کیا مثلا نبی کریم انپڑ تھے ان کے علم خالص وحی تھے حضرت علی دیگر اصحاب سے زیادہ اعلم ہونے کی وجہ یہ ہے کہ آپ چھوٹے عمر میں بعثت سے پہلے پیغمبر کے پروردہ تھے خلوت وجلوت میں آپ کے ساتھ تھے لھذا دیگران کی نسبت آپ کا علم زیادہ ہونا منطقی بات ہے حضرات حسنین بھی کچھ عمر رسول اللہ کے سائے میں زندگی گزاری کچھ زھرا کے ساتھ گزری ایک عمر حضرت علی کے ساتھ گزارے تو ان سے علم حاصل کی امامان کے بعد والے ائمہ نہ ان کے علم کے مصادر معلوم ہیں نہ ان کے مظاہر علمی معلوم ہیں نہ انھوں نے آثار علمی چھوڑا ہو۔

۲۔یہ کہنا علم میں افضل ہونے کے بعد قیادت ورہبری امت اعلم کو ہونا چاہئے اس منطق کی کوئی منطق نہیں بلکہ تجربے

سے ثابت ہے قیادت ورہبری انسان کی ذاتی اندونی صلاحیات قوت فیصلہ سے ہوتا ہے علم سے نہیں ہوتا ہے چنانچہ خلفائے بنی امیہ بنی عباس فاطمی عثمانی اکثر وبیشتر کم علم یا جاھل ہی تھے ان میں سے تین خالص جاھل کا نام لیتا ہے کچھ بھی نہیں جانتے تھے ان میں معتصم عباسی، شاہ عباس صفوی، اکبر بادشاہ، سلطان ٹیپو آتے ہیں انھوں نے طویل عرصہ تک مقتدرانہ حکومت چلائے ہیں

۳۔ خود ائمہ اس منصب سے کہاں تک لگاؤ رکھتے تھے تاریخ میں ثبت ہے واقعہ خونین کربلا کے بعد آپ کے نسل سے نکلنے والے ذوات جن کو امام کہتے ہیں وہ اس منصب سے کرواہت رکھتے تھے لاتعلق رکھتے تھے چنانچہ امام سجاد بالکل کنارہ کشی پر تھے بنی ھاشم کی قیدت محمد حنفیہ کرتے تھے چنانچہ ان کے وفات کے بعد لوگوں نے لوگوں نے ان کے وفات سے انکار کیا کہ وہ مرے نہیں ہے وہ واپس آئیں گے امام سجاد کے ایک بیٹا زید بن علی از خود خواہش طمع لالچ منصب نہیں رکھتے تھے حالا تنئے ان کو مجبور کیا خود شیعہ اور خوارج نے ان کو دھوکہ دیا چنانچہ ان کے ماننے والوں نے ان کے ضد میں ان کے نام سے ایک مذھب بنایا جو آج تک خلائق کو گمراہ کرر ہا ہے امام باقر نے حصہ نہیں لیا امام جعفر صادق نام خلافت سے کروہت کرتے تھے امام صادق کے امامت سے کرواہت کے بعد غلاۃ مرَدہ میدان میں آنے سے مأیوس ہونے کے بعد انھوں نے آپ کے اولادوں کو ورغلایا جس میں اسماعیل اور افطح آتے ہیں

امام موسیٰ کاظم بن جعفر وہ متصدی امامت نہیں تھے یہ جو کہتے ہیں امام موسی بن جعفر طاغوت کے خلاف قیام کرنے کی وجہ سے آپ جیل گئے زندان میں گئے اور زندان میں بھی مبارزہ رکھا اس کی کوئی سند نہیں ہے جس کا ثبوت یہ ہے امام موسی ابن جعفر مھدی عباسی کے دربار میں ہوتے تھے چنانچہ مھدی عباسی نے آپ کو مأمور کیا نوروز کے دن تحفہ تحائف لے لیں تو آپ نے فرمایا قرآن وسنت میں ہمیں کوئی چیز نظر نہیں آتا تو مھدی عباسی نے کہا ہمیں بھی کوئی ایسی چیز نظر نہیں آتی لیکن یہ چل رہا ہے کیا کریں امام بادل ناخواستہ لوگوں سے تحائف وصول کیا آخر میں اس کے مخالف خلیفہ سپرد کر کے گیا غلات ثالوث یہود نصاریٰ مجوس مشرکین اعراب نے آپ کے شخصیت اعتماد شہرت سے استفادہ کرتے ہوئے متعارف کرایا کہ یہ ہمارا امام ہیں اوران کی بدکرداری حرج مرجی ضد خلفاء اس ضد میں موسیٰ ابن جعفر مصنوع آئے چنانچہ انھوں نے امام موسی بن جعفر کے زندان میں ہوتے ہوئے انھوں نے خمس کے نام سے مال جمع کیا اس میں خرد برد کیا اسی طرح امام رضا بھی اس کے متصدی نہیں ہوئے یہ اس بات کی دلیل ہے کہ آپ نے مأمون الرشید کے ولی عھدی قبول کی جوں جوں خلافائے عباسی کمزور ہوتے گئے قرامطہ زور پکڑتے گئے چنانچہ کوفہ بصرہ بحرین احساء قطیف ان کے کنٹرول میں آیا انھوں نے صرف امام کا نام چلا کر تمام شریعت کو ملغاء کیا اسقاط تکالیف کی خود چونکہ ان ائمہ کا نام لیتے تھے لھذا یہ

ذوات ان کی وجہ سے زندان میں گئے یہ ذوات اپنی جگہ پاک پاکیزہ صاف ستھرا بے داغ ہر قسم کے نام ونمود شہرت سے گریز کرنے والے تھے بہر جو شیعہ کے نام سے چلتے تھے وہ قرامطہ والے تھے تو لھذا امامت نصاً اور خود ائمہ کی طرف سے قبولیت دونوں مفقود والے ہیں

۳۔امامت ایک نظریہ بے اساس بے بنیاد مقابل اسلام ہونے کی واضح دلیل یہ ہے اس کے ماننے والے تاریخ میں مراکز دینی میں ابھی تک فسق وفجر نے دینی اسلام ومسلمین سے نفرت وانتشار کا شکار ہیں نقطہ واحدہ امامت پر دعوت دینے والے ابھی تک کسی نائب کی نیابت پر اتفاق نہیں ہوئے

۴۔امامت جو اللہ کی طرف سے منسوب ہوتا ہے کہنے والے تمام خیرات اس سے پھوٹتے ہیں کہنے والے اس دن سے ابھی تک ان کی سرگرمیاں توجہات ضد قرآن ضد اسلام ضد محمد ﷺ چل رہا ہے ہمیشہ موالی طغات کفرہ فسقہ فجرہ ثابت ہوئے ہیں اگر امامت اس اساس ہوتے تو اپنے سے الگ ہونے والے فکر وعمل میں متضاد افراد کو اپنے چھتری کے نیچے نہیں رکھتے باہر ان کی کر یہ چہرے سے شرما کے کہتے ہیں یہ ہم میں سے نہیں ہے ہم ان میں سے نہیں ہے لیکن موقع موقع پر کہتے ہیں یہ ہم میں سے نہیں ہے پھر کہتے ہیں ہم سب ایک ہیں

اسلام وباطنیہ کے درمیان تقابل تضاد وتناقص ہے:

اسلام وباطنیہ کے درمیان تقابل تضاد تنقص پر مبنی ہے دونوں کے درمیان کوئی نقطہ التقاء نہیں۔

۱۔اسلام کے اصول اور فروع دونوں من عند اللہ ہے چنانچہ ان آیات میں آیا ہے ﴿ان الدین عند اللہ الاسلام......آیت صحیح اور مکمل لکھنی ہے﴾ اسلام مصنوع اللہ ہے اسلام تسلیم محض کو کہتے ہیں تسلیم محض صرف اور صرف خالق علیم وقدیر حکیم ولطیف کو حاصل ہے اور کسی بھی بشر کو یہ حق حاصل نہیں ہے کہ اس کے سامنے دیگر ان کو تسلیم کرے

۲۔ایمانیات جن جن چیزوں پر ایمان لانے کا حکم صرف اللہ دے سکتا ہے نبی کو ایمانیات جعل کرنے کا حق نہیں کیونکہ ایمان کا معنی ماورائے محسوسات امور کو تسلیم کرنے کا نام ہے ماورائے محسوسات تسلیم کروانا صرف اللہ ہی کر سکتا ہے کہ جو دلائل غیر محدود دے سکتا ہے

۳۔نظام زندگی منہج شریعت منہج حیات صرف اللہ ہی دے سکتا ہے اور کسی کو یہ حق حاصل نہیں شرع لکم ماوضع بہ ومن لم تحکم بما انزل اللہ......ھم کافرون، ھم فاسقون ھم الظالمون ، ﴾ جبکہ باطنیہ کا اساس

۱۔امامت ہے امامت صنع تنظیم محض ہے جو اسلام کے مقابل میں توحید کے مقابل میں کھڑا ہے۔

۲۔عقائد باطنیہ مصنوع معتزلہ اشاعرہ ہے۔

۳۔شریعت مصنوعہ ائمہ ستہ ہے۔

امامیہ

امامیہ شیعہ مطعون ہونے کے بعد شیعوں کے لئے نئی نام کی ضرورت پڑی ہے شیعہ پہلے ائمہ کو خاندان بنیاد پر منتخب کرتے تھے چونکہ یہ طریقہ سنت کسرائی قسرائی سے ملتے تھے ان کے عزائم ومنویات خبیثہ سے کشف نقاب کرتے تھے تو وہ مجبور وہ گئے نئی نام نئی شرط کے تحت تحریک چلائی اس کے نام کلمہ امامیہ انتخاب کیا شرط منصوص من اللہ لگا یا جب وہ منصوص من اللہ ثابت قاصر کرنے سے عاجز وقاصر رہے تو منصوص من الرسول کہا کہ رسول سے حضرت علی کو منتخب کیا جب یہ ثابت نہیں کر سکے تو یہ آئمہ اپنے بعد کے لئے نص کیا جب بھی ثابت نہیں کر سکے اہل بیت آئمہ کو اٹھایا بعد میں امامیہ کے بھی بہت سے فرقے بنے۔

امامیہ میں ایک فرقہ اثنا عشری ہے جسے محمد حسین ذھبی اور بعض دیگر مؤلفین نے اس کو دیگر فرقوں کی نسبت معتدل فرقہ کہا ہے ان کی یہ بات بعید از واقعیت حقیقت ہونے کے علاوہ ایک اور حقیقت کشف ہوتا ہے وہ یہ ہے سنیوں میں ایک بڑا طبقہ اندر سے اسماعیلی ہے باہر سے سنی دکھاتے ہیں' جس کی ایک سند یہی ہے کہ اثنا عشری کو ایک معتدل فرقہ کہا ہے جبکہ ان کے عقائد وہ عقائد ہے جو اسماعیلیوں کے ہیں۔اسماعیلی مطعون مقدوح ہونے کے بعد اسماعیلی پر نقاب اثنا عشری چڑا کر انھوں نے ان کی تعارف پیش کی ہے کہ یہ لوگ اچھے ہیں چنانچہ اس کی ایک اور ثبوت ہمیں مصر میں قائم ار تقریب کے مؤسسین سے ملتے ہیں اس تقریب میں اسماعلیوں کی کتابوں کو مصر میں نشر کرنے کا ماحول پیدا کیا ہے اس کے بعد مصر میں شیعوں کی سر سخت لکھی ہوئی کتابیں امثال وسائل شیعہ عقائد امامیہ مصر سے چھپی مختصر نافع مصر سے چھپی دعائم الاسلام مصر سے چھپی ہے الغدیر مصر میں تقسیم ہوئی علماء مصر سے برملاء کہا خلفاء منحرف تھے عائشہ کے خلاف کتاب تقسیم ہوئی جبکہ ایران نجف میں کوئی سنی کتاب اس دوران نہیں چھپی۔

واردات باطنیہ وبناتہا علی القرآن:

قرآن کریم کا دوبدو مقابلہ سے عاجز وقاصر آنے کے بعد انہوں نے قرآن کو حجیت سے گرانے کیلئے سپر نفاق پوشی شروع کی جہاں انہوں نے خود کو خدام القرآن متعارف کرایا سنت سے سنتیلی ماں کی طرح پیچھے سے نوچنا شروع کیا اس کے لئے مختلف نام سے میزائل بنائے

ا۔قرآن میں کلمات غربیہ ہیں جس کی وجہ سے قرآن عام انسانوں کی سمجھ میں نہیں آ رہا ہے اس کے شواہد پیش کرتے

ہوئے کہا یہ کلمات خود اصحاب کے سمجھ میں نہیں آتے تھے۔
۲۔حدیث کوقرآن پرفوقیت دی پھر حدیث کواٹھانے کیلئے موطن ومھجر الول واصحاب سے دورانکے مذاہب فاسدہ منافق نشین نے خراسان کوانتخاب کیا حدیث کوکبھی اصحاب کبھی اہل بیت کے نام سے اٹھایا ہے۔
۳۔بعض آیات قرآن گم ہوگئی ہیں یامنسوخ ہوگئی ہیں۔
۴۔فقہ کوجا گزین حدیث کیا۔
۵۔علوم عربیہ کوخدام قرآن کے نام وجود میں لایا ہے۔
۶۔علم کلام کے دقائق ومعارف کے ذریعے قرآن کے نام سے دین میں تردید وتشکیک پھیلانے کے لیے علم نحوکووجود میں لائے۔الامامۃ اس الاساس سامی وفرعہ نامی بہایتاب اللہ وبہایعقاب اللہ

اللہ کی حجت کے مقابل میں حجتیں :

۵۔قرآن میں ایک چیز کے لئے دو لفظ آئے ہیں ان دونوں میں کونسا لفظ استعمال کریں بلکہ ایک جز کے لئے چندین معنی کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں مثلاً سورج کے لئے تلوار اور اونٹ کے لئے اتنے الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔

۶۔حقیقت ومجاز کبھی کلمہ اپنے معنی حقیقی میں استعمال ہوتا ہے اور کبھی مجازی میں استعمال ہوتا ہے معلوم نہیں ہوتا ہے کہ حقیقی معنی میں استعمال ہوا ہے یا مجازی میں یہ لغت کے لحاظ سے ہے۔

۷۔قرآن دیگر کلام جیسا نہیں ہے قرآن اللہ کا کلام ہے اللہ کا کلام کلاموں کا الٰہ ہے جس طرح اللہ بلند ہے انسان کا وھم وخیال اللہ تک نہیں پہنچتا ہے اسی طرح انسان کا ذھن اللہ کے کلام تک پہنچ نہیں سکتا ہے یہ وجوہات کلام کے حوالے سے ہیں۔

۸۔مخاطبین کے حوالے سے دنیا عرب قبائل وعشائر سے بھرے ہوئے ہیں ہر قبیلے کی اپنی زبان ہے کچھ

چیزیں اپنی جگہ فرق رکھتی ہیں جیسے اردو سب کی ایک ہے لیکن علاقے کے حوالے سے فرق ہے عربوں میں بھی اس طرح سے ہے عرب عدنانی ہے قحطانی ہے حجازی ہے۔

۹۔متکلم بذات خود عاجز وقاصر ہے مطلب کو ادا نہیں کرسکتا اس سے قریب افراد اس سے، مانوس افراد اس سے صحبت میں رہنے والے افراد مطالب کو اپنی زبان میں وضاحت کرتے ہیں جیسے بچہ کوئی چیز طلب کرتا ہے تو سمجھ میں نہیں آتی ہے تو ماں سے پوچھتا ہے یہ کیا کہتا ہے باہر جائیں لوگوں کی سمجھ میں نہ آئے تو باپ سے پوچھتا ہے کہ بچہ کیا کہتا ہے ۔

۵۔خود لغت میں عیب ونقص ہے اس میں ایصال معانی راقبہ کی گنجائش نہیں۔

یہاں اس کلام کے عناصر ترکیبی کو کھولنے کی ضرورت ہے۔

یہ لغت بذات خود ایک معما لغت ہے جس میں قدرت بیان نہیں ہے جیسے حبشی زبان کُردی زبان بلتی زبان شنائی زبان پنجابی زبان بلوچی پشتوئی زبان سرائیکی زبان سابق زمانے کی سنسکرتی زبان یا لاطینی زبان قدرت بیان نہ ہونے کی وجہ سے متروک ہوتی ہے آیا لغت عرب جس میں یہ قرآن آیا ہے ان زبانوں جیسی زبان ہے اس میں مواد ادائیگی کم ہے یا یہ تصور باطل ہے زبان عرب دنیا میں بہترین زبان ہے ہر چیز کی ادائیگی کے لئے اس میں کلمات فراوانی سے ملتے ہیں جس کی وضاحت ہم بعد میں کریں گے لغت میں خرابی نہیں ہے۔

۲۔مستمعین مخاطبین جن سے خطاب ہے اگر مخاطب بچہ ہو اگر مخاطب دیوانہ ہو تو ان سے خطاب نہیں ہوسکتا۔

اگر مخاطب غیر عربی ہو تو غیر عرب نہیں سمجھیں گے جب تک وہ عربی زبان کو نہیں پڑھیں گے۔

۳۔متکلم کی قدرت بیان میں نقص خامی ہے جسمانی طور پر لکنت رکھتا ہے یا کسی جرم وجنایت کا ارتکاب کیا ہے چنانچہ موسی نے فرعون سے خطاب کرنے میں اپنی خامی کو بیان کیا ہے (آیت لکھنا ہے) ایک زبانی نقص کو پیش کیا ہے ایک مخاطبین کی نظر میں مجرم ہوں (آیت لکھنا ہے) اللہ سبحانہ خالق کلام ہے متکلم اللہ ہے ہر نقص وعیب سے پاک ومنزہ ذات ہے خالق انسان ہے خالق عقل ہے خالق سماعت ہے اور معلم بیان ہے دوسروں کو بیان سکھانے والا ہے کیسے ممکن ہے متکلم میں عیب ہو۔

۳۔ٹھیک ہے قرآن جو ہے صرف عرب کے لئے نہیں ہے دنیا بھر کے انسانوں کے لئے ہے۔عربی زبان پر تسلط رکھنے و الے قرآن کریم کے کلمات کو سمجھنے والے قرآن کریم سے محبت شغف رکھنے والے مسلمانان عالم کو دعوت دیں وہ زبان عرب کو عالمی بنائیں نیز مفاہیم قرآن کو دوسرے مومنین با قرآن کو سکھائیں۔

قرآن کا معنی لغت سے نکالنا اس کی پہلی تفسیر ہے یہاں سے یقین واطمینان قاطع دل مطمئن سے کہہ سکتے ہیں یہ تفاسیر تفسیر باطنیہ ہیں اس کی دلیل یہ ہے کہ لغت کو تیسرے درجے پر پھینکا ہے دوسرا مسلمان درس گاہوں میں لغت قرآن کا شعبہ نصاب میں نہیں رکھا ہے، اگر ہے تو وہ لغت قرآن کا نہیں لغت شعراء مولدین کا ہے جب تک ملاوٹ نکالنے کا شعبہ قائم نہیں ہوگا ہم ان کو باطنیہ کہتے رہیں گے دنیا بھر میں ہر زبان میں اللہ نے انسان کے بارے میں کہا ہے ہم نے انسان کو بیان سکھایا ہے تو بیان کا بیان بہت نادر ہوتا ہے تمام زبانوں میں سب سے اعلیٰ سب سے زیادہ اپنا مرام مقصود بتانیکی صلاحیت رکھنے والی زبان زبان عربی ہے قرآن کریم میں اللہ نے اس قرآن کو عربی زبان میں نازل کرنے کا ذکر کیا ہے سورہ نحل آیت ۔۱۰۳ سورہ شعریٰ آیت ۔۱۹۰، ۔۷ سورہ یوسف آیت ۲ سورہ رعد آیت ۳۷ سورہ طٰہٰ آیت ۱۱۲ سورہ فصلت آیت ۔۳ سورہ زخرف آیت ۳ میں عربی میں نازل کرنے کا ذکر ہے۔

۴۔ مثال دیتے ہیں پہلی کلاس والے سے خطاب الگ زبان میں دیتے ہیں۔

ہمارے پاس قرآن فھمی کے لئے چار ذرائع ہے:

ا۔ سب سے پہلا ذریعہ لغت عرب ہے۔ لغت میں بھی دخل اندازی کی ہے۔

جس طرح حدیث کو گزشتہ اقوام وملل کے علماء بادشاہان وطباء روز فلاسفہ کے کلمات سے پر کیا ہے لغت عرب جمع کرنے والوں کی اکثریت شعوبی تھے شعوبی یعنی عربوں سے عداوت نفرت رکھنے والے اس سلسلہ میں انوار جندی نے ایک کتاب لکھی فصحی لغت عرب اس میں کلمات لغت جمع ہے ابھی سے کتنے متروک اور کتنے استعمال میں ہیں بیان کیا ہے ملاحظہ کریں۔

تفسیر رمزی واشاری

اھل باطن نے تأویل کے نام سے ایک اور سلسلہ تفسیر اختراع کیا ہے جس میں دلالت ظاہری سے ہٹ کر باطنی معنی لینے کیلئے رمز واشارہ کو تفاسیر رمز واشاری کہا ہے فہم الفاظ سے ہٹ کر ذوق عرفانی پر گئے ہیں انھوں نے قرآن میں ہر جگہ بسم اللہ کے الگ معنی کیے ہیں۔

۲۔ تفسیر قرآن لکھنے والوں نے اس کلمے کی وضاحت میں لکھا ہے کلمہ تفسیر مغلوب سفرہ یا دونوں مترادف کلمہ ہیں دونوں کا معنی کشف حجاب کشف قناع ہے تفاسیر پڑھنے کے بعد نتیجہ یہاں پہنچا ہے کہ کشف قناع ممکن نہیں ہے، معانی حقیقی قرآن ممکن نہیں اس سلسلے میں چند مثالیں پیش کرتے ہیں

۱۔صاحب مفاتیح الغیب محمد بن عمر رازی ملقب فخر رازی متوفی ۶۰۶ھ یہ اشعری مسلک کے تھے علوم یونان فلسفہ کلام کے تبحر تھے آپ نے تفسیر کبیر کے نام سے اپنی تفسیر کو قیل وقال سے پُر کیا ہے یہاں تک کہ صاحب الاتقان فی العلوم قرآن نے لکھا ہے فیہ کل شی ءالاّ التفسیر اس میں ہر چیز موجود ہے صرف تفسیر نہیں ہے ہم اس میں یہ قضاوت نہیں کر رہے ہیں کہ یہ تفسیر ہے یا نہیں لیکن رائے عامہ ہے کہ یہ ۳۲ جلد تفسیر نہیں ہے۔

۲۔علامہ محمد حسین طباطبائی متوفی ۱۴۰۲ھ نے المیزان فی التفسیر قرآن بقرآن کے نام سے ۲۰ جلد لکھی ہیں تفسیر لکھتے وقت بیچارے معاشرے میں مطعون بدنام تھے قاضی قضاۃ انقلاب اسلامی ایران مرحوم بہشتی نے کہا میں ایک دن ان کے گھر گیا اور گھر سے وہ درس کے لئے نکلے تو میں ان کے ساتھ مسجد تک گیا درس چھوڑ کے آنا بھی میرے لئے مسئلہ تھا ان کی اہانت ہوتی تھی حلقے میں شامل ہونا بھی مسئلہ تھا حلقے سے دور کسی ستون کے ساتھ بیٹھ کے سنتا رہا ان کی تفسیر کے بارے میں بھی یہی مقولہ رائج ہوا ہے کہ یہ کتاب فلسفی ہے تفسیر نہیں یہ شیعوں کا کہنا ہے ڈاکٹر فھد نے اتجاھات فی التفسیر کے نام سے چار جلد لکھی ہیں۔

تفاسیر سنی شیعہ پر تبصرہ آیا تو المیزان کا ذکر کرتے ہوئے اس نے لکھا ہے فیہ کل شی ءاچھی کتاب ہے الاّ ان مفسرہ شیعی یعنی مفسر مؤلف شیعہ ہے ڈاکٹر فہد کے جملے،، یہ تفسیر شیعی ہے،، اسلئے اچھی نہیں ہے لیکن اس کی مراد یہ نہیں ہے ان کی مراد یہ ہے کہ شیعہ ہوتے ہوئے تفسیر نہیں لکھ سکتے یا یوں کہیں کہ کسی فرقے میں ہوتے ہوئے تفسیر نہیں لکھ سکتے ہیں۔فرقے تفسیر لکھتے وقت تین اصول سامنے رکھتے ہیں تحقیق تقلید تفریق ایک جہت سے تحقیق کرتے ہیں بہت سی میں من وعن گزشتگان کی تقلید کرتے ہیں موخر میں فرقہ کے امتیاز شناخت کو باقی رکھتے ہیں۔

فرقہ خود گلے میں پھنسنے والی ھڈی ہے اس سلسلے میں کہنا کہ تفسیر بالرائے کی مذمت میں لکھتے ہیں فرقے والے تفسیر قرآن لکھتے وقت اپنے فرقے کے حق میں لکھتے ہیں؛ بلکہ تفسیر قرآن کیلئے نہیں بلکہ اپنے فرقے کو ثابت کرتے ہیں کہ میں اس فرقہ سے ہوں۔علامہ طباطبائی بھی اسی طرح کے تھے وہ فرقے میں رہ کے تفسیر لکھتے تھے اس کے چند ثبوت ہیں۔

۱۔شیعوں نے جن آیات متشابھات سے حضرت علی کی امامت کے لئے استدلال کیا تھا صاحب مفسر قرآن بقرآن نے بھی آیات کو چھوڑ کر انھیں روایات موضوعہ کی چھاؤں میں چھتری کے نیچے آرام فرما کر آیات غیر مربوط کو نص سے ربط دیا ہے یہ دلیل ہے شیعہ ہونے کی۔

۲۔ہر آیت کے بعد اس آیت سے متعلق روایات کو بحث روائی کے عنوان سے جمع کیا ہے کسی بھی روایت کے

بارے میں اظہار خیال تک نہیں کیا ہے تفسیر امام حسن العسکری تفسیر قمی تفسیر صافی تفسیر برھان سب کو چھوٹ ملی ہے

۳۔اثبات متعہ کے بارے میں کلمہ تمستمتعتم سے استدلال کیا ہے کلمہ متاع لذت اٹھانے کو کہتا ہے یہ وقتی ہوتا ہے حالآنکہ متاع گھر کے سامان کو کہتے ہیں متاع مرغن کو نہیں کہتا ہے حلویات کو نہیں کہتا ہے گھر میں موجود ہمیشہ استعمال ہونے والے سامان کو کہتے ہیں متاع بیت ہمیشہ کے لئے زندگی بھر کے لئے ہوتا ہے تو اس کی اتنی لذت نہیں ہے جتنا چند دن کے لئے لانے والی عورت کی لذت ہے آپ نے تفسیر قرآن بقرآن پیش کر کے اندر سے عقل اور قرآن سے متصادم روایات کو اٹھایا ہے۔

۴۔ہمارے استاد ڈاکٹر صادقی تہرانی نے الفرقان فی تفسیر القرآن لکھی ہے تفسیر قرآن بقرآن شروع کرنے سے وفات تک مطعون رہے' انقلاب اسلامی ایران قیام حکومت اسلامی کے بعد جب قم تشریف لائے یہاں بھی درس تفسیر کو جاری رکھا لیکن تیس چالیس سال قرآن سے شغف کو فرقوں کی طرف سے ہر قسم کے طعونات کے باوجود نہیں چھوڑا فرقوں کو قرآن سنجیدگی سے اٹھانا کیسے برداشت ہے یہ کتاب جہاں مشرکین کے لیے شرک سوز تھی وہاں توسل کے نام سے جاری وسیع عریض شرک کا جال بچھایا۔قم میں دوران درس مسجد سے نکالنے کے لئے ہمارے ملک کے وحدت مسلمین کے سربراہ لاٹھی بردار لشکر لے کر وہاں پہنچے ہمیں بھی ان کی تفسیر کے دروس میں جانے کے جرم میں ہمارے علماء نے خانے میں محصور کیا ہے لیکن آیت اللہ ۲۰ جلد تفسیر لکھنے کے بعد بھی فرقے سے نہیں نکل سکے روایت خذ ماوفق القرآن، وضرب الجدار ماخالف القرآن کے صارخ نے خمس متعہ کی تقلید کو حدیث کساء امام مہدی جیسے بے بنیاد عقائد کو ثابت کرنا چھوڑا نہیں۔

۵۔امام خمینی نے انقلاب اسلامی کے کامیاب ہونے کے بعد تہران منتقل ہونے سے پہلے درس تفسیر قرآن دیا جو بعد میں چھپ گیا اردو میں بھی ترجمہ ہوا اس میں آپ نے فرمایا حقیقی تفسیر قرآن ممکن نہیں اور اب تک کسی نے لکھی بھی نہیں ہے اور جو کچھ لکھا ہے سرسری شرح لفظ ہے۔انقلاب کا یہ عقیدہ تھا انقلابیوں نے تفسیر قرآن کو چھوا نہیں ہے۔

احادیث وفہم علماء سلف سے آیات کی توضیح تشریح کرنا کس سند سے مستند ہے یہ طریقہ کس کا ایجاد کردہ ہے کس نے ایجاد کرنے کی ہدایت دی ہے؟ یہ طریقہ نہ متکلم قرآن کے ساتھ بنتا ہے نہ عربی زبان سے بنتا ہے یہ طریقہ متکلم کی شان کے خلاف ہے عربی زبان کے بھی خلاف ہے آئیے پہلے تفسیر کا معنی کرتے ہیں کتاب عمدۃ الحفاظ جلد ۳ ص ۲۷۳ پر آیا ہے۔

تفسیر القرآن: بیان الفاظہ وبیان معانیہ واحکامہ، وتاویلہ حملہ علی المعانی اللائقہ، یہ الفاظ اس کے شان کے مطابق مناسب الفاظ بیان معانی واحکام ہے اور تاویل کا معنی اس کو ایک ایسے معنی پر حمل کرے جس کا ظاہر سے لائق ہو کبھی

یہ معنی جاھل یا فوری شعور نہ رکھنے والا کرتے ہیں و قال الراغب : **والتفسیر قد یقال فیما یختص بمفردات الالفاظ و غریبها فیما یختص بالتئویل ، تفسیر کا لفظ** کبھی تو مفرد اور غریب الفاظ کی تشریح اور وضاحت پر بولا جاتا ہے اور کبھی خاص کر تاویل کے معنی میں استعمال ہوتا ہے اس لئے تفسیر رئی یا تاویل دونوں کہتے ہیں صاحب عمدہ کہتے ہیں التنویل تفعیل من ال یوول، ای رجع فمعنی تنویل: الرجوع بالفظ عن ظاھرہ الی معنی یستقیم بہ ذا لک لفظ۔ تفسیر کا معنی مدلولات الفاظ ہے اور اسباب نزول وقائع احادیث ہے ام تنویل لفظ کو ایک ہی معنی کی طرف برگشت کرے جو اس سے مناسبت رکھتا ہو

تفاسیر مروجہ قرآن کریم تفسیر باطنیہ ہیں اس کے لئے ہمارے پاس چند شواھد نا قابل انکار ہیں

۱۔مفسرین نے مصادر و ماخذ تفسیر پیش کرتے وقت سب سے پہلا مصدر خود قرآن کو قرار دیا ہے بہترین تفسیر قرآن کی قرآن سے کرنا ہے قرآن کی قرآن سے تفسیر کرنے کی منطق اھل البیت کے نام سے دشمنان اھل البیت کو آگے لانے کی منطق جیسا ہے یہ قرآن سے جذبات میں کھیلنے کے لئے اھل قرآن کو دھوکے میں رکھنے کے لئے کہا ہے ایسی تفسیر لکھنے والوں نے اپنی تفسیر روایت ہی کو تفسیر واحد گردانا ہے جیسے اصفراء قرآن المیز ان اور الفرقان ہے

۲۔قرآن کی تفسیر روایت سے منسوب ہے لیکن پیغمبر سے منسوب روایت کو اصحاب،عترت اور سلف سے منسوب کروایا ہے

۳۔قرآن کی دوسری تفسیر عقل سے کرائی عقل سے مراد عقل فلسفی کو آگے لایا ہے ایک نے تفسیر رائے کہہ کر مسترد کیا ہے تفسیر عقلی قرار دیا اور دوسرے نے ان کی ضد میں عقل کو مسترد کیا۔

علماء کہتے ہیں تفسیر قرآن کے لئے پہلے مرحلے میں اصول تفسیر پڑھنا ضروری ہیں مفسرین نے فھم وادراک معانی قرآن مشکل اور دشوار ہونے کے بارے میں چندین وجوہات سے استدلال کیا ہے۔

۱۔قرآن میں کلمات غریبہ موجود ہیں جو کہ خود عربوں کی سمجھ میں نہیں آتے تھے

۲۔قرآن کے معانی مفاہیم اتنے بلند تھے کہ ہر انسان کے لئے اس تک رسائی ممکن نہیں تھی

۳۔قرآن کریم جن پر نازل ہوا یا جس گھر میں نازل ہوا ہے یا جن سے خطاب ہوا ہے وہی قرآن کے معانی سمجھ سکتے ہیں۔

فہم قرآن بغیر تفسیر سلف ممکن نہیں:

تفسیر قرآن کے لئے تفسیر سلف پڑھنا چاہئے کیوں کہ وہ عصر نزول قرآن سے نزدیک ہونے کی وجہ سے معانی آیات

سے زیادہ واقف و آگاہ تھے اس اصول مجھول کے تحت اس وقت ہم تیرہ سو سال بعد والوں کے لئے آج سے دو سو سال پہلے لکھی گئی تفاسیر ضروری ہیں کیونکہ عصر نزول قرآن سے ان کی نسبت قریب ہے اسی طرح اس وقت کی لکھی ہوئی تفاسیر دو سو پانچ سو سال بعد والوں کے لیے ضروری ہیں کیونکہ ان کی نسبت عصر نزول کے نزدیک ہے یہ کسوٹی کہاں سے اخذ کی ہے؟ اس حوالے سے تفسیر طبری تفسیر کبیر فخر رازی تفسیر طنطاوی عصر رسول سے قریب ہونے کی وجہ سے زیادہ صحیح ہونگے یہ منطق ہر حوالے سے عقل و شرع و قرآن اور سرد تاریخی سے بے منطق ہے۔

۱۔ قرآن زبان عربی میں ہے عربی جاننے والے عربی گہرائیوں باریکیوں قواعد و ضوابط جاننے کے بعد فہم آیات سے نزدیک ہو جائینگے جتنا لگاؤ انس بڑھتا جائے گا فہم میں اضافہ ہوگا ہر آیت دوسری آیت کے فہم میں معاون ہوگی

۲۔ اصحاب اتباع اسلاف کے دین و ایمانداری میں فرق ہے لیکن فہم و ادراک میں عصر اول سے حاضر تک سب کی فہم ایک جیسی نہیں ہے

۳۔ ان کی صفوں میں کم عقل، کم ایمان، اہل خیانت و نفاق، کتمان حق والے ہونا قرآن اور تاریخ سے ثابت ہے

۴۔ چاہے سلف کہیں یا متقدمین۔ ان کے بارے میں یہ آیت صادق آتی ہے ﴿إِنَّا وَجَدْنا آباءَ نا عَلى أُمَّةٍ وَ إِنَّا عَلى آثارِهِمْ مُهْتَدُونَ﴾

تو یہاں سوال آتا ہے جن سلف نے تفسیر قرآن لکھی ہے وہ کونسی تفسیر ہے وہ خود تفسیر کن سے سیکھی ہے یا وہ کن کن تفاسیر پر اعتماد کرتے تھے بعض اسلاف کی تفاسیر آیات سے اجنبی ہے آیا ان سے پہلے کسی نے تفسیر لکھی تھی جو سلفیوں کے ہاتھ میں آ گئی تھی یا انھوں نے خود کی تھی اگر خود انھوں نے کی تھی تو سلف دوسری تیسری صدی میں تھے ان سے پہلے والے تفسیر قرآن کس طرح کرتے تھے ان کا کہنا ہے سلف نے تفسیر قرآن تبع تابعین سے لی ہے تو ہم تبع تابعین سے کیوں نہ لے لیں تبع تابعین نے تفسیر قرآن اصحاب سے لی ہے اصحاب کی تعداد ہزاروں سے گزر گئی اصحاب کے مراتب و درجات ہیں۔

بعض نے پیغمبر کو دیکھا ہے سنا نہیں ہے ان میں انپڑھ جاھل عالم سب تھے ان میں سے کون کون تھے جو تفسیر قرآن سے زیادہ شغف رکھتے تھے۔

قرآن اپنی جگہ معارف کا اوقیانوس بحر مواج معانی مفاھیم رکھتا ہے جس تک ہر کس و ناکس کا پہنچنا ناممکن ہے یہاں سے باطنیوں کی ہدایات ایمات اشارات یا حکامات و ہدایات پر قرآن کریم کو ہر حوالے ہر زاویے سے نا قابل نا سمجھ بتانے کی سر توڑ کاوشیں عمل میں لائی ہیں ہم یہاں ان کے قرآن پر افتراء اتھامات کی ایک اجمالی فہرست پیش کرتے ہیں:

۱۔قرآں میں الفاظ وکلمات غریبہ ہیں جس کی وجہ سے خود عربوں کے لیے بھی قرآن سمجھنا دشوار ہوتا تھا۔

۲۔قرآن میں الفاظ مشترک لفظی ومعنوی ہیں جس کی واضح مثال حروف جر ہیں ہر ایک حرف جر کے چندین معانی ہیں معلوم نہیں ہوتا ہے یہاں اس حرف کا کیا معنی ہے۔

۳۔عربی زبان میں کلمات مشترک لفظی ومعنوی متضاد حد سے زیادہ ہیں یا تو کلمہ چندین معانی کے لئے وضع ہوا ہے پتہ نہیں چلتا ہے کہ یہاں کس معنی میں استعمال ہوا ہے یا ایک معنی کے لئے چندین الفاظ وضع ہونے میں ان میں سے کونسا لفظ استعمال ہوتا ہے۔لفظ قسورہ قیل:ھوالاسد،وقیل :الرّمی،وقیل الصائد بعض نے کہا ہے قسورۃ سے مراد،شیر ہے اور بعض نے تیر انداز اور بعض نے شکاری مراد لیا ہے سورہ مدثّر آیت ۵۱ میں آیا ہے ''فرّت من قسورۃ'' یعنی شیر سے ڈر کر بھاگ جاتے ہیں۔معلوم نہیں یہاں شیر کے لئے استعمال ہوا ہے یا تیر مارنے والے کے لئے ہے یا شکاری کے لئے استعمال ہوا ہے

۲۔کلمہ عسعس کے معنی تاریکی ہلکی ہونے کے ہیں یہ کیفیت رات کے دونوں اطراف میں ہوتی ہے یعنی رات جب آنے والی ہو یا جانے والی ہو اس لئے سورہ تکویر آیت ۱۷ میں '' واللّیل اذا عسعس''،عسعس کے معنی رات کے آنے اور جانے دونوں ہو سکتے ہیں۔

۴۔نکاح ،عقد کو بھی کہتے ہیں جماع کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے سورہ نور آیت ۔۳۲ سورہ احزاب آیت۔۴۹ سورہ النساء آیت۔۲۵

۵۔قرء،حیض کو بھی کہتے ہیں اور طہر کو بھی کہتے ہیں سورہ البقرۃ آیت۔۲۲۸ یہ کلمات کی بات ہے قرآن میں بہت سے حروف استعمال ہوئے ہیں مثلاً کلمہ من یہ حرف جار ہے اور یہ ۱۔ابتدائی غایت ۲۔تبعیض ۳۔تبیین کے لئے آتا ہے ۴۔ اور حرف نفی اور استفھا کے ساتھ ہو تو استغراق جنس کے معنی دیتا ہے سورہ الحاقۃ آیت۔۴۷۔۵۔کبھی عوض کے لئے آتا ہے سورہ ابراہیم آیت ۳۷ میں تبعیض کے لئے آیا ہے سورہ نور آیت ۴۳ ''من السماء من جبال فیھا من برد'' میں من اولی ظرفیت کے لئے ہے اور دوسرا مفعولیت اور تیسرا برائے تبیین ہے اور سورہ مائدہ آیت ۴ میں تبعیضیہ ہے بعض نے کہا ہے کہ زائدہ ہے سورہ اسراء کی آیت ۱ میں ابتداء کے لئے آیا ہے سورہ آلعمران آیت ۹۲ میں تبعیض کے لئے استعمال ہوا ہے من سببیت کے لئے بھی استعمال ہوا ہے جیسے سورہ نوح آیت ۲۵ اسی طرح ،،با،،فا،،الی،علی،، ہر ایک کے چندین معنی ہیں کس معنی کو لے لیں؟

۶ عربی زمان میں کلمہ اپنی جگہ اس کے حقیقی معنی میں استعمال ہوتا ہے اور مجازی معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے کونسے معنی

لے لیں؟ ان سب کو مجموعی نظر میں رکھ کر کہا ہے کہ قرآن کریم ظنی الدلالۃ ہے ظنی الدلالہ کو اگر آپ سادہ زبان میں عامی زبان میں پیش کریں تو ان عبارات میں پیش کر سکتے ہیں ''مانفقه کثیراًممّا تقولُ'' سورہ ھود آیت ۹۱ سورہ اعراف آیت ۹۸ سورہ انفال آیت ۔۶۵ سورہ توبہ ۱۲۷ سورہ حشر آیت ۱۲ سورہ منافقین آیت ۴ سورہ انعام آیت ۲۵ ہمارے دلوں پے پردہ ہے سورہ اسراء آیت ۴۶ سورہ کھف آیت ۔۵۷ سورہ فصلت آیت ۔۵ ۴۴ سورہ لقمان آیت ۔۲۷

۳۔قرآن کی متعدد ومختلف قرائت ہیں بعض جگہ ایک کلمہ کی چندین قرات نقل ہوئی ہیں معلوم نہیں ہوتا ہے یہاں کونسی قرائت مراد ہے۔

۴۔فہم قرآن بغیر تفسیر اہل بیت یا بغیر حدیث ممکن نہیں۔

۵۔آیات قرآن ظنی الدلہ ہیں۔

۶۔فہم قرآن بغیر تفسیر سلف ممکن نہیں ہے۔

۷۔قرآن میں صرف چند کلیات ہیں باقی فروعات خود استخراج کرنا ہے۔

۸۔قرآن معارف کا اوقیانوس ہے اس تک رسائی ممکن نہیں۔

۹۔قرآن میں تفسیر بالرائے کرنا درست نہیں۔

۱۰۔شیعوں،صوفیوں،سنیوں،بریلویوں اور دیوبندیوں کو باطنیہ کے عقائد ونظریات کو فرقے کے نام سے نشر کرنے کا ٹھیکہ دیا ہے

۱۔وحی متلو ہے وہ قرآن ہے

۲۔غیر متلو ہوتی ہے اس سے مراد جہاں پیغمبر کو تفوض ہوئی ہے کہ آپ اپنی طرف سے تعبیر کریں تو جب پیغمبر تعبیر کرتے ہیں تو وحی کی تعبیر کرتے ہیں وہ قرآن کے برابر ہے اس کے لئے انھوں نے سورہ حشر آیت ۔۷ سورہ آلعمران آیت ۳۱ سے استناد کیا ہے قرآن حدیث سے نسخ ہونے کی دلیل اسی کتاب میں آئی ہے پیغمبر نے نماز میں سورہ مومنون پڑھی اور اس میں ایک آیت نہیں پڑھی نماز ختم کرنے کے بعد اصحاب سے پوچھا کیا تم میں کوئی نہیں تھا کہ مجھے یاد دلائے صحابی نے کہا ہم نے سمجھا کہ یہ منسوخ ہوئی ہے تو پیغمبر نے فرمایا اگر منسوخ ہوتی تو میں تمھیں خبر دیتا نقل از کتاب اصول سرخصی جلد ۲ ص ۷۵ اصحاب پیغمبرؐ کا عقیدہ تھا کہ قرآن سنت سے نسخ ہوا ہے اس کی ایک اور مثال پیغمبر نے فرمایا لاوصیت للوارث نسخ کتاب البیان فی تفسیر القرآن ص ۲۹۵ نسخ کا معنی استکتاب ہے استنساخ استنساخ نقل تحویل ازالہ لغت میں ایک امر حکم شریعت میں ثابت شدہ ہے اس کی مدت ختم ہونے کو کہتے ہیں چاہے وہ احکام تکلیفہ ہو یا احکام وضعیہ یا مناصب

الہی پر یا ایسا امر ہو جس کی برگشت اللہ کی طرف ہو ہم نے کہا ایک حکم ثابت کو رفع کرنے کو کہتے ہیں کبھی حکم موضوع ختم ہونے سے ختم ہوتا ہے جیسے رمضان ختم ہونے کے بعد روزے کا حکم ختم ہوتا ہے نماز پڑھنے کا وقت ختم ہونے کے بعد نماز کا حکم ختم ہوتا ہے کسی شخص کی ملکیت اس کے مرنے کے بعد ختم ہوتی ہے اصل نسخ عقلائے مسلمین کے نزدیک نسخ شریعت جائز ہے جب کہ یہود ونصاریٰ نے نسخ شریعت کو محال ناجائز قرار دیا ہے شریعت اسلام میں نسخ واقع ہوئی ہے جو احکام پہلی شریعتوں کے چل رہے تھے اس پر مسلمانوں نے عمل کیا تھا وہ اسلام میں تھے قرآن کے ذریعے منسوخ ہوئے ہیں جس کی مثال مسلمان بیت مقدس کی طرف رخ کر کے نماز پڑھ رہے تھے وہ اس آیت کے تحت منسوخ ہوئے اس میں جائے شک وتردید نہیں لیکن بحث یہاں یہ ہے کہ قرآن کریم کی آیت میں ناسخ منسوخ ہے یا نہیں؟ اس میں بہت سا غلو کیا ہے ابوبکر نحاس نے ایک کتاب ناسخ ومنسوخ تالیف کی ہے اس میں ۱۳۸ آیات منسوخ بیان کی ہیں آیت اللہ خوئی نے لکھا ہے ہم ۱۳۸ کو مختصر کر کے صرف ۳۶ آیات کو اُٹھایا ہے اس پر بحث کی ہے ان ۳۶ آیت کے منسوخ ہونے کے بارے میں آیت اللہ خوئی نے مباحثہ کی ہے وہ سورہ مجادلہ کی آیت ۱۲ ہے اس میں پیغمبر سے سرگوشی کرنے پر صدقہ دینے کا حکم دیا ہے یہ آیت اسی سورے کی آیت ۱۳ سے منسوخ کی ہے پھر آپ لکھتے ہیں کہ اس آیت کے منسوخ ہونے کے بارے میں وارد روایات دونوں طرف سے مستفیض ہیں یہ حضرت علی کی شان میں نازل ہوئی ہے اس وقت حضرت علی کے پاس صرف ایک دینار تھا اس کو درھم میں تبدیل کیا دس درھم ملے روزانہ ایک درھم دے کے پیغمبر سے سرگوشی فرماتے تھے حضرت علی فرماتے ہیں کہ میری منقبت میں جس میں میرے ساتھ کوئی اور شریک نہیں تھے ان مناقب میں سے ایک دس درھم روزانہ صدقہ دے کر پیغمبر اکرم سے مناجات کرنا تھا جس پر علی نے فرمایا اس آیت پر میرے علاوہ کسی نے عمل نہیں کیا ہے آقائے خوئی مرحوم کا یہ کہنا ہے قرآن کریم میں اس آیت کریمہ کے علاوہ کوئی آیت منسوخ ہونا قابل ہضم نہیں لیکن چند نتائج اس آیت کے منسوخ ہونے کے بارے میں سامنے آتے ہیں اس کو بحث میں لانے کی ضرورت ہے یہاں سے اصل نسخ شریعت سے اس آیت تک بحث کرنے کی ضرورت ہے

۔۱۔نسخ شریعت قوانین میں گزشتہ زمان کے ساتھ تنسیخ وترمیم کا جواز اس لئے بنتا ہے کہ چونکہ بشر آئندہ آنے والے زمانے اور لوگوں کے مفاسد ومصالح سے جاھل ہوتا ہے اس کو پتہ نہیں ہوتا ہے غلطیوں کا اکتشاف ہونے کے بعد اسے منسوخ کرتا ہے نسخ پے قانون بشر ضروری ہے نسخ نہ کرنا ایک ظلم وجبر ہے لیکن اللہ رب العزت کے بارے میں یہ تصور بذات خود باطل ہے ناممکن ہے نقص در الوھیت ہے

کتاب اصول تفسیر وقواعدہ ص ۲۹۷ پر لکھتے ہیں نسخ کے معنی ازالہ ونقل ہے نسخت الشّمس الضلہ سورج کی سائے ختم ہوا

نسخت الکتاب یعنی ہم نے اس کی نقل اتاری ہے قرآن میں اس معنی میں سورہ جاثیہ کی آیت ۲۹ کا ذکر آیا ہے قرآن کریم میں یہ کلمہ چند بار آیا ہے من جملہ سورہ اعراف آیت ۱۵۴ سورہ حج آیت ۵۲ میں آئی ہے اصطلاح مفسرین میں نسخ یعنی دلیل شرعی سے ثابت چیز کو دوسری دلیل شرعی سے زائل کرنے کو کہتے ہیں نسخ میں اپنے نظرئے میں تبدیلی آنے سے ہوتا ہے۔

شریعت میں نسخ ایک حکم شرعی کی مدت ختم ہونے کو کہا ہے یعنی ہمارے خیال میں یہ حکم ہمیشہ جاری رہے گی لیکن اللہ کے نزدیک یہ حکم اسی مدت تک کیلئے تھا تو ہمارے حوالے سے یہ حکم بدل گیا ہے لیکن اللہ کے حوالے سے اس کا دورانیہ ختم ہوا ہے حافظ عبدالبر دنے یحیٰ بن اکثم سے نقل کیا ہے علوم اسلامی میں ایک علم جو علماء کے لئے سب سے زیادہ اہم اور واجب ہے اس سے آگاہ ہونا ضروری وہ علم ناسخ ومنسوخ ناسخ کو لینا اور اس پر عمل کرنا دیانت کا ثبوت ہے ناسخ ومنسوخ والوں نے شریعت منسوخ ہونے کا فلسفہ حکمت بھی بنایا ہے۔:

تفسیر قرآن میں ایک مشکلہ ناسخ ومنسوخ ہے بعض کا کہنا ہے قرآن میں آیات منسوخہ نہیں ہیں اس کے بالمقابل میں بعض نے بہت سی آیات منسوخہ کی نشاندہی کی ہے ان دونوں کے درمیان مین بعض نے اگر مگر لگا کر چند صورتیں بنائی ہیں سب سے زیادہ خطرناک صورت حال حدیث سے آیت منسوخ کرنے کا تصور ہے کتاب اصول تفسیر وقواعدہ ص ۲۹۷ پر لکھتے ہیں نسخ کے معنی ازالہ ونقل ہے نسخت الشّمس الضلہ سورج کا سایہ ختم ہوا نسخت الکتاب یعنی ہم نے اس کی نقل اتاری ہے قرآن میں اس معنی میں سورہ جاثیہ کی آیت ۲۹ کا ذکر آیا ہے قرآن کریم میں یہ کلمہ چند بار آیا ہے من جملہ سورہ اعراف آیت ۱۵۴ سورہ حج آیت ۵۲ میں آئی ہے اصطلاح مفسرین میں نسخ یعنی دلیل شرعی سے ثابت چیز کو دوسری دلیل شرعی سے زائل کرنے کو کہتے ہیں عام محاورے میں عام سوچ میں اپنے نظرئے میں تبدیلی آنے سے ہوتا ہے لیکن دین میں یہ حکم اس مدت تک کے لئے تھا اللہ پہلے سے جانتا تھا زائل نہیں کیا شریعت میں نسخ سے ایک حکم شرعی کی مدت ختم ہونے کو کہا ہے یعنی ہمارے خیال میں یہ حکم ہمیشہ جاری رہے گا لیکن اللہ جانتا ہے یہ حکم اسی مدت تک جاری رہے گا تو ہمارے حوالے سے یہ حکم بدل گیا ہے لیکن اللہ کے حوالے سے اس کا دورانیہ ختم ہوا ہے حافظ عبدالبر دنے یحیٰ بن اکثم سے نقل کیا ہے تمام علوم میں ایک علم جو علماء کے لئے سب سے زیادہ واجب ہے متعلمین کو اور مسلمانوں کو اس سے آگاہ ہونا چاہئے وہ علم قرآن میں ناسخ ومنسوخ کا علم ہونا ضروری ہے ناسخ کو لینا واجب اور اس پر عمل کرنا دیانت کا ثبوت ہے ناسخ ومنسوخ والوں نے شریعت میں احکام منسوخ ہونے کا فلسفہ بیان کیا ہے منسوخ ہونا بہت بڑا فلسفہ ہے۔ ا۔ سب سے بڑا فلسفہ اللہ کی ربوبیت کا اقرار ہے اور اس کی مالکیت کا اعتراف ہے وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے جو وہ سمجھتا ہے حکم کرتا ہے ۲۔ کمال

عبودیت کا اظہار ہے گویا بندہ اللہ کے نئے حکم کے انتظار میں رہتا ہے جس شکل وصورت میں حکم آتا ہے وہ اپنی اطاعت و بندگی کا اظہار کرتے ہیں کمال خضوع وخشوع کے انعقاد کا مظاہرہ کرتے ہیں ۳۔ بندے کی آزاد خیالی آزادمردی کا امتحان لینا ہے تاکہ پتہ چلے کون سرکش ہیں؟ کون مطاع ہیں؟ کون اہل اطاعت ہے اور کون اہل عناد ہیں دنیا دار امتحان ہے سونا آگ میں ڈال کے تجربہ کرتا ہے بندہ امتحان وآزمائش میں ڈال کر امتحان لیتا ہے ۔۴۔ اس کا اظہار کرنا ہے کہ بندے کے لیے احکامات اس کی طاقت کے برابر ہیں یا نہیں؟ اگر طاقت سے مافوق ہے تو حکم اٹھائے گا ۔۵۔ بندوں سے مشقتی چیزیں اٹھانا ہے مصلحت عامہ کا خیال رکھنا ہے جیسا کہ سورہ مائدہ آیت ۶ میں آیا ہے ۔۶۔ ضعفاء کو کمزوروں کو عسر وحرج سے یسر میں منتقل کرنا ہے سورہ بقرہ آیت ۱۸۵ کسی حکم کا منسوخ ہونا عقل قیاس اجتھاد سے ثابت نہیں ہوتا ہے بلکہ منسوخ صرف دلیل نقل سے ثابت ہوتا ہے منسوخ ثابت ہونے کے چند طریقے ہیں ۔۱۔ اصحاب سے بطور نقل صحیح منقول ہو کیونکہ نسخ کا دور پیغمبر کے دور تک محدود ہے نسخ ایک حکم وحی کو نسخ کرنا ہے تو وحی وحی ہی سے نسخ ہوتی ہے چنانچہ پیغمبر اکرم نے فرمایا کہ میرے بس میں نہیں کہ میں ایک حکم کو تبدیل کروں سورہ یونس آیت ۱۵ ۲۔ شخص راوی تاریخ نسخ کو نقل کرے کہ میں نے فلاں فلاں موقع پر پیغمبر سے سنا تھا نسخ ہونے کے بارے میں امام بخاری نے اپنی صحیح میں ایک واقعہ نقل کیا ہے کہ نسخ کیسے ہوتا تھا امام بخاری سورہ توبہ کی آیت ۸۱ کی تلاوت وتفسیر میں فرماتے ہیں عبداللہ بن ابیہ بن سلول ان کا بیٹا پیغمبر کے پاس آیا پیغمبرص سے ان کی قمیص مانگی جس میں عبداللہ کو کفن کرے پیغمبر نے قمیص ان کو دی پھر عبداللہ نے آپؐ سے نماز جنازہ پڑھنے کی درخواست کی پیغمبر اُٹھے عبداللہ کی نماز جنازہ کے لئے تو عمر اپنی جگہ سے اٹھے اور پیغمبر کے لباس کو پکڑا اور کہا آپ کس پر نماز پڑھ رہے ہیں حالانکہ اللہ نے آپکو ان کی نماز جنازہ پڑھنے سے منع کیا ہے تو پیغمبر نے فرمایا کہ اللہ نے مجھے اختیار دیا ہے کہ آپ اس پر استغفار کریں یا نہ کریں یا ستر بار استغفار کریں میں بخشوں گا نہیں تو میں ستر سے زائد بار استغفار کروں گا عمر نے کہا کہ وہ منافق ہے پیغمبر نے ان کی نماز جنازہ پڑھی تو اللہ نے یہ آیت سورہ توبہ ۸۴ نازل کی یہ آیت آنے کے بعد پہلے جو نماز پڑھنے کے اختیار تھے وہ منسوخ ہوئے صاحب اصول تفسیر نے قرآن کریم کی جن سوروں میں ناسخ ومنسوخ نہیں ان کی تعداد ۴۳ بتائی ہے جن میں آیات ناسخ ہیں منسوخ نہیں وہ ۶ سورے بتائے ہیں اور جن میں منسوخ ہے ناسخ نہیں وہ ۴۰ سورے بتائے ہیں اور جس میں ناسخ منسوخ دونوں نہیں ان کی تعداد ۲۵ بتائی ہیں اب شخص مفسر کے لئے ان تمام کا علم ہونا ضروری ہے حکم کس سے منسوخ ہونا ہے نسخ وحی کے ذریعے ہے اور کوئی چیز نہیں سورہ یونس آیت ۱۴

پیغمبر نے فرمایا میں حکم نہیں بدل سکتا ہوں پیغمبر وحی کے ذریعے حکم بدلتے ہیں انھوں نے کہا وحی دو قسم کی ہوتی ہیں

نسخ:

نسخ یکی از اصول تفسیر قرآن کے لیے آیات ناسخ ومنسوخ کا علم ہے یہاں چند مسائل پر بحث وگفتگو کرنے کی ضرورت ہے مسائل پر گفتگو کرنے سے پہلے خود کلمہ نسخ کا معنی واضح ہونا ضروری ہے کلمہ نسخ قرآن کریم کی چند آیات میں آیا ہے سورہ حج آیت ۵۲ سورہ جاثیہ آیت ۲۹ سورہ بقرہ آیت ۱۰۶ اعلماء لغت صاحب نسخ عمدۃ الحفاظ نے کہا ہے۔

النسخ :الازالۃ کسی چیز کا زائل ہونا ہے تسخت الریح اثر القوام ہوا نے قوم کی نشانی کو مٹایا وقیل زھوازالۃ شئی بشئی ایک چیز کا دوسرے چیز سے زائل کرنے کو کہتے ہیں نسخت الشّمس سورج نے سائے کو ختم کیا ہے والثیب الشباب بڑھاپے جوانی کو ختم کیا ہے نسخ تین قسم کے ہیں:

۱۔ایک دفعہ موضوع حکم دونوں کو اٹھاتے ہیں:

۲۔ایک دفعہ موضوع کو اٹھاتے ہیں حکم باقی رہتا ہے جیسے الشیخ والشیخہ اذا زینا فارجموھما البتۃ نکالا من اللہ واللہ عزیز حکیم شیخ و شیخہ کو جب وزراء کرے رحم کر۔

۳۔حکم کو اٹھاتے ہیں لفظ کو باقی رکھتے ہیں کلمہ نسخ ایک دفعہ ابطال اور ازالے کے لئے آیا ہے ایک چیز بالکل ختم کر کے اس کی جگہ دوسری جاگزین کرنے کو نسخ کہتے ہیں۔سورہ بقرہ ۱۰۶ اور سورہ حج آیت ۵۲ دونوں میں اس معنی میں آیا ہے۔

۲۔وہ چیز اپنی جگہ باقی ہے اس سے نقل کرنا ہے اس کا فوٹو بنانا جسے نسخہ گیری کہتے ہیں نقل اتارنا اکثر علماء نے کہا ہے کلمہ نسخ ابطال اور ازالے میں استعمال حقیقی ہے دوسرے معنی نسخہ گیری میں مجاز ہے۔

۳۔امامحمد بن علی علماء شافعی متوفی ۳۶۵ھ انہوں نے کہا ہے اس کا برعکس صحیح ہے یعنی نسخہ گیری میں حقیقت ہے ابطال میں مجاز ہے۔تیسرا قول انھوں نے کہا ہے یہ مشترک لفظی ہے دونوں میں حقیقت ہے یہ بات عبدالرحمٰن بن احمد متوفی ۷۵۷ھ اس نے کہا ہے یہ معنی لغوی ہوا اصطلاح میں رفع حکم شرعی بدلیل شرعی متاخر ایک حکم شرعی کو دوسری دلیل شرعی کے ذریعے اٹھانا ہے نسخ اپنی جگہ جائز ہے یا ناجائز کہتے ہیں عقل اجماع اہل شرائع کے تحت جائز ہے۔

امت اسلامی میں اس پر اتفاق ہے اس میں کسی نے اختلاف نہیں کیا ہے اختلاف صرف ایک نے کیا ہے وہ ہے محمد بن بحر اس نے کہا ہے نہیں نسخ جائز ہے یا نہیں یہاں چند مفروضے ہیں:

۱۔نسخ در شرائع گزشتہ بعض گزشتہ شرائع میں احکامات تھے اس وقت اسی نبی کے ذریعے یا بعد میں آنے والے نبی کے ذریعے نسخ ہوا ہے جیسا کہ حضرت عیسیٰؑ نے بعض احکامات تورات کو منسوخ کیا ہے جیسا کہ اس آیت ولاحل لکم بعض الذی حرم علیکم۔

۲۔شریعت اسلام میں نسخ ہے یا نہیں یہاں بھی کچھ ایسے مواقع ہیں جہاں نسخ ہوا ہے جیسے نسخ قبلہ پہلے نماز بیت المقدس کی طرف پڑھتے تھے بعد میں سورہ بقرہ آیت ۱۴۳ کے تحت بیت المقدس منسوخ ہوا قبلہ کعبہ کی طرف موڑ لیا یا وصیت والدین سورہ بقرہ آیت ۱۸۰ سورہ نساء کی آیت ۷ تا ۱۲ کے ذریعہ نسخ ہوا ہے۔

۳۔تیسری بحث جو معرکہ آراء ہے یہاں ہے وہ ہے وہ یہ کہ جو حکم قرآن سے ثابت ہے وہ حدیث سے نسخ ہوتا ہے یا نہیں سلفین اہل حدیث اخباری اور اصول فقہ والوں نے کہا ہے کہ آیات حدیث سے نسخ ہوتی ہے انہوں نے اس کے لئے ایک فلسفہ تراشی بھی کی ہے شریعت اسلام کی بنیاد مصالح عباد پر مبنی ہے مصالح عباد زمان ومکان کے حوالے سے مختلف ہوتے ہیں جو مصلحت عوام کے لیے دور رسالت دور نزول قرآن میں تھی وہ دوسو سال تین سو سال کے بعد ختم ہوئی ہے۔ اب نئی مصلحت کی ضرورت ہے اس فلسفے کو تسلیم کرنے کے بعد فقہ اور اصول فقہ بنانے والوں کی دلیل کو تقویت ملی ہے اور خاص کر مغرب جو کہتا ہے کہ شریعت پرانی ہے مصلحت بدل گئی ہے لہٰذا قانون وضعی قانون اسلام کی جگہ جاگزین کرنا ضروری ہے اس صورت میں کوئی بھی شخص فلسفہ تراشی کر کے اس کو عقلی کہہ کر عقل سے نسخ کر سکتے ہیں۔داعیان نسخ اور خاص کر نسخ قرآن حدیث کے ذریعے کرنے کو انھوں نے حکمت سے جوڑا ہے کہا ہے شریعت کے احکامات حکمت پر مبنی ہیں اور حکمت شریعت بندوں کی آزمائش وامتحان پر مبنی ہے نسخ شریعت ایک قسم کی آزمائش ہے امتحان وآزمائش کا سلسلہ باقی رہنا چاہیے لہٰذا نسخ جاری رہنے میں کوئی قباحت نہیں ہے یہ بحث تفسیر آیات احکام محمد علی سیاسی عبدالطیف سبکی ج ا ص ۷۰ پر ہے۔

نسخ احکام قرآن ابی بکر احمد بن علی رازی بصاص متوفی ۳۷۰ ج ا ص ۷۰ پر لکھتے ہیں بعض متاخرین علماء جو اہل فقہی نہیں انھوں نے کہا ہے کہ شریعت محمد میں نسخ نہیں ہے جتنی بھی نسخ کے بارے میں باتیں آئی ہیں اس سے مراد شریعت سابقہ ہے شریعت محمد نسخ نہیں جیسے ہفتہ کے دن مچھلی کا شکار مشرق ومغرب کی طرف رخ کر کے نماز پڑھنا چونکہ ہمارے پیغمبر کی شریعت دائمی ہے ابدی ہے تا قیام قیامت تک ہے ابوبکر نے کہا جس عالم نے نسخ کا انکار کیا ہے وہ عالم بلاغت میں مہارت رکھتے ہیں لیکن علم فقہ واصول میں اس کو بجیرہ نہیں ہے انکے اعتقاد میں شبہ نہیں ہے وہ اس رائے میں گمراہ ہوا ہے کیونکہ اس نے جو رائے دی ہے اس میں اس کے ساتھ کوئی نہیں ہے اس سے پہلے کسی نے ایسی رائے نہیں دی ہے نسخ شریعتوں میں چلتی ہوئی سنت ہے قرآن میں عام وخاص ہے محکم ومتشابہ ہے لہٰذا نسخ کا ہونا ناگزیر ہے ابوبکر نے یہ بات بھی کی ہے کہ جن لوگوں نے عدم جواز نسخ پر استدلال کیا ہے انھوں نے کہا ہے اس میں جائے شک نہیں سنت قرآن سے بہتر نہیں ہوسکتی ہے کہتے ہیں یہ ان کی غلط فہمی ہے۔

نسخ کتاب البیان فی تفسیر القرآن ص ۲۹۵ نسخ کا معنی استکتاب ہے استنساخ استنساخ نقل تحویل ازالہ اما لغت میں ایک امر حکم شریعت میں ثابت شدہ ہے اس کی مدت ختم ہونے کو کہتے ہیں چاہے وہ احکام تکلیفہ ہو یا احکام وضعیہ یا مناصب الٰہی پر یا ایسی امر ہو جس کی برگشت اللہ کی طرف ہو ہم نے کہا ایک حکم ثابت ایک حکم ثابت سے رفع کرنے کو کہتے ہیں کبھی حکم موضوع ختم ہونے سے ختم ہوتا ہے جیسے رمضان ختم ہونے کے بعد روزے کا حکم ختم ہوتا ہے نماز پڑھنے وقت ختم ہونے کے بعد نماز کا حکم ختم ہوتا ہے کسی شخص کی ملکیت اس کے مرنے کے بعد ختم ہوتا ہے اصل نسخ عقلائے مسلمین کے نزدیک نسخ شریعت جائز ہے جب کہ یہود و نصاریٰ نے نسخ شریعت کو محال ناجائز قرار دیا ہے۔

شریعت اسلام میں نسخ واقع ہوئی ہے جو احکام پہلے شریعتوں کا بقایا چل رہے تھے اس پر مسلمانوں نے عمل کیا تھا وہ اسلام میں نازل قرآن کے ذریعے منسوخ ہوا ہے جس کی مثال مسلمان بیت مقدس کی طرف رخ کر کے نماز پڑھ رہے تھے وہ اس آیت کے تحت منسوخ ہوئے اس میں جائے شک و تردید نہیں لیکن بحث یہاں ہے قرآن میں ناسخ منسوخ ہے یا نہیں ؟ بعض نے اس میں بہت غلو کی ہے ابوبکر نحاس نے ایک کتاب ناسخ و منسوخ تالیف کی ہے اس میں ۱۳۸ آیات منسوخ ہونے کا کہا ہے آیت اللہ خوئی نے ۱۳۸ کو مختصر کر کے ۳۶ آیات کو اُٹھایا ہے اس پر بحث کی ہے جس ۳۶ آیت کے منسوخ ہونے کے بارے میں بحث کی ہے۔

وہ سورہ مجادلہ کی آیت ۱۲ ہے اس میں پیغمبر سے سرگوشی کرنے پر صدقہ دینے کا حکم دیا ہے یہ آیت اسی سورے کی آیت ۱۳ سے منسوخ کی ہے آپ لکھتے ہیں کہ اس آیت کے منسوخ ہونے کے بارے میں وارد روایات دونوں طرف سے مستفیض ہے یہ حضرت علی کے شان میں نازل ہوئی ہے اس وقت حضرت علی کے پاس صرف ایک دینار تھا اس کو درھم میں تبدیل کیا دس درھم ملے روزانہ ایک درھم دے کے پیغمبر سے سرگوشی فرماتے تھے حضرت علی فرماتے ہیں کہ میری منقبت میں میرے ساتھ کوئی اور شریک نہیں تھے ان میں سے ایک دس درھم روزانہ صدقہ دے کر پیغمبر اکرم سے نجوی کرتا تھے جس پر علی نے فرمایا اس آیت پر میرے علاوہ کسی نے عمل نہیں کیا ہے آقائے خوئی مرحوم کا یہ کہنا ہے قرآن کریم میں اس آیت کریمہ کے علاوہ کوئی آیت منسوخ ہونا قابل ہضم نہیں یہاں بحث کرنے کی ضرورت ہے جب نسخ خلاف اصل ہے تو یہاں بھی خلاف اصل ہوگا اس خلاف کو اپنانے کی کیا سند ہے اس کو بحث میں لانے کی ضرورت ہے۔

۱۔ نسخ شریعت قوانین میں گزشتہ زمان کے ساتھ تنسیخ و ترمیم کی جواز اس لئے بنتے ہیں چونکہ بشر آئندہ آنے والے زمانے اور لوگوں کے مفاسد و مصالح سے جاھل ہوتا ہے ان کو پتہ نہیں ہوتا ہے غلطیوں کا اکتشاف ہونے کے بعد اسے منسوخ

کرتا ہے مسخ پے قانون بشر ضروری ہے نسخ نہ کرنا ایک ظلم وجبر ہے اما یہ صورت حال اللہ رب العزت کے بارے میں تصور بذات خود باطل ہے ناممکن ہے نقص درالوھیت آتا ہے۔

۲۔نسخ ادیان گزشتہ مسلمان سادہ زبان میں سرسری سادگی مین کہتے ہیں کہ نسخ شرائع ہوا ہے ایسا نہیں ہے دین کے دو حصے ہیں ایک اصول عقائد ہے ایمانیات ہیں وہ قابل تنسیخ نہیں تبدیل نہیں دوسرہ اعمال وافعال ہیں وہ اپنی جگہ دو قسم کے ہو تے ہیں ایک امھات ہوتی ہے واجب کی بنیادیں محرمات کی بنیادیں یہ بھی قابل نسخ نہیں تبدیل نہیں۔

دوسرا ہنگامی حالات میں وقتی حالات میں امتحان وآزمائش کے لئے استقامت دکھانے کے لئے ہوتا ہے وہ اسباب ختم ہونے کے بعد اس کا حکم بھی ختم ہوتا ہے نسخ شرائع سے مراد اس قسم کے احکامات ہیں یہود ونصاریٰ جس چیز کی نسخ سے انکار کرر ہا ہے وہ نسخ سے نہیں شریعت اسلام کو رد کرنے کے لئے کہتا ہے۔

۴۔اما قرآن میں آیات منسوخ ہونے کا جو دعویٰ ہے وہ قرآن کریم کی ان آیات سے منافی ہے اس قرآن میں کسی قسم کی نقص عیب تبدیلی آگے پیچھے سے نہیں آینگے اللہ کا یہ فرمان یہ آیت • لایأ تیھا البطل من بین یدیہ ولا من خلفہ اس بات کی دلیل ہے کہ قرآن نہ اللہ کی طرف سے منسوخ ہونگے نہ کسی اور کی طرف سے اب آتے ہیں اس آیت کے بارے میں ۔اروایت کا یہ کہنا دس دن تک اس آیت پر حضرت علی کے سوا کسی اور نے اس پر عمل نہیں کیا یہاں سول آتا ہے کسی اور نے عمل کیوں نہیں کیا چند مفروضے ہوتا ہے۔

ا۔کسی کے پاس صدقہ دینے کی گنجائش نہیں تھے یہ مفروضہ غلط ہے اصحاب میں مھاجر وانصار دونوں صاحبان ثروت تھے۔

۲۔بخل کنجوسی مال سے محبت یہ مفروضہ بھی تاریخ مھاجرین وانصار کے تحت غلط ہے بے بنیاد ہے جن انصار نے اپنی تمام مایملک ہتھیلی میں رکھ کر مھاجرین کو پیش کیا ہو اللہ رسول کی خاطر سب کچھ ہتھیلی میں رکھ کر پیش کیا ہو ان کے پاس ایک درہم کی کیا حیثیت ہے۔

۳۔مھاجرین میں ابوبکر عثمان طلحہ زبیر جیسے شخصیات تھے جو ہمہ وقت پیغمبر کے فرمان پر سب کچھ بذل کرنے والے تھے ایک دفعہ پیغمبر نے انصار سے کہا کہ اس جنگ میں چندہ دے دیں ابوبکر نے کچھ مال لایا پیغمبر نے پوچھا گھر میں کیا چھوڑ کے آئے ہو کہا اللہ اور اسکے رسول کو ابوبکر نے ۳۔۴ غلاموں کو مشرکین کے ہاتھوں سے آزاد کیا اپنی بیٹی عائشہ کی صداق جو ساڑھے چار سو بنتے تھے پیغمبر کو دیا آپ اس کو صداق میں دے دیں عثمان بن عفان نے جنگ تبوک میں لشکر اسلام کے نصف لشکر کے اخراجات برداشت کئے اب ان دونوں کے لئے ایک درھم کی کیا حیثیت تھی

۴۔آیا تاریخ میں ملتا ہے کہ حضرت علی اس سے پہلے بار بار پیغمبر سے سرگوشی کرتے تھے

۵۔سرگوشی پر عائد پابندی کی کیا حکمت عملی تھے یہاں دو احتمال ہوتے ہیں

ا۔اس بہانے سے اغنیاء سے کچھ پیسے نکال کے فقراء کو دینا تھا فقراء کے حالات کو بہتر بنانا تھا جو کہ کامیاب نہیں ہوسکی یہ ہو بہو انجان لوگوں کی قوانین جیسی بنی اس پر عمل ہی نہیں ہوسکی

۲۔اغنیاء کو امتحان میں لانا تھا وہ بھی امتحان میں نہیں آئے

۶۔حضرت علی کی فضیلت کو اٹھانا تھا علی کی فضیلت کو اس نازک قانون کے ذریعے سے علی کو کیا مقام منظور تھا کیا پیغمبر سے نجوٰا کرنا یا نجویٰ کے لئے صدقہ دینا کیا خلیفہ مسلمین کے لئے بنیادی شرط ہے لہٰذا محسوس ہوتا ہے یہ قصے ایسا جھوٹ ہیں کہ اتنا بولے جھوٹ نکالنے والے پریشان ہوکر خود بیٹھ جائے یا ایسا ہے ایک شخص نے لوگوں کو کسی طرف متوجہ کرنے کے لئے ایک جھوٹی خبر بنائی وہاں کوئی قیمتی چیز مفت میں دے رہا ہے لوگ جوق در جوق وہاں جانے لگے تو جھوٹ بولنے والے کو خود شک ہوگیا کہ کہیں وہاں تقسیم تو نہیں ہو رہا خود بھی ان کے ساتھ چلا گیا غرض اسلام و محمد ص سے قرآن سے لوگوں کو دور رکھنے کے لئے مذاہب و فرق کی مساعی غیر جمیلہ غیر حسینہ کامیاب ہوئی ہے اب دین صحاب ائمہ سے شروع ہوتا ہے انھیں پر ختم ہوتا ہے قرآن و محمد ص دونوں مھجور واقع ہوئے ہیں۔

ا۔پہلے مرحلے میں کہا گیا کہ پیغمبر شارح اور مبین قرآن ہیں شرح و تبین قرآن خود قرآن میں ہے کہ آپ شارح قرآن ہیں اس میں جائے شک و تردید اشکال و اعتراض نہیں ہوگا کیونکہ شارع ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ مطلب کو لفظ سے نکال کے بتاتے ہیں وہ مطلب کو سیاق و سباق سے نکال کے بتاتے ہیں آپ آیات کی تفسیر کو دیگر آیات سے جوڑ کے بتاتے ہیں لیکن سنت رسول سے آیت منسوخ ہوجاتی ہے یا یہ حکم قرآن سے ثابت ہے یہ سنت سے ہے اس سے ثابت ہوتا ہے پیغمبر مقابل قرآن ہیں قرآن و محمد ل کے شریعت بناتے ہیں یہاں دو شریک بتاتے ہیں جب آپ تفسیر کو مثلہ معہ سے جوڑیں گے تو یہ ایک نہیں دو ہونگے۔

۲۔قرآن کریم نے بتایا ہے اس میں خشک و تر سب ہے اس میں ہر چیز ہے اس میں ہر چیز کی تفصیل ہے تفسیر قرآن بہ حدیث کے قائلین کے نزدیک اگر آیات کی تفسیر پیغمبر کی سنت میں نہیں ملا تو اقوال صحابہ کی طرف رجوع کریں گے صحابہ جانتے ہیں کیوں کہ وہ نزول قرآن کے شاھد و ناظر تھے ان سے مروی روایات کو تفسیر قرآن میں قول نبی کی حیثیت ہوگی دین اسلام کو تہ و بالا کرنے میں سب سے بڑا کردار ان لوگوں نے کیا ہے جنھوں نے اھل البیت اصحاب کو بطور مطلق رسول اللہ کے مساوی قرار دیا ہے عدل دلیل ما وقع فی الخارج ہے جس کو کوئی رد نہیں کرسکتا اھل البیت سے کتنے اقتدار پرست نکلے ہیں انکی اقتدار پرستی سے کتنے لوگ قتل ہوئے ہیں نظام مسلمین درھم برھم ہوے ہیں خاص کر فاطمین کا کردار

ابھی تک مسلمان بھگت رہے ہیں اس خاندان سے ذر پرست کتنے نکلے ہیں بنی عباس بنی امیہ نے کتنی دولت کمائی ہے وہ تاریخ میں ثبت ہے اسی طرح اصحاب میں مشرکین کو جاسوسی کرنے والے جنگ میں بغیر عذر بہانہ سے بیٹھنے والے شرکت سے گریز کرنے والے مسجد ضرار بنانے والے کم سے کم فہم وادراک میں اصحاب الف سے یے تک کے فاصلہ ذرہ سے مجرہ تک کے فاصلے غبی اور ذکی ہونا عقل ونقل دونوں سے ثابت ہیں ان کی ضروریات کو پیغمبر ﷺ کی دعا سے جوڑنا پیغمبر نے ان کے حق میں دعا کی تھی یہ فرق القطاع ہے۔

یہ پیغمبر رحمت للعالمین تھے رحمت خاصہ نہیں تھے یہ جو دعا پیغمبر نے ابن عباس کے حق میں کی ہے کیوں اپنے چچا کے حق میں نہیں کی کیوں حضرات حسنین کے حق میں نہیں کی کیوں جعفر طیار کی اولادوں کے حق میں نہیں کی۔

تفسیر قرآن بہ قرآن اس کی سند مفسرین نے اس تفسیر کو احسن تفاسیر قرار دیا ہے اس میں جائے شک وتردید نہیں یہ ایک حقیقت ناسعہ شاخہ ہے قرآن کریم کا نظام ترتیب جو کہ بذریعہ وحی ہوا ہے اس کا منہ بولتا ثبوت ہے ایک آیت کسی جگہ بطور اجمال بیان ہوئی ہے یہی مطلب دوسری جگہ بطور تفصیل بیان ہوا ہے ایک جگہ مختصر بیان ہوا ہے دوسری جگہ بہت کلام کیا ہے اس کی ایک مثال سورہ مریم کی آیت ۔۷۱ میں دی ہے اسی آیت کا ایک ٹکڑا ٥ وان منکم الا واردھا تم میں سے ہر ایک وہاں ضرور وارد ہونے والا ہے تم میں سے ہر ایک جھنم پہنچے گا یقیناً یہ خبر ایک مایوس کن خبر ہوگی لیکن اسی کے ذیل میں آیا ہے پھر ہم متقین کو نجات دیں گے ظالمین کو چھوڑیں گے اس کی ایک مثال زیادہ تر سورہ انعام کی آیت ۸۲ سے دی ہے اسکی تفسیر سورہ لقمان کی آیت ۱۳ سے دی ہے لیکن یہاں بھی یہ تفسیر واضح نہیں ہے اس آیت میں ظلم میں ملوث ملبوس انسان کو قیامت کے دن امن نہیں ہوں گے امن صرف مؤمنین کے لئے ہونگے ظلم سے مراد ظلم شرک ہے ظلم شرک سے مراد تنہا بت پرستی نہیں بلکہ تمام انواع اقسام ظلم ہیں اللہ کو خالق سمجھتے ہیں عبادت گزار بھی ہیں لیکن نظم کائنات میں اللہ کو بے دخل کیا ہے نظام وضعی نفاذ کرنے میں سرتوڑ کوشش کی ہے گویا قیامت کے دن نجات دو گزرگاہ سے گزرتا ہے ایک منطقہ ایمانی جو شرک جلی سے گزرتا ہے شروع ہوتا ہے۔

ایک منطقہ عملی ہے شرک منطقہ اعتقادی سے گزر کر میدان عملی میں اعراض کرنے والے یا کوتاہی کرنے والوں کا بھی حشر برا ہوگا جیسا کہ سورہ بلد اور سورہ عصر میں آیا ہے

۱۔ سب سے بڑا فلسفہ اللہ کی ربوبیت کا اقرار ہے اور اس کی مالکیت کا اعتراف ہے وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے جو وہ سمجھتا ہے حکم کرتا ہے۔

۲۔ کمال عبودیت کا اظہار ہے گویا بندہ اللہ کے نئے حکم کے انتظار میں رہتا ہے جس شکل وصورت میں حکم آتا ہے وہ اپنی

اطاعت وبندگی کا اظہار کرتے ہیں کمال خضوع وخشوع کے انعقاد کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

۳۔بندے کی آزاد خیالی آزاد مردی کا امتحان لینا ہے تا کہ پتہ چلے کون سرکش ہیں؟ کون مطاع ہیں؟ کون اھل اطاعت ہے اور کون اھل عناد ہے دنیا دار امتحان ہے سونا آگ میں لگا کے تجربہ کرتا ہے بندہ امتحان وآزمائش میں لگا کر امتحان لیتا ہے۔

۴۔اس کا اظہار کرنا ہے کہ بندے کو احکامات اس کی طاقت کے برابر ہیں یا نہیں؟ اگر طاقت سے مافوق ہیں تو حکم اٹھائے گا۔

۵۔بندوں سے مشقتی چیزیں اٹھانا ہے مصلحت عامہ کا خیال رکھنا ہے جیسا کہ سورہ مائدہ آیت ۶ میں آیا ہے۔

۶۔ضعفاء کو کمزوروں کو عسر وحرج سے یسر میں منتقل کرنا ہے سورہ بقرہ آیت ۱۸۵ کسی حکم کا منسوخ ہونا عقل قیاس اجتھاد سے ثابت نہیں ہوتا ہے بلکہ منسوخ صرف دلیل نقل سے ثابت ہوتا ہے منسوخ ثابت ہونے کے چند طریقے ہیں۔

۱۔اصحاب سے بطور نقل صحیح منقول ہو کیونکہ نسخ کا دور پیغمبر کی دور تک محدود ہے نسخ ایک حکم وحی کو نسخ کرنا ہے تو وحی ہی سے نسخ ہوتی ہے چنانچہ پیغمبر اکرم نے فرمایا کہ میرے بس میں نہیں کہ میں ایک حکم کو تبدیل کروں سورہ یونس آیت ۱۵

۲۔شخص راوی تاریخ نسخ کو نقل کرے کہ میں نے فلان فلان موقع پر پیغمبر سے سنا تھا نسخ ہونے کے بارے میں امام بخاری نے اپنی صحیح میں ایک واقعہ نقل کیا ہے کہ نسخ کیسے ہوتا تھا امام بخاری سورہ توبہ کی آیت ۸۱ کی تلاوت وتفسیر کر رہے تھے عبداللہ بن ابیہ بن سلول ان کا بیٹا پیغمبر کے پاس آیا پیغمبرص سے ان کی قمیص مانگی جس میں عبداللہ کو کفن کرے پیغمبر نے قمیص ان کو دی پھر عبداللہ نے آپ سے نماز جنازہ پڑھنے کی درخواست کی پیغمبر اُٹھے عبداللہ کی نماز جنازہ کے لئے تو عمر اپنے جگہ سے اٹھے اور پیغمبر کے لباس کو پکڑا اور کہا آپ کس پر نماز پڑھ رہے ہیں حالانکی اللہ نے آپکو ان کی نماز جنازہ پڑھنے سے منع کیا ہے تو پیغمبر نے فرمایا کہ اللہ نے مجھے اختیار دیا ہے کہ آپ اس پر ستر بار بھی استغفار کریں میں نہیں بخشوں گا تو میں ستر سے زائد استغفار کروں گا عمر نے کہا کہ وہ منافق ہے پیغمبر نے ان کی نماز جنازہ پڑھی تو اللہ نے یہ آیت سورہ توبہ ۸۴ نازل کی یہ آیت آنے کے بعد پہلے جو نماز پڑھنے کے اختیار تھے وہ منسوخ ہوئے صاحب اصول تفسیر نے قرآن کریم کی جن سوروں میں ناسخ ومنسوخ نہیں ان کی تعداد ۴۳ بتائی ہے جن میں آیات ناسخ ہے منسوخ نہیں وہ ۶ سورے بتائے ہیں اور جن میں منسوخ ہے ناسخ نہیں وہ ۴۰ سورے بتائے ہیں اور جس میں ناسخ منسوخ دونوں نہیں ان کی تعداد ۲۵ بتائی ہیں اب شخص مفسر کے لئے ان تمام کا علم ہونا ضروری ہے۔

پیغمبر نے فرمایا میں حکم نہیں بدل سکتا ہوں پیغمبر وحی کے ذریعے حکم بدلتے ہیں انھوں نے کہا وحی دو قسم کی ہوتی ہے

۱۔وحی متلووہ قرآن ہے۔

۲۔غیر متلواس سے مراد جہاں پیغمبر کوتفویض ہوئی ہے کہ آپ اپنی طرف سے تعبیر کریں جب پیغمبر تعبیر کرتے ہیں تو وحی کی تعبیر کرتے ہیں وہ قرآن کے برابر ہے اس کے لئے انھوں نے سورہ حشر آیت۔۷سورہ آل عمران آیت ۳۱ سے استناد کیا ہے قرآن حدیث سے نسخ ہونے کی دلیل اسی کتاب میں آئی ہے پیغمبر نے نماز میں سورہ مومنون پڑھی اوراس میں ایک آیت نہیں پڑھی نماز ختم کرنے کے بعدان سے پوچھا کیاتم میں کوئی نہیں تھے کہ مجھے یاددلائے صحابی نے کہا ہم نے سمجھا کہ یہ منسوخ ہوئی ہے تو پیغمبر نے فرمایا اگر منسوخ ہوتی تو میں تمھیں خبر دیتا نقل از کتاب اصول سرخصی جلد۲ص ۷۵ اصحاب پیغمبر کا عقیدہ تھا کہ قرآن سنت سے نسخ ہوا ہے اس کی ایک اور مثال پیغمبر نے فرمایا لا وصیت للوارث

قرآن میں آیات منسوخہ ہیں:

باطنیوں کی تیسری واردات قرآن کریم میں آیات ناسخ ومنسوخ کا ہونا ہے ان کا کہنا ہے قرآن میں آیات منسوخات ہیں بعض نے بہت سی آیات منسوخہ کی نشاندہی کی ہے بعض نے اگر مگر لگا کر چند صورتیں بنائی ہیں سب سے زیادہ خطرناک صورت حال حدیث سے آیت منسوخ کرنے کا تصور ہے

قرآن کریم کو معطل ومتروک قرار دینے کے لئے دوسری منصوبہ بندی نسخ آیات قرآن ہے چنانچہ کثیر آیات کو منسوخ قرار دیا گیا ہے امام خوئی نے اپنی کتاب البیان فی التفسیر القرآن میں ابوبکر نحاس کی تالیف ناسخ ومنسوخ سے ایک سو اٹھتیس آیات کا ذکر کیا ہے نسخ کا معنی لغت میں نسخہ گیری کو کہتے ہیں نقل کرنے کو کہتے ہیں نقل کرنا جو سابق زمانے میں تھا اور بعد میں طباعت آئی ہے بعض نے نسخ کا اصل معنی ایک کو زائل کر کے دوسری کو اس کی جگہ لانے کیا ہے پھر کبھی اس سے صرف ازالہ کے معنی مراد ہوتے ہیں جیسا کہ سورہ حج آیت۔۵۲ میں آیا ہے ﴿ فَيَنسَخُ اللَّهُ ما يُلْقِي الشَّيْطانُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللَّهُ آياتِه ﴾ تو جو (وسوسہ) شیطان ڈالتا ہے خدا اس کو دور کر دیتا ہے قرآن میں آیت منسوخ ہونے کا معنی یعنی ازالہ حکم لیا ہے انھوں نے عام کو تخصیص دینے اور مطلق کو تقیید دینے کو نسخ کہا ہے اما الصطلاح مفسرین میں نسخ ایک حکم ثابت شدہ کی مدت ختم ہونے کی وجہ سے حکم کے رفع ہونے کو نسخ کہا ہے نسخ حکم میں دو چیزیں ہیں ایک حکم نسخ تکلیفی ہے حکم نسخ وضعی ہے یہاں یعنی اللہ نے ایک آیت حامل حکم کو ایک زمانہ کے بعد اٹھایا ہے اس کو نسخ قرآن کہا ہے نسخ قرآن کی چند صورتیں ہیں

ایک دفعہ تلاوت ہی ختم ہے وہ نسخ ہوا ہے آیت ہی قرآن میں نہیں ہے

۲ایک دفعہ آیت قرآن میں ہے لیکن حکم منسوخ ہوا ہے اس میں جائے شک نہیں احکام شرائع سابقہ میں سے حکم قرآن

کے توسط سے نسخ ہوا ہے بحث اس میں ہے کہ حکم قرآن کا نسخ ہونا ایک اور آیت کے ذریعے یا سنت رسول کے ذریعے سے نسخ ہو جائے

۳۔عقل کے ذریعے نسخ ہو جائے

۴۔اجماع کے ذریعے۔

۲۔نسخ ادیان گزشتہ مسلمان سادہ زبان میں سرسری سادگی میں کہتے ہیں کہ نسخ شرائع ہوا ہے ایسا نہیں ہے دین کے دو حصے ہیں ایک اصول عقائد ہیں ایمانیات ہیں وہ قابل تنسیخ وتبدیل نہیں دوسرے وہ اعمال وافعال ہیں جو اپنی جگہ دو قسم کے ہو تے ہیں ایک امہات ہوتی ہیں واجب کی بنیادیں محرمات کی بنیادیں یہ بھی قابل نسخ وتبدیل نہیں۔

دوسرا ہنگامی حالات میں وقتی حالات میں امتحان وآزمائش کے لئے استقامت دکھانے کے لئے ہوتا ہے وہ اسباب ختم ہونے کے بعد اس کا حکم بھی ختم ہوتا ہے نسخ شرائع سے مراد اس قسم کے احکامات ہیں یہود ونصاریٰ جس چیز کے نسخ سے انکار کر رہا ہے وہ نسخ نہیں شریعت اسلام کو رد کرنے کے لئے کہتا ہے

۔۳۔نسخ نماز روزہ زکات گزشتہ شریعت میں موجود تھے چنانچہ پیغمبر اکرم ص مبعوث ہونے کے بعد آپ اور آپ کے اصحاب نے نمازیں پڑھی ہیں روزے رکھے ہیں حج کیے ہیں لیکن آپکے اوپر مستقل طور پر حکم واجب صلوۃ معراج کے بعد ہوا ہے چنانچہ نماز آپ شریعت سابق کے تحت بیت المقدس کی طرف رخ کر کے پڑھتے تھے مدینہ ہجرت کرنے کے بعد قبلہ تبدیل ہوا حج وعمرہ سابق دور کے تحت آپ انجام دیتے تھے وجوب حج دس ھجری کو ہوا

۴۔ قرآن میں آیات منسوخ ہونے کا جو دعویٰ ہے وہ قرآن کریم کی ان آیات سے منافی ہے اس قرآن میں کسی قسم کا نقص عیب تبدیلی آگے پیچھے سے نہیں آئے گی اللہ کا یہ فرمان یہ آیت ''لایأ تیہا الباطل من بین یدیہ ولا من خلفہ'' اس بات کی دلیل ہے کہ قرآن نہ اللہ کی طرف سے منسوخ ہوگا نہ کسی اور کی طرف سے اب آتے ہیں اس آیت کے بارے میں، روایت کا یہ کہنا کہ دس دن تک اس آیت پر حضرت علی کے سوا کسی اور نے اس پر عمل نہیں کیا یہاں سوال آتا ہے کسی اور نے عمل کیوں نہیں کیا چند مفروضے ہوتے ہیں

۱۔کسی کے پاس صدقہ دینے کی گنجائش نہیں تھی یہ مفروضہ غلط ہے اصحاب میں مہاجر وانصار دونوں صاحبان ثروت تھے

۔۲۔بخل کنجوسی مال سے محبت یہ مفروضہ بھی تاریخ مہاجرین وانصار کے تحت غلط ہے بے بنیاد ہے جن انصار ومہاجرین نے اللہ رسول کی خاطر سب کچھ ہتھیلی میں رکھ کر پیش کیا ہو ان کے پاس ایک درہم کی کیا حیثیت ہے

۳۔مہاجرین میں ابوبکر عثمان طلحہ زبیر جیسی شخصیات تھیں جو ہمہ وقت پیغمبر کے فرمان پر سب کچھ بذل کرنے والے تھے

ایک دفعہ پیغمبر نے انصار سے کہا کہ اس جنگ میں چندہ دے دیں ابوبکر نے کچھ مال لایا پیغمبر نے پوچھا گھر میں کیا چھوڑ کے آئے ہو کہا اللہ اور اسکے رسول کو ابوبکر نے ۳۔۴ غلاموں کو مشرکین کے ہاتھوں سے آزاد کیا اپنی بیٹی عائشہ کا صداق ساڑھے چار سو بنتے تھے پیغمبر کو دیا آپ اس کو صداق میں دے دیں عثمان بن عفان نے جنگ تبوک میں لشکر اسلام کے نصف لشکر کے اخراجات برداشت کیے اب ان دونوں کے لئے ایک درھم کی کیا حیثیت رکھتے تھے

۴۔آیا تاریخ میں ملتا ہے کہ حضرت علی اس سے پہلے بار بار پیغمبر سے سرگوشی کرتے تھے

۵۔سرگوشی پر عائد پابندی کا کیا حکمت عملی تھے یہاں دو احتمال ہوتے ہیں

۱۔اس بہانے سے اغنیاء سے کچھ پیسے نکال کے فقراء کو دینا تھا فقراء کے حالات کو بہتر بنانا تھا جو کہ کامیاب نہیں ہو سکی یہ ہو بہو انجان لوگوں کے قوانین جیسا ہے جس پر عمل ہی نہیں ہو سکا

۲۔اغنیاء کو امتحان میں لانا تھا وہ بھی امتحان میں نہیں آئے

۶۔حضرت علی کی فضیلت کو اٹھانا تھا حضرت علی کی فضیلت کو اس نازک قانون کے ذریعے سے اٹھانا کیا منطق رکھتا ہے کیا پیغمبر سے نجویٰ کے لئے صدقہ دینا خلیفہ مسلمین کے لئے بنیادی شرط ہے لہذا محسوس ہوتا ہے یہ ایسا جھوٹ ہے اتنا بولو کہ جھوٹ نکالنے والے پریشان ہو کر خود بیٹھ جائیں ایک شخص نے لوگوں کو کسی طرف متوجہ کرنے کے لئے ایک جھوٹی خبر بنائی وہاں کوئی قیمتی چیز مفت میں دے رہیں ہیں لوگ جوق در جوق وہاں جانے لگے تو جھوٹ بولنے والے کے خود شک ہو گیا کہ کہیں وہاں کچھ تقسیم تو نہیں ہو رہا خود بھی ان کے ساتھ چلا گیا غرض اسلام و محمد اور قرآن سے لوگوں کو دور رکھنے کے لئے مذاھب و فرق کی مساعی غیر جمیلہ غیر حسینہ کامیاب ہوئی ہے اب دین اصحاب و آئمہ سے شروع ہوتا ہے انھیں پر ختم ہوتا ہے قرآن و محمد ص دونوں مہجور واقع ہوئے ہیں

کتاب اصول تفسیر و قواعدہ ص ۷۹

حدیث۔الا انی اوتیت الکتاب و مثلہ معہ لا یوشک و رجل شعبان علی اریکتہ۔کتاب سنن ابی داود جلد ۴ ص ۲۰۰ شمارہ ۴۶۰۴ راویاں

۱۔عبدالوھاب بن نجدہ کتاب تہذیب التھذیب جلد ۶ ص ۴۰۱ متوفی ۲۳۲ھ کو ثقہ قرار دیا ہے۔

۲۔ابوعمرو بن کثیر بن دینار کتاب تہذیب التھذیب میں ان کا ذکر نہیں آیا ہے۔

۳۔حریز بن عثمان کتاب تہذیب التھذیب جلد ۲ ص ۲۰۷ بعض نے حریز کو ثقہ قرار دیا ہے حافظ حدیث قرار دیا ہے لیکن ابن عمار نے کہا ہے کہ وہ علی کے سرسخت مخالف تھے حریز کہتے تھے کہ ہم علی سے محبت نہیں کرتے علی نے ہمارے

آباواجداد کو قتل کیا ہے لوگوں سے کہتے تھے تمھارے امام ہمارے امام عمران بن غیث نے کہا میں نے حریز بن عثمان سے سنا کہ میں علی سے محبت نہیں کرتا ہوں حریز جب مکہ آیا تو کھل کے علی کو سب کرتا تھا۔

۴۔عبدالرحمن بن ابی عوف کتاب تہذیب التہذیب جلد ۶ ص ۲۲۲ عجلی نے شامی تابعی کو ثقہ کہا ہے ابن قحطان نے ان کو مجھول الحال کہا ہے۔

۵۔مقدام بن معدیکرب کتاب تہذیب التہذیب میں مقداد ذکر ہے جلد ۱۰ ص ۲۵۵ انھوں نے پیغمبر سے نقل کیا ہے وہ ۸۷ھ کو وفات پائے ہیں صحابی رسول ہیں عن رسول اللہ یہ روایت اپنی جگہ متن میں مخدوش در مخدوش ہونے کے علاوہ ایک راوی ابی عمرو بن کثیر کا نام ہی تھذیب التھذیب میں نہیں آیا ہے دوسرا یعبد الرحمن بن ابی عوف کا نام مجھول الحال پایا ہے تیسرے حریز کا نام ہے جو سب شاتم علی تھا یہاں سے پتہ چلتا ہے کہ یہ روایت کسی اعتقادی فقہی مسائل کا حل ہونا تو دور کی بات ہے بلکہ یہ قرآن کے ساتھ اھانت و جسارت ہے نبی کے ساتھ افتراء ہے

قرآن فہمی نیاز مند سنت:

اس میں جائے شک تر دید شبہ وخدشہ کی گنجائش نہیں جو بھی عمل نبی کریم انجام دیں گے ہمیں ثابت ہوجائے آپ نے یہ عمل انصار و مہاجرین کے جم غفیر میں انجام دیا ہے جس کے گواہ تمام انصار و مہاجرین ہیں تو اسے رد کرنے کی کوئی گنجائش نہیں علامت ایمان میں سے ہے رسول کریم کی من و عن اطاعت کریں آیات اطاعت گواہ صدق دلائل قاطع ہیں۔

لیکن علماء حدیث نے سنت کی تین قسمیں بتائی ہیں۔

تفسیر قرآن باحادیث

آیات قرآن کریم کی تبیین وتوضیح کو احادیث سے جوڑنا بذات خود سوال انگیز ہے یعنی یہ جوڑ غیر طبیعی غیر عقلی ہے سوال اٹھنا حتمی ہے سوال یوں ہے قرآن کلام اللہ ہے کلام بشر نہیں اللہ کو اپنے بندوں کی فہم وفراست ذھانت صلاحیت اھلیت معلوم ہے مخاطب رہتی دنیا تک انسان ہے یہ بات غلط در غلط ہے آیات میں انسان سے خطاب ہے آپ کہیں کہ یہ رسول اللہ سے مخصوص ہے حسب تصریح قرآن کریم عربی زبان میں آیا ہے سورہ النحل آیت: ۱۰۳ سورہ فصلت ۴۴

سنت رسول سے مراد فعل رسول ہے آپ کا عمل خود تفسیر قرآن ہے جیسے اقیمو اا الصلوۃ کی تفسیر آپ کے نماز پڑھنے سے ہوتی ہے چنانچہ آپ نے فرمایا صلو کما رایتمونی اصلی آپ تابع قرآن ہیں تو یہ کہنے میں حق بجانب ہیں کہ آپ کا عمل مطابق قرآن ہوگا لہٰذا یہ کہیں گے کہ سنت شارح موضح آیات قرآن ہے سورہ نحل کی آیت ۴۴ میں بھی اس کی تصدیق وتائید کی ہے۔

مفسرین نے پہلے مرحلے میں سنت رسول میں تحریف کی ہے سنت قولی اور تقریری کو سنت میں شامل کیا۔جبکہ قول وتقریر رسول اللہ لکھنے پر خود رسول اللہ نے پابندی لگائی تھی تدوین حدیث دوسری صدی کے پہلے پچاس سے شروع ہوئی ہے۔

۲۔دوسرے مرحلے میں جن کی سنت حجت ہونے کے لئے تنکہ برابر سند نہیں ان کو بھی بزور طاقت سنت میں شامل کیا ہے سنت اہل بیت واصحاب بھی حجت ہے۔

لیکن تفسیر قرآن سنت کے سلسلے میں اصول تفسیر تألیف خالد عبدالرحمان ص ۷۹ پر ابی داود سے کتاب امارات میں ترمذی نے اپنی کتاب علم میں ابن ماجہ دارمی میں امام احمد سے نقل کی ہے(عبارت لکھنا ہے متن حدیث کو قرآن کے برابر گردانا ہے یعنی سنت بھی قرآن کے برابر ہے یہ حدیث اپنی جگہ سند ومتن دونوں حوالے سے بحث وتحقیق نیز اس پر ملاحظات ہو سکتے ہیں۔

تفسیر قرآن با سنت:

۱۔انہوں نے حدیث کو بھی سنت کہا ہے جبکہ خود ان کی تعریفات کے تحت سنت اور حدیث دو الگ چیزیں ہیں۔

۲۔انہوں نے سنت کے تین مصداق بیان کیے ہیں۔

۱۔سنت عملی ہے، پیغمبر کی عملی زندگی اکثر وبیشتر اصحاب نے دیکھی ہے کم سے کم مہاجرین وانصار سب نے دیکھا ہے یہ سنت ہم تک پہنچی ہے اس میں چندان اختلاف نہیں ہے پیغمبر اپنی زندگی میں دین کے حوالے سے کیا کرتے تھے مثلاً تعداد رکعات۔اوقات خمسہ۔صوم رمضان حج وعمرہ مواقف حج اس میں امت میں اختلاف نہیں رو بہ قبلہ نماز پڑھنا ماہ رمضان میں روزہ رکھنے، حج مواقف ثلاثہ رمی جمرات، سعی بین صفا ومروہ، تعداد طواف بیت، تمام فرق میں یکساں ہے یعنی جو چیز پیغمبر کی عملی زندگی ہے اس میں امت کا کوئی اختلاف نہیں لیکن اس کو پیغمبر نے سنت کہا ہے حدیث نہیں ہے اس کے لئے وہ آیات ہیں جو پیغمبر نے حکم دیا اس پر عمل کرو جس سے منع کیا اس سے باز رہو یا وہ آیات جن میں رسول کی اطاعت کا ذکر کیا گیا ہے۔

۲۔انہوں نے سنت عملی کے ساتھ، سنت قولی کو بھی حجت گردانا ہے سنت عملی کی ناقل امت ہے لیکن سنت قولی میں مخصوص افراد ہیں ممکن ہے چند محدود افراد ہو ممکن ہے شخص واحد ہو جب مخصوص نے سنا ہے تو قبول روایت کی شرائط اس پر لاگو ہوں گی جب تک اس سے ثابت نہ ہو وہ حجت نہیں ہوگا۔

۳۔تقریری ہے اس کو بھی ثابت کرنا تفحص روایات سے ہوگا۔

۴۔بہت سی ایسی سنت پیغمبر سے منسوب کی ہے جس کا سنت ثابت ہونا مشکل ہے چنانچہ مجامع روائی میں جو روایات کا

انبار ہے نقل روایات میں بے ضابطگی لا ابالی بے احتیاطی اور بعض روات کا فسق و فجور اظہر من الشّمس او کا الشّمس فی لا ئقہ النہار ہے جس سے مسلمان سب شرمندہ ہیں۔

تفسیر قرآن کے لئے جو باد خزاں ہے' وہ تفسیر قرآن با احادیث ہے سنت رسول میں تحریف کے بعد اسلام کے دونوں مصدر معلق ہو گئے ہیں سنت صرف وہ ہے جس پر امت اسلام ابھی تک متحد و متفق ہے جیسے اوقات صلات عدد رکعات صوم رمضان حج بیت الحرام مواقف ثلاثہ طواف بیت وسعی وصفا میں کوئی اختلاف نہیں آیا آپ کے قول اور تقریر جس مقیاس سے لینا پڑے گا وہ علماء نے بیان کیا ہے۔ حدیث صحیح وسقیم کی پہچان پر کتابیں لکھی ہیں لیکن اہل استبداد کی زورمندی کی وجہ سے ابھی تک اس کی چھان بین نہیں ہوئی۔

تفسیر روائی اپنی ضعف سند کے علاوہ تضارب تناقض تضادات سے پر ہے کتاب تفسیر والمفسر ون تا ئیف محقق آیت اللہ ھادی معرفت جلد دوم ص ۳۰ پر احمد بن حنبل سے نقل ہے کہ تین کتابوں کی کوئی بنیاد نہیں ہے اعتماد ہونہیں سکتا ہے۔

۱۔ کتب غزوات ۲۔ کتب ملاحم پیش گویاں ۳۔ تفسیری روایات اسی صفحے پر امام شافعی سے نقل ہے ابن عباس سے تفسیر کے بارے میں تقریباً سو حدیث نقل ہیں جو کہ قطعی طور پر خود ساختہ ہیں روایات تفسیر ضعف اسناد ارسال تقطیع جعلیات واسرائیلیات سے پر ہیں آفت تفاسیر میں تفسیر مرویات کے بعد جو ایک ناروا سلوک کتاب اللہ سے روا رکھا گیا وہ انسانی زندگی میں ایک قسم کی اجنبیت بے دردی لاوارثی کا رویہ ہے جس طرح کوئی دونوں ہاتھ میں ڈنڈا یا تلوار دو دھاری لے کر معاشرے میں کودا اور کہا میری باتوں کو نہ ماننے والوں کے لئے یہ ڈنڈا ہے۔ ایک قرآن کو اپنی رائے کے تحت جو وہ خود کہتا ہے وہی تفسیر قرآن ہے جسے تفسیر اجتہادی کا نام دیا ہے۔ ۲۔ تفسیر علمی قرآن کریم سائنسی اکتشافات سے موازنہ کرنے کی تفسیر ہے۔ ۳۔ تفسیر صوفی انھوں نے قرآن کے ساتھ جو کھیل کھیلا ہے اس سے بے ربط معانی بنائے ہیں۔ ۴۔ تفسیر عقلی قرآن یعنی تفسیر پر عقل حاکم ہے عقل حجت ہے عقل آیات کو لجام دیتی ہے جو خلاف عقل ہے وہ نادرست ہے جیسے اھل عقلانیت کی تفسیر قدیم وجدید۔ ۵۔ تفاسیر منجمد فھم لغت فھم کلمات میں تعقل سے روکنا تفسیر اشعری۔ ۶۔ تفاسیر فرق و مذاھب۔

تفاسیر روائی کی قدر و قیمت:

تفسیر قرآن کریم کے بارے میں وارد روایات جن کے بارے میں اہل حدیث کہتے ہیں قرآن محتاج و نیاز مند حدیث ہے تعارض تزاحم کی صورت میں نسبت ہی قاضی ہے ہمیں اتنی مقام و منزلت و برتری قرآن سے حاصل ہونے کی وجہ مانی ہوگی قرآن کریم رب جلیل کی طرف سے امین وحی کے توسط محمد امین کے قلب پر نازل ہوا امت ابتداء دن سے اس کی

حفظ و کتابت دونوں کرتی آئی ہے:

لیکن حدیث

۱۔ نبی کریم نے اس کی تلاش کرنے سے منع فرمایا اسی وجہ سے ۱۳۲ھ تک اس کی تدوین نہیں ہوئی تھی۔

۲۔ حدیث کے ناقلین حافظ خراسان سمرقند اور بخارا سے نکلے ہیں۔

۳۔ بہت سے محدثین کو دین میں لا ابالی کی وجہ سے وقت کے حکام نے شہر بدر کیا تھا۔

تفسیر روائی پر عدم اعتماد کی برگشت ان چار چیزوں میں ہے۔

۱۔ مکثر ین احادیث نے حد سے زیادہ غیر متوقع روایات ان ذوات سے منسوب کی ہیں ام المومنین عائشہ عبداللہ بن عمر عبداللہ بن عمرو عاص جابر بن عبداللہ انصاری ابا سعید خدری ابو ہریرہ یہاں تک کتب رجال میں مکثر ین احادیث کے بارے میں شکوک وشبہات خدشات ظاہر ہوئے

۲۔ کثرت جعل روایات

۳۔ اسرائیلیات

۴۔ جعل روایات میں اسرائیلی قہرمان وشہسوار کا ہونا کسی سے چھپی ہوئی بات نہیں ہے کہ انھوں نے اسلام آنے سے پہلے دین مسیح کو تہ وبالا کیا مسیح کو اللہ یا اللہ کا بیٹا بنایا اسرائیلیوں سے منقول روایات کی تین قسم ہیں

۱۔ پیغمبر سے مروی ہے اس کی سند موجود ہے جیسا کہ کہتے ہیں موسیٰ جس کے ساتھ چلے تھے اس کا نام خضر ہے اس حدیث کو بخاری نے صحیح قرار دیا ہے بخاری کا کسی حدیث پر مہر حجت ڈالنے سے حدیث صحیح نہیں ہوتی ان کو یہ مقام کیسے کہاں سے کس نے دیا ہے اگر ان کا قتل صحیح ہوتا تو خود بخاری کے تمام مندرجات صحیح ہونا چاہیے تھے۔

۲۔ وہ اسرائیلی روایات جن کا جھوٹا ہونا سب کو پتہ ہے وہ عقل ونقل دونوں سے متصادم ہیں

۳۔ وہ روایات ہیں جو نہ صحیح میں شامل ہیں نہ جھوٹ میں، اس کے بارے میں علماء خاموشی اختیار کئے ہوئے ہیں اس قسم کی روایات بہت زیادہ ہیں۔

﴿الا و ان اول ظالم ظلمت علی هذه الا ، الا و ان اول ظلم است و بنت عالم الجور و طغیان و العدوان علماء الاسلام و المسلمین قمزفت جمیعا شсовершت کلمها و فرق ..و هدت اساطنها الباطنیه و بناتها﴾

وضاعان روایات اسرائیلی

اکثر و بیشتر اسرائیلی روایات کی برگشت چار اشخاص کی طرف ہوتی ہیں

۱۔عبداللہ بن سلام

۲ کعب احبار

۳۔وھب بن منبہ

۴۔عبدالملک بن عبدالعزیز ابن جریح

ان چاروں کے بارے میں مفسرین کی آراء مختلف ہے بعض نے کہا یہ جھوٹے ہیں ان کے اقول پر اعتماد نہیں کیا جاسکتا ہے صرف عبداللہ بن سلام کو اعتماد دیا جاتا ہے اس پر بھروسہ کیا جاسکتا ہے۔

کعب احبار کعب بن مائع حمیری یہ یمن سے تعلق رکھتے تھے وہ حضرت ابوبکر کی خلافت کے دور میں مسلمان ہوئے بعض نے حضرت عمر کے دور میں کہا ہے وہ سنہ ۳۲ھ کو مرا ہے اسکی عمر ۱۴۰ اسال ہے اس کی روایات پیغمبر سے مرسل ہیں عمر سے، عائشہ سے، صھیب سے، معاویہ، ابوھریرہ، ابن عباس عطاء وغیرہ سے اس نے روایات نقل کی ہیں بعض نے اس پر اعتماد کیا ہے بعض نے انہیں متہم کیا ہے وہ ۱۴۰ اسال عمر میں ۳۲۰ھ کو مرا ہے۔

۲۔وھب بن منبہ بن سیج بن ذی کناس صاحب قصص ہے اس کی اصل فارس خراساں کے ہرات سے تعلق رکھتا ہے بادشاہ فارس نے ان کو یمن میں بدر کیا پیغمبر کے دور میں اسلام قبول کیا صنعاء میں قاضی رہا علماء نے ان کو جھوٹا، مدلس، فاسد عقل فاسد عقیدہ قرار دیا ہے۔

۳۔روایات غیر منقحہ روایات مشکوک مخدوش ہیں پہلے مرحلے میں لوگوں کو جو کچھ ملا وہ جمع کیا صحیح غلط کا لحاظ کئے بغیر جمع کیا ہے چنانچہ علماء شیعہ بحار مجلسی میں جمع نا گفتہ بہ روایات کے دفاع میں لکھا ہے کہ اصل میں انہوں نے مواد کو ضائع ہونے سے بچانے کے لیے جو کچھ انہیں ملا جمع کیا ہے وہ حسن نیت رکھتے تھے انہوں نے تحقیق کو آئندہ آنے والوں پر چھوڑا ہے یہ دفاع بلا جواز ہے اگر ایسا تھا تو ان کو کتاب کی ابتداء یا انتہا میں اس کی طرف وضاحت دینا چاہیے تھی اور علماء کو ان کے اوپر چادر قدسیت نہیں چڑھانی چاہیے تھی جہاں شیخ عباس قمی نے ان کے بارے میں لکھا کہ جو خدمات مجلسی نے کی ہیں کسی اولین کو نصیب ہوئیں اور نہ ہی آخرین کو نصیب ہونگی۔احادیث کی جمع ونشر مکان وزمان راویان ضرب مثلث مخدوش در مخدوش مشکوک در مشکوک ہے جناب احمد امین نے اس بارے میں انتہائی افسوسناک صورت حال نقل کی ہے۔

احادیث سے ہونے والی تفاسیر اسّی فیصد قرآن لغت اور سیاق وسباق سے دور ہے جیسا کہ جن آیات کو

مفسرین شیعہ نے اہل البیت کی امامت پر نص یا ان کے فضائل میں کتاب پے کتاب کے انبار لگائے اور ان کے بارے میں تحقیق سے روکنے کے لئے تواتر معنوی بنایا جو قرآن کو پیچھے کرنے کے لئے ہے اس کے لئے پہلے روایت گھڑی ہے پھر اس کو مختلف لوگوں سے لکھوار کر تواتر بنایا ہے تفاسیر میں صرف فرمان رسول حجت ہے جہاں رسول اللہ نے آیت کا ذکر کر کے اس کا کوئی معنی بیان کیا ہو پیغمبر کے فرمان کے بعد ہمیں معنی واضح ہو جائیں تو درست ہے اگر حدیث آیت سے اجنبی ہو تو اس فرمان کو قبول کرنے سے منع کیا ہے تو یہ تفسیر قرآن نہیں ہوگی یہ قرآن سے ہٹ کے ایک مطلب بن جائیگا۔

۱۔اس میں شک کی گنجایش نہیں شک کے لئے جگہ نہیں شک کا فرض نہیں بنتا ہے جس طرح اس سے پہلے نازل کتابوں کو لاحق ہوا ہے اس کتاب کو لاحق نہیں پہلی کتب ان کے لانے والے نبی کے بعد انسانوں کی لکھی ہوئی ہیں اور نیز ان کتابوں کی محافظت کا ذمہ اللہ نے نہیں لیا ہے۔علماء کی ذمہ داری لگائی ہے۔

۲۔اسکی دوسری خاصیت یہ ہے کہ یہ کتاب ہدایت ہے لیکن متقین وہ انسان ہیں جو محتمل خطرات سے پیشگی احتیاط کرتے ہیں حیوان جیسے نہیں جو محسوسات تک محدود ہے فرقوں ہے تو انسانوں اور قوموں کی بقاء سلامتی ترقی وتمدن ہمیشہ اوراء محسوسات خطرات سے نمٹنے بچانے کی تمام احتیاطی تدابیر اپناتے ہیں۔

۴۔ایک موضوع سے متعلق آیات کو جمع کرنے کے بعد جو ان تمام آیات سے ایک مزاج ایک معنی ایک جامع مفہوم نکلتا ہے اس کو تفسیر موضوعی کہیں گے۔

ایمان ماوراء محسوسات تنہا موحدین تک محدود نہیں ہے بلکہ مادین ملحدین کیلئے بھی ماوراء محسوسات پر ایمان لانا ناگزیر ہے لیکن وہ جب ایک جگہ رک جاتا ہے تحقیق نہیں کرتا مثلا کہتا ہے کائنات پہلے گیس یا مائع تھی اس پر کوئی دلیل قائم نہیں کی ہے۔کیا حس میں نہیں آتا ہے سوال اٹھتا ہے اس حس کو کس نے پیدا کیا ہے کس نے اس میں دھماکہ کیا ہے منفجر کیا ہے۔

ایمان بہ ماوراء مادہ ہر قسم کے خوف خطرات سے اپنے آپ کو محفوظ کرتا ہے سورہ کہف کی آیت ۔۲ ہے اس میں آیا ہے یہ کتاب جو آپ پے نازل کی ہے اس میں آپ کے دل میں سینے میں کوئی حرج نہیں ہوگی۔

اس کو ابلاغ کرنے میں آپ کو کوئی حرج نہیں ہوگی نیز مؤمنین کے لئے تذکرے ہونگے کتاب اوپر سے مرتبہ علو سے آپ پے نازل ہوئی ہے رب نے آپ پر نازل کی ہے تو آپ کو اس کی تبلیغ میں تشویش ہونے کی کوئی بات نہیں ہے جب یقین ہے کہ اللہ کی طرف سے نازل ہوئی ہے تو لوگ آپ سے کہیں کہ یہ سحر ہے جادو ہے شعر ہے حواس باختہ ہوگیا ہے کہانی ہے اس سے آپ کو پریشان نہیں ہونا چاہئے آپ بغیر کسی پریشانی کے اس کا ابلاغ کریں یہ آیت پیغمبر

کے بعد اشاعہ ترویج دین والوں کے لئے بھی ہے جب آپ کی گفتگو آپ کی دعوت کا محور مصدر مأ خذ منبع قرآن ہے تو لوگ جو بھی کہیں تہمت الزام تراشی کریں یہ جھوٹ بولتا ہے کسی کی بات کرتا ہے علماء کی تبلیغ دین میں تر دد تذبذب تشکیک اتر اوٗ چڑ اوٗ اس لئے آیا کہ ان کا مصدر و ماخذ کتب فقہ ہیں جو فقہاء کی ساخت ہیں یا اخبار واحادیث سازوں کا مجموعہ ہیں جوں ہی باہر سے تر دید ہوتی ہے ان کو پریشانی ہوتی ہے جس کسی کا مصدر مأ خذ منقول قرآن ہو اس کو لوگوں کی چہ می گوئیوں سے پریشانی نہیں ہونا چاہئے۔

۱۔ یہ قرآن کتاب قرآئت ہے بمعہ تدبّر یہ وہ کتاب نہیں جس میں نقص وعیب ہو اس قرآن کی تعریف میں سورہ بقرہ کی پہلی آیت آئی ہے ذالک الکتاب لا ریب فیہ۔۔اس میں جائے شک وتر دید نہیں لہٰذا یہ ایک کھلی کتاب ہے جس میں تدبر کی دعوت دی گئی ہے سورہ نساء آیت ۔۸۲ سورہ محمد آیت ۔۲۴

۲۔ یہ قرآن صراط مستقیم جادہ حق کی طرف ہادی ہے سورہ بقرہ آیت ۔ا سورہ اسراء آیت ۔۹

۳۔ یہ قرآن لفظ کے ساتھ اللہ سے مستقیم لی ہے سورہ نمل آیت ۔۶

۴۔قرآن ہر ایک کے لئے میسر ہے سورہ قمر آیت ۔۱۷۔۲۲۔۲۳۔۴۰

۵۔قرآن تغیر تنسیخ ناپزیر ہے سورہ حجر آیت ۹ قرآن عربی ہے۔

قرآن کو گونگا بنا کر قرآن کو غریب قرار دے کر قرآن کو مجمل و مھمل قرار دے کر نبی کے نام سے اصحاب تابعین متقدمین کے بیان کو من وعن قبول کرنا اور اس کے لئے باندھے گئے مقدمات تمہیدات اپنی جگہ مخدوش مشکوک وموہوم ہیں اس سلسلہ میں علماء حدیث نے جو تمہیدات باندھی ہے پہلے وہ پیش کرتا ہوں۔

تفسیر شعراوی ج ۱۳ اص ۷۹۵۷ پر لکھتے ہیں قرآن بیک وقت دو عنوان رکھتا ہے:

ا۔کتاب معجزہ یعنی یہ لانے والے کے لئے گواہ صدق ہے۔

۲۔کتاب دستور یعنی آئین حیات ہے اب آ کے کہتے ہیں کتاب معجزہ ہونے کے حوالے سے عربوں کے لئے بطور مستقیم سمجھ میں آئے کہ یہ کتاب اللہ ہے۔

لیکن منہج کے حوالے سے کہتے ہیں کہ اسمیں تفصیل نہیں ہے اس میں منہج کی تعریف نہیں ہوئی ہے توضیح ضروری ہے یہ کیوں نہیں ہوا؟ کہتے ہیں اگر توضیح وتشریح کرتے تو بہت ضخیم مجلدات ہوتے لہٰذا قرآن اصول لایا ہے اور تبیین وتوضیح رسول پر چھوڑی ہے کہ آپ شرح کریں آپ وضاحت کریں کہتے ہیں جو کچھ سنت میں آیا ہے اس پر عمل کرنا واجب نہیں کیونکہ سنت وہ ہے جس کو انجام دینے والے کو ثواب ملتا ہے نہ کرنے والے کو عقاب نہیں ہوتا ہے۔

شعراوی صاحب فرماتے ہیں ہم ان کو کہیں گے یہ بات صحیح نہیں ہے ہمیں سنت کو اس فرق میں رکھنا ہوگا۔
۱۔سنت دلیل ہے۔
۲۔سنت حکم ہے دونوں میں تمیز فرق ہونا چاہیے سنت دلیل کا مطلب یہ ہے کہ یہ فعل واجب ہے یعنی اس فعل کو کرنا ہے جیسے عدد رکعات فرائض صبح ظہر وعصر مغرب عشاء ان رکعات کی تعداد سنت پیغمبر سے ثابت ہے۔
۳۔سنت حکم یہ دلیل نہیں ہے آپ سے کہا کہ کرو یہ امر احکام فقہی ہے پیغمبر سے مروی ہے انجام دینے والوں کو ثواب ملے گا چھوڑنے والے کو عقاب نہیں ہوگا' ایسے احکامات کا ہونا نہ ہونا اپنی جگہ موضوع بحث ہے تحقیق ہونی چاہیے یہ سنت دلیل ہے یا سنت حکم یہ کہاں سے ثابت ہوگا کہ سنت دلیل ہے یا سنت حکم پیغمبر ہے۔
تو ہمیں اس میں فرق رکھنا چاہیے کہ یہ عطائے قرآن ہے عطائے نبوی ہے۔اخباریوں اور حدیثیوں کے آنکھ میں لگنے والی پڑنے والی خار مغیلان قرآن ہے وہ قرآں کا نام سننا دیکھنا برداشت نہیں ہوتا ہے لہٰذا انہوں نے قرآں کو مہک وکسوٹی قرار دینے والی روایت کو باطل اور بے اصل قرار دیا ہے اور اس کی جگہ القرآن محتاج الی السنۃ ولیس انہ محتاج الی القرآں یاالسنہ قاضیۃ قاصیۃ ۔۔۔۔
جیسی مجھولات کو بنیاد بنانے والوں نے قرآن کو ہٹانے کے بعد ہر باب میں احادیث واخبار کی برمار کی ہے بوچھاڑ کی ہے ان میں سے ایک معجزہ نبی کریم ہے اخباریوں نے معجزات پر بحر المعاجز لکھی ہے حدیثیوں نے نبی کریم کے لئے ایک ہزار سے زائد معجزات پر مشتمل کتابیں لکھی ہیں سورہ اسراء میں معجزات طلب کرنے والوں کو اللہ نے دوٹوک نفی میں جواب دیا ہے۔ہم معجزات نہیں دیتے کیونکہ پہلے والوں نے معجزات دیکھنے کے بعد ایمان کے بجائے کفر پر اصرا کیا ہے
حدیث سے پیغمبر کی نبوت ثابت نہیں اس سے دور لازم آتا ہے پیغمبر کی نبوت ورسالت کے سینکڑوں معجزات نہیں سورہ عنکبوت آیت ۵۱ میں از روئے توبیخ مذمت میں آیا کہ ان کے لئے یہ کافی نہیں کہ ہم نے آپ پہ یہ کتاب نازل کی ہے یہ معجزہ ایک ایسا معجزہ ہے جو ہر شخص سمجھ سکتا ہے سن سکتا ہے اہل ایمان کیلئے یہی کافی ہے۔
احادیث میں شکوک وشبہات جنم دینے کی ایک اور وجہ حدیث اوتیت جوامع ہے
کتاب جامع الاحکام القرآن تالیف ابی عبداللہ محمد بن احمد الانصاری القرطبی متوفی ۶۷۱ ص ۳۷ ج ۱ باب تبیین بالکتاب بالسنۃ وماجاء فی ذالک میں سورہ نحل کی آیت ۴۴ سورہ نور آیت ۶۳ شوریٰ آیت ۵۲ سورہ حشر آیت ۴ سورہ احذاب ۳۶ میں تفسیر تبین للناس کے بارے میں الکلم ومنہ معہ ہے یہ حدیث ابوداود کی مقدام ابن معد سے اس حدیث کو پیش کیا ہے حدیث الاوتیت پھر لکھتے اوتیت مثلہ کے بارے میں لکھتے ہیں اس کی دو تاویل ہیں۔

ا۔ یہ ہے کہ رسول اللہ نے قرآن کے علاوہ اتنی برابر وحی باطنی بھی دی ہے۔

ایک کتاب وحی ہے جو تلاوت ہوتی ہے اتنی برابر بیان دی ہے اذن لہ ان کو اجازت دی ہے جو کچھ اس کتاب میں ہے بیان کریں کبھی عام بیان کرتے ہیں کبھی خاص بیان کرتے ہیں کبھی خاص بیان کرتے ہیں کبھی اضافہ کرتے ہیں کتاب میں وہ شرح کرتے ہیں حسبان بن عطیہ سے اوضاعی نے نقل کیا ہے پیغمبر پر وحی نازل ہوتی تھی جبرئیل سنت لے کے بیٹھتے تھے اس آیت کی تفسیر کرتے تھے سعید بن منصور نے عیسیٰ بن یونس سے انھوں نے اوضاعی سے انھوں نے مکحول سے نقل کی ہے۔

حدیث القرآن احوج الی النسہ من النسہ الی القرآں روایت اوضاعی نے یحیٰی بن کثیر سے نقل کی ہے السنۃ قاضیۃ علی الکتاب ولیس الکتاب بقاض علی السنۃ قال فضل بن زیاد سمعت ابی عبداللہ یعنی احمد بن حنبل ان سے اس حدیث کے بارے میں پوچھا السنۃ قاصیۃ علی الکتاب تو کہا کہ میں یہ جسارت نہیں کرتا ہوں کہ یہ بات کروں لیکن اتنا کہتا ہوں سنت کتاب کی تبین کرتی ہے ایک اور بیان میں قرآن کے حکم پر اضافہ بیان دینے کی مثال کی تحریم **نكاح المرائة على عمتها و خاتها و تحريم الحمر الا هليه و كل ذى ناب من السباع و القضاة با ليمين مع الشاهد و غير ذالک۔**

تفسیر قرآن بہ حدیث:

کتاب اصول تفسیر وقواعدہ ص ۷۹

حدیث۔ الا انی اوتیت الکتاب ومثلہ معہ لا یوشک ورجل شعبان علی اریکتہ۔ کتاب سنن ابی داود جلد۴ ص ۲۰۰ شمارہ ۴۶۰۴ راویاں

ا۔ عبدالوھاب بن نجدہ کتاب تہذیب التہذیب جلد۶ ص ۴۰۱ متوفی ۲۳۲ھ کو ثقہ قرار دیا ہے

۲ ابو عمرو بن کثیر بن دینار کتاب تہذیب التہذیب میں ان کا ذکر نہیں آیا ہے

۔۳۔ حریز بن عثمان کتاب تہذیب التہذیب جلد۲ ص ۲۰۷ بعض نے حریز کو ثقہ قرار دیا ہے حافظ حدیث قرار دیا ہے لیکن ابن عمار نے کہا ہے کہ وہ علی کے سرسخت مخالف تھے حریز کہتے تھے کہ ہم علی سے محبت نہیں کرتے علی نے ہمارے آبا و اجداد کو قتل کیا ہے لوگوں سے کہتے تھے تمھارے امام ہمارے امام عمران بن غیث نے کہا میں نے حریز بن عثمان سے سنا کہ میں علی سے محبت نہیں کرتا ہوں حریز جب مکہ آیا تو کھل کے علی کو سب کرتا تھا

۔۴۔عبدالرحمٰن بن ابی عوف کتاب تہذیب التہذیب جلد۶ص۲۲۲ عجلی نے شامی تابعی کو ثقہ کہا ہے ابن قحطان نے ان کو مجھول الحال کہا ہے۔

۵۔مقدام بن معدیکرب کتاب تہذیب التہذیب میں مقداد ذکر ہے جلد۱۰ص ۲۵۵ انھوں نے پیغمبر سے نقل کیا ہے وہ ۸۷ھ کو وفات پائے صحابی رسول ہیں عن رسول اللہ یہ روایت اپنی جگہ متن میں مخدوش در مخدوش ہونے کے علاوہ ایک ایک راوی ابی عمرو بن کثیر کا نام ہی تھذیب التھذیب میں نہیں آیا ہے دوسرا عبدالرحمٰن بن ابی عوف کا نام مجھول الحال پایا ہے تیسرے حریز کا نام سب شاتم علی قرار پائے ہیں یہاں سے پتہ چلتا ہے کہ یہ روایت کسی اعتقادی فقہی مسائل کا حل ہونا تو دور ہے بلکہ یہ قرآن کے ساتھ اھانت وجسارت ہے نبی کے ساتھ افتراء ہے۔

تفسیر قرآن سنت رسولؐ سے۔

یہاں سنت رسول سے مراد قول فعل رسول ہیں یعنی آپ ص نے کسی آیت کی تفسیر توضیح فرمائی ہے یا آپ کا عمل مسلسل رہا ہے چونکہ آپ تابع قرآن ہیں تو یہ کہنے میں حق بہ جانب ہیں کہ آپ کا عمل قرآن کے مخالف نہیں ہوگا لہٰذا یہ کہیں گے سنت شارح موضح قرآن ہے سورہ نحل کی آیت۴۴ بھی اس کی تصدیق وتائید کرتی ہے لیکن تفسیر قرآن سنت کے سلسلے میں ایک حدیث صاحب اصول تفسیر وقواعدہ تألیف خالد عبدالرحمان ص ۷۹ پر ابی داود سے کتاب امرات میں ترمذی نے اپنی جامعہ میں کتاب علم ابن ماجہ دارمی میں امام احمد سے نقل کی ہے (عبارت لکھنا ہے متن حدیث کا) یعنی قرآن بھی دیا ہے اور قرآن کے برابر بھی دیا ہے یعنی سنت بھی قرآن کے برابر مقدار میں دی ہے یہ حدیث اپنی جگہ سند ومتن دونوں حوالے سے موضوع نقاش بحث وتحقیق ہے اس پر ملاحظات ہوسکتے ہیں

۔۱۔پہلے مرحلے میں کہا گیا کہ پیغمبر شارح ومبین قرآن ہیں اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے پیغمبر مقابل قرآن ہیں قرآن و محمد مل کے شریعت بناتے ہیں یہاں دو شریک بتاتے ہیں کیونکہ شارع ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ مطلب کو لفظ سے نکال کے بتاتے ہیں وہ مطلب کو سیاق وسباق سے نکال کے بتاتے ہیں آپ آیات کی تفسیر کو دیگر آیات سے جوڑ کے بتاتے ہیں جب آپ تفسیر کو مثلہ معہ سے کریں گے تو یہ الگ ہوں گے۔

۲۔قرآن کریم اس میں خشک وترسب ہے لیکن اس میں ہر چیز کی تفصیل نہیں ہے تفسیر قرآن بہ سنت کے قائلین کے نزدیک اگر آیات کی تفسیر پیغمبر کی سنت میں نہیں تو اقوال صحابہ کی طرف رجوع کریں گے صحابہ جانتے ہیں کیوں کہ وہ نزول قرآن کے شاھد وناظر تھے لہٰذا ان سے مروی روایات کو تفسیر قرآن میں قول نبی کی حیثیت ہوگی دین اسلام کو تہ وبالا کرنے میں سب سے بڑا کردار ان لوگوں نے ادا کیا ہے جنھوں نے اھل البیت اور اصحاب کو بطور مطلق رسول کے

مساوی قرار دیا ہے یہ بات اظہر من الشّمس ہے اہل بیت واصحاب سب عالم تھے یہ خطاء ولغزش سے پاک تھے اصحاب میں سے کتنے جنگ جمل صفین ونہروان میں خلیفہ المسلمین کے خلاف باغی تھے اہل بیت سے وابستوں میں سے کتنے لوگوں نے اقتدار کی جنگ لڑی ہے جن سے ائمہ ناراض ونالاں تھے لمبی فہرست ہے۔

اہل البیت سے کتنے اقتدار پرست نکلے ہیں انکی اقتدار پرستی سے کتنے لوگ قتل ہوئے ہیں نظام مسلمین درھم برھم ہوئے ہیں خاص کر فاطمیین کا کردار ابھی تک مسلمان بھگت رہے ہیں اس خاندان سے ذر پرست کتنے نکلے ہیں بنی عباس بنی امیہ سے کتنی دولت کمائی ہے وہ تاریخ میں ثبت ہے اسی طرح اصحاب میں مشرکین کو جاسوسی کرنے والے جنگ میں بغیر عذر حیلہ بہانے سے شرکت سے گریز کرنے والے مسجد ضرار بنانے والے فہم وادراک میں اصحاب الف سے یے تک کے فاصلہ ذرہ سے مجرہ تک کے فاصلے غبی اور ذکی ہونا عقل ونقل دونوں سے ثابت ہیں ان کو پیغمبر کی دعا سے جوڑنا پیغمبر نے ان کے حق میں دعا کی تھی یہ فرط القتات ہے

پیغمبر رحمت للعالمین تھے یہ جو دعا پیغمبر نے ابن عباس کے حق میں عبداللہ بن عمرو بن عاص کے حق میں کی ہے کیوں اپنے چچا کے حق میں نہیں کی کیوں حضرات حسنین کے حق میں نہیں کی کیوں جعفر طیار کی اولادوں کے حق میں نہیں کی۔

حدیث الاوتیت الکتاب و مثله الا اوتیت القرآن و مثله معه لال یو شک رجل ینشی شعبان علیٰ اریکته یقول علیکم با لقرآن فما وجود تم فی من حلال محلوه و ما وجد تم فیمن حرام فحترمو الا لا یحل لکم لحم الحمار اهلی ولا کل ذی ناب من السباع الا ولا لقطة من المال معاهد الا ان یستد من عنها صاحبها و من نزل یقوم فعلیهم ان یقروهم فان لم یقروهم فلهم ان یعقوبهم بمثل قراهم .

اس حدیث کے راویان مسند احمد بن حنبل سے ج ۴ ص ۱۳۰ سے نقل کیا ہے۔

۱۔عبداللہ نے ابی سے

۲۔یزید بن ہارون

۳۔حریز بن عبدالرحمٰن بن ابی عوف الجرشی

۴۔المقدام بن معدیکرا کندی

رسول اللہ سے

مندرجہ بالا حدیث کے راویان سنن ابن ابی داود ج ۴ ص ۲۰۰ حدیث ۴۶۰۴

۱۔عبد الوہاب بن نجدۃ

۲۔ابو عمرو بن کثیر بن دینار

۳۔حریز بن عثمان

۴۔عبد الرحمٰن بن ابی عوف

۵۔المقدام بن مویکرب

رسول اللہ سے

کتاب عقود المرجان ص۳۷ پر لکھتے احادیث ضعیف سے تفسیر کرنا جائز ہے چنانچہ فقہا قیاس پر حدیث ضعیف کو مقدم رکھتے تھے امام احمد بن حنبل نے فرمایا حدیث ضعیف رائے سے بہتر ہے جب فقہ میں حدیث ضعیف سے فتویٰ دینا صحیح ہے تو تفسیر میں بھی جائز ہے کتاب قواعد حدیث من فنون مصطلح الحدیث تأ لیف جمال الدین قاسمی ص ۱۱۱ پر لکھتے ہیں حدیث ضعیف وہ حدیث ہے جس میں شرط صحت کا فقدان ہے نہ اس میں حسن ہے حدیث ضعیف کی اقسام ہیں موضوع مغلوب شاز منکر معلل مضطرب جب علماء حدیث نے حدیث ضعیف کو مردود کہا ہے تو پھر اس کو فقہ میں تفسیر میں لانے کی کیا منطق ہے۔

ایک منطقہ عملی ہے شرک منطقہ اعتقادی سے گزر کر میدان عملی میں اعراض کرنے والے یا کوتاہی کرنے والوں کا بھی حشر برا ہوں گے جیسا کہ سورہ بلد اور سورہ عصر میں آیا ہے

۴ شوال ۱۴۳۸ھ ۴:۴۵ شام

زمان نزول میں جہاں پیغمبر کا دو بدو مشرکین وملحدین سے مقابلہ تھا اگر اس کلام میں کلام غریبہ یا غرائب ہوتے تو مشرکین دومنٹ میں پیغمبر کو رد کر سکتے تھے آپ کی بات ہماری سمجھ میں نہیں آ رہی ہے پیغمبر کا بیان آیت سھل اور سریع فھم تھے اور مؤثر کنندہ تھا جلدی سے مخاطب کی سمجھ میں آتا تھا لہذا مشرکین مکے میں آنے والوں کو پہلے جا کے روکتے تھے محمد سے نہ ملیں وہ سحر کرتے ہیں عرب کے لجوج و بدو بغیر توضیح کنندہ بغیر تفسیر کنندہ اس کلمے کا معنی یہ ہے اچھی طرح سے سمجھتے تھے بھلا یہ اصحاب جن لوگوں نے ان کو بدنام کیا الفاظ قرآن اصحاب کی سمجھ میں نہیں آ رہے تھے ایمان لانے کے بعد بھی ان کی سمجھ میں نہیں آ رہے تھے تو قرآن سمجھ میں نہ آنے کی واحد رکاوٹ دو میں سے ایک ہو گی یا ایمان سمجھ میں آنے سے مانع ہے یا نفاق مانع ہے ظاہر قرائن شواھد یہ بتاتے ہیں قصص قرآن میں کسی کو آیت غریبہ نظر نہیں آتی ہیں ان کو آیات غریبہ صرف آیات ایمانی اور عملی میں نظر آتی ہیں ساری توڑ پھوڑ ایمانیات وعملیات سے متعلق آیات میں ہے

۴۔قرآن میں ایک سلسلہ آیات اکل بالباطل سے منع ہے کسی کے مال پر جبری قبضہ مت کرو اس کو مجبور کر کے مال مت کھینچو سرقت مت کرو ہر قسم کی سرقت حرام ہے ان محرمات کے مرتکبین کو اگر دنیا میں سزا دی جاتی تو مال کتنا پھیلتا تاہم مسلمانوں کے مال غیر مسلمین کی نسبت بہت محفوظ نظر آئیں گے۔

۵۔انسان کس چیز کا مالک ہوتا ہے کب مالک ہوتا ہے جس چیز میں انسان نے پسینہ نہیں ڈالا ہے جد و جہد صرف نہیں کی ہے اس میں وہ مالک نہیں ہے احادیث کیسے قرآن کے برابر ہوسکتی ہیں جس شخص یا لوگوں نے حدیث کو قاضی کہا ہے وہ ظالم ہیں وہ غالی ہیں حدیث کا عنصر حدیث کی تاریخ اس بات کو دوٹوک الفاظ میں رد کرتے ہیں آیئے دیکھتے ہیں

۔احدیث ایک خبر ہے خبر پر احتمال صدق و کذب برابر ہوتا ہے جب تک کوئی ترجیح نہ ہو یک طرفہ صدق یا کذب کا فیصلہ نہیں کر سکتے ہیں

۲۔حدیث بالاتفاق علماء حدیث کی حفاظت کا ذمہ اللہ نے نہیں لیا ہے جو لوگ یہ کہتے ہیں اس کی مثال پیاز کھانے والے انسان کی مثال ہے جو کہتا ہم نے پیاز نہیں کھائی ہے یا کہے ہم نے شراب نہیں پی ہے اس کے منہ سے شراب کی بو آتی ہے جھوٹ بولنے والے کہتے ہیں ہم نے جھوٹ نہیں بولے ہیں وہی جھوٹ بولتا ہے

۔۳۔حدیث کی ضمانت اللہ نے نہیں لی ہے اس کی دلیل مجامع احادیث میں صحیح حدیث کی نسبت جھوٹی احادیث کی کثرت دلیل ہے جیسا کہ صاحب بخاری صاحب مسند احمد نے خود لکھا ہے انھوں نے یہ احادیث کئی لاکھ سے چھانٹی کی ہیں۔

۴۔احادیث جن لوگوں سے جمع کی ہیں ان میں حدیث جعل کرنے والوں کے نام اور تعداد تاریخ میں کتب حدیث میں ثبت ہے

۵۔احادیث آسانی سے تصدیق نہ ہونے کا ایک ثبوت بہت سے لوگوں نے احادیث نقل کی ہیں احادیث نقل کرنے کے لئے کوئی معیار نہیں رکھا ہے جس کے پاس ایک حدیث تھی وہ بھی محدث بنے ہیں تو وہ کیسے ہوسکتا ہے کہ مسلمان کے پاس ایک حدیث بھی نہ ہو

۔۶۔بعض محدثین جیسے ابن حیان جس نے ثقات لکھی ہے اپنے دور میں متھم تھے آمودی خلاف شریعت افعال کا مرتکب ہونے کی وجہ سے لوگوں نے شہر بدر کیا ہے

۔۷۔احادیث کو جمع کرنے والوں میں بہت سے ایسے افراد ہیں جنھوں نے خلفاء کے لئے سب وشتم کیا ہے ان میں مشہور ابن عقدہ وغیرہ ہے

۸۔احادیث میں جعل احادیث میں حیر پھیر کے بڑھتے ہوئے حالات کی وجہ سے علم رجال لکھنے کی ضرورت پیش آئی علم رجال دلیل ہے کہ احادیث نقل کرنے والوں میں اچھے برے دونوں تھے اچھے اور برے میں تمیز کرنے کے لئے علم رجال لکھی ہے

۔۹۔علم رجال آنے کے بعد لوگ سند دینے سے ڈرتے تھے کہیں وہ فاش نہ ہو جائیں جب ان سے پوچھتے تھے کہ آپ نے اس کی سند نہیں دی تو انھوں نے کہا کہ ہم نے معتبر لوگوں سے پوچھ کے لکھی ہے لہذا آپ کسی بھی شخص کا نام لیکر پڑھ سکتے ہیں۔

احادیث میں جب سند کی ضرورت پیش آئی تو سند کی چھان بین کرنا شروع ہوئی اس دن سے انھوں نے پہلے اور آخری راوی کو معتبر ثقہ کا نام دیا بیچ میں ضعیف مجھول الحال یا کوئی ان پڑھ جن کا نام ہے ہی نہیں ان سے پر کیا احادیث کا اکثر و بیشتر حصہ بہت سے مجامع احادیث کی حدیثوں کے راویوں کے نام علم رجال میں نہیں ہیں۔

فصاحت

جیسا کہ موسوعہ علوم لغۃ عربیہ جلد ۷ ص ۶۷ پر آیا ہے الفصاحۃ ،فی اللغۃ ،الظھور ،والبیان ،تعدل افصح فلان عمّا فی نفسہ اذا اظہرہ۔ والفصاحۃ ،فی علوم اللغۃ ،صفۃ توصفبھا اللقطۃ المفردۃ ،والکلام ،والمتکلم ،فیقال :لفظۃ فصیحۃ ،کلام فصیح ورجل فصیح امّا البلاغۃ ،فیوصف بھا الکلام و،المتکلم فقط ،فیقال :کلام بلیغ ورجل بلیغ.

فصاحت لغت عرب میں تین چیزوں کی صفت ہے

۱۔لفظ کے مفرد میں فصاحت ہو

۲۔کلام میں فصاحت ہو

۳۔متکلم فصیح ہو کلمہ فصیح چار چیزوں سے بنتا ہے

۱۔تنافر حروف نہ ہو کلمہ میں جو حروف ہیں وہ منفور نہ ہوں جیسے مستضرات مسترفعات بولنے میں مشکل ہوتی ہے

۲۔غرابہ لفظ مسرجا یہ کلمہ غریب ہے مرسن لفظ مسرجہ لفظ غریب ہے اس کی برگشت کیا ہے اس میں اختلاف ہے کس سے بنا ہے

۳۔مخالف قیاس یہ لفظ قیاس لغوی کے خلاف نہ ہو

۴۔سماعت میں مکروہ نہ ہو طبیعت اس سے متوحش نہ ہو یہ فصاحت کلمہ کی پہلی شرط ہے

فصاحت کلام ،کلام فصیح ہونے کے لئے تین چیزوں سے محفوظ ہونا چاہیے سالم ہونا چاہیے

۱۔ترکیب کلام ناقص نہ ہو یعنی کوئی ضمیر لائے جو اپنے بعد رجوع کرتا ہو جیسا کہ اشعار میں آتا ہے حسان بن ثابت کے شعر میں آیا ہے

۲۔خود لفظ میں تنفر نہ ہو

۳۔لفظ اور معنی میں ربط ہو، جو معنی آپ کرتے ہیں لفظ سے نہ نکلتے ہو جیسے کلمہ اجتہاد جوڑ میں صحیح نہیں ہے معنی نہیں بنتا ہے فصاحت متکلم گفتگو کے لئے متکلم فصیح نہیں ہوتا جب تک وہ لغت پے مسلط نہ رکھتا ہو انداز عرب پے مسلط نہ ہو اب بتائیں یہ تین صفات جامع کس کو حاصل ہیں،،اللہ،،متکلم میں خرابی ہے نعوذ باللہ ،الفاظ میں خرابی ہے،یا ترکیب میں خرابی ہے

تفسیر

تفسیر کسے کہتے ہیں تفسیر لفظ بدلنے کو کہتے ہیں الفاظ میں تبدیلی آتی ہے تأ ویل فعل میں آتی ہے افعال و اعمال میں آتی ہے عمل کا فلسفہ پوچھیں تو کہتے ہیں تأ ویل اور لفظ کا معنی پوچھیں تو کہتے ہیں تفسیر۔لیکن یہ بھی غلط ہے تفسیر بھی حقائق سے متعلق،مادیات سے متعلق ہوتی ہے

تفاسیر لغوی

اس سلسلے میں علامہ ھادی معرفت تفسیر مفسرون جلد۲ص ۵۱۰ پر لکھتے ہیں کلمات غریبہ قرآن کی تفاسیر کے نام سے بہت سی کتابیں لکھی گئی ہیں جو کلمات غریبہ کتاب اللہ میں آئے ہیں چونکہ کلمات غریبہ شان خدا کے منافی ہیں تو ان کو خود کلمہ غریبہ کی تفسیر کرنی پڑی،غریب سے مراد وہ الفاظ ہے جو ایک قبیلہ میں معروف ہیں مستعمل ہیں دوسرے قبیلے میں نہیں ہیں پھر جو ان سے مراد ہے اس کے لئے مثال دیتے ہیں مثلاً کلمہ،،ودق،،کلمہ جرحمی ہے کلمہ،،منات،،یہ لغت حضرموت ہے،، آسن،،بمعنی خراب،گندگی یہ لغت لمیم ہے،،سعر،، یہ کلمہ عمان ہے،،بست،،بمعنی تغطت فاشدہ ہونا ٹکڑا ہونا یہ لغت کندہ ہے اس طرح سے قرآن میں جو کلمات آئے ہیں وہ بہت غریب ہیں

ان کا کہنا ہے یہ غریب گوارا ہے جائز ہے اب قرآن میں استعمال ہونے کے بعد مأ لوف ہوا ہے اب یہ کلمات رقیق نہیں ہیں منفور نہیں ہیں اسی سلسلے میں لکھنے والے یہ لوگ تھے

۱۔محمد بن سائب کلبی کوفی متوفی ۱۲۶ھ

۲۔ابوفید معرج بن عمر نحوی سدوسی بصری متوفی ۱۷۴ھ

۳۔ابوالحسن نذر بن شمیل مادنی متوفی ۲۰۳ھ بہترین کتاب معانی کے لئے لکھنے والے ابومحمد عبداللہ بن مسلم بن قتیبہ دینوری مروزی متوفی ۲۷۶ آخری کتاب حسین بن محمد معروف بہ راغب اصفہانی متوفی ۵۰۲ھ

ضرورت تفسیر قرآن کے علل واسباب:

یہ علل واسباب جو مفسرین نے تفسیر کے بارے میں علوم قرآن کے نام سے تفاسیر کے مقدمے میں جداگانہ علوم قرآن کے نام سے بیان کیے ہیں ان کو ایک حوالے سے دو حصوں میں تقسیم کیا ہے ایک کی برگشت خود قرآن کریم ہے قرآن کریم میں کلمات غریبہ ہیں یعنی بعید الفھم کلمات مستعرب ہیں یعنی غیر عربی کلمات مشترک المعانی ہے۔

تبین قرآن بلاغت قرآن

دنیا میں رائج تشریح توضیح پہلے مرحلہ میں کلام کی لغت سے کیا جاتی ہے جس زبان میں یہ کلام ہوتا ہے اگر اس کے بعد کوئی کمی خلاء یا تعیّن مصادیق کی ضرورت پڑے تو اس کے گرد وپیش قرائن وشواھد سیاق وسباق سے پُر کرتے ہیں قرآن زبان عرب میں نازل ہوا ہے عربی ایک وسیع وعریض زبان ہے کوئی کلام مبہم مجمل یا غیر مانوس نظر آئے تو اس کو عربی لغت میں دیکھا جائے گا لغت نویسیوں نے اس کلمے کی کیا تشریح وتوضیح دی ہے لغت میں بھی جدید وقدیم ہے لہٰذا قرآن کہ جس کے نزول کی پندرھویں صدی چل رہی ہے لہٰذا کسی بھی کلمہ قرآن کا توضیح وتشریح یا تفسیر منجد، غیاث اللغت سے نہیں کی جائے گی قرآنی کلمات کی تشریح سب سے قدیم لغات سے کریں گے، کلمات قرآن کے معنی لغوی تلاش کرنے کی خصوصی لغات ہیں جیسے مفرادات راغب اصفہانی عمدہ الحفاظ وغیرہ جو کلمات قرآن کے معانی کیلئے مخصوص ہیں ۔جب توضیح لغات سے کریں گے تو لغات کا بھی حوالہ دیکھنا ضروری ہے جس طرح روایت میں حوالہ ضروری ہے لغت نویسوں میں سے ایک قرطب نامی شخص ہے یہ سیبویہ کے شاگرد تھے اس نے کتاب جمہرۃ العرب لکھی ہے وہ فاسدہ العقیدہ علماء ان کی لغت پر اعتماد نہیں کرتے تھے۔فلان نے اس کلمے کا معنی یہ کیا ہے اس کا حوالہ ان کتابوں میں موجود ہے مثلاً سب سے بڑی اور رائج کتب لغت لسان العرب تاج العروس صحاح مفردات راغب ہیں ان کتابوں میں کلمات کے معانی جن لغویوں سے نقل ہیں جس طرح کتاب کے لئے مصادر ہوتے ہیں مصادر لغوی بھی ہیں مشہورترین لغویین میں ابوعبیدہ مبرد فرہ زجاج قطرب شریف رضی راغب اصفہانی کا نام آتا ہے۔

محکم ومتشابہ

محکم ومتشابہ کے لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کرنے کے بعد یہ سوال پیش آتا ہے آیا قرآن میں آیات متشابہ ہیں یا نہیں اس

میں جائے شک وتر دید کی گنجائش نہیں کہتے ہیں سورہ آل عمران آیت ۔۷﴿ منہ آیات محکمٰت ھنّ امّ الکتاب واُخر متشبٰھت ﴾اس آیت سے پتہ چلتا ہے کہ آیات متشابہ بہت کم ہیں بعض نے کہا ہے قرآن میں آیات متشابہ ہیں ہی نہیں کیونکہ یہ آیات لوگوں کی ھدایت کے لئے آئی ہیں اور یہ لوگوں کے لئے بیان ہے سورہ آل عمران آیت ۔۷سورہ ھود آیت ۔۲

اس کے بالمقابل میں آیات متشابہ نہیں بعض نے کہا ہے کل قرآن آیات متشابہ ہیں تفسیر معصوم کے بغیر نہیں سمجھ سکتے ہیں یہاں سے ظاہری حجت بھی گرگئی ہے وہاں سے انھوں نے سورہ زمر آیت ۔۲۳اور یہ روایت انمایعرف القرآن من اوتی بہ

قرآن وہی سمجھ سکتے ہیں جن سے خطاب ہے اس کے علاوہ قرآن میں آیا ہے تم کیوں تعقل نہیں کرتے اگر فتنے تمہیں گھیر لیں تو قرآن کو اُٹھائیں قرآن نے کہا ہے چند آیتیں متشابہ ہیں تو یہ چند آیت ہی کیوں جب کل قرآن ھدایت ہے تو متشابہ کیوں؟ چند آیات بھی متشابہ نہیں ہونی چاہئیں کیونکہ قرآن کے معاندین منافقین مشرکین لاتعداد دشمنان ہیں مخالفین ہیں انہی آیات تشابہ کی وجہ سے لوگ گمراہ ہوئے ہیں جتنے فرقے وجود میں آئے ہیں انہی آیات تشابہ کی وجہ سے آئے ہیں دنیا میں دو گروہ ہوتے ہیں ایک فرقے جو پہلے بنے پھر آیات سے تمسک کیا قرآن میں جو کلمات موجود ہیں وہ کلمات میں متشابہ نہیں ہیں کلام کی ترکیب میں تشابہ ہے کبھی کہتے ہیں جیسے ایک قبیلے کے الفاظ دوسرے قبیلے کے لئے استعمال ہوں ۔غیر عربی کلمہ متشابہ نہیں ہے عرب پوری کمر بستہ تھے کہ قرآن کو ہر صورت میں رد کرنا ہے اگر یہ کلمات متشابہ ہوتے تو مشرکین کہتے کہ یہ ہماری سمجھ میں نہیں آتے ہیں تو یہ تشابہ دور نزول قرآن میں نہیں آیا بلکہ بعد از بروز ظہور مذھب فاسدہ آیا مثلاً مذھب جبریّہ ،اشعریّہ ،معتزلہ آنے کے بعد تشابہ ہوگیا ہے جیسے جاء ربک میں نہ جاء میں تشابہ ہے نہ ربک میں تشابہ ہے بلکہ جاء کو ربک کے ساتھ ربط کرنے سے ہوا ہے اللہ کیسے آئے گا۔تشابہ کے لئے استعمال ہونے والا دوسرا کلمہ تأویل ہے تأویل مادہ،،اول،، سے ہے

محکم ومتشابہ:

قرآن کریم کلام خالق انسان وکائنات ہے وہ مخاطبین کی قدرت واستطاعت فہم وخطاب سے واقف ہے اس مخلوق کو تکلیف مالایطاق کرنے سے نفی کیا ہے اس نے اپنے کلام میں مخاطب عام انسانوں کو کیا نبی کریم واسطہ تلقی کلام ہیں یہ کلام عربی زبان میں نازل کیا ہے سمجھنے والوں کو عربی زبان سیکھانا چاہیے۔سورہ آلعمران میں قرآن کی اکثر آیات کو محکم قرار دیا ہے آیات متشابہ کی تعداد بہت کم بتائی ہے۔

جہاں محکمات کو ''ام الکتاب'' مرجع ومرکز کتاب قرار دیا ہے ساتھ ہی قرآن کی بنیاد کو واضح اور روشن کہا ہے اس کی مزید توضیح بہت سی آیتوں میں بیان کی ہے۔ دوسری طرف آیات متشابہات کو ثانوی، فرعی اور بہت کم ہونے کی طرف اشارہ کیا ہے بعض آیات متشابہ ہیں لفظ 'اخر' یہ معنی دیتا ہے متشابہات بہت کم ہیں آیات کلی طور پر کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ یہ قرآن کریم کی وضاحت کے بارے میں جو حکمت دلائل ہیں اس کے تحت متشابہات کم نہیں ہونی چاہییں۔ کیوں اللہ نے کل قرآن کو محکم نہیں بنایا ہے بعض آیات متشابہات کیوں رکھی ہیں اس بارے میں قرآن کریم سے لگاؤ رکھنے والوں کا کہنا ہے بعض حقائق دین، کسی بھی صورت میں ہر حوالے سے واضح ہونا ناممکن ہیں کیونکہ دین اسلام میں الوہیت اور آخرت، دو ایسی چیزیں ہیں جس کی وضاحت آخری حد تک ناممکن ہے قرآن کریم میں آخرت کے متعلق سات سو سے زائد آیات ہیں اس کے بعد بھی انسان کو اطمینان نہ ہو تو وہ منافق نہیں جاحد ومتکبر ہوگا انکار کرنے والا ہوگا اور اس کے بہت سے فلسفے سزا وجزا کا تصور بھی ختم ہوگا لہذا اکثر وبیشتر فرقوں کے بانی نے آخرت کو متشابہات میں قرار دیکر راہ فرار کو اپنایا ہے اللہ جو ہر قسم کی مادیات سے بننے یا مادیات کی طرف گرائش وجھکاؤ ہونے سے پاک ذات ہے وہ انسان جو حقائق کو حواس خمسہ سے درک کرنے والا ہے وہ حواس خمسہ سے باہر کسی کو کیسے درک کرے گا لہذا توحید کے بارے میں جتنی آیات ہیں وہ آیات محکمات ہیں منافقین نے آیات محکمات کو چھوڑ کر متشابہات سے متمسک کیا ہے لہذا الوہیت کے بارے میں آخرت کے بارے میں ایک قسم کا تشابہ ناگزیر ہے یہاں دلائل پر اکتفاء کرکے ایمان لانا ہی مفہوم حقیقی ہے عبودیت ہے یوں کہہ سکتے ہیں ایمانیات میں قرآن میں کوئی آیت متشابہ نہیں ہے جو شک آور ہو۔ اس بیان کے بعد ہم دیگر آیات کی طرف آتے ہیں آیات متشابہات جمع کرنے والوں نے ایک لمبی فہرست پیش کی ہے کہ یہ آیات متشابہات ہیں بعض نے ان آیات متشابہات کی وضاحت کی ہے بعض نے آیات متشابہ کے اصول وضع کیے ہیں انہوں نے اصول اس طرح وضع کیے ہیں کہ کلام تین کلمات سے مرکب ہوتا ہے یا تین کلمات سے بنتا ہے ۱۔فعل ۲۔اسم ۳۔حرف

فعل واسم کے معنی واضح ہوتے ہیں مستقل ہوتے ہیں جبکہ حرف کے معنی مستقل نہیں ہوتے وہ اپنے متعلق، کسی تعلق کو دیکھ کر اس کے معنی بنتے ہیں یہ ہر زبان میں ہوتا ہے لیکن عربی زبان میں اس میں توسیع ہے اور زیادہ واضح ہے جن لوگوں کا کہنا ہے قرآن کریم میں آیات بذات خود متشابہ نہیں ہوتی ہیں لیکن ایک آیت کو اس جیسی آیت میں دیتا ہے تو اس میں فرق نظر آتا ہے مختلف نظر آتا ہے ایک آیت میں اسم استعمال ہوا ہے جبکہ دوسری آیت میں فعل استعمال ہوا ہے اسم وفعل کی خصوصیت بالکل مختلف ہوتی ہے جہاں اسم استعمال ہوا ہے وہاں یہ مفہوم دیتا ہے کہ یہ چیز پہلے ثابت تھی اور ثابت رہے گی دوام پذیر اور ثبوت پذیر ہوتے ہیں جبکہ فعل کے معنی حدوث اور تجدد ہوتے ہیں اسم اور فعل کی خصوصیت کو نہ دیکھنے

والوں کو یہاں تشابہ نظر آتا ہے ذیل میں ہم اس جیسی آیات کو پیش کرتے ہیں۔

تأویل

تأویل باطنہ کو کہتے ہیں ہر ظاہر کی ایک تأویل ہوتی ہے تأویل سے مراد کلمہ سے اجنبی غیر مربوط غیر مأنوس مراد اخذ کرنا ہے آیئے دیکھتے ہیں کہ کلمہ تأویل، خود تأویل کے معنی کیا ہیں؟ کسے کہتے ہیں؟ صاحب عمدۃ الحفاظ لکھتے ہیں الف، واو، لام،، الاول،، اول کا معنی ہے آخر کا نقیض یعنی آخر نہیں اول ہے یہ اسم تفضیل ہے اول صیغہ کے حوالے سے اسم تفضیل ہے جس کے معنی،، اسبق،، ہے یعنی پہلا سابق اول کو اول کیوں کہتے ہیں آخر ان سے مربوط ہے اول کے تصور کے بغیر آخر نہیں آتا دونوں کے درمیان تضائف ہے کسی چیز کے اول ہونے کے لئے چند وجوہات ہیں

۱۔زمان ابوبکر اول ہے کس چیز میں پیغمبر کے بعد خلیفہ بننے میں۔

۲۔ریاست میں یہ پہلے ہیں جیسے بادشاہ پہلے ہے اس کے بعد وزیر ہوتا ہے ان دونوں میں تضائف نہیں ہے لیکن وزیر کا تصور نہیں ہوتا جب تک بادشاہ نہ ہو

۳۔وضع کہتے ہیں دمشق پہلے ہے یعنی شہر بننے میں، بغداد پہلے بنے ہیں یا دمشق بنے ہیں؟ تو ایک شہر کے لئے، اگر دنیا بھر کے لئے ایک کہیں تو مکہ ہے

۴صنعت تعمیرات میں پہلے بنیاد ہوتی ہے اس کے اُوپر عمارت کھڑی ہوتی ہے

۵۔اللہ پہلا ہے یعنی ساری موجودات میں اللہ اول ہے لیکن وہ غیر کی طرف محتاج نہیں تضائف نہیں اللہ کی اولیت دوسروں کی اولیت سے خود بخود مستغنی ہے

﴿وَأنا اوّلُ المؤمنین﴾ سورہ اعراف آیت ۱۴۳ ﴿اوّلُ المسلمین﴾ سورہ انعام آیت ۱۶۳ اسلام اور ایمان میں۔کفر میں ﴿ولا تکونوا اوّل کافر بہ﴾ سورہ البقرہ آیت ۴۱ اول ظرف ہوتا ہے اگر آپ اس پر کوئی چیز تعمیر کرنا چاہیں جتنک اُول یعنی اول اوقات اول سے جمع بنتے ہیں اُوَل، اوائل، اَوَّلین اول کا معنی کیا ہے والاول: الرجوع الی الاصل ، رجوع باصل ہے ۔تأویل اسی اول سے باب تفعیل بنی ہے مادہ باب،، اول،، ہے کسی چیز کو اس کی اول غرض وغایت پہلے مقصد کے بتانے کو تأویل کہتے ہیں تو یہاں سے فعل کا مقصد بتاتے ہیں اس کو تأویل کہتے ہیں لفظ میں نہیں ہوتا ہے رد الشیء الی الغایۃ المراد فیہ، غایت علمی یا عملی مقصود ہوتی ہے چنانچہ غایت علمی کے متعلق فرمایا ﴿وما یعلم تأویلہ الاّ اللہ﴾ سورہ آل عمران آیت: ۷ اور غایت عملی کے متعلق قرآن میں آیا ہے ﴿ھل ینظرون الاّ تأویلہٗ یوم یأتی تأویلہٗ﴾ سورہ الاعراف آیت: ۵۳ اب وہ صرف اس کی تأویل یعنی وعدہ عذاب کے انجام کار کا انتظار کررہے ہیں جس دن اس وعدہ

عذاب کے نتائج سامنے آجائیں گے قیامت کب آئے گی؟ یہ تو اللہ جانتا ہے اگر تمہیں پتہ چلانے کے لئے انجام دیں تو تمہیں پتہ نہیں چلے گا ﴿واحسن تأ ویلا﴾ سورہ النساء آیت: ۵۹ اسی سے المؤیل: المرجع، اس کام کا انجام یہ ہوگا آل یؤ ولُ سے اسی سے آل رجل بنی ہے۔

جناب فاضل ارشد حوزہ میں نے عرض کیا یہاں سے بفرض محال فارغ ہونیوالے فضلاء اپنے معاشرے میں چھٹ انگلی جانا جاتا ہے اس کی دلیل فضلا یہاں چھوڑنے کے لئے تیار نہیں جس طرح مرنے کے لئے تیار نہیں دونوں کے لئے ایک ہی مثال دی جاتی ہے اس کی سبب علت جانا چاہیے والوں کا کہنا ہے ہمارے پاس اس حوزے کا دو تصور ہے:

۱۔ یہ درستگاہ دینی ملت تشیع ہے یہاں حاصل محاصل کو رسالت حوزہ کی طرح لے کر پہنچاتے ہیں اگر اس امات مسائی میں خوتا ہی ہے تو یا افاضل ہے یا حوزہ ہے۔

۲۔ مقرر مرجع جہاں تشیع یہاں سے ہوتی ہے عزب ونصب وکلاء ومبلغین مرشدین ان کی ہدایت ورہنمائی سے ہوئی ہے اب پہلا نا گفتہ حالت کی تشخیص کا نوبت آئی ہے یہاں سے فارغ ہونے والا کیوں چھٹی انگلی ہے یہاں تین مفروضہ ہے۔ یہاں چھوڑنے اپنے ملکوں علاقوں میں جانے کیلئے آمادہ تیار نہیں ہوتی ہے گویا یہ حضرات یہاں پڑھنے کے لئے نہیں آئی ہے یہاں جلاوطنی زندگی گزارنے کیلئے آئی ہے جب تک پابندی ختم نہیں ۃ وگی وہ یہاں چھوڑ نہیں سکتی ہے اگر با لفرض یہاں چھوڑ کر بھی جائیں تو علاقے میں چھٹ انگلی بنتی ہے ایسا کیوں ہوتا ہے۔

۱۔ مرجع ہے

۲۔ درستگاہ

۳۔ فاضل ارشد

اب ان تینوں میں کس کو انتخاب کریں گے مجھے جواب دیں۔

علماء نحوی میں سے ایک:

عبدالرحمٰن بن رمزالاعرج کتاب تاریخ نحو عربی ص ۵۲ پر آیا ہے لیکن بعد میں لکھتے ہیں امام مالک چند سال ان سے کچھ سیکھتے رہے لیکن معلوم نہیں ہوا انہوں نے ان سے کیا سیکھا امام مالک نے اس کا اظہار نہیں کیا امام مالک کا استاد ہوا اور وہ مجہول الحال ہو۔

ابوالاسود دوئلی جو کہ ۴۰ھ سے پہلے کے تھے اگر حضرت علی سے سیکھا وہ غیر عربوں کی اختلاط سے عربی زبان میں خلل آرہا

ہے تھے اسی وجہ سے وضع اصول وقواعد کی ضرروت پیش آئی ہے اگر ایسا ہے تو حکومت وقت کو اٹھانا چاہیے کیونکہ یہ زبان حکومت وقت کی کل حیثیت رگ حیات سے امر مربوط ہے لیکن حکومت نے اس پر کسی بھی وقت توجہ دیا ہو اس کا ذکر کہیں نہیں ملتا ہے نحوی کو ابوالاسود نے ۴۰ سے پہلے اٹھایا اس کے بعد ان کے بعد کس نے اٹھایا ہے اس کا ذکر نہیں ملتا ہے علم نحو ایک مربوط منظّم علم کی حیثیت سے سیبویہ نے اٹھایا ہے وہ دوسو کے قریب دور ہاروں الرشید تھا لوگوں نے تازہ تازہ اس علم کی بات سن کر تعجب کرنے لگے یا یہاں سے معلوم بلکہ واضح ہو جاتا ہے علم نحو علم کلام علم اصول فقہ علم فقہ سب جوڑ واں علم ہے جسے معتزلہ نے ترتیب سے اسلام کے خلاف اختراع کیا ہے۔

شاہ نے سزائے موت سنائی تھی انقلاب اسلامی برپا ہونے کے بعد ایران آیا ایران آنے کے بعد جہاں نماز جمعہ نہیں ہوتے اگر ہوتے کہیں چند محدود افراد ہوتے تہران یونیورسٹی میں جمعہ قائم کیا پھر ان کو وہاں سے بھگایا پھر مشہد میں کسی باغ جمعہ قائم کیا وہاں سے بھگایا پھر مسجد جمکران میں جمعہ قائم کیا بھگایا قم میں تفسیر قرآن دیتے وقت اس وقت کے وحدت المسلمین کے سربراہ جناب راجہ ناصر صاحب اپنے جیالے کے ساتھ ڈنڈا لے کر وہاں جا کر انک وہاں سے بھاگایا آخر میں گھر میں محصورانہ مظلومانہ زندگی گزار کر جوار رب میں چلے گئے پھر حقیر کو ان کے درس قرآن میں شرکت کی وجہ سے مبتکر خرافات جناب افتخار نقوی پاکستان میں خرافات کے نشرو اشاعت سمعی وبصری نظری سمعی کی کاروبار درستگاہ کھولنے والے نے صفدر ڈوگر سے استعانت طلب کی میری عقائد ونظریات کی رد میں مضامین لکھیں ان کی تحقیق میرے بارے میں مفسر قرآن آقائے صادقی تک پہنچا یا چونکہ ان کے نظر میں قرآن والے گمراہ تھے کیوں قرآن کو عمر نے اٹھایا تھا وہ گمراہ ہے لہذا ان کے شاگرد بھی گمراہ ہوگا بے نمازیوں نے نمازیوں پر جرمانہ لگایا افتخار کے کہنے پر میرے خلاف صحیفہ حقائق کے نام سے کتاب نشر کی جس میں اس نے لکھا ہے ہمیں شرف الدین کے بارے میں نصف تک رسائی ہوئی ہے۔

شرف الدین کے بدنامی کا دوسرا سند نہج البلاغہ امیر المومنین ہے جب سے سنا نہج البلاغہ خطیب کلمات وکتب امیر المومنین میں کلام مخلوق خالق سے نیچے والا کتاب ہے تو ہم نے اسے اپنی طرف سے درس میں ہم نے نجف میں مرحوم ذیشان حیدر جوادی سے نہج البلاغۃ پڑا بعد میں میں نے خود چندین بار نہج البلاغہ تدریس کی نہج البلاغہ سے متعلق شرح لغت نامہ تمام کتب کو جمع کیا یہ کتاب میری مصادر دوم اسلام اس کتاب میں موجود خطاب وکلمات کے تحت میں سبّ خلفاء کی مخالفت کی جس کی وجہ سے بعض نے خلفاء کے وکیل بعض جماعت اسلامی بعض سعودی کا ایجنٹ قرار دیا ہے۔ یہاں تک ان سے لوگوں سے بھی سننے میں آیا نہج البلاغہ کے نام سے دو کتاب ہے ایک شیعوں کی لکھی ہے ایک سنیوں نے لکھی ہے یہ جو چل رہا ہے وہ شیعوں کی ہے یعنی شریف رضی بھی ان کی نظر میں سنی ہے۔

یہاں سے میں خلفاء ام المومنین کی حق میں جسارت واہانت کے اسباب وعلل کا سلسلہ ابی الخطاب اسدی منذرین جا رودی مرحوب صلیبی مجوسی بنیان گزار اسماعیلی مذہب عراق میں قرامطہ مغرب میں فاطمی بنائی اور عراق معزالدولہ سے ۳۵۱ کوسب خلفاء شروع کیا ان کے بعد غلات مردہ آل بویہ وآل صفوی کو جاتے ہیں جہاں سے معلوم ہو یہاں اصول وفروع اسماعیلی نافذ ہے اسی لئے یہاں کے لوگ پی پی اور خانی کے گرویدہ ہے پی پی اور خانی کے مخالفت سنیوں سے دوستانہ تعلقات برادر راشد تبلیغات ان کو گوارا نہیں ہے۔

یہاں سے استقراء منطقی کے تحت آسان طریقہ سے نتیجہ اخذ کرسکتا ہے ان کا اہل بیت سے تعارف ایک مجھول الحال یا معلوم الحال بچہ کا علاقہ کسی برگزیدہ انتساب جیسا ہے ان کا اہل بیت سے دور کا بھی واسطہ نہیں ان کی سنت وسیرت ضد اہل بیت ہے۔

جو عربوں کے درمیان میں مستعمل نہیں لھذا وہ دیگر اصحاب سے پوچھتے تھے اگر وہ جواب نہ دے سکے تو رسول اللہ سے پوچھتے تھے ان کا یہ جملہ شان قرآن کیخلاف ہے بلکہ علماء فصاحت کے بھی خلاف ہے علماء نے عام فہم کے لئے کلام میں فصاحت شرط لگایا ہے کلام فصیح ہونا چاہئے بلیغ ہونا فصاحت کلام میں انھوں نے لکھا ہے کہ الفاظ تنافر نہ ہو الفاظ کی ترکیب میں ضعف نہ ہو الفاظ ادائیگی میں پیچیدگی نہ ہو قرآن کریم نے خلفائے عرب کو چیلنج کیا ہے فصحائے عرب کلمات غریبہ کو مسترد کرتے تھے نقد وطعن کا نشانہ بناتے تھے اگر قرآن کریم میں کلمات غریبہ ہوتے تو اسی وقت جس وقت اللہ نے تحدی کیا تھا کہ ایک سورۃ لاؤ اس جیسا تو وہ لوگ کہہ سکتے تھے ہم آپ کے قرآن میں کلمات غریبہ ہے قرآن میں کلمات غریبہ کا ہونا قرآن پر ایک نقد ہے طعن ہے دوسرا جمل انھوں نے کہا ہے گر چہ اس زمانے کے عرب فصاحت وبلاغت کے انتہائی اوج عروج پر تھے۔

لیکن قرآن اپنی جگہ اتنا اعلیٰ ارفع معانی کا حاوی تھے ہر شخص کے فھم وادراک سے بالا تھے لحاظ وہ محتاج تفسیر تھے تو یہاں سوال آتا ہے کلام میں ایک شرط بلاغت ہے بلاغت میں یہ کہتا ہے متکلم کو نظر میں رکھ کے خطاب کرے تو گویا اللہ کو پتہ نہیں تھا یا پتہ ہو کے اللہ نے عرب اس وقت کے لوگوں کو نظر میں رکھے بغیر آیات نازل کی ہے لہذا مفسرین قرآن کے نذدیک یہ قرآن فصیح بھی نہیں ہے بلیغ بھی نہیں ہے آیات محکمات مفسرین کی اصولین کی توجیہ کو بنگ دخل ضرس قاطع رد کرتے ہیں قرآن کریم میں کو جن صفات سے یاد کیا ہے وہ مردود ہے کیوں کہ عمران ۷ میں قرآن کو محکمات کہا ہے شکم کا معنی ہر قسم ابھام اجمال کو مسترد کرتے ہیں آیئے دیکھتے ہیں:

۱۔ قرآن کے صفت میں سے ایک صفت بیان ہے فرمایا یہ لوگوں کے لئے ایک بیان ہے سورہ آل عمران آیت ۔۱۲۸ سورہ

قیامت ۔۲۹

۲۔ بینات سورہ عنکبوت ۵۹ سورہ بقرہ ۱۸۵ سورہ یونس آیت ۱۵ سورہ حج آیت ۱۶، ۷۲ سورہ نور آیت ا

بینہ آیت ۔ ۱، ۴ سورہ انعام آیت ۔ ۱۵۷ سورہ اعراف آیت ۔ ۷۲ چندیں کلمہ مبین آیا ہے سورہ مائدہ آیت ۹۲ سورہ حجر ۸۹ سورہ نمل آیت ۳۵، ۸۲، ۱۲ سورہ یٰسین آیت ۱۷ سورہ مائدہ آیت ۱۵ سورہ یوسف آیت ۔ ا سورہ شعراء آیت ۔ ۲ سورہ قصص آیت ۔ ۲ سورہ زخرف آیت ۔ ۲ سورہ دخان آیت ۔ ۲ سورہ انعام آیت ۔ ۵۹ سورہ یونس آیت ۔ ۶۱ سورہ حجر آیت ۔ ا سورہ نمل آیت ۔ ا سورہ یٰسین آیت ۱۲

آیات فصل قرآن نے اپنے آپ کو قول فصل کہا ہے سورہ طارق آیت ۱۳ سورہ ھود آیت ۔ ا سورہ فصلت آیت ۔ ۳، ۴۴ سورہ انعام آیت ۔ ۹۷، ۹۸ سورہ زخرف آیت ۵۲

کلمات یسر سورہ قمر میں چند آیات میں تکرار سے کہا ہے کہ ہم نے قرآن کو ہر کس کے دست رس میں دیا ہے سورہ کھف کی آیت ۔ ا میں اس کو غیر عوج کہا ہے ۔

اس کی وہ مثال ملاحظہ کریں ۔

جیسے اولی الامر سے عصمت آئمہ ثابت کیا ہے لفظ اولی الامر میں سے کلمہ معصوم کہاں نکلا کلمہ ہے اولیٰ سے نکالا ہے اولی الامر فاسق وفاجر کی مصادیق دنیا میں پڑے ہے کسی قسم کی کمی نہیں ہے یہاں یہ کہنا اس وقت دنیا میں کہیں بھی صدر مملکت وزیر اعظم تا آرمی چیف نامی کوئی نہیں جو مصادیق معصوم بنتا ہو صدر اسلام سے لے کر الیٰ یومنا ھذا تک تمام مصادیق کے مظاہر سامنے آئے ہیں عادل ظالم مسلمان کافر دیندار بے دین سب آتا رہا ہے اور نہیں ہے جیسے روس چین ہندستان کے اولی الامر اس فرقہ کے جتنی کتنی بڑی عالم ہی کیوں نہ ہو بغیر کسی تامل تردد کے اولیٰ الامر کے معنی معصوم کریں گے ۔

لہٰذا حل نزاع ودفع اختلاف ان کے تفاسیر سے ممکن نہیں قرآن میں اس آیت کے ذیل میں آیا ہے فان تنازعتم فی شئی فردوالی اللہ والی رسول اس آیت کی تفسیر میں حضرت امیر المومنین حضرت علی نے فرمایا ہے الرد اللہ الرجوع الی القرآن لکتاب الیٰر دالی رسول سے مراد رد سنت سے مراد اثر رسول اخذ سنت رسول اللہ ہے اگر اولیٰ الامر کے معنی مصداق میں اختلاف ہو جائیں ان دونوں کی طرف رجوع کریں زبان پیغمبر میں مکہ میں فتح مکہ کے بعد ان پر والی عتاب بن رسید تھا ۔

اولی الامر کی تفسیر معصوم قرآں کی بغیر تفسیر اہلبیت مانتے نہیں سنت رسول کو بھی نہیں مانتے ہیں آئیے لغت میں دیکھتے ہیں کتب لغت خود مذاہب جیسا ہے ہر آئے دن نئے معنی بتاتے ہیں تو نئی لغات نئی استعمالات بیان کرتے ہیں لذا نزول قرآن کے دور سے قریب لکھی ہوئی لغت کو دیکھنا چاہئے جیسے مفردات راغب لسان العرب تہذیب قاموس وغیرہ۔

۱۱۔ علم رجال آنے اوران کے خودساختہ روایتوں کے راویوں کے چہرے بےنقاب ہونے کے بعد انھوں نے رجال سے بھی کھیلنا شروع کیا لوگوں پے قداست عبادت حافظ قرآن ہونا جیسے القاب چڑانا شروع کیا۔

لغت عرب سیکھنے کی چند مراتب و مدارج ہے:

۱۔ علم الاصوات عرب جیسے قرائت کرنا۔ مکہ مہد حضارت ہوتے ہوئے پہلے مرحلے میں لحن درست کرتے تھے اب قیمتی عباء قباء حجۃ الاسلام والوں کی قرات پر عربوں کو اعتراض ہے یہ بھی حوزات کے ماتھے پر داغ ہے۔

۲۔ علم لغت مادر علوم ہے آپ آیت اللہ آپ نے جس علم کو سیکھانا ہے یا اس میں عبور حاصل کرنا ہے اس کے لئے پہلے مرحلے میں اس لغت کو سیکھتے ہیں علوم اسلام میں قرآن اور سنت آتے ہیں پھر اس سے نکلنے والی شعبہ جات احکام تاریخ عقائد آتا ہے ان کو درست سمجھنے کیلیےء اس لغت کے مصادر اصلہ مشتقات کو دیکھنا پڑھنا ہوتا ہے یہ کلمہ کہاں سے لیا ہے۔

۳۔ لغت اصل مواد کو نکالنے کو کہتے ہیں۔

۴۔ فلسفہ لغت اس کلمہ کی اصل کیا ہے نہیں سیکھائی جاتی ہے۔

انواع تفاسیر میں سے سب سے بہتر اولی تفسیر تفسیر قرآن بہ قرآن کو گردانا گیا ہے اس میں جائے شک و تردید نہیں دنیا کے ہر متکلم ہ مصنف ہر مؤلف ہر خطیب کلام کا توضیح وتشریح خود اس سے بہتر کوئی نہیں کر سکتا ہر وہ اسی اصول مسلمہ کے تحت تفسیر کی اقسام پر لکھنے والوں نے بہترین تفسیر قرآن کا قرآن سے گردانا گیا ہے لیکن ابھی تک کوئی ایسی جامع کتاب تفسیر قرآن بہ قرآن سامنے نہیں آئی ہے انہوں نے آیات محکمات کی تفسیر آیات متشابھات سے آیات متشابھات کی تفسیر روایات مرسلات اور فرقہ کی اعتقادات سے کی ہے؟

یہ ایک سوال ہے کتاب کا عنوان تفسیر قرآن بہ قرآن ملیں گے مگر عند التفسیر وہ قرآن سے زیادہ اپنی منویات نظریات عقائد ترجیحات کو مقدم رکھتے ہیں اس ذریعے میں ایک واضح مثال تفسیر المیزان فی تفسیر القرآن پیش کرتے ہیں لیکن عند التفسیر آیت سے ہٹ کر روایات سے تفسیر کی ہے اور بحث روائی کو ایک خاص مقام دیا گیا ہے اور روایات پیش کرتے وقت روایات پر نقد کا قلم چلانے سے گریز پرہیز کیا ہے منجملہ آیات جو اس فرقے کے بزرگوں نے نص بر امامت میں پیش کی ہیں آیات کا امامت سے دور کا رشتہ نہیں ہے انھوں نے اس سلسلے میں روایات کو لیا ہے اور اس کو متواتر بنا کر ٹھونسا ہے جس

کی وجہ سے جو معنی انھوں نے کیئے ہیں وہ آیت سے اجنبی ہو گئے ہیں اس طرح کتاب اضواء البیان فی ایضاح قرآن بہ قرآن شنقیتی انھوں نے قرآن بالقرآن کہا ہے لیکن اندر سے انھوں نے احادیث اور فقہ سے تفسیر کی ہے۔

آداب تفسیر قرآن کریم:

فہم قرآن کریم کے لئے جو شرائط خود قرآن نے بیان کی ہیں اور جو شرائط آداب باطنین نے وضع کی ہیں وہ ایک دوسرے سے مختلف ہیں اکثر و بیشتر فہم قرآن کے لئے آداب شرائط باطنین نے وضع کی ہے اور وہی آداب کم و بیش ابھی چل رہے ہیں اس کا لب لباب خلاصہ میہ ہے کہ فہم قرآن رکھنے والوں کو سرچشمہ قرآن سے دور کرنے کے لئے ترتیب دی ہیں ذیل میں ہم تدبر در قرآن تا ٔلیف ولی اللہ تقی پور ص ۱۰۵ سے نقل کرتے ہیں صاحب کتاب نے تدبر در قرآن کے لئے جو تمہید بنائی ہے پہلے مرحلے میں اس نے ایک تمہید خصوصی اور ایک تمہید عمومی بیان کی ہے ہر صنف و گروہ اس میدان میں وارد ہونگے ان کے لئے ضروری ہے کہ مندرج ذیل آداب کا خیال رکھیں۔

۱۔آغاز تفسیر سے پہلے مسواک کرے نبی کریم سے روایت نقل کرتے ہیں نظف طریق القرآن، پیغمبر سے پوچھا گیا طریق قرآن کیا ہے؟ فرمایا تمہارا دھان ہے یہ دھان پاک کرو خوشبودار بناؤ پھر اس سلسلے میں مسواک کی فضیلت اور آداب و آثار کو بیان کیا ہے۔

۲۔شرط دوئم طہارت ہے تلاوت قرآن کے لئے جس طرح نماز میں طہارت شرط ہے تلاوت قرآن کے لئے طہارت شرط ہے۔

۳۔قبلہ کی طرف رخ کر کے قرآن پڑھیں۔

۴۔قرآن پڑھنے سے پہلے دعائے شریف تلاوت قرآن پڑھیں۔

ہر وہ شخص جو فرقہ باطنی اور ان کے ارمان و مرام سے واقف ہے وہ جانتا ہے فرقہ باطنی اس فرقے کا نام ہے جو ظاہر میں مسلمانوں کے اجتماع میں گھل مل بیٹھتا ہے اجتماعات میں شرکت کرتا ہے خوشی مسرت دکھ حزن میں شرکت کرتا ہے خود کو ایک مخلص باوفا دردمند دلسوز برادر کے طور پر پیش کرتے ہیں اس چھاؤ اور سیاہ چادر کے نیچے چن چن کے قرآن کی طرف جانے والے پل کو توڑتے ہیں ہر راستے کے موڑ پر سرنگ لگاتے ہیں تاکہ ہمیشہ کے لئے اسلام قرآن سے لاتعلق رہے انھوں نے اللہ کی اصل بندگی سے باز رکھنے کے لئے جعلی عبادات وضع کی ہے جن میں سے نماز خمسہ سے پہلے بعد وضع کردہ اکثر و بیشتر مستحبات نفلیات ہیں جو انسان سے کثیر وقت لیتا ہے اور آخر میں ادائے واجب کے لئے تھکا دیتا ہے گھر والے ان سے تنگ آ کتر طنز کرتا ان کا ہر کام مشکوک ہوتا اس کو سمجھنے کے لئے اصل قرآن تاریخ نزول قرآن مبلغ قرآن

داعی قرآن کو سمجھنا ہوگا۔

آیئے دیکھتے ہیں تفسیر قرآن کے لئے جو آداب انھوں نے وضع کیا ہے وہ صدر اسلام میں اس کی کوئی مثال ملتا ہے ہر اٹھتے بیٹھتے مسواک کا لا تعداد فوائد کہاں سے نکالا ہے نظافت ایمان کی نشانی ہے یہ کہاں سے نکالی ہے گویا ایمان سے پہلے نضافت کرے قرآن پڑھنے سے پہلے طہارت کرے آیا جس وقت پیغمبر نے قرآن لایا اور لوگوں کو قرآن کی طرف دعوت دی تو مشرکین قرآن کو سمجھنے کے لئے طہارت کرتے تھے یہ جو مستشرقین نے مسلمانوں پے حملہ کرنے کے لئے اسلام کو دبانے کے لئے یورپ میں فھم قرآن پر زور لگا وہ قرآن کے لئے طہارت کرتے تھے؟ تلاوت قرآن کو نماز سے جوڑنا قیاس مع الفارق ہے نماز کے لئے طہارت شرط قرآں میں آیا ہے آیت روزہ عبادت طہارت شرط نہیں سعی بین صفا و مروہ عبادت ہے طہارت شرط نہیں ہے۔

تو دوسری عبادت کے لئے شرط کہاں سے نکالی ہے اور نماز کے بعد دوسری عبادت ہے، صحت روزہ کے لئے طہارت شرط ہے؟ حج میں احرام باندھنا ہے احرام ایک عمل حج ہے جس سے عمل حج شروع ہوتا ہے اس کے لئے طہارت ہے سعی بین صفا والمروہ رکن حج وعمرہ ہے طہارت شرط نہیں ہے وقوف درعرفات رکن اصیل حج ہے وقوف میں طہارت شرط نہیں ہے کسی عبادت میں طہارت شرط ہونے سے دیگر عبادت میں شرط نہیں بنتا اگر شرط ہوتے تو اللہ جو ہے بھولا نہیں ہے وہاں بھی ذکر کرتے فھم قرآن کے لئے دو ہی شرط ہے۔

۱۔ توجہ کے ساتھ سماعت قرآن ہے ارادے کے ساتھ تلاوت ہے

۲۔ کلمات قرآن میں تعقل تفکر تدبر ہے اور اس کا وسیلہ فھم کلمات مستعمل در قرآن کے لغوی معنی سمجھنا ہے۔

منتظر بن سخاوت:

سخاوت صاحب اس جماعت وگروہ سے تعلق رکھتے ہیں جو میرے گھر کو اپنا خانہ یا کاروان سرا پا عربوں کے راستے میں مسافرین کیلئے بنائے گئے مہمان جیسا بنایا ہوا تھا میرے گھر کی ویرانی بربادی کے لئے مقدمات بناتے تھے بعض مجھے میرے بارے میں غلاظت گوئی کرتے تھے بعض نقد وانتقاد کا نشانہ بناتے تھے خاص کر بہت سے علماء سے میرے بارے میں معلومات جمع کرتے تھے الحمد اللہ اللہ نے خود یہ بلا ہم سے رفع کیا تھا

آج ہم سے واسطہ نہیں رہا لیکن سخاوت ایک خاموش طبع انسان تھے اس وقت آپ پیشہ پیش نہیں تھے ان سے ہم نے کوئی بدگوئی نہیں سنی کبھی کبھار ہم سے خیریت معلوم کرتے رہا کبھی کتابیں خریدتے تھے مجھے معلوم نہیں کہ وہ کتابیں بھی پڑھتے

تھے یا نہیں اس نے اپنے دو بچوں کو ہمارے پاس بھیجنے کے لئے بارہا کہا تو میں نے کہا نابالغ بچوں کے سرپرست کے بغیر نہیں رکھتا ہوا گر آپ ساتھ آنا چاہیں تو آ جائیں پھر پچھلے سال پھر آنے کی خواہش کی پھر ہم نے وہی بات کی ابھی رجب کے آخری میں اسنے ہمارے دوست کے ذریعے پیغام بھیجا کہ میرے بیٹے منتظر کو چند دن کیلئے بھیج رہا ہوں اس کو قرآن کے بارے میں کچھ سکھائیں ہم نے کثرت وتکرار رد سے شرمندہ ہو کر موافقت کی وہ اٹھائیس رجب ۱۴۳۹ھ کو اپنے پھوپی زاد بھائی کے ساتھ جس کے آنکھوں میں میرے لئے غم وغصہ بھرا ہوا تھا وہ پاکستان کے ایک جید بڑے عالم دین کے فریفتہ وشیعہ ہے ان کی حمایت ووفاداری کی خاطر ہم سے دشمنی کرتے تھے وہ منتظر کو لے کے آئے پہنچنے کے بعد فورا میرے نظریات کو اگولانے اوو ریکارڈ کرنے کے لئے دو موبائل فون رکھتے تھے ادھر سے ادھر سے پوچھتے تھے ہم موبائل سے اس لئے ڈرتے تھے چونکہ ہماری عقائد ونظریات ساٹھ ستر کتابوں کے قریب میں آ چکے ہیں ملک میں میری نظریات پھیل چکی ہے بلکہ ملک سے باہر بھی پھیل چکی ہے انھیں وجوہات کی بناپر اندرون خانہ محصور کیا ہے انھوں نے ہماری اولاد کو ہم سے دور کیا ہے میری کتابوں کو بندش کیا ہے میں انکار یا توڑ موڑ تو نہیں کر سکتا ہوں میں یہ نہیں کہہ سکتا تھا کہ میرے بیان کو غلط سلط پیش کیا ہے یا میری مراد نہیں تھا میں نہیں کہہ سکتا تھا خلفاء کے خلاف بدزبانی نہیں کر سکتے تھے لیکن جب ادھر ادھر سے چھلانگ مار کر کرتے تھے۔

دلائل سننے کی صلاحیت لیاقت قدرت نہیں رکھتے تھے جب ان کے عقیدہ بوندھا روئی ہو جاتے تو غصہ برداشت کر کے سعا بیون جیسا مسکراہت کرتے تھے میں اسلئے ڈرتا تھا وہ کاٹ کوٹ کر کے دلائل کو حذف کر کے ایک دو جملے کاٹ کے سر خی بنا کر غلات کیسانی اسماعیلیوں کے لئے موبائل پہ دیدیں اور برملا سبّ وشتم کرے تو میرے سے دفاع کرنے والا کوئی نہیں پہلے سے محصور کے خلاف ایک شور شرابہ کریں گے تو اس وقت میرا کیا حشر ہوگا یہ تمام خوف وہراس ہوتے ہوئے ہم نے ان سے کہا یہ جو نص کی بات آپ کرتے ہیں وہ آیات متشابھات سے استناد ہے آیات متشابھات سے استناد سنت منافقین رہی ہے وہ جانتے تھے کہا کہ میں امام مہدی کے تصور کے خلاف کتاب لکھ چکا ہوں ریکارڈ میں ان کے پھوپی زاد بھائی نے اپنا نام عاشق بتایا۔

امام مہدی کے بارے میں کچھ بتائیں میں نے کہا نہ مہدی ہے نہ مہدویت یہ مفاد پرستوں کی شعار ہے قبلہ آغا جواد اس کا چکر چلا رہے ہیں ان کی برائی خرابی تنہا دعوائے نص دعوائے مہدی یا ے مہدویت تنہا نہیں بلکہ تاریخ کے فاسد ترین انسانوں کو وہ اپنے ہیرو وقائد سمجھتا ہے مثلا مختار اپنے دور میں فاسد ترین انسان تھے وہ اور حجاج بن یوسف دونوں ثقفی خاندان سے تعلق رکھتے تھے مختار کل قتل عام میں حجاج کے ساتھی۔ جرم وجنایت میں دونوں بھائی ہیں جس نے امام حسین

کی نمائندے کو اپنے گھر میں مہمانی بنایا جب دیکھا کوفہ امام حسین کے حق میں جا رہا ہے جب عبید اللہ بن زیادہ کوفہ میں آنے کی خبر سنی تو گھر کے مہمان کو گھر سے نکالا خود چھپنے کے لئے دیہات میں گئے جب عبید اللہ زیاد نے مخالفین کے لئے امان خانہ خیمہ نصب کیا ہے تو مختار اس خیمہ میں آگے بیٹھے اس غدار ضرار عبید اللہ کی پناہ میں آنے والے کیلئے خیمے میں پناہ کے لئے برخوردار کہنے لگے کہ وہ امام حسین کے لئے انصار بنانے گئے تھے یہ اپنے آپ کو اثنا عشری کہتے تھے اثنا عشری نقاب قرمطیان اثنا عشری از روی عقائد اسماعیلی تصوراتی اور وجودی دونوں میں نام عقول مفقود فرقہ ہے۔

۲۔ علی اس منصب کے قانونی حقدار ہیں علی کے ہوتے ہوئے کسی اور کو اس منصب پر رہنے کا حق نہیں پہنچتا ہے یہ منطق روم وفارس میں چلتی ہے وہاں اس کو پزیرائی حاصل ہے کیونکہ وہاں رائج نظام، نظام خاندانی ہے۔لیکن جو نظام حضرت محمدؐ لائے ہیں آپ نے پہلے دن سے ہی کہ اس مقام پر آپ کے بعد کون ہوگا ہمیں دیں گے تو آپ نے اس کو مسترد کیا چنانچہ حجۃ الوداع کے موقع پر آپ نے فرمایا کہ یہاں جو نظام عصبیت چلتا تھا اس کو ہم نے دفنایا ہے اور پھر زندہ نہیں ہونے دیں گے اب یہاں نظام الٰہی ہے۔لہٰذا دھرنا دینے والوں کے لیے اگر یہ قصہ درس ہے تو وہ اس قانون سے تمسک کرتے۔اس منصب کا سب سے زیادہ حق دار علی ہے اس کو آیات قرآنی، سنت وسیرت فرمان رسول اللہؐ سے استناد کرتے لیکن وہاں بیٹھنے والی شخصیات نہ خاندان سے سے وابستی شخصیات تھیں حتیٰ خود حضرت علی نے اس حوالہ سے اپنا استحقاق پیش نہیں کیا۔استحقاق نص جو ہے دوسری تیسری صدی سے جب سے شان نزول بنانے کا سلسلہ شروع کیا اس وقت سے شروع ہوا اس سے پہلے بنی ہاشم صرف استحقاق کو اٹھاتے تھے یہاں سے واضح ہوجاتا ہے سقیفہ مخالف کی شور شرابہ چوتھی صدی کے مفروضہ مجہول الحال النسب۔سلیم بن قیس بطل وقہرمان سقیفہ کے مفروضے سے رونق لیا ان کے بارے میں ہم آگے بتائیں گے

موضوعات قرآن کریم کے بارے میں مختصر وضاحت کرتے گزرنا متحیر ومدافع قرآن اسلام ومسلمین کے ایک گران قدر سرمایہ علمی جناب علامہ عبداللہ دراز۔۔۔۔۔کے شہر لاہور میں منعقدہ سیمینار میں ممتاز عالم دین نے اس سیمینار ۔۔۔۔۔کے لئے جو عنوان انتخاب کیا تھا وہ یہ تھا موقف اسلام من الادیان الزھر کے۔۔۔۔۔اس خطاب کے فوراً بعد یہاں اسلام سے دفاع کرتے ہوئے ان کی روح اطہر خالق متعالیٰ سے جا ملی آپ نے سورہ مبارکہ کی ایک شرح لکھی ہے شرح کلمات کے علاوہ اس کے سورت کے محتوی مضامین کی شرح کرتے ہوئے لکھا یہ سورہ استدلال قرآن ہے جو

کچھ قرآن میں ہے یہ اس کا خلاصہ ہے کل قرآن کے موضوعات کو ایک موضوع لائیں تو یہ بنتا ہے معرفۃ الحق ومعرفۃ الخیر تقدیس الحق والتزام بالخیر اما معرفۃ الحق تو وہ سبحانہ الحمد رب العالمین الرحمٰن و مالک یوم الدین وہی صاحب اللہ تعالیٰ افراسیی کی طرف برگشت ہے قرآن میں موضوعات ہیں ہر ایک سورہ اپنی جگہ ایک موضوع کامل ہے بعض موضوعات سے متعلق آیات پراگندہ منتشر ہیں یہاں تمام موضوعات بلکہ اکثر پر احاطہ کرنا ممکن ہے۔

یہ عرب کے بھی خلاف ہے اس کے دلائل آگے بیان کریں گے لیکن انہوں اپنے خائنانہ سازش کے لئے کیونکہ تمام زبانوں سے زبان عرب قدرت بیان میں معروف ومشہور ہے قرآن کریم نے بیان مطلب میں یہ قضاۃ عرب کو تحدی کیا ہے اگر قرآن کا بیان وہ اصل مقصود وہدف نزول میں نقص بیان ہونا قرآن کی اہانت وجسارت ہے اس کے علاوہ قرآن نے بیانگ دھل تکرار سے اعلان کیا ہے کہ اس کے بیان میں ابہام واجمال نہیں اس کی آیات محکمات ہیں اما اینکہ قرآن اور سنت میں تمام احکام نہیں ہیں اس بارے میں دیکھتے ہیں۔

وھابیہ

کتاب فرق اھل سنت صالح مردانی ص ۱۶۹ فرقہ وھابی بارھویں صدی کے دوسرے نصف میں جزیرہ عربی میں عبد الوھاب کے ذریعے وجود میں آئے ان کے رخ اف جزیرہ عرب میں حکمران فقھاء اشرف سب نے مقاومت مزحمت کی لیکن ابن سعود نے عبدالوھاب کے ساتھ دینے پر ان کی دعوت کو فروغ ملی جو ابن تیمہ کو نہیں ملی افکار ابن وھاب ان نکات میں خلاصہ ہوتی ہے

ا۔قبور مزار پنجرہ زیارات اور توسل کے خلاف ہے اسی طرح ان سے مربوط احتلافات اجتماعات کا بھی مخالف کیا اسی طرح بیان کے ان ضریحوں کے لئے مزارات زبائح سے بھی منع کیا۔

رواۃ میں آیا ہے وہ سنہ ۲۷ھ کو پیدا ہوئے سنہ ۱۱۴ میں وفات پائے علمائے رجال نے ان کی توثیقات کی ہے

۲۔طاؤس کتاب تھذیب التھذیب جلد ۵ ص ۸ پر سنہ ۱۰۶ یا ۱۰۰ کے درمیان وفات پائے ہیں علماء نے اس کی توثیق کی ہے لیکن ان کے قرائت کے بارے میں کچھ نہیں ہے

۳۔مجاھد کتاب تھذیب التھذیب جلد ۱۰ ص ۴۱ مجاھد کے نام سے تین ہیں اور تینوں کی توثیق ہوئی ہے

۴۔عکرمہ کتاب تھذیب التھذیب جلد ۷ ص میں عکرمہ کے نام سے ۱۱ ہیں لھذا مجھول ہے کہ وہ کونسے عکرمہ ہے بعض عکرمہ ضعیف ہے متروک ہے علاوہ ازیں قرائت سے ان کا کوئی تعلق نہیں

۴۔علقمہ کتاب تہذیب التہذیب جلد ۷ ص ۲۴۷،۲۴۶ میں علقمہ کے نام سے کوفی والے دو ہیں

۵۔اسود کتاب تہذیب التہذیب جلد ۱ ص ۲۹۸،۲۹۹ اسود کوفی کے نام سے دو ہیں

۶۔مسروق کتاب تہذیب التہذیب جلد ۱۰ ص ۱۰۰،۱۰۲ اس کتاب میں کوفی والے مسروق دو ہیں

عبید کتاب تہذیب التہذیب جلد ۷ ص ۷۷،۸۷ میں کوفے والے عبید کے نام سے ۴ ہیں معلوم نہیں کون سے عبید ہے

عمرو ابن شرجیل کتاب تہذیب التہذیب جلد ۷ ص ۱۴۲ اس کے بارے میں بھی قرائت سے متعلق کوئی بات نہیں ہے

۸ حارث بن قیس کتاب تہذیب التہذیب جلد ۲ ص ۱۳۴ حارث ابن قیس جعفی اس کتاب میں بھی ان کے قرائت کے متعلق کوئی بات نہیں سوائے ان کے دفن کے بعد

۹ عمرو بن میمون کتاب تہذیب التہذیب جلد ۸ ص ۹۶ میں آیا ہے وہ سنہ ۷۴ یا ۷۵ کو وفات پائے ہیں ابن معین نسائی نے ثقہ کہا ہے لیکن قرائت سے متعلق کوئی بات ذکر نہیں کیا ہے وہ اسی سال کے عمر میں مرے ہیں معجم شعراء میں آیا ہے کہ وہ خوارج ہے پھر وہ خوارج کو چھوڑا شیعہ اور ابن زبیر سے برائت کیا

یحی ابن یعمر تہذیب التہذیب جلد ۱۱ ص ۲۶۶ عثمان علی ابوذر سے روایت نقل کرتے ہیں ھارون ابن موسی نے کہا ہے وہ سب سے پہلے شخص ہے جس نے سب سے پہلے قرآن پہ نقطہ لگائی عبد الملک بن عمیر نے کہا ہے فصحاء تین ہیں موسی بن طلحہ، یحی ابن یعمر، حبیب ابن جابر

یحی ابن یعمر قطیبہ بن مسلم کی طرف سے مروہ میں قاضی تھے یحی بن یعمر نحوی تھے علوم عربی سے واقف تھے اس نے نحو کو ابوالاسود دویلی سے لیا ہے یہ ۱۲۹ کو وفات پائے اس میں بصری حس دو ہیں ابنسیرین

قتادہ کتاب تہذیب التہذیب جلد ۸ ص ۳۱۵ کئی ہیں بصری دو ہیں

مغیرہ بن ابی شہاب محزومی شامی مغیرہ محزومی مغیرہ محزومی ہے مگر ابی شیب نہیں ہے کتاب تہذیب التہذیب جلد ۴ ص ۴۱

صاحب عثمان خلیفہ بن سعد کتاب تہذیب التہذیب میں آیا ہے اضافہ کے ساتھ

صاحب بی دردا

عبداللہ بن حبیب بن ابوعبدالرحمن اسلمی کتاب تہذیب التہذیب جلد ۵ ص ۱۶۱ میں آیا ہے وہ ۹۰ سال کی عمر میں ۷۲، ۱۹ ۸۵ھ میں وفت پائے ہیں علماء نے انھیں ثقہ قرار دیا ہے لیکن قرئت میں کوئی ذکر نہیں ہے

سعید بن جبیر کتاب تہذیب التہذیب جلد ۴ ص ۱۱ میں آیا ہے ۴۰ سل کی عمر گزرنے کے بعد ۹۷ھ کو حجاج بن یوسف کے ہاتھوں وہ قتل ہوئے وہ عبدالحمن بن اشعث کے لشکر میں تھے ان کے لشکر کو شکست ہونے کے بعد مکہ گئے وہاں وہاں سے

خالد قصری نے گرفتار کر کے حجاج کو بھیجا

شعبی عامر بن شراجیل بن عبداللہ شعیب ھمدانی کتب تہذیب التہذیب جلد ۵ ص ۵۷ یک از تابعین اپنے دور کے عالم علماء میں سے تھے اصحاب میں علی سعد بن وقاص وغیرہ سے نقل کرتے ہیں اپنے دور کے کثیر الجھہ علم کے حامل علماء میں سے تھے نقل روایت میں کثر گرائی رکھنے والوں میں سے تھے دین و دیانت میں مقدوح نہیں ہے لیکن کثیر روایات کی وجہ سے ان سے مروی روایات میں ضعف آئی ہے وہ سنہ ۱۰۰ ھ کے کچھ بعد ۹۰ سال کی عمر میں وفات پائے ہیں جہاں تک قاری قرآن ہونے کے حوالے سے ان کی کوئی امتیازات نہیں آئی ہے

ابو عالیہ کنیت البراء نام کتاب تہذیب التہذیب جلد ۲ ص ۱۶۰ موالی قریش ابن عمر ابن زبیر وغیرہ سے نقل کرتے ہیں عجلی نے نھیں ثقہ قرار دیا ہے ابن سعد نے قلیل الحدیث روائے رفتہ ثقہ کہا ہے

ابو عجاء البصری نام مرجی بن رجاء الشکری یا عدوی ہے کتاب تہذیب التہذیب جلد ۱۰ ص ۷۵ میں آیا ہے عقیلی اور ابن معین نے ان کو ضعیف گردانا ہے ابن عدی نے ان سے حدیث نہ لینے کا کہا ہے

نصر بن عاصم لیثی البصری کتاب تہذیب التہذیب جلد ۱۰ ص ۳۸۱ عمر ابن خطاب، مالک بن حویرث، ابوبکر، خالد سمیع بن خالد وغیرہ روایت کرتے ہیں وہ کاتب مصاحف تھے خلیفہ نے ان کو طبقہ دوئم قراء بصرہ میں شامل کیا ہے ابو درداء نے ان کو خارجی قرار دیا

عطاء بن یسار کتاب تہذیب التہذیب جلد ۷ ص ۱۹۴ موالی میمونہ زوجہ رسول اللہ ہے وہ سنہ ۱۰۳ یا ۱۰۴ کو ۸۴ سال کی عمر میں اسکندریہ میں وفات پائے ہیں وہ انیس ھجری کو پیدا ہوا ۱۰۳ کو وفات پائے

معاذ بن حارث کتاب تہذیب التہذیب میں دو نام ذکر ہیں دونوں کے بارے میں ہے یہ ۶۳ ھجری حرہ کے موقع پر قتل ہوئے ہیں دونوں کے بارے میں قرائت سے متعلق کوئی ذکر نہیں ہے

سالم کتاب تہذیب التہذیب جلد ۳ ص ۳۸۶ میں سالم غیر منسوب لکھا ہے ان کی نسب واضح نہیں ہے

عبدالرحمٰن ھرمز الاعرج کتاب تہذیب التہذیب جلد ۶ ص ۲۶۰ پر عبدالرحمٰن ھرمز اعرج کے بارے میں لکھا ہے یہ ۱۱۷ کو وفات پائے ہیں بعض نے کہا ہے ۱۱۰ کو وفات پائے ہیں کہتے ہیں عبدالرحمٰن انساب اور عربی میں عالم تھے ان کی کوئی اور صفات بیان نہیں کی ہے

مسلم بن جندب کتاب تہذیب التہذیب جلد ۱۰ ص ۱۱۲ پے مسلم بن جندب ھزلی کہتے ہیں سنہ ۱۰۶ کو مرے بعض نے کہا ھشام بن عبدالملک کے دور میں مرے وہ بغیر تنخواہ قضاوت کرتے تھے عمر بن عبدالعزیز کے معلم تھے ان کے قرائت

قرآن اچھی تھی

زید بن اسلم العدوی کتاب تہذیب التہذیب جلد۳ ص۱۳۴۱ اپنے باب عبداللہ بن عمر ابوھریرہ سے نقل کیا ہے ان سے ان کے تین بیٹے نقل کرتے ہیں وہ ۱۳۶ھ کو وفات پائے ہیں حماد بن زید نے کہا ہے کہ وہ تفسیر بالرائے کرتے تھے ان کی فقط قرآن میں اشکال ہے حدیث زیادہ نقل کرتے تھے

عبید بن عمیر کتاب تہذیب التہذیب جلد۷ ص عبید بن عمیر جلد۷ میں بہت سے نام آئے ہیں معلوم نہیں کونسے عبید ہیں

عطاء بن رباح ان کا نام اسلم قریشی ہے موالی ہے کتاب تہذیب التہذیب جلد۷ ص۱۷۹ میں آیا ہے وہ ۲۷ھ کو پیدا ہوئے ۱۱۴ھ میں وفات پائے علماء رجال نے ان کی توثیق کی ہے۔

کتاب نور الثقلین کتاب تفسیر والمفسرون جلد۲ ص۳۲۷ مؤلف عبدالعلی بن جمعہ عروینی متوفی ۱۱۱۲ھ اخباری تھے محدث فقیہ تھے شاعر تھے انھوں نے جو بھی روایات ائمہ سے منسوب ملے قرآن سے مربوط ہو تفسیر ہو یا تأویل ہو یا تائید ہو اس کو جمع کیا ہے اس میں موجود اغلب روایات تفسیر قرآن سے ربط نہیں رکھتا ہے

تفسیر برھان

کتاب تفسیر والمفسرون جلد ص۳۳۰ سید ھاشم بن سلیمان بن اسماعیل حسینی بحرانی کنکانی متوفی ۱۱۰۷ھ۔

مذھب ابوحنیفہ:

کتاب مدخل شریعہ ص۱۶۷ پر لکھتے ہیں ابوحنیفہ فتوی دیتے وقت کتاب وسنت اقوال صحابہ پر عمل کرتے تھے چنانچہ آپ نے فرمایا آکذوا بکتاب اللہ اذا وجدت فیھفی الحکم والافسنۃ رسول ولافی سنۃ رسول اللہ اخذت باصحاب آخذ والقول من شئت منھم ولا اخرج من قولھم غیرھم فاذن انھائی الی ابرھیم وشعراء بن سیرین وعطی وسعید بن مسیّب فانی اجتھد کما اجتھد وی مدخ شریعت ص۱۷۰ پر لکھتے ہیں ہم نے پہلے بتایا ہے امام ابی حنیفہ کی مذھب کو آپ کے ساتھیوں نے مل کے بنایا ہے جس کو ابوحنیفہ اور آپ کے ساتھیوں نے ملکے بنایا ہے وہ ہم تک نہیں پہنچے ہیں جو کچھ ہم تک فقہ ابوحنیفہ پہنچا ہے اور جس کو لکھا ہے وہ محمد بن حسن شیبانی ہے ساری کتاب محمد بن حسن شیبانی نے تنظیم کی ہے تألیف کی ہے چاہے انھوں نے خود سے سنے ہوں یا ابویوسف سے سنے ہوں اس سلسلے میں جو کتاب محمد بن حسن نے لکھی ہے وہ تنہا اقوال ابوحنیفہ نہیں تھے بلکہ اس میں ان کے ساتھی بھی شامل تھے ان کے اقوال بھی تھے۔

تاریخ فقہ وفقہاء: مذاہب فقہی:

قرآن وسنت کے مصدر وماٴ خذ ہونے پر ایمان رکھنے والوں کے لئے نا قابل فہم وادراک گلے میں پھنسنے والی ہڈی فقہ ہے نبی کریم کی رخصت کے سوسال بعد شریعت کی جگہ فقہ وفقہاء نے کیسے جگہ بنائی کیسے انھوں نے دو مصادر کے مقابل و متوازی اصول بنائے ابتدائی مراحل میں حسن ظن سے گزرے لیکن گذشتِ زمان کے ساتھ یہ فقہاء اپنی جگہ ایک دوسرے کے گریبان پکڑنے لگے ایک دوسرے کو اسلام سے خارج کرنے لگے ایک دوسرے کے خون کو مباح سمجھنے لگے۔

یہاں تک کہ ہر جگہ ان کے درمیان فتنہ وفساد اس حد تک بڑھ گیا کہ نو مسلمان بادشاہان تاتاری الخانی ایرانی اعلان کرنے لگے کہ ہم اسلام کو ایک اچھا دین سمجھ کر انتخاب کئے ہوئے تھے اب معلوم ہوا کہ اس دین سے ہمارا دین شرک ہی بہتر تھا چنانچہ اس وقت کے حنبلی شافعی حنفی کے درمیان فتنہ وفساد جو بنے تھے اس بارے میں رسالت توحید صادرہ از سازمان تبلیغات اسلامی میں جزو رطائفہ کے عنوان سے آیت اللہ مؤمن نے بیان کیا ہے اسی طرح دارالعلوم برصغیر میں دور برطانیہ میں اہل حدیث اور حنفیوں کے درمیان لکھنؤ میں شیعہ تبراء گروں اور اہل سنت کے درمیان فسادات پڑے ہیں جس میں جہاں مسلمانوں کو تشکیک ہوئی وہاں غیر مسلمین نے مسلمانوں پر طنز طعن کیا فقہاء کے اختلاف اس حد تک بڑھ گئے تھے کہ فلسفہ یونان سے پہلے روم میں پیدا ہونے والی فسطائزم کی شکل اختیار کر گئے حقیقت نامی کچھ نہیں حقیقت وہی ہے جو مجتہدین کہتے ہیں۔

چنانچہ انھوں نے مجتہدین کی غلطی پر سزا نہیں دی ہے بلکہ انھیں انعام دیا تعجب اس بات کا ہے اس طرح کی سیاہ سرخ سے بھرے صفحات تاریخ فقہ وفقہاء کو یکسرہ نظر انداز کر کے کہتے ہیں مسلمانوں میں کوئی اختلاف نہیں ہم اسلام میں اختلاف نہیں کرتے۔

۱۔ نیا طریقہ فہم شریعت لائے ہیں قرآن وسنت کے فہم کا نیا طریقہ اپنایا ہے

۲۔ قرآن وسنت کی کمی کو پورا کرنے کے لئے نئے مصادر بنائے ہیں جب اجتھاد کے مدرسے تخریج فقیہ مجتہد بغیر کسی اصول وضابطے کے ہو تنہا دعویٰ کرنا کافی ہو تو ہر جگہ سے فقیہ ومجتہد اٹھنے لگے لیکن جن کو حکومت کی سرپرستی ملی تعاون ملا ان کے نام رہ گئے بہر حال اپنے وجود کی خاطر غیر مسلمین کے طنز وطعن سے بچنے کے لئے انھوں نے اختلاف سے انکار کیا جس طرح کسی گھر میں میاں بیوی بچے بہو کے درمیان ہر شب جھگڑا فساد سننے کے بعد پڑوسی پوچھتے ہیں کہ آپ کے گھر میں کیوں ہر روز فتنہ فساد ہوتا ہے تو کہتے ہیں ہمارے گھر میں کوئی فساد نہیں سب خوشی ہنسی رہ رہے ہیں انھوں نے فقہاء کے اختلافات کو جائز گردانتے کے لئے چند وجوہات پیش کی ہیں مثلاً

۱۔اس میں سے ایک یہ ہے کہ ایک لفظ مشترک ہے اس کے دو معنی لغت میں ہیں جیسے لفظ قروء جس کو حیض اور حیض سے طہارت دونوں میں استعمال کرتے ہیں۔

۲۔لفظ مرکب ہونے سے اشتباہ ہوتا ہے جیسے جاء ربک میں

۳۔تیسرا سبب سبب اختلاف عربی ہے ہر لفظ کا ایک معنی حقیقی ہوتا ہے اور ایک معنی مجازی ہوتا ہے بعض فقہاء اس کے معنی حقیقی کو لیتا ہے جبکہ بعض اس کے معنی مجازی کو لیتا ہے۔

۴۔چوتھا ایک مسئلہ کے بارے میں بعض کہتے ہیں ایک دلیل کافی ہے جبکہ دوسرا کہتا ہے کہ اس کے ساتھ ایک اور دلیل اضافہ کرنا چاہئے یہ ایک کافی نہیں ہے۔

۵۔لفظ کے معنی عام اور خاص میں اختلاف ہے جیسے آیہ لا اکراہ فی الدین سورہ بقرہ آیت۔۲۵۶ آیا یہ لا اکراہ خبر ہے یا ان شاء اللہ ہے۔

۶۔ایک حدیث کسی جگہ پہنچی ہے دوسرے علاقے میں یہ حدیث نہیں پہنچائی ہے

۷۔قیاس اپنی جگہ حجت ہے لیکن اس کو حجت گردانے کے لئے اسکی شرائط میں اختلاف ہے کہاں جائز ہے کہاں جائز نہیں

۸۔قرآن وسنت میں کہاں نسخ ہے کہاں نسخ نہیں کونسی ناسخ ہے کونسی منسوخ روایت آیت کو نسخ کرسکتی ہے یا نہیں

۹۔کبھی روایت آتی ہے اذان کے بارے میں اور تکبیر کے بارے نماز آیات میں یا آیتوں کی قرائت کے بارے میں

۱۰۔بعض عمل اھل مدینہ کو حجت سمجھتے ہیں بعض نہیں یا بعض اجماع کو حجت سمجھتے ہیں بعض نہیں سمجھتے ہیں

۱۱۔اصول لغت میں اختلاف ہے جیسے کہ کلمہ من ابتداء کے لئے ہے یا بعض کے لئے ابوحنیفہ کے پاس یہ ابتداء کیلئے ہے شافعی کے پاس یہ تبعیض کے لئے ہے دکتور محمد مصطفیٰ شلبی وغیرہ اس اختلافات کی توجیہ بیان کرتے ہیں اختلاف اگر عمداً کسی خواہش ذاتی کے تحت کیا ہے تو مذموم ہے اگر اختلاف حسن نیت پر کیا ہے تو قصر فہمی ہے تو اس میں کوئی اختلاف نہیں۔

تقلید اور امام احمد بن حنبل

کتاب تاریخ تشریع فقہ اسلامی ص ۲۱۹ احمد بن حنبل نے کہا ہے لاتقلدونی ولا تقلدوا مالکاً ولا شافعی ولا ثوری وتعلموا کما تعلمنا لا تقلدین الرجال فانھم لم یسلموا من ان یغلطوا

منصور دوانقی مؤسس ومزدھر علوم دینی

علمائے اسلام میں تجدید گر ترقی پسند علماء ودانشوراں کے اغلاط کبیرہ خط پائے ناقابل بخشش میں سے ایک علوم دینی اور علوم دنیوی کو ایک ہی درجے میں رکھنا ہے انھوں نے اس میں آیات متشابہات روایات مرسلات سے تمسک کرکے

علوم دنیوی کوعلوم دینی کا درجہ دیا ہے مقام دیا ہے بلکہ علوم دینی اور دنیوی کے نام سے تقسیم کرنے والوں کونقد وتنقید کا نشانہ بنایا ہے بلکہ انھوں نے علوم دنیوی کے مؤسس کوپیغمبرائمہ اطہار سے منسوب کیا ہے ان مجددین نے اسی بنیاد پرخلافت عباسیہ کی تعریف وتمجید کی ہے یہاں تک کہ علوم دنیوی کوعلوم اسلامی کا نام دیکران کے مؤسسین کوسراہا ہے ان علوم کی بنیاد ڈالنے والوں کا سہرا خلفائے عباسی کے چار بزرگ مقتدر خلفاء کے سر پر رکھا ہے منصور دوانقی ھارون الرشید مامون عباسی غرب اس وقت جوعلم دنیوی میں اپنی عوج وبلندی پر پہنچا ہے ان سے کہتے ہیں تمھاری ایسی کی تیسی یہ علوم تمہیں کہاں سے ملے ہیں یہ علوم جس پے تم ناز کرتے ہو وہ ہم سے لئے ہیں ان علوم دنیوی کوعلم دینی کا مساوی درجہ دینے کی وجہ سے عصر حاضر میں مسلمانوں کے لائق اور قابل علماء نے علم دین کونصاب سے خارج کر کے صرف علم دنیوی کونصاب دینی کے نام سے چلایا ہے اس سے آگے بڑھکرعلم استعمار گری علم استحصال مسلمین علم تبعید اسلام علم تذلیل مسلمین علم صلیب گرائی کواپنی درس گاہوں کا نصاب بنایا ہے ان کے اس کارنامے کی واحد سند خلفائے عباسی کے مقتدر خلفاء میں سے منصور دوانقی ہے اس سلسلے میں ان کے مداح یوسف قرضاوی ہیں جواس دور کے بڑے پائے کے عالم دین ہیں اگر کوئی ان کوفقھائے اربعہ مسلمین سے زیادہ اعلم گردانناچاہے تو یہ چندان غلط نہیں ہوگا کیونکہ فقھائے اربعہ میں چاروں فقھاء کوجووسائل ذرائع ملے ہیں وہ حکومتوں کی سرپرستی کی وجہ سے لیکن علم بذات خوداپنی جگہ طفل تھے علم دینی اپنی طفولیت کے دور سے گزرر ہے تھے توان کے پاس اتنی کتب ومصادر نہیں تھے جوقرضاوی کونصیب ہوئیں معلوم نہیں اس کے کتاب خانے میں کتنے لاکھ کی کتابیں ہیں اسی وجہ سے وہ ایک بڑا عالم ہیں۔

تجدد پسندی میں مثل ابوحنیفہ سے زیادہ فتویٰ دیئے ہیں ان کی تجدد پسندی یہاں تک پہنچا ہے کہ وہ بنی امیہ اور بنی عباس خاص طور سے بنی عباس کے دور کوعصر ذہبی علوم قرار دیا ہے کتاب تاریخنا مفتراءعلیہ ص ۱۰۵ پرانھوں نے لکھا ہے منصور نے علم دین ودنیوی دونوں کا اہتمام کیا ہے۔

عقلانیہ:

ایک مذہب الحاد ہے الحاد اپنی جگہ دوقسم کے ہیں:

۱۔الحاد مطلق: اس الحاد کوکہتے ہیں جوسرے سے وجود باری تعالیٰ کے منکر ہیں وہ مادے کے علاوہ غیر مادے کا اعتراف نہیں کرتے، مانتے نہیں، مادہ وہی ہے جس تک انسان کی حس پہنچے جہاں انسان کی حس نہیں پہنچتی وہاں کوئی چیز نہیں۔ یہاں سے الحاد کا دائرہ وسیع ہوتا ہے وحی، اخبار، غیب، اللہ نامی کوئی چیز موجود ہی نہیں ہے اس گروہ کی بھی انواع واقسام ہیں یا چندین نام سے انھیں یاد کرتے ہیں قدیم زمانے میں ان کودھریہ کہتے تھے جیسا کہ سورہ جاثیہ آیت ۲۴ میں آیا

ہے، فلاسفہ یونان ان کو طبیعی بھی کہتے ہیں جدید دور میں ان کو تطوری کیمونسٹ آخر میں علمانیزم یا سیکولیر یزم بھی کہتے ہیں یہاں سے ہر قسم کے ایمان بر وجود ماورائے حس کا انکار کرتے ہیں۔

۲۔ دوسرا الحاد: مقیدہ الحاد مقید اس الحاد کو کہتے ہیں جو خالق کائنات پر ایمان رکھتے ہیں متدبر کائنات کو تسلیم کرتے ہیں ان کو الحاد متدین کہتے ہیں اللہ کو مانتے ہیں لیکن دین کو اللہ کی ساخت نہیں بلکہ لوگوں کی ساخت مانتے ہیں یعنی دین بشری کے قائل ہیں جیسے ہندو بوذی چینی سکھ یہ الحاد متدینین ہیں یعنی دین الٰہی نہیں بشری ہے اس کو دین وضعی بھی کہتے ہیں۔ الحاد وضعی یعنی دین بشری میں درخت پرستی بت یا اشخاص کی پرستش آتی ہے چنانچہ بشر کے بنائے گئے دین کے بعض معبودوں کا ذکر سورہ انجم کی ۱۹ تا ۲۳ تک ذکر ہیں پھر آیت ۲۷ میں ذکر ہے اس کے بعد الحاد دین کتابی آتا ہے جہاں انھوں نے اللہ کی ذات میں الحاد کیا ہے سورہ توبہ آیت ۳۰ عزیز کو ابن اللہ کہا ہے مسیح کو اللہ کہا ہے علماء یہود و نصاریٰ کو اللہ کا درجہ دیا ہے سورہ توبہ آیت ۳۱ میں ان کے اس عمل کو مسترد کیا گیا ہے یہودیوں کی غیر اللہ کی پرستش کا ذکر سورہ بقرہ ۴۷ اعراف آیت ۱۳۸ سورہ بقرہ آیت ۵۵ سورہ نساء آیت ۱۵۲ سورہ آل عمران ۱۸۱ سورہ مائدہ آیت ۲۷ آیت ۷۳۔

عقلانیہ اسلامیہ دین اسلام کو مانتے ہیں لیکن صرف عقلی بنیاد پر مانتے ہیں وحی کو تابع عقل بناتے ہیں دین کو سرے سے مسترد کرنے والوں کے مقابلے میں دین کو اندر سے کنارے پر لگانے والے زیادہ دین کے لئے خطرناک ہیں حضرت امیر کا فرمان ہے اگر کوئی کفر خالص کو پیش کریں گے تو مسلمان موحد اسے قبول نہیں کریں گے اگر دین خالص پیش کریں گے تو کوئی اشتباہ نہیں ہونگے لیکن حق و باطل کو ملا کے پیش کرنے سے ہر شخص درک نہیں کر سکتا۔ اسلام میں عقلانیت کے بانی کی دو جماعت ہیں ایک جماعت اصول عقائد میں جو صرف عقل پر پرکھتے ہیں جنہیں معتزلہ کہتے ہیں دوسرے عقل کو فروعات پر چلاتے ہیں انہیں اصولی کہتے ہیں۔ معتزلہ کی بنیاد رکھنے والے نے دین کو ایک مصدر پر چلانے کی مذموم کوشش کی ہے جو ابھی تک واضح نہیں ہوسکی کہ یہ لوگ اسلام کے خائن ہیں اگر ادنیٰ سی توجہ کریں گے تو واضح ہو جاتا ہے معتزلہ افراد اس کے بانیوں سے لے کر ابھی تک آنے والوں نے دین کو صرف عقل پر چلا کر ہر ایک نے ایک نئی چیز کا انکار کر کے ایک کا احترام کر کے دین کو تہس نہس کر دیا ہے جس کا واضح ثبوت ان کے صریح کھلم کھلا اعلانات سے ہوتا ہے:

۱۔ ان کے عمائد دین پانچ ہیں۔

۲۔ انھوں نے نئے سرے سے اصول دین وضع کئے ہیں

۳۔ عظیم شخصیات اسلامی حضرت علی جیسی ہستی کو جنگ جمل و صفین کو ان کے گناہوں میں شمار کیا ہے۔

۴۔ دین کی اساس وحی کو تابع عقل بنایا ہے اس طرح سے انھوں نے صحیح و غلط کی تمیز کا انحصار صرف عقل پر کیا ہے دور وحی

کو عقل کے ذریعے تاویل کرنے کا کہا ہے، شاید بعض کی یہ بات حسن نیت پر مبنی ہے کیونکہ انسان ایک موضوع عاقل ہے دوسرے موضوعات میں اسکی عقل قاصر رہتی ہے اس طرح سے وہ بہت سے لوگوں کو اغواء و گمراہ کرسکتا ہے۔

۵۔ اللہ کی صفات کو زائد بر ذات کہا ہے یعنی ایک دور ایسا گزرا ہے کہ اللہ نے ان صفات علم، قدرت، حیات سے عاری، خالی تھے۔

۶۔ معتزلہ مصادر دین میں صرف عقل کو مانتے ہیں۔ اس طرح سے معتزلہ نے پیغمبروں کی جگہ اپنے لئے مشعل راہ فلاسفہ یونان اوران کے بعد فلاسفہ اسلامی کو بنایا ہے یہاں سے ان کے بارے میں حکم اسلامی بیان کرنا تنہا مشکل و پیچیدہ نہیں رہا ہے ان کے بعد آنے والے ملاحدہ اسلامی انہی کے نقش قدم پر چلے ہیں جس طرح ملاحدہ قدیم نے وحی کو کنارے پر لگایا ہے جس کی وجہ سے مسلمان ہدایت وحی سے محروم ہوئے ہیں اور ضلالت و گمراہی جھوٹ و تہمت الزام تراشی سے تلبیس ابلیس کے دروازے کھولے ہیں معتزلہ کے بعد اساس دین سے کھیلنے والے اشاعرہ ہیں۔ انہیں وحیانیہ کہتے ہیں انھوں نے قرآن اور سنت میں عقل کو مسترد کیا ہے اللہ نے انسان کو ادراک حقائق کیلیے آنکھ کان دونوں دیئے ہیں اگر کسی سے ان میں سے ایک سے استفادہ کرنے سے انکار کریں گے تو وہ گمراہی کے راستہ پر گامزن ہوگا۔

جہاں انہوں نے عقل کو احادیث سے زندان میں حبس کیا ہے لجام دی ہے اور وحی کے نام سے تمام جھوٹی خودساختہ احادیث کو انھوں نے محور بنا کر عرش پر چڑھایا ہے یہاں سے انھیں اللہ کو جسم و جنایت سے شباہت دینا آسان ہوگئی ہے اور دین یہود کو دین اسلام میں داخل کرنے والوں کو فروغ ملا ہے مسلمان سمجھ لیں اگر عوام الناس اسلام کے متعلق ادنیٰ سا علم وادراک رکھتے ہیں تو سلاطین سرمایہ داروں کے ہاتھوں میں کھلونا نہیں بنتے وہ میدان میں ہوتے اوران دین سے کھیلنے والوں کو پہچانتے نشاندہی کرتے تو یہ روزگار پیش نہیں آتا اس سے خطرناک افسوسناک صورت حال یہ ہے کہ سب کہتے ہیں معتزلہ کا خاتمہ ہوا ہے معتزلہ کا وجود نہیں ہے وہ لوگ مرگئے ہیں جبکہ ہمارے ہاں کی نرسریاں انگلش میڈیم ہزاروں میں نہیں لاکھوں میں معتزلہ پیدا کرتی ہیں گھر گھر معتزلہ خانہ بنا ہوا ہے۔

کتاب عمدۃ الحفاظ ج ۳ ص سفر بمعنی کشف و بیان کو کہتے ہیں صاحب مفردات نے کہا ہے حسد اظہار معنی معمول کسی بھی قول سے جو مفہوم ذہن میں آتا ہے اسے تفسیرہ کہتے ہیں گلاس جس میں پانی ہو اسے مفسر کہتے ہیں تفسیر القرآن بیان الفاظ ومعانی کو کہتے ہیں تفسیر معرفۃ مدسوالات الفاظ واسباب نزول ودقائع۔

التفسیر کشف المراد عن لفظ المشکل التاویل واحدی المعتین الی مایطابق ظاہر صاحب مفردات نے کہا تفسیر یطابق بمفرادات الانصاف وغرایش تاویل بمعنی تفصیل ارجاع کو کہتے ہیں الرجوع با الفاظ عن ظاہری الی معنی سقیم بہ ذالک الفاظ

سفر اس کی جمع اسفار ہے الرجل من مکان الی مکان اس کے بھی معنی کشف کے ہیں کیونکہ سفر سے ہی لوگوں کے اخلاق ضروریات سلوک کشف ہوتا ہے سفر عام طور پر ایمان سے کشف حجات کو کہتے ہیں۔

سفر العمامہ سفر الخمار عن الوجہ سفر البیت یعنی کشف گھر کا جاڑو کو کہتے ہیں سفیر اس مٹی کو کہتے ہیں جو جاڑو کی وجہ سے جمع ہوا ہے۔

اسفار ظہور ضوء النہار اسی سے یہ آیت ہے والصبح اذا اسفر مدثر ۳۴ یہاں ظلمت سے ہٹ جاتے ہیں وجو یومئذ مسفرہ عبس ۸۰ سفر کتاب کو بھی کہتے ہیں چونکہ وہ حقائق سے پردہ ہٹاتے ہیں۔

سفیر سورن فصیل اسم فاعل سے رسوی کو کہتے ہیں جبھی اس لحاظ سے بھی کہتے قوم کے درمیان جو کشیدہ گی نفرت عداوت ہے اس کو ازالہ کرتے ہیں سفیر معنی معصول جو جاڑے جمع ہوتے ہیں سفارہ رسالت رسول کتب کو کہتے ہیں۔

سفیر رسولوں کو بھی کہتے ہیں رسالت کو بھی کہتے ہیں جن سے خلق مخلوقات کی اصلاح ہوتی ہے سفیر ساعی باالصلح عمدۃ الحفاظ ۲۳۲ ج ۲ سفر کتاب قاموس قرآن میں پانچ معنوں میں آیا ہے سفر المنازل الکتب الاشراق الانکشاف سفر منازل کے معنی میں آیا ہے باعد بین السفار نا ہمارے محلے گاؤں کو ایک دوسرے سے دور کریں سفر بمعنی کتاب جمع عملوں اسفار سفر بمعنی اشراف عبس ۸۱ سفر بمعنی کشف سفر بمعنی طی منازل میں کان منکم مریضا

نسخ قرآن:

علماء اسلام نے نسخ ادیان کے بارے میں تفصیل سے لکھا ہے

۱۔ شریعت گزشتہ میں نسخ ہوئی ہے

۲۔ شریعت اسلام میں نسخ ہے یا نہیں؟ اس بارے میں لکھا ہے شریعت اسلام میں نسخ جزئی موجود ہے جو احکام نزول قرآن سے پہلے موجود تھے شریعت گزشتہ کے وہ شریعت اسلام کے ذریعے قرآن کے ذریعے نسخ ہوئے ہیں

۳۔ ایک حکم قرآن آنے کے بعد دوسری آیت سے یہ منسوخ ہوا ہے یا نہیں؟ اس بارے میں اختلاف ہے بعض تسلیم کرتے ہیں اور بعض اسے رد کرتے ہیں

۴۔ حکم قرآن میں موجود ہے اسے سنت قطعیّہ کے ذریعے یعنی اخبار تواتر کے ذریعے سنت تواتر سے کرتے ہیں کیا یہ نسخ ہوتا ہے؟

۵۔ اجماع عقل سے نسخ ہوتا ہے یا نہیں؟

۶۔ اخبار آحاد سے نسخ ہوتا ہے یا نہیں اس سلسلے میں آیت اللہ خوئی نے تین تصورات پیش کیے ہیں

۱ اقرآن کریم میں آیات نسخ ہوئی ہیں لیکن حکم اپنی جگہ باقی ہے

۲۔ آیت اور حکم دونوں منسوخ ہیں

۳۔حکم منسوخ ہے آیت اپنی جگہ موجود ہے اس بارے میں بہت سی آیات پیش کی ہیں حکم ثابت اور قرآن وسنت متواترہ کے ذریعے اجماع قطعی جو روایات معصوم سے صادر ہونا یقینی ہو آیت اللہ خوئی نے اپنی کتاب البیان میں ص ۲۰ پر لکھا ہے کہا ہے چندیں آیات کی تلاوت بھی منسوخ ہوگئی پیغمبر کے زمانے میں وہ آیات تلاوت ہوتی تھیں اس سلسلے میں روایت میں ابن عباس نے عمر سے نقل کیا ہے عمر منبر پر تھے اس نے خطبے میں کہا اللہ نے پیغمبر پر کتاب نازل کی اس کتاب میں آیت رجم تھی ہم نے اس آیت کی تلاوت کی ہے اور پیغمبر نے رجم کی ہے ہم نے بھی رجم کی ہے اگر کوئی کہے پیغمبر کے بعد آیت رجم نہیں ہے تو ایک فریضہ الٰہی رک جاتا ہے رجم کتاب اللہ میں موجود ہے

ان میں سے یہ آیت الاتقان جلد۔ا ص ا والدین کا فر بھی ہوں تو ان سے رخ نہ موڑیں صحیح بخاری جلد ۸ ص ۲۶ صحیح مسلم جلد ۵ ص ۱۶ جمع قرآن کے موقع پر عمر نے آیت رجم لائی تو نہیں لکھی کیونکہ وہ تنہا تھے الاتقان جلد ا ص ۱۰۱ نسخ یا احکام منسوخہ اسلام میں موجود ہیں یا نہیں؟ اس سلسلے میں قیل وقال تقسیمات سے اختصار کی خاطر گریز کرتے ہوئے بحث کو سمیٹتے ہوئے ہم بحث کو خلاصہ کرتے ہیں اسلام میں آیات منسوخہ کے دو تصور بنتے ہیں

ا۔تصور یہ ہے کہ نزول قرآن سے پہلے جن احکام پر عمل ہوتے تھے وہ عمل سابقہ شریعت پر ہوتے تھے قرآن آنے کے بعد وہ منسوخ قرار پائے اس کی واضح مثال منسوخیت قبلہ ہے اس کی ناسخ آیت قرآن ہے ایک آیت سے پہلے آیت کی تلاوت حکم منسوخ ہو جائے یا دونوں منسوخ ہوجائیں یہ صورت استدلال عقلی کے حوالے سے کوئی اشکال نہیں اللہ مالک ہے یفعل مایشاء، ویختار مایشاء ولہ الحکم ولہ الامر حق حکم حق امر حق اختیار سب اسی کے لئے ہے ہم اس کے بندے ہیں چوں وچرا کی گنجائش نہیں لیکن یہ خود اس کی نازل کردہ آیات سے متصادم ہے

ا۔اس نے فرمایا ہے کہ ہم نے ذکر کو نازل کیا ہے ﴿انا نحن نزلنا الذکر وانا لہ لحافظون﴾ سورہ الحجر آیت:۹ خود اس نے کہا ہے کہ ہم حفظ کریں گے خود نے اس حکم کو نکال دیا اس میں فرق نہیں پڑتا حکم منسوخ ہو آیات منسوخ ہو یا دونوں جس کی ضمانت خود نے دی ہے اور خود ختم کرے ﴿انَّ اللہ لایخلف المیعاد﴾ سورہ آل عمران آیت:۹ اللہ خلف وعدہ نہیں کرتا نعوذ باللہ اللہ خلف وعدہ کرے اس پر کوئی بھی کسی کو بھی اطمنان نہیں رہے گا دوسری آیت سورہ فصلت آیت:۴۲ ﴿لایأ تیہ الباطل من بین یدیہ ولا من خلفہ﴾ اس کتاب کو باطل کنندہ کسی طرف سے بھی نہیں آئینگے نہ اللہ باطل کریں گے نہ کوئی غیر اس کو باطل کرسکیں گے یہاں سے کمال اطمنان سے کہ سکتے ہیں نسخ شریعت کی بنیاد سابقہ حکم باطل ہونے کی وجہ سے نسخ کرے یہ تصور اپنی جگہ غلط ہے چونکہ اللہ سے باطل سرزد ہوتا ہی نہیں ہے اللہ خود باطل کو ختم کرنے والا ہے اللہ باطل کو کیسے بھیجتا ہے سورہ انفال آیت:۸ ﴿لیحق الحق ویبطل الباطل﴾

۲۔اس حق کو مٹا کے کوئی اور حکم لائے یہ بھی ممکن نہیں اس کے لئے ترجیح چاہئے اللہ کے پاس ترجیحات نہیں ہے

۳۔ امتحان وآزمائش کے لئے، یہ بھی درست نہیں آئین نظام کی تبدیلی سے آزمائش نہیں ہوتی آئین کی شناخت یہ ہے کہ بشری آئین تغیر پزیر ہوتا ہے الٰہی آئین غیر تغیر پزیر ہوتا ہے

۴۔وہ حکم پہلے ہی سے ایک خاص مدت کے لئے تھے پہلے ہی سے ہمیشہ کے لئے نہیں تھے جیسے بنی اسرائیل پر بعض احکام چنانچہ حضرت عیسیٰ نے فرمایا کہ میں اس وقتی محرمات کو اُٹھانے کے لئے آیا ہوں یا بیت المقدس کے بارے میں وہ بذات خود وقتی تھے اصل قبلہ مسلمین کعبہ تھے جب یہ ثابت ہوا قرآن قرون سے منسوخ نہیں ہوتا ہے تو اس میں کودنا احادیث متواترہ سے ہوتا ہے یا نہیں سوال ہی نہیں ہوتا چہ جائے کہ آحاد کے بحث میں کود پڑے

یہ احادیث اپنی ضعف سند کے علاوہ تضارب تناقض تضادات سے پر ہے کتاب تفسیر والمفسر ون تالیف محقق علامہ ھادی معرفت جلد دوم ص ۳۰ پر احمد بن حنبل سے نقل کی ہے تین کتابوں کی بنیاد نہیں ان پر اعتماد ہو نہیں کر سکتا ہے۔

۱۔کتب غزوات

۲۔کتب ملاحم پیش گویاں

۳۔کتب تفسیر اسی صفحے پر امام شافعی سے نقل ہے ابن عباس سے تفسیر کے بارے میں تقریباً سو حدیث نقل ہیں اس سے زیادہ قطعی طور پر خود ساختہ ہیں تفسیر ضعف اسناد ارسال مرسلات جعلیات اسرائکیات سے پر ہے آفت تفاسیر میں احادیث پہلے نمبر پر کتاب اللہ سے ناروا سلوک اجنبیت بے دردی لاوارثی کا رویہ ہے کسی نے دونوں ہاتھ میں ڈنڈا یا دو دھار تلوار ہاتھ میں لے کر اجتماع میں کودا ہے میری باتوں کو نہ ماننے والوں کے لئے یہ ڈنڈا ہے۔ایک قرآن کو اپنی رائے کے انڈر جو خود کہتا ہے وہی تفسیر قرآن ہے جسے تفسیر اجتہادی کا نام دیا ہے۔

۲۔تفسیر علمی قرآن کریم کو سائنسی اکتشافات سے موازنہ کرنے کی تفسیر ہے۔۳۔تفسیر صوفی انھوں نے قرآن کے ساتھ جو کھیلا ہے بے ربط معانی بنائے ہیں۔۴۔تفسیر عقلی قرآن کی تفسیر پر عقل حاکم ہے عقل حجت ہے عقل آیات کو لجام دیتا ہے جو خلاف عقل ہے وہ نادرست ہے جیسے تفاسیر اہل عقلانیت کی تفسیر قدیم وجدید ۵۔تفاسیر منجمد فہم لغت فہم کلام میں تعقل سے روکنے تفاسیر اشعری۔۶۔تفاسیر فرق ومذاھب۔

جہاں یہ کہتا ہوا اسلام ختم ہو چکا تھا امام حسین نے بچایا ہے تبسم علی اصغر نے بچایا شرابی جواری تارک صلوٰۃ عزادار نے بچایا ہے اعلیٰ مقاصد کے لئے محرمات کا ارتکاب بے حرج ہے اسلام روحانیت سے زندہ ہے کو روحانیوں کی عیاشی نظر نہیں آتی ہے قرآن کی بجائے صرف ونحو نے اسلام کو بچایا ہے۔

دین کو انہی علماء نے بچایا گزشتگان کے توسط سے دین ہم تک پہنچا ہے لیکن بقول امیر المومنین حق لوگوں کے ذریعے سمجھنے

والے کبھی حق تک نہیں پہنچ سکتے

امااس کی سند

مفسرین نے اس تفسیر کواحسن تفاسیر قرار دیا ہے اس میں جائے شک وتردید نہیں یہ ایک حقیقت ناصعہ قاطعہ ہے قرآن کریم کی نظام ترتیب جوکہ بذریعہ وحی ہوا ہے اس کا منہ بولتا ثبوت ہے ایک آیت کسی جگہ بطوراجمال بیان ہوا ہے یہی مطلب دوسری جگہ بطور تفصیل بیان ہوا ہے ایک جگہ مختصر بیان ہوا ہے دوسری جگہ بسیط کلام کی ہے اس کی ایک مثال سورہ مریم کی آیت ۔۷۱ میں دی ہے اسی آیت کا ایک ٹکڑا • وان منکم الا واردھا تم میں سے ہرایک وہاں ضرور وارد ہونے والا ہے تم میں سے ہرایک جھنم پہنچے گا یقیناً یہ خبر ایک مایوس کن خبر ہوگی لیکن اسی کے ذیل مین آیا ہے پھر ہم متقین کونجات دیں گے ظالمین کو چھوڑیں گے اس کی ایک مثال زیادہ تر سورہ انعام کی آیت ۸۲ سے دی ہے اسکی تفسیر سورہ لقمان کی آیت ۱۳ سے دی ہے لیکن یہاں بھی یہ تفسیر واضح نہیں ہے اس آیت میں ظلم میں ملوث ملبوس انسان کو قیامت کے دن امن نہیں ہوں گے امن صرف مؤمنین کے لئے ہونگے ظلم سے مراد ظلم شرک کی ہے ظلم شرک سے مراد تنہا بت پرستی نہیں بلکہ تمام انواع اقسام ظلم ہیں اللہ کو خالق سمجھتے ہیں عبادت گزار بھی ہیں لیکن نظم کائنات میں اللہ کو بے دخل کیا ہے نظام وضعی نفاذ کرنے میں سرتوڑ کوشش کی ہے گویا قیامت کے دن نجات دو گزرگاہ سے گزرتا ہے ایک منطقہ ایمانی جو شرک جلی سے گزرتا ہے شروع ہوتا ہے

۳۔نسخ نماز روزہ زکات گزشتہ شریعت میں موجود تھے چنانچہ پیغمبر اکرم ص مبعوث ہونے کے بعد آپ اور آپ کے اصحاب نے نمازیں پڑھی ہیں روزے رکھے ہیں حج کئے ہیں لیکن آپ پر مستقل طور پر حکم واجب صلوۃ معراج کے بعد ہوئی ہے چنانچہ نماز آپ شریعت سابق کے تحت بیت المقدس کی طرف رخ کرکے پڑھتے تھے مدینہ ہجرت کرنے کے بعد قبلہ تبدیل ہوئے حج وعمرہ سابق دور کے تحت آپ انجام دیتے تھے وجوب حج دس ھجری کو ہوئی۔

میں اور میرے لائق احترام علماء وبزرگ اور معاصر طلباء وفضلا کے مابین ایک خفیہ راز حاجب تھا یہ بزرگان حتیٰ احباب و اعزاء اس رازمخفی سے آگاہ تھے میں جاہل ونادان، بے خبر تھا میں سمجھتا تھا میرادین قرآن میرا امام قرآن اور محمد ﷺ ہیں میں دین کوقرآن ومحمد سے ناپتا تھا جو قرآن ومحمدؐ میں تھے اس کو آئمہ میں بھی قبول کرتا تھا اور جو محمدؐ میں نفی تھے وہ آئمہ سے بھی

نفی کرتا تھا مثلاً محمدؐ سے اللہ نے کہلوایا ہے کہ آپ کہیں کہ میں علم غیب نہیں جانتا ہوں آپ کہیں کہ میں نفع ونقصان کی قدرت نہیں رکھتا ہوں میرے بزرگ علماء کا عقیدہ تھا دین کی اساس آئمہ، آئمہ کان ما یکون جانتے ہوئے تصرف کرسکتے تھے لہٰذا بزرگان میرے عقائد کی طرف طنز کرتے تھے دل باور نہیں کرتا تھا سارے مجھے ان کے عقائد کے خلاف گردانتے۔ان کے دین کی اساس امامت ہے اور امامت کی اساس کتاب سلیم بن قیس ہلالی ہے کتاب سلیم بن قیس خود بے اساس ہے جبکہ میں قرآن ومحمدﷺ کو اساس سمجھتا ہوں قرآن ومحمد لازم وملزوم ہیں قرآن، اللہ سے کس نے لایا۔محمدؐ نے لائے، محمد ﷺ اللہ کے نبی ہیں کس نے کہا قرآن نے کہا۔میرا اوران کے درمیان اصل نزاع قرآن اور سلیم بن قیس کے درمیان حائل ہے

تفسیر موضوعی

آئینہ تفاسیر:

ہدایہ نحو صمدیہ سیوطی نہ سمجھنے والے تفسیر قرآن میں کود یں ایسے افراد کے بارے میں کیا کہہ سکتے ہیں ایسے اقدامات کرنے والے کو اگر ممکن ہو سکے ماہر نفسیات سے علاج کرائیں یا پاگل خانے میں پہنچائیں میں اس قسم کی نتیجہ اخذ

کرنے والوں کو منطق ناخوندہ کہیں گے اگر کوئی بلتی جس کو انگریزی سمجھ میں نہیں آتی ہے آپ اس سے کہیں تمہیں انگریزی تو نہیں آتی ہے بلتی تمہاری میں سمجھ میں کہاں سے آئیگا صرف ونحو جو کہ فہم قرآن کو ناممکن بنانے کے لئے وجود میں لائی ہے چنانچہ ان کے واضعان کی سنت وسیرت عزائم وکردار اس کا منہ بولتا ثبوت ہے غیر عرب والوں کو سمجھانے کے لئے وجود میں لائی ہے یہ خود ان کا دعویٰ ہے کہ ہر کس وناکس کیلئے سمجھ میں نہیں آئے گی یہ ہر آئے دن مشکل بناتے گئے جبکہ دنیا میں علوم کو آسان سے آسان بنایا گیا ہے چنانچہ فی زمانہ مدارس میں کم سے کم چھ سات سال لگتے ہیں لہٰذا نحو فہم قرآن سے ربط ہی نہیں رکھتا ہے جب کہ قرآن عام لوگوں کیلئے آسان بنا کر بھیجا ہے چنانچہ سورہ قمر میں تکرار سے آیا ہے ۔اس علم کے مبتکرین مذاہب فاسدہ سے وابستہ تھے ان میں اکثر وبیشتر شعوبی تھے۔

یہ محدود افراد کی سمجھ میں آتی ہے جن کی سمجھ میں آتی ہے یا جنہوں نے اس علم کی ابتکار کی ہے وہ عربی کو عام لوگوں کیلئے آسان بنانے کیلئے نہیں بنائی گئی ہے بلکہ اس کو ایک متاع بازار سلاطین نشین کیلئے بناتے تھے وہ یہ علم حاصل کرنے کے بعد وہ فوراً دربار سلاطین میں آکر پہلے اپنا نام درج کرتے تھے چنانچہ اس علم کے نابغہ سکا کی پہلے دربار رشید میں پہنچا تاکہ معلم شہزادہ بن جائے بدقسمتی سے سیبویہ بعد میں پہنچا اس نے اپنی کتاب پر فخر وناز کرتے ہوئے حل میں مبارز کہا یحییٰ بن برمکہ نے انہیں منع کیا ایسا مت کرو لیکن وہ نہیں مانا آخر میں سکا کی کی ساتھیوں نے سیبویہ کو پہلے تھکایا بعد میں سکا کی آکے سیبویہ سے کہا بصری تمہاری ایسی کی تیسی تم کیا جانو اور نحو یہ یہ علم دربار سلاطین میں ایک متاع گران قیمت تازی تازی لے کر بھیجنے کے لئے وجود میں لائی تھی۔

اس علم کا قرآن فہم سے کوئی رشتہ نہیں اس کی دو ناقابل انکار حقیقت ہے ایک نحوی قرآن توڑ کے لئے وجود میں آئی ہے ضد قرآن وجود میں آئی ہے اس کی پہلی ثبوت جس قرآن نے شعر کو محکوم مردو گمراہ کن قرار دیا تھا سیبویہ نے قوائد نحوی کے اثبات کیلئے تین ہزار اشعار جاہلیت ومولدین سے استناد کیا لیکن قرآن سے بمشکل پچاس سے کچھ زیادہ آیت سے استدلال کیا دوسرا ثبوت مدارس وحوزات کو ضد قرآن متعارف ہونے کے باوجود اس کو کسی صورت میں نصاب میں رکھنے کے لئے آمادہ نہیں طلباء کو قرائت سکھائیں گے لیکن معنی نہیں سکھائیں گے۔

ان کے دعویٰ یہ عام لوگوں کی سمجھ میں نہیں آتی ہے جبکہ متکلم قرآن کا فرمان ہے ہم نے یہ آسان بنایا ہے تمہاری سمجھ میں کیوں نہیں آتی ہے اس کے علاوہ خود ان کے بعض استاد بھی لحن درست نہیں کر سکے، نابغہ نحو فراء کو یحییٰ بن برمکی نے کہا یہ عربی غلط بولتے ہیں فراء کو تسلیم کرنا پڑا ہے چونکہ میں نسل عجمی ہوں اس لئے کبھی کبھی لحن ہوتی ہے۔

واردات باطنیہ:

باطنیہ پروردہ ماسویہ یہودیہ مستعار نام ہے لہٰذا ان کا واردات ماسونیہ یہودیہ سے مختلف نہیں ہے طریقہ واردات باطنیہ ان عناوین کے گرد گردش کرتا ہے:

۱۔ضرب دین بہ دین

۲۔ضرب مسلمین بہ مسلمین

۳۔ضرب امام مجموع مومنین

۴۔ضرب مامونین بہ امام

۵۔ضرب مسلمین بہ کافرین

اما ضرب دین بہ دین کچھ اس طرح سے ضرب سنت محمد بقیل وقال ضرب قرآن بہ حدیث قرآن کریم میں آیا ہے ہمارے یا خود نبی سے بار ہا کھلوایا ہے ہم علم غیب نہیں جانتے ہیں لیکن اتنی احادیث غیب گوئی کی بھرما کی ہے:

۱۔میری امت میں سے فلان فلان جنت میں جائے گا تفصیل رشدورشادات میں دیکھیں۔

۲۔میری امت کے تہتر فرقے ہونگے۔ہر فرقے کے نام لے کر لعنت بھیجا ہے۔

۳۔امت قرآن کو چھوڑیں گے۔

تفسیر قرآن کے اقسام وانواع لکھنے والوں نے ایک کا نام تفسیر باطنیہ لکھا ہے جسے سب نے نامنظور غیر مقبول قرار دے کر مسترد کیا ہے باطنیہ دوسری صدی کے پہلے پچاس اسلام کے خلاف وجود میں والی ایک فرقہ ہے جس کے بارے میں ہم نے ایک مستقل کتاب میں تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے۔نیز کتاب دراسات فرق ومذاہب میں بھی لکھا ہے باطنیہ کو باطنیہ اس لئے کہا ہے انھوں نے ہر ظاہر کے لئے ایک باطن ہر تنزیل کے لئے تاویل کا دعویٰ کیا ہے ظاہر سے صرف نظر کر کے بے معنی بے فائدہ قرار دے کر باطن کو مرام ومقصود قرار دینے کا مطلب ہی آیات کو حجت سے گرامی اوران کے طرف سے صادر معانی تنہا درست قرار دیا ہے یہ اپنی جگہ استبدادی استحصالی عزائم ومنویات پر عمل درآمد ہے۔

ان کے لئے کیئے گئے معنی باطنی درست ہونے کا کوئی حیثیش برابر دلیل نہیں وہ خود مدعی ہے اور وہ خود گواہ ہے اور خود قاضی ہے جس طرح فاطمی حکومت قائم ہونے سے پہلے عبداللہ میمون خود لوگوں کو امام کی طرف دعوت دینے والے تھے خود امام تھے یہ فرقہ ایک شخص کی بنائی ہوئی نہیں ہے بلکہ یہودو صلیب مجوسیوں کی مشترکہ کمپنی کے ساخت ہے غرض و غایت جس طرح اخوان صفا نے اعلان کیا ہے ان کے نظر میں دین کو شیشتشو کرنے کی ضرورت ہے دین شیشتشو کر کے کفرو

شرک کو بحال کرنا ہے اس کے لئے انھوں نے مختلف متعدد منصوبہ بندیاں کی ہیں ان میں ایک تفسیر قرآن ہے۔ تفسیر ق رآن کے نام سے قرآں کو معاشرے سے ہٹانا ہے اس عزم ناپاک کے لئے انہوں نے تفسیر قرآن فہم قرآن کے لئے ایک لمبی مقدمات پیش کیا ہے۔

تفسیر باطنیہ، یعنی فرقہ باطنیہ کے منہج تفسیر پیش کرنے سے پہلے خود ان کے اسلام اور قرآن کے بارے میں معتقدات بیان کرنا ضروری ہے باطنیہ کے بارے میں ہم نے ایک مستقل کتاب لکھی ہے مزید کتاب درسات فرق و مذاهب میں حرف،، با،، میں لکھا ہے اس مذہب کی بنیاد ابی الخطاب اسدی، جابر جعفی، منذر جاروت، میمون دیصان، وغیرہ کے اسلام دشمنی کی بنیاد پر وجود میں لائی ہے مسلمانوں کے بھیج میں رہ کر اہل البیت کے نام سے ہر سو سے ہر طرف سے اسلام کا انہدام ان کا منشور دلی رہا ہے۔

تفسیر مفسرین ذھبی جلد۲ص ۲۵۶ پر لکھا ہیں اس فرقے کی بنیاد مامون رشید کے دور میں عراق کی زندان میں وجود میں آیا جہاں اس زندان میں عبداللہ بن میمون قداح فرزند میمون دیصان محمد بن حسن معروف زندان جنھیں چار بچے کے نام سے وجود میں آئی انھوں نے اس مذہب کی منشور بنائی ہے کلی طور پر ان کی منشور تمام شرائع کو منہدم کرنا ہے بالخصوص شریعت اسلام کا. یہ وہی منشور ہے جو یہودیوں کی خفیہ تنظیم ماسونیہ نے بنائی ہے جن کو وہ یہودی نہ کر سکے ان کو بے دین ملحد بناتے ہیں لوگوں کو دین سے بے گانہ بنانے کا ایک ذریعہ تنظیم قرآن کریم کی تفسیر قرار دیا ہے۔

انہوں نے قرآن قرآن کے نام سے قرآن سے نفرت کرنے یا قرآن کو باطل گردانے کا عزم محکم کیا ہے عبداللہ بن حسن قیروانی نے ایک خط میں سلیمان بن حسن جنانی کو ایک لمبی خط لکھا ہے تشکیک تورات وانجیل اوران کو کہا ہے شرائع کو کلی طور پر مشکوک بنائیں اور یہ ثابت کریں انسان وبشر وہ نہیں ہے جو آدم ابوالبشر سے پھیلا ہے بشر پہلے سے موجود تھے عبیداللہ بن حسن قیروانی کی اس بیان سے ان کی ادیان سابقہ خاص کر اسلام کے ساتھ عداوت کو واضح ہوا یہاں سے انھوں نے قرآن کو کنارے پے لگانے باطل کرنے مشکوک گردانںے اور معطل کرنے کے لئے ہے اصطلاح جعل کی ہے کہ ایک ظاہر ہے اور ایک باطن ہے ظاہر باطن کا چھلکا ہے ظاہر کا باطن سے یا باطن کا ظاہر سے نسبت مغز کا چھلکے سے جو ظاہر قرآن پر عمل کرتے ہیں وہ اس دنیا کے عذاب میں مبتلاء ہوتا ہے جو باطل قرآن پر عمل کرتا ہے اسے شریعت سے نجات ملتا ہے کس طرح انھوں نے قرآن کو کنارے پے لگانے کے لئے اصول بنایا ہے تفاسیر باطنیہ کی طرف کہ انھوں نے آیات قرآن کا کس طرح سے تفسیر کیا ہے۔

ا۔ وضوء ہے وضوء سے مراد موالات امام ہیں۔

۲۔صلوۃ سے مراد امام ناطق مراد ہیں جو سورہ عنکبوت کی آیت ۴۵ میں ہے۔

۳۔غسل سے مراد جس کسی نے مذھب کی اسرار کو فاش کیا ہے تجدید عھد کریں۔

۴۔زکوۃ سے مراد تزکیہ نفس ہے۔

۵۔کعبہ سے مراد نبی ہے باب سے مراد علی ہے۔

۶۔صفاء سے مراد نبی ہے مروہ سے مراد علی ہے۔

۷۔میقات سے مراد ایناس ہے۔

۸۔تلبیہ سے مراد اجابت دعا ہے۔

۹۔طواف سے مراد موالات ائمہ سبعہ ہے۔

۱۰۔جنت سے مراد جسم کو تکالیف شرعیہ سے آزاد کرنا ہے۔

۱۱۔نار سے مراد ظاہری عبادت انجام دینا ہے۔

(ضرورت تفسیر کی توجیہات (قوسین کے اندر جتنی عبارت لکھی ہے یہ دوبارہ لکھا ہے اس کی اصل آگے آئے گا)

تفاسیر باطنی:

۱۔قرآن میں کلمات غرائب بہت ہے جو ہر کس کے لئے سمجھنا ممکن نہیں۔

۲۔قرآن میں اعلیٰ وارفع معانی ومعارف ہے اس تک پہنچنا آسان نہیں ہے۔

۳۔قرآن میں کلمات مشترک لفظی بہت ہے یہاں کس معنی میں استعمال ہوا ہے۔

باطنی سے مراد صرف فرقہ باطنیہ نہیں ہم باطنیہ کو اس کی بنیاد سے متعارف کریں گے باطنیہ وہی ماسونیہ یہودی کی پیش رفتہ شکل کو کہتے ہیں ظاہری تعارف میں کہا ہے کہ وہ ظاہر کو نہیں باطن اشیاء کے قائل ہے دنیا میں ایک ظاہر ہوتا ہے جو نظروں میں آتا ہے مثلاً کلمات حروف سے مرکب ہے کلمات مرکب سے کلام بن جاتا ہے کلام اپنی جگہ ایک قسم کی حکایت خبر ہوتا ہے۔ظاہر کو ملغی نظر انداز کرنے کے بعد باطن پر ایمان اعتراف کرنے کا کوئی جواز نہیں بنتا ہے۔

۲۔باہر موجود اثرات اس باطن پر دلالت کرتا ہے جیسے اللہ سبحانہ کبھی ظاہر نہیں ہوتا ہے باطن ہی ہوتا ہے لیکن کائنات کی ہر چیز اس پر دلالت کرتی ہے کلام میں بھی ایک ظاہری معنی ہوتا ہے اس سے ایک معنی باطن بھی لے سکتا ہے جس پر یہ کلام دلالت کرتا ہے لیکن باطنیہ جو معنی بتاتے ہیں وہ ظاہر کلام سے بالکل غیر مربوط ہوتا ہے لہذا یہ معنی اس ظاہر سے ہے اس کا کوئی ثبوت نہیں ہوتا ہے۔

جو ظاہر سے منہ موڑ کر نظریں ہٹا کر باطن نا معلوم باطن مجھول باطن نا قابل فہم کی طرف دعوت دینے والے انسان کو حقیقت سے روگردانی کروانا ہے لغت افہام و تفہیم کے لئے وضع ہوا ہے لغوی معنی کی طرف سے صرف نظر کر کے یہ کہیں جو ہم کہتے ہے اسی کو لے لیں اس کا نام استبداد ہے یعنی جو میں کہتا ہوں اس کو مان لے یہ ہمیشہ فاقد دلائل والوں کی منطق ہوتی ہے یہاں سے ہم یہ کہہ سکتا ہے کہ تمام فرقے اس باطنیہ کے شاخ اوران کے ریزہ خوار اوران کی لشکر ابرہہ ہیں فرقے والے کہتے ہیں ہر چیز کی دلیل نہیں ہوتی ہے دلائل کے جگہ ہماری باتیں سنیں بلکہ دلائل کو چھوڑیں ہماری باتیں سنیں۔

تفاسیر باطنی یا قرآن توڑ مساعی:۔

باطنیہ نے قرآن کی تفسیر کس نہج پر کس زاویے سے کی ہے اس بارے میں گفتگو کرنے سے پہلے خود باطنیہ کی تھوڑا مختصر سا تعارف کرنا ضروری ہے باطنیہ کے بارے میں ہم نے مستقل کتاب لکھی ہے اور دراسات میں بھی ان کے بارے میں کافی روشنی ڈالی ہے لہٰذا مزید تکرار نہیں کرتے اما قرآن کے بارے میں یا ان کے قرآن کی شناخت کے بارے میں تعارف ضروری ہے اس سلسلہ میں عرض ہے باطنیہ وہ دوسری جماعت ہے جس نے قرآن کو عمق گہرائی سے پہچان لیا ہے یعنی روئے زمین میں کوئی چیز ہماری بنیادوں کو مسمار اور سکھا نہیں سکتے ہیں سوائے ادیان کے اور ادیان میں سب سے زیادہ اسلام ہے اسلام میں قرآن ہے چنانچہ ان سے پہلے قرآن کو پہچان کر قرآن سے دوبدو جنگ مشرکین نے کیا تھا مشرکین نے کہا تھا محمدؐ بغیر قرآن قبول ہے لیکن قرآن کسی صورت میں قبول نہیں لہٰذا انھوں نے محمد کو مہنگی ترین پیش کش کی ہے آپ کی ہر بات ماننے کے لئے تیار ہے صرف قرآن نہیں انھوں نے کہا یہ سحر ہے یہ جادو ہے یہ اللہ کی طرف نسبت دینا جھوٹ ہے اللہ نے نہیں کہا ہے اگر اللہ کی طرف سے صحیح ہوتا ہے تو آپ پر نہیں بھیجتے ہیں آپ پر بھیجنا اس بات کی دلیل ہے کہ یہ اللہ کا نہیں ہے۔

انھوں نے اچھی طرح سے سمجھ لیا کہ قرآن اللہ ہی کا ہے عرب قرآن کو کیوں نہ سمجھیں یہ انہی کی زبان میں نازل ہوا ہے جس طرح محمدؐ کو سمجھنے کیلئے سب سے زیادہ سزاوار یہود تھے انہوں نے محمدؐ کو اچھی طرح سے سمجھا اسی سمجھ کی بنیاد پر محمدؐ سے مزاحمت مقاومت کیا، وہی لوگ سمجھنے کا مستحق تھے اگر مشرکین کے سمجھ میں نہ آتا تو کسی اور کے سمجھ میں نہیں آتا قرآن عربی زبان میں تھا اور قریش عربی زبان کے اعلیٰ پائے فصاحت و بلاغت پر فائز تھے لیکن ان کا سمجھنا گرائش جھکاو کی بنیاد پر نہیں تھے ان کا قرآن کی شناخت شناخت دشمن تھے انسان کے لئے ضروری ہے دوست کے ساتھ دشمن کی بھی شناخت کریں لیکن بے چارہ مشرکین منتشر پراگندہ ہونے کی وجہ سے کسی مسئلہ پر اتفاق نہ ہونے کی وجہ سے قرآن سے

مزاحمت کرنا مقابلے کرنے کی حیلے طریقے ان کو نہیں آتے تھے لہٰذا انھیں شناخت قرآن کا فائدہ نہیں ہوا لہٰذا مشرکین کو قرآن کے مقابلہ میں ہزیمت اٹھانا پڑی ان اسباب وعلل کا دقت اور باریکی سے جائزہ لیا خود قرآن سمجھنے کی کوشش سحر انگیز بیان مسلمانوں کا اس سے لگاو وجھکا واس کا دقت باریکی سے جائزہ لیا پھر اپنے لئے اپنے پاس اس کا مقابہ کرنے کے لئے اس سے دوبدو لڑنے کے لئے کیا ذرائع ہوسکتا ہے اسکا بھی جائزہ لینے کے لئے انھوں نے تجربات یہودی پروٹوکولات تلموت ماسونیہ میں آیا ہے دو طریقے سے مزاحمت آئی ہے ہے مزاحمت دشمنی میدانی میں یہودیوں نے دین نصاریٰ کو روکنے کے لئے سلاطین رومی کے اندر نفوذ کیا۔ سلاطین روم کے ذریعے انھوں نے مسیحیوں کو تتر بتر منتشر کیا حضرت عیسیٰ کو دار پر کھینچا۔

۲۔ دوسرا طریقہ دوستی میں آے چہرہ دوستی میں آیا رجعت مسیح کا قائل ہوا مسیح کو اللہ کا بیٹا بنایا اس طرح سے نصاریٰ کو خالص مشرک بنایا باطنیہ نے دیکھا اسلام کی روح قرآن ہے، قرآن کے ہوتے ہوئے ہر قسم کی کاوش ضائع بے فائدہ ہے نیز مسلمان قرآن کے خلاف ذراسی بھی آنکھ مچولی برداشت نہیں کریں گے یہاں سے انہوں نے تمام تر توجہ قرآن پر لگایا کلی طور پر یہودی سیرت پر عمل کر کے تمام شریعت کے خلاف اعلانیہ بغاوت کر کے سنت رسول سے بغاوت کرے ہر میدان میں سے بغاوت کر کے سنت رسول کو کنارے پر لگانے کے لئے حدیث کو قرآن پر مسلط کیا پھر فقہ کو آگے لایا قرآن کو پیچھے کرنے کے لئے شعوبیوں کو آگے لایا۔ نحو سازوں کو آگے لایا ان کے زبان سے قرآن قرآن کرایا ،قرائت قرآن کا شعبہ کھولا کلمات قرآن کو مسخ کرنے کے لئے لغویین کو لایا بچے کچے ضمیر فروشوں دین فروشوں شکم پرست مولویوں کے لئے تخریب دین کیلئے بجٹ بنایا اور کسی بھی دروازے سے قرآن کو اٹھانے کا سوراخ بھی بند کیا اور قرآن کے نام سے قرآن کے خلاف لکھنے والوں کو مفسرین قرآن کا اعزاز دیا۔ کراچی میں محفل خراساں کے امام جس نے قرآن سے توجہ ہٹانے دور کرنے کیلئے اردو قرآن بنایا تا کہ سیکولر قرآن کو رد کرنے کیلئے اردو قرآن استعمال کریں۔

یہاں سے اہل فکر و دانش عقل وخرد والے کہتے ہیں ایک طریقہ شناخت تعریف بضد ہے یک از طریقہ شناخت آپ کے بارے میں آپ کے دشمن کیا کہتا ہے یہ جاننا ضروری ہے دشمن کی دوزبان ہوتی ہیں۔

۱۔ زبان مدح ہوتی ہے۔ وہ ان کے خاص الخاص کو اکسانے کے لئے کرتے ہیں مسلمانوں کو ٹھنڈا کرنے اپنوں کو اٹھانے کے لئے کرتے ہیں چنانچہ شعوبی دوگروہ تھے۔

۲۔ خود کو عرب دوست پیش کرتے تھے اور بعض عرب دشمن اس طرح قرآن سے مقابلے کیلئے دوگروہ بنائے ایک میدان عمل میں اتارا اور قرآن کو کنارے پر لگانے پر تلے ہوئے ہیں ایک قرآن کی تعریف پر تلے ہوئے ہیں ایک قرآن

فہمی کے لئے لوگوں کو آمادہ کرتے ہیں۔دوسرا قرآن قرآن مت کرو اس نتیجے پر پہنچا ہے کہ قرآن ہر کس و ناکس کا نہیں۔

ہم نے کہا تھا تفسیر باطنیہ صرف وہ تفسیر نہیں جو مفسرین نے تفسیر باطنی کے نام سے بیان کیا ہے بلکہ وہ تفاسیر بھی تفسیر باطنی ہے جسے انھوں نے اپنی جگہ تفسیر ظاہری کہا ہے باطنیوں کے دو قسم کی تفسیر ہے ایک مرکزی حیثیت رکھتا ہے جہاں کہیں ان کے باتیں سننے کے لئے آمادہ ہو یا خود باطنی ہو وہاں تفسیر باطنی خالص لاتے ہیں سامع یا قاری ان کے مخالف ہو ان سے اتفاق نہیں کرتا ہے ان کے لئے انہوں نے ان کے لئے یا مسلمانوں کے لئے ایک الگ تفسیر مختلف نام انداز میں تفاسیر لائی ہے ان تفاسیر میں فارسی کو کسی نہ کسی طریقے قرآن دور کریں۔

۲۔دوسرا عام مسلمانوں کے درمیان میں کرتا ہے جہاں وہ اچھے عبارات کلمات کے استعمال کر کے ایک ایسی کلمات چھوڑتا ہے جیسے قرآن کو وہ جو مقام اللہ نے دی ہے وہ گراتے ہیں۔

دو مرحلے بنائے ہیں ایک خالص باطنیہ ہے کہ جو سرے سے توحید رسالت معاد قرآن سب کو خیر باد کرے جسے آج کل کی اصطلاح میں سیکولر کہتے ہیں دوسرا باطنیہ نفاقی ہے وہ مسلمانوں کے بھیس میں رہے اور کام باطنیہ کیلئے کرے باطنی اہداف کیلئے کرے یہاں سے ایک شخص یقین واطمینان سے کہہ سکتا ہے تفسیر باطنی صرف وہ تفاسیر ہیں جو باطنیوں نے پیش کی ہے بلکہ جو تفاسیر فرقوں کے پاس ہیں وہ بھی سرے سے تفسیر باطنی ہے۔اس میں بھی بھرپور طریقے سے کوشش کیا ہے کہ قرآن کو سرے سے نکالا جائے صرف برائے نام قرآن قرآن کرے یہ دعویٰ ہے لیکن اس کے ثبوت میں بہت سے دلائل پائے جاتے ہیں۔

۱۔قرآن کریم میں قرآن کو بنیاد اساس کو محکمات کہا ہے جس کیلئے کوئی دوسرا کوئی احتمال ممکن ہی نہیں ہے۔دوسرا حصہ جو محدود ہے وہ متشابہات ہے اس کو تفسیر کرنے کا نہیں کہا ہے۔

۲۔باطنیہ نے کہا ہے ایک ظاہر ہوتا ہے اور ایک باطن۔پھر شروع کیا تفسیر کا آغاز اس طرح کیا ہے ظاہر قرآن حجت ہے یا نہیں کہا ہے امت کا اتفاق ہے ظاہر قرآن حجت ہے لیکن پیغمبر کے دور میں وہ منسوخ ہو سکتا ہے جس قرآن کیلئے اللہ کے فرمایا ہے حجت بالغہ ہے جسے رد نہیں کر سکتا ہے۔مفسرین نے کہا ہے اس کی حجت ہونا نا ہونا مسلمانوں کے ہاتھ میں ہے اختلاف ہے اس میں حجت ہے یا نہیں جب تک مسلمان قرآن حجت ہونے کا اتفاق نہیں کریں گے قرآن حجت نہیں ہو سکتا تو انہوں نے تفسیر میں آیات قرآن کی تقسیم ظاہر و باطن سے کیا ہے محکم و متشابہ سے نہیں کیا ہے۔یہاں سے واضح ہو جاتا ہے تفسیر کی بنیاد رکھنے والے باطنی ہیں۔

۳۔حضرت محمدؐ کی نبوت قرآن سے ثابت ہے۔آپ کی فعل طور و طریقہ تغیر دامن حدیث میں پرورش پائی

ہے۔اس سے بھی ثابت ہوا کہ مفسرین خود رگ باطنی رکھتا ہے۔

۴۔تفسیر قرآن میں لکھا ہے تفسیر قرآن دامن حدیث میں پرورش پائی اس کی دلیل یہ ہے کہ تفسیر اصول فقہ،فقہ معتزلہ واشاعرہ یہ سب جڑواں ہیں۔

تفاسیر باطنیہ:۔

قرآن کریم کے الفاظ کلمات آیات کا ظاہری معانی کے علاوہ کوئی باطنی معنی بھی ہوتا ہے جسے قرآن کریم میں تاویل سے تعبیر کی ہے جیسا کہ سورہ کہف میں آیا ہے عبدالصالح نے جو اعمال غیر عادی انجام دیا تھا ان اعمال کے اسباب وعلل جو بعد میں بیان کیا ہے اس کے بارے میں کہا ہے یہ ان اعمال کا تاویل تھا باطنیوں کی تفسیر باطنی سے مراد وہ تفاسیر نہیں جو آیات کے کلمات کے سیاق وسباق سے مربوط ہو کلمہ باطن ظاہر کے مقابلے میں آتا ہے ہر ظاہر کا ایک باطن ہوتا ہے لیکن وہ باطن ظاہر سے بالکل الٹ نہیں ہوتا ہے وہ باطن ظاہر سے مربوط ہوتا ہے۔

ظاہر اس باطن کا شب دلیل رہنما ہوتا ہے جسے قرآں میں عالم دوحصوں میں تقسیم کیا ہے:

۱۔عالم ظاہری

۲۔عالم باطنی

بواطن سے مراد وہ ہے جو اس خمسہ میں نہیں آتا ہے باطن کلی یا باطن حقیقی باطن واقعی جو بھی انقلاب ظاہر نہیں ہوتا ہے منقلب نہیں ہوتا ہے وہ ذات اللہ تبارک وتعالیٰ ہے لیکن دنیا کی ہر ظاہر اس باطن کی دلیل ہے اگر سوچنے والا انسان نہ ہوتے اگر یہ کائنات اپنے وجود میں متغیر نہ ہوتے یہ آثار فتانہ نہ ہوتے تو وجود الہ پر کوئی دلیل نہیں ہوتے کائنات کی ہر وجود وجود اللہ پر دلیل ہے لیکن جو تفسیر باطنیہ پیش کرتے ہیں وہ الفاظ وکلمات آیات سے نہیں نکلتا ہے وہ کلام سے بالکل غیر مربوط تفسیر ہے اس تفسیر کے ہونے کے بارے میں کسی قسم کی شواہد قرائن دلائل نہیں ہوتا ہے۔

سوائے وہ باطنیہ ملحد وکافر دعویٰ کنندہ وہی دعویٰ کرنے وال اہے وہی مدعیٰ ہے اور وہی گواہ ہے۔تفسیر باطنیہ سے مراد صرف وتفاسیر مراد نہں ہے جو فرقہ اسماعیلیہ پیش کرتے ہیں بلکہ اس سے مراد ہر وہ تفاسیر ہے جو آیت قرآن سے غیر مربوط ہے یہ تفاسیر ہمیشہ معاندین اسلام منافقین مذاہب منحرفہ ادیان باطلہ پیش کرتے ہیں اس تفسیر میں فرقہ مخصوص باطنیہ کے علاوہ اہل تشیع کے تفاسیر فرقہ بھائیہ کا تفسیر فرقہ صوفیوں کے تفاسیر سب شامل نہیں آئے ان میں سے ہر ایک کی ایک دو تفاسیر پیش کرتے ہیں۔

کتاب تفسیر والمفسر ون تالیف محمد حسین ذھبی ج ۳ ص ۲۸۸ پہ لکھتے ہیں بھائیوں کے باب نے سورہ یوسف

کے بارے میں بات کی ہے گرچہ باب قرآن نہیں مانتے ہیں اس نے خود کتاب لایا ہے لیکن وہ اثنا عشری سے نکلے ہوئے تھے ابتداء میں وہ اثناعشری تھے لہٰذا اپنی مدعیٰ کو خود کو پیش کرنے کے لئے اس نے بعض آیات کی تفسیر اپنے مقصد کے لئے کیا ہے وہ سورہ یوسف کی آیت ۴ جہاں حضرت یوسف نے حضرت یعقوب سے کہا بابا میں نے گیارہ ستاروں کو میرے لئے سجدہ کرتے ہوئے دیکھا ہے جس مین وہ بھابی کہتا ہے یوسف سے مراد نفس رسول ہے ثمرۃ سے بتول ہے حسین بن علی ہے انھوں نے اپنے باپ علی سے کہا میں نے گیارہ ستاروں کو مجھے جھکتے ہوئے دیکھا ہے شمس سے مراد زہرا ہے قمر سے مراد محمد ہے اور نجوم سے مراد آئمہ ہیں۔ تو علی نے کہا کہ یہ رویت میں اپنے بھائیوں سے نہ کہو، بھائی نے کہا ہے جو کچھ قرآن میں آیا ہے صلوۃ زکاۃ صیام حج کعبہ بلد الحرام ان سے یہ معانی مراد نہیں ہے اس سے مراد آئمہ ہے چنانچہ امام صادق سے منسوب کر کے لکھتے ہیں انتم الصراط قرآن میں جو صراط ذکر ہوا ہے اس سے مراد آپ ہیں امام نے فرمایا نحن صراط قرآن میں جو صراط ہیں وہ ہم ہیں زکاۃ ہم ہیں صیام ہم ہیں ہم ہیں حج ہم ہیں بلد الحرام ہم ہیں کعبہ الحرام وجہ اللہ ہم ہیں جنت ونار قرآن میں جو آئے ہیں وہ جنت ونار حقیقی ہے یہ رمزی ہے۔

تفسیر صافی تالیف فیض کاشانی ج ا مقدمہ سوئم میں لکھتے ہیں امیر المومنین نے کہا ہے کہ قرآن میں تین حصوں میں تقسیم ہیں ایک حصہ ہم اور ہمارے دشمنوں کے بارے میں ہے ایک سنن وامثال اور ایک حصہ احکام کے بارے میں نازل ہوا ہے ہر ایک کا ایک معنی ظاہر ہوتا ہے اور ایک معنی باطن اور ہر ایک طابن کے لئے سات بطون ہیں۔ تفسیر صافی ج اص ۸۵ پر اھد نا الصراط المستقیم کے بارے میں امام صادق سے نقل کرتے ہیں صراط دو ہیں ایک دنیا میں ہے ایک آخرت میں ہے دنیا میں صراط سے مراد امام مفترض باطاعہ ہے جو دنیا میں اپنے وقت کی امام کو نہیں پہچانیں گے اس کی پیروی نہیں کریں گے وہ آخرت کے صراط سے نہیں گزر سکیں گے۔

دوسری روایت میں ہے صراط سے مراد امیر المومنین ہیں تیسری روایت میں آیا ہے نحن صراط مستقیم تفسیر صافی ج ا ص ۹۱ میں حروف مقطعات کے بارے میں صاحب تفسیر لکھتے ہیں اسرار غربیہ حروف مقطعات میں سے یہ ہے ترکیب کرتے وقت مکرر حرف کو حذف کرنے کے بعد یہ جملہ سنتا ہے علی صراط حق نمسکہ اور علی حق نمسق ہے کتاب سے مراد کتاب علی ہے جو لاریب فیہ ہے تفسیر صافی میں اس جیسی تفاسیر سے پر ہیں یا یوں کہتے تفسیر باطنی کا ایک شاخص تفسیر ہے۔

یک از تفاسیر باطنی تفاسیر صوفی ہے ان کی تفاسیر بھی آیا ظاہر سے مبانی ومزاج ہے قرآن سے باہر ہے ان کے بھی تفاسیر انواع واقسام ہیں صوفی شیعی یا اسماعیلی کی تفاسیر اپنی تمام تر اختلافات تشتطات منتشرات کے باوجود سب کی بازگشت قرآن سے دوری ہے قرآن تمسک سے روکنا ہے ہدایت کی دروازے کو بند کر کے ضلالت کے دروازے کو کھولنا ہے۔

صوفی دو گروہوں پر مشتمل ہے ایک گروہ فلسفی ہے یہ اتباع فلسفہ یونانی ہے فلسہ یونان سے قرآن کی آیات کو موڑا ہے۔

۲۔ دوسرا صوفی عملی ہے ریاضت قناعت کشکول نماز بے معنی بے جا سے آیات قرآن کا غیر مربوط تفاسیر پیش کی ہے پہلے مرحلے کے مفسر محی الدین عربی ہے ان کے نام سے ایک تفسیر ہے تفسیر ابن عربی بعض اس تفسیر کو ان سے نفی کرتا ہے علی ای حال ان کی ہو یا ان سے منسوب ہو تفسیر تفسیر صوفی ہے ہر آیات نظریہ فلسفہ یونان سے جوڑ کے کرتے ہیں سورہ مریم کی آیت ۵۷ میں ادریس کے بارے میں رفعنا مکانا علیا سے مراد سورج کو لیا ہے جس کے نیچے سات افلاک اوپر سات افلاک ہے اور خود سورج پندروں فرلک ہے مرج البحرین کی تفسیر میں فیولائے جسمانی اور عبر روح سے جورا ہے وہ نظریہ وحدت کے داعی تھے وہ اللہ کے علاوہ سب کو باطل کہتے تھے کائنات میں صرف اللہ کے علاوہ کسی بھی وجود کے قائل نہیں تھے اور خود اللہ اور اللہ کے بارے میں شک کرتے تھے کہ اللہ خود ہے یا خود اللہ اس کے بارے میں شک کرتے تھے۔

وحدت وجود کے اخطاب میں ابی یزید بسطامی حسین حلاج شبلی وغیرہ آتا ہے کتاب تفسیر والمفسر ون ج ۳ ص ۳۶۸۔

باطنیہ تہتر فرقوں میں سے ایک ہے یا فرقوں کا خالق:۔

اس بارے میں باطنیہ کے بنیادی عقائد اور دیگر فرقوں کے عقاید و سرگرمیاں دیکھنے ہونگے کہ ان سے مختلف ہے یا ان کی عقائد و نظریات دیگر فرقوں میں مماثلت پائے جاتے ہیں مسلمانوں میں گرچہ تہتر فرقے بتاتے ہیں لیکن ان کو دو فرقوں کے چھتری میں تقسیم کئے ہوئے ہیں شیعہ اور سنی دونوں میں مصادر عقائد و شریعت قرآن اور سنت رسول کو گردانا جاتا ہے لیکن شیعہ بطور صریح کہتے ہیں قرآن اور سنت دونوں اہل بیت سے لیتے ہیں اس سے واضح ہو جاتا ہے وہ قرآن اور سنت کو بطور مستقم نہیں لیتے ہیں نیز ہر دور میں امام کا ہونا ہوا رجعت تقیہ کتمان انتظار مہدی عام مسلمانوں سے نفرت کے حوالے سے شیعہ یا عین باطنیہ نظر آتا ہے چنانچہ دونوں امامیہ میں شامل ہیں لیکن اہل سنت پر باطنیہ کا کتنا سایہ ہے ان کی کتابوں میں باطنیوں کے خلاف سخت تند و تیز لہجہ پایا جاتا ہے اس بارے میں بہت کچھ تجزیہ و تحلیل کرنے کی ضرورت ہے آئیں دیکھتے ہیں۔

مصدر دین اسلام قرآن اور سنت محمد ہے اہل سنت قرآن اور محمد سے کہاں تک قریب ہے قرآن کے بارے میں اہل سنت کا موقف واضح ہے انہوں نے قرآن سے انتساب سے گریز پرہیز کرتے ہوئے اپنے کو خالص سنتی متعارف کیا ہے، جس طرح شیعہ نے دونوں سے انتساب توڑا ہے۔ اہل فکر و دانش خاص کر قرآن اور سنت دونوں کو مصدر اسلام قرار

دینے والوں کے اذھان میں چندین سوال آتا ہے دونوں کو رکھنے میں کیا قباحت تھی۔قرآن کو یہاں یہاں سے ہٹانے کی کیا وجہ تھی۔

۳۔قرآن پر سنت کو قاضی وحاکم قرار دیا ہے۔

۴۔سنت کو قرآن سے بے نیاز قرآن کو سنت کے نیازمند قرار دینے کے بعد پہلے دوسوال کا کچھ حد تک جواب مل جاتا ہے کہ قرآن ایک کتاب طفیلی سنت مانتے ہیں چنانچہ قرطبی نے اپنی تفسیر کے مقدمہ میں اس حدیث کو باطل و بے بنیاد قرار دیا ہے،قرآن ہی کسوٹی صحت وسقم حدیث ہے۔

۵۔خود سنت سے کس حد تک وابستہ ہے اس سلسلے میں سنت منسوب مرفوع سے سنت اصحاب سنت اتباع اور بعد میں قول سلف سے سنت اصحاب کو شامل کر کے میدان عمل سے سنت رسول کو بے دخل کیا ہے۔

یہ حدیث اپنی سند ومتن دونوں حوالے سے مسئلہ متنازعہ بحث طلب ہے۔

باطنیہ حسن فرق ہے:

بعض اصحاب دوسرے تیسرے درجہ اصحاب کے ہوتے ہوتے پہلے درجہ کے اصحاب حتیٰ اہل بیت کے گھرانے سے زیادہ ان سے احادیث نقل ہوتی ہے یہاں تک علماء حدیث نے انہیں مکثر بن احادیث کا لقب دیا ہے لہٰذا ان سے منقول احادیث مشکوک مخدوش نظر آتا ہے کہ نبی کریم نے فرمایا ہے یا ان سے منسوب کیا ہے۔

۲۔علماء حدیث نے احادیث کو اسناد کے حوالے تین حصوں میں تقسیم کے ہے احادیث صحیحہ۔

۳۔احادیث ضعیفہ پر عمل نہیں کر سکتا ہے جبکہ فقہاء ومفسرین دونوں نیا حدیث ضعیفہ پر عمل کرنے کا حکم دیا ہے۔

۴۔احادیث رسول بحکم قرآن اطاعت رسول میں آتا ہے اس کے لئے تعین جازم چاہیے کہ یہ رسول اللہ نے فرمایا احادیث ضعیفہ قطع اور نہیں بلکہ ظن آور ہے ظنی حجت نہیں جس حدیث کے بارے میں یقین نہ ہو کہ نبی کریم نے فرمایا یا نہیں ہم کیسے کہہ سکتے ہیں یہ سنت رسول اللہ ہے۔

۵۔اہل سنت دوسری تیسری صدی کے بعد مثل یہود آنکھ بند کر کے دین کو علماء کے دورا ہے سے بندھا ہے ان کے اقوال فتاویٰ کو سنت کا درجہ دیا ہے لہٰذا اس وقت سنت رسول سے بھی بہت دور فاصلہ پر کھڑا الھذا وہ خرافات اور باطنیہ کے اہداف کو پروان دیتے ہیں مصروف ہے ان کے تمام پوری پیش روایات قرآن اور سنت رسول سے دور ہے۔

قرآن اور تفسیر بالرائے:

تصدی وتوجہ بقرآن سے یکسرہ یکطرف روکنے کے لئے اٹھائے گئی دوسری لاٹھی کا نام تفسیر بالرائے ہے جسے کبھی

تفسیر بالرائے اور کبھی تفسیر اجتہادی کہتا ہے تفسیر بالرائے بطور قطعی عند الکل مذموم مقدوح ممنوع تفسیر ہے جبکہ تفسیر اجتہادی کی کبھی مذمت کرتے ہیں اور کبھی اس کی تعریف کرتے ہیں بلکہ تفسیر اجتہادی کے آغاز یا ابتکار کو تابعین اور اسلاف کی طرف برگشت کرتے ہیں لہٰذا ضروری ہے کہ ہم تفسیر بالرائے کو تحلیل کر کے تفسیر بالرائے معنی واضح کرتے ہیں ۔تفسیر بالرائے کسے کہتے ہیں؟ یہ کہاں سے نکلی ہے؟ کس نے شروع کی ہے؟ کون اس کا مبتکر ہے؟ اس کے مبتکر و بانی جاننے کے بعد ہم لفظ رائے کا کلمہ اور اس کا معنی معلوم کرتے ہیں رائے قرآن کریم میں کثرت سے استعمال ہوا ہے۔ شاید اس جیسا کوئی کلمہ استعمال نہ ہوا ہو رائے، رائی، رایت، رایتک، رایتکم اور رایتھم بھرے ہوئے ہیں صاحب کتاب عمدۃ الحفاظ القرآن نے لکھا ہے کلمہ رائے بمعنی بصارت دو معنیٰ مین استعمال ہوا ہے ایک اپنی آنکھوں سے دیکھنا اگر رائے کو ہٹا دیں گے تو دنیا اس کے لئے تیر و تار ہے مدخل علوم بصارت ہے باقی سماعت رہ جاتی ہے اسکی کوئی حیثیت نہیں ہے سماعت و بصارت ختم ہونے کے بعد عقل کوئی کام نہیں کرتا باب علوم رایت ہے۔

دوسرا معنی علم ہے آپ کو پتہ نہیں چلا آپ کو معلوم نہیں ہوا اس کا بھی برگشت رویت پر ہوتا ہے ایک دفعہ آنکھوں سے خود چیز کو دیکھتا ہے اس کو رویت بصری کہتا ہے دوسری چیز اس کو اثر کو دیکھ کر موثر پر ایمان لاتے ہیں اس کو رویت علمی کہتا ہے چنانچہ پیغمبر کے بارے میں آیا ہے ﴿وَ لَقَدْ رَآهُ نَزْلَةً أُخْرى ☆عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهى ﴾ (النجم۔۱۳،۱۴) محمد نے ایک دفعہ اللہ کو سدرۃ المنتھیٰ پر دیکھا تو یہ رویت علمی ہے الم تر کیف فعل ربک با اصحاب الفیل کیا آپ نے نہیں دیکھا ہے اصحاب فیل کے ساتھ ہم نے کیا کیا جس وقت اصحاب فیل آئے تھے محمد دنیا میں نہیں تھے وہ رویت علمہ ہے خلاص رائے آنکھوں سے دیکھنا رائے عقل سے اثر دیکھ کے موثر پر ایمان لانا ن اس کا نام رائے اللہ کے مشرکین وملحدین کے تمام تر احتجاج تنقید مذمت اس پر ہے کہ تم کیوں نہیں دیکھتے کیوں نہیں۔

سوچتے کیوں نہیں دیکھتے یہ رویت بصری ہے کیونکہ سمجھتے رویت علمی ہے رویت کی طرف دعوت کے باوجود تفسیر بالرائے کی شدت سے مذمت اس بات کی عکاسی رہنمائی کرتا ہے یہ دوسری صدی میں قائم اصحاب رائے در احکام شرعیہ کی مذمت میں پیدا ہوا ہے اور ایک گروہ خاص کی مذمت ہے وہ ہے قرآن کو چھوڑ کے عقل کو چھوڑ کر صرف عقلی سواری پر سوار ہو کے میدان مارنے والے محمد کی جگہ پر بیٹھ کے میری عقل کہتا ہے اللہ اور ہے اور اس کی صفات اور ہے عقل پہلے ہے قرآن بعد واصل بن عطاء اور اس کی جماعت کی رائے ہے۔ان کی ضد میں عقل کیا ہوتی ہے عقل سحیرہ ہے مثل مسئلہ ہے عقل عمل ہے عقل کو کوئی حق نہیں اصل حدیث ہے اہل نے آ کے عقل کو تنقید کیا ہے۔

اہل حدیث نے معتزلہ کے ضد میں عقل کو تنقید کیا ہے معتزلہ نے اسلام کے ضد میں قرآں کو کنڈم کیا ان کے

بھاگ دوڑ میں کرکٹ کھیل میں لھویات میں مسابقات میں کیوں دوڑیں قرآن میں کثیر آیات میں مشرکین کی خطاب میں عقاب آیا ہے کیوں عقل نہیں کرتے کیوں تفکر نہیں کرتے کیوں نہیں سوچتے آیا مشرکین سے یہ کہا ہے قرآن کو لے جا کر قرآن کے معانی ابوبکر سے کیوں نہیں پوچھتے علی سے عمر سے کیوں نہیں پوچھتے شعمی اور شخص سے کیوں نہیں پوچھتے ایسا ہے؟

تفسیر بالرائے کی مذمت کرنے والوں سے سوال ہے یہ لمبی چوڑی ۳۵ آیت حضرت علی کی منصوصیت ہونے کے بارے میں پیش کی ہے آیت بلغ آیت اکمل آیت سال سائل آیت رکوع آیت تطہیران میں نص برامامت کہاں سے نکلی ہے اگر آپ کا رائے نہیں ہے زواج متعہ کہاں سے نکلی ہے رائے نہیں ہے عقل سے کلام نکلتا ہے کلام سے عقل نکلتا ہے کلام سمجھنے کے لئے عقل چاہیے عقل کو سمجھانے کے لئے کلام چاہیے۔

عقل اور کلام والد و مولود ہیں انڈہ اور مرغی ہیں اس طرح کھیل کے قرآن سے دور رکھا ہے منصفین بھی اس وادی میں گر گئے ہیں ہادی معرفت جیسے بحاث محقق یہاں پھنس گئے ہیں تفسیر رائے مسترد کیا اس لئے کہ احادیث کو رد نہیں کر سکتے تھے تفسیر اجتہادی کو رد کیا چونکہ خود مجتہد تھے مجتہد کے داعی تھے مجتہد کے پرورده تھے مجتہد کے ریزہ خوار تھے اجتہاد کا ستون رائے وادی رائے ہے اور رائے کی برگشت اپنا خیال ہے اور اس کے لئے ان کے پاس دلیل نہیں دلیل طلب کرنے والوں کو لاٹھی اور دھمکی ہے۔

۲۔تفسیر قرآن ہے تفسیر قرآن لکھنے والوں نے اس کلمے کی وضاحت میں لکھا ہے کلمہ تفسیر مغلوب سفرہ یا دونوں مترادف کلمہ ہے دونوں کا معنی کشف حجاب کشف قناع ہے تفاسیر پڑھنے کے بعد نتیجہ یہاں پہنچا ہے کہ کشف قناع ممکن نہیں ہے، معانی حقیقی قرآن ممکن نہیں اس سلسلے میں چند مثالیں پیش کرتے ہیں اس سلسلے میں چند مثالیں ملاحظہ فرمائیں

ا۔صاحب مفاتیح الغیب محمد بن عمر رازی ملقب فخر رازی متوفی ۶۰۶ھ یہ اشعری مسلک کے تھے علوم یونان فلسفہ کلام کے تبحر تھے آپ نے تفسیر کبیر کے نام سے اپنی تفسیر کو قیل وقال سے پُر کیا ہے یہاں تک صاحب الاتقان فی العلوم قرآن نے لکھا ہے فیہ کل شی ءالاّ التفسیر اس میں ہر چیز موجود ہے صرف تفسیر نہیں ہے ہم اس میں یہ قضاوت نہیں کر رہے ہیں کہ یہ تفسیر ہے یا نہیں لیکن رائے عامہ ہے کہ یہ ۳۲ جلد تفسیر نہیں ہے۔

۲۔علامہ محمد حسین طباطبائی متوفی ۱۴۰۲ھ نے المیزان فی التفسیر قرآن بقرآن کے نام سے ۲۰ جلد لکھے ہیں تفسیر لکھتے وقت بیچارے معاشرے میں مطعون بدنام تھے قاضی قضاۃ انقلاب اسلامی ایران مرحوم بہشتی نے کہا میں ایک دن ان کے گھر گیا اور گھر سے وہ درس کے لئے نکلے تو میں ان کے ساتھ مسجد تک گیا درس چھوڑ کے آنا بھی میرے لئے

مسئلہ تھا ان کی اھانت ہوتی تھی حلقے میں شامل ہونا بھی مسئلہ تھا حلقے سے دور کسی ستون کے ساتھ بیٹھ کے سنتا رہا ان کے تفسیر کے بارے میں بھی یہی مقولہ رائج ہوا ہے کہ یہ کتاب فلسفی ہے تفسیر نہیں یہ شیعوں کا کہنا ہے ڈاکٹر فھد نے اتجاھات فی التفسیر کے نام سے چار جلد لائے ہیں۔

تفاسیر سنی شیعہ پر تبصرہ آئی ہے تو المیز ان کے ذکر کرتے ہوئے اس نے لکھا ہے فیہ کل شی ءاچھی کتاب ہے الاّ ان مفسرہ شیعی یعنی مفسر مؤلف شیعہ ہے شیعہ اس جملے ڈاکٹر فہد کی،، یہ تفسیر شیعی ہے،، اسلئے اچھا نہیں ہے لیکن اس کا مراد یہ نہیں ہے ان کا مراد یہ ہے شیعہ میں ہوتے ہوئے تفسیر نہیں لکھ سکتے یا یوں کہیں کہ کسی فرقے میں ہوتے ہوئے تفسیر نہیں لکھ سکتے ہیں۔فرقے تفسیر لکھتے وقت تین اصول سامنے رکھتے ہیں تحقیق تقلید تفریق ایک جہت سے تحقیق کرتے ہیں بہت سی میں منوعن گزشتگان کی تقلید کرنے موخر میں فرقہ کی امتیاز شناخت کو باقی رکھتے ہیں۔

فرقہ خود گلے میں پھنسنے والی ھڈی ہے اس سلسلے میں کہنا ہے کہ تفسیر بالرائے کے مذمت میں لکھتے ہیں فرقے والے تفسیر قرآن لکھتے وقت اپنے فرقے کے حق میں لکھتے ہیں' بلکہ تفسیر قرآن کیلئے نہیں بلکہ اپنے فرقے کو یہ ثابت کریں میں اس فرقہ سے ہوتا ہے۔علامہ طباطبائی بھی اسی طرح کے تھے وہ فرقے میں رہ کے تفسیر لکھتے تھے اس کی چند ثبوت ہیں ۔

۱۔شیعوں نے جن آیا متشابھات سے حضرت علی کی امامت کے لئے استدلال کیا تھا صاحب مفسر قرآن بقرآن نے بھی آیات کو چھوڑ کر انھیں روایات موضوعہ کی چھاؤ میں ٹھتری کے نیچے آرام فرما کر آیات غیر مربوط کو نص سے ربط دیا ہے یہ دلیل ہے کہ یہ شیعہ ہونے کی

۲۔ ہر آیت کے بعد اس آیت سے متعلق روایات کو بحث روائی کے عنوان سے جمع کیا ہے کسی بھی روایات کے بارے میں اظہار خیال تک نہیں کیا ہے تفسیر امام حسن العسکری تفسیر قمی تفسیر صافی تفسیر برھان سب کو چھوٹ ملی ہے

۳۔اثبات متعہ کے بارے میں کلمہ استمتعتم سے استدلال کی ہے کلمہ متاع لذت اٹھانے کو کہتا ہے یہ وقتی ہوتا ہے حالآنکہ متاع گھر کے سامان کو کہتا ہے متاع مرغن کو نہیں کہتا ہے حلویات کو نہیں کہتا ہے گھر میں موجود ہمیشہ استعمال ہونے والی سامان کو کہتے ہیں متاع بیت ہمیشہ کے لئے زندگی بھر کے لئے لائے تو اس کا اتنا لذت نہیں ہے جتنا چند دن کے لئے لانے والی عورت کی لذت ہے آپ نے تفسیر قرآن بقرآن پیش کر کے اندر انھیں روایات عقل قرآن سے متصادم روایات کو اٹھایا ہے۔

۴۔ ہمارے استاد ڈاکٹر صادقی تہرانی نے الفرقان فی تفسیر القرآن لکھا ہے تفسیر قرآن بقرآن شروع کرنے سے

وفات تک مطعون رہے' انقلاب اسلامی ایران قیام حکومت اسلامی کے بعد جب قم تشریف لائے یہاں بھی درس تفسیر کو جاری رکھا لیکن فرقوں کو قرآن سنجیدگی سے اٹھانا کیسے برداشت ہے یہ کتاب جہاں مشرکین کے شرک سوز تھا وہاں توسل کے نام سے جاری شرک کے بھی سوز تھا۔قم میں دوران درس حلقہ درس مسجد سے نکالنے کے لئے ہمارے ملک کے وحدت مسلمین کے سربراہ نے لاٹھی بردار لشکر حکومتی ہے وہاں سے نکالنے کے لئے لے گئے تھے ہمیں بھی ان کے تفسیر میں جانے کے جرم میں ہمارے علماء نے خانے میں محصور کیا ہے آیت اللہ ۲۰ تفسیر لکھنے کے بعد بھی فرقے سے نہیں نکل سکے روایت خذ ماوفق القرآن، وضرب الجدار ماخالف القرآن کے صارخ نے خمس کو متعہ کو تقلید کو حدیث کساء امام مہدی جیسے بے بنیاد عقائد کو ثابت ثابت کرنا چھوڑا نہیں۔

۵۔امام خمینی نے انقلاب اسلامی کے کامیاب ہونے کے بعد تہران منتقل ہونے سے پہلے ختم قرآن درس تفسیر قرآن دیا جو بعد میں چھپ گئی اردو میں بھی ترجمہ ہوا اس میں آپ نے لکھا ہے حقیقی تفسیر قرآن ممکن نہیں اور اب تک کسی نے لکھا بھی نہیں ہیں اور جو کچھ لکھا ہے سرسری شرح لفظ ہے۔انقلاب کا یہ عقیدہ تھا انقلابیوں نے تفسیر قرآن کو چھویا نہیں ہے۔

اب ہم آتے ہیں آیا قرآن دنیا کے دیگر کلام سے بالکل مختلف ہے یا اسی کلام کی نوعیت ہے۔

یہاں سے سوال آتا ہے قرآن خود دن تن تنہا سمجھ میں نہ آنے والی کتاب ہو تفسیر بھی ممکن ہو گویا یہ کتاب اپنے ناقابل سمجھ ہونے میں انجیل تورات جیسی کتاب ہے بقول باطنیہ دوم قرآن کی زبان بھی زبان لاطینی جیسا ہے جو خاص خاص بلکہ خواص الخاص سمجھتے یہاں سے نتیجہ اخذ کرنا آسان ہوگا ہمارے پاس جیسے بھی تفاسیر ہے باطنیوں کی تفسیر ہے۔

کلام کی تعریف میں لکھتا ہے الکلام افاد المستمع فائدۃ تامۃ کلام وہ ہے جو مستمع کو فائدہ تامۃ دیتا ہے کلام کا غرض و غایت مستمع کو قانع کرنا منوانا ہے کلام متکلم کے حوالے سے سامع کے حوالے سے اصل کلام کے حوالے سے متنوع ہوتی ہے کلام عوامی ہوتا ہے عام انسانوں کو افہام تفہیم کے لئے وہاں کوئی مفسر نہیں ہوتا ہے۔

کلام ایک دفعہ ھنر مند سے متعلق ہوتا ہے فن سے متعلق ہوتا ہے لیباٹری کا ڈاکٹر لیباٹری کے شاگردوں سے خطاب کرتا ہے عام آدمی نہیں سمجھ نہیں سکتا شاگرد اچھی طرح سمجھ سکتا ہے ڈاکٹر شاگرد سے خطاب کرتا ہے جہاں نہیں سمجھے سوال کرتا ہے سیاسی ستی درس گاہ میں درس دیتا ہے طلبہ سمجھتے ہیں ایک دفعہ شاگردوں سے خطاب کرتے ہیں کبھی ایک دفعہ میدان میں آ کے روٹ میں آ کے عوام سے خطاب کرتے ہیں ڈاکٹر ایک دفعہ شاگردوں سے خطاب کرتے ہیں ایک دفعہ مریض سے خطاب کرتے ہیں مریض سے خطاب کرے تو مریض کی سمجھ میں آتا ہے ملک کے فوجی سربراہ ایک دفعہ

سپاہیوں سے خطاب کرتے ہیں ایک دفعہ عوام سے خطاب کرتے ہیں سب کے سمجھ میں آتا ہے ایک دفعہ جرنلوں سے خطاب کرتے ہیں جہاں دوسروں کو سمجھانا مقصود نہیں ہوتا ہے خطاب الفاظ ومعانی پر تسلط وقدرت کا نام ہے الفاظ کی ذخائر کا نام ہے۔

قدرت سازی کا نام ہے تو بتاؤ کائنات میں انسانوں کو قوت کلام دینے والی ھستی قوت گویائی دینے والی ھستی قوت بیانی دینے والی افہام وتفہیم کے قوت دینے والی ہستی جب خود خطاب کرتا ہے تو اس کا خطاب گونگ ہو جاتا ہے یہ کونسی منطق ہے یہ کونسی زبان ہے مشرکین مکہ جہاں تیرہ سال آپ نے خطاب کیں ایک طرف جاھل انپڑھ لجوج لدود مشرکین تھے ایک طرف آپ تھے وہاں نہ علی درمیان میں تھے نہ ابن مسعود نہ ابوبکر وعمر بھیج میں تفسیر کرتے تھے تیرہ سال بغیر ترجمان ومفسر مشرکین ٹھیک ٹھیک طرح مشرکین سمجھ میں آئی مدینے میں تشریف لانے کے بعد اصحاب کے سمجھ میں نہیں آئی گویا یہ کہیں نعوذ باللہ قرآن سمجھی میں مشکلات صرف ایمان تھے ایمان لانے کے بعد فھم قرآن غائب ہو جاتے ہیں واضح الفاظ میں بتاؤں مسلمانوں کو قرآن سے اجنبی دور کس نے کیا تو یہ کہہ سکتا ہے علم نحو، علم فقہ، علم اصول فقہ، فلسفہ نے قرآن سے اجنبی کیا ہے۔

قرآن کی تفسیر کیوں ضروری ہے:

ہر غیر عادی غیر روایتی کے بارے میں سب پوچھتا ہے دنیا میں سیاست دان خطاب کرتا ہے علماء خطاب کرتا ہے فن ھنر والے خطاب کرتا ہے کاروباری افراد ایک دوسرے سے خطاب کرتا ہے ان کی کلمات کی تفسیر نہیں ہوتی ہے۔ دنیا میں کسی بھی کلام کی تفسیر نہیں ہوتی ہے زیادہ سے زیادہ توضیح تشریح ہوتی ہے کیونکہ تفسیر کے معنی ہے کشف غطاء کلام پر لگے پردے کو ہٹانا ہے نقاب کو اٹھانا ہےجیسا کہ مفسرین نے کلمہ تفسیر کی وضاحت میں بتایا ہے مبہم نا سمجھ کلمات کی توضیح کو تفسیر کہا ہے دنیا میں کسی کی کلام کی تفسیر نہین ہوتی ہے حتی ہمارے ہاں پیغمبر کے کلمات کی تفسیر نہیں کہلاتے ہیں کلمہ تفسیر مخصوص ہے قرآن کے لئے۔ یہاں سے سوال پیشاہے کہ صرف قرآن محتاج تفسیر ہونے کی کیا اسباب ووجوہات ہیں۔ قرآن کی کیوں تفسیر چاہیئے قرآن کی تفسیر کی ضرورت کے بارے میں کیا جواب دیتے ہیں کہتے ہیں قرآن عام لوگوں کی کلام جیسا نہیں خالق کائنات کا کلام ہے۔

قرآن حقائق ومعارف سے بھرے ہوئے کلام ہے اسلئے اس کی تفسیر کی ضرورت ہے۔

۳۔قرآن میں غیر عربی کلمات استعمال ہوا ہے۔

مفسرین نے ضرورت تفسیر کی توجیہ بنائی ہے ان کی ضرورت توجیہ کی وجوہات یہ ہیں

۱۔قرآن کریم میں کلمات غریبہ ہے چنانچہ انھوں نے کلمات غریبہ پر کتابیں لکھی ہیں (مؤلفین کا نام لکھنا ہے)
کہاہے عربی زبان میں ایک کلمہ بہت سے چیزوں کے لئے استعمال ہوا ہے جسے انھوں نے کلمات مشترک معنوی رکھا
ہے جس کے لئے انھوں نے ایک مثال دی ہے کلمہ ولی کلمہ عین ان دو کلموں کے لئے بہت سے معانی بیان کی ہے اب
قرآن میں یہ کلمہ جہاں جہاں آئی ہے معلوم نہیں ان سے کونسی معنی مراد لی ہے۔

۳۔قرآن میں ایک چیز کے لئے دو لفظ آیئے ہیں ان دونوں میں کونسا لفظ استعمال کریں بلکہ ایک جز کے لئے
چندین معنی کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں مثلاً سورج کے لئے اتنی الفاظ استعمال ہوا ہے کھجور کے لئے اتنے الفاظ استعمال
ہوئے ہیں اور اونٹ کے لئے اتنے الفاظ استعمال ہوا ہے (یہاں وہ سارے الفاظ درج کرنا ہے)۔

۴۔حقیقت ومجاز کبھی کلمہ اپنے معنی حقیقی میں استعمال ہوتا ہے اور کبھی مجازی میں استعمال ہوتا ہے معلوم نہیں ہوتا
ہے کہ حقیقی معنی میں استعمال ہوا ہے یا مجازی میں یہ لغت کے لحاظ سے ہے۔

۵۔قرآن دیگر کلام جیسا نہیں ہے قرآن اللہ کا کلام ہے اللہ کا کلام کلاموں کا اللہ ہے جس طرح اللہ بلند ہے
انسان کے وھم وخیال اللہ تک نہیں پہنچتا ہے اسی طرح انسان کا ذھن اللہ کی کلام تک پہنث نہیں سکتا ہے یہ وجوہات کلام
کے حوالے سے ہے۔

۲۔مخاطبین کے حولے سے قبائل وعشائر سے بھرے ہوئے ہیں عربی میں مشترک ہے لیکن ہر قبیلے کے اپنے
اپنے زبان ہیں کچھ چیزیں اپنی جگہ فرق ہے جیسے اردو سب کی ایک ہے لیکن علاقے کے حوالے سے فرق ہے عربوں میں
بھی اس طرح سے ہے عرب عدنانی ہے قحطانی ہے حجازی ہے مختلف ہے۔

کیا وجوہات قرآں اور اس کے مشکلہ الیہ سبحانہ تعظیم وتوقیر ہے یا باطنی زبان عقدہ وحقد کی زبان میں قرآن اور
اللہ کی شان میں اہانت وجسارت ہے۔

۴۔متکلم بذات خود عاجز وقاصر ہے مطلب کو ادا نہیں کر سکتے اس سے قریب افراد اس سے مائنوس افراد اس
سے صحبت میں رہنے والے افراد مطالب کو اپنی زبان میں وضاحت کرتا ہے جیسے بچہ کوئی چیز طلب کرتا ہے تو سمجھ میں نہیں
آتا ہے تو ماں سے پوچھتا ہے یہ کیا کہتا ہے باہر جائیں لوگوں کے سمجھ میں نہ آئے تو باب سے پوچھتا ہے کہ بچہ کیا کہتا
ہے۔

۵۔خود لگت میں عیب ہے نقص ہے وہ یہ ہے اس لغت میں دنیا کی لغت سے ہٹ کر بیان)
یہاں ہم اس کلام کی عناصر ترکیبی کو کھولنے کی ضرورت ہے اس کلام کی ایک عنصر لغت کلام میں ہے اس لغت میں گنجائش

نہیں اس کی تفسیر کی ضرورت پڑی ہے۔

۱۔لغت کلام ہے یہ کلام جس لغت سے لینی ہے یہ لغت بذات خود ایک معما لغت ہے جس میں قدرت بیان نہیں ہے جیسے حبشی زبان کُردی زبان بلتی زبان شنائی زبان پنجابی زبان بلوچی پشتوئی زبان سرائکی زبان سابق زمانے کے سنسکرتی زبان یا لاطینی زبان قدرت بیان نہ ہونے کی وجہ سے متروک ہو رہا ہے آیا لغت عرب جس میں یہ قرآن آئی ہے ان زبانوں جیسا زبان ہے اس میں مواد ادائیگی کم ہے یہ بات یہ فارمولہ یہ باطل ہے زبان عرب دنیا میں بہترین زبان ہے ہر چیز کی ادائیگی کے لئے اس میں کلمات فراوانی سے ملتے ہیں جس کی وضاحت ہم بعد میں کریں گے لغت میں خرابی نہیں ہے۔

۲۔مستمعین مخاطبین جن سے خطاب ہے اگر مخاطب بچہ ہو اگر مخاطب دیوانہ ہو تو ان سے خطاب نہیں ہو سکتی۔

اگر مخاطب غیر عربی ہو تو یہ لوگ غیر عرب نہیں سمجھیں گے جب تک وہ عربی زبان کو نہیں پڑھیں گے۔

۳۔متکلم کی قدرت بیان میں نقص خامی ہے جسمانی طور پر لکنت رکھتا ہے یا کوئی جرم وجنایت کا ارتکاب کیا ہے چنانچہ موسی نے فرعون سے خطاب کرنے میں اپنی خامی بیان کیا ہے(آیت لکھنا ہے)ایک زبانی نقص کو پیش کیا ہے ایک مخاطبین کی نظر میں مجرم ہوں (آیت لکھنا ہے) اللہ سبحانہ خالق کلام اللہ ہے متکلم اللہ ہے ہر نقص وعیب سے پاک ومنزہ ذات ہے خالق انسان ہے خالق عقل ہے خالق سماعت ہے اور معلم بیان ہے دوسروں کو بیان سکھانے والا ہے کیسے ممکن ہے متکلم میں عیب ہو۔

۳۔ٹھیک ہے قرآن جو ہے صرف عرب کے لئے نہیں ہے دنیا بھر کے انسان کے لئے ہے دنیا بھر کے انسانوں کے لئے ہے۔

۴۔مثال دیتے ہیں پہلی کلاس والے سے خطاب خطاب تعلیم الگ زبان میں دیتے ہیں۔

ہمارے پاس قرآن فہمی کے لئے چار ذرائع ہے:

۱۔سب سے پہلا ذریعہ لغت عرب ہے۔لغت میں بھی دخل اندازی کی ہے۔

جس طرح حدیث گزشتہ اقوام وملل کی علماء بادشاہ یہاں وطباء روز فلاسفہ کی کلمات سے پر کیا ہے لغت عرب جمع کرنے والوں کی اکثریت شعوی تھے شعوبی یعنی غربوں سے عداوت نفرت رکھنے والے اس سلسلہ میں انوار جندی نے ایک کتاب لکھی فصحی لغت عرب سے اس میں کلمات جو قومین لغت میں جمع ہے بیان کیا ہے ابھی سے کتنے متروک اور کتنے استعمال میں بیان کیا ہے ملاحظہ کریں

لہٰذا لغت میں بھی بحث کرنے کی ضرورت ہے لغت سے اصلی معنی کیسے اخذ کریں تحریف سے محفوظ لغت کہاں سے اخذ کریں اس کا کوئی اصول ہے یا نہیں ماہرین دواؤں میں غلط اجزاء کی تشخیص کرتا ہے غذا میں ملاوٹ کی تشخیص کرتا ہے غرض مرکبات میں اجزائے اصلی اور اجزائے ملاوٹی میں تشخیص دنیا میں آسان ہو گیا لیباٹریاں وجود میں آئی ہیں آزمائش گاہیں وجود میں آئی ہیں تو لغت میں تحریفات نکالنا کوئی دشوار نہیں ہے۔

قرآن کا معنی لغت سے نکالنا اس کی پہلی تفسیر ہے یہاں سے یقین اطمنان ضرس قاطع دل مطمئن سے کہ سکتا ہے یہ تفاسیر تفسیر باطنیہ ہے اس کی دلیل یہ ہے کہ لغت کو تیسرے درجے پر پھینکا ہے ۲ دوسرا مسلمان درس گاہوں میں لغت قرآن کا شعبہ نصاب میں نہیں' اگر ہے وہ لغت قرآن کا نہیں لغت جاہلیت کا ہے رکھا ہے جب تک ملاوٹ نکالنے کا شعبہ قائم نہیں ہونگے ہم ان کو باطنیہ کہتے رہیں گے دنیا بھر میں ہر زبان میں اللہ نے انسان کے بارے میں کہا ہے ہم نے انسان کو بیان سکھایا ہے تو بیان کا بیان ہوتا ہے بہت نادر ہوتا ہے تو تمام زبانوں میں سب سے اعلیٰ سب سے زیادہ اپنا مرام مقصود بتانیکی صلاحیت رکھنے والی زبان زبان عربی ہے قرآن کریم میں اللہ نے اس قرآن کو عربی زبان میں نازل کرنے کا ذکر کیا ہے سورہ نحل آیت ۔۱۰۳ سورہ شعریٰ آیت ۔۱۹۰، ۔۷ سورہ یوسف آیت ۲ سورہ رعد آیت ۳۷ سورہ طہٰ آیت ۱۱۲ سورہ فصلت آیت ۔۳ سورہ زخرف آیت ۳ میں عربی میں نازل کرنے کا ذکر کی ہے

عربی کا معنی ہی

عربی واضح اور فصیح کلام کو کہتے ہیں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے قرآناً عربیاً • واضح اور فصیح زبان میں (نازل کیا) سورہ یوسف آیت ۔۲ عربی کا معنی ہی وضاحت بیان ہے جس میں کسی قسم کی شبہ نہ ہو چنانچہ غیر مزوجہ لڑکیاں ان کو غیر مبین کہا ہے وہ اپنی خوہشات کا اظہار نہیں کر سکتی بیوہ کو کہا بیوہ اپنی خواہشات کا اظہار کرتی ہے رضایت کا اظہا کرتی ہے تفسیر ہی: الکشف عن الشیء، وھواعم من النطق لانّ انطق مختص بالانسان عرب کے معنی تغییر ہے عرب کے معنی بیان ہے عرب کے معنی تحسین ہے ورب کے معنی ازالہ فساد ہے قرآن نے تکرار سے کہا ہے کہ یہ ایک کلام بیّن ہے قرآن نے سورہ فصّلت آیت ۔۴۴ میں کلام کو دو حصون میں تقسیم کی ہے

۱۔ کلام عجمی

۲۔ کلام عجمی کلام نامفہوم کو کہتا ہے کلام عربی کلام مفہوم کو کہتا ہے زبان واضح ہونے کی وجہ سے اللہ نے فرمایا ہے اس کے احکام بھی واضح ہے اس کے احکام میں بھی اجمال وابہام نہیں ہے جس کلام کو اللہ نے کلام مانوس سہل البیان کہا ہے باطنیہ نے اس کو الفاظ غریبیّہ کہا ہے باطنیّہ نے اس کو ظنیّ الدّ لالہ کہا ہے تب بھی قارئین مطمئن نہیں ہوں گے تب بھی انصاف

نہیں ملیں گے عربی کا معنی واضح ہونے کی ایک منطق شعوبیین نے کلمات آسان سے پڑھنے کے لیے صحیح پڑھنے کے لئے لگانے والے نشانی کو اعراب کہا ہے پورے عربی زبان آسان زبان ہے اور عرب میں بھی آسان زبان واضح زبان زبان مستعمل قریش ہے۔

قرآن قریش کی لہجے میں نازل ہوا لہذا قرآن کی کلمات کو کلمات غریبہ غرائب قرآن کہنے والے اپنے منہ کو دھولے اگر بد نیت نہیں ہے تو لغت قرآن کا درس رکھے تفسیر قرآن اس وقت وجود میں آئی ہے جس وقت احادیث دین وشریعت کا مصدر وحید بنے ہوئے تھے تفسیر قرآن کریم احادیث کے غلط وملط کی تمیز کرنے رہائی دینے کے لئے وجود میں نہیں آئی ہے بلکہ اس ڈر سے کہیں قرآن دوبارہ معاشرے پر حاکم نہ ہو جائے اسے روکنے کے لئے تفسیر قرآن نامی ایک شعبہ کھولا ہے لیکن اس عمل غلط کو مستند بنانے کے لئے انھوں نے تفسیر قرآن کو خود رسول اللہ سے اور آپ کے بعد اصحاب وتابعین سے انتساب کیا ہے جس طرح انھوں نے بدعت اجتہاد کو اصحاب اور رسول اللہ سے انتساب کیا ہے جب جھوٹ بولتا ہے تو جھوٹ چھپانے کے لئے اور جھوٹ بولنا پڑتا ہے یہ وجوہات کرتے ہیں عبداللہ بن عمرو بن عاص نے خصوص اجازت لے کر آپ سے حدیث لکھتے تھے یا حضرت علی آپ سے املاء لکھتے تھے آیات قرآن اور منع تدوین حدیث سے متصادم ہے۔

آئے دیکھتے ہیں پیغمبر کے دور میں تفسیر قرآن کے بارے میں انھوں نے کتنے غلط بیانی کی ہے کتاب اصول تفسیر ومناھج ص ۱۴ پر لکھتے ہیں اس وقت کے مسلمان عرب خالص تھے اپنی ذوق سلیقہ عربی کے حوالے سے قرآن کو اچھی طرح سمجھتے تھے۔

عرب اپنی ذوق اور سلیقہ میں بلند مقام رکھتے تھے لیکن قرآن کریم تمام عربوں کی زبان پر فوقیت رکھتے تھے اپنی الفاظ و اسالیب میں جو سمجھ میں نہیں آتا وہ ایک دوسرے کو بیان کرتے تھے اگر کسی کے بھی سمجھ میں نہیں آتا تو پیغمبر سے پوچھتے تھے۔

الفاظ قرآن سکھاتے وقت قرآن کے معانی کی بھی کرتے تھے تفسیر ۔

۲۔حدیث انس بن مالک نے کہا ہے عمر کو بقرہ یاد کرنے کے لئے چندیں سال لگانا پڑا عمر کو حفظ سورہ بقرہ کے لئے چندین سال لگ گئے ہیں تو یقیناً پیغمبر دنیا سے گزرتے وقت ایک تھائی بھی یاد نہیں ہوا ہوگا دوسری جگہ ص ۱۹ پے لکھتے ہیں عمر کو اب کا معنی نہیں آیا جب قرآن عربی خالص ہے عمر عرب خالص تھے عمر کی تاریخ میں آیا ہے وہ جذباتی تھے لیکن اتنی کن ذھن نافہم ناسمجھ تو نہیں تھے بلکہ تاریخ عمر میں آیا ہے وہ قریش کا سفیر بھی تھے بلکہ ایک سفیر کی اداء کلمات میں دوسروں سے زیادہ

کتنی صلاحیت ہونا چاہیے یہ تو کہیں نہیں آیا ہے کس نے اس وقت کے بڑی طاقت روم وفارس کو فتح کیا ہو بارہ سال امن و سکون کی حکومت چلایا ہو اس کو ابہ کا معنی نہیں آتا ہو اور اس کو سورہ بقرہ سمجھنے کے لئے چندین سال لگایا ہو اسکی تفسیر کہاں سے ملے گی۔

۳۔ لکھتے ہیں تفسیر قرآن میں اصحاب میں سے صرف چار مفسر قرآن نکلے ہیں:

۱۔ علی ابن ابی طالب

۲۔ عبداللہ ابن مسعود ۳۔ عبداللہ ابن عباس ۴۔ ابیہ بن کعب ہیں جہاں پیغمبر خود تفسیر فرماتے تھے اصحاب خود شغف قرآن رکھتے تھے آیات ایک دوسرے سے پوچھتے تھے کم سے کم مدینے کے آبادی ۴۰، ۵۰ ہزار کے تھے ۴۰، ۵۰ ہزار میں سے صرف چار افراد نکلے تو قرآن پر علیہ السلام ہوگا اور پیغمبر نے جو کلاس تفسیر رکھے تھے اس میں سے صرف چار آدمی نکلے

۳۔ انچاروں کے علاوہ دیگر اصحاب برجستہ زھین وفتین اصحاب تھے وہ کہاں گئے ان کو قرآن سے کوئی تعلق نہیں تھا یا یہ لوگ اس درس میں شامل نہیں ہوتے تھے وہ لوگ کہاں گئے تھے۔

۴ ان چاروں میں جو اس وقت کے اعلیٰ پائے کے مفسر اعلیٰ تھے جو تفسیر انھوں نے کی ہے وہ کہاں ہے کوئی کتاب ہے اگر منتشر بیان کو جمع کر کے کوئی سو روایات تفسیر قرآن کے سو آیات مستند پیش کرے شکوک وشبھات سے پاک تفسیر جس عبداللہ بن مسعود کو مفسر قرآن کہا ہے اس کا حشر فرقوں نے کیا کیا ہے اس کو بھی ذرا دیکھو کہاں ہے تفسیر قرآن از سنت کے بارے میں آیت اللہ خوئی نے لکھا جو پیغمبر درس تفسیر دیتے تھے اور قرآن کی تفسیر سنت رسول سے ہوگا کہتے ہیں پیغمبر سے نقل شدہ تفسیر قرآن بہت قلیل ہے نہ ہونے کے برابر ہے کہتے ہیں سیوطی نے پیغمبر سے مروی تفسیر قرآن کی چند صفحات لکھی ہیں

۵۔ مفسرین کا اس بات پر اتفاق ہے سب سے زیادہ جعلیات وضعیات خود ساختگی تفسیر قرآن میں ہے۔

۶۔ سب سے زیادہ منہ بولتا ثبوت ہمارے دسرس میں موجود کتب تفسیر ہیں جس میں تفسیر صافی، نور ثقلین، تفسیر برھان درمنثور کو دیکھنے کے بعد یقین کامل ہوتا ہے کہ انھوں نے قرآن کو احادیث رسول سے نہیں باندھا ہے بلکہ احادیث موضوعات سے باندھا ہے قرآن کریم کی آیات کو ظنیّ الدلالہ گردانے کے لئے اس کے کلمات کو تفسیر باطنی ۔ مروجہ تفسیر باطنیوں کا تفسیر ہے جہاں انھوں نے سنت اقوال سلف سے آیات کا معنی مفہوم مراد بیان کی ہے۔

یہ جو احادیث فہم علماء سلف سے آیات کی توضیح تشریح کرنا کس سند سے مستند ہے یہ طریقہ کس کی ایجاد کردہ ہے کس نے ایجاد کرنے کی ہدایت دی ہے؟ یہ طریقہ نہ متکلم قرآن کے ساتھ بنتا ہے نہ عربی زبان سے بنتا ہے یہ طریقہ متکلم کے شان

کے خلاف ہے عربی زبان کے بھی خلاف ہے آیئے پہلے تفسیر کا معنی کرتے ہیں کتاب عمدۃ الحفاظ جلد ۳ ص ۲۷۳ پر آیا ہے۔

تفسیر القرآن: بیان الفاظہ و بیان معانیہ واحکامہ، وتاویلہ حملہ علی المعانی اللائقہ، یہ الفاظ اس کے شان کے مطابق مناسب الفاظ بیان الفاظ بیان معانی واحکام ہے اور تاویل کا معنی اس کو ایک ایسے معنی پر حمل کرے جس کا ظاہر سے لائق ہو کبھی یہ معنی جاھل یا فوری شعور نہ رکھنے والا کرتے ہیں و قال الراغب : **والتفسير قد يقال فيما يختص بمفردات الالفاظ و غريبها فيما يختص بالتئويل ، تفسير کا لفظ** کبھی تو مفرد اور غریب الفاظ کے تشریح اور وضاحت پر بولا جاتا ہے اور کبھی خاص کر تحویل کے معنی میں استعمال ہوتا ہے اس لئے تفسیر رئیا تحویل رئیا دونوں کہتے ہیں صاحب عمدہ کہتے ہیں التحویل تفعیل من اٰلَ یَؤُولُ ، ای رجع فمعنی تحویل: الرجوع بالفظ عن ظاھرہ الی معنیً یستقیمُ بہٖ ذالک لفظ۔

تفسیر کا معنی مدلولات الفاظ ہے اور اسباب نزول وقائع احادیث ہے ام تحویل لفظ کو ایک ہی معنی کی طرف برگشت کرے جو اس سے مناسبت رکھتا ہو

تفاسیر مروجہ قرآن کریم تفسیر باطنیہ ہے اس کے لئے ہمارے پاس چند شوھد نا قابل انکار ہیں

۱۔مفسرین نے مصادر ماخذ تفسیر پیش کرتے وقت سب سے پہلا مصدر خود قرآن کو قرار دیا ہے بہترین تفسیر قرآن کا قرآن سے کرنا ہے قرآن کا قرآن سے تفسیر کرنے کا منطق اھل البیت کے نام سے دشمنان اھل البیت کو آگے لانے کی منطق جیسا ہے یہ قرآن سے جذبات سے کھینے کے لئے اھل قرآن کو دھوکے میں رکھنے کے لئے کہا ہے ایسے تفسیر لکھنے والوں نے اپنی تفسیر روایت ہی کو تفسیر واحد گردا اہے جیسے اصفراء قرآن المیز ان اور الفرقان ہے

۲۔قرآن کی تفسیر روایت منسوب یہ پیغمبر سے منسوب روایت یہ کہہ کر اصحاب سے منقول دوسرے نے عترت سے کروایا ہے تیسرے نے سلف سے کروایا

۳ قرآن کی دوسری تفسیر عقل سے کرایا عقل سے مراد عقل فلسفی کو آگے لایا ہے ایک نے تفسیر رائے کہہ کر مسترد کیا ہے کو تفسیر عقلی قرار دیا اور دوسرے نے ان کے ضد میں عقل کو مسترد کیا۔

فہم قرآں بغیر تفسیر سلف ممکن نہیں:

تفسیر قرآن خود بغیر اصول وقواعد تفسیر ممکن نہیں لھذا پہلے مرحلے میں ہمیں کتب تفسیر پڑھنا ضروری ہے تا کہ قرآن سمجھ سکے یہاں سوال پیش آتا ہے کتب تفاسیر بہت ہیں ان میں سے کونسی تفسیر پر اعتماد کرے آیا کوئی تفسیر موجود ہے جو قرآن کریم کے تمام مقاصد نزول پر محیط وحاوی ہو۔

۲۔اس تفسیر کے محتویٰ کے بارے میں اختلاف نہ ہو جسے سب تسلیم کرتا ہو یہاں کہتا ہے تفسیر قرآن کے لئے تفسیر سلف پڑھنا چاہئے کیوں کہ وہ عصر نزول قرآن سے نزدیک میں ہونے میں کونسی تکیہ پوشیدہ تھے تو یہاں سوال آتا ہے جن سلف نے تفسیر قرآن لکھی ہے وہ کونسی تفاسیر ہے وہ خود تفسیر لکھتے وقت کن کن تفاسیر پر اعتماد کرتے تھے آیا ان سے پہلے کسی نے تفسیر لکھی تھی جو سلفیوں کے ہاتھ میں آ گئی تھی یا انھوں نے خود کی تھی اگر خود انھوں نے کی تھی سلف تو دوسری تیسری دور میں تھے ان سے پہلے والے تفسیر قرآن کس طرح کرتے تھے ان کا کہنا ہے سلف تفسیر قرآن تبع تابعین سے لی ہے تابعین تبع نے تفسیر قرآن اصحاب سے لی ہے اصحاب کی تعداد ہزاروں سے گزر گئی ہیں اصحاب کے مراتب درجات ہیں۔

بعض نے پیغمبر کو دیکھا ہے سنا نہیں ہے ان میں انپڑھ جاھل عالم با فھم سب تھے ان میں سے کون کون تھے جو تفسیر قرآن سے زیادہ شغف رکھتے تھے اصحاب کے بارے میں لکھتے ہیں اصحاب کو جب قرآن میں کلمات غریبہ دیکھتے تھے خود دوسرے اصحاب سے پوچھتے تھے اگر ان کو نہیں آیا تو رسول اللہ سے پوچھتے تھے اصل مفسر قرآن خود رسول اللہ ہے نبی کریم کی فرائض نبوت میں سے ایک تبیین وتفسیر قرآن تھے جہاں پیغمبر لوگوں کو الفاظ قرآن سکھاتے تھے معانی بھی سکھاتے تھے تفسیر قرآن کی ضرورت کے بارے میں لکھتے ہیں:

۱۔ایک تو اس میں بہت سے الفاظ غریبہ ہے جو سب کو نہیں آتے۔

۲۔گرچہ اصحاب عرب خُلّص تھے لیکن آیات قرآنی اپنی جگہ معارف کا اوقیانوس بحر مواج معانی مفاھیم رکھتے تھے جس تک ہرکس وناکس کا پہنچنا ناممکن تھے یہاں سے علماء کہتے ہیں تفسیر قرآن کے لئے پہلے مرحلے میں اصول تفسیر پڑھنا ضروری ہے مفسرین نے فھم ودرک معانی قرآن مشکل اور دشوار ہونے ہرکسوناکس کی استطاعت سے خارج ہونے کے بارے میں چندین وجوہات سے استدلال کیا ہے۔

۱۔قرآن میں کلمات غریبہ موجود ہیں جو کہ خود عربوں کے سمجھ میں نہیں آتے تھے

۲۔قرآن کی معانی مفاہیم اتنا انچا بلند تھے جو ہر انسان کے لئے اس تک رسائی ممکن نہیں تھے

۳۔قرآن کریم جن پر نازل ہوا یا جس گھر میں نازل ہوا ہے یا جن سے خطاب ہوا ہے وہی قرآن کے معانی سمجھ سکتے ہیں۔

۴۔عربی زبان میں کلمات مشترک لفظی معنوی کلمات متضاد حد سے زیادہ ہے یہ کلمات یا تو کلمہ چندین معانی کے لئے وضع ہوا ہے پتہ نہیں چلتا ہے کہ یہاں کس معنی میں استعمال ہوا ہے یا ایک معنی کے لئے چندین الفاث وضع ہونے میں میں ان میں سے کونسی لفظ استعمال ہوتا ہے۔لفظ قسورہ قیل:ھوالاسد، وقیل :الرّمی، وقیل الصائد بعض نے کہا ہے قسورۃ سے

مراد، شیر ہے اور بعض نے تیرانداز اور بعض نے شکاری مراد لیا ہے سورہ مدثّر آیت ۵۱ میں آیا ہے۰ فرّت من قسورۃ ۰ یعنی شیر سے ڈر کر بھاگ جاتے ہیں۔ معلوم نہیں یہاں شیر کے لئے استعمال ہوا ہے یا تیر مارنے والے کے لئے ہے یا شکاری کے لئے استعمال ہوا ہے

۳۔ کلمہ عسعس کے معنی تاریکی ہلکی ہونے کے ہیں یہ کیفیت رات کے دونوں اطراف میں ہوتی ہے یعنی رات جب آنے والی ہو یا جانے والی ہو اس لئے سورہ تکویر آیت ۱۷ میں ۰ واللّیل اذا عسعس ۰ میں عسعس کے معنی رات کے آنے اور جانے دونوں ہو سکتے ہیں۔

۴۔ نکاح ،عقد کو بھی کہتے ہیں جماع کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے سورہ نور آیت ۔۳۲ سورہ احزاب آیت ۔۴۹ سورہ النساء آیت ۔۲۵

۵۔ قرء، حیض کو بھی کہتے ہیں اور طہر کو بھی کہتے ہیں سورہ البقرۃ آیت ۔۲۲۸ یہ کلمات کی بات ہے قرآن میں بہت سے حروف استعمال ہوا ہے مثلاً کلمہ من یہ حرف جار ہے اور یہ ۱۔ ابتدائی غایت ۲۔ تبعیض ۳۔ تبیین کے لئے آتا ہے ۴۔ اور حرف نفی اور استفھا کے ساتھ ہو تو استغراق جنس کے معنی دیتا ہے سورہ الحاقۃ آیت ۔۴۷ ۵۔ کبھی عوض کے لئے آتا ہے سورہ ابراہیم آیت ۳۷ میں تبعیض کے لئے آیا ہے سورہ نور آیت ۴۳ من السماء من جبال فیھا من برد ۰ میں من اولی ظرفیت کے لئے ہے اور دوسرا مفعولیت اور تیسر برائے تبیین ہیا ور سورہ مائدہ آیت ۴ میں تبعیضیہ ہے بعض نے کہا ہے کہ زائدہ ہے سورہ اسراء کی آیت ۱ میں ابتداء کے لئے آیا ہے سورہ آلعمران آیت ۹۲ میں تبعیض کے لئے استعمال ہوا ہے من سببیت کے لئے بھی استعمال ہوا ہے جیسے سورہ نوح آیت ۲۵ اسی طرح ،،با،،فا،،الی،،علی،، ہر ایک کی چندین معنی ہیں کس معنی کو لے لیں؟

۶ عربی زمان میں کلمہ اپنی جگہ اس کے حقیقی معنی میں استعمال ہونا ہے اور مجازی معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے کونسی معنی لے لیں؟ ان سب کا مجموعی سب کو نظر میں رکھ کر کہا ہے کہ قرآن کریم ظنی الدلالۃ ہے ظنی الدلالہ کا اگر آپ سادہ زبان میں عامی زبان میں پیش کریں تو ان عبارات میں پیش کر سکتے ہیں ۰ مانفقہ کثیر اَمّما تقولُ ۰ سورہ ھود آیت ۹۱ سورہ اعراف آیت ۹۸ سورہ انفال آیت ۔۶۵ سورہ توبہ ۱۲۷ سورہ حشر آیت ۱۲ سورہ منافقین آیت ۴ سورہ انعام آیت ۲۵ ہمارے دلوں پے پردہ ہے سورہ اسراء آیت ۴۶ سورہ کھف آیت ۔۵۷ سورہ فصلت آیت ۔۵ ،۴۴ سورہ لقمان آیت ۔۲۷

تفسیر قرآن بہ حدیث:

پہلے مرحلہ میں سنت رسول کے لئے کہا ہے پھر سنت کی تشریح میں فعل رسول کے علاوہ قول اور تقریر کو شامل کیا پھر سنت اصحاب کو بھی شامل سنت کیا۔

کتاب عقود المرجان ص ۳۷ پر لکھتے احادیث ضعیف سے تفسیر کرنا جائز ہے چنانچہ فقہائے امت نے رائے پر حدیث ضعیف کو مقدم رکھتے تھے امام احمد بن حنبل نے فرمایا حدیث ضعیف رائے سے بہتر ہے جب فقہ میں حدیث ضعیف سے فتویٰ دینا صحیح ہے تو تفسیر میں بھی جائز ہے کتاب قواعد حدیث من فنون مصطلح الحدیث تألیف جمال الدین قاسمی ص ۱۱۱ پر لکتے ہیں حدیث ضعیف وہ حدیث ہے جس میں شرط صحت کا فقدان ہے نہ اس میں حسن ہے حدیث ضعیف کے اقسام ہیں موضوع مغلوب شاذ منکر معلل مضطرب جب علماء حدیث نے حدیث ضعیف کو مردود کیا ہے تو پھر اس کو فقہ میں تفسیر میں لانے کی سند قرار دینے کی کیا منطق ہے۔

اس میں جائے شک وتردید ہے اعتراض نہیں ہوگا لیکن

اقسام وانواع تفاسیر میں سے سب سے بہتر اولیٰ تفسیر تفسیر قرآن بہ قرآن کو گردانا گیا ہے اس میں جائے شک وتردید نہیں دنیا کے ہر متکلم ہ مصنف ہر مؤلف ہر خطیب کلام کا توضیح وتشریح خود اس سے بہتر کوئی نہیں کرسکتا ہر وہ اسی اصول مسلمہ کے تحت تفسیر کی اقسام پر لکھنے والوں نے بہترین تفسیر قرآن کا قرآن سے گردانا گیا ہے لیکن ابھی تک کوئی ایسی جامع کتاب تفسیر قرآن بہ قرآن سامنے نہیں آیا ہے انہوں نے آیات محکمات کی تفسیر آیات متشابھات سے آیات متشابھات کا تفسیر روایات مرسلات اور فرقہ کی اعتقادات سے کیا ہے؟

یہ ایک سوال ہے کتاب کا عنوان تفسیر قرآن بہ قرآن ملیں گے مگر عند التفسیر وہ قرآن سے زیادہ اپنی منویات نظریات عقائد ترجیحات کو مقدم رکھتے ہیں اس ذریعے میں ایک واضح مثال تفسیر المیزان فی تفسیر القرآن پیش کرتے ہیں لیکن عند التفسیر آیت سے ہٹ کر روایات سے تفسیر کی ہے اور بحث روائی کو ایک خاص مقام دیا گیا ہے اور روایات پیش کرتے وقت روایات پر نقد کا قلم چلانے سے گریز پرہیز کیا ہے منجملہ آیات جیسے اس فرقے کے بزرگون نے نص برامامت میں پیش کی ہیں آیات کا امامت سے دور کا رشتہ نہیں تھے انھوں نے اس سلسلے میں روایات سے بنائی ہیں اور اس کو متواتر بنا کر ٹھونسا ہے جس کی وجہ سے جو معنی انھوں نے کی ہے وہ آیت سے اجنبی ہوگئے ہیں اس طرح کتاب اضواء البیان فی ایضاح قرآن بہ قرآن شنقیتی انھوں نے قرآن بالقرآن کہا ہے لیکن اندر سے انھوں نے احادیث اور فقہ سے تفسیر کی ہیں۔

تفسیر قرآن سنت رسول سے:

سنت رسول سے مراد فعل رسول ہیں آپ کا عمل خود تفسیر قرآن رہا ہے جیسے اقیموا الصلوۃ کی تفسیر آپ کے نماز پڑھنا سے

ہوتا ہے چنانچہ آپ نے فرمایا صلو کمارایتمونی اصلی آپ تابع قرآن ہیں تو یہ کہنے میں حق بہ جانب ہوگا آپ کے عمل مطابق قرآن ہوں گے لہٰذا یہ کہیں گے سنت شارح موضح آیات قرآن ہے سورہ نحل کی آیت ۴۴ بھی اس کی تصدیق وتائید کی ہے۔

۱۔ پہلے مرحلے میں سنت رسول میں تحریف کیا ہے سنت عمل رسول میں قولی اور تقریر کو شامل کیا۔

۲۔ دوسرے مرحلے میں جن کی سنت حجت ہونے کے لئے تنکہ برابر سند نہیں ان کو بھی بزور طاقت سنت میں شامل کیا ہے سنت اصحاب بھی سنت ہے۔

لیکن تفسیر قرآن سنت کے سلسلے میں اصول تفسیر تالیف خالد عبدالرحمان ص ۷۹ پر ابی داود سے کتاب امارات میں ترمذی نے اپنی کتاب علم میں ابن ماجہ دارمی میں امام احمد سے نقل کی ہے (عبارت لکھنا ہے متن حدیث قرآن کے برابر بھی دی ہے یعنی سنت بھی قرآن کے برابر مقدار میں دی ہے یہ حدیث اپنی جگہ سند ومتن دونوں حوالے سے موضوع بحث وتحقیق ہے اس پر ملاحظات ہو سکتے ہیں۔

۳۔ سنت تابعین سنت کا جزء قرار دیا ہے۔

یہ احادیث اپنی ضعف سند کے علاوہ تضارب تناقض تضادات سے پر ہے کتاب تفسیر والمفسر ون تالیف محقق علامہ ھادی معرفت جلد دوم ص ۳۰ پر احمد بن حنبل سے نقل کی ہے تین کتابوں کی بنیاد نہیں اعتماد ہو نہیں سکتی۔

۱۔ کتب غزوات ہے

۲۔ کتب ملاحم ہے پیش گویاں

۳۔ تفسیر اسی صفحے پر امام شافعی سے نقل ہے ابن عباس سے تفسیر کے بارے میں تقریباً سو حدیث نقل ہے اس سے زیادہ قطعی طور پر خود ساختہ ہے روایات تفسیر ضعف اسناد ارسال تقطیع جعلیات اسرائلیات سے پر ہے آفت تفاسیر میں تفسیر احادیث کتاب اللہ سے ناروا سلوک جو انسانی زندگی میں ایک قسم کی اجنبیت بے دردی لاوارثی کا رویہ ہے کسی نے دونوں ہاتھ میں ڈنڈا یا دودھار تلوار ہاتھ میں لے کر اجتماع میں کودا ہے میری باتوں کو نہ ماننے والوں کے لئے یہ ڈنڈا ہے ۔ایک قرآن کو اپنی رائے کے انڈر جو خود کہتا ہے وہی تفسیر قرآن ہے جیسے تفسیر اجتہادی کا نام دیا ہے۔ ۲۔ تفسیر علمی قرآن کریم کو سائینسی اکتشافات سے موازنہ کرنے کی تفسیر ہے۔ ۳۔ تفسیر صوفی انھوں نے قرآن کے ساتھ جو کھیلا ہے بے ربط معانی بنائے ہیں۔ ۴۔ تفسیر عقلی قرآن کی تفسیر پر عقل حاکم ہے عقل حجت ہے عقل آیات کو لجام دیتا ہے جو خلاف عقل ہے وہ نادرست ہے جیسے تفاسیر اھل عقلانیت کی تفسیر قدیم وجدید۔ ۵۔ تفاسیر منجمد فھم لغت فھم کلات مین تعقل سے روکنے

تداسیر اشعری۔٦۔تفاسیر فرق ومذاھب۔

باطنیوں کی تیسری واردات قرآن کریم پر بحث واردات ناسخ ومنسوخ ہے ان کا کہنا ہے قرآن میں آیات منسوخ نہیں ہے بعض نے بہت سی آیات منسوخہ کی نشاندہی کی ہے بعض نے اگر مگر لگا کر چند صورتیں بنائی ہیں سب سے زیادہ خطرناک صورت حال حدیث سے آیت سے آیت منسوخ کرنے کا تصور ہے کتاب اصول تفسیر وقواعدہ ص ۲۹۷ پر لکھتے ہیں نسخ کے معنی ازالہ ونقل ہے نسخت الشمس الصلہ سورج کی سائے ختم ہوا نسخت الکتاب یعنی ہم نے اس کی نقل اتاری ہے قرآن میں اس معنی میں سورہ جاثیہ کی آیت ۲۹ کا ذکر آیا ہے قرآن کریم میں یہ کلمہ چند بار آئی ہے من جملہ سورہ اعراف آیت ۱۵۴ سورہ حج آیت ۵۲ میں آئی ہے اصطلاح مفسرین میں نسخ یعنی شرعی سے ثابت چیز کو دوسرے دلیل شرعی سے زائل کرنے کو کہتے ہیں عام محاورے میں عام سوچ میں اپنے نظرئے میں تبدیلی آنے سے ہوتا ہے لیکن دین میں یہ حکم اس مدت تک کے لئے تھے نسخ نہیں کیا۔

شریعت میں نسخ ایک حکم شرعی کی مدت ختم ہونے کو کہا ہے یعنی ہمارے خیال میں یہ حکم ہمیشہ جاری رہے گی لیکن اللہ کے نزدیک ہے یہ حکم اسی مدت تک کیلئے تھی تو ہمارے حوالے سے یہ حکم بدل گیا ہے لیکن اللہ کے حوالے سے اس کا دورانیہ ختم ہوا ہے حافظ عبدالبر دنے یحیٰ بن اکثم سے نقل کیا ہے تمام علوم میں ایک علم جو علماء کے لئے سب سے زیادہ واجب ہے کو اس سے آگاہ ہونا چاہئے وہ علم ناسخ ومنسوخ ناسخ کو لینا واجب اور اس پر عمل کرنا دیانت کا ثبوت ہے ناسخ ومنسوخ والوں نے شریعت میں احکام منسوخ ہونے کی فلسفہ حکمت بیان کی ہیں منسوخ ہونا بہت بڑا فلسفہ ہے۔:

۱۔پہلے مرحلے میں کہا گیا کہ پیغمبر شارح قرآن اور مبین قرآن ہیں شرح وتبین قرآں جو کہ خود قرآن میں آیا ہے اس میں جائے شک وتردید اعتراض نہیں ہوگا لیکن اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے پیغمبر مقابل قرآن ہیں قرآن ومحمد مل کے شریعت بنتے ہیں یہاں دو شریک بتاتے ہیں کیونکہ شارع ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ مطلب کو لفظ سے نکال کے بتاتے ہیں وہ مطلب کو سیاق وسباق سے نکال کے بتاتے ہیں آپ آیات کی تفسیر کو دیگر آیات سے جوڑ کے بتاتے ہیں جب آپ تفسیر کو مثلہ معہ سے جوڑیں گے تو یہ ایک نہیں دو ہونگے۔

۲۔قرآن کریم نے بتایا ہے اس میں خشک وتر سب ہے اس میں ہر چیز ہے اس میں ہر چیز کی تفصیل ہے تفسیر قرآن بہ حدیث کے قائلین کے نزدیک اگر آیات کی تفسیر پیغمبر کی سنت میں نہیں ملا تو اقوال صحابہ کی طرف رجوع کریں گے صحابہ جانتے ہیں کیوں کہ وہ نزول قرآن کے شاھد وناظر تھے لہٰذا ان سے مروی روایات کو تفسیر قرآن میں قول نبی کی حیثیت ہو گی دین اسلام کو تہ وبالا کرنے میں سب سے بڑی کردار ان لوگوں نے کیا ہے جنھوں نے اھل البیت اصحاب کو بطور

مطلق رسول اللہ کے مساوی قرار دیا ہے عدلدلیل ماوقع فی الخارج ہے جس کو کوئی رد نہیں کرسکتا اھل البیت سے کتنے اقتدار پرست نکلے ہیں انکی اقتدر پرستی سے کتنے لوگ قتل ہوئے ہیں نظام مسلمین درھم برھم ہوے ہیں خاص کر فاطمیین کے کردار ابھی تک مسلمان بھگت رہے ہیں اس خاندان سے ذر پرست کتنے نکلے ہیں بنی عباس بنی امیہ نے کتنی دولت کمائی ہے وہ تاریخ میں ثبت ہے اسی طرح اصحاب میں مشرکین کو جاسوسی کرنے والے جنگ میں بغیر عذر حیلہ بحانے سے بیٹھنے والے شرکت سے گریز کرنے والے مسجد ضرار بنانے والیکم سے کم فھم وادراک میں اصحاب الف سے یے تک کے فاصلہ ذرہ سے مجرہ تک کے فاصلے غبی اور ذکی ہونا عقل ونقل دونوں سے ثابت ہیں ان کی ضروریات کو پیغمبر ﷺ کی دعا سے جوڑنا پیغمبر نے ان کی حق میں دعا کی تھی یہ فرق القطاع تھے۔

یہ پیغمبر رحمت للعالمین تھے رحمت خاصہ نہیں تھے یہ جو دعا پیغمبر نے ابن عباس کے حق میں کی ہے کیوں اپنے چچا کے حق میں نہیں کی کیوں حضرات حسنین کے حق میں نہیں کی کیوں جعفر طیار کی اولادوں کے حق میں نہیں کی۔

تفسیر قرآن بہ قرآن اما اس کی سند مفسرین نے اس تفسیر کو احسن تفاسیر قرار دیا ہے اس میں جائے شک وتردید نہین یہ ایک حقیقت ناسعہ شامخہ ہے قرآن کریم کی نظام ترتیب جو کہ بذریعہ وحی ہوا ہے اس کا منہ بولتا ثبوت ہے ایک آیت کسی جگہ بطور اجمال بیان ہوا ہے یہی مطلب دوسری جگہ بطور تفصیل بیان ہوا ہے ایک جگہ مختصر بیان ہوا ہے دوسری جگہ بہت کلام کی ہے اس کی ایک مثال سورہ مریم کی آیت۔ ۷۱ میں دی ہے اسی آیت کا ایک ٹکڑا ۰ وان منکم الاّ واردھا تم میں سے ہر ایک وہاں ضرور وارد ہونے والا ہے تم میں سے ہر ایک جھنم پہنچے گا یقیناً یہ خبر ایک مایوس کن خبر ہوگی لیکن اسی کے ذیل مین آیا ہے پھر ہم متقین کو نجات دیں گے ظالمین کو چھوڑیں گے اس کی ایک مثال زیادہ تر سورہ انعام کی آیت ۸۲ سے دی ہے اسکی تفسیر سورہ لقمان کی آیت ۱۳ سے دی ہے لیکن یہاں بھی یہ تفسیر واضح نہیں ہے اس آیت میں ظلم میں ملوث ملبوس انسان کو قیامت کے دن امن نہیں ہوں گے امن صرف مؤمنین کے لئے ہونگے ظلم سے مراد ظلم شرک کیا ہے ظلم شرک سے مراد تنہا بت پرستی نہیں بلکہ تمام انواع اقسام ظلم ہیں اللہ کو خالق سمجھتے ہیں عبادت گزار بھی ہیں لیکن نظم کائنات میں اللہ کو بے دخل کیا ہے نظام وضعی نفاذ کرنے میں سرتوڑ کوشش کی ہے گویا قیامت کے دن نجات دو گزرگاہ سے گزرتا ہے ایک منطقہ ایمانی جو شرک جلی سے گزرتا ہے شروع ہوتا ہے۔

ایک منطقہ عملی ہے شرک منطقہ اعتقادی سے گزر کر میدان عملی میں اعراض کرنے والے یا کوتاہی کرنے والوں کا بھی حشر برا ہوں گے جیسا کہ سورہ بلد اور سورہ عصر میں آیا ہے

ا۔ سب سے بڑا فلسفہ اللہ کی ربوبیت کا اقرار ہے اور اس کی مالکیت کا اعتراف ہے وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے جو وہ سمجھتا ہے

حکم کرتا ہے۔

۲۔کمال عبودیت کا اظہار ہے گویا بندہ اللہ کے نئے حکم کے انتظار میں رہتا ہے جس شکل وصورت میں حکم آتا ہے وہ اپنی اطاعت وبندگی کا اظہار کرتے ہیں کمال خضوع وخشوع کے انعقاد کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

۳۔بندے کی آزادخیال آزادمردی کا کا امتحان لینا ہے تاکہ پتہ چلے کون سرکش ہیں؟ کون مطاع ہیں؟ کون اھل اطاعت ہے اورکون اھل عناد ہیں دنیادار امتحان ہے سونا آگ میں لگاکے تجربہ کرتا ہے بندہ امتحان وآزمائش میں لگا کر امتحان لیتا ہے۔

۴۔اس کا اظہار کرنا ہے کہ بندے کو احکامات اس کی طاقت کے برابر ہے یانہیں؟ اگر طاقت سے مافوق ہے تو حکم اٹھائے گا۔

۵۔بندوں سے مشقتی چیزیں اٹھانا ہے مصلحت عامہ کا خیال رکھنا ہے جیسا کہ سورہ مائدہ آیت ۶ میں آیا ہے۔

۶۔ضعفاء کو کمزوروں کو عسر وحرج سے یسر میں منتقل کرنا ہے سورہ بقرہ آیت ۱۸۵ کسی حکم کا منسوخ ہونا عقل قیاس اجتھاد سے ثابت نہیں ہوتا ہے بلکہ منسوخ صرف دلیل نقل سے ثابت ہوتا ہے منسوخ ثابت ہونے کی چند طریقے ہیں۔

۱۔اصحاب سے بطور نقل صحیح منقول ہو کیونکہ نسخ کا دور پیغمبر کی دور تک محدود ہے نسخ ایک حکم وحی کو نسخ کرنا ہے تو وحی ہی سے نسخ ہوتا ہے چنانچہ پیغمبر اکرم نے فرمایا کہ میرے بس میں نہیں کہ میں ایک حکم کو تبدیل کروں سورہ یونس آیت ۱۵

۲۔شخص راوی تاریخ نسخ کو نقل کرے کہ میں نے فلان فلان موقع پر پیغمبر سے سنا تھا نسخ ہونے کے بارے میں امام بخاری نے اپنے صحیح میں ایک واقعہ نقل کی ہے کہ نسخ کیسے ہوتا تھا امام بخاری سورہ توبہ کی آیت ۸۱ کے تلاوت وتفسیر کررہے تھے عبداللہ بن ابیہ بن سلول ان کا بیٹا پیغمبر کے پاس آیا پیغمبرص سے ان کا قمیص مانگا جس میں عبداللہ کو کفن کرے پیغمبر نے قمیص ان کو دیا پھر عبداللہ نے آپ سے نماز جنازہ پڑھنے کی درخواست کی پیغمبر اُٹھے عبداللہ کی نماز جنازہ کے لئے تو عمر اپنے جگہ سے اٹھے اور پیغمبر کے لباس کو پکڑا اور کہا آپ کس پر نماز پڑھ رہے ہیں حالانکی اللہ نے آپکو ان کی نماز جنازہ پڑھنے سے منع کیا ہے تو پیغمبر نے فرمایا کہ اللہ نے مجھے اختیار دیا ہے کہ آپ اس پر ستر بار بھی استغفار کرے میں نہیں بخشوں گا تو میں ستر سے زائد استغفار کروں گا عمر نے کہا کہ وہ منافق ہے پیغمبر نے ان کی نماز جنازہ پڑھی تو اللہ نے یہ آیت سورہ توبہ ۸۴ نازل کی یہ آیت آنے کے بعد پہلے جو نماز پڑھنے کے اختیار تھے وہ منسوخ ہوئے صاحب اصول تفسیر نے قرآن کریم کی جن سوروں میں ناسخ ومنسوخ نہیں ان کی تعداد ۴۳ بتائی ہیں جن میں آیات ناسخ ہے منسوخ نہیں وہ ۶ سورے بتائے ہیں اور جن میں منسوخ ہے ناسخ نہیں وہ ۴۰ سورے بتائے ہیں اور جس میں ناسخ منسوخ دونوں نہیں

ان کی تعداد ۲۵ بتائی ہیں اب شخص مفسر کے لئے ان تمام کا علم ہونا ضروری ہے۔

پیغمبر نے فرمایا میں حکم نہیں بدل سکتا ہوں پیغمبر وحی کے ذریعے حکم بدلتے ہیں انھوں نے کہا وحی دو قسم کے ہوتے ہیں

ا۔ وحی متلو ہوتا ہے وہ قرآن ہے۔

۲۔ غیر متلو ہوتی ہے اس سے مراد جہاں پیغمبر کو تفوض ہوئی ہے کہ آپ اپنی طرف سے تعبیر کرے جب پیغمبر تعبیر کرتے ہیں تو وحی کے تعبیر کرتے ہیں وہ قرآن کے برابر ہیں اس کے لئے انھوں نے سورہ حشر آیت ۔۷ سورہ آل عمران آیت ۳۱ سے استناد کی ہیں قرآن حدیث سے نسخ ہونے کی دلیل اسی کتاب میں آیا ہے پیغمبر نے نماز سورہ مؤمنین پڑھا اور اس میں ایک آیت نہیں پڑھی نماز ختم کرنے کے بعد ان سے پوچھا کیا تم میں کوئی نہیں تھے کہ مجھے یاد دلائے صحابی نے کہا ہم نے سمجھا کہ یہ منسوخ ہوا ہے تو پیغمبر نے فرمایا اگر منسوخ ہوتی تو میں تمھیں خبر دیتا نقل از کتاب اصول سرخصی جلد۲ ص ۷۵ اصحاب پیغمبر کا عقیدہ تھا کہ قرآن سنت سے نسخ ہوئی ہے اس کی ایک اور مثال پیغمبر نے فرمایا لا وصیت للوارث

نسخ کتاب البیان فی تفسیر القرآن ص ۲۹۵ نسخ کا معنی استکتاب ہے استنساخ استنساخ نقل تحویل ازالہ اما لغت میں ایک امر حکم شریعت میں ثابت شدہ ہے اس کی مدت ختم ہونے کو کہتے ہیں چاہے وہ احکام تکلیفہ ہو یا احکام وضعیہ یا مناصب الٰہی پر یا ایسی امر ہو جس کی برگشت اللہ کی طرف ہو ہم نے کہا ایک حکم ثابت ایک حکم ثابت سے رفع کرنے کو کہتے ہیں کبھی حکم موضوع ختم ہونے سے ختم ہوتا ہے جیسے رمضان ختم ہونے کے بعد روزے کا حکم ختم ہوتا ہے نماز پڑھنے وقت ختم ہونے کے بعد نماز کا حکم ختم ہوتا ہے کسی شخص کی ملکیت اس کے مرنے کے بعد ختم ہوتا ہے اصل نسخ عقلائے مسلمین کے نزدیک نسخ شریعت جائز ہے جب کہ یہود و نصاریٰ نے نسخ شریعت کو محال ناجائز قرار دیا ہے۔

شریعت اسلام میں نسخ واقع ہوئی ہے جو احکام پہلے شریعتوں کا بقایا چل رہے تھے اس پر مسلمانوں نے عمل کیا تھا وہ اسلام میں نازل قرآن کے ذریعے منسوخ ہوا ہے جس کی مثال مسلمان بیت مقدس کی طرف رخ کر کے نماز پڑھ رہے تھے وہ اس آیت کے تحت منسوخ ہوئے اس میں جائے شک و تردید نہیں لیکن بحث یہاں ہے قرآن میں ناسخ منسوخ ہے یا نہیں ؟ بعض نے اس میں بہت غلو کی ہے ابوبکر نحاس نے ایک کتاب ناسخ و منسوخ تالیف کی ہے اس میں ۱۳۸ آیات منسوخ ہونے کا کہا ہے آیت اللہ خوئی نے ۱۳۸ کو مختصر کر کے ۳۶ آیات کو اُٹھایا ہے اس پر بحث کی ہے جس ۳۶ آیت کے منسوخ ہونے کے بارے میں بحث کی ہے۔

وہ سورہ مجادلہ کی آیت ۱۲ ہے اس میں پیغمبر سے سرگوشی کرنے پر صدقہ دینے کا حکم دیا ہے یہ آیت اسی سورے کی آیت ۱۳ سے منسوخ کی ہے آپ لکھتے ہیں کہ اس آیت کے منسوخ ہونے کے بارے میں وارد روایات دونوں طرف سے مستفیض

ہے یہ حضرت علی کے شان میں نازل ہوئی ہے اس وقت حضرت علی کے پاس صرف ایک دینار تھا اس کو درھم میں تبدیل کیا دس درھم ملے روزانہ ایک درھم دے کے پیغمبر سے سرگوشی فرماتے تھے حضرت علی فرماتے ہیں کہ میری منقبت میں میرے ساتھ کوئی اور شریک نہیں تھے ان میں سے ایک دس درھم روزانہ صدقہ دے کر پیغمبر اکرم سے نجوی کرنا تھے جس پر علی نے فرمایا اس آیت پر میرے علاوہ کسی نے عمل نہیں کیا ہے آقائے خوئی مرحوم کا یہ کہنا ہے قرآن کریم میں اس آیت کریمہ کے علاوہ کوئی آیت منسوخ ہونا قابل ہضم نہیں یہاں بحث کرنے کی ضرورت ہے جب نسخ خلاف اصل ہے تو یہاں بھی خلاف اصل ہوگا اس خلاف کو اپنان کی کیا سند ہے اس کو بحث میں لانے کی ضرورت ہے۔

۱۔نسخ شریعت قوانین میں گزشتہ زمان کے ساتھ تنسیخ وترمیم کی جواز اس لئے بنتے ہیں چونکہ بشر آئندہ آنے والے زمانے اور لوگوں کے مفاسد ومصالح سے جاھل ہوتا ہے ان کو پتہ نہیں ہوتا ہے غلطیوں کا اکتشاف ہونے کے بعد اسے منسوخ کرتا ہے مسخ پے قانون بشر ضروری ہے نسخ نہ کرنا ایک ظلم وجبر ہے اما یہ صورت حال اللہ رب العزت کے بارے میں تصور بذات خود باطل ہے ناممکن ہے نقص در الوھیت آتا ہے۔

۲۔نسخ ادیان گزشتہ مسلمان سادہ زبان میں سرسری سادگی مین کہتے ہیں کہ نسخ شرائع ہوا ہے ایسا نہیں ہے دین کے دوحصے ہیں ایک اصول عقائد ہے ایمانیات ہیں وہ قابل تنسیخ نہیں تبدیل نہیں دوسرہ اعمال وافعال ہیں وہ اپنی جگہ دوقسم کے ہوتے ہیں ایک امھات ہوتی ہے واجب کی بنیادیں محرمات کی بنیادیں یہ بھی قابل نسخ نہیں تبدیل نہیں۔

دوسرا ہنگامی حالات میں وقتی حالات میں امتحان وآزمائش کے لئے استقامت دکھانے کے لئے ہوتا ہے وہ اسباب ختم ہونے کے بعد اس کا حکم بھی ختم ہوتا ہے نسخ شرائع سے مراد اس قسم کے احکامات ہیں یہود ونصاریٰ جس چیز کی نسخ سے انکار کر رہا ہے وہ نسخ سے نہیں شریعت اسلام کو رد کرنے کے لئے کہتا ہے۔

۳۔نسخ نماز روزہ زکات گزشتہ شریعت میں موجود تھے چنانچہ پیغمبر اکرم ص مبعوث ہونے کے بعد آپ اور آپ کے اصحاب نے نمازیں پڑھی ہیں روزے رکھے ہیں حج کئے ہیں لیکن آپ پر مستقل طور پر حکم واجب صلوۃ معراج کے بعد ہوئی ہے چنانچہ نماز آپ شریعت سابق کے تحت بیت المقدس کی طرف رخ کرکے پڑھتے تھے مدینہ ہجرت کرنے کے بعد قبلہ تبدیل ہوئے حج وعمرہ سابق دور کے تحت آپ انجام دیتے تھے وجوب حج دس ھجری کو ہوئی۔

۴۔اما قرآن میں آیات منسوخ ہونے کا جو دعویٰ ہے وہ قرآن کریم کی ان آیات سے منافی ہے اس قرآن میں کسی قسم کی نقص عیب تبدیلی آگے پیچھے سے نہیں آینگے اللہ کا یہ فرمان یہ آیت • لایأ تیھا البطل من بین یدیہ ولا من خلفہ اس بات کی دلیل ہے کہ قرآن نہ اللہ کی طرف سے منسوخ ہونگے نہ کسی اور کی طرف سے اب آتے ہیں اس آیت کے بارے میں

۔اروایت کا یہ کہنا دس دن تک اس آیت پر حضرت علی کے سوا کسی اور نے اس پر عمل نہیں کیا یہاں سول آتا ہے کسی اور نے عمل کیوں نہیں کیا چند مفروضے ہوتا ہے۔

ا۔کسی کے پاس صدقہ دینے کی گنجائش نہیں تھے یہ مفروضہ غلط ہے اصحاب میں مھاجر وانصار دونوں صاحبان ثروت تھے۔

۲۔بخل کنجوسی مال سے محبت یہ مفروضہ بھی تاریخ مھاجرین وانصار کے تحت غلط ہے بے بنیاد ہے جن انصار نے اپنی تمام مایملک ہتھیلی میں رکھ کر مھاجرین کو پیش کیا ہو اللہ رسولکے خاطر سب کچھ ہتھیلی میں رکھ کر پیش کیا ہو ان کے پاس ایک درہم کی کیا حیثیت ہے۔

۳۔مھاجرین میں ابوبکر عثمان طلحہ زبیر جیسے شخصیات تھے جو ہمہ وقت پیغمبر کے فرمان پر سب کچھ بذل کرنے والے تھے ایک دفعہ پیغمبر نے انصار سے کہا کہ اس جنگ میں چندہ دے دیں ابوبکر نے کچھ مال لایا پیغمبر نے پوچھا گھر میں کیا چھوڑ کے آئے ہو کہا اللہ اور اسکے رسول کو ابوبکر نے ۳۔۴ غلاموں کو مشرکین کے ہاتھوں سے آزاد کیا اپنی بیٹی عائشہ کی صداق جو چارسو ساڑھے چارسو بنتے تھے پیغمبر کو دیا آپ اس کو صداق میں دے دیں عثمان بن عفان نے جنگ تبوک میں لشکر اسلام کے نصف لشکر کے اخراجات برداشت کئے اب ان دونوں کے لئے ایک درھم کی کیا حیثیت تھی

۴۔آیا تاریخ میں ملتا ہے کہ حضرت علی اس سے پہلے بار بار پیغمبر سے سرگوشی کرتے تھے

۔۵۔سرگوشی پر عائد پابندی کی کیا حکمت عملی تھے یہاں دو احتمال ہوتے ہیں

ا۔اس بہانے سے اغنیاء سے کچھ پیسے نکال کے فقراء کو دینا تھا فقراء کے حالات کو بہتر بنانا تھا جو کہ کامیاب نہیں ہوسکی یہ ہو بہوانجان لوگوں کی قوانین جیسی بنی اس پر عمل ہی نہیں ہوسکی

۲۔اغنیاء کو امتحان میں لانا تھا وہ بھی امتحان میں نہیں آئے

۶۔حضرت علی کی فضیلت کو اٹھانا تھا علی کی فضیلت کو اس نازک قانون کے ذریعے سے علی کیا مقام منظور تھا کیا پیغمبر سے نجوٰ کرنا یا نجویٰ کے لئے صدقہ دینا کیا خلیفہ مسلمین کے لئے بنیادی شرط ہے لہذا محسوس ہوتا ہے یہ قصے ایسا ہے جھوٹ اتنا بولے جھوٹ نکالنے والے پریشان ہوکر خود بیٹھ جائے یا ایسا ہے ایک شخص نے لوگوں کو کسی طرف متوجہ کرنے کے لئے ایک جھوٹی خبر بنائی وہاں کوئی قیمتی چیز مفت میں دے رہا ہے لوگ جوق درجوق وہاں جانے لگے تو جھوٹ بولنے والے کے خود شک ہوگیا کہ کہیں وہاں تقسیم تو نہیں ہورہا خود بھی ان کے ساتھ چلا گیا غرض اسلام ومحمد ص سے قرآن سے لوگوں کو دور رکھنے کے لئے مذاھب وفرق کی مساعی غیر جمیلہ غیر حسینہ کامیاب ہوئی ہے اب دین صحاب ائمہ سے شروع ہوتا ہے انھیں پر ختم ہوتا ہے قرآن ومحمد ص دونوں مھجور واقع ہوئے ہیں

فہم قرآن آسان نہیں:

یہ منطق اخباریوں حدیثیوں کی منطق ہے اصول فقہ نے احکام شرعیہ کو قرآن سے ہٹا کر صرف حدیث سے استناد کرنے کے لئے اللہ سے ہر طعن افتراء باندھتے ہوئے کہا ہے قرآن ظنی الدلالہ ہے قرآن سمجھنے کے لئے حدیث سے استعانت ضروری اور ناگزیر ہے جبکہ اللہ سورہ انعام ۱۴۹ میں فرماتا ہے اللہ کے دلائل بالغہ ہیں آیئے دیکھے ہیں قرآن اس افتراء کا کیا جواب دیتا ہے۔

کیا قرآن سمجھنا آسان ہے؟ نہیں اتفاق واجماع اخباری حدیثی اصولی ہے نہیں قرآن سمجھنا آسان نہیں قرآن ظنی الدلالہ ہے حوزات ومدارس کے عبا وقبا پوش کے نزدیک نا قابل تردید تشکیک ونا قابل نقاش حقیقت ہے کہ قرآن ظنی الدلالہ ہونے اور سنت رسول کی تدوین میں تاخیر کی وجہ سے علماء نے زحمت ومشقت برداشت کر کے ان دو میں کمی کو دیگر قراء وامارات کی استعانت سے عامہ الناس کے لئے درپیش مسائل قیاس واجماع سے پر کیا ہے۔

اگر کوئی شخص قرآن سمجھنا چاہتے ہیں فعلیہ الاستعانہ بالا حادیث آیئے دیکھتے ہیں اللہ نے اپنی کتاب میں فرمایا ہے ہماری دلائل وبراہین بالغہ سے انکار نہیں کر سکتے ہیں لا ینکر الا مکابر ومعاند خود قرآں سے پوچھتے ہیں اے کتاب رب کریم کیا یہ جوبات اخباری حدیثی فقہاء کہتے ہیں قرآن ظنی الدلالہ ہے درست ہے یا ایسا نہیں قرآن آپ کو جواب دیں گے نہیں کلا ثم کلا الف مرۃ کا یہ مالک قرآن پر افتراء وطعن ہے۔

قرآن سمجھنے کے لئے وضع کئے گئے قواعد کو سامنے رکھ کر یا ان کو استعمال کریں وہ یہ ہیں:

۱۔قرآن کی آیات میں آئے کلمات کے معانی جاننے کے لئے قدیم ترین لغات میں تلاش کریں جسے لسان عرب تاج عروس قاموس محیط مفردات قرآن عمدۃ الحفاظ وغیرہ یا وجود نظایر الفاظ وکلمات قرآن میں دیکھیں وہاں کیا معنی کیا ہے اس کو تفسیر کہا ہے۔

۲۔تدبر درآیات قرآن کریں سورہ نساء ۱۲ محمد ۲۴ ص ۲۹ میں آیات قرآن میں تدبر کرو نہ کرنے والوں کی مذمت کی ہے تدبر مادہ دبر سے سے ہے دبر کا معنی لغت میں کسی خلاف یا قبل کو کہا ہے یہاں سے خالق ورازق کائنات کو مدبر کائنات کہا ہے لہذا قرآن میں دبر کے معنی بعد وراء خلف ادبار آیا ہے کسی چیز کے پس منظر میں جانا ہے مثلا تحقیقاتی اداروں میں کسی بھی چیز کے بارے میں چاہے درستگاہ ہو ادارہ ہو کتاب ہو شخصیات ہو اس کے آغاز ابتدائی تاریخ سے شروع کرتے ہیں مثلا م اگر قرآن کریم کو سمجھنا ہو تو قرآن کے آغاز ونزول میں جانا ہوگا یہ قرآن کب نازل ہوا کہتے ہیں چھٹی میلادی

کے بعد نازل ہوا۔

یعنی جس وقت عرب اور سارے دنیا پر جاہلیت چھائے ہوئے تھی جس ذات پر یہ کتاب نازل ہوئی تھی وہ ذات بہ اتفاق موافق مخالف کے وہ کسی بھی انسان کے سامنے تعلیم کے لئے جھکے نہیں تھے وہ امی ان پڑھ تھے لہٰذا جب پہلی آیت نازل ہوئی اس سے کہا پڑھو تو نہیں پڑھ سکا کیونکہ کسی چیز کے پڑھنے کے دو طریقے ہوتے ہیں ایک صفحات ذہن پر محفوظ ہو یا سامنے کوئی مکتوب ہو یہ دونوں نہیں تھے اس وقت امی نے یہ کتاب لاکر جاہل مشرکین کو پڑھایا تو وہاں مشرکین نے از خود درک کیا ہے یہ کلام عربی میں ہے لیکن عام انسان نہیں بول سکتا ہے وہ اس کے تہہ تک نہیں پہنچا محمد پڑھے ہوئے نہیں تھے لہٰذا کسی نے سحر و جادو کسی نے کہا یہ شعر ہے اللہ نے ان سے نہیں کہا کسی عالم سے پوچھو مفسر سے پوچھو فرمایا خود تفکر کرو یہ کتاب اس طرح نازل ہوئی جس طرح ابتدائی کلاسوں میں بچوں کو تعلیم دی جاتی ہے یہ کہتا ہے بال ہے اندھے ہیں کان ہیں یہ ناک یہ انگلیاں ہیں اللہ نے فرمایا تمہارے اوپر کیا آسمان زمین کے نیچے کیا ہے زمین یہ ہوائیں نظر آتی ہیں کہا ہاں تو پوچھا ان کو کس نے خلق کیا ہے اس طریقے کو تدبر تفکر تعقل کہا ہے۔

موضوعات قرآن کریم کے بارے میں مختصر وضاحت کرتے گزرنا۔۔۔ متحیر و مدافع قرآن اسلام و مسلمین کے ایک گران قدر سرمایہ علمی جناب علامہ عبداللہ دراز۔۔۔۔۔۔ کے شہر لاہور میں منعقدہ سیمینار میں ممتاز عالم دین نے اس سیمینار ۔۔۔۔۔۔ کے لئے جو عنوان انتخاب کیا تھا وہ یہ تھا موقف اسلام من الادیان الزھر کے۔۔۔۔۔۔ اس خطاب کے فوراً بعد یہاں اسلام سے دفاع کرتے ہوئے ان کی روح اطہر خالق متعالی سے جا ملی آپ نے سورہ مبارکہ کی ایک شرح لکھی ہے شرح کلمات کے علاوہ اس کے سورت کے محتویٰ مضامین کی شرح کرتے ہوئے لکھا یہ سورہ استدلال قرآن ہے جو کچھ قرآن میں ہے یہ اس کا خلاصہ ہے کل قرآن کے موضوعات کو ایک موضوع لائیں تو یہ بنتا ہے معرفۃ الحق و معرفۃ الخیر تقدیس الحق والتزام بالخیر اما معرفۃ الحق قوہ سبحانہ الحمد رب العالمین الرحمٰن و مالک یوم الدین وہی صاحب اللہ تعالیٰ افراسیی کی طرف برگشت ہے قرآن میں موضوعات ہیں ہر ایک سورہ اپنی جگہ ایک موضوع کامل ہے بعض موضوعات سے متعلق آیات پراگندہ منتشر ہیں یہاں تمام موضوعات بلکہ اکثر پر احاطہ کرنا ناممکن ہے۔

یہ عرب کے بھی خلاف ہے اس کے دلائل آگے بیان کریں گے لیکن انہوں اپنے خائنانہ سازش کے لئے کیونکہ تمام زبانوں سے زبان عرب قدرت بیان میں معروف و مشہور ہے قرآن کریم نے بیان مطلب میں یہ قضاۃ عرب کو تحدی کیا ہے اگر قرآن کا بیان وہ اصل مقصود و ہدف نزول میں نقص بیان ہونا قرآن کی اہانت و جسارت ہے اس کے علاوہ قرآن بیانگ دھل تکرار سے اعلان کیا ہے کہ اس کے بیان میں ابہام و اجمال نہیں اس کی آیات محکمات ہیں اما اینکہ قرآن اور

سنت میں تمام احکام نہیں ہے اس بارے میں دیکھتے ہیں۔

قرآن میں نسخ:

قرآن کریم کو معطل ومتروک قرار دینے کے لئے کئے گئے دوسری منصوبہ بندی نسخ آیات قرآن ہیں چنانچہ کثیر آیات آیات منسوخ قرار دیا ہے امام خوئی نے اپنی کتاب البیان فی التفسیر القرآن میں ابو بکر نحاس کی تالیف ناسخ ومنسوخ سے ایک سو اٹھتیس آیات کا ذکر کیا ہے نسخ کا معنی لغت میں نسخہ گیری کو کہتے ہیں کاپی کرنے کے ہیں نقل کرنے کو جو سابق زمانے میں تھے اور بعد میں طباعت آئی ہے بعض نے نسخ کا اصل معنی ایک کو زائل کرکے دوسری کو اس کی جگہ لانے کے ہیں پھر کبھی اس سے صرف ازالہ کے معنی مراد ہوتے ہیں جیسا کہ سورہ حج آیت ۔۵۲ میں آیا ہے۔فینسک اللہ مایلقی الشّیطٰن ثمہ یحکم اللہ ایٰتہ ۔تو جو (وسوسہ) شیطان ڈالتا ہے خدا اس کو دور کر دیتا ہے قرآن میں آیت منسوخ ہونے کا معنی یعنی ازالہ حکم لیا ہے انھوں نے عام کو تخصیص دینے اور مطلق کو تقیید دینے کو نسخ کہا ہے اما الصطلاح مفسرین میں نسخ ایک حکم ثابت شدہ کے مدت کو ختم ہونے کی وجہ سے حکم کا رفع ہونے کو نسخ کہا ہے نسخ حکم میں دو چیزیں ہیں ایک حکم نسخ تکلیفی ہے ۲ حکم نسخ وضعی ہے یہاں یعنی جو چیز اللہ نے جو آیت حامل حکم کو ایک زمانہ تک کے بعد اس کو اٹھایا ہے اس کو نسخ قرآن کہا ہے نسخ قرآن کی چند صورتیں ہیں

۱ ایک دفعہ تلاوت ہی ختم ہے وہ نسخ ہوا ہے آیت ہی قرآن میں نہیں ہے

۲ ایک دفعہ آیت قرآن میں ہے لیکن حکم منسوخ ہوا ہے اس میں جائے شک نہیں احکام شرائع سابقہ میں سے حکم قرآ کی توسط سے نسخ ہوا ہے بحث اس میں ہے کہ حکم قرآن کو نسخ ہونا ایک اور آیت کے ذریعے یا یا ۲ حکم سنت رسول کے ذریعے سے نسخ ہو جائے

۳۔عقل کے ذریعے نسخ ہو جائے

۴۔اجماع کے ذریعے۔

۴۔قرآن میں ایک سلسلہ آیات اکل بالباطل سے منع کیا ہے کسی کے مال پر جبری قبضہ مت کرو اس کو مجبور کرکے مال مت کھینچو سرقت مت کرو ہر قسم کی سرقت حرام ہے ان محرمات کا ارتکاب مرتکبین کو اگر دنیا میں سزا دیا جاتا تو مال کتنا پھیلتا تاہم مسلمانوں کے مال غیر مسلمین کی نسبت بہت محفوظ نظر آئیں گے۔

۵۔انسان کس چیز کا مالک ہوتا ہے کب مالک ہوتا ہے جس چیز میں انسان نے پسینہ نہ ڈالی ہے جو جہد صرف نہیں کی ہے اس میں وہ مالک نہیں ہے احادیث کیسے قرآن کے برابر ہوسکتا ہے جس شخص یا لوگوں نے حدیث کو قاضی کہا ہے وہ ظالم

ہے وہ غالی ہے حدیث کی عنصر حدیث کی تاریخ اس بات کو دوٹوک الفاظ میں رد کرتے ہیں آئیے دیکھتے ہیں

۔احدیث ایک خبر ہے خبر پر احتمال صدق و کذب برابر ہوتا ہے جب تک کوئی ترجیح نہ ہو یک طرفہ صدق یا کذب کا فیصلہ نہیں کر سکتے ہیں

۲۔حدیث بالاتفاق علماء حدیث اس کی حفاظت کا ذمہ اللہ نے نہیں لیا ہے جو لوگ یہ کہتا ہے اس کی مثال وہ پیاز کھانے والے انسان کی مثال ہے وہ کہتا ہم نے پیاز نہیں کھائی ہے یا کہے ہم نے شراب نہیں پی ہے اس کے منہ سے شراب کی بو آتی ہے جھوٹ بولنے والے کہتے ہیں ہم نے جھوٹ نہیں بولے ہیں وہی وہ جھوٹ بولتا ہے

۔۳۔حدیث کی ضمانت اللہ نے نہیں لی ہے اس کی دلیل مجامع احادیث میں صحیح حدیث کی نسبت جھوٹی احادیث کی کثرت دلیل ہے جیسا کہ صاحب بخاری صاحب مسند احمد نے خود لکھے ہیں انھوں نے یہ احادیث کتنے لاکھوں سے چھانٹی کی ہیں۔

۴۔احادیث جن لوگوں سے جمع کی ہیں ان میں حدیث جعل کرنے والوں کے نام اور تعداد تاریخ میں کتب حدیث میں میں ثبت ہوا ہے

۔۵۔احادیث آسان سے تصدیق نہ ہونے کی ایک ثبوت ہر اُٹ پٹنگ لوگوں نے احادیث نقل کی ہیں احادیث نقل کرنے کے لئے کوئی معیار نہیں رکھا ہے جس کے پاس ایک حدیث تھی تو وہ محدث بنے ہیں تو وہ کیسے ہوسکتا ہے کہ مسلمان کے پاس ایک حدیث نہ ہو

۔۶۔بعض محدثین جیسے ابن حیان جس نے ثقات لکھی ہے اپنے دور میں متھم تھے آمودی خلاف شریعت افعال کا مرکب کرنے کی وجہ سے لوگون نے شہر بدر کیا ہے

۔۷۔احادیث کو جمع کرنے والوں میں بہت سے ایسے افراد ہیں جنھوں نے خلفاء کے لئے سب وشتم کی ہے ان میں مشھور ابن عقدہ وغیرہ ہے

۔۸۔احادیث میں جعل احادیث میں ہیر پھیر کے بڑھتے ہوئے حالات نے علم رجال لکھنے کی ضرورت آئی علم رجال دلیل ہے کہ احادیث نقل والوں میں اچھے برے دونوں تھے اچھے اور برے میں تمیز کرنے کے لئے علم رجال لکھیے

۔۹۔علم رجال آنے کے بعد لوگ سند دینے سے ڈرتے تھے کہیں وہ فاش نہ ہو جائے جب ان سے پوچھتے تھے کہ آپ نے اس کی سند نہیں دی تو انھوں نے کہا کہ ہم نے معتبر لوگوں سے پوچھ کے لکھی ہے لہٰذا آپ کسی بھی شخص کا نام لیکر پڑھ سکتے ہیں۔

۱۰ احادیث میں جب سند ضرورت ہوسند کی چھان بین کرنا شروع ہوااس دن سے انھوں نے پہلے اور آخری راوی کو معتبر ثقہ کا نام لیا بیچ میں ضعیف مجھول الحال یا کوئی انپڑھ جن کا نام ہے ہی نہیں ان سے پر کیا احادیث کا اکثر و بیشتر حصہ بہت سے مجامع احادیث کی حدیثوں کے راویوں کے نام علم رجال میں نہیں ہے

آفات تفسیر قرآن

تفسیر قرآن کے لئے جو آفات خزاں لگی ہے وہ تفسیر روائی سے لگی ہے یہ تفاسیر اپنی ضعف سند کے علاوہ تضارب تناقض تضادات سے پر ہے کتاب تفسیر والمفسر ون تا ٔلیف محقق آیت اللہ ھادی معرفت جلد دوم ص ۳۰ پر احمد بن حنبل سے نقل کی ہے تین کتابوں کی بنیاد نہیں ہے اعتماد ہو نہیں سکتی ۔ا۔کتب غزوات ہے ۔۲۔کتب ملاحم ہے پیش گویاں ۔۳۔تفسیر اسی صفحے پر امام شافعی سے نقل ہے ابن عباس سے تفسیر کے بارے میں تقریباً سو حدیث نقل ہے اس سے زیادہ قطعی طور پر خود ساختہ ہے روایات تفسیر ضعف اسناد ارسال تقطیع جعلیات اسرائیلیات سے پر ہے آفت تفاسیر میں تفسیر مرویات کے بعد جو ایک ناروا سلوک کتاب اللہ سے روا رکھا ہے جو انسانی زندگی میں ایک قسم کی اجنبیت بے دردی لاوارثی کا رویہ ہے کسی نے دونوں ہاتھ میں ڈنڈا یا تلوار دودھارے کو معاشرے میں کودا ہے میری باتوں کو نہ ماننے والوں کے لئے یہ ڈنڈا ہے۔ایک قرآن کو اپنی رائے کے انڈر جو خود کہتا ہے وہی تفسیر قرآن ہے جیسے تفسیر اجتہادی کا نام دیا ہے۔۲۔تفسیر علمی قرآن کریم کو سائنسی اکتشافات سے موازنہ کرنے کی تفسیر ہے۔۳۔تفسیر صوفی انھوں نے قآن کے ساتھ جو کھیلا ہے بے ربط معانی بنائی ہے۔۴۔تفسیر عقلی قرآن کی تفسیر پر عقل حاکم ہے عقل حجت ہے عقل آیات کو لجام دیتا ہے جو خلاف عقل ہے وہ نادرست ہے جیسے تفاسیر اھل عقلانیت کی تفسیر قدیم وجدید۔۵۔تفاسیر منجمد فھم لغت فھم کلات مین تعقل سے روکنے تداسیر اشعری۔۶۔تفاسیر فرق و مذاھب۔

تفسیر قرآن میں ایک مشکلہ ناسخ و منسوخ ہے بعج کا کہنا ہے قرآن میں آیات منسوخہ نہیں ہے اس کے بالمقبل میں بعض نے بہت سی آیات منسوخہ کی نشاندہی کی ہے ان دونون کے درمیان مین بعج نے اگر مگر لگا کر چند صورتیں بنائے ہیں سب سے زیادہ خطرناک صورت حال حدیث سے آیت منسوخ کرنے کا تصور ہے کتاب اصول تفسیر وقواعدہ ص ۲۹۷ پر لکھتے ہیں نسخ کے معنی ازالہ ونقل ہے نسخت الشّمس الضلہ سورج کی سائے ختم ہوا نسخت الکتاب یعنی ہم نے اس کی نقل اتاری ہے قرآن میں اس معنی میں سورہ جاثیہ کی آیت ۲۹ کا ذکر آیا ہے قرآن کریم میں یہ کلمہ چند بار آئی ہے من جملہ سورہ اعراف آیت ۱۵۴ سورہ حج آیت ۵۲ میں آئی ہے اصطلاح مفسرین میں نسخ یعنی شرعی سے ثابت چیز کو دوسرے دلیل شرعی سے

زائل کرنے کو کہتے ہیں عام محاورے میں عام سوچ میں اپنے نظرئے میں تبدیلی آنے سے ہوتا ہے لیکن دین میں یہ حکم اس مدت تک کے لئے تھے اللہ پہلے سے جانتا تھا زائل نہیں کیا شریعت میں نسخ سے ایک حکم شرعی کی مدت ختم ہونے کو کہا ہے یعنی ہمارے خیال میں یہ حکم ہمیشہ جاری رہے گی لیکن اللہ جانتا ہے یہ حکم اسی مدت تک جاری رہے گی تو ہمارے حوالے سے یہ حکم بدل گیا ہے لیکن اللہ کے حوالے سے اس کا دورانیہ ختم ہوا ہے حافظ عبد البر دنے یحیٰ بن اکثم سے نقل کیا ہے تمام علوم میں ایک علم جو علماء کے لئے سب سے زیادہ واجب ہے متعلمین کو اور مسلمانوں کو اس سے آگاہ ہونا چاہئے وہ علم قرآن میں ناسخ ومنسوخ کا علم ہونا ضروری ہے ناسخ کو لینا واجب اور اس پر عمل کرنا دیانت کی ثبوت ہے ناسخ و منسوخ والوں نے شریعت میں احکام منسوخ ہونے کی فلسفہ حکمت بیان کی ہیں منسوخ ہونا بہت بڑا فلسفہ ہے۔ ۱۔ سب سے بڑا فلسفہ اللہ کی ربوبیت کا اقرار ہے اور اس کی مالکیت کا اعتراف ہے وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے جو وہ سمجھتا ہے حکم کرتا ہے۔ ۲۔ کمال عبودیت کا اظہار ہے گویا بندہ اللہ کی نئی حکم کے انتظار میں رہتا ہے جس شکل وصورت میں حکم آتا ہے وہ اپنی اطاعت وبندگی کا اظہار کرتے ہیں کمال خضوع وخشوع کے انعقاد کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ ۳۔ بندے کی آزاد خیال آزادمردی کا کا امتحان لینا ہے تا کہ پتہ چلے کون سرکش ہیں؟ کون مطاع ہیں؟ کون اھل اطاعت ہے اور کون اھل عناد ہیں دنیا دار امتحان ہے سونا آگ میں لگا کے تجربہ کرتا ہے بندہ امتحان وآزمائش میں لگا کر امتحان لیتا ہے۔ ۴۔ اس کا اظہار کرنا ہے کہ بندے کو احکامات اس کی طاقت کے برابر ہے یا نہیں؟ اگر طاقت سے مافوق ہے تو حکم اٹھائے گا۔ ۵۔ بندوں سے مشقتی چیزیں اٹھانا ہے مصلحت عامہ کا حیال رکھنا ہے جیسا کہ سورہ مائدہ آیت ۶ میں آیا ہے۔ ۶۔ ضعفاء کو کمزوروں کو عسر وحرج سے یسر میں منتقل کرنا ہے سورہ بقرہ آیت ۱۸۵ کسی حکم کا منسوخ ہونا عقل قیاس اجتھاد سے ثابت نہیں ہوتا ہے بلکہ منسوخ صرف دلیل نقل سے ثابت ہوتا ہے منسوخ ثابت ہونے کی چند طریقے ہیں۔ ۱۔ اصحاب سے بطور نقل صحیح منقول ہو کیونکہ نسخ کا دور پیغمبر کی دور تک محدود ہے نسخ ایک حکم وحی کو نسخ کرنا ہے تو وحی ہی سے نسخ ہوتا ہے چنانچہ پیغمبر اکرم نے فرمایا کہ میرے بس میں نہیں کہ میں ایک حکم کو تبدیل کروں سورہ یونس آیت ۱۵۔ ۲۔ شخص راوی تاریخ نسخ کو نقل کرے کہ میں نے فلان فلان موقع پر پیغمبر سے سنا تھا نسخ ہونے کے بارے میں امام بخاری نے اپنے صحیح میں ایک واقعہ نقل کی ہے کہ نسخ کیسے ہوتا تھا امام بخاری سورہ توبہ کی آیت ۸۱ کے تلاوت وتفسیر کر رہے تھے عبد اللہ بن ابیہ بن سلول ان کا بیٹا پیغمبر کے پاس آیا پیغمبرص سے ان کا قمیص مانگا جس میں عبد اللہ کو کفن کرے پیغمبر نے قمیص ان کو دیا پھر عبد اللہ نے آپ سے نماز جنازہ پڑھنے کی درخواست کی پیغمبر اُٹھے عبد اللہ کی نماز جنازہ کے لئے تو عمر اپنے جگے سے اٹھے اور پیغمبر کے لباس کو پکڑا اور کہا آپ سے آپ کس پر نماز پڑھ رہے ہیں حالانکی اللہ نے آپکو ان کی نماز جنازہ پڑھنے سے

منع کیا ہے تو پیغمبر نے فرمایا کہ اللہ نے مجھے اختیار دیا ہے کہ آپ اس پر استغفار کرے یا نہ کرے ستر بار استغفار کرے میں بخشوں گا نہیں تو میں ستر سے زائد استغفار کروں گا عمر نے کہا کہ وہ منافق ہے پیغمبر نے ان کی نماز جنازہ پڑھے تو اللہ نے یہ آیت سورہ توبہ ۸۴ نازل کی یہ آیت آنے کے بعد پہلے جو نماز پڑھنے کے اختیار تھے وہ منسوخ ہوئے صاحب اصول تفسیر نے قرآن کریم کی جن سوروں میں ناسخ و منسوخ نہیں ان کی تعداد ۴۳ بتائی ہیں جن میں آیات ناسخ ہے منسوخ نہیں وہ ٦ سورے بتائے ہیں اور جن میں منسوخ ہے ناسخ نہیں وہ ۴۰ سورے بتائے ہیں اور جس میں ناسخ منسوخ دونوں نہیں ان کی تعداد ۲۵ بتائی ہیں اب شخص مفسر کے لئے ان تمام کا علم ہونا ضروری ہے اما حکم کس سے منسوخ ہونا ہے عدات نسخ وحی ہے اور کوئی چیز نہیں سورہ یونس آیت ۱۴

پیغمبر نے فرمایا میں حکم نہیں بدل سکتا ہوں پیغمبر وحی کے ذریعے حکم بدلتے ہیں انھوں نے کہا وحی دو قسم کے ہوتے ہیں

۔۱۔ وحی متلو ہوتا ہے وہ قرآن ہے

۔۲۔ غیر متلو ہوتی ہے اس سے مراد جہاں پیغمبر کو تفوض ہوئی ہے کہ آپ اپنی طرف سے تعبیر کرے تو جب پیغمبر تعبیر کرتے ہیں تو وحی کے تعبیر کرتے ہیں یو وہ قرآن کے برابر ہیں اس کے لئے انھوں نے سورہ حشر آیت ۔۷ سورہ آلعمران آیت ۳۱ سے استناد کی ہیں قرآن حدیث سے نسخ ہونے کی دلیل اسی کتاب میں آیا ہے پیغمبر نے نماز سورہ مؤمنین پڑھا اور اس میں ایک آیت نہیں پڑھی نماز ختم کرنے کے بعد ان سے پوچھا کیا تم میں کوئی نہیں تھے کہ مجھے یاد دلائے صحابی نے کہا ہم نے سمجھا کہ یہ منسوخ ہوا ہے تو پیغمبر نے فرمایا اگر منسوک ہوتے تو میں تمھیں خبر دیتا نقل از کتاب اصول سرخصی جلد ۲ ص ۵۷ اصحاب پیغمبر کا عقیدہ تھا کہ قرآن سنت سے نسخ ہوئی ہے اس کی ایک اور مثال پیغمبر نے فرمایا لا وصیت للوارث نسخ کتاب البیان فی تفسیر القرآن ص ۲۹۵ نسخ کا معنی استکتاب ہے استنساخ استنساخ نقل تحویل ازالہ اما لغت میں ایک امر حکم شریعت میں ثابت شدہ ہے اس کی مدت ختم ہونے کو کہتے ہیں چاہے وہ احکام تکلیفہ ہو یا احکام وضعیہ یا مناصب الہی پر یا ایسی امر ہو جس کی برگشت اللہ کی طرف ہو ہم نے کہا ایک حکم ثابت ایک حکم ثابت سے رفع کرنے کو کہتے ہیں کبھی حکم موضوع ختم ہونے سے ختم ہوتا ہے جیسے رمضان ختم ہونے کے بعد روزے کا حکم ختم ہوتا ہے نماز پڑھنے وقت ختم ہونے کے بعد نماز کا حکم ختم ہوتا ہے کسی شخص کی ملکیت اس کے مرنے کے بعد ختم ہوتا ہے اصل نسخ عقلائے مسلمین کے نزدیک نسخ شریعت جائز ہے جب کہ یہود و نصاریٰ نے نسخ شریعت کو محال ناجائز قرار دیا ہے شریعت اسلام میں نسخ واقع ہوئی ہے جو احکام پہلے شریعتوں کا بقایا چل رہے تھے اس پر مسلمانوں نے عمل کیا تھا وہ اسلام میں نازل قرآن کے ذریعے منسوخ ہوا ہے جس کی مثال مسلمان بیت مقدس کی طرف رخ کر کے نماز پڑھ رہے تھے وہ اس آیت کے تحت

منسوخ ہوئے اس میں جائے شک وتر دید نہیں لیکن بحث یہاں ہے قرآن کریم کی آیت میں ناسخ منسوخ ہے یا نہیں؟ اس میں بحث ہے بعض نے اس میں بہت سے غلو کی ہے ابوبکر نحاس نے ایک کتاب ناسخ ومنسوخ تا لیف کی ہے اس میں ۱۳۸ آیات منسوخ بیان کی ہے آیت اللہ خوئی نے لکھا ہے ہم ۱۳۸ کو مختصر کر کے صرف ۳۶ آیات کو اُٹھایا ہے اس پر بحث کی ہے جس ۳۶ آیت کے منسوخ ہونے کے بارے میں آیت اللہ خوئی نے مباحثہ کی ہے وہ سورہ مجادلہ کی آیت ۱۲ ہے اس میں پیغمبر سے سرگوشی کرنے پر صدقہ دینے کا حکم دیا ہے یہ آیت اسی سورے کی آیت ۱۳ سے منسوخ کی ہے پھر آپ لکھتے ہیں کہ اس آیت کے منسوک ہونے کے بارے میں وارد روایات دونوں طرف سے مستفیض ہے یہ حضرت علی کے شان میں نازل ہوئی ہے اس وقت حضرت علی کے پاس صرف ایک دینار تھا اس کو درھم میں تبدیل کیا دس درھم ملے روزانہ ایک درھم دے کے پیغمبر سے سرگوشی فرماتے تھے حضرت علی فرماتے ہیں کہ میرے منقبت میں جس میں میرے ساتھ کو یہ اور شریک نہیں تھے ان مناقب میں سے ایک دس درھم روزانہ صدقہ دے کر پیغمبر اکرم سے مناجات کرنا تھے جس پر علے نے فرمایا اس آیت پر میرے علاوہ کسی نے عمل نہیں کیا ہے آقائے خوئی مرحوم کا یہ کہنا ہے قرآن کریم میں اس آیت کریمہ کے علاوہ کوئی آیت منسوخ ہونا قابل ھضم نہیں لیکن ہمیں جاننا چ اس آیت کے منسوخ ہونے کے بارے میں سامنے آتا ہے اس کو بحث میں لانے کی ضرورت ہے یہاں سے اصل نسخ شریعت سے اس آیت تک بحث کرنے کی ضرورت ہے

۔۱۔ نسخ شریعت قوانین میں گزشتہ زمان کے ساتھ تنسیخ وترمیم کی جواز اس لئے بنتے ہیں چونکہ بشر آئندہ آنے والے زمانے اور انلوگوں کے مفاسد ومصالح سے جاھل ہوتا ہے ان کو پتہ نہیں ہوتا ہے غلطیوں کا اکتشاف ہونے کے بعد اسے منسوخ کرتا ہے مسخ پے قانون بشر ضروری ہے نسخ نہ کرنا ایک ظلم وجبر ہے اما یہ صورت حال اللہ رب العزت کے بارے میں تصور بذات خود باطل ہے ناممکن ہے نقص در الوھیت آتا ہے

۔۲۔ نسخ ادیان گزشتہ مسلمان سادہ زبان میں سرسری سادگی مین کہتے ہیں کہ نسخ شرائع ہوا ہے ایسا نہیں ہے دین کے دو حصے ہیں ایک اصول عقائد ہے ایمانیات ہیں وہ قابل تنسیخ نہیں تبدیل نہیں دوسرہ اعمال وافعال ہیں وہ اپنی جگہ دو قسم کے ہوتے ہیں ایک امھات ہوتی ہے واجب کی بنیادیں محرمات کی بنیادیں یہ بھی قابل نسخ نہیں تبدیل نہیں۔

دوسرا ہنگامی حالات میں وقتی حالات میں امتحان وآزمائش کے لئے استقامت دکھانے کے لئے ہوتا ہے وہ اسباب ختم ہونے کے بعد اس کا حکم بھی ختم ہوتا ہے نسخ شرائع سے مراد اس قسم کے احکامات ہیں یہود ونصارا جس چیز کی نسخ سے انکار کر رہا ہے وہ نسخ سے نہیں شریعت اسلام کو رد کرنے کے لئے کہتا ہے

۔۳۔نسخ نماز روزہ زکات گزشیہ شریعت میں موجود تھے چنانچہ پیغمبر اکرم ص مبعوث ہونے کے بعد آپ اور آپ کے اصحاب نے نمازیں پڑھی ہیں روزے رکھے ہیں حج کی ہیں لیکن آپکے اپ مستقل طور پر حکم واجب صلوۃ معراج کے بعد ہوئی ہے چنانچہ نماز آپ شریعت سابق کے تحت بیت المقدس کی طرف رخ کر کے پڑھتے تھے مدینہ ہجرت کرنے کے قبلہ تبدیل ہوئے حج وعمرہ سابق دور کے تحت آپ انجام دیتے تھے وجوب حج دس ھجری کو ہوئی

۔۴۔اما قرآن میں آیات منسوخ ہونے کا جو دعویٰ ہے وہ قرآن کریم کے ان آیات سے منافی ہے اس قرآن میں کسی قسم کی نقص عیب تبدیلی آگے پیچھے سے نہیں آینگے اللہ کا یہ فرمان یہ آیت • لایأ تیہا لبطل من بین یدیہ ولا من خلفہ اس بات کی دلیل ہے کہ قرآن نہ اللہ کی طرف سے منسوخ ہونگے نہ کسی اور کی طرف سے اب آتے ہیں اس آیت کے بارے میں

۔ا روایت کا یہ کہنا دس دن تک اس آیت پر حضرت علی کے سوا کسی اور نے اس پر عمل نہیں کیا یہاں سول آتا ہے کسی اور نے عمل کیوں نہیں کیا چند مفروضے ہوتا ہے

۔ا۔کسی کے پاس صدقہ دینے کی گنجائش نہیں تھے یہ مفروضہ غلط ہے اصحاب میں مہاجر وانصار دونوں صاحبان ثروت تھے

۔۲۔بخل کنجوسی مال سے محبت یہ مفروضہ بھی تاریخ مہاجرین وانصار کے تحت غلط ہے بے بنیاد ہے جن انصار نے اپنی تمام مایملک ہتھیلی میں رکھ کر مہاجرین کو پیش کیا ہو اللہ رسو لکے خاطر سب کچھ ہتھیلی میں رکھ کر پیش کیا ہو ان کے پاس ایک درہم کی کیا حیثیت ہے

۔۳۔مہاجرین میں ابوبکر عثمان طلحہ زبیر جیسے شخصیات تھے جو ہمہ وقت پیغمبر کی فرمان پر سب کچھ بذل کرنے والے تھے ایک دفعہ پیغمبر نے انصار سے کہا کہ اس جنگ میں چندہ دے دیں ابوبکر نیکچھ مال لا یا پیغمبر نے پوچھا گھر میں کیا چھوڑ کے آئے ہو کہا اللہ اور اسکے رسول کو ابوبکر نے ۳۔۴ غلاموں کو مشرکین کے ہاتھوں سے آزاد کیا اپنی بیٹی عائشہ کی صداق جو چار سو ساڑھے چار سو بنتے تھے پیغمبر کو دیا آپ اس کو صداق میں دے دیں عثمان بن عفان نے جنگ تبوک میں لشکر اسلام کے نصف لشکر کے اخراجات برداشت کی اب ان دونوں کے لئے ایک درھم کی کیا حیثیت رکھتے تھے

۴۔آیا تاریخ میں ملتا ہے کہ حضرت علی اس سے پہلے بار بار پیغمبر سے سرگوشی کرتے تھے

۔۵۔سرگوشی پر عائد پابندی کا کیا حکمت عملی تھے یہاں دو احتمال ہوتے ہیں

ا۔اس بہانے سے اغنیاء سے کچھ پیسے نکال کے فقراء کو دینا تھا فقراء کے حالات کو بہتر بنانا تھا جو کہ کامیاب نہیں ہوسکی یہ ہو بھو انجان لوگوں کی قوانین جیسی بنی اس پر عمل ہی نہیں ہوسکی

۔۲۔اغنیاء کو امتحان میں لانا تھا وہ بھی امتحان میں نہیں آئے

۔٦۔حضرت علی کی فضیلت کو اٹھانا تھا حجرت علی کی فضیلت کو اس نازک قانون کے ذریعے سے علی کیا مقام منظور تھا کیا پیغمبر سے نجوٰ کرنا یا نجویٰ کے لئے صدقہ دینا کیا خلیفہ مسلمین کے لئے بنیادی شرط ہے لہٰذا محسوس ہوتا ہے یہ قصے ایسا ہے جھوٹ اتنا بولے جھوٹ نکالنے والے پریشان ہوکر خود بیٹھ جائے یا ایسا ہے ایک شخص نے لوگوں کو کسی طرف متوجہ کرنے کے لئے ایک جھوٹی خبر بنائی وہاں کوئی قیمتی چیز مفت میں دے رہا ہے لوگ جوق درجوق وہاں جانے لگے تو جھوٹ بولنے والے کے خود شک ہوگیا کہ کہیں وہاں تقسیم تونہیں ہورہا خود بھی ان کے ساتھ چلا گیا غرض اسلام ومحمد ص سے قرآن سے لوگوں کو دور رکھنے کے لئے مذاھب وفرق کی مساعی غیر جمیلہ غیر حسینہ کامیاب ہوئی ہے اب دین صحاب ائمہ سے شروع ہوتا ہے انھیں پر ختم ہوتا ہے قرآن ومحمد ص دونوں مھجور واقع ہوئے ہیں

کتاب اصول تفسیر وقواعد ہ ص ۷۹

حدیث ۔الا انی اوتیت الکتاب ومثلہ معہ لا یوشک ورجل شعبان علی اریکتہ ۔کتاب سنن ابی داود جلد ۴ ص ۲۰۰ شمارہ ۴۰۶۰۴ راویاں

۱۔عبدالوھاب بن نجدہ کتاب تہذیب التہذیب جلد ٦ ص ۴۰۱ متوفی ۲۳۲ ھ کو ثقہ قرار دیا ہے۔

۲۔ابوعمرو بن کثیر بن دینار کتاب تہذیب التھذیب میں ان کا ذکر نہیں آیا ہے۔

۳۔حریز بن عثمان کتاب تہذیب التھذیب جلد ۲ ص ۲۰۷ بعض نے حریز کو ثقہ قرار دیا ہے حافظ حدیث قرار دیا ہے لیکن ابن عمار نے کہا ہے کہ وہ علی کے سرسخت مخالف تھے حریز کہتے تھے کہ ہم علی سے محبت نہیں کرتے علی نے ہمارے آباواجداد کو قتل کیا ہے لوگوں سے کہتے تھے تمھارا امام ہمارا امام عمران بن غیث نے کہا میں نے حریز بن عثمان سے سنا کہ میں علی سے محبت نہیں کرتا ہوں حریز جب مکہ آیا تو کھل کے علی کو سب کرتا تھا۔

۴۔عبدالرحمٰن بن ابی عوف کتاب تہذیب التھذیب جلد ٦ ص ۲۲۲ عجلی نے شامی تابعی ثقہ کہا ہے ابن قحطان نے ان کو مجھول الحال کہا ہے۔

۵۔مقدام بن معدیکرب کتاب تہذیب التھذیب میں مقداد ذکر ہے جلد ۱۰ ص ۲۵۵ انھوں نے پیغمبر سے نقل کیا ہے وہ ۸۷ ھ کو وفات پائیہیں صحابی رسول ہیں عن رسول اللہ ؐ یہ روایت اپنی جگہ متن میں مخدوش درمخدوش ہونے کے علاوہ ایک ایک راوی ابی عمرو بن کثیر کا نام ہی تھذیب التھذیب میں نہیں آیا ہے دوسری عبدالرحمٰن بن ابی عوف کا نام مجھول الحال پایا ہے تیسرے حریز کا نام سب شاتم علی قرار پائیہیں یہاں سے پتہ چلتا ہے کہ یہ روایت کسی اعتقادی فقہی مسائل کا حل ہونا تو دور ہے بلکہ یہ قرآن کے ساتھ اھانت وجسارت ہے نبی کے ساتھ افتراء ہے

تفسیر قرآن حدیث سے:۔

کتاب عقود المرجان ص ۳۷ پر لکھتے احادیث ضعیف ہو اگر اس کی تائید نہ ہو یا اس کا معارضہ نہ ہو رد کرنے کی تو اس حدیث سے تفسیر کرنا جائز ہے چنانچہ فقہائے امت نے اس پر عمل کیا ہے وہ رائے پر حدیث ضعیف کو مقدم تھے امام احمد بن حنبل نے فرمایا حدیث ضعیف رائے سے بہتر ہے جب فقہ میں حدیث ضعیف سے فتویٰ دینا صحیح ہے تو تفسیر میں بھی جائز ہے کتاب قواعد تحدیث من فنون مصطلح الحدیث تألیف جمال الدین قاسمی ص ۱۱۱ پر لکتے ہیں حدیث ضعیف وہ حدیث ہے جس میں شرط صحت کا فقدان ہے نہ اس میں حسن ہے حدیث ضعیف کے اقسام ہیں موضوع مغلوب شاز منکر معلل مضطرب جب علماء حدیث نے حدیث ضعیف کو مردود کیا ہے تو پھر اس کو فقہمیں تفسیر میں لانے کی سند قرار دینے کی کیا منطق ہے قرآن میں احکام اموال اس سلسلے میں وارد آیات پر بحث کرنے سے پہلے ضروری ہے کہ ہم مال کی تعریف کریں مال اہل لغت نے مال کو کہا ہے مال وہ چیز ہے کس سے معاش انسان قائم ہوتا ہے چلتا ہے لیکن مال اس کو کہا جاتا ہے جو انسان تحمل زحمت مشقت سے حاصل کرے جس کے حصول میں زحمت درکار نہ ہو اس کو مال نہیں کہ سکتا وہ مال نہیں ہے جیسے ہوا بارش کا پانی دشت و بیابان سمندر بڑے بڑے دریا مٹی پہاڑ غار درختوں کے سائے یہ چیزیں مال نہیں ہیں چوں کہ ان کے وجود میں انسان کی جہد کوشش بذل نہیں ہے اما مال ہے اس کی تین انواع ہیں۔

۱۔ وہ مال بزات خود بغیر کسی توسط توقف کے استعمال میں آتے ہیں جیسے کھانے پینے کی سامان دانے پھل فروٹ حیوان اس کی گوشت دودھ بال اس کے چمڑے اس پے سوار ہونا اس پر ہر چیز انسان کے استفادے میں آتے ہیں جیسا کہ سورہ غافر آیت ۷۹ میں آیا ہے۔

۲۔ وہ مال جس سے زندگی حاصل نہیں ہوتا ہے اس سے نفع لینے کسی اور چیز پر موقوف ہے یعنی خود استعمال میں نہیں آتا ہے جیسے زمین زراعت کے لئے گھر بنانے کے لئے آگ کھانا پکانے کے لئے پنی درختوں کی آبیاری کے لئے مشینری لکڑی بال وغیرہ۔

۳۔ وہ مال ہے جو کسی عوض کے ذریعے حاصل ہوتا ہے معاوضے کے ذریعے یعنی اس کی عوض میں جو ملتا ہے اس سے زندگی بنتی ہے جیسے نقد رقم

تفاسیر روائی کی قدر و قیمت:

جتنی بھی تفسیر روئی سے موسوم کتب میں منقول رویات کی برگشت اخیر جن ذوات کو جاتی ہے ہم ان ذوات کے

بارے میں دیکھتے ہیں کیا یہ واقعی ان سے منقول ہے یا انسے منسوب ہے

اعیاد و ماتم

اعیاد و ماتم ہمارے دین ملک وملت کو لاحق خسارات جسیمہ کثیرہ جس کا کوئی عائد فائدہ معقول مشروع نہیں خسارے کا خسارا و بال دنیا عذاب آخرت شقاوت و بدبختی کا سامنا ا ہونے والے چیزوں میں سے ایک اعیاد وماتم ہیں جس کے ارتکاب میں ملک کے جاھل عوام طلبہ اسکالر عالم دین مؤمنین منافقین سیاستدان حکمران سب اس خسارے کے ذمہ دار ہیں دنیا میں وہ سیاہ اور آخرت میں عذاب الیم کا مستحق ہوگا وہ اعیاد وماتم ہیں۔

۲۔ دنیا میں بے مقصد حرکت کرنے والے کو بچہ کہتا ہے زیادہ خودنمائی کرنے والے کو عورت کہتا ہے بے فائدہ حرکات انجام دینے والے کو احمق پاگل کہتا ہے۔

۳۔ عمل با مقصد عمل بے مقصد کی تمیز یہ ہے با مقصد عمل کا ہر جز دلیل و براھین کے زنجیر سے جوڑا ہوتا ہے ہر بات کی دلیل دیتا ہے سامعین کو قانع ومطمئن کرتا ہے کم سے کم لاجواب کرتا ہے۔

۴۔ یہ لفظ علماء لغت کے نزدیک ایک معنی کے لئے استعمال ہے اعیاد خوشی میں استعمال کرتے ہیں ماتم دکھ مصیبت میں استعمال کرتے ہیں خوشی ایک طبیعی ہوتا ہے ایک جعلی دکھاوا خود ساختہ ہوتا ہے طبیعی خوشی کو عقل وشرع دونوں اجازت دیتے ہیں روکتا نہیں ہے بلک ہ وہ اس کے لئے اظہار کرتے ہیں تعریف کرتے ہیں شکر کرنے کی تلقین کرتا ہے مصیبت طبیعی ہوتا ہے جسے کوئی روکتا نہیں بلکہ اسپر صبر برداشت کی تلقین کرتا ہے ایک جعلی ہوتا ہے فراڈ ہوتا ہے ناجائز لوگوں سے ہمدردی لینے کا بہانہ ہوتا ہے اس تمھید کے بعد ہم آتے ہیں ہمارے ملک میں رائج اعیاد و ماتم کا تجزیہ کرتے ہیں ان دونوں لفظ کے معنی کیا ہے اور کس معنی میں استعمال ہوتا ہے اعیاد مادہ عود سے کسی چیز کا بر گشت کو کہتے ہیں ماتم عورتوں کا کسی مردے کی یاد میں جمع ہو کے فریاد و فغاں کرنے کو کہتا ہے اعیاد و ماتم خود ساختہ بے معنی بے فائدہ بلکہ باخسارہ عادت روایت کی تکرار کو کہتے ہیں ایسی روایات جو اس وقت امت مسلمہ منا رہا ہے ان کو یہ چیز کہاں سے کدھر سے کب سے ورثے میں ملی ہے تاریخ ادیان سابقہ اور جاہلیت عرب دیکھنا ہوگا عربوں نے جب بت پرستی کی بت خانے بنائے اور ان بت خانوں کو آباد کرنے لوگوں کو یہاں جمع کرنے کھانے کھلانے جادو کرنے وغیرہ کے لئے مراسم بنائی تھی ان میں سے لات وعزیٰ منات کا دن مناتے تھے۔

جن کا ذکر سورہ النجم کی آیت۔۱۹،۲۰ میں ہے بت لات طائف میں ہوتی تھی یہ ایک گزشتہ زمان کے انسان کے یاد میں مناتے تھے عرب وہاں جمع ہوتے تھے وہاں انھوں نے اس کو بیت الربّہ کے نام سے مناتے تھے عزیٰ مکہ

والوں کے تھی یہ بت خانہ عرفات میں تھے وہاں ایک درخت تھا اس کے سامنے قربانیاں دیتے تھے فتح مکہ کے موقع پر خالد بن ولید کو بھیج کر منہدم کیا اما منات اھل مدینہ کے تھا یہ جبل قدید مکہ مدینہ کے درمیان میں ساحل دریا پے تھی یہاں یہ لوگ تین دن رہتے تھے اس کو کعبہ جیسا احترام کرتے تھے نجران کے پاس ایک لمبا کھجور کا درخت تھا وہ اپنا عید یہاں مناتے تھے اس درخت کو اچھے لباس پہناتے تھے بلوغ اعراب فی المعرفت اصول العرب جلد ۱ ص ۳۴۹۔

۲۔اعیاد مجوسی۔مجوسیوں کی اعیاد بہت زیادہ ہے ان میں سے ہم چند کا ذکر کرتے ہیں سب سے اہم تین اعیاد ہیں۔

الف۔نوروز کا عید۔ب۔مہرجان ۔ج۔سداق

نوروز کا عید سب سے بڑا دن ہے اس دن کو منانے کا آغاز جمشاد فارسیوں کا ایک بادشاہ ہے جمشاد یہ کلمہ مرکب ہے جم کا یعنی چاند ہے شاد شعاع ہے جمشاد جب بادشاہ بنے جس دن وہ بادشاہ بنے اس دن کو اپنے لئے نیا دن حساب کر کے اس نے اس دن کو خوشی منانے کے لئے حکم دیا اور یہ دن آج بھی فارس میں انقلاب اسلامی آنے کے بعد بھی آب وتاب کے ساتھ مالی۔۔۔خسارے کے ساتھ اس کو عید سعید کہکر مناتے ہیں اب اس میں مسلمانوں کیلئے کونسی سعادت کا دن ہے ان کے علماء سے پوچھیں جوان کے ساتھ یکجہتی کیلئے دنیا بھر کے شیعہ نشین علاقوں میں مناتے آئے ہیں ہمارے ملک پاکستان جن کا ایران کے بادشاہوں سے کوئی رشتہ نہیں بنتا ہے وہ بھی مناتے آئے ہیں چنانچہ ڈیرہ اسماعیل خان میں ہرسال اس دن شیعہ چند جانیں اسی دن کے لئے دیتے آئے ہیں بلتستان بھی شیعہ نشین کے حوالے سے تمام منکرات کا اہتمام کرتے آئے ہیں جس کا علماء کی تائید بھی حاصل ہے لیکن افسوس صد افسوس کے ساتھ ایران میں انقلاب اسلامی آنے کے بعد بھی اس بے منطق عید کے لئے سرکاری بچت چھٹیاں پائی جاتی ہے خسارے اٹھانے آتے ہیں۔ ایران اسلامی میں بڑی زور وشور سے جاری ہے۔

یہاں ایک سوال ہے سابق زمانوں میں خاص کر۔۔۔۔۔میں حکومت تھی وہ اس مراسم کو اپنے فائدہ اٹھانے کے لئے جاری رکھا صفویوں کے دور میں وہ بھی مفاد پرستوں کی حکومت بھی اسلامی حکومت کے دور میں جمشید کی تخت نشینی منانے کی کیا منطق بنتی ہے اگر فرض کریں وہ اچھے آدمی تھے تب وہ مسلمانوں جو اپنے نبی کے نام ایسے دن نہیں مانتے اس دو کو منانے کی کیا تفسیر کر سکتے ہیں۔ایسے بہت سی روایات اباطیل ہے جنہیں چھوٹے روایات سے تکیہ دے کر جاری رکھا ہے اگر یہ کام صفوی قاچاری پہلوی یا عوامی حکومت ہوتی تو اس کی توجیہ ہوسکتی ہے مفاد پرست لوگ ہے لیکن علماء کی حکومت مرجع اعلیٰ کی حکومت اس دن کو عید سعید کہنے کی کیا منطق پیش کریں اگر آپ فرمائیں ہمارے پاس اس بارے

میں روایات ہے کہ ہم عرض کرتے ہیں وہ روایات اما حکم قرآں سے متصادم ہے قرآن ہر قسم کی تدی تجاوز عدم توازن کورد کرتا ہے۔

۲۔قوم قبط کے لئے چودہ عید ہیں ان میں سے سات بڑے اور سات چھوٹے ہیں

۳۔اعیاد یہود کتاب بلوغ العرب جلد ا ص ۳۵۴ اس میں آیا ہے یہود کے پانچ عیدیں ہیں

۴۔نصاری کی چودہ عیدیں ہیں سات بڑے ہیں سات بڑے ہیں سات چھوٹیان میں ایک عید مسیح ہے اس بارے میں ان کا کہنا ہے کہ مسیح سلی پر چڑنے کے بعد اتر کے آدم کو جھیم سے نجات دلایا خود زمین میں چالیس دن رہا آخری دن جمعرات تھا اس دن آسمان پر چڑا جب قسطنطنین نے خود کو مسیحی پیش کر کے فرق نصارا کی اجازت سے بادشاہ بنے تو انھوں نے یہودیوں کے مقابلے میں ایک دن آخر کیا یعنی یہودی ہفتہ کو عید مناتے تھے انھوں نے اتوار کو منایا مشرکین یہودیوں کی اور عصر حاضر میں خاس کر مسیحیوں کی عید کی شکل وصورت سب کے سامنے ہے ابتا ہکیا مسلمانوں کے لئے بھی کوئی عید ہے جب سب قوم کے لئے عید ہے جس دن قوم گھروں سے آرائش وزیبائش خود ساختہ بنا کے بن کے زینت کے ساتھ کہتے ہیں کہ ہر قوم کے لئے عید ہے تو مسلمانوں کے لئے بھی عید ہونی چاہئے یہ کس منطق کے تحت کس عقل وشرع کے تحت کہ عید ہونی چاہئے کیا ان کی عید عقل کہتا ہے کہ یہ دن عید منئے پیغمبر جب مدینے میں پہنچا تو دیکھا کہ یہ لوگ دو دن کھیلتے تھے تو پیغمبر نے فرمایا یہ کیا ہے تو انھوں نےٗ عرض کیا ہم زمانہ جاھلیت میں کھیلتے تھے تو پیغمبر نے فرمایا خدا نے تمھیں اس کے بدلے میں دو عیدیں دی ہیں دوسری روایات میں ہے کہ نوروز اور مہرجان ہیں عرب اپنی عید کے دنوں میں کیا کرتے تھے کتاب مذکور کے ص ۳۵۹ پر آیا ہے وہ اپنے عید میں فاخرہ قیمتی لباس پہنتے تھے اچھے گھوڑوں پے سوار ہو کے گھڑ دوڑ کا مقابلہ کرتے تھجوئے کھیلتے تھے دف ڈھول بجاتے تھے گانے گاتے تھے اشعار پڑھتے تھے۔

ماتم کتاب بلوغ العرب جلد ۳ ص ۱۲ پے آئے ہیں جاھلیت عرب میں مرنے والے اپنے خاندان کو وصیت کرتے تھے کہ اگر وہ مرے تو ان پر روئیں یہ سنت مشرکین تھے وہ اپنی اشعار میں بیوی بیٹیوں کو وصیت کتے تھے جاھلیت عرب جاھلیت یہود جاھلیت نصارا کے اعیاد کی اسناد بیان کرنے کے بعد ان کی اقتداء تاسی میں مسلمانوں کی اعیاد پر گفتگو کرتے ہیں مسمانوں کی اعیاد کے بارے میں جو اسناد پیش کی ہے وہ اپنے لفظ عبارت سند دونوں مخدوش ہیں سطر ذیل ان کے متضاد ہے مثلا پیغمبر اسی مکے میں رہتے تھے اور اس مدینے میں ان کی ننیال رہتے تھے بنی نجار وغیرہ لھذا قریش بنی ہاشم مدینے سے ناآشنا نہیں تھے لھذا اعادات وتقالید مکہ مدینہ والے اجنبی نہیں تھے ایک دوسرے سے واقف

تھے ۵۵ سال مکے میں گزارنے والے محمد کو مدینے میں ہونے والے عید کا پتہ نہ ہو پوچھیں کہ یہ کیا ہے تو کہا کہ ہم
جاھلیت میں عید مناتے تھے تو پھر فرمایا تمھارے لئے عید نوروز وعید مھر جان ہے جاھلیت عرب کے مقبلے میں جاھلیت
فارس پیش کرے یا عید الفطر والضحیٰ ہے فطر واضحیٰ میں کونسی کھیل ہے آیا اس کھیل اور اس کھیل میں کوئی فرق ہے اس دن
کرے تو مذموم عید فطر واضحیٰ میں کرے تو جائز ہے لٰھذا عید الفطر کے بارے میں وارد روایات مخدوش متن وسند ہے کسی
کے پاس ہے تو سامنے لائے روایات مخدوش متن سے امت کو چکر نہ دے دیں غلط طریقہ رواج کی وجہ سے اللہ نے
تمھارے اپر میں عید کے نام پر مسلط کیا ہے خشی ان کے لئے ہے جو بے دین ہیں اس کی سند مخدوش ہونے کے بعد اس فکر
وعمل کو قرآن کے سامنے پیش کرتے ہیں دیکھیں قرآن کیا فرماتا ہے عید کے لفظ اور صفت قرآن میں دو جگے ذکر کرائی ہے
ایک سورہ مائدہ آیت ۱۴ میں ایک سورہ قصص آیت ۔ ۷۸ یہ دونوں جگہ خوشی کے سرگرمی کیبارے میں آیا ہے اما مائدہ
میں آیت ۱۱۲ میں حواریین نے حضرت عیسی سے ایک ایسی سوال کیا بے ادبی بدتھذیب سوال کی عیسی سے کہا اے عیسی
تمھارا رب یہ کرسکتا ہے کہ وہ ہمیں آسمان سے پکے کھانا بھیجیں تو عیسی نے فرمایا کہ اللہ سے ڈرو اگر مؤمن ہو اس طرح
کے سوال مت کرو تو انھوں نے کہا کہ ہم یہ دیکھ کر ہمارے ایمان میں اضافہ ہو جائے ہمارے ایمان کی قبولیت کی نشانی
بنے گینصارا نے اس کو اپنی ایمان کی قبولیت کی نشانی کے طور پر مانگی ہے الل سے دعا کی اے اللہ ہمارے لئے ایک مائدہ
بھیجیں جو ہم سب کے لئے خوشی کا باعث ہو اور تیری ذات کی طرف سے معجزہ ہو تو اللہ نے فرمایا میں مائدہ نازل کر رہا
ہوں اگر اس کے بعد پھر کافر ہوا تو دردناک عذاب دونگا کہ کسی اور کو نہیں دیا ہو لھذا اس میں جوشیاں ہمنانے گانا گانے کا
ذکر نہیں ہے دوس ذکر عید کا فرعون کے زمانے میں قوم موسی سے ایک قارون نامی شخص کہتے ہیں یہ موسی کے چچازاد تھے وہ
صاحب مال ودولت کثیرہ تھے اور اپنے مال نمائی قدرت نمائی بہت کرتا تھا اس کی قوم نے اسے پسند نہیں کیا اس سے کہا
کہ ایسی خوشی مت کرو اللہ ایسی خوشی منانے والوں کو پسند نہیں کرتے یہ قارون ایک دن زیب زینت کے ساتھ نکلے عید کو
یوم زینت بھی کہتے ہیں یعنی زینت نمائی جب فرعون اپنی تمام زینت وزیبائش کے ساتھ نکلے تو یہ صورت حال دیکھ کر سادہ
لوگ کہنے لگے بڑے قسمت والے ہیں صاحبان علم والے نے کہا ایسا مت کہو اللہ کے ثواب اس سے کہیں بہتر ہے اللہ
نے قارون اور اس کے پورے گھر سمیت کھینچ لیا اس وقت اس کو بچانے والا کوئی نہیں ہوا تو ہم بھی فرعون جیسا بن جانا اللہ
نے اس دن عید اور آرائش وزینت کی مذمت کی ہے اور بدترین پاداش کا وعیدی ہے سورہ انعام آیت ۴۳ سورہ انفال
آیت ۴۸ سورہ نحل آیت ۶۲ سورہ نمل ۲۴ سورہ عنکبوت آیت ۔ ۳۸ اور بعض آیات میں عمل مشرکین قرار دیا ہے سورہ انعام
۱۳۷ اور بعض آیات میں کافرین کی عمل قرار دیا ہے سورہ بقرہ آیت ۲۱۲ سورہ آل عمران آیت ۔ ۱۴ سورہ انعام ۱۲۲

بعض جگہ خود پسندوں کی نشانی قرار دیا ہے سورہ توبہ آیت ۳۷ سورہ یونس آیت ۱۲ میں علامت مسرفین قرار دیا ہے سورہ رعد آیت ۳۳ سورہ فاطر آیت ،۸ سورہ غافر آیت ۳۳ سورہ محمد ص آیت ۱۴ سورہ نمل آیت ۴ ان آیات میں اللہ نے ایسی زینت سجائی کرنے والوں کی مذمت کی ہے ان آیات سے پتہ چلتا ہے عید عوام کی نہیں ہوتی ہے عید حکمرانوں کی ہوتی ہے عید صاحبان مال ودولے کی ہوتی ہے یہاں صاحبان عقل کو سوچنے کا لمحہ ہے انسان مال صرف کرنے میں دو قسم کے ہیں مال خرچ کرنے والے دو گروہ ہوتا ہے ایک گروہ اپنی خود کمائی کرتا ہے زحمت ومشقت سے پیسہ بناتا ہے وہ بے ہودہ خرچ نہیں کرتا ہے تزیین وآرائش نہیں کرتے کمائی سے خرچ سے بچنے والے کمائی کو خرچ نہیں کرتے چاہے باایمان ہو یا بے ایمان ہو وہ تزیین نہیں کرتے وہ کہتا ہے کہ ہماری اپنی گزر اوقات نہیں ہے مصیبت کے دنوں میں ہمارے پرساں کرنے والا نہیں ہے احتیاج کے دنوں میں ہمیں پوچھنے والا نہیں ہے دوسر گروہ وہ گروہ ہے جن کے پاس کمائی سے ہٹ کر پیسہ ہے وہ لوگ جن کے پاس کمائی سے ہٹ کے پیسہ آتا ہے اس سے وہ تزیین وآرائش کرتے مثلا جن کے پاس رشوت ہو جن کے پاس کرپشن ہو جن کے پاس حساب نہ دکھانے والی پیسہ ہو اور جو تاجر سرمایہ دار انھیں این جی اوز پیسہ تقسیم کرنے کے لئے دیا ہو فساد پھلانے کے لئے دیا ہوا وہی لوگ عید مناتے ہیں صاحبان اقتدار اور صاحبان دولت عید مناتے ہیں چونکہ ان کے پیسہ جو ان کے ہاتھ میں ہے ایک فالتو سے زیادہ ہے لھذا وزیر اعظم نے اس سال رمضاب المبارک میں کھیلنے والوں کے لئے ملک کے تقدیر سے کھیلنے وقاس کے لئے ۵۱۲ کروڑ دے دیا کیا وہ وزارت پے نہ ہوتو ایسا دیتا کیا خلفائے اسلام نے کسی کو ایسی جائزہ دیا ہے لھذا بے ھودہ ناجائز شریعت میں منھی اعمال بجالانے کی وجہ سے ان عوام پر عذاب دھشت گردی کے علاوہ بار بار عذاب آفت ان پر پڑتے ہیں یہ اس وجہ سے ہے کہ وہ معروف میں شریک نہیں منکرات میں شریک ہیں۔

اعیاد وماتم:

اعیاد خوشی میں توازن سے نکلنے کو کہتے ہیں طبیعی خوشی سے نکل کر مصنوعی جعلی خوشی کا ھلہ بولنا ہے

ماتم طبیعی حزن واندوہ سے نکل کر جعلی خودساختگی حزن واندوہ کا مظاہرہ کرنا چیخ وپکار کو کہتے ہیں اسلام طبیعت کے حدود سے نکل کر غیر طبیعی ہر قسم کے حرکات سکنات کو مسترد کرتے ہیں جس طرح جسم انسان میں موجود عناصر طبیعی میں ایک عنصر کی کمی بیشی باعث علالت بنتے ہیں بلکہ وہ کبھی جان لیوا ہوتا ہے لہذا اطباء سعی وکوشش کرتے ہیں مختلف طریقے سے توازن بحال کرنے کی کوشش کرتے ہیں جس طرح جسمانی عناصر میں توازن بگڑنے سے موت واقع ہوتا ہے اجتماعی توازن بگڑنے سے اجتماع تباہ ہوتا ہے۔

لہٰذا قرآن میں یکی از غرض بعثت انبیاء وانزال کتب کواجتماعی توازن قائم کرنے کے لئے کہا ہے سورہ انعام آیت ۱۵۲ سورہ اعراف آیت ۸۵ سورہ ہود آیت ۸۴، ۸۵ سورہ شوریٰ آیت ۱۷ سورہ رحمٰن آیت ۷، ۹، ۸ سورہ حدید آیت ۲۵ میں توزن رکھنے کے لئے تاکید کی ہے من جملہ آیات میں سے ایک آیت سورہ رحمٰن کی یہ آیت ہے۔ ﴿والسماء ورفعھا ووضع المیزان﴾ چھوٹی سی ایک پتہ دو پتہ والی سبزی سے لیکر بڑے وسیع عریض طویل شاخوں والی درخت کیڑے سے جراثیم سے لیکر ہاتھی والی حیوانات ذرہ سے مجرہ انسان سورج چاند ستارے یہ سارے ایک نظام کے اندر گردش میں ہے ان میں سے ایک کی خلل کائنات میں دگرگونی و بربادی ہوتا ہے لہٰذا علماء نے کہا ہے پوری کائنات زبان ریاضت میں لکھی ہے زبان نظام لکھی ہے یہ نظام محققین دیکھتا ہے۔

جس طرح کائنات میں نظام ہے اللہ کے بنائے ہوئے نظام میں بھی نظام ہے قرآن میں جس طرح انسانی جسم میں ترکیب عناصر میں نظام ہے روح کے تقاضوں کے لئے بھی نظام ہے ایک خوشی دوسرا دکھ ہے دکھ اور خوشی کے لئے بھی نظام ہے اگر دکھ اور خوشی کے نظام میں توازن بگڑ جائے آفت آور ہوتا ہے فتح میں زیادہ خوشی مصیبت آور ہوتی ہے شکست میں حزن واندوہ میں مبالغہ توازن سے باہر ہونا انسان کو گھٹنے پے بیٹھاتے ہیں لہٰذا کسی فتح کی خوشی میں توازن میں تجاوز دیوانہ پنٹری کی نشانی ہے چنانچہ قرآں کریم کی ان آیات میں آیا ہے خوشی میں اضفہ کو اللہ پسند نہیں کرتا ہے چنانچہ سورہ قصص میں آیا ہے عید کی خوشی میں نکلنے والے قناروں کو دیکھ کر لوگوں میں حیرت آئی تھی آہ وافسوس آئی تھی چنانچہ اللہ نے اس خوشی ممنوع مذموم کی گرفت میں وہ اور اس کی دولت زمین کی شکم میں ناپید ہوگی۔

اگر پاکستان ہندوستان جیت جائے تہ و نہس کرے تب بھی خوشی میں توازن سے نہیں نکلنا چاہئے کیونکہ پاکستان کا دشمن صرف ہندوستان نہیں دوسرے دشمن اس سے فائدہ ٹھاتے ہیں چہ جائے کہ بچگانہ حرکت میں عقلاء زمامدار نہ مملکت کے لئے آفت ہوگی وہ فی الحال سمجھ میں نہیں آئے گی۔

اسی طرح مصیبت میں توازن سے بڑھنا کسی دن وہ خود قوم کے لئے مصیبت بن جاتا ہے دور جاھلیت میں عرب میں اپنے مُردوں پر رونے کا ایک مصنوعی شکل اختیار کیا تھا جس کے لئے خواتین کو باقاعدہ وصیت کرتے تھے کہ ہم مرے تو ہمارے اُپر روئے ہفتہ مہینہ روئیں اس کو شعر میں میری فضائل ومناقب کو ذکر کرے یہ بدعت یہ طبیعت حزن سے نکلنے ایک کی طریقہ آگے سر پر پڑی ایک دن ان کو اپنے دشمن کو شکست دینے کے لئے بدر گئے تھے بہتر شجاعان قریش کو خاک وخون میں غلطان کر کے واپس آنا پڑا تو قریش نے محمد سے انتقام لینے کے لئے اس رسم پے پابندی لگائے کوئی کسی عزیز کے لئے نہیں روئے گا۔ عرب فلسفہ تو نہیں پڑھتے تھے لیکن طبیعت انسان حتیٰ حیوانات کے دیگر گون سے واقف تھے

وہ جانتے تھے رونے سے جذبات ٹھنڈا ہو جاتا ہے جس انتقام خاموش ہو جاتی ہے۔

چونکہ اسلام میں یہ رسم نہیں تھی نہ رونے کی رسم تھی اور نہ رونے پر پابندی تھی تو مدینہ میں نہ خوشی زیادہ منائی اور نہ ان کی قربانیوں پر رونہ پیٹنا ہوا۔ دشمن کہ ستانا میدان عمل سے ہوتا ہے کاغذی کاروائی اور پٹاخے چلانے سے نہیں ہوتا۔ رقاصی سے دشمن مرغوب نہیں ہوتا چنانچہ امام حسین کے نام سے بدعت مشرکین کرنے والوں کو آج پوری مملکت کی ایک ارب کفر سے لڑنے والی فوج کو اس دن ان کے اپنے تحفظ کرنا پڑتا ہے۔ یہ لمحہ المیہ وفکر یہ ہے اس پر کیوں نہیں سوچتے۔ وہ لوگ تو احمق ہوں گے دیوانے ہوں گئے جو کل تک کہتے تھے کہ یہ حرام ہے۔ آج اصحاب کے نام سے اس دن کو اسی طریقہ سے چلانے کی تحریک چلا رہے ہیں۔

اعیاد جمع عید ہے، عید عود سے لیا ہے عود برگشت دورانیہ کو کہتے ہیں چاہے خیر ہو اور چاہے شیر ہو آج جو اعیاد مسلمانوں کے لئے پڑا ہے وہ امام اسلام کی نہیں امام ادیان باطلہ ہے فاسدہ مشرکہ کی ثقافت ہے اس نام سے جاری تمام مظاہر قرآن اور سنت محمد سے متصدم ہے مزاج اسلام کے خلاف ہے۔ اس نے اداروں کو مفلوج کیا ہے خزانے کو لوٹ لیا ہے۔ اعیاد وماتم دونوں خیرات سے بے بہرہ شرورات کا سیلاب دولت کو لوٹنے والا قوم وملت بوٹ کرنے اداروں کو عاجز وناتوان کرنے والا دشمنوں کے حوصلے بلند کرنے والے ایام ادیان باطہ فاسدہ کی روایات کو تازہ کرنے والا قرآں و سنت محمد سے متصدم اسراف وتبذیر لہوولعب دیوانہ بندگی کے مظاہر سے برے مراسم ہے ایسی مظاہرہ کے لئے تنکہ برابر عقل ونقل معتبری سے عاری ہے۔

تفسیر علمی آیات قرآن کی:

تفسیر اپنی تمام تنوعات کو تین خانے میں یا تین مراتب میں خلاصہ کر سکتے ہیں:

ا۔ تفاسیر استبدادی یعنی بغیر دلیل کے مفسر کی شان کو اعلیٰ قدسیت پر لے جا کر ان کے قوم من وعن ٹھونسا گر چہ آیا قرآن سے دور کا بھی واسطہ نہ ہو روایات اپنی متن سے پہلے سند میں حصب اصطلاح اسرائیلیات ضیعفات مقطوعات مرفوعات ہیں لیکن اس کو سلف تابعین اصحاب سے نسبت دے کر اس کو تفسیر واقعی حقیقی قرار دینا اس کو تفسیر علمی نہیں کہہ سکتے یہ تفسیر اپنی جگہ تفسیر استبدادی کہنا درست ہے۔

جس کی قرآن نے ہر جگہ مسترد کیا ہے سورہ بقرہ آیت ۲۵۶ سورہ یونس آیت ۱۹۹ ایسی تفسیر قرآں وسنت رسول عقل تینوں کی طرف سے مردود ہے یہ تفسیر حقیقی معنوں میں اس کو تفسیر باطنی یا استبدادی ہے۔

اشکال اعتراض سوال کنندہ کوتمہای کسی جرائت تمہاری کیا حیثیت ہے تمہاری مایہ علمی کیا ہے علوم عربیہ کتنی پڑھی ہے کہ تم علماء و بزرگان کے حق میں اہانتو جسارت کرواورانھیں قصوروارٹھہرائیں ہمارے پاس جوکچھ دینی ذخائر ہیں انھیں ان کی وراثت ہے یہ سب اسلام سے قرآن سے محمد سے علماء سے اخلاص کی بنیاد پرنہیں ہے یہ سب دلیل و براہین کا راستہ روکنے کے لئے کرتے ہیں علماء تابعین اصحاب ان میں بلندوبالا مقام پر فائزہی کیوں نہ ہوانبیاء سے بالانہیں حضرت ابراہیم نے نمرودکا جواب دیا حضرت موسیٰ نے فرعون کا جواب دیا ہے حضرت محمد نے ابوجہل کا جواب دیا خوداللہ نے ابلیس کا جواب دیا قرآن اورسنت رسول سے ہٹ کے علماء کو بلند مقام دینے والے خودمشکوک افراد ہیں ان کی ایسی باتوں سے بوئے گند باطنیہ آتا ہے یہ باطنیہ کی سنت وسیرت رہی ہے۔ پہلے ناسمجھ نامفہوم تاویل تحونسیں پھران پرمنوعن گردن گھسیٹ عمل کرائے قرآن مجید کی آیات اس کوسختی سے رد کرتے ہیں۔

۲۔تفسیر علمی کا دوسرا مصداق وہ ہے جہاں مفسر آیات کی توضیح میں جودلائل پیش کرتا ہے آپ اس کورد نہیں آئیں کرسکتے چاہیے معاندہی کیوں نہ ہومثلا ایک جگہ قرآں کے لئے قرآن میں آیا ہے ابناء اللہ کے لئے ابن حب اس کورد کریں گے اللہ کے لئے ابن کسی صورت میں صحیح نہیں استناد لم یلد ولم یولد سے کرے وغیرہ قرآن کی بہت سی آیات کی توضیح تشرح دوسری آیتوں میں آیا ہے جس سے کسی کوانکارنہیں۔

۳۔تفسیر علمی سے مراددائل والی تفسیرنہیں یعنی جدید علوم فیزیکس کیمسٹری ریاضیات فلکیات کے مطابق آیات قرآن کا تفسیر کرنااس سلسلہ میں ایسے تفاسیر پراظہار نظر کرنے والے تین ہستیوں سے ہم نے استفادہ کیا ہے استادومحقق شیخ ہادی معرفت کے تفسیر المفسر وں استاد دکتور محمد حسین ذھی کے تفسیر المفسر وں استاد دکتور فھد بن عبدالرحمٰن بن سلیمان روفی کے اتجاھات التفسیر فی القرآن الرابع عشر سے تینوں نے اس سلسلہ میں بحث وافی تفصیل سے بحث کی ہے اس فن کے مبتکر محمد بن احمد اسکندرانی متوفی ۱۳۰۶ھ شیخ طنطاوی بن جوہری مصری متوفہ ۱۵۸ھ یہ دونوں اس میدان میں شہسوار نکلے ہیں یہاں تک طنطاوی نے تفسیر علمی کی حمایت میں یااس کی دفاع میں فقہاء پرتندوتیز لہجے میں حملہ کیا ہے۔

اس نے کہا ہے فقہ میں آیت صرف ۱۵۰ آیتیں ہیں اوراس پرکتنی کتابیں لکھی گئی ہیں لیکن علوم کے بارے میں سات سو چپاس آیات آئی ہے اس میں جائے شک وتردیدنہیں تفسیر علمی میں کتب کم لکھی گئی ہے مکمل تفسیر کم لکھی گئی ہے لیکن ہرایک نے ایک فن کواٹھا کرسینکڑوں کتابیں تفسیر علمی پرلکھی گئی ہے یہاں صرف ایک لکھنے کی وضاحت کرنا ضروری ہے وہ یہ ہے قرآن کی محور پرکار جس کی گردقرآن گردش کرتا ہے آیا قرآن کا غایت نزول کوئی قیام قیامت تک ہونیوالی اسرارورموز کائنات کوہروقت کشف کرکے عرض کرنا مقصودنزول قرآن ہے اس کتاب میں بشریت کوعلم ہی علم لایا ہے یہ نظریہ کہ

قرآن ایک کتاب علم ہے تاریخ نشری میں اکتشاف ہونے والی آئندہ ہونے والی تمام اکتشافات پر محیط ہے۔
یہ نظریہ اس کی برگشت گزشتہ زمان کے خرافات حزیلات اسرائیلیات سے چندان فرق نہیں ہونگے اور اس کی برگشت بھی آخر میں قرآ توڑ ہوگا جس کی واضح دلیل قرآں میں آیات کو نبہ نبی انکشافات کی خبر ۱۴۰۰ سال پہلے دی گئی ہے پہلے ایمان کشفیات کرنے والے اور کشفیات پر ایمان لانیوالوں کی عقیدہ باللہ خضوع باللہ اوامر ونواہی پر کتنا ہونا چاہیے اللہ پے عقل اور آیات قرآن کے تحت اللہ کی فرائض الوہیت میں نہیں ہے اللہ کی الوہیت کی فرائض میں ہدایت خلق ہے جو انزال کتب بعثت انبیاء سے ہوتا ہے لیکن کائنات کی حقائق وباریکی کو کشف کرنا اللہ نے خوش بسر پر چھوڑا ہے سخر لکم مافی الارض اسموات ومافی الارض جمیعا سورہ جاثیا آیت ۱۳۔ کشفیات کا ایمانیات سے کوئی ربط نہیں ہے۔
جس کی ایک مثال ضرورت تفسیر کے بارے میں انھوں نے لکھا ہے اصحاب کو بعض اوقات قرآن کریم کے الفاظ غریبہ پیش آتے تھے۔
جو عربوں کے درمیان میں مستعمل نہیں لھذا وہ دیگر اصحاب سے پوچھتے تھے اگر وہ جواب نہ دے سکے تو رسول اللہ سے پوچھتے تھے ان کا یہ جملہ شان قرآن کیخلاف ہے بلکہ علماء فصاحت کے بھی خلاف ہے علماء نے عام فہم کے لئے کلام میں فصاحت شرط لگایا ہے کلام فصیح ہونا چاہئے بلیغ ہونا فصاحت کلام میں انھوں نے لکھا ہے کہ الفاظ تنافر نہ ہو الفاظ کی ترکیب میں ضعف نہ ہو الفاظ ادائیگی میں پیچیدگی نہ ہو قرآن کریم نے خلفائے عرب کو چیلنج کیا ہے فصحائے عرب کلمات غریبہ کو مسترد کرتے تھے نقد وطعن کا نشانہ بناتے تھے اگر قرآن کریم میں کلمات غریبہ ہوتے تو اسی وقت جس وقت اللہ نے تحدی کیا تھا کہ ایک سورۃ لاؤ اس جیسا تو وہ لوگ کہ سکتے تھے ہم آپ کے قرآن میں کلمات غریبہ ہے قرآن میں کلمات غریبہ کا ہونا قرآن پر ایک نقد ہے طعن ہے دوسرا جمل انھوں نے کہا ہے گرچہ اس زمانے کے عرب فصاحت وبلاغت کے انتہائی اوج عروج پر تھے۔
لیکن قرآن اپنی جگہ اتنا اعلیٰ ارفع معانی کا حاوی تھے ہر شخص کے فہم وادراک سے بالا تھے لحاظ وہ محتاج تفسیر تھے تو یہاں سوال آتا ہے کلام میں ایک شرط بلاغت ہے بلاغت میں یہ کہتا ہے متکلم کو نظر میں رکھ کے خطاب کرے تو گویا اللہ کو پتہ نہیں تھا یا پتہ ہو کے اللہ نے عرب اس وقت کے لوگوں کو نظر میں رکھے بغیر آیات نازل کی ہے لہذا مفسرین قرآن کے نزدیک یہ قرآن فصیح بھی نہیں ہے بلیغ بھی نہیں ہے آیات محکمات مفسرین کی اصولین کی توجیہ کو بنگ دخل ضرس قاطع رد کرتے ہیں قرآن کریم میں کو جن صفات سے یاد کیا ہے وہ مردود ہے کیوں کہ عمران ۷ میں قرآن کو محکمات کہا ہے شکم کا معنی ہر قسم ابہام اجمال کو مسترد کرتے ہیں آیئے دیکھتے ہیں:

۱۔قرآن کے صفت میں سے ایک صفت بیان ہے فرمایا یہ لوگوں کے لئے ایک بیان ہے سورہ آل عمران آیت ۔۱۲۸ سورہ قیامت ۔۲۹

۲۔بینات سورہ عنکبوت ۵۹ سورہ بقرہ ۱۸۵ سورہ یونس آیت ۱۵ سورہ حج آیت ۱۶، ۷۲ سورہ نور آیت ۱
بینہ آیت ۔۱، ۴ سورہ انعام آیت ۔۱۵۷ سورہ اعراف آیت ۔۷۲ چندیں کلمہ مبین آیا ہے سورہ مائدہ آیت ۹۲ سورہ حجر ۸۹ سورہ نمل آیت ۳۵، ۸۲، ۱۲ سورہ یٰسین آیت ۱۷ سورہ مائدہ آیت ۱۵ سورہ یوسف آیت ۔۱ سورہ شعراء آیت ۔۲ سورہ قصص آیت ۔۲ سورہ زخرف آیت ۔۲ سورہ دخان آیت ۔۲ سورہ انعام آیت ۔۵۹ سورہ یونس آیت ۔۶۱ سورہ حجر آیت ۔۱ سورہ نمل آیت ۔۱ سورہ یٰسین آیت ۱۲
آیات فصل قرآن نے اپنے آپ کو قول فصل کہا ہے سورہ طارق آیت ۱۳ سورہ ھود آیت ۔۱ سورہ فصلت آیت ۔۳، ۴۴ سورہ انعام آیت ۔۹۷، ۹۸ سورہ زخرف آیت ۵۲
کلمات یسر سورہ قمر میں چند آیات میں تکرار سے کہا ہے کہ ہم نے قرآن کو ہر کس کے دست رس میں دیا ہے سورہ کھف کی آیت ۔۱ میں اس کو غیر عوج کہا ہے۔

کلمہ تفسیر:

تبین وتوضیح معانی قرآن کریم کے لئے استعمال ہونے والی ہے سب کثیر الاستوار سب سے قدیم سب کے استعمال میں رائج کلمہ کے بارے میں ایک غیر عربی وہ بھی علوم عربی میں فیل انسان سے کون سنے یا کہاں معاشرے میں محکم ترین دلیل شہرت سے اور قدامت وکثرت ہو کون اس بار میں نظر ثانی کریں گے۔
اصول تفسیر باطنی اب قارئین کرام کے آزمائش وامتحان کا موقعہ ہے قرآن کریم میں آیا ہے ونبلوھم بالخیر والشر و خیر وشر دونوں سے آزمائش لیتے ہیں کلی طور پر نہیں کہہ سکتا ہوں قارئین کرام اس آزمائش امتحان میں سرخ روا اچھے نمبروں سے پاس ہوہ نگے کیونکہ انسان بہت سے مفاہیم کے جبر میں رہتے ہیں زندان سلاسل اقتصادی پابندی معاشرتی انحصار ان سے زیادہ ثقافتی جبر بہت سخت ہوتی ہے بطور مثال اگر ہمارے ملک کے اعلیٰ اداروں سے یہ سوال ہو جائیں حضرت سرکار آپ سے سوال ہے پاکستان کے سیاسی استحکام معاشی ترقی علوم وفنون وصنعت میں ایک مثال قائم کرنے کیلئے ان کہلاڑیوں کے کیا کردار ہے کیا فوائد ہے اگر اس کو متحمل کریں کیا نقصانات ہونگے میرا چھٹی حس بتاتے ہیں جواب اس طرح آئیں گے احمقوں پاگلوں کے سوالات کا ہمارے پاس جواب نہیں جہاں ان کے شکست کو فتح فتح کو فتح فتوح قرار دیتا ہوا اس جواب سے بہتر کیا جواب ہوسکتا ہے اس طرح عید فطر کے بارے میں علماء سے پوچھا دین اسلام کو کیا فائدہ

ہوا ہے۔

جہاں یہ کہتا ہوا اسلام محسر ختم ہو چکا تھا امام حسین نے بچایا ہے تبسم علی اصغر نے بچایا شرابی جواری تارک عزادار نے بچایا ہے اعلیٰ مقاصد کے محرمات کا ارتکاب بے حرج ہے اسلام سے زندہ روحانیت ہے تو اسلام باقی ہے قرآن کی بجائے صرف ونحو نے اسلام کو بچایا ہے۔

جن کی قول اللہ قول رسول مقدم قول رسول پر قول اہل بیت مقدم ہے دین کو انہی علماء نے بچایا گزشتگان کی توسط سے دین ہم تک پہنچا ہے یہ کیسے ممکن ہے سب کی قول کو اجماع کو مسترد کر کے ایک بے قد بے سروپا بدنام زمانے کی بات کو قبول کریں بقول امیر المومنےحق لوگوں کے ذریعے سمجھنے والے کبھی حق تک نہیں پہنچ سکتا ہے بہر حال جس نے یہ فیصلہ کیا ہو حق بولیں گے تکبر غرور انا پسند نہیں کریں دلیل سنیں گے دہشت گردی استبداد قبول نہیں کریں گے قول حق اللہ کے لئے بولیں گے احساب حشر ونشر کے لئے بولیں گے بتائیں ہم ہے اور دلیل ہم ہے اور اللہ ہے وہی حامی وناصر ہے۔

جتنے اللہ ہمارے دسترس میں ہے وہ باطنیوں کی ہے پہلا دلیل ہے اصول تفسیر دوسرا کلمہ خود تفسیر تیسرا کلمہ وسائل ذرائع تفسیر چھوتھا خود کتب تفسیر ہے آئیں ملاحظہ کرتے ہیں:

تفسیر مادہ فسر سے باب تفعیل کا مصدر ہے مادہ فسرہ اور مادہ سفرہ دونوں کے معنی مستور مغمور مغموض مرموز مفاہیم سے کشف خطاء کیلئے آتے ہیں کشف غطاء عن وجه شئي میں فسر وسفر دونوں ملتا ہے دونوں کے معنی ازالہ خفا حجاب پردہ ہٹانے کے معنوں میں آتے ہیں شخص مسافر کو اس لئے مسافر کہتے ہیں وہ گھر سے باہر کشف حالات کے لئے نکلتے ہیں تا کہ نامعلوم واقعات وحوادث سے آگاہی حاصل کریں چنانچہ گھر دور غیر حاوی مسافت طی کرنے کی غرض سے نکلنے والے کو مسافر کہتے ہیں دنیا میں کیا رہا ہے کہ وہ مجھولات سے کشف غطاء کے لئے نکلتے ہیں چنانچہ سابق زمانے سے عصر حاضر تک کے سیاحان نے بہت سی معلومات فراہم کی ہے تاریخ میں مکتشفین کی کشفیات کی فہرست لمبی ہے اس تناسب سے پردہ چھوڑ کر نکلنے والی خواتین کو سافرہ مسفورات کہتے ہیں کسی کلام کے غموض ورموز پر چھائے پردہ کو ہٹا کر اصلی معنی کو بیان کرنے کو تفسیر کہا ہے جسیا کہ سورہ کہف میں قصہ موسیٰ وہود وصالح میں آیا ہے۔

کتاب عمدۃ الحفاظ ج۳ص۲۷۳ فسر بمعنی کشف وبیان کو کہا ہے صاحب مفردات نے فسر اظہار معنی مقصود کو فسر کہتے ہیں گلاس جس میں بول ہوتے ہیں طبیب اس میں موجود بول دیکھتے ہیں یہیں سے گلاس کو تفسیر کہتے ہیں۔

کتاب التحقیق فی کلمات القرآن الکریم جلد۹ص۸۶ پر کتاب مقائیس الغات سے لکھا ہے کہ کلمہ فسر کسی چیز کے بیان اور اس کی توضیح میں استعمال ہوتا ہے یہاں سے نظر الطبيب الى الماء و حكمه فيه کو تفسیر کہا ہے۔

کتاب مصباح سے نقل ہے فسرت الشیء باب ضرب سے ہے بیّنته واوضحته کتاب تہذیب جلد۱۲ص ۴۰۶ الفسر کشف ما غطّی لیث نے کہا الفسّر : **التفسیرهو بیان وتفصیل الکتاب .و التفسرة: اسم قاروا ة لالذی ینظر فیه الاطباء ،یستدلّون بلو نه علی علة** اس بول کو جو شیشیہ میں رکھا ہے کہتے ہیں۔

اوراس کی رنگ سے مرض کی نوعیت کو دیکھتے ہیں وکل شی ءیعرف بہ شی ءویعنیه فهو تفسیرته بعض نے کہا ہے التفسیر: کشف المرادعن اللفظ المشکل لفظ مشکل سے معنی اخذ کرنے کو کہتے ہیں اس کے مقابلے میں تاویل آتا ہے **و التاویل ۔رد احد ی المعنین الی ما یطابق الظاهر للفظ** یعنی دو محتمل میں سے ایک کو ترجیح دینے کو کہتے ہیں جو ظاہر کے ساتھ مطابقت رکھتا ہو۔صاحب کتاب لغویوں کے بیان پر تعلیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں شرح معہ توضیح شرح کے ساتھ توضیح ہو۔

التوضیح ،التبیین ،الکشف التفصیل ،التأ ویل کے درمیان فرق یہ ہے **انّ الشرح : بسط مخصوص فی موضوعی فی قبال القبض** جہاں بند ہے اس کو زیادہ کھولے۔

البیان :انکشاف بعد ابهام ،بالتفریق و الفصل .

الانکشاف: زوال غطاء ورفعه عن شیء حتیٰ یظهر .

التأویل:جعل شیء متقدماحتی یترتب علیه الآخر .

التوضیح : یقابلالخمول و الحفاء . التفصیل :یقابل الوصل

پس مادہ فسر بیان کشف تأ ویل تعریف تقریبی ہے اصل شرح ہے توضیح کے ساتھ مصادیق شرح مصادیق ایضاح شیشے میں موجود مریض کے بول کو دیکھنا ہے لیکن تفسر بول کو نہیں کہا ہے یہ شیشے کو کہتا ہے مجازاً. شیشے میں موجود بول کو دیکھنا شیشے کو دیکھنا کہتے ہیں اس میں دیکھنا بول کو ہی ہے مجازاً شیشے کو دیکھنا کہتے ہیں۔سورہ فرقان آیت ۔۳۳۔۹ سورہ فرقان آیت ۹ کی تفسیر آیت ۳۳ میں کی ہے ہر کلام کی تفسیر دو چیزوں پہ متوقف ہے مفاہیم الفاظ اور کلمات کی تحقیق وتجوز میں نہیں ہے بلکہ تقریب وتجویز میں ہے فہم مراد متکلم متوقف ہے علم بر دلالات کلمات یعنی ان کلمات کے کیا معنی ہے؟

تفسیر فہم مراد متکلم ہے مفسرین ایضاح وشرح بیان کے ذریعے واضح کرے حد سے خارج نہ ہو کسی کلام کا تفسیر منظور متکلم کے خلاف نہیں ہونا چاہیے۔یہ چیز یہ تحقیق لغات میں ہوتا ہے معنی حقیقی کلمات کیا ہے خاص کر قرآنی آیات میں مستعمل کلمات ہمیشہ مفاہیم حقیقی میں استعمال ہوتا ہے مجاز میں نہیں ہوتا جب تک کسی کو دھوکہ فریب مفہوم سے غافل

رکھنا مقصود نہ ہو دوسرا معنی متوقف ہے نورانیت باطنی بصیرت قلبی پر صاحب کتاب لغات لکھتے ہیں انتہا ئی افسوس سے کہنا پڑتا ہے یہ دونوں شرط مفسرین میں فاقد ہیں اس وجہ سے ہم ہر آئے دن پہلے کی تقلید کرتے ہیں اکثر جگہ وہ شک وتردد حیرت میں ہیں کونسے معانی مراد ہیں ان کو کسی بھی جگہ کسی بھی موضوع میں یقین نہیں آتا قطعیت سے نہیں کہ سکتا ہے کہ یہ معنی درست نہیں ہے۔ان کے خیال میں عام لغت میں دیکھنے اور عام تفسیر میں دیکھنا کافی ہے سورہ ۵۴ آیت ۔۸۷

التفسیر کشف المراد عن لفظ لمشکل التاویل اخذاحدی المعنین الی ما یطایق ظاهر اللفظ

صاحب مفردات نے کہا **تفسیر مایطایق بمفرادات الالفاظ و غرائب تاویل بمعنی الرجوع با الفاظ عن ظاهری الی معنی سقیم به ذالک الفاظ** سفر اس کی جمع استار آتا ہے **الرجل من مکان الی مکان** اس کے بھی معنی کشف کے ہیں کیونکہ سفر سے ہی لوگوں کے اخلاق ضروریات سلوک کشف ہوتا ہے سفر عام طور پر انسان سے کشف حجاب کرتے ہیں، تفسیر وتاویل کے بارے میں لکھتے ہیں یہ دونوں کلمہ مترادف ہے یا متغائر ہے کہتے ہیں تفسر معرفت وشان نزول کو کہتے ہیں اما تاویل ردمعانی بسوئے معانی لائق کو کہا ہے اسنادو ردمعانی الی مایطاق الظاہر پر۔

سفر العمامه عن راسه سفر الخمار عن الوجه سفر البیت یعنی کشف گھر کا جھاڑو کرنے کو کہتے ہیں سفیر اس مٹی کو کہتے ہیں جو جھاڑو کی وجہ سے جمع ہوئی ہے۔

اسفار ظہور ضوء النہار اسی سے یہ آیت یہ والصبح اذا اسفر مدثر ۴۷ یہاں ظلمت سے ہٹ جاتے ہیں وجو یومئذ مسفرہ عبس ۸۰، سفر کتاب کو بھی کہتے ہیں چونکہ وہ حقائق سے پردہ ہٹاتے ہیں۔

یہاں یہ امتیاز اس زبان کو ہے اس میں ایک مادہ ہے جو اس ارتجال سے لی ہے جیسے ضرب قول فعل عمل ان کلمات میں صرف حدث بتاتے ہیں ضرب مارنا قول بولنا فعل کرنا جب اس سے کلمات بناتے ہیں اس کو صیغہ کہتے ہیں صیغہ صوغ سے بنا ہے یعنی اس کا ڈھانچہ بنانا ھیئت بنانا اس ڈھانچہ سے دو معنی نکلتا ہے ایک زمان و مکان نکلتا ہے کرنے والا یہ دوسرے مرحلے کی توسیع اس زبان میں جو ہے وہ دیگر زبان میں نہیں ہوتی۔

دوسرا اشتقاق اشتقاق کبیر ہے جسے علی بن فارس ان کے بعد ان کے شاگرد جثیہ نے بنائی ہے۔

تیسرا اشتقاق جس کا کوئی حد نہیں وہ ہے کوئی کلمہ مختصر سی مناسبت پر دوسرے کے لئے استعمال کرے اس سے زبان عرب پھولتا ہے اس سے اس کلام میں بہت سی حسن و جمال توسیع وسعت ترقی تمام اس کلام میں آیا ہے سب جانتے ہیں اہل کلام فصحاء بلغاء جانتے ہیں کسی کی کلام میں اجمال ابہام اس لئے آتا ہے اس کے لئے یا اس کی زبان میں جو معانی وہ پیش کرنا چاہتے ہیں اس کے لئے الفاظ نہیں لہٰذا وہ مشکل میں پڑتا ہے سر پکڑتا ہے کہ میں آپ کو کس طریقے سے سمجھاوں اس

کے ل ٔکونسی کلمات استعمال کروں۔

قرآن وہ زبان ہے جو دنیا بھرمیں اور خود عربوں میں جو سب سے پہلے ترقہ وتمدن کے لئے جو صنعت لگائی ہے وہ صنعت زبان ہے اس صنعت زبان سے عرب حجاز کو دیگر عربوں پر فوقیت ملی ہے امتیاز ملی ہے۔

اعجاز قرآن:

اعجاز قرآن کے بارے میں کتاب الذریعہ شمارہ ۹۱۶، ۹۱۷، ۹۱۸ مین اعجاز قرآں کے بارے میں کتابیں ذکر کی ہیں کتاب کشف الذنون ج ا ص ۱۲۱ پہ محمد بن زید واسطی متوفی ۳۰۰ھ آئی ہے کتاب کشف الذنون ج ۳ ص ۱۹۸ اعجاز قرآن محمد بن طبیب بن محمد بن جعفر بن قاسم باقلانی اشعری متوفی ۴۵۳ھ ہے۔

محمد بن ابراہیم انصاری شاطبی مالکی متوفی ۶۶۷ھ اعجاز قرآں کے بارے میں تالیفات کتاب اعجاز قرآن مصطفیٰ رافعی ج ا ص ۱۲۳ سب سے پہلے محمد بن یزید بن علی بن حسین واسطی متوفی ۳۰۶ ہے۔

۱۔دلائل اعجاز عبدالقادر جیلانی

۲۔علی بن یحییٰ بن علی بن عبداللہ رمانی متوفی ۳۸۴ھ

۴۔ابوبکر بتلانی متوفی ۴۰۳۔

۵۔احمد بن محمد بن ابراہیم بن خطاب سبطی متوفی ۳۸۸۔

۶۔فخرالدین رازی

۷۔محمد بن عمرو بن حسن بن حسین تمیمی بکری متوفی ۶۰۶

۸۔ابن ابی اصبع متوفہ ۶۵۴

۹۔زملکانی متوفی ۲۷ھ

۱۰۔محمد بن یحییٰ بن سراقہ عامری متوفی اس کے بعد اعجاز القرآن والبلاغہ النبویہ مصطفیٰ صادق رافعی ۱۳۵۶ھ۔

تفاسیر موضوعی احکام قرآن

اس ذات کے لئے سزاوار ہے جس نے ہمیں وہ چیز دی ہے جو دنیا میں کسی اور قوم کو نہیں دی ہے حمد وثناء اس ذات کے لئے مخصوص ہے جس نے اس کتاب کو ہمیشہ کے لئے کتاب ہدات بنایا ہے حمد وثناء اس ذات کے لئے مختص ہے جس نے اس کتاب کو کتاب شریعت خاتم قرار دیا ہے۔حمد وثناء اس ذات کے لئے لائق ہے جس نے اس کتاب کو مادام الدھر حجت بنایا ہے حمد وثناء اس ذات کے لئے سزاورا ہے اس نے اس کتاب کی حفاظت خود نے کرنے کی یقین دہانی کی ہے حمد وثناء اس ذات کے لئے مخصوص ہے اسے آیادی خائنانہ اس تک رسائی سے کوتاہ رکھنے کی بھی اطمینان دلایا ہے۔حمد وثناء اس ذات] کے لئے سزاوار ہے جس نے مجھے فقھوں کی بجائے قرآن کی طرف متوجہ ومصروف رکھا ہے۔

حمد وستائش اس ذات کے لئے مخصوص وسزاوار ہے جس نے ابتداء ہی سے قرآن اور سنت محمد کے مقابل میں بنائے گئے فقہ سے دور رکھا میں اس میں کودا نہیں بلکہ اعلانیہ کہتا رہا مجھے فقہ نہیں آتی ہے میں فقہ نہیں جانتا ہوں۔جس نے مجھے تعلیم دنیا سے نہیں نوازا کیونکہ اس کے حصول کے لئے دینی کاروبار والوں سے نزدیک رحمانیہ سے دور ہوجاتے ہیں احزاب الحادیوں کے بجٹ سے سہم مولفۃ قلوب المومنین للکافرین سے سہم لینا پڑھتا تھا نیز اللہ سے دور خدمت خلق سے نزدیک ہوجاتے' چنانچہ بہت علمی مذہبی شخصیات خدمت دین سے مستعفیٰ ہوکر خدمت خلق کو اپنے لئے بہتر گردانتے ہیں حمد وثنا اس کے لئے سزاوار ہے جس نے مجھے ان ضرورتوں سے محروم نہیں رکھا جو میری حیات دنیوی کے لئے ناگزیر تھی ورنہ میں سرمایہ داروں سے قرب کی خاطر مال ومالداروں کی شان میں حدیث گھڑنا پڑھتا ہے نیز ان کے بقول ان سے توسل میں مبتلا ہوجاتا۔

سلام ودرود بے نہایت اس بشیر ونذیر عالمین پر سلام ودرود اس رسول امین حامل کتاب عظیم پر سلام ودرود مصطفیٰ عالمین پر ہو جس کا خلق قرآن ہے اس کا وصیت فرقان ہے اس کا میراث کتاب لاریب فیہ ہے۔سلام ودرود اس ہستی پر جس نے ایک عمر امی گزارنے کے بعد پہلا درس قرآن امین وحی جبرئیل سے لیا اس درس میں پہلا نصاب درس قرات تھا اس درستگاہ سے حاصل قرآن کو لے کر ابوقبیس پر چڑھ کر فرمایا جئکم کو خیر قرات آیات کریمہ الدنیا والاخرہ نیز سلام رب جلیل وکریم ان باصفا وفاداران محمد پر جنہوں نے سراء وضراء میں آپ کی معیت میں گزاری ہم رب منزل قرآن خالق کون ومکان سے اس کتاب کے بارے میں اس کا ارشاد ہے اگر یہ کتاب اللہ کے علاوہ کسی اور سے ہوتا تو اس میں بہت سی اختلافات پاتے۔

قرآن کریم اور دیگران کی کتب میں پہلا فرق مندرجات میں اختلافات کا نہ پانا اور پانا قرار دیا اس کی کتاب میں کسی قسم کا اختلاف نہیں پایا جاتا ہے آیت اس طرح اس میں بھی اختلاف نہیں پایا جاتا ہے کہ یہ کتاب کس نے لائی ہے

اس کی اصل اور محتویٰ مشکوک قرار نہیں پائیں جتنا بھی پروپیکنڈہ شایعہ افکنی کیا گیا یہ کسی اور کا ہے ثابت نہیں کر سکے تسلیم ہونا پڑھا اس میں خود کا بھی حصہ سہم نہیں وہ صرف واسطہ ہے غور کریں کسی اور سے ہونے کا احتمال دور سے دور تک جاتے ہیں لہٰذا تاریخ بشریت میں یہ واحد کتاب ہے جس کی انتساب صرف حضرت محمد مصطفیٰ کے علاوہ کسی اور سے نہیں گرچہ مشرکین اور صلبین نے چہ می گوئیاں، مشکوک شبہات کی بوچھاڑ کی لیکن وہ ھبا منشور ہو گیا یہاں کفر کی سربراہوں کو اپنے ایوانوں میں کہنا پڑھتا ہے جب تک یہ کتاب مسلمان میں ہے ہم کچھ نہیں کر سکتے ہیں۔اس طرح سے کی ہے کہ محمد نے یہ کتاب کسی بشر سے نہیں لی ہے آیات مندرجات کو جمع کرنے غور کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ یہ کتاب محمد نے ہی پیش کی ہے لیکن اپنی طرف سے نہیں بلکہ خالق کائنات مدبر کائنات رب الناس رب محمد کی کتاب ہے۔

ہم برات و بے زاری کا اعلان کرتے جس کسی نے بھی قرآن اور محمد کے مقابل میں حجتیں گھڑی ہیں اس دن سے دشمنان اسلام یہود و مجوس وصلیب و ہنود کی سازشیں کامیاب ہوتے گئیں ان کی امیدیں بڑھنے لگیں ادیان باطلہ بتوسل فرق و مذاہب امت مسلمہ کو زمین بوس کیا وہ صرف اپنوں کو ایسی تیسی کہنے میں مشغول رہے ہر ایک فرقے نے ایک وسیع علاقہ پر بدترین استبداد کا مظاہرہ کیا کتاب دراسات فی الفرق والمذاہب اور کتاب اجتہاد التقلید تجدید نے آنکھوں سے پٹی اتارے گی۔

یہ کتاب اس لئے تصنیف نہیں کی ہے کہ دنیا سے رخصت ہوتے ہوقت بزرگان کو غصہ دلا کر جاوں اس لئے بھی نہیں لکھا ہے میرے مرنے کے بعد یہ یادگار رہے گا نہ مجھے اس کا ڈر ہے کہ لوگ مرنے کے بعد لعنت بھیجیں گے میں نے دنیا والوں سے بہت زجر و اہانت کھایا ہوں مرنے کے بعد زجر کا پتہ نہیں چلے گا۔روز قیامت جس دن کو اللہ نے یوم اتبلی سرائر نام رکھا ہے اور کسی جگہ فرمایا ہے **الیوم تبدون ما کنتم تخفون** کسی جگہ **الیوم تجزون** کسی جگہ **الیوم نختم علی افواھم** کسی جگہ جہنم داخضہ آیا ہے وہ حیل شرعی و مصلحت قومی وقت حالات کے ساتھ دینا پڑھتا تھا والی حیلے بہانے تراشی کار آمد نہیں ہوگی وہاں یہ منطق کار آمد نہیں ہوگی یہ اعتراض وہاں نہیں چلے گا اعتراض مدارس حوزات کے فیل تھے بے قد و قامت بدشکل تھے۔

ہم رب کریم و رحیم علیم و قدیر پر بھروسہ کرتے ہوئے عمر پیری میں حالت علیل اور ضعف جسمانی کے وجوہات کے علاوہ شرف وداع دنیا و مافیہا کے موقعہ پر ایک گراں بہا قابل قدر یادگار چھوڑنے کی نیت سے اس موضوع کا آغاز کیا ہے تا کہ ملائکہ حساب و کتاب کے اس سوال کا کیا لائے ہو اور کیا چھوڑ کر آئے ہو تو میں جواب قرآن سے دفاع کر و احکام فقہاء کو چھوڑ و احکام قرآنیہ کو نفاذ کر و پتہ نہیں جو پہلے لکھ چکا ہے اور اس کا حشر کیا ہوں گے آخرت میں میری نجات میں

کہاں تک یہ مؤثر اور شافع واقع ہوں گے وہ اللہ ہی بہتر جانتا ہے میں صرف مرتے وقت اللہ کی کتاب قرآن عظیم سے لگاو اور اس کو اپنی فہم وادراک کے دائرے میں رہتے ہوے ایک توشہ آخرت سمجھ کر شروع کیا ہے چناچہ سورہ انشقاق میں اللہ نے فرمایا ہے کہ تم اپنی تمام زحمت ومشقت اور تک ودو کے ساتھ میری طرف آرہا ہے آیت تو قرآن کی معیت میں اللہ کے حضور میں پہنچنے کی شرف حاصل کرنے کی نیت سے شروع کیے ہیں معلوم نہیں کہ میں کتنے صفحات کتنے عناوین لکھ کر چھوڑ دوں۔

ایک ہزار سال سے زائد عرصہ سے بنی ہوئی طویل وعریض عمارت فقہ کو تجاوزات غیر قانونی قرار دے کر گرانا بعض کی نظر میں اقدام غیر عاقلانہ حرکات جاہلانہ تصورات احمقانہ ہوگی۔ بہت سے دانشوران وغیر دانشمندان اور علماء المذاہب ہم آہنگی کے داعیوں کا کہنا ہے جس طرح دین یہود ونصاریٰ مجوسی کو ختم نہیں کر سکتے ہیں فرقوں کو بھی ختم نہیں کر سکتے ہیں۔ یہ تصور انتہائی غلط اور بے بنیاد ہوگی کیا کسی مذہب یا دین کو باطل بے بنیاد کہنا اس کو گرانا نہیں کہتے ہیں ۔

جس طرح دین صلیبی ومسیحی ویہودی کو متعرض ہونے میں کوئی اشکال واعتراض نہیں ہے بلکہ اس سلسلہ میں عرصہ دراز سے ادیان باطلہ مذاہب فاسدہ کو باطل گردانتے آیا ہے ادیان ومذاہب دنیا میں پیش آنے والے حوادث واقعات معروضات دنیا جیسا ہے دونوں کو دلائل وبراہین سے ثابت کرنا ہوتا ہے جس طرح کسی بھی چیز کا ثبوت پرانا ہونا نہیں ہوتا ہے دلیل سے محروم ہونے کی وجہ سے دلائل سننے سے ہراساں، پریشان ہوتا ہے گھبراتا ہے ناگوار گزرتا ہے دلائل ان کے لئے مثل صاعقہ ہوتے ہیں وہ طاقت وقدرت کا مظاہر کرتا ہے

اس کو بے بنیاد کہتے ہیں، یعنی یہ دین یا مذاہب کسی محکم متقنی دلائل پر قائم نہیں بلکہ ہوا خیال نفخ شیاطین جن وانس پر قائم ہے بے پدرو بے اساس وین ہے۔ اس دین یا مذہب پر قائم والوں کو چاہیے اپنے دین ومذہب کی بنیاد پیش کریں۔ دین مذہب کی بنیاد احتجاج، خوف اور ہراس سے استحکام نہیں پاتے ہیں اس کے لئے آیات قرآن سے استناد کی ضرورت ہے۔

ان کے پاس دلائل وبراہین صحیح کا بحران رہتا ہے طاقت وقدرت کی فراوانی ہوتی ہے شاید آئندہ بھی ایسا رہے یوں ہی ان کو خطرہ لاحق ہوتا ہے، طاقت کا مظاہرہ ہوتا ہے۔

جبکہ دین حق والوں کو افتخار واعزاز اس حاصل ہے کہ وہ دلائل قاطعہ ساطعہ لا یتناھی تھا سے مسلح فتح وکامیابی حاصل کرتے ہیں الحادی طاقتیں اتحاد یہ قائم کرتی ہیں دلائل سے محروم فرقے بھی اس اتحاد میں شامل ہوتے ہیں کبھی محروم وبے بس بھی

رہتے ہیں۔

تبین احکام قرآنیہ:

مذاہب فقہی نے قرآن اور سنت رسول سے انحراف کر کے احکام فقہاء کو احکام قرآن کی جگہ جاگزین کیا ہے۔

اس کے لئے انہوں نے چندین وجوہات پیش کی ہے۔

۱۔قرآن کریم اور سنت رسول میں تمام احکام نہیں۔

۲۔قرآن کریم کی آیات ظنی الدلالہ ہیں، سنت رسول ظنی سند ہے۔اس تجاوزات غیر آئینی قبضہ بلا سند کو چھڑانا ہر فرد مسلمان عالم و دانشمند اور ہم جیسے شاگردان فیل پر واجب قرآن ہے۔

فقہاء نے اپنی فقہ کو احکام قرآنیہ کی جاگزین کرنے کیلئے اللہ اور اس کے رسول امین پر افتراء جھوٹ باندھا ہے، نیز خود قرآن کی دعواء کو جھٹلا کر اہانت و جسارت کی ہے نیز انہوں نے تضاد گویاں بھی کی ہے قرآن کریم کی چھ ہزار سے زائد آیات کے علاوہ یہ دعواء بھی افتراع کیا ہے اتنی برابر وصی غیر متلو بھی ہوا ہے ۔

فقہاء نے اپنے اس وعدے کا وفا بھی نہیں کیا جو انھوں نے کتب اصول فقہ میں تکرار سے کہا ہے کہ ہمارا مصدر فتویٰ قرآن و سنت محمد ہے جہاں حکم قرآن یا سنت محمد میں حکم موجود ہو ہم فتویٰ نہیں دیتے جہاں قرآن و سنت میں حکم نہ ہو یا روایات ضعیف عمل اصحاب بھی نہ ہو وہاں ہم فتویٰ دیتے ہیں یہاں ان سے سوال ہوتا ہے یہاں فتویٰ دینے کا یہ حق آپ کو کسی نے دیا ہے لیکن جب انھوں نے فتویٰ صادر کرنا شروع کیا تو انھوں نے قرآن سنت محمد دونوں کو نظر انداز کر کے فتویٰ دیا ہے۔

بلکہ بعض جگہ حکم صریح قرآن ہوتے ہوئے اس کے خلاف فتویٰ دیا ہے ہم اس کتاب میں پہلے مرحلے میں ۔لیکن ہم ان کے اس دعویٰ کو مسترد کرتے ہیں جہاں انہوں نے کہا ہے قرآن میں عام احکام نہیں ہے نیز نبی کریم کے اس فرمان کو بھی جھٹلایا ہے جس میں آپ نے فرماتا ہے ہم نے عام احکام بتایا ہے آئے پہلے ان آیات دیکھتے ہیں۔

اس کتاب میں ہر خشک وتر کا بیان ہے سورہ انعام آیت ۵۹ سورہ شوریٰ آیت ۱۹۵ سورہ نمل آیت ا آیت ۷۵ سورہ سبا آیت ۳۔۱۲ یہ کتاب واضح و روشن ہے سورہ آل عمران ۱۳۸ نحل آیت ۱۰۲ یہ کتاب عربی ہے عربی کا معنی واضح ہے سورہ فصلت آیت ۴۴ سورہ شوریٰ آیت ۱۹۵ یوسف آیت ۲ رعد آیت ۳۷ طہ آیت ۱۱۲ زمر آیت ۲۸ فصلت ۳ شوریٰ آیت ۷ زخرف آیت ۳ سورہ احقاف ۱۲۔

۲۔قرآن میں احکام کی حدود بتایا ہے انسان سے کہا ہے ان حدود سے قریب مت جائیں یا تعدی نہ کریں جو شخص حدود کا پاس نہیں کریں گے اس پر نقض حکم کا حد جاری ہوگا قرآن کریم میں آیا ہے کہ اللہ نے حدود بیان کی ہیں بقرہ آیت ۱۸۷ آیت ۲۲۹ آیت ۲۳ نساء آیت ۱۳ مجادلہ آیت ۴ طلاق آیت ۱ سورہ توبہ آیت ۱۱۲ سورہ نساء آیت ۱۴ سورہ توبہ آیت ۹۷ سورہ مائدہ آیت ۱۳ ان آیات میں آیا ہے اللہ نے ہر چیز کو بیان کیا ہے۔تو یہ کہنا کہ اللہ نے نہیں بیان کیا ہے یہ تہمت ہے راہ فرار ہے۔

۱۔اس میں ہر خشک وتر کا حکم ہے انعام ۵۹

۲۔اللہ عدل واحسان کا حکم دیتا ہے نحل ۹۰

۳۔قیام قسط کریں مائدہ ۸

۴۔قرآن میں قوموں کی کوئی حیثیت نہیں حجرات ۱۳

۵۔یہ کتاب ہدایت ہے احقاف ۳۰

بقرہ ۲۔۱

توبہ ۸۶۔۱۲۴۔۲۳ بقرہ ۱۸۵

فہم قرآن مشکل نہیں بقرہ ۱۸۵ انعام ۱۹ نساء ۸۲ ص ۲۹ فصلت ۳ قرآن بیان لناس آل عمران ۱۳۸۔قیامت ۱۸ رحمٰن ۴

بقرہ ۲۱۳‘ ۲۰۹‘ ۲۵۳۔

آل عمران ۸۶،۱۰۵۔

یہ دعویٰ ہر حوالے سے غلط اور بے بنیاد ہے کہ قرآن میں تمام احکام نہیں ہے فقہاء نے اعتراف کیا ہے قرآن میں پانچ سو آیات احکام کے بارے میں آیا ہے جبکہ ابن عربی نے آٹھ سو آیات علامہ ہادی معرفت نے تفسیر ومفسرون میں دو ہزار کے قریب آیات بتائی ہے اگر اس عدو مذکور پر ان پر اعتماد کریں تو انہوں نے ان سے بھی استناد نہیں کیا ہے خاص کر کے بعض ابواب جسے ارث خواتین نکاح محرمات احکام جنگو جہاد سے متعلق آیات تفصیل سے بیان ہوا ہے امانت داری کا تقاضا تھا کہ وہ جہاں جہاں قرآن میں احکام بیان ہوا ہے ان کو سامنے لاتے جہاں آیت نہیں یا دلالت میں نقص ہے وہاں وہ دیگر امارات سے استناد کرتے بلکہ انہوں نے بہت سی ایسی جگہ قرآن کے خلاف فتویٰ دیا ہے۔

۱۔قرآن وسنت میں آیا ہے وہ حیلہ بہانہ کر کے کہتے ہیں نہیں آے ہیں تو وہ جھوٹ ہوں گے

۲۔قرآن وسنت میں آیا ہی نہیں ہے اگر قرآن وسنت میں نہیں آیا ہے تو ان کو یہ حق نہیں ہے‘ جہاں اللہ نے حکم نہیں دیا

ہے وہ وہاں حکم صادر کریں یہ ایک قسم کی ڈھاکہ ہے آیئے دیکھتے ہیں
قرآن وسنت سے ہٹ کر یا اس کے علاوہ مصادر وماٗ خذ جعلی اور خود ساختہ سے فتویٰ دینے کی جواز کے اسناد یہ ہے
(۱) قرآن اور سنت ظنّی الدلالت وسند کی وجہ سے استنباط احکام ناممکن ہو گیا ہے۔
(۲) قرآن وسنت میں تمام احکامات کے بارے میں آیات روایات نہیں پائے جاتے ہیں یہ دعویٰ صریح آیات قرآں کریم سے متصادم ہے قرآن کریم کی چندین آیات میں آیا ہی اس کتاب میں احکام خشک وتیر موجود ہے یا کامل اتم ہے ہر چیز بیان کیا ہے۔
۲۔جہاں چندین آیات میں آیا ہے ہم نے بندے کے لئے حد بندیاں کی ہے۔
۳۔احکام خانوادہ کی احکام اصول جہاں ارث بیان کیا ہے۔کتاب قواعد التّدبّر الامثل لکتاب اللہ عزّ وجلّ تأ لیف عبدالرحمٰن حسن حبنک المیدانی ناشر دارالقلم دمشق ص (۹۶) پر آیا ہے قران کریم کی چندین آیات میں کلمہ حدود آے ہیں بعض آیات میں حدود کے قریب جانے سے منع کیا ہے بعض آیات میں حدود سے تجاوز کرنے سے منع کیا ہے اس کا مطلب یہ ہے شریعت الٰہی لی حدود معیّن ہے اس میں نئی احکام داخل کرنے اور پرانی احکام سے تعدی کرنے کی اجازت نہیں ہے حدود شریعت کے نزدیک معروف ہے ملکوں کے حدود ہوتے ہیں جائدادوں کے حدود ہوتے ہیں گھروں کے حدود ہوتے ہیں حدود جمع حد ہے حد اس نشانی کو کہتے ہیں جو دو چیزوں کے درمیان میں فاصلہ ایک دوسرے کو الگ کرتے ہیں جدا کرنے والا ہے دو چیزوں کو ایک دوسرے سے تمیز کرنے دونوں کو خلط نہ کرنے ایک دوسرے میں متداخل نہ ہو ہر محدود اپنے حد میں رہے تا کہ اس حد سے کوئی باہر نہ جائے کوئی اس میں داخل نہ ہو جائے جن آیات میں حدود ذکر ہوا ہے وہ احکام شریعت ہے جن کی مقدار بیان ہوا ہے احکام شریعت کو قرآن میں چودہ جگہ پر حد کا ذکر آیا ہے۔
ان آیات میں بعض جگہ حدود کے قریب جانے سے منع کیا ہے حدود سے باہر رہے بعض آیات میں حدود سے تجاوز کرنے سے منع کی ہے بعض آیات میں حدود کو اقامہ کرنے کی دعوت دی ہے بعض آیات میں حدود کے محافظین کی تعریف کی ہے جہاں حدود کے قریب جانے سے منع کی ہے وہ جگہ ہے جہاں دیوار بین اباحہ وحرمت قائم ہے حدود حرمت کا دیوار ہے حدود سے باہر اباحہ کے درمیان ہے جیسا کہ سورہ بقرہ آیات (۱۸۳) سے (۱۸۷) تک یہاں حرمت اور مباح کے بارے میں تفصیل بیان کی ہی اس میں مؤمنین سے خطاب کی ہے اس میں محرمات اور واجبات کا ذکر ہے وہاں تعدی کرنے سے تجاوز کرنے سے منع کی ہے ان حدود سے تعدی تجاوز کرنے والوں کو ظالم کہا ہے سورہ بقرہ آیات۔۲۳۹
(۳) بہت سی جگہ احکام شریعت بیان ہوا ہے وہ احکام مالیات سے متعلق ہے اموال یتیم خواتین مُردوں کے ارث جیسا

کہ سورہ نساء آیت (۱۳۔۱۴) میں آیا ہے

(۴) سورہ طلاق آیت۔ا میں آیا ہے طلاق کے بارے میں عورت طلاق لینے کے بعد عدت گزارے گی ایک مدت تک اس شوہر کے نگران میں رہے گی۔

(۵) جو لوگ اللہ کے بیان کردہ حدود کی پاسداری کرتے ہیں محافظت کرتے ہیں انجام دیتے ہیں اقامہ کرتے ہیں ان کے بارے میں سورہ توبہ آیت۔۱۱۳ آئی ہے (۶) جو اللہ رسول کی عصیان نافرمان کرے حدود سے نکل جاتا ہے ان کے لیے جھنم کی عذاب کا وعدہ دیا ہے اور بعض اس حدود سے تجاوز کرتا ہے اس کو ظالمین کہا ہے اور جو افراد ذوات ایسے ہیں جو ان حدود کی نگرانی کرتے ہیں جن آیات میں ان حدود ک قریب جانے سے منع کی ہے یا اس میں ردو تبدیل اس کے لیے کلمہ قرب استعمال ہوا ہے لفظ نہی لاتقربا سے لفظ لاتا کل لاتفعل زیادہ بلیغ ہے پیغمبر اکرم ﷺ کی حدیث ہے حلال بھی واضح ہے حرام بھی واضح ہے درمین میں کچھ چیزیں مشتبہ ہے وہ لوگ نہیں جانتے اگر اس سے بچ کے رہا تو دین کو بچایا ناموس کو بچایا اگر مشتبہ میں گر گیا تو حرام میں گر گیا۔

اس کتاب میں ہر خشک وتر کا بیان ہے سورہ انعام آیت ۵۹ سورہ شوریٰ آیت ۱۹۵ سورہ نمل آیت ا آیت ۷۵ سورہ سبا آیت ۳۔۱۲ ایہ کتاب واضح وروشن ہے سورہ آل عمران ۱۳۸ نحل آیت ۱۰۲ ایہ کتاب عربی ہے عربی کا معنی واضح ہے سورہ فصلت آیت ۴۴ سورہ شوریٰ آیت ۱۹۵ یوسف آیت ۲ رعد آیت ۳۷ طہٰ آیت ۱۱۲ زمر آیت ۲۸ فصلت ۳ شوریٰ آیت ۷ زخرف آیت ۳ سورہ احقاف ۱۲ قرآن میں سب حکم نہیں ہے احکام حدود کی پاسداری کو کہتے ہیں جو شخص حدود کا پاس نہیں کریں گے اس پر نقض حکم کا حد جاری ہوگا قرآن کریم میں آیا ہے کہ اللہ نے حدود بیان کیا ہے بقرہ آیت ۱۸۷ آیت ۲۲۹ آیت ۲۳ نساء آیت ۱۳ مجادلہ آیت ۴ طلاق آیت ا سورہ توبہ آیت ۱۱۲ سورہ نساء آیت ۱۴ سورہ توبہ آیت ۹۷ سورہ مائدہ آیت ۳ ان آیات میں آیا ہے اللہ نے ہر چیز کو بیان کیا ہے۔تو یہ کہنا کہ اللہ نے نہیں بیان کے ا ہے یہ تہمت ہے راہ فرار ہے۔

ا۔اس میں ہر خشک وتر کا حکم ہے انعام ۵۹

۲۔اللہ عدل واحسان کا حکم دیتا ہے نحل ۹۰

۳۔قیام قسط کریں مائدہ ۸

۴۔قرآن میں قوموں کی کوئی حیثیت نہیں حجرات ۱۳

۵۔یہ کتاب ہدایت ہے احقاف ۳۰

تعارف قرآن از قرآن:

بقرہ ۲۔۱

توبہ ۸۶۔۱۲۴۔۲۳ بقرہ ۱۸۵

فہم قرآں مشکل نہیں بقرہ ۱۸۵ انعام ۱۹ نساء ۸۲ ص ۲۹ فصلت ۳ قرآن بیان لناس آل عمران ۱۳۸۔ قیامت ۱۸ ارحمٰن ۴

بقرہ ۲۱۳، ۲۰۹، ۲۵۳۔

آل عمران ۸۶،۱۰۵۔

کتاب علم اصول فقہ ص ۱۳۶ احکام معاملات مندرجہ ذیل عناوین میں پایا جاتا ہے:

۱۔احوال شخصیہ یعنی خاندانی احکام از دواج رشتہ دار قرابت داری کے بارے میں ۷۰ آیات ہیں۔

۲۔احکام معاملات ایک دوسرے کے ساتھ تبادل وتعادل مواد خرید وفروخت اجارہ رہن کفالت شرکت قرضہ ہر ایک کے دوسرے پر حقوق اس سلسلہ میں ستر آیات ہیں۔

۳۔احکام جنائی ہر وہ شخص جس سے جرائم صادر ہوتے ہیں۔ مستحق عقوبت پاتے ہیں لوگوں کی جان ومال وناموس ان کی زد میں آتا ہے ان کے تحفظ کے بارے میں تیس آیات ہیں۔

۴۔ایک دوسرے کے حقوق کے حقوق طلبی میں مدعی مدعیٰ علیہ قاضی شاہد قسم اس سلسلہ میں ۱۳ آیات ہیں۔

۵۔نظام کے بارے میں حکومت داری ریاست داری کے سلسلہ میں ۱۰ آیات ہیں۔

۶۔اسلامی مملکت کا دیگر حکومتوں سے تعلقات کے سلسلہ میں ۲۵ آیات ہیں۔

۷۔احکام اقتصادی ومالی زکوٰۃ محتاجوں کی اجر وماجور فقیر وغنی حکومت ورعایا کے سلسلہ میں ۱۰ آیات ہیں قرآن اپنی جگہ قطعی الصدور ہے لیکن اس کی بعض آیات کی دلالت ظنی ہے اس سلسلہ میں سورہ بقرہ آیت ۲۲۸ مال دیتا ہے لفظ قرء مشترک ہے حیض اور طہر کو بھی کہتے ہیں یعنی غسل ظاہر ہونا ہے۔

۲۔حیض کو بھی کہتے ہیں۔

یہ انحرافات اپنی جگہ از روئے جہل یا خطاء اجتہادی نہیں ہے جیسا کہ وہ کہتے ہیں بلکہ انتہائی دقت باریک بینی دہشت استبدادی طریقے سے نافذ کی ہے یہ انحراف از روئے نقص فہم آیت کریمہ شک در دلالت ودر سند روایات بھی نہیں بلکہ از روئے عمداً انحراف کی بنیاد ڈالی ہے۔

آئیں جہاں حکم قرآن بطور صریح موجود ہے آئے پہلے ہم خود احکام کے بارے میں بحث کرتے ہیں جعل حکم کس کو حاصل

ہے آیا مجتہدین کو یہ حق حاصل ہے یا انہوں نے بھی احکام وضعی والوں جیسا بذریعہ طاقت قدرت حیلہ بہانہ قبضہ کیا ہے بلکہ وضعین کے لئے میدان ہموار کیا ہے آئیں پہلے کلمہ کا معنی لغوی اور اصطلاحی قرآن پر نظر ڈالتے ہیں۔

قرآن کریم میں احکامات کے بارے میں آیات:

صاحب کتاب التحقیق فی الکلمات القرآن نے صفحہ ۲۶۴ پر لکھا ہے اس کا اصل معنی منع ہے جب کسی کو کسی چیز سے منع کرے اس کو حکم کہتے ہیں مخالفت سے روکیں وہ اس دائرے سے خارج نہ ہو جاے اس کو حکم کہتے ہیں یہیں سیمرض شناسی اور دواشناسی کے علم کو علم حکمت تشخیص کرنے والے کو حکیم کہتے ہیں حکمت حکیم یہاں سے تجاوز کر کے معاشرے انسانی میں انسانوں کی طغیان سرکشی افراط وتفریط حرج مرج تعدی تجاوز جگڑا فساد روکنے کو حکم کہتے ہیں۔ روکنے والے کو حاکم کہتے ہیں۔

یہاں سے یہ بحث آتی ہے یہ حق کس کو حاصل ہے کس کو حاصل نہیں ہے سواری کو لجام کرنے کا حق سوار کو حاصل ہے کوئی نہیں کہتا ہے کہ سوار کو کہ تم اس کو کیوں لجام دیا ہے کیونکہ یہ اسکا خریدا ہوا ہے اس کا پالا ہوا ہے یہاں ایک ملکیت ہے اور ایک ربوبیت ہے حق ملکیت حق پالنا دونوں اس کو حق حکومت دیتا ہے یہاں سے آگے اس کو تعدی تجاوز کرنے کے لئے یہ دونوں فلسفہ کا ہونا ضروری اور ناگزیر ہے یہاں سے یہ کہتا ہے کہ ایک انسان دوسرے انسان کے مقابل میں حق حکومت نہیں رکھتا ہے۔ سوائے جہاں کسی نے کسی اللہ شدو اسان کو ذرے دے کر خریدا ہوا ہے۔

یعنی کوئی انسان دوسرے انسان پر حق حکومت نہیں رکھتا ہے کیونکہ اس نے ووسرے انسان کو نہ خلق کیا ہے نہ پالا ہے خلق نہ کرنے کا مطلب واضح روشن ہے کوئی انسان نہیں کہہ سکتا ہے کہ میں نے خود کو خلق کیا ہے یا یہ بھی نہیں کہ سکتا کہ میں خود بہ خود خلق ہوا ہے یا کسی نے اس کو خلق کیا ہے یا یہ بھی نہیں کہ سکتا چنانچہ اللہ سبحانہ نے کثیر آیات میں بندہ محکوم ہونا فلسفہ مالک نفع وضرر پر قائم کیا ہے جو تمہارے نفع وضرر کا مالک ہے تو اس کے بندو ہو اس کے حکم کو مانو حق حکومت صرف اس کو حاصل ہے پھر اس ذات اپنی مالک کے ہونا کا دلائل دیا ہے۔

امّا جہاں تک ربوبیّت کے اسباب ہیں اس میں پانی ہے ہوا ہے ارزاق ہے یہ سب بھی کسی کے ملکیت میں نہیں ہے تا کہ وہ دوسرے کو دے دیں تو مالک حقیقی ربوبیت حقیقی کسی انسان کو حاصل نہیں ہے لہٰذا قرآن کریم میں آیا ہے حق حکومت صرف اور صرف اللہ کو حاصل ہے حق حکومت کسی اور کو نہیں ہے کسی بھی بشر کو یہ حق حاصل نہیں ہے چاہے کتنی ہی بلند و بالا مقام ومنزلت رکھتا ہو حکم مختص ہے ذات الوھیت و ربوبیت کے لئے ہے۔

جو ہستی اس انسان کا خالق اور مربی ہو حاکم محکوم اپنی جگہ ذاتی اور دونوں ہوتا ہے ذاتی سر کیلئے ہیں عرضہ جیسے اللہ یہ حق دیں

عرضی ہوتا ہے حق حکومت کے تمام اقسام انواع بطور ذاتی صرف اور صرف اللہ کے لئے مخصوص ہے کیونکہ اللہ ہی اس خالق ہے مدبر ورازق ہے حکومت کرنے کی تمام صلاحیت واہلیت علم قدرت اللہ تک محدود ہے اس کے ماسوا کسی اور کو حتیٰ انبیاء کو بھی حکومت ذاتی حاصل نہیں ہے۔ چنانچہ گزشتہ انبیاء خود حضرت محمد سے زائد عرصہ خود مقہور مقلوب تھے۔

لہٰذا قرآن کریم کی بعض آیات میں حق حکومت کو صرف اللہ کے لئے مخصوص کیا ہے غیر اللہ کے لئے حق حاکمیت حکم جاھلیت قرار دیا ہے سورہ المائدہ آیت۔۵۰ اللہ ہی بندوں میں حکومت کرتا ہے سورہ الغافر آیت۔۴۸ حق حکومت مخصوص اللہ کے لئے ہے سورہ انعام آیت۔۵۷ سورہ قصص آیت۔۸۸ سورہ انسان آیت۔۲۴ سورہ مائدہ آیت۔ ۵۰ سورہ شوریٰ آیت۔۱۰ سورہ کھف آیت۔۲۶ سورہ بقرہ آیت۔۳۲ لہٰذا ایک اور سلسلہ آیات میں اللہ کی حکومت کو چھوڑ کر کسی اور کے حکومت کو اپنانے کو فاسق کافر جاھل ظالم گردانا ہے یہاں سے ان دو سلسلہ آیات سے ثابت ہے حق حکومت بطور ذاتی اللہ کے لئے ہے بطور عرضی انسان کے لئے ہے جب بطور عرضی انبیاء کو ہے تو انبیاء یہ حکم کسی اور کو نہیں دے سکتا ہے جب انبیاء کسی اور کو نہیں دے سکتا ہے تو ماسوا انبیاء امت میں کوئی بھی حکم صادر نہیں کر سکتا بندے جتنے بھی ہے حکم نافذ کرنے میں حاکم ہے حکم دینے میں نہیں کیونکہ حکم دینے کے لئے علم غیر محدود قدرت غیر محدود ہونا چاہیئے یہاں سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ فقہاء حاکم نہیں ہے لہٰذا فقہاء جب تک حکم نافذ کرنے کے لئے جو بھی طریقہ اپنائے اپنا سکتے ہیں چونکہ یہ حق بندوں کا ہے نافذ کرنے کا حق بندوں کو ہے بندے خاموش ہو جاے تو معارضہ اختلاف ختم ہو جاتا ہے لیکن حکم صادر کرنے کے لئے علم واقعی چاہئے علم حقیقی چاہئے اور حکم مخالف کو سزا دینے کی قدرت چاہئے اگر وہ یہاں حکم کو نہیں مانیں گے تو اس کی گرفت سے بہر نہیں جا سکیں گے یہ جن فقیہاء کو ہم نے حاکم تصور کیا ہے ان کی مصادر حکم بھی مشکوک ہے جن کی سند دے کے حکم دے رہے ہیں وہ بھی مشکوک ہے وہ اپنی حکم کو نافذ بھی نہیں کر سکتے کیونکہ یہ خود معتوب تھے یہ خود عذاب خوردہ ہے تو کیسے ان کا حکم امّت پے نافذ ہوگا۔

سورہ المائدہ آیت۔۴۴ ۔۴۵۔۴۷۔۴۸۔۴۹ سورہ بقرہ آیت۔۲۱۳ سورہ آل عمران آیت۔۲۳ سورہ الاعراف آیت ۔۸۷ سورہ یونس آیت۔۱۰ سورہ یوسف آیت۔۸۰ سورہ نور آیت۔۴۸۔۵۱ سورہ بقرہ۔۱۱۳ سورہ نساء آیت۔۱۴۱ سورہ مائدہ آیت۔۱۔۴۴۔۹۵ سورہ رعد آیت۔۴۱ سورہ نحل آیت ۱۲۴ سورہ حجّ آیت۔۵۶۔۶۹۔۵۲ سورہ زمر آیت۔۳ سورہ ممتحنہ آیت۔۱۰ سورہ انبیاء آیت۔۷۸ سورہ نساء آیت۔۶۵

اللہ کے بعد یہ اس ذات کو حاصل ہے جو اللہ نے دین وشریعت دے کر بھیجا ہے اس میں انبیاء آتے ہیں اسلام آنے کے بعد یہ حق صرف خاتم النبیین کو حاصل ہے کسی اور کو یہ حق حاصل نہیں ہے جیسا کہ سورہ النساء آیت ۶۵ میں آیا ہے اس

آیت میں اللہ نے اللہ پر ایمان لانے اور نہ لانے والوں کا پہچان شناخت اس کو بنایا ہے جس نے محمدﷺ کو حاکم بنا دیا حکم قرار دیا اس نے ایمان لایا ہے جس نیا آپ کو حکم نہیں بنایا ہے اس نے ایمان نہیں لایا اللہ کی طرف سے متصل حاکم پیغمبر کے بعد ختم ہے جیسا کہ سورہ النساء آیت ۔۱۶۵ میں آیا ہے پیغمبر کے بعد یہ حق کسی کو بھی حاصل نہیں یہاں حکم جعل کرنے کا اختیار کسی کو نہیں ہے تاہم حکم کے نفاذ کا حق یہ پوری امّت کو حاصل ہے جنھوں نے واجد شرائط وصفات کو حکم قرار دے دیں جو علم باحکام رکھتا ہو یہاں سے یہ دیکھنا ہے یہ جو فقھاء کے تعریف میں آیا ہے جہاں قرآن وسنت میں حکم نہیں آیا ہے وہ ان اصول وموازین کے تحت حکم دے سکتا ہے اس حکم کی کوئی سند عقلی وقرآن وسنت سے نہیں ہے بلکہ یہ حکم اپنی جگہ طاغوتی ہے کیونکہ انھوں نے یہ منصب اپنے لئے دروغ گوئی افتراء پردازی سے حاصل کی ہے انھوں نے کہا ہے قرآن وسنت میں نہیں ہے قرآن وسنت میں نہ ہونا اپنی جگہ دو مفہوم رکھتے ہیں

احکام قرآنیہ:

انسانی زندگی کے تمام شعب حیات پر محیط ہے مرجع انسان اس عالم میں شکل ہے خود ہے جس نے اس کو پیدا کیا ہے وہ ہے۔

۳۔وسیع وعریض کلمات آسمان زمین ومابینہا ہے۔

۴۔اپنے بمنوع خود جیسا انسان ہے وہ خود جی تین سے الگ جدا منفرد مستقبل نہیں پاتا ہے خاص اس کے خالق سے کسی فہم کی استقلال نہیں پاتے ہیں۔

۵۔اس کے وجود کے بقاء کے لئے آسمان زمین ومابینہا میں موجود کے نیاز مند ہے۔

۶۔وہ اپنی ضروریات کو خود تنہا حاصل نہیں کرسکتا ہے۔

انسان کا رشتہ اپنے رب سے وصل جوڑنے کو عبادت کہتے ہیناس کے علاوہ کوئی اور صورت ممکن نہیں کیونکہ وہ غنی بالذات ہے وہ خود فقیر بالذات ہے۔

تمام انسانوں یہ گرائش موجود ہے کہ وہ ایک بڑی طاقت سے سامنے خواستہ ناخواستہ خاضع ہے اس خضوع کو اس اختیار مرض سے کرنے کو عبادت کہتے ہیں عبادت کے دو مصداق ہے ایک خالص اظلار خضوع ہے جس میں صلات روزہ حج آتا ہے دوسرا روعیت اوامر ونواہی ہے۔

احکام عبادی ہے جن میں نماز۔روزہ حج آتا ہے آئیں دیکھتے ہیں ہمارے احکام نماز میں ہاں ادھورا چھوڑا ہے۔

احکام عبادات:

عبادت ایک مفہوم عام ہے جن میں سرفہرست صلات حج وعمرہ روزہ کے علاوہ دیگر اوامر ونواہی کا امتثال بھی شامل ہے کلمہ عبادت کے بارے میں صاحب تحقیق نے کتاب مقائیس اللغۃ سے کلمہ، عین، با، دال سے مرکب کے لئے دو معنی بیان کی ہیں گویا دونوں ایک دوسرے کے ضد میں ہے یعنی دونوں معنی متضاد ہے عبادت کی ایک معنی لیّن نرمی ذلت بتاتے ہیں دوسرا معنی غلاظت شدت طاقت وقدرت کے بتاتے ہیں صاحب تحقیق اپنی کتاب کے جلد ۸ صفحہ ۱۲ پر لکھتے ہیں عبد کا معنی مفہوم لیّن وذل ہے عبد مملوک کو کہتے ہیں عبد کی جمع عبید یا عباد آتا ہے بعض نحویین نے عباد وعبید میں فرق رکھا ہے جب کہ دوسرا معنی قوت صلاحیت کے معنوں میں آتا ہے عبد انف حمیہ کے معنوں میں آتا ہے اس معنی میں یہ آیت آئی ہے ﴿قل ان کان للرحمٰن ولد فانا اول العٰبدین﴾ آپ کہد یجئے کہ اگر بالفرض رحمٰن کی اولاد ہو تو میں سب سے پہلے عبادت کرنے والا ہوتا سورہ زخرف آیت ۔۸۱ لکھتے ہیں کلمہ عبد طریق معبد سے بنی ہے یعنی چلا ہوا راستہ قدم کے نیچے دبا ہوا ہموار راستہ کو کہتے ہیں بعیر المعبد یعنی تابعدار اونٹ صاحب تحقیق نے لکھا ہے عبد کا معنیٰ غایت تذلل ہے یعنی اطاعت کے بعد ذلت دکھانا ہے اپنی اطاعت کو ناچیز دکھانا ہے کسی بڑے افسر کے حکم مانتے ہیں اطاعت کرتے ہیں مگر تذلل نہیں ہوتے یہ اطاعت تذلل اپنی جگہ تکوینی بھی ہوتا ہے اور اختیاری انتخابی بھی ہوتا ہے۔

تکوین یعنی وہ اس عبادت کو رد نہیں کر سکتے اپر جائے نیچے جائے وہ اس عبادت کو رد نہیں کر سکتے یعنی وہ چاہے یا نہ چاہے وہ اللہ کا بندہ ہے لہٰذا انسان لمحہ بھر کے لئے عبادت سے باہر نہیں ہوتا وہ اس عبادت میں مسخر مجبور بے اختیار ہے اس عبادت کے بارے میں سورہ ۱۹ آیت ۹۳ سورہ ۶ آیت ۶۱ وجود کا باقی رہنا زندہ رہنا رگوں میں خون کا دوڑنا دل کا دھڑکن نمو وغیرہ شامل ہے ان کے وجود میں اللہ نے ان کے ذلیل رہنے کی عناصر میں تخلیق کی ہے وہ کسی قسم کی نافرمانی نہیں کر سکتے یہیں سے کہتا ہے جو خودکشی کرتا ہے وہ اس کے اس قانون کے خلاف ہے اگر وہ مجھے رکھنا چاہتا ہے تو میں نہیں رہوں گا تب بھی یہ انسان موت کا مالک نہیں ہے وہ حیات کو چھیڑ نہیں سکتا ہے اس نے حیات کے ڈھانچے کو چھیڑا ہے جس طرح آکسیجن کو بھرے ظرف کو توڑا اسی لئے قتل ایک ایسے بڑا جرم ہے۔

اما عبادت اپنی اختیار سے ذلیل دکھانا ذلت دکھانا اس کے لئے دین وشریعت آئے ہیں انبیاء اس عبادت کی دعوت کو لے کے آئے ہیں۔

سورہ ۔ ۷ آیت ۶۵ سورہ ۱۷ آیت ۔ ۳ سورہ ۹ آیت ۲ عبودیت حقیقی اس کو کہتے ہیں جو انسان پنے اختیار سے عبودیت کو اپنائے یعنی اپنے کو عبد تکوینی کے مطابق بنائے جس طرح تکوین میں تو عبد ہے دین و شریعت کے ذریعے اس کے برابر بنائیآیات یاایّھاالناس یہ دعوت ہے اس دعوت کی طرف اشارہ ہے سورہ ۔ ۲ آیت ۲۱ سورہ ۔ ۳ آیت ۵۱ سورہ ۔ ۱۵ آیت ۔ ۸۹ سورہ ۵ آیت ۷۶ سورہ ۱۳ آیت ۳۵ سورہ ۳۹ آیت ۱۷ سورہ ۳۶ آیت ۔ ۶۰ سورہ ۔ ۳۴ آیت ۴۰ اسللہ نے اس عبادت اختیاری کے بارے میں انسانوں سے ان آیات ایّھاالناس میں بتایا ہے یہ تذلل یہ تعبد یہ خضوع یہ انکساری ایک ایسی مخلوق کے سامنے نہ کرے جو تمھارے نفع نقصان میں کوئی کردار ادا نہیں کرسکتا سورہ ۲۹ آیت ۱۷ لیکن انسان کی جھالت نادانی سوءاختیار برے انتخاب یہ رہے ہیں کہ وہ ہمیشہ سے اپنے جیسے پست نالائق نا قابل بے اختیار چیزوں کے سامنے خاضع ہوتے ہیں انسان کی تمام بدبختی کارگ اس میں ہے اس کی واضح دو مثالیں ہیں ایک سنت آباءواجداد کے سامنے خاضع ہونا اس سے بدتر دنیائے کفر و شرک کے نظام کے سامنے خاضع ہونا ہے اس سے بڑھ کر ذلت و عار کی تصور نہیں ہوتا۔

عبادات سرفہرست صلاۃ ہے جو کسی زمان و مکان سے وابستہ نہیں دن میں پانچ وقت کی صلات ہر حالت میں پڑھیں یہ کسی صورت میں نہیں چھوٹ سکتا ہے آئیں پہلے صورت میں دیکھتے ہیں اس کلمے کے معنی لغوی کیا ہے۔

صلوٰۃ:

کلمہ صلوٰۃ کس کلمہ سے مشتق ہے پھر عربی میں یہ کلمہ کس زبان سے منتقل ہوا ہے۔

مشتق منہ صلوۃ:

صلوات جمع صلوٰۃ ہے لیکن خود صلوٰۃ کس کلمہ سے بنی ہے اس بارے میں علماء میں اختلاف ہے صاحب مفردات نے ص ۔ل ۔الف کی اصل کو ص ۔ل ۔ی صلی بتایا ہے جس کا معنی آگ میں جلانا ہے صلیٰ بالنار اسی سے گوشت کو کباب کرنے کو صلوٰۃ کہتے ہیں اسی معنی میں سورہ یٰسین آیت ۶۴ سورہ اعلیٰ آیت ۔ ۱۲ سورہ غاشیہ آیت ۔ ۴ سورہ انشقاق آیت ۔ ۱۲ سورہ النساء آیت ۔ ۱۰ سورہ مجادلہ آیت ۔ ۸ سورہ مدّثر آیت ۔ ۲۶ سورہ واقعہ آیت ۔ ۹۴ سورہ اللیل آیت ۔ ۱۵ ۔ ۱۶ سورہ النساء آیت ۳۰ سورہ مریم آیت ۔ ۷۰ میں آیا ہے بعض اھل لغت نے اس کا معنی دعا تمجید تحمید رب کہا ہے یہاں سوال ہوتا ہے صلی جس کا معنی آگ میں جلنا جلانا ہے اور اس کے بارے میں اتنی آیات آیا ہے تو اسے دعا کے معنی میں کیسے

منتقل کیا کس مناسبت سے دعا میں استعمال کیا ہے تو کہتے ہیں انسان اس دعا کے ذریعے سے اپنے سے عذاب الٰہی کو دور کرتے ہیں جو دردناک عذاب ہے قائمین صلوۃ اس عذاب کو اپنے سے رفع کرتے ہیں جبکہ اس کے مقابل میں صاحب عمدۃ الحفاظ تا لیف احمد بن یوسف جلد ۲ ص ۴۰۵ پر لکھا ہے یہ کلمہ دو مادے سے آیا ہے ایک مادہ صلی ص۔ل۔ی ایک مادہ صلو۔ص۔ل۔و ہے ص۔ل۔ی یہ کلمہ آگ میں جلانے کے لئے آتا ہے جبکہ ص۔ل۔و بمعنی دعا کے لئے آتا ہے اگر یہ مطلب ثابت ہو جائے گا تو آسان ہو جایگا اگر ان کا ایک مادے کی طرف ارجاع کرینگے تو صلی کو بمعنی دعا کے لئے بہت سے تکلفات کرنا پڑینگے جو انتہائی مشکل ہوگا۔

صاحب حفاظ نے اس مفروضے کو مسترد کیا ہے کہ صلوٰۃ مادہ صلی سے جلانے کے معنی میں آتا ہے اس کو دعا کے معنی میں کرنا درست نہیں ہے صلوۃ صلو ص۔ل۔و۔اس مادے سے جمع صلوات آتا ہے صلوات کا معنی اس آیت میں سورہ حج میں معبد یہود کو کہا ہے جہاں یہود دعا کرتے تھے لہدمت صلوات یعنی موضع عبادت صلوۃ بمعنی دعا میں سورہ حج آیت ۔۲۲ سورہ ماعون آیت ۔۵ سورہ مریم آیت ۔۵۹ سورہ توبہ آیت ۔۵۴ سورہ ماعون آیت ۔۴ سورہ مدثر آیت ۔۴۳ سورہ قیامت آیت ۔۳۱ سورہ معارج آیت ۔۳۴ ان جگوں پہ صلوٰۃ بمعنی عبادت مخصوص میں آیا ہے۔

صلوٰۃ بمعنی دعا سے ایک خاص مخصوص عبادت کے لئے استعمال ہونا انتہائی مناسبت پر قائم ہے کیونکہ یہ عبادات اپنی حرکات جسمانی اور اذکار قرائت تمام کے تمام دعا پر مشتمل ہے بلکہ تمام کے تمام دعا ہی ہے صلوۃ سے دعا ارکان مخصوص کے لئے ہے مخصوص ہونا اس وجہ سے ہے بندگی کے مظاہرے کا آغاز اختتام صلوٰۃ سے ہوتا ہے اللہ کی بندگی کا شروع ہی نماز سے ہوتا ہے لہذا قرآن کریم میں عبادت کا ذکر جہاں بھی آیا ہے پہلے صلوٰۃ کا ذکر آیا ہے۔

قرآن کریم میں صلوٰۃ دعا کے معنوں میں ان آیات میں آیا ہے سورہ توبہ آیت ۔۱۰۳ سورہ احزاب آیت ۔۵۶ سورہ توبہ آیت ۔۹۹ سورہ بقرہ آیت ۔۱۵۷ سورہ احزاب آیت ۵۶ صلوٰۃ بمعنی ارکان مخصوص سورہ النساء آیت ۔۱۰۳ صلوٰۃ بمعنی مکان عبادت سورہ حج آیت ۔۴۰ نماز قائم کرنے کی دعوت سورہ النساء آیت ۱۶۲ سورہ بقرہ آیت ۔۴۳۔۶۔۲۷ تارکین صلوٰۃ کی مذمت میں سورہ الماعون آیت ۔۴۔۵ سورۂ توبہ آیت ۔۵۴ سورہ مدثر آیت ۴۳ سورہ قیامت آیت ۔۳۱ سورہ انفال آیت ۔۳۵ نماز ادا کرنے والوں کی تعریف سورہ المؤمنون آیت ۔۱۱۲۔۱۰۹

سورہ بقرہ کی دوسری آیت میں ایمان باللہ کی پہلی نشانی صلوٰۃ کو گردانا ہے اقرار بوحدانیت ورسالت وایمان بآخرت کے بعد صلوٰۃ کی نوبت آتی ہے گویا تسلیم قلبی کے بعد تسلیم جسمانی کا آغاز صلوٰۃ سے ہوتا ہے لہذا اللہ کی طرف سے بندوں پر نافذ احکامات آغاز صلوٰۃ سے کرتے ہیں صلوٰۃ کے کیا احکامات ہیں کیا طریقہ کار ہے اس بارے میں بھی ہمیں قرآن سے

ہی رجوع کرنا ہے سورہ النساء آیت ۔۱۰۳ میں آیا ہے صلوٰۃ یہ جوارکان عبادت ہے۔
اس عبادت کے بارے میں چند اہم نکات وضاحت کی ضرورت ہے:
ا۔نوعیت کیفیت صلوۃ کیا ہوگا کیونکہ جاہلیت عرب میں ایک غیر مانوس مالوف عبادت ہے اس کا طریقہ ادائیگی کیا ہوگا۔ معلوم ہے کلمہ صلوٰۃ حضرت ابراھیمؑ کی اس دعا میں آئی ہے جب آپ نے اپنے بیٹے اسماعیل اور انکی ماں کو اللہ کے گھر کے جوار میں چھوڑ کے جاتے وقت دعا کی (آیت) حضرت ابراھیمؑ کی زبان زبان عبرانی تھی حضرت ابراہیم عراق کے شہر بابل میں رہتے تھے بابلیوں کی زبان عبرانی تھی عبرانی میں کلمہ صلوٰۃ وصلوات یہ دو کلمہ عبرانی میں مکان صلوٰۃ کو کہتے ہیں قرآن میں یہ کلمہ سورہ حج آیت ۔۴۰ میں آیا ہے عبرانی زبان سے عربی زبان میں منتقل ہوئی ہے۔
کلمہ صلوۃ اس وقت عربی زبان بنی ہے جب حضرت اسماعیل مکے میں نشو نما ہوئے انھوں نے عرب جنوب سے زوجہ کا انتخاب کیا لہٰذا اسماعیل نے عربی زبان کو اپنی سسرال سے سیکھا ہے لہٰذا حضرت اسماعیل کو عرب مستعرب کہتے ہیں کلمہ صلوٰۃ عبرانی زبان سے عربی زبان میں حضرت اسماعیل سے شروع ہوا اس سے پہلے کلمہ صلوٰۃ حضرت ابراہیم نے استعمال کیا سورہ بقرہ آیت ۱۲۵ اس آیت میں جو عبادت حضرت ابراہیم انجام دیتے تھے اس میں رکوع وسجود تھے اس سے پتہ چلتا ہے کہ نماز ایک عبادت جدید نہیں ہے کہ جو پیغمبر نے لائی ہے بلکہ یہ نماز حضرت ابراہیم سے شروع ہوئی ہے جیسا کہ سورہ علق آیت ۹۔۱۰ سے ثابت ہے یعنی ابتدائی دعوت میں پیغمبر نماز پڑھتے تھے جو عبادت پیغمبر کرتے تھے اس عبادت کو صلوٰۃ کہتے تھے اس عبادت کو صلاۃ کہنا تسمیۃ الجز باسم کل ہے صلوۃ بمعنی دعا ہے یہ دعا یہ رحمت کبھی اللہ کی طرف سے بندے پر ہوتا ہے سورہ بقرہ آیت ۔۱۵۷ کبھی یہ دعا ایک انسان دوسرے انسان پر کرتے ہیں۔
۸۔دعوت عبودیت ودعوت اقامہ الصلوۃ میں فرق ہے لذا دعوت عبودیت خطابت ایّھا الناس میں آیا ہے جہاں بندے کو دعوت دی ہے تم ہمارے بندگی میں ہو ہمارے بندگی سے جائے فرار نہیں تم ہماری بندگی کو تسلیم کرو کہ ہم تیرے بندے ہیں ورنہ بتادو کہ تمھارے استقلال کی کوئی چیز ہے نہ آنے کی کوئی طاقت وقدرت رکھا ہے تم چاہے نہ چاہے آخر میں ہمارے پاس ہونگے یہاں دعوی دلائل وبراہین پر قائم ہے جہاں بھی دعوت عبودیت دی ہے وہاں اللہ نے دلائل دی ہے۔
تم ہمارے بندے ہو سورہ بقرہ آیت ۔۲۱ سورہ المائدہ آیت ۔۱۱۷-۷۲ سورہ حج آیت ۔۷۷ سورہ النساء آیت ۔۳۶ سورہ الاعراف آیت ۔۵۹ ۔۶۵ ۔۷۳ ۔۸۵ سورہ انعام آیت ۔۵۶-۱۰۲ سورہ رعد آیت ۔۳۶ سورہ نمل آیت ۔۹۱ ۔۴۵ سورہ زمر آیت ۔۱۱ سورہ غافر آیت ۔۶۶ سورہ یونس آیت ۔۱۰۴-۱۰ سورہ یٰسین آیت ۔۲۲-۶۱ سورہ زمر آیت۔

۱۴۔۶۴۔۱۵سورہ کافرون آیت ۔۲۔۳۔۵سورہ حجر آیت ۔۹۹سورہ زمر آیت ۔۶۶۔۲سورہ طٰہٰ آیت ۔۱۴سورہ ھود آیت ۔۱۲۳۔ ۵۰۔۶۱۔۸۴ سورہ مریم آیت ۔۶۵۔۳۶سورہ نحل آیت ۔۳۶سورہ حج آیت ۔۷۷سورہ مؤمنون آیت ۔۲۳۔۳۲ سورہ عنکبوت آیت ۔۱۶۔۱۷ ۔۳۶۔۵۶۔۱۷سورہ نجم آیت ۔۶۲سورہ نوح آیت ۔۳سورہ انبیاء آیت ۔۲۵۔۹۲سورہ سورہ آل عمران آیت ۔۵۱ سورہ زخرف آیت ۔۶۴۔ انما دعوت اقامہ صلوٰۃ نماز قائم کرو یہ دعوت امر پر قائم ہے امر اس کا مانا جاتا ہے جس کو مولا سمجھتے ہیں حق امر کسی کو بھی نہیں ہے الامر للہ حق امر صرف اللہ کیلئے ہے و لرسولہ یہ حق اللہ نے رسول کو دی ہے کہ وہ لوگوں کو امر کرے کس چیز کی امر کرے جو اللہ کی پیغام کو سنا کے رسول آمر بذات نہیں ہے استقلال نہیں ہیا مر رسول کی برگشت اللہ ہے تو دعوت صلوۃ اللہ سے ہٹ کر خود نبی کوئی عبادت جعل نہیں کر سکتے امر میں انکار روگردانی کرنے والوں کیلئے آخرت میں عذاب ہے امر تسلیم منھج کا نام ہے صلوۃ تسلیم منھج ہے عبادت تسلیم ذات ہے۔

اوقات صلاۃ:

۲۔ یہ عبادت کن کن اوقات میں انجام دیتا ہے یا جس وقت چاہے ادا کر سکتے ہیں یا اوقات مخصوص ہیں۔

اس کا پہلا حکم اوقات کی پابندی ہے نماز کی جو اوقات ہے اسے بندے نے انتخاب نہیں کرنا ہے یہ فارغ ٹائم میں انجام دینے والی عبادت نہیں جب چاہیں انجام دینے والی عبادت نہیں بلکھیہ عبادت مخصوص اوقات میں انجام دینی ہے صلوٰۃ کی اہمیت اس آیت سے واضح ہو جاتی ہے صلوٰۃ یعنی ذکر اللہ یا دخدا ہر حالت میں یا دخدار کھے کھڑے ہو بیٹھے ہو سوے ہو یہاں تک اگر دشمن سے دوبدو مقابلے میں ہو اور میدان جنگ ضرب طعن کے گرما گرمی میں ہو تب بھی جسم دشمن کے ساتھ رکھے دل اللہ کے ساتھ رکھے شعور انسانی میں ذکر اللہ غائب نہ ہو ہاتھ میں تلوار ہو اسلحہ ہو لیکن زبان پے اللہ کو یاد کرے ہاں دشمن اللہ و مسلمین اگر میدان جنگ میں موقع تلاشی میں ہو تو اس وقت اس آیت میں آیا ہے کہ جنگ کو جاری رکھے جب جنگ کا خطرہ ٹل جائیں تو اس وقت نماز ادا کریں جوں ہی حالت اشتد اد کو تدارک ہو جائے تو فوراً نماز ادا کرے وقت نماز ضائع نہ ہو یہ وقت اللہ کی طرف سے محدود ہے۔

نماز رکعت کے حوالے سے ۱۷ ہے مشکل و کیفیت میں پانچ ہے تین چار رکعتی ہے ایک تین ایک دو رکعت ہے اوقات قرآن میں صرف دو کا ذکر ہے۔

معلوم نہیں محدث نوری جو اس سلسلہ میں زیادہ مہارت رکھتے ہیں کتنی جمع کی ہونگی۔

۲۔ اس میں کتنی روایات بغیر کسی استناد کے مرسلات چھوڑی ہیں۔

۳۔کتنے راویوں کا ذکر سرے سے ہی نہیں۔

۴۔کتنے راوی ضعیف اور مخدوش ہیں تب پتہ چلے گا ان روایات کا حشر کیا ہوگا۔

۵۔ان روایات کا متن دیکھنا ہوگا کہیں یہ روایات اپنی متن کے حوالے سے اصول مقررہ مسلمہ مبانی فقہ سے متصادم تو نہیں کیونکہ جو چیز اللہ نے واجب کی ہو اسے رسول اسقاط نہیں کر سکتے اور اس طرح جو فرض اللہ نے کی ہو اور رسول اسقاط نہیں کر سکتے۔

۶۔انہوں نے ساقط رکعات کو فرض از رسول قرار دیا ہے نماز طاعت اللہ میں پڑھتا ہے جب اللہ نے حکم نہیں دیا ہے تو یہ اطاعت اللہ نہیں ہوگا جب رکعات کو پڑھتے ہیں تو اطاعت اللہ کی نیت سے پڑھتے ہیں جبکہ اللہ نے حکم ہی نہیں دیا تھا۔ یہاں سے واضح روشن ہو جاتا ہے قصر نماز روزہ شریعت سے کھیل ہے دیکھتے ہیں وہ کہاں تک شریعت سے کھیل سکتے ہیں ۔

۷۔ان کا فلسفہ تراشی سفر میں انسان کو زحمت اور مشقت ہے لہٰذا اس میں تخفیف ہونی چاہیے شریعت نظام پارلیمانی جس میں اطراف موضوع پر بحث و گفتگو کرنے کے بعد حکومت کو یہ اختیار دیا جائیں کس کو چھوٹ دیں اور کس کو سہولت دیں۔

عبادت اللہ کا دو مظہر ہے ا۔مظہر تمام اوامر و نواہی امتثال ہے دوسرا مظہر مخصوص عبادت ہے جن کی ادائیگی میں قصد قربت اظہار خضوع و خشوع تذلیل مراد ہے اس میں صلاۃ صوم حج آیا ہے۔

نماز میں ایک بحث خشوع خضوع کو بیان کرنے میں بہت حد تک غلو اپنایا ہے بعض نے کہا ہے نماز میں خضوع خشوع قلبی ضروری ہے نماز خضوع خشوع قلبی سے پڑھیں یہ بات اپنی جگہ کہنے کی حد تک صحیح اور پسند کی بات لگتی ہے لیکن میدان عمل میں نوے فیصد نمازی ایسی نماز ادا کرنے سے قاصر عاجز ہیں پھر ایسی نماز کا حکم اللہ کی طرف سے ایک قسم کی تکلیف مالا یطاق نہ ہو تکلیف زائد از وسعت استطاعت ضرور ہوگا جو مثالیں دی ہیں اس میں ایسا ہے کہ فلاں نماز ایک سو رکعت پڑھتے تھے رقت کے ساتھ پڑھتے تھے۔بعض نے یہ بھی بتایا ہے کہ حضرت امیر کے پاؤں میں تیر لگا تھا وہ تیر کوئی نہیں نکال سکتے تھے تو کسی نے مشورہ دیا کہ یہ تیر نماز کی حالت میں نکالے یہ باتیں جاہل عوام جو ہر بات کو من و عن تسلیم کرتے ہیں اور وہ کثرت تلقین تقلید کی وجہ سے عقل کو استعمال کرنے سے رہ جاتے ہیں بلکہ گریز کرتے ہیں صاحب عقل ایک ایسی نماز کو قبول نہیں کرتے کیونکہ انسان کے اندر روح ہے روح نکل جائے تو حس باقی رہ جاتا ہے جو حیوانیت کی صفت ہے روح انسانی روح عقلانیت ہے روح عقلانیت اسے کہتا ہے جو کچھ وہ بولتا ہے وہ سمجھتا ہے اگر یہ نہیں سمجھتا ہے وہ روح انسانی سے گرا ہوا انسان ہے وہ حیوان ہے حیوان جو درد و الم احساس کرتا ہے جب درد و الم محسوس نہیں کرتا ہے تو وہ

حیوانیت سے بھی گر جاتا ہے تو گویا نعوذ باللہ علی نماز کی حالت میں انسانیت سے بھی گر جانے کے بعد حیوانیت سے بھی گر جاتے تھے۔

ا۔کیا حضرت علی کو ایک ایسا تیر لگا تھا جو چند دن باقی رہا ہو علی کی جنگوں میں اس کا ذکر نہیں آیا ہے یہ جو کہتا ہے کسی جنگ میں ُ کے پاؤں میں تیر لگا تھا جنگ کا ذکر نہ کرنا اس سے بو آتا ہے کہ یہ روایت جعلی ہے ۔

۳۔اللہ کے احکامات نماز اعضاء وجوارح پر لاگو ہیں اٹھو قیام کرو رکوع میں جاؤ سجدے میں جاؤ حکم دل پہ نہیں لگائی ہے دل وجود انسانی میں سربراہ ہے وہ اگر اجازت دے دیں تو نماز پڑھتے ہیں اگر حکم نہ دیں تو نہیں پڑھتے تو احکام اعضاء پر لاگو ہیں نماز کے لئے اپنے کاروبار چھوڑتا ہے آرام چھوڑتا ہے اُٹھتا ہے یہ اعضاء وجوارح ہے یہ زبان سے چھے سورہ پڑھتے ہیں پڑھنے کا اذکار زبان سے ادا ہوتا ہے تکبیر زبان سے ادا ہوتا ہے پورے اعضاء وجوارح رکوع وسجود سے ہوتا ہے دل انسان وہ اس مملکت میں ورد کو قبول کرنے نہ کرنے میں حاکم ہے اگر دل رد کریں گے تو اس وقت یہ حکم اکراہ میں آتا ہے جبر میں آتا ہے دل کو کسی چیز پر آمادہ کرنے کا طریقہ اعضاء وجوارح سے ہوتا ہے سماعت سے ہوتا ہے بصارت سے ہوتا ہے دل بطور مستقیم کوئی حکم نہیں لیتا ہے احکام نماز اعضاء پے لاگو ہوتا ہے اعضاء نے انجام دیا ہے نماز میں خشوع قلبی کا ذکر سعرہ مئمنون میں آیا ہے آیت۔ا۔۲۔۹ ۔٭الذین ھم فی صلاتھم خاشعون٭ جو اپنی نماز میں خشوع کرتے ہیں نماز میں خشوع کیا ہوتا ہے کیسے کریں اس کا ذکر اسی آیت میں آیا ہے جو اپنی نماز کی حفاظت کرتے ہیں یعنی بروقت پڑھتے ہیں تیسرا معنی کیا ہے والذین ھم عن اللغو معرضون نماز میں بےھودہ کام نہیں کرتے بےھودہ کام کرے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ دل نے نماز کی اجازت نہیں دی ہے دل لغو کی طرف متوجہ ہے اس کی اجازت دی ہے تو لہٰذا سورہ منافقین میں مذمت آئی ہے نماز چھوڑ کے دف ڈھول کی طرف جانے والوں کو منافق کہا ہے تو بےھودہ چیزوں میں مصروف نہ ہونا انسان کو پتہ چلے کہ میں اللہ کے سامنے کھڑا ہوں میں یہ قرائت کر رہا ہوں یہ اذکار پڑھ رہا ہوں اسی کا نام ہے کہ یہ خشوع ہے دل کو اس کی طرف موڑنے کے لئے دو ہی طریقہ مفروض ہوتے ہیں ا۔اللہ موڑ دے۔

۲۔اللہ سے کہے کہ اے اللہ میرے دل کو موڑ دے اگر اللہ موڑتے تو دنیا کے تمام بندے نمازی ہوتے ہیں تمام نمازی خاشع ہوں گے پھر خشوع کا شرط لگانا لغو ہے دل کی کیا مجال ہے کہ ارادہ الٰہی سے انحراف کرے دل کو خاشع بنانے کا ۔۲۔دوسرا طریقہ باہر سے ہوتا ہے اس کی سماعت بصارت کے ذریعے سے کیا ہے یہ اقامہ نماز سے ہوتا ہے اجتماعی طور پر مسلمانوں میں نماز کو اس طرح اٹھائے کہ مسلمان غیر نماز کی طرف متوجہ ہی نہ ہو جائے اس کے بغیر تمھاری نماز کی ایسی کی تیسی خشوع قلبی نہیں ہے خضوع قلبی نہیں ہے ہماری جیسی نماز پڑھو یہ نماز عجیب ہے کبریائی ہے ریائی ہے۔

انسان اگر اپنے شہر سے باہر غیر عادی مسافت طی کریں تو اس کو سفر کہتے ہیں نکلنے والے کو مسافر کہتے ہیں فقہاء مذاہب تھوڑی سے فرق کے ساتھ اس دورانیہ میں اس مدت یا دورانیہ میں نماز روزہ میں چھوٹ یا تخفیف بتاتے ہیں۔ سورہ مبا کہ النساء کی آیت۔ ۱۰۱ میں آیا ہے اگر تم سفر پے نکلے تو نماز قصر کرے آیت کے ذیل میں حکم سفر پر ایک قید عائد کی ہے قید یہ عائد کی ہے کہ **ان خفتم ان یفتنکم** اگر تم کو خوف لاحق ہو کہ دشمن تم پر حملہ کریں گے تو نماز قصر کریں یعنی موجب قصر نماز خوف از دشمن ہے احکام قرآن کو کنارے پر لگا کر غیر قرآنی احکام نافذ کرنے کے لئے بہت سی ٹیکنک طلسماتی طریقہ کھیلا گیا ہے۔

نماز و روزہ خالص توقیفی ہے جس میں کسی بشر حتیٰ نبی کریم کو بھی دخل اندازی کی اجازت نہیں ہے۔ اس حوالے سے فرقوں نے کس قدر گھٹیا کھیل کھیلا ہے ملاحظہ کریں:

اس بارے میں آیت پر غور وخوص کرنے کے گزشتہ فقہاء کی فتاویٰ سے استناد کر کے یا نبی کریم سے مرفوع چند روایت سے استناد کر کے حکم مصر مصادر کیا ہے بطور مثال سابق زمانے میں ایک دن کا سفر اب ایک گھنٹہ میں طے ہوتا ہے۔

۱۔ خوف کی جگہ مشقّت لایا ہے سفر میں قصر کا فلسفہ مشقت سے رہائی ہے سفری سہولت ہے پھر سفر کی مشقت کو ثابت کرنے کے لئے قصہ کہانیاں اقوال عیاشان نقل کی ہے کہا سفر نصف سقر ہے سفر کی شدت پریشانی اہل وعیال سے دور رنجیدہ ایک لمبی کہانی بنائی ہے کہ اللہ اپنے بندے کو مشقت میں دیکھنا نہیں چاہتا ہے سفر کی مشقت خود اپنی مقاصد کے لئے انتخاب کیا ہے پورے چار رکعت چار منٹ نہیں ہوتی ہے اس میں کونسی مشقت ہے قرآن میں احکام کے بارے میں کلمہ مشقت کہیں بھی نہیں آئی ہے؟ یہ بات آئی ہے اس کی گنجائش میں ہے یا نہیں گنجائش نہیں تو تکلیف بھی نہیں گنجائش ہے تو تکلیف ہے یہ پہلا تحریف ہے۔

۲۔ قصر نماز میں ایک اور فلسفہ بافی کی ہے کیونکہ یہاں یہ اعتراض یا سوال آسکتا ہے نماز ایک عبادت ہے تقسیم بردار نہیں آدھی چھٹ جائے آدھا رہ جائے اس سلسلہ میں انہوں نے یہ فلسفہ بافی کی ہے وجوب نماز کی تاریخ میں آیا ہے جب پہلے پہلے نماز واجب ہوی تھی تو اس وقت نماز دو رکعتیں ہی واجب ہوی تھی اللہ نے دو رکعت واجب کی تھی وہ ساقط نہیں ہونگے جو دو رکعت نبی نے اضافہ کی ہے وہ ساقط ہونگے اس کے لئے ایک تاریخی قصہ بنائی ہے اس کے پس منظر کتاب صحیح بخاری جلد اص ۱۷ ۹ کتاب الصلوٰۃ میں چند روایتیں اس سلسلے میں نقل کی ہیں ا۔ پہلا ہے کہ پیغمبر اکرم جب معراج پے لے گئے تو پہلی آسمان پے آدمؑ سے ملے پھر آگے نوحؑ سے ملے پھر آگے ابراہیم سے پھر آگے دیگر انبیاء سے ملے پھر آگے جب آپ پر نماز واجب ہوئی تو موسیٰؑ کے پاس آئے تو موسیٰ نے پوچھا تو پیغمبر نے جواب دیا پچاس نمازیں

واجب کی ہے تو موسیٰ نے فرمایا واپس جائیں آپ کی امت یہ برداشت نہیں کریں گے پھر پیغمبر واپس گئے آدھا چھوڑا پھر موسیٰ نے کہا کہ آپ واپس جائیں یہ بھی برداشت نہیں ہوگا پیغمبر واپس گئے پھر آدھا چھوڑا چناچہ دوسری حدیث میں عائشہ سے نقل ہے جب اللہ نے نماز فرض کی تو حضر وسفر میں دو دو رکعتیں تھی یہ جو دو رکعت تھی سفر میں باقی رکھا باقی دو کو گرایا ہے۔

۳۔تیسری تحریف ابواب فقہ میں اگر آپ ملاحظہ کریں گے تو پہلے لکھتے کہ یہ حکم قرآن میں ثابت ہے پھر نمبر پر دو لکھتے ہیں پیغمبر کی سنت ہے پھر تیسری نمبر پے لکھتے ہیں اجماع امت ہے گویا کوئی حکم اللہ کی نہیں ہوئی اس طریقے سے شریعت ثابت کریں طریقہ مولا و بندہ نہیں ہے جعل شریعت میں مولا مستقل ہوتا ہے بندے کی کوئی حیثیت نہیں ہوتی بندہ مأمور ہے وہ اگر منت سماجت کریں گے تو وہ مولا کے خاطر نہیں ہونگے اپنے ہم جنس کی ہمدردی کھنچنے کی بات ہوگی۔

نبی فقھوں کی فقہ کے جال محبوس نہیں تھے تاکہ جان چھڑانے کے لئے حیلہ بہانہ تلاش کریں اس قسم کی حکم نافذ کرنا ایسا ہے کوئی حکومت آئین بناتے ہیں وزارت سے متعلق پھر اس کو کابینہ میں پیش کرتے ہیں کابینہ اس کو منظور کرتے ہیں اگر متنازع ہو تو اس کو اسمبلی لے جاتے ہیں کہ عوام اس کو منظور کرتے ہیں یا نہیں وزارت خانے کو پتہ نہیں ہوتا اس میں کتنے پیچیدگیاں ہیں بعض خرابی کابینہ کو بھی پتہ نہیں چلتا ہے گویا یہاں امت محمد اس چیز کو برداشت کرے گا یا نہیں دس ہزار سال سے دنیا سے منتقل ہو کے عالم برزخ میں رہائش پذیر موسیٰ جس نے امت محمد کے نام بھی نہیں سنا ہے ان کو پتہ چلا کہ امت محمد برداشت نہیں کریں گے محمد جو تازہ تازہ نبوت پر مبعوث ہوئے دس سال دوبدو مخالفت مزاحمت میں گزر رہے تھے ان کو پتہ نہیں تھے گویا تمام انبیاء پر شاہد آنے والے محمد کو پتہ نہیں ہوا موسیٰ کے کہنے پر محمد کو پتہ چلا کہ میری امت برداشت نہیں کریں گے اللہ کے پاس دوبارہ درخواست لے گیا پتہ نہیں اللہ کے پاس آپ نے کن الفاظ میں اللہ سے مناجات کی اس طرح سے فرمایا ہوگا موسیٰ کلیم فرماتے ہیں کہ میری امت برداشت نہیں کریں گے۔

گویا محمد جو کہ رحمت اللعالمین بن کر آیا تھا علم یہ حال امت نہ ہونے کی وجہ سے آپ کی رحمت امت تک نیں پہنچا سکی یا یہ بھی کہہ سکتے ہیں خود اللہ کو بھی پتہ نہیں تھا اللہ کو بھی پتہ نہیں چلا کہ امت محمد اتنی رکعات برداشت نہیں کریں گے قصہ جھوٹ اور ساختہ ہونے کی وجہ سے اس میں ایک جملہ بھی سچ نظر نہیں آتا ہے اول سے آخر تک جھوٹ ہے موسیٰ ودیگر انبیاء موت کے تحت عالم برزخ میں ہے عالم برزخ اس دنیا کے طول میں واقع ہے جو وہاں جاتے ہیں وہ عالم برزخ میں ہے آسمان اس دنیا کے علاقے ہے انبیاء ادھر کیسے آئے۔

حضرت محمد کو عالم برزخ میں لے گیا تھا یہ بھی نہیں ہے تو اس کو جتنا کھولیں گے اس میں خود ساختگی کی بو آئے گی آیت میں

جب خوف کا قید لگایا ہے تو غیر خوف قید میں قصر نہیں ہونگی اگر کوئی کہے پیغمبر نے غیر خوف والی مواقع میں قصر فرمائی تھی تو ان سے سوال ہوگا آیا پیغمبر نے آیت کو دیکھ کے قصر کیا ہے یا بغیر دیکھے کے پیغمبر تابع آیات قرآن ہے یا قرآن تابع پیغمبر ہے یعنی پیغمبر کے حکم کو لیں گے ہمیں قرآن سے واسطہ نہیں کہیں گے تو اس مفتی سے سوال کرسکتے ہیں حضور اب ہم دو چیزوں کے درمیان میں ہے آپس میں تضاد ہے قرآن فرماتا ہے اگر خوف ہوجائے تو قصر کرے پیغمبر نے بغیر خوف کے قصر پڑھی ہے ان دونوں میں کس کو ترجیح دیں گے؟

لیکن ثابت کرنا پڑے گا کہ پیغمبر اکرم نے بغیر خوف قصر پڑھی پیغمبر اکرم عمرے کے لئے حدیبیہ نکلے حدیبیہ پہنچے ظہر کی نماز پوری پڑھی جب پیغمبر کو احساس ہوا یا وحی ہوا کفار کے ارادے سے آگاہ کیا تو آپ نے عصر کی نماز قصر پڑھی۔

۲۔ فتح مکہ کے لئے نکلے نماز روزہ رکھ کر سفر کیا وادی غصفان سے قصر کیا کیونکہ آگے جنگ کا خطرہ تھا۔

ظہر عصر مغرب عشاء سورہ النساء آیت۔۱۰۳ میں آیا ہے میدان جنگ میں اگر ہو نماز پڑھنے کی اگر مجال نہ ہو وہاں اللہ کا حالت قیام قعود میں اللہ کا ذکر کرے جب خطرہ ٹل جائے تو نماز قائم کرے نماز مؤمنین کے لئے وقت معیّن ہے سورہ اسراء آیت۔۷۸ میں آیا ہے اقم الصلوٰۃ لدلوک الشّمس الی غسق الیل نماز قائم کرے زوال شمس سے الی غسق الیل غروب آفتاب تک اس کا مطلب یہ کہ ظہر عصر دونوں زوال شمس سے ہوتا ہے سورہ بقرہ کی آیت ۲۳۸ میں آیا ہے اوقات نماز کا محافظت کرے خاص کر صلاۃ وسطیٰ کیکہ جو بروقت ادا کرے سورہ ھود کی آیت ۱۱۴ میں آیا ہے ۰ اقم الصلوٰۃ طرفیالنھار وزلفاً من الّیل ۰ دن رات کی اطراف میں نماز پڑھے دن کی اطراف صبح سے ہوتی ہے رات میں دو نمازیں ہیں اول آخر کا ذکر کیا ہے لیکن وقت فضیلت کا عصر اور عشاء کا ذکر نہیں کیا ہے اس کا مطلب اوقات نماز ان مذکورہ اوقات میں اوقات موسعہ ہے موضیقہ نہیں اللہ نے اس محدود وقت میں کسی بھی وقت نماز کو ادا کرنے کا حکم دی ہے لیکن ترجیح دی ہے کہ پہلے وقت میں نماز پڑھے یہاں چند مفروضے بنتے ہیں

۔۱۔ یہ کہ نماز کو الگ الگ پڑھے ظہر الگ عصر الگ مغرب الگ عشاء الگ

۔۲۔ نماز کو دونوں ملا کے بیک وقت پڑھے اس میں دو مفروضے ہوتے ہیں

الف۔ نماز اول وقت میں پڑھے ظہر اور مغرب لیکن عصر اور عشاء ان دونوں کے ساتھ ملا کے پڑھے

۔ب۔ ظہر کو تأخیر کر کے عصر کے سات پڑھے مغرب کو تأخیر کر کے عشاء کے ساتھ پڑھے یہ تینوں صورتیں سب روایا پیغمبر نے اس پر عمل کی ہیں الگ الگ بھی پڑھے ہیں جمع کے ساتھ بھی پڑھے ہیں لیکن پہلے وقت میں نماز پڑھنا ایک بافضیلت ہے اس میں شک نہیں لیکن عصر کو مغرب سے کتنے دیر پہلے پڑھنا فضیلت ہے عشاء کو آدھی رات سے کتنے

ٹائم پہلے پڑھنا فضیلت ہے اس کا تعیّن نہیں ہوا ہے جامع نتیجہ یہ نکلتا ہے نماز اوقات پہلی وقت میں پڑھنا افضل ہے دوسری وقت میں پڑھنا کفایت ہے لیکن اس کو ایک مذھب بنانا اسکی حسن ثابت نہیں ہے جو بھی یہ کام کرتے ہیں وہ عمل تقلیدی ہے اس سلسلے میں کوئی تحقیق سامنے نہیں آئی ہے

حضرت محمد ص کی رسالت عالمی ہے تمام الناس کے لئے ہے جب تمام کے لئے ہے تو آپ کی رسالت خاتم بھی ہوں گے ۔۲۔آپ کی رسالت عالمی اور تمام انسان کے لئے ہونے کی ایک دلیل سورہ سباء آیت ۲۸ ہے پیغمبر کی نبوت عالمی ہونے کی ایک آیت سورہ انبیاء کی آیت ۱۰۷ ہے پیغمبر کی نبوت عالمی ہونے کی ایک آیت نساء کی آیت ۷۹ ہے جہاں فرمایا ہے وارسلناک للناس رسولا وکفی باللہ شھیدا آپکی نبوت کا آپ تمام لوگوں کے رسول دلیل اللہ ہی کافی ہے جب محمد ص اللہ کا رسول ہے جس کسی نے محمد ص کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی جس کسی نے آپ سے منہ موڑا آپ ان پر نگران نہیں ہیں کلمہ رسول اللہ ایک دفعہ حرف من سے تعدی رسول من اللہ سے ایل دفعہ ھرف لام سے تعدی ہے یعنی رسول للناس قرءن کریم کی بہت سی آیات سے یہ ثابت ہے کہ پیغمبر کی مسئولیت ابلاغ رسالات تک ہے پیغمبر لوگوں کو راہ راست پر لانے تسلیم اللہ ہونے کی مسئولیت نہیں رکھتے من جملہ ان آیات میں سے ایک یہی آیت ہے وما ارسلناک علیھم حفیظا ان آیات میں سے ایک سورہ بقرہ کی آیت ۲۷۲ ہے سورہ خاشعہ کی آیت ۲۱۔۲۲ سورہ ق کی آیت ۴۵ ہے سورہ شوری کی آیت ۔۳ یہ آیات اس آیت کی تفسیر ہے جس میں آیا ہے امّا ھدینہ سبیلا اما شاکرا وامّا کفورا تکالیف الٰہی میں کسی قسم کی جبر تشدد نہیں ایمان لانے میں یہ جو آیات قرآن میں آئے ہیں ایمان لائے یا نہ لائے پیغمبر جبار نہیں وکیل نہیں حافظ نہیں مکرہ نہیں یہ سب ایمان لانے کے لئے ہیں لیکن پغمبر کی دعوت کو قبول کر کے ایمان لانے کے بعد خود بندوں کی اقرار و اعتراف کے بعد وہ ملتزم ہے کہ اس کی شریعت پر عمل کرے اگر عمل نہ کرے تو اس صورت میں مکافات مستحق سزا ہوں گے مکافات ہوں گے ایمان لانے کے بعد ثواب وعقاب آئیں گے سزا و جزا آئیں گے پیغمبر کی نبوت نبوت خاتم ہے رسالت خاتم ہے اس کے ایک سند قرآن کریم ہے قرآن کریم اللہ کی وہ کتاب ہے جو عالمین کے لئے آیا ہے تمام الناس کیلئے آیا ہے جیسا کہ سورہ ابراھیم آیت ۔امیں آیا ہے اسی طرح سورہ آلعمران کی آیت ۔۱۳۸ اسمیں آیا ہے بیان للناس یہ بین تمام ناس کے لئے آیا ہے

صلٰوۃ قصر صحیح مسلم جلد ۵ ص ۱۹۴

صحیح مسلم نے یحی بن یحی سے اس نے کہا اس نے مالک کے پاس پڑھا ہے انھوں نے صالح بن کیسان سے انھوں نے

عروہ بن زبیر سے انھوں نے عائشہ سے انھوں نے کہا نماز دو دو رکعت واجب ہوئے سفر وحضر دونوں میں تو پیغمبر نے حضر میں دو رکعتیں اضافہ فرمایا

روایت ۔۲۔ ابوطاہر اور حرملہ بن یحی سے ان دونوں نے ابن وھب سے انھوں نے یونس سے انھوں نے ابن شھاب سے انھوں نے عروہ ابن زبیر سے انھوں نے عائشہ سے نقل کی ہے عائشہ نے کہا نماز جب واجب ہوا تو دو دو رکعتیں تھیں پھر حضر میں دو رکعتیں ضافہ کیا تو سفر میں اسی دو کو رکھا ہے

روایت ۔۳۔ علی ابن خشرم سے انھوں نے ابن عیینہ سے انھوں نے زھری سے انھوں نے عروہ سے انھوں عائشہ سے انھوں نے کہا نماز جب واجب ہوئے تو دو رکعتیں تھیں سفر کے دو دو کو باقی رکھا حضر میں دو ضافہ کیا زھری نے عروہ سے پوچھا عائشہ سفر میں نماز ہورا کیوں ہرحا تو انھوں نے کہا عائشہ نے تأ ویل کی ہے جس طرح عثمان نے کی ہے ایک اور روایت مسلم نے ابوبکر بن ابی شیبہ سے اور ابی کریب زھرہ سے انھوں نے ابن حرب سے اور اسحٰق بن ابراہیم سے اسحٰق نے کہا ہے اور بعض نے عبداللہ بن ادریس سے انھوں نے ابنجریس سے انھوں نے ابن ابی عمار سے انھوں نے عبداللہ بن ابیہ سے انھوں نے یحی بن یعلی سے انھوں نے عمر ابن خطاب سے کہا نماز میں قصر پڑھنیمیں کوئی حرض نہیں اگر کافرین کی طرفسے خوف ہواب تو لوگ امن میں ہیں تو عمر نے کہا جس طرح تمھیں تعجب ہوا ہے ہمیں بھی تعجب ہقا ہم نے رسول اللہ سے عرض کیا یہی سوال جو تم نے ہم سے پوچھا ہے ہم نے پیغمبر سے پوچھ تو آپ نے فرمایا یہ ایک صدقہ ہے اللہ نے تمھیں دی ہے

۲۹۔ قیامت کے دن ہرایک کو اپنی کمائی کا صلہ ملے گا سورہ غافر آیت ۔۱۷۔

یوم حساب:

یوم حساب یوم آخرت کا دوسرا نام ہے حساب کسی چیز میں اعداد استعمال کرنے کو کہتے ہیں یعنی میں نے حساب کیا جیسا کہ سورہ یونس آیت ۔۵ عدد السنین والحساب سورہ انعام آیت ۔۹۶ میں بھی آیا ہے سورہ کہف آیت ۔۴۰ سورہ طلاق

آیت ۔۸ سورہ قمر آیت ۔ا سورہ انبیاء آیت ۔۴۷ سورہ حاقہ آیت ۔۲۴۔۲۰ سورہ آل عمران آیت ۔۱۹۹ سورہ عمّ آیت ۔۳۶ سورہ بقرہ آیت ۔۲۱۲ قرآن کریم میں یہ کلمہ دس معانی میں استعمال ہوا ہے۔:

ا۔معنی کثیر میں سورہ نباء میں آیا ہے عطاءً حساباً۔

۲۔ثواب وجزا کے لئے آیا ہے شوریٰ آیت۔

۳۔حساب بمعنی عذاب سورہ نباء سورہ کہف آیت۔

۴۔حساب بمعنی حافظ آیا ہے سورہ النساء آیت۔

۵۔حساب بمعنی شہید کے آیا ہے۔

۶۔عرض پیش کرنے خدا کے سامنے یوم یقوم الحساب یعنی پیش ہوگا سورہ ابراہیم سورہ انشقاق۔

۷۔حساب بمعنی عددت۔

۸۔حساب بمعنی تقطیر عام بغیر حساب آیا ہے۔

۹۔منازل کے معنی میں آیا ہے۔

۱۰۔حساب بمعنی گمان۔

کلمہ حساب اس کے اندر چند معانی مطالب سموئے ہوئے ہیں یہ حساب کہتے ہی انسان کے خطور میں آتا ہے حساب سے آتا ہے کہ کوئی لینے والا آیا ہے حساب حاسب محسوب محسوب بہ محسوب فیہ کون حساب لے گا حساب وہی لیں گے جو منع کر سکتے ہیں حساب اسوقت لیں گے جب عمل پورا ہو حساب عمل کا لیتا ہے کہ عمل صحیح ہے یا نہیں حساب عطاء کا ہوتا ہے جو دیا ہے حساب عمل کا ہوتا ہے کیا ہے یا نہیں اس طرح سے ان نکات کو سامنے رکھنے کے بعد اب ہم آتے ہیں کن کن چیزوں کا حساب لیں گے قرآن کریم میں یوم آخرت کو یوم حساب یوم جزا قرار دینے سے پتہ چلتا ہے احکام فقہاء حکم شریعت نہیں ہے کیونکہ حساب وکتاب وہی کریں گے جس نے حکم دیا ہے جو حکم اللہ نے دیا ہے اللہ اسی کا حساب کرے گا جو احکام فقہاء نے دیئے ہیں اللہ اس کا حساب بھی نہیں کرے گا اور بندہ بھی کہیں گے اے اللہ ہمیں آپ کا حکم نہیں آیا ہے ہم نے فقہاء سے لئے ہیں انھوں نے ان چیزوں کا ذکر نہیں کیا ہے۔

۲۔ہادی اللہ خالق انسان ہے اللہ ہی انسانوں کا ہادی حقیقی ہے اللہ کی طرف سے مبعوث و مامور انبیاء ومرسلین ہیں۔

نبوت ورسالت کے بھی بذات دھا عنا وین ہیں۔

قرآن تورات انجیل صحف ابراہیم وزبور داود کو رسالت کہا ہے ہدایت رسالت پہنچانے اور مومنین عارف با اسلام والوں کو نبی رسول کہا ہے قرآن کریم کی کثیر آیات میں اس رسالت کی خصوصیات امتیازات کو بیان کیا ہے سب سے اہم امتیاز یہ رسالت قطعی جزمی سے اللہ کی طرف سے نازل ہوا ہے اس کے علاوہ اس کو من اللہ تسلیم کرنے کے علاوہ کوئی اور چارہ جوئی نہیں ہے کیونکہ اللہ نے اس کے مقابلہ مثل کا تحدی کیا ہے اس بارے میں مندرجہ ذیل آیات آتی ہے:

؟------------------------

شاہدومشہود:

قیامت کے دن کا ایک نام شاہد ومشہود ہے انسان اس دن مشہود واقع ہوتا ہے وہاں محرم محکوم جن وانس ہوتا ہے مدعیٰ اللہ ہوتا ہے تو نے میرا حکم ہدایت اوامر کی عدولی کی شاہد عادل واحد عادل نہیں ہوگا بلکہ شہداء کی حمایت میں ہونگے اس لئے اس کو شاہدومشہود کہتے ہیں فیصلہ کرنے کے لئے اللہ سبحانہ خود اس مجرم کو اختیار دیتا ہے اس کو قاضی حکیم قرار دیتے ہیں کفن بنفک الیوں حساب ان کیخلاف شہداء گواہی دیں گے قیامت کے دن یوم شاہدومشہود دونوں ہوگا سورہ بروج آیت ۔۳ سورہ ھود آیت ۔۱۰۳ اوذٰ لک یوم مشہود قیامت کے دن انسان کی زبان پے مہر لگائے گا کان ہاتھ پاؤں اس کے اعضاء وجوارح اس کے خلاف گواہی دیں گے خود اپنے خلاف گواہی دیں گے سورہ اعراف آیت ۔۳۷ ہر انسان کے ساتھ ایک گواہ آئے گا جو اس کے حق میں یا اس کے خلاف گواہی دیگا سورہ ق آیت ۔۲۱

شہادت، شہید، مشہود:

ان تینوں کلمے کی اصل ش، ھ، د، سے ہے جس کے لئے لغت عرب میں یہ معانی ہیں خبر قاطع حضور حاضر معائنہ علانیہ ادراک معاینہ اقرار کلمہ اسلام بیان کی ہیں لیکن حقیقت اور واقعیت میں تمام معانی کی برگشت میں حضور واقعہ حادثہ اور انعکاس صورت در اذہان اور اداء ماخوذات مصورات کو کہتے ہیں چنانچہ حضور کے معنی میں سورہ بقرہ آیت ۱۸۵ اقرار شھادت سورہ یوسف آیت ۸۱ اقرار سعرہ توبہ آیت ۱۷ میں آیا ہے معانی لغت شناسی چند مشکل پیچیدہ مسائل بھی ہے شخص محقق کنندہ کو اس کا بھی خیال رکھنا ہے:

۱۔ لغت کا ایک معنی حقیقی ہوتا ہے جو ہر شخص حتیٰ عاصی بھی سمجھتا ہے دوسرا معنی مجازی ہوتا ہے یہ زیادہ تر اہل فصاحت بلاغت استعمال کرتے ہیں یہ تھوڑا سا مشکل ہوتا ہے۔

۲۔مشکلہ خیانت کاری ہوتا ہے اس دین سے خیانت کرنے والوں نے لغت بھی بنائی ہے۔انہوں نے ان سے کتب لغت لکھوائی ہیں اپنے نظریات اس میں داخل کیے ہیں گذشت زمان کے ساتھ یہ میدان جنگ بھی بن گیا ہے ایک لغت کو نکالنے اور ایک لغت کو بزور داخل کرنے کا جنگ لڑ رھا ہے بطور مثال ایران کے بادشاہ مقبور نے ایرانی لغات سے کلمات عربی نکالنے کا حکم نامہ جاری کیا تھا جبکہ برصغیر میں اہل مغرب برطانیہ اور امریکا نے انگریزی لغات داخل کرنے کا فیصلہ کیا جو کہ انتہائی کامیاب رہی ہم جیسے بوڑھے مرد وعورت ان پڑھ ہوں بھی آسانی سے کلمات اپنے چند منٹ میں چند کلمات انگریزی استعمال کرتے ہیں جس وقت ہم خطابت کرتے تھے بعض احباب کہنے لگے آپ خطاب میں انگریزی زیادہ استعمال کرتے ہیں۔نہ ہم نے انگریزی پڑی تھی اور نہ انگریزی معاشرہ میں رہنے سے حاصل تھی۔

یہ یہاں کی بازاری زبان تھی یہ سب سے خطرناک فتح بند جنگ ہے اگر اللہ نے عن قریب یا کچھ بعید مدت کے بعد پاکستان واقعی پاکستان ہوجائیں اور یہاں سے انگریزی الحاد کو نکالنے میں متفق ہوجائیں تب بھی اس دشمن کو نکالنے کیلئے کچھ وقت لگے گا امت اسلام کفر شرق وغرب کو فتح کرنے کے بعد نشر فتح سکر نصرت میں آرام کیا سویا غنودی طاری ہوئی ان کے غنودی کے دوران شکست خوردہ بیدار ہوتے شکست کی گرد وغبار کو صاف کیا تر وتازہ مسکرائے چہرہ سے خدمت گار شکل میں اندر سے استعمار گری شروع کی جہاں جہاں پاسدار محافظان سویا پایا وہاں آباد کاری وہاں آباد کاری استعمار گری شروع کی ان میدانوں میں سے ایک لغت بھی ہے لغت میں کلمہ شہید ہے۔

کلمات عرب میں جتنا اس کلمے سے کھیلا گیا ہے اور اس کلمے کے معنی کو تہ وبالا کیا ہے لغت عرب میں اس کی کوئی مثال نہیں ملتی ہے انھیں میں سے ایک کسی کے ہاتھوں قتل ہونے والے کو شہید کہنا ہے اس تصرف کے تحت بے دین کافر ملحد دین کا مسخرہ کرنے والے سلمان تاثیر بھٹو بے نظیر وغیرہ ایسی لمبی فہرست ملیں گے جنھوں نے اسلام کے خلاف کفر والحاد کو اہل اسلام پر مسلط کیئے ہیں اس کلمے سے کھیلنے والی ایک مظاہر رمضان کے اختتام پر چاند دیکھنے کے نام سے گڑھے گئے فتوی ہے جس میں منجمین اور جھوٹے دعواؤں کے ذریعے اہل اسلام سے روزہ کھلوانے کا کردار ادا کیا ہے انھیں میں سے ایک شہادت کے ذریعے کتمان شہادت اور جعل شہادت کے زریعے حقوق پائمال کئے ہیں اب تو عدالت گاہوں کے ارد گرد جھوٹے لوگ گومتے رہتے ہیں تا کہ کوئی ان کے خریدار آجائے یہ تنہا حکومتی عدالت گاہوں تک محدود نہیں حتی دینی عدالت گاہوں میں بھی حاضر رہتا ہے یہ اسلئے ہے جن کے دلوں میں قیامت کے شاہد ومشہود کو ان کے دلوں میں راسخ نہیں کیا ہے۔

کلمہ شہید اللہ کی راہ میں قتل ہونے والوں کے لئے استعمال غیر مربوط ہے دین سے کھیلنے والوں نے اس جیسے

بہت سے کلمات عرف متشرعہ کے نام سے اختراع واختلاق کئے ہیں اوراس خطرناک جنایت پر مقدمہ تحقیق کرنے سے روکنے کے لئے دفعہ ۱۴۴ تقلیدی کے مہنگا غیر مقیہ مدت کا قانون نافذ کیا ہے جب ہر چیز میں تقلید کروانی ہے دلیل و براہین سے جان چھڑانی پڑے تا کہ مذاہب بے پدری کولا گوکرنا ہے تو یہ کام لقمت سے شروع کیوں نہ کریں۔ تحقیق کا مطلب اسکے کسی چیز کے وجود کی دلیل تلاش کرنے کو کہتے ہیں۔ تقلید بغیر دلیل تسلیم کرنے کو کہتے ہیں تقلید وہ ٹھونسا ہوتا ہے۔

جب سے فرق اعتقادی احکامی وجود میں آئی ہے۔اس کے بچاؤ کے لئے انہوں نے سد تقلید بنائی ہے سد تیار ہو نے کے بعد انہوں نے لغت میں اختلافات شروع کئے ہیں لغت میں طلاق ہونے کو تعجب نہ کریں یہ لغت میں اغلاق ہوتا ہے جس کے پاس دلیل نہیں ہوتی ہے یہاں سے ہمیں کتب لغت میں کلمات کے جو معانی بیان کئے ہیں اس میں دقت اور غور کرنے کی ضرورت ہے کتب لغت میں کلمات دو قسم کے ہیں ایک کلمہ سماعی ہے جو عرب بدو سے سنی ہے زمانہ جاہلیت میں رائج ان سے سنی کلمات کل سرمایہ ہے زبان کو توسیع اس سے دیتے ہیں شہر نشین اس زبان کو مستحکم کرنے کے لئے دیہاتوں میں بھیجتے تھے یہ کلمات معیار قیاس لغت ہے دوسرا قیاسی ہے کہ اس مناسبت سے کلمات بناتے ہیں ماہرین لغت یہ دو طریقے جہاں اختلاف ہوتا ہے وہاں اس کو سامنے لانے کی ضرورت ہے کلمہ شہید اسلام آنے سے پہلے لغت میں رائج تھے وہاں یہ کلمہ محل حوادث پر حاضر انسان کے لئے کہا ہے واقع کو ادراک حفظ کرنے والے کو کہا ہے محل موقع پر اظہار کرنے کو کہا ہے اسی مفہوم میں زمین کو شاہد کہا ہے چونکہ قرآن میں یومئذٍ تحدّثُ أخبارَھا زمین خبر دیتی ہے تو خبر وہ دیتا ہے جو حاضر ہو تو زمین کسی ایسے وجود کے بارے میں گواہی نہیں دے سکتی جو زمین پر چلا ہی نہ ہو۔ اللہ کی راہ میں قتل ہونے والے کو شہید کہنا۔

لغت عرب زمان نزول شریعت میں تولید تو عین نہیں تھے جاہلیت میں تو نہیں تھے چونکہ وہاں تو اللہ کی راہ میں قتل ہونے کا تصور ہی نہیں ہوتا تھا عصبیت میں قتل ہوتے تھے اگر اس کو اسلام نے پیش کیا تو یہ ایک ایسی روج عام ہونا چاہئے تھا چونکہ سب سے زیادہ اللہ کی راہ میں خالص اللہ کی راہ میں قتل صدر اسلام میں ہوا ہے بدر احد وحنین میں قتل ہونے والے اور خلیفہ دوئم سوئم اور چہارم اللہ کی راہ میں ہوتے ہوئے قتل ہوئے کتب تاریخ میں ان کے ساتھ کلمہ شہید نہیں آیا ہے کتب تاریخ میں قتل امیر المؤمنین علی ابن ابوطالب، قتل عمر ابن خطاب اور قتل عثمان بن عفان آیا ہے مصعب بن عمیر پیغمبر کے مدینے میں پہلے سفیر تھے وہ احد میں قتل ہوئے ان کے نام کے ساتھ کلمہ شہید نہیں لگایا۔ زمین اور ملائکہ اللہ کی راہ میں قتل ہونے والوں کے لیے گواہی دیں گے بلکہ یہ گواہی تنہا اللہ کی راہ میں قتل ہونے والوں کے ساتھ مخصوص نہیں سب کے لئے

گواہی دیں گے۔

شہید اگر اللہ کی راہ میں قتل ہونے والوں کے لیے مختص ہے تو وہ افراد جو دنیا جرم و جنایت میں قتل ہوا ہے قومی غیرت یا پارٹی کی حمایت میں قتل ہوئے ہیں۔ کیا ان کو شہید کہنا چاہئے۔ بھٹو بھی شہید ہے بے نظیر بھی شہید ہے دین سے کھیل کھیلنے یا دین کے خلاف لڑنے والے بھی شہید ہیں؟ محسوس یہ ہوتا ہے یہ کھیل فرقوں نے کھیلا ہے لغت نویسی بھی آج کل کے افسران کالم نگار صحافی کی طرح کرپشن پر لکھتے تھے جس طرح تاریخ نگار ہے ایک جملہ لغت میں شامل کیا ہو گا صرف اس کو سند دے کے آپ استعمال کر رہے ہیں لغت نویسی بھی رشوت خور ہو سکتے ہیں اگر آپ نہیں مانتے تو اس کے لئے ہم ایک کتاب لکھ سکتے ہیں لغت نویسوں نے کتنی خیانتیں کی ہیں اس کلمے سے ایک کھیل صوفیوں نے کھیلا ہے انھوں نے اس کو ایک مصدر علم قرار دیا ہے بین نوم یقضا و کشفات کے لئے انھوں نے بشارت کا لفظ رکھا ہے اب لفظ شہید کا جو تصور ہے وہ بے معنی ہے اسلام و قرآن سے خیانت ہے مؤلفین نے اس کلمے کو اس لئے لکھا ہے چونکہ وہ ایک فرقے میں ہے اور فرقے کے عقائد کی وجہ سے لکھا ہے

شاہد و مشہود:

دنیا و آخرت دونوں میں عدل قائم ہونے عدالت ملنے عدالت قائم ہونے میں سب سے بڑا کردار یا بنیادی رکن شہادت ہے حکومتوں میں مظلوموں کی فریاد و فغاں ظالمین کی بالادستی ان کے ہر آئے دن چرچا ملک کی ثروت دولت اغیاروں میں انتقال سے کھیل کھیلنے والوں اور اخصات مسفورات والوں حوصلہ افزائی تعاون ہمکاری ملک کی سلطنت بقاء چاہنے والوں کی حوصلہ شکنی نا امنی کا دور دورہ سب گواہ صدق کا فقدان ہے جہاں شواہد و گواہ گواہ صادق کا بحران شہادت کذب کا فراوان کی سے ہو رہا ہے جھوٹی گواہی دیں گے یا شہادت فروشی کی شکل اختیار کرنے سے ہو رہا ہے تو وہاں عدل ناپید ہوں گے شاہدوں کے میل ملاپ توڑ پھوڑ پس و پیش حیلے بہانے تزویرات رواج پانے کے بعد بڑے سے بڑے قاضی نا کام ہوتے ہیں اس کا ہنر قضاوت نا کارہ ہو جاتا ہے۔

بلکہ آج ملکی نظام فسطائیزم کی طرف جا رہا ہے نظام فسطائیزم رواج ہوتا جا رہا ہے۔

شہادت زور بھی ہر زمانے میں رہی بلکہ ان کی بھی ترقیاں ہوتی ہیں ان کے بھی مدارس ہوتے ہیں مدرسین ہوتے ہیں جو کسی کو پتہ نہیں چلتا کہ جھوٹے گواہ کہاں سے سیکھتے ہیں اگر اشارہ کر کے گزر جاوں اشکال نہیں ہوگا قرآن اور

سنت چھوڑ کر مصلحتی فتواء دینے کا دور شروع ہونے کے بعد سے شروع ہوا جہاں مصلحت کی خاطر آپ جھوٹ بول سکتے ہیں قومی فرقی مذہبی مصالح کی خاطر کار حرام فعل حرام انجام دینے میں کوئی اشکال نہیں شیعہ اپنے بھائی شیعہ کے سر براہان سنی کے خلاف گواہی دے سکتے ہیں اس طرح سنی سنی کی خاطر شیعہ کے خلاف گواہی دے سکتے ہیں۔

دنیا میں جھوٹے گواہوں کی شناخت شاید کبھی انبیاء کے لئے بھی مشکل کا سبب بنا ہو چونکہ وہ بھی عدالت گواہ کی گواہی کی بنیاد پر دیتے تھے۔لیکن قیامت کے دن کوئی جھوٹی گواہی نہیں دے سکے گا بلکہ وہاں ایسی گواہی لائیں جائے گی جن کی سرشت میں کذب نہیں ہوتا۔ چنانچہ وہاں کے گواہوں میں ایک گواہ زبان پر مہر لگا کر اعضاء وجوارح سے گواہی لینا ہے چلتی زمین گواہی دیتی ہے ملک مؤکل گواہی دیتا ہے اتنی کثرت سے گواہ ہونگے انسان کے اعمال کردار پر قرآن میں آیا ہے۔

لا یتکلمون الا من أذن له الرحمٰن و قال صوابا سچ کے بغیر کوئی بات نہیں کر سکتا لہٰذا شہادتوں کی دور دورہ ہوگا انسان اپنے نفس کے خلاف گواہی دیں گے اس لئے قیامت کو قیامت کہنے کی ایک وجہ یہ بتایا ہے اس دن گواہ اٹھیں گے سورہ ۴۰ آیت ۔۴۱ شہادت کے اس کردار ہی اہمیت کے خاطر ضروری ہے کہ ہم شہادت کی کلمے کو بنیاد سے اٹھائیں یہ کلمہ اپنے اصل میں کس کلمے سے بنا ہے کتاب مقائیس جلد اص ۶۲۸ پر آیا ہے شین ھا دال اس کی ایک اصل ہے جس کا معنی حضور علم اعلام ہے کبھی کسی کو آگاہ کرنا جاننا حاضر کرنا اس کا مطلب یہ ہے اس کی اصل حاضر ہونا ہے جب حاضر ہونگے تو حالت سے واقف آگاہ ہوگا۔ **لایخرج شیء**

من فروعه عن الّذی ذکرناه ان تین کلمے کے علاوہ جتنے بھی فروع ہے ان سب کی برگشت ان تین پر ہے اس کی مصدر شہادت ہے شَہِدَ اس جگہ کو کہتے ہیں جہاں لوگ حاضر ہوتے ہیں شاہد کی جمع شہود آتا ہے کہتے ہیں شہود بچہ جب ماں کی شکم سے نکلتے ہیں تو اس کے سر پے جو پانی ہے اس کو شہود کہتے ہیں شہود الناقہ اونٹ جب ذبح کرتے ہیں تو اس جگہ پر خون یا سلی اوجھڑے وغیرہ موجود ہوتے ہیں اس کو شہود کہتے ہیں اس کے خدمت میں حاضر ہوتا ہے یا یہ زمین پر گرتا ہے زمین کا نام شاہد ہے اس حوالے سے یہ وہ خون جو زمین پر گرتا ہے زمین اس کا گواہ ہوگا چاہے بحق گزرا ہوگا یا بنا حق گزرا ہوگا وجہ سے اسے شہید کہتے ہیں کلمہ شہید حضور کے معنی ہے لہٰذا سورہ انعام آیت ۷۳ پر آیا ہے علم الغیب والشھد ۃ عالم دو قسم کی ہیں۔

غیب ہے یا حاضر ہے یہ دونوں تبادلہ ہوتے رہتے ہیں کبھی حاضر غیب میں جاتا ہے اور کبھی غیب حاضر میں آتا ہے جب انسان دنیا میں ہے تو قیامت غیب میں جب قیامت برپا ہوتا ہے تو قیامت شہود میں برپا ہوتا ہے دنیا انسان

کے یا بصر میں آتا ہے یا بصیرت میں آپ یعنی حاضر شخص بصر میں آتا ہے اور اس کے عقل روح علم بصیرت میں آتا ہے پھر اس پے احکام ظاہر تعلق ہوتا ہے اور جو بصیرت میں آتا ہے اس پے احکام عقائد لاگو ہوتا ہے قرآن میں یہ کلمہ جہاں جہاں استعمال ہوا ہے وہاں حضور کے معنوں میں استعمال ہوا ہے علم کے معنوں میں استعمال ہوا ہے مثلاً ماشھد نا کہک اھلہ ان کے ہلاکت کو ہم نے نہیں دیکھا ماعلمنا وہ اقرار جو جھوٹے مجالس میں حاضر نہیں ہوتے سورہ فرقان آیت ۷۲

یوم الشفاعہ

قرآن کریم میں قیامت سے متعلق ایک عقیدہ شفاعت کا ذکر ہے اکثر و بیشتر آیات قرآنی میں قیامت کے دن شفاعت ہونے کو یکسر مسترد کیا ہے شفاعت نہ ہونے کے بارے میں وارد آیات محکم ہیں جب کہ شفاعت ہونے کے بارے میں وارد آیات متشابہ ہے لوگوں کو دین وشریعت سے دور رکھنے جرم و جنایات کے ارتکاب کو رائج کرنے والوں نے شفاعت کو محکم طریقے سے قطعی طریقے سے پیش کیا ہے شفاعت کے قائل نہ ہونے والوں کی بات کو ایک قسم کا قول مردود قرار دیا ہے دین و دیانت پے قائم رہنے اور دین دیانت کے دائرے اور حدود سے دفاع کرنے والوں کو چاہئے اس کو بنیاد سے اٹھائیں صاحب عمدۃ الالفاظ جلد۲ ص ۳۲۰ پر لکھا ہے۔

صاحب تحقیق فی کلمات القرآن جلد۶ ص ۸۲ پر کتاب مصباح اللغت سے نقل کرتے ہیں شفاعت ایک چیز کو دوسرے میں ضم کرنے کو کہتے ہیں ایک کے مال کو دوسرے کے مال سے ملا کر تجارت کرنے کو کہتے ہیں صاحب مقائیس لغت سے نقل کیا ہے شفع کی ایک اصل ہے جو دو چیزوں میں مقارنت ملازمت مقاربت کا مفہوم دیتا ہے شفع یعنی جوڑ جفت کو کہتے ہیں اس کے مقابل میں وتر آتا ہے کائنات میں مصداق وتر صرف اللہ ہے باقی کائنات شفع ہے کائنات میں کوئی چیز وتر خالص نہیں نہ وہ تنہائی میں زندگی گزار سکتی ہے۔

شفاعت جوڑ انضمام از دواج اشتراک ناگزیر ہے اصل یہ ہے اس مادے میں الحاق شیءبشیءآخر الحاق قوت بقوت آخر کسی مطلوب کے خاطر۔ کلمہ شفاعت میں الحاق وحدت موضوع وحدت اشتراک دوئیت کثرت اس لفظ کے عقم میں شامل ہے آیئے دیکھتے ہیں جن آیات میں قرآن میں قیامت کے دن کوئی کسی کے کام نہیں آئے گا سورہ۔ ۶ آیت ۔۵۱ سورہ ۔۲ آیت ۔۴۸ سورہ ۔۷ آیت ۵۳ سورہ ۔۴۷ آیت ۔۴۸ سورہ ۔۴۰ آیت ۱۸ سورہ ۔۳۰ آیت ۔۱۳ سورہ ۔۳۴ آیت ۴۳ سورہ ۔ ۸۲ ۔آیت ۔۱۹

جن آیات میں شفاعت کو جزوی طور پر ذکر کیا ہے سورہ ۔۴۹ آیت ۔۴۴ اس میں کہا ہے کہ شفاعت صرف اللہ کے پاس اور اس کے علاوہ کوئی نہیں ہوگا سورہ ۳۲ آیت ۴

۲۔شفاعت وہ کریں گے جن کے حق میں اللہ راضی ہے سورہ۔۲۱ آیت۔۲۸ کوئی شفاعت از خود نہیں کرسکتا جب تک اللہ اجازت نہیں دیں گے اس معنی یعنی اذن اللہ سے لے کے کرے گا سورہ۔۳۴ آیت۔۲۳ شفاعت کسی کے ہاتھ میں نہیں جن کو انسانوں نے شفیع تصور کیا ہے نفی شفاعت سورہ۔۲ آیت۔۲۵۵ سورہ ۳۹ آیت۔۴۳ رہ گیا جن کو اللہ اجازت دیگا آیت میں یہ متشابہ ہے یعنی کس کو دیگا کس گناہ کے بارے میں کس جرم کے بارے میں کس شخص کے بارے میں یہ سب متشابہ ہے البتہ سورہ اسراء میں آیا ہے عسیٰ ان یبعثک ربک مقاما محموداً۔سورہ اسراء آیت۔۷۹ اللہ آپ کو مقام محمود پر فائز کریگا مقام محمود کیا ہوگا اور کس کے حق میں اور کس گناہ کے بارے میں کریں گے یہ متشابہ ہے آیات متشابہ سے تمسک کر کے مطالب حاصل کرنا حسب تعبیر قرآن منافقین کی شناخت ہے۔

۲۹ ربیع الاول ۱۴۳۸ھ ۱۰۔۴۳ وقت

اگر تم نے میرے احسانات کو فراموش کیا ہے میری نیکیوں کو نظر انداز کیا ہے اگر مخاطب اس میں غلط بیانی کر رہا ہے تو وہ فوراً کہہ دیتا کہ آپ نے کونسی نعمتیں دی ہیں تا کہ میں آپ کے مرہوں منت احسان مند ہو جاؤں اگر وہ یہ نہ کہے خاموش ہو جائے سر نیچے کرے تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ اس کے احسانات کا معترف ہے یہاں بھی اللہ فرماتے ہیں جس نے تم اور تمہاری اجداد کو خلق کیا ہے اس سے ڈرو تو لوگوں کے پاس کہ وہ کسی کی مخلوق نہیں منعم علیہ نہیں تو فورا کہہ دیا لہٰذا وہ اللہ کی مخلوق ہوتا ہے مخلوق ہونا ایک مسلمہ حقیقت نا قابل تردید حقیقت ہے نا قابل انکار حقیقت ہے لہٰذا جب بھی مشرکین سے پوچھا گیا تمہیں کس نے خلق کیا ہے تو وہ اللہ ہی کو بتایا یہاں اگر ان کا خالق اللہ نہ ہوتا تو وہ کہ سکتے تھے آپ نے تو خلق نہیں کیا ہے اس مسئول کا یہ لا جواب ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ انسان اللہ کی مخلوق ہے اس اعتراف کا وہ بہت سی جگہ اعتراف بھی کرتے ہیں دنیا میں انسانوں نے بہت سی ایجادات کئیں ہیں دوائیں بنائی ہیں مشینری بنائی ہے تو اس کے ساتھ ایک ھدایت نامہ جاری کرتے ہیں اس کو استعمال کرنے کا یہ طریقہ ہے جن چیزوں سے اس کو بچانا ہے اس کا ذکر ہوتا ہے جن چیزوں سے پرہیز کرنا ہے اس کا ذکر ہے جب انسان نے اعتراف کیا کہ وہ اللہ کی مخلوق ہے تو اللہ ان کو ھدایت نہیں دے گا؟ نہیں دے گا اس کا فعل عبث ہوگا یہاں اللہ نے ایّھا الناس سے خطاب کر کے لوگوں کو بتایا ہے کہ دو حالوں سے خالی نہیں یا میری خانقیت سے انکار کر و یا میری دی ہوئی ہدایت پر عمل کر و اس کے بارے میں سوال ہوگا دنیا میں جو کچھ فتنہ و فساد ہے وہ ستاروں سے نہیں حیوانات سے نہیں حشرات سے نہیں وہ انسان کرتا ہے حتی ظلم کا آغاز صلہ رحم سے ہوتا ہے اللہ فرماتا ہے کہ اللہ سے ڈرو میری ہدایات کے بارے میں تم سے اور تمہارے صلہ ارحام سے سوال

ہوگا ہر قانون کا نفاذ اس پر عمل نہ کرنے کی صورت میں سزا کی طاقت سے ہوتا ہے قانون اجراء کرنے والے مخالفین کو سزا دینے میں کتنی طاقت وقدرت رکھتا ہے یہی وجہ ہے ملک میں اللہ کے قانون کی مخالفت کی جو سزائیں قرآن میں آئی ہیں اس کے بیان نہ ہونے کی وجہ سے شریعت الٰہی نافذ نہیں ہو رہا ہے لیکن پولیس پیچھے ہونے کی وجہ سے وزیر اعلیٰ کی شریعت قوانین آسانی سے نافذ ہو رہے ہیں۔

یہ ملک مسلمانوں کا ملک ہے یہاں شراب جواز نا حرام ہے حکومت کی سرپرستی میں آسانی سے ارتکاب کرتا ہے اللہ کی شریعت معطل مغرب کی شریعت نافذ رہتی۔

یہ صورت حال اس ملک کو علماء کے سیاست میں آنے کی وجہ سے ہوا ہے جب سے انھوں نے بشارت و انذار چھوڑ کر اللہ پرستی چھوڑ کر سیاست پرستی کا وعظ کرنا شروع کیا ہے سورہ النساء آیت ۔۱۱۴ اس آیت کریمہ میں اللہ نے ناس سے خطاب میں فرماتا ہے تمہاری طرف اللہ کی طرف سے اس کی الوھیت کے بارے میں برھان آئی ہے اس کے بعد نور بھی نازل کیا ہے برھان کسی کو منوانے تسلیم کروانے خاضع کروانے خاموش کروانے کے وسائل کو برھان کہتے ہیں وہ عام طور پر معجزات ہیں انبیاء کی معجزات دیکھنے کے بعد بعض نے تسلیم کیا اور بعض نے مقابلہ کرنے سے عاجز وقاصر رہنے کی وجہ سے اس برھان کو سحر جادو کہا تب بھی وہ کامیاب نہیں ہوئے ان کی بات ثابت نہیں ہوئی جادوگر ہار گئے لیکن اللہ نے خاتم انبیاء کو ایک ہی چیز دی ہے وہی ان کا معجزہ ہے وہی ان کا نظام حیات ہے اس قرآن کے بعد پیغمبر سے معجزہ طلب کرنے والوں کو اللہ نے طعن وتنقید کا نشانہ بنایا ہے کہا ان کو یہ کافی نہیں ہے ہم نے معجزے کے بدلے میں کتاب پڑھنے والی آیت دی ہے اللہ قرآن میں پیغمبر کے دور میں معجزہ طلبان کو کہا ہے کہ قرآن کا معجزہ کافی ہونا چاہئے اسی پر اکتفاء ہونا چاہئے لیکن جعل سازوں نے معجزات پر موسوعات لکھی ہیں یہاں نور مبین سے مراد حقائق ومعارف قرآن ہے جن لوگوں نے ہماری آیات پر ایمان لایا کتاب پر ایمان لایا اور اس سے تمسک کی ہم ان کو اپنی رحمت میں فضل میں شامل کریں گے اور ہر آئے دن صراط مستقیم کی طرف رہنمائی کریں گے۔

نبوت ورسالت قرآنیہ:

نبوت ورسالت کے عنوان میں بہت سی عنوانات آتے ہیں آیا بشر یعنی بعثت انبیاء ورسل کے بغیر خود سعادت کی زندگی گزار سکتے ہیں جیسے براہمہ کہتے ہیں ایک سلسلہ انبیاء آنے کے بعد بشر انبیاء سے بے نیاز ہوسکتا ہے جیسا کہ متجددین صوفین کہتے ہیں۔

۳۔قرآن بذات خود ایک جامع ہدایت ہے۔اللہ انسانوں کی ہدایت کے لئے ملائکہ، جن، انسانوں میں سے

کس کو انتخاب کریں۔ اس سلسلے میں چند مفروضے ہیں۔

نبوت ورسالت قرآنیہ:

۱۔ آیا بشر دنیوی اور اخروی زندگی میں سعادت کے لئے ھدایت ورہنمائی الٰہی کا نیازمند ہے یا نہیں۔

کچھ محدود وقت بعد بشر ہدایت انبیاء سے مستغنی ہونگے خود استقلال پائیں گے جس طرح دنیا میں اولاد کچھ دیر کے بعد آباء سے استقلال پاتے ہیں طالب علم اساتید سے استقلال پاتا ہے آیا ھدایت الٰہی کچھ دیر کے لئے ہونگے۔

۳۔ جب تک روئے زمین پر بشر ہونگے ھدایت ورہنمائی انسان کے لئے ناگزیر ہونگے۔

۴۔ سلسلہ نبوت بعثت انبیاء اپنی ایک دور کے بعد ختم ہونگے لیکن اس کی رسالت جاری رہے گی۔

۵۔ قرآن کریم میں حضرت محمد ﷺ کو خاتم انبیاء تعارف کرایا ہے اور آپ کی کتاب قرآن کریم کو خاتم کتب آسمانی قرار دیا ہے جن آیات میں پیغمبر کی نبوت کو خاتم رسالت اور خاتم نبوت کہا ہے وہ یہ آیات ہیں سورہ احزاب آیت ۴۰۔ کلمہ خاتم کے معنی کہے چاہے خاتم زینت کے لئے یا ختم کنندہ ہو جو بھی ہو کسی چیز کو کسی چیز پر ختم کرنے کو بند کرنے کو خاتم کہتے ہیں چنانچہ یہ کلمہ قرآن کریم میں جہاں آیا ہے اس کے اختتام کے لئے آیا ہے سورہ مطففین آیت ۲۵۔۲۶ سورہ شوریٰ آیت ۲۴ سورہ غاشیہ آیت ۲۳ سورہ انعام آیت۔۴۶ ان تمام میں کلمہ خاتم ختم کرنے کے معنوں میں آیا ہے یعنی باب بعثت انبیاء حضرت محمد ﷺ پر ختم کیا ہے چنانچہ ابن فارس نے کہا ہے خاتم کی ایک اصل ہے وہ کسی چیز کے آخر کو پہنچنے کو کہتے ہیں امت اسلامی میں ختم نبوت سے اختلاف کرنے والوں میں فرقہ بھائی حسین نوری متوفی ۱۳۰۹ھ ان کے بعد غلام احمد قادیانی ہے جو پنجاب کے شہر قادیان میں ۱۸۹۲ میں میں پیدا ہوا اس نے دعویٰ کیا کہ وہ چودھویں صدی کے مجدد ہیں اس کے سند میں حدیث مجدد دین پیش کی کہ ہر سو سال کے بعد ایک مجدد آئیں گے وہ دین کو تجدید کریں گے میں وہ مجدد ہوں اس چودھویں صدی کے لئے مجھے انتخاب کیا ہے اس نے کبھی مھدی کہا کبھی مسیح کہا پھر دعویٰ کیا میں نبی ہوں جس طرح بنی اسرائیل کے نبی تھے میں بغیر صحف نبی ہوں ۱۹۰۸ کو مر گیا تو ان کی قوم میں اختلاف ہوا بعض نے بشیر الدین احمد کی پیروی کی بعض نے اس کے امیر محمد علی جو اس کا ساتھ دیتا تھا اس کی پیروی کی اس کے بعد انھوں نے لاہور میں اپنا نام احمدیہ رکھا انھوں نے ختم نبوت میں تشکیک اس طرح سے کی کہ خاتم بمعنی زینت ہے اس صورت میں نبوت کے خاتمے پر دلالت نہیں کرتے پیغمبر انبیاء کی زینت ہے اس سے یہ نہیں نکلتے کہ کوئی نبی نہیں آیں گے گویا پیغمبر دیگر انبیاء کی زینت ہے پیغمبر خاتم النبیین ہیں آپ کے بعد کوئی نبی نہیں آیں گے اس پر دوسری آیت سورہ فرقان آیت ۔۳ سورہ فصلت آیت ۔۱۴۔۴۲۔

۴۔آیت سورہ انعام آیت ۱۹۔

۵۔سورہ سباء آیت ۔۲۸

۶۔سورہ مائدہ آیت ۔۴۸

۱۔ایک مفروضہ یہ ہے اللہ ہر ایک انسان کو وحی کریں یا ہر ایک انسان اللہ سے خود رابطہ کریں یہ مفروضہ اس آیت کریمہ کے خلاف وما یبلغ عن اللہ بعد رسول السما الا الستر ۔

تفسیر یوم آخرت:

ایمان بیوم آخرت قرآن کریم کی ترتیب میں اصل دوم میں شمار کیا ہے جہاں آیات میں آیا ہے آمنوا باللہ وبالیوم الآخر ایمان یوم آخرت کے بغیر ایمان برسول کا تصور ضرورت مفہوم پذیر نہیں بنتا ہے مسلمان معاشروں کی بدتری وابتری برگشت اس دن پر ایمان لانے سے یکسرہ نظر انداز ہے ایمان بآخرت کی نہ دعوت ہوتی ہے نہ استدلال ہوتی ہے نہ بحث و گفتگو ایمان بآخرت سے متعلق صرف چند رسومات ہیں وہ بھی ایمان بآخرت سے متصادم اور متعارض ہے یوم آخرت سے پہلے کلمہ آخر کا معنی واضح کرنا ضروری ہے آخر کے بہت سے معنی اور مصادیق ہیں

۱۔اس کا ایک معنی دوسرا ہے ایک عدد پیش کرنے کے بعد دوسرا یعنی آخر

۲۔آخر مقابل اول ہے

۳۔آخر یعنی دیگر امّا یوم لغت اور قرآن میں یوم کے چند مصادیق بتائی ہے الف۔یوم کا معنی ۱۲ گھنٹے یعنی نہار کو کہتے ہیں

ب۔روز کو کہتے ہیں یعنی یوم کا معنی ۲۴ گھنٹے

ج۔یوم کا معنی ایک عرصہ جیسا کہ کہتے ہیں ایک دن تمھارے لئے ایک دن تمھارے خلاف یوم لک و یوم علیک دوسرا یوم یعنی دنیا کے بعد آنے والی دن ۔انبیاء کتب آسمانی انسان کو ختم حیات کے بعد والے دن کی اقرار کروانے اور تسلیم کروانے کے لئے آئے ہیں اور نازل ہوئیں ہیں اس دن کے بارے میں وارد آیات بھی ہمارے لئے ایک قسم کی آیات متشابھات رہتیں ہیں جس طرح قرآن کریم میں ہمیں حکم ہے جس طرح آیات محکمات پر ایمان لائے آیات متشابھات پر بھی ایمان لائے کیونکہ یہ آیات بھی اللہ کی طرف سے نازل ہے آخرت سے متعلق آیات اپنی کلمات میں متشابہ نہیں لیکن آخرت چونکہ دوسرا عالم ہے وہاں کی چیزوں کی شکل وصورت کیسی ہے ہمیں معلوم نہیں اس حوالے سے مشابہ ہے اسکی

ایک مثال شکم میں پرورش پانے والے جنین کی ہے جنین کی غذا شکم میں خون ہے اگر اس سے کہیں گے یہی خون تمہیں شکم سے نکلنے کے بعد بھی تمہاری غذا ہوگی تو وہ صرف اتنا سمجھیں گے کہ یہی خون وہاں ملے گا اس کے وہم میں بھی نہیں ہوگا کہ وہاں خون سفید ہوگا ذایقہ مختلف ہوگی جب یوم کہتے ہیں تو ہم یہاں یوم کو بارہ گھنٹے یا چوبیس گھنٹے سمجھتے ہیں لیکن آخرت کا جو دن ہے حسب تصریح قرآن ہماری ایک ہزار سال کے برابر ہے انبیاء اور کتب آسمانی میں انسان سے کہا ہے تمہارا ایک اور دن ہوگا جو اس دن سے مختلف ہونگے اس کی تیاری آمادگی وہاں کے نظام حیات ہماری ہدایات کے مطابق کرے وہاں کے بارے میں تم کچھ بھی نہیں جانتے ہو اس لئے دوسرے دن پر ایمان لانے کے لئے کہا ہے ایمان لانے کے بارے میں دوسرا دن کہا ہے آمنوا باللہ و بالیوم الآخر لہذا عنوان حسب قرآن یوم آخرت ہی ہونا چاہئے انسان کیلئے ایک اور دن ہے یہ دن ہمارے مشاہدہ حس سے بہر ہے حس سے بہر ہونیکی وجہ سے قانع ہونے کے لئے بہت سے دلائل چاہئے لہذا قرآن کریم کی پوراز ور رہا ہے اس دن کے تمام خصوصیات کو یہاں بتائے تا کہ ایمان مستحکم ہوجائے آیئے دیکھتے ہیں اس دن کو اللہ تبارک وتعالیٰنے اور کتنے ناموں سے یاد کیا ہے

۱۔ یوم قیامت کہا ہے (آیت) قرآن کریم کی ان آیات میں اس دن کو یوم قیامت کہا ہے اب دیکھنا یہ ہے کہ اس کو یوم قیامت کیوں کہا ہے اسکی تفسیر بھی اسی قرآن میں تلاش کرنی ہے قیامت کو قیامت کہنے کی ایک وجہ قیام روح ہے سورہ نباء آیت ۔ ۱۷ قیامت کو قیامت کہنے کی ایک وجہ لوگ خالص اللہ کے سامنے کھڑے ہونگے سورہ مطففین آیت ۔ ۶

۲۔ یوم موعود اس دن کا وعدہ دیا گیا ہے (آیات)

۳۔ یوم مشہود (آیات)

۴۔ یوم جزا (آیات)

۵۔ یوم حساب (آیات)

۶۔ یوم تذکر سورہ نازعات آیت ۔ ۳۵

۷۔ یوم جمع ہے سورہ تغابن آیت ۔ ۹ سورہ ھود آیت ۱۰۳ سورہ انعام آیت ۔ ۱۲

۸۔ یوم فصل ہے سورہ نباء آیت ۔ ۱۷ ۔ مرسلات آیت ۔ ۱۴ ۔ ۳۸

۹۔ یوم تبلیٰ سرائر ہے اسرار فاش ہونگے

۱۰۔ یوم نفع صادقین ہے سورہ مائدہ آیت ۔ ۱۱۹

۱۱۔ یوم بعث ہے سورہ روم آیت ۔ ۵۶

۱۲ایوم دین ہے سورہ حمد اور سورہ صافات آیت ۔۲۰۔ذاریات۔۱۲۔سورہ انفطار آیت، ۱۷۔۱۸

۱۳۔ یوم خروج ہے سورہ ق آیت ۴۲

۱۴ایوم عصیب ہے سورہ ھود آیت ۔۱۷

۱۵۔ یوم عسر ہے سورہ قمر آیت ۔۸ سورہ مدثر آیت ۹

۱۶۔ یوم عظیم ہے سورہ اعراف آیت ۔۵۹ سورہ مریم آیت ۔۳۷ سورہ حج آیت ۔۵۵ سورہ شعراء آیت ۔۱۳۵۔۱۵۵

۔۱۵۶ اسورہ زمر آیت ۔۱۳۔سورہ احقاف آیت ۔۲۱

۱۷۔ یوم علیم ہے سورہ زخرف آیت ۔۶۵

۱۸۔ یوم حسرت ہے سورہ مریم آیت ۳۹

قیامت کے دن کیا ہوگا اس دن کیا کیا ہونگے قیامت کے دن قائدین اپنے مقودین کے آگے ہونگے سورہ ھود آیت ۔ ۹۸ سورہ اسراء آیت ۔۶۹ قیمت کے دن بغیر اذن خدا کوئی بات نہیں کرسکیں گے سورہ ھود ۱۰۵ قیامت کو قیامت اس لئے کہتا ہے اس دن قیام حساب ہوگا قیامت کے دن کافرین کے لئے شرمندگی ہوگی سورہ نحل آیت ۔۲۷ قیامت کے دن ہر ایک کے ساتھ ایک گواہ ہوگا سورہ نحل آیت ۔۸۹ قیامت کے دن فیصلہ خود اللہ کریگا سورہ نحل آیت ۔۱۲۴ اقیامت کے دن نامہ اعمال نشر ہونگے سورہ اسراء آیت ۔۱۲۔۱۴ اقیامت کے دن گناہ گار اندھے محشور ہونگے سورہ طٰہٰ آیت ۔۱۲۴۔۱۲۶ سورہ اسراء آیت ۔۹۷ قیامت کے دن حاکم صرف خدا ہوگا سورہ حج آیت ۔۶۹ قیامت کے دن انسان کے ہاتھ پاؤں گواہ دیں گے سورہ نور آیت ۔۲۴ قیامت کے دن ملائکہ دیکھینگے تو خوشی نہیں ہونگے سورہ فرقان آیت ۔۲۰ قیامت کے دن انسان پریشانی سے اپنی انگلیاں کاٹیں گے سورہ فرقان آیت ۔۲۷ قیامت کے دن مال اولاد فائدہ نہیں ہوں گے سورہ شوریٰ آیت ۔۸۸ قیامت کے دن وہ قبیح ہوں گے سورہ قصص آیت ۔۴۲۔ قیامت کے دن متقین گروہ کی صورت میں جنت جائیں گے سورہ مریم آیت ۔۸۵ کافرین تنہائی میں جہنم میں جائیں گے سورہ مریم آیت ۹۵ قیامت کے دن ہر ایک ایکدوسرے سے غافل ہونگے ہر ایک دوسرے سے فرار کرینگے سورہ حج آیت ۔۲ قیامت کے دن اللہ فیصلہ کریں گے جنھوں نے اختلاف کیا ہے سورہ حج آیت ۔۶۹ قیامت کے دن مجرمین کو پناہ نہیں ملیں گے سورہ مؤمنون آیت ۔۶۵ قیامت کے دن واویلا ہم ہلاک ہوگئے ختم ہوگئے ہلاکت میں فریاد بلند ہوں گے سورہ فرقان آیت ۔۱۴ اقیامت کے دن مشرکین سے کہیں گے وہ کہاں ہے جس کو تم نے میرے شریک قرار دیا ہے سورہ قصص آیت ۔۷۴ قیامت کے دن ہر ایک دوسرے سیا نکار کریں گے منہ چھپائیں گے سورہ عنکبوت آیت ۔۲۵ قیامت کے دن عذاب انسان کو گیرلیں گے

سورہ عنکبوت آیت ۔۵۵ قیامت کے دن مجرمین مایوس ہوں گے سورہ روم آیت ۔۱۲ قیامت کے دن فیصلہ اللہ ہی کریگا سورہ سجدہ آیت ۔۲۵ قیامت کے دن کسی پر ظلم نہیں ہونگے سورہ فاطر آیت ۔۱۴ قیامت کے دن مجرمین غیر مجرمین میں الگ ہوں گے سورہ یٰسین آیت ۔۵۹ قیمت کے دن دلوں پر مہر لگائیں گے سورہ یٰسین آیت ۔۶۵ قیامت کے دن ایک دوسرے سے لڑ پڑیں گے سورہ زمر آیت ۔۳۱ قیمت کے دن سلطنت صرف اللہ کے لئے ہوں گے سورہ غافر آیت ۱۶ قیامت کے دن ہر ایک کو اپنی کمائی کا صلہ ملیں گے سورہ غافر آیت ۔۱۷۔

تفسیر قرآن ربوبیت والوہیت

ربوبیت والوہیت :

کتاب مقائس الغتہ ج اص ۴۵۸ پر آیا ہے رب ان دو کلمے کے چند اصول ہیں **اصلاح اشئی و القیام علیه رب مالک و خالق لزوم شئی و الاقامة علیه ۔**

کتاب التحقیق فی کلمات جلد۴ص ۱۷ الرب (الف لام) یا اضافے کے ساتھ اللہ کے لئے کہتے ہیں کسی چیز کے مالک کو کہتے ہیں رب الدین رب المال سیّد کو کہتے ہیں سربراہ آقا مالک کو کہتے ہیں **فیسقیٰ ربّه خمرا الرب۔** جب کہیں گے تو مخلوق کے لئے صحیح نہیں ہے مالک کے معنی میں کیونکہ (ال) عموم کے لئے ہے تو مخلوق تمام مخلوقات کا مالک نہیں ہوسکتا۔ صاحب مقائیس سے نقل ہے رب کی چند اصول ہیں۔

۱۔**رب اصلاح شیء و القیام علیه رب : مالک ، خالق، و الصاحب ۔**

۲۔**رب المصلح الشیء رب فلان ضیعتَه فلان باغ کا مالک ۔**

۳۔رُبّ عنب رب انگور کو کہتے ہیں۔

رب رب کل الشیء : مالکه و الربانیّ شدید الاتساب رب اصل میں تربیت کو کہتے ہیں ایک چیز کو ایک حال سے دوسرے حال میں منتقل کرنے کو کہتے ہیں اصل اس مادے میں **سوق شیء الی جهة کمال و رفع النقائص بالتخلیةو التحلیة۔**

وحدانیت اللہ:

کلمہ وحدانیت مادہ وحد سے بنایا ہے جس کے معنی انفراد ہے راغب اصفہانی نے کہا ہے ہی شئی الذی لا جزء لہ وحدہ یعنی اس کو واحد گردانا گیا یا اس کو ایک حساب کیا ہے۔

کلمہ واحد مشترک بین مخلوق و خالق یعنی دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے لیکن دونوں وحدت میں فرق ہے وحدت مخلوق قابل تحول ہوتا ہے یا وحدت دعائیہ ہے وحدت حقیقی نہیں ہے اما وحدت خالق جل شانہ وحدت اصلی ہے عارضی نہیں وحدت حقیقی ہے قابل تھول نہین قابل انتقال نہیں ہے۔

احد اکمل از واحد ہے اما وانیہ یہ صرف ذات باری تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے اما توحید یہ ایمان مکلّف ہے اللہ تعالیٰ متصف بوحدت ہے۔

وحدانیت اللہ اس کائنات جو صاحب فکر و عقیدہ ہے وہ انسان ہے انسان اس کائنات میں دو چیز دیکھ رہا ہے ایک خود انسان ہے خود کو دیکھ رہا ہے دوسرا تمام کائنات آسمان ستارے بحرات اشجار و درخت حیوانات دیکھ رہا ہے یہاں تین

مفروضہ بنتا ہے یہ مخلوقات انسان سمیت خود نے خود کو خلق کیا ہے یہ مفروضہ باطل ہے کیونکہ انسان قبل از وجود نہیں تا کہ وہ خود کو خلق کریں ہر چیز کی وجود میں آنے کے لئے ایک موجود چاہیے یہ مسلمات عقل کے خلاف ہے قرآن کریم میں اس مفروضے کو باطل گردانا ہے طور ۳۵۔۳۶

۲۔بعض نے بعض کو خلق کیا ہے یہ مفروضہ بھی پہلے جیسا باطل ہے کیونکہ جس نے دوسرے مخلوق کو خلق کیا ہے خود کو کس نے خلق کیا ہے خود نے خود کو خلق کیا باطل ہے چہ جائیکہ دوسرے کو خلق کریں۔

۳۔غیر مخلوقات نے مخلوق کو خلق کیا ہے یہاں سوال آتا ہے یہ غیر مخلوقات جس نے تخلیقات کو خلق کیا ہے وہ ہاتھ اللہ سبحانہ و تعالیٰ ہے یا وہ خود مخلوقات ہے تو وہ گیا کائنات کو اللہ نے خلق کیا ہے اللہ نے ہی کائنات کو خلق ہے اس پر اللہ پرستوں نے یہ دلائل قائم کی ہے۔

توحید ربوبیت والوھیت:

قرآن کریم میں خطابات دیکھنے سے پتہ چلے گا کہ یاایّھا الناس سے خطاب کی تعداد بہت کم ہے جبکہ الناس کی تعداد بہت ہے جس میں تمام انسان شامل ہیں یاایھا الناس تمام منکر اللہ انبیاء قیامت شریعت ادیان محرفہ والے یہود و نصاریٰ مجوس سب شامل ہے منافقین معاندین سب شامل ہے لہٰذا ایھا الناس سے خطاب زیادہ ہونا چاہیے۔اس کی یہ وجوہات ہوسکتی ہے:

ا۔وہ دلیل سننے کے لئے تیار ہی نہیں ہوتے۔وہ کسی طرح سے دعوت سننے پر آمادہ ہی نہیں ہوتے۔کہتے ہیں ہمارے کانوں میں کپاس ہے اور اگر کسی پر دلیل یا دعوت سننے کا کی خدشہ رہتا ہے تو اس پر شور وشرابہ کریں۔

واسقف فیہ ہے معاندین کا گروہ آتا ہے اس مشرکین یہود و نصاریٰ مجوس حتیٰ مسلمانوں کے فرقہ ضالہ جو اندر یہ یہود و نصاریٰ صلیبوں کا ہے باہر مسلمان ہونے کا مظاہرہ کرتا ہے یہ گروہ قابل مخاطب نہیں ے ان کے بارے میں سورہ بقرہ کی پانچویں چھٹی آیت آئی دوسرا گروہ فاضلین ان پڑھ ہے۔ناس تین حالات سے خالی نہیں ہے۔

ا۔یا ناس جاھل ہے انپڑ ہے سادہ ہے اس سے متوجہ متنبہ کرنے والے ملے اس کے عقل اس کو درک کرے تو وہ آمنا صدقنا کہیں گے۔

۲۔آسان سے ہر صدا کی طرف نہیں جاتے وہ مطالبہ دلیل کرتے ہیں۔

۳۔معانداور متکبر گروہ ہے ان کو ھدایت ہونی نہیں ہے لہٰذا وہ درجہ مخاطب سے گر جاتا ہے ان کو مزید دعوت دینے کی ضرورت ختم ہو جاتی ہے لہٰذا گفتگو صرف دوسری گروہ سے ہوں گے جو ربوبیت والوھیت کے لئے دلیل مانگتے

ہیں۔

سورہ بقرہ آیت۔۲۱۔۱۶۸سورہ النساء آیت۔۱ ۔۱۷۴ سورہ اعراف آیت۔۱۵۸ سورہ یونس آیت۔۲۳ ۔۱۰۴۔۱۰۸ سورہ حج آیت۔۱۔۵۔۴۹۔۲۷سورہ نمل۔آیت۔۱۶سورہ لقمان آیت۔۳۳سورہ فاطر آیت۔۱۵سورہ حجرات آیت۔۱۳سورہ انشقاق آیت۔۶ ان میں یاایّھا الناس کہکے خطاب کیا ہے ان آیات کو پڑھنے سے ان کی تفسیر دیکھنے سے غور کرنے سے پتہ چلے گا کہ انسان اس دنیا میں خودکو ایک بڑی طاقت قدرت کے اندر سمجھتے ہیں بے بس سمجھتے ہیں وہ دو ہیں

ا۔جو رزق اس کو ملتا ہے اس کی بقائے حیات کے لئے ضروری ہے اسے طلب کرتے ہیں کبھی یہ ارزاق انسان کے لئے آسان میسر نظر آتے ہیں کبھی دشوار مشکل زحمت سے میسر آتا ہے کبھی ناممکن ہو جاتے ہیں لہٰذا وہ اس سلسلے میں پریشان رہتے ہیں، کبھی انسان اپنے ارزاق کی برگشت دریاوں کو گردانتے ہیں اسکے سامنے خاضع ہوجاتے ہیں اللہ سبحانہ تعالیٰ انسان کو اس زاوئے سے خطاب فرماتا ہے یہ جو رزق تم کھاتے ہو ارزاق اس کو پانی کون دیتا ہے اس کو کون اگاتے ہیں غذا سے زیادہ اہمیت پانی کو ہے یہ جو پانی تم پیتے ہو کہاں سے آتے ہیں کبھی فرماتا ہے ان بنجر زمینوں کو آباد کون کرتا ہے بتاؤ بعض تقلیدی لوگوں نے یہاں شبہ ایجاد کیا ہے یہ جو پانی آسمان سے آتے ہیں غلط ہے آسمان سے نہیں نزدیک سے آتے ہیں درمیان سے آتا ہے دریاؤں سمندروں سے بخارات بن کے اُوپر جاتا ہے اور بادلوں میں رہتا ہے پھر بادل سے نیچے گرتا ہے تو ان سے سوال ہوگا یہ جو پانی سمندر اور بخارات اُوپر کون لے جاتا ہے؟ اُوپر محفوظ کون کرتا ہے اُوپر سے نیچے کون گراتا ہے؟ یہ جو آگ تم جلاتے ہو اپنے غذا کو پکانے کے لئے استعمال کرتے ہو یہ کس نے نکالا ہے ؟ کہاں سے لایا ہے؟ اگر ہم اس پانی کو بند کریں تو کوئی ہے جو تمہیں پانی لاکر دے گا؟ ارزاق چونکہ انسان کی بقائے حیات کے لئے پہلا اور آخری ستون ہے انسان کی حیات میں تین ستون ہیں:

ا۔غذا

۲۔پانی

۳۔ہوا

غذا انسان کے اندر چند دن کے لئے ذخیرہ ہوتی ہے پیٹ میں چربی کی صورت میں ہڈی میں یہ چیزیں ذخیرہ ہوتیں ہیں چند دن غذا نہ ملے تو ذخیرہ سے کھاتے ہیں ذخیرہ ختم ہونے کے بعد وہ مرجاتا ہے لھذا بھوک انسان کے لئے برداشت نہیں ہے بھوک لگنے کے بعد ظالم بادشاہ بھی محفوظ نہیں رہتا ہے بعض مرنے سے پہلے خودکشی کرتا ہے غذا کی

اہمیت اتنی ہے مصر میں ایک سال قحط ہوا انسان اپنے عزیز و اقارب کے مردہ گوشت کھانے لگے ایک عورت اپنے زیورات کے بستے کو بازار لے گئی چند کلو گندم خریدنے کے لئے چند کلو گندم دینے والے نہیں ملے تو اس نے زیورات کو راستہ پے پھینک دیا جب مجھے میری حیات کیلئے چند کلو گندم نہیں ملے تو مجھے اس کا کیا فائدہ غذا کی اتنی اہمیت ہے۔

پانی کی اہمیت ہارون الرشید اس وقت کی چالیس سے پچاس حکومتوں کے حاکم تھے پاکستان ہندوستان افغانستان ایران روم سب ان کے ماتحت تھے۔

ایک دن اس نے دربار میں خادم سے پینے کا پانی مانگا خادم نے اس کو پانی دیا پانی پینے سے پہلے عبداللہ بن مبارک نے ان سے ایک سوال کی اجازت چاہی کہ پانی پینے سے پہلے مجھے ایک سوال کی اجازت دیجئے عبداللہ نے کہا اگر پانی نہ ملے تو کتنے میں خریدو گے ہارون نے کہا نصف سلطنت دے کر عبداللہ نے کہا یہ آپ کو گوارا ہو ہارون نے پانی پیا پینے کے بعد عبداللہ نے پھر سے پوچھا یہ پانی آخر میں جسم سے بول کی صورت میں نکل جاتا ہے اگر نہ نکلے راستہ بند ہو جائے تو آپ کیا کریں گے نکالنے والے کو کیا دیں گے اس نے کہا دوسرا نصف دیں گے عبداللہ مبارک نے کہا کہ اتنی بڑی سلطنت ایک گلاس پانی پینے اور اس کو نکالنے کی قیمت ہو۔ پانی جسم میں غذا سے کم کم مدت باقی رہتے ہیں غذا سے جلدی ختم ہوتا ہے لہٰذا اللہ نے پانی کو فراواں رکھا پانی کے لئے کوئی قیمت نہیں ہے اگر آج پانی کے لئے کوئی قیمت ہے تو اس کی سپلائی وغیرہ کے لئے ہے خود پانی کی قیمت نہیں علم سائنس سے زراعت کو بہتر بنایا ہے زیادہ بنایا ہے لیکن پانی کو زیادہ نہیں بنا سکے پانی وہی ہے جو اللہ نے پیدا کیا ہے پانی سے زیادہ اہمیت سانس کی ہے ہوا ہے ہوا بھی فراواں رکھا ہے اس کے بغیر انسان جی نہیں سکتا لھذا چند سکنڈ ہوا ختم ہو تو انسان مرجاتا ہے تو یہ رزق کہاں سے آتا ہے تم کو رزق کس نے دیا لیکن شیاطین ابالیس اللہ سے روگردانی کرنے والوں نے ہر دور میں خود کو رب متعارف کیا فرعون نے کہا فقال اَنَا رَبُّکُمُ الاعلیٰ سورہ النّزٰعت آیت ۔۲۴ پھر بولا میں تمہارا سب سے اُونچا رب ہوں۔

حضرت موسیٰؑ فرعون کے پاس آئے اللہ کی دعوت لے کر میں تمہیں اللہ رب العالمین کی طرف دعوت دینے کے لئے آیا ہوں فرعون نے کہا کہ میں خود رب ہوں میں کسی اور رب کے سامنے کیوں جھکوں موسیٰ نے کہا میرا رب خالق موت وحیات ہے (آیت) فرعون نے کہا ہم بھی موت وحیات دیتا ہے (آیت) سزائے موت والے کو بری کر دیا بری کو سزا موت دی ۔۲۔ تاریخ میں اللہ سے جنگ لڑنے والوں میں دوسرا گروہ کمونیزم ہے (۱۸ ویں صدی میں (صحیح تاریخ ڈالنی ہے) وجود میں آئی اسکول کے بچوں کو کمرے میں بند رکھا بھوکا رکھا ان سے کہلوایا کہ اے اللہ ہمارے لئے کھانا بھیجیں اے موسیٰ ہمارے لئے کھانا بھیجیں اے عیسیٰ اے محمد ہمارے لئے کھانا بھیجیں تو کہیں سے کوئی جواب نہیں آیا

تو کچھ دیر کے بعد کہا اب تو ان سے تو کوئی جواب نہیں آیا تو اس کے بعد ان سے کہا لینین اور مارکس کو آواز دو جونہی ان کو آواز دی دروازے کھل گئے رزق آیا بتایا رزق کون دیتا ہے پتہ چلا کہ رزق کون دیتا ہے اللہ نہیں بلکہ مارکس دیتا ہے۔

۳۔منافق ملحد دین میں الحاد پھیلانے والوں نے علی کو رازق بتایا علی سے رزق مانگتے ہیں لہٰذا ان لوگوں نے یا علی مدد کے نعرے کو اٹھایا ہے عام لوگ علی سے علی ابن ابی طالب شوہر نامدار حضرت زہرا سمجھتے ہیں جب کہ منافق ملحد کا مراد یہ علی نہیں بلکہ آغا خان مراد ہے لہٰذا جہاں جہاں آغا خانی نفوذ ہے وہ آغا خان کو رازق سمجھتے ہیں لہذا اللہ نے ارزاق سامنے لانے کے بجائے ارزاق کے مصدر کی طرف متوجہ کیا۔مصدر ارزاق پانی ہے پانی نہیں ہے تو کوئی رزق نہیں بنتا ہے رزق حیوانات، درخت اور زراعت ہے یہ تینوں پانی سے قائم ہیں۔تو اسی وجہ سے اللہ نے بار بار پانی کی طرف اشارہ کر کہ فرمایا پانی کو کس نے نازل کیا ہے؟

۴۔رزق دنیا میں اللہ کو سچے ماننے والے اللہ کو جھوٹے ماننے والے نہ ماننے والے انکار کرنے والے اللہ سے جنگ لڑنے والے سب رزق کھاتے ہیں تو یہ منافقین علی اللہ والے کہتے ہیں۔اگر اللہ دیتا ہے تو ھندوؤں کو کون دیتا ہے کمیونسٹیوں کو کون دیتا ہے یہاں قرآن سے جاھل مولوی نما پھنس جاتا ہے اس کا کوئی جواب ان کو نہیں ملتا ہے۔لیکن جواب یہ ہے ان کو بھی اللہ دیتا ہے لیکن اللہ نے رزق کو ایمان سے مربوط نہیں رکھا ہے کیونکہ ان کو اللہ نے ان کی مرضی اور ان کے ارادے کی چاہت سے یہاں نہیں لایا۔اس کی مثال کچھ اس طرح سے ہے اگر آپ نے کسی کو اپنے گھر پر کھانے کی دعوت دی گھر میں آنے کے بعد گھر والے سے جھگڑا ہوا تو گھر والے کی ذمہ داری ہے اس کو کھانا دے اور اس کو واپس ان کے گھر پہنچادیں چونکہ اس کو بلا کے لایا ہے اس دوران میں ان کو کوئی تکلیف ہوجائے تو میزبان ذمہ دار ہوتا ہے یہ کافرین اللہ سے کہہ سکتے تھے ہم اپنی مرضی سے نہیں آئے تھے ہم ایمان کے وعدے پر نہیں آئے تھے تو نے لایا ہے لہٰذا خالق اللہ ہونے کی وجہ سے تمام مخلوقات کو رزق دینا اللہ کی رحمت کا تقاضا ہے اسے ربوبیت کہتے ہیں۔

۲۔اللہ نے فرمایا تم سے سوال ہے ریاضی سوال ہے ان دو میں سے ایک کا جواب دو تم کو اور تم سے پہلے لوگوں کو کس نے خلق کیا؟ چند حالات سے خالی نہیں کہ وہ یہ جواب دیدیں۔

۱۔میں نے اپنے آپ کو خلق کیا ہے۔

۲۔مجھے کسی اور مخلوق نے خلق کیا ہے ممکن ہے کہ کہہ دیں کہ والدین نے خلق کئے ہیں تو سوال ہوگا کہ والدین کو کس نے خلق کیا؟۔

۳۔ان سب سے مافوق ہستی نے خلق کیا ہے مشرکین سے سوال ہوا کہ تم اور یہ آسمان و زمین کو کس نے خلق کیا تو

انھوں نے جواب دیا کہ اللہ نے خلق کیا ہے۔

۴۔اللہ کو خالق تصور کرنے کے بعد انسان کے سامنے کوئی وجہ نہیں رہتا ہے کہ کسی اور کی پرستش کرے اللہ کی پرستش نہ کرے انسان کو خاضع ہونا چاہئے لہٰذا سورہ بقرہ کی آیت ۲۱ میں فرمایا کہ اپنے رب کے سامنے خاضع ہو جاؤ (آیت) گمراہ کنندگان نے جب دیکھا کہ اللہ کے سامنے خاضع ہونے کے علاوہ کوئی چارہ نہیں تو انھوں نے ایک اور چارہ پیدا کیا کہا اللہ نے انسانوں کو خلق کرنے کے بعد ان کو ارزاق دینے کا اختیار ان ہستیوں کو دیا ہے یا شرط رکھا ہے اللہ انہیں کو دیں گے جو ان سے متوصل ہو جائے گا متوصل نہ ہونے والے زیادہ کھا پی رہے ہیں اس کا کیا جواب ہوگا۔

سورہ یونس آیت ۔۲۳ میں آیا ہے اے لوگو تمہاری طغیان سرکشی اس کی نتائج کی برگشت تمہاری ذات کو لاحق ہے یہ طغیان یہ سرکشی صرف حیات دنیا تک کے لئے ہے پھر تم ہماری طرف برگشت کرو گے پھر ہم تمہیں خبر کر دیں گے کہ تم کیا کرتے تھے۔

یہ آیت کریمہ سے پہلے والی آیت ۲۲ میں ہے جب انسان کشتی میں سوار ہوتا ہے تو اس وقت انھیں خوش گوار ہوا آتی ہے جس پہ وہ خوش ہوتا ہے اس خوشی کے دوران ایک تند و تیز ہوا آتی ہے اور فورا دریا کی موجیں ہر طرف سے اٹھتی ہیں اور ڈرتے ہیں ہلاکت نے انہیں گھیر لیا ہے اس وقت اخلاص کے ساتھ اللہ کو پکارتے ہیں اگر ہمیں اس عذاب سے اس ہلاکت سے نجات دیں گے تو ہم ہمیشہ اس ذات کے لئے شاکر رہیں گے اللہ ان کو نجات دیتا ہے تو پھر دوبارہ بغاوت شروع کر دیتا ہے اس آیت میں ایّھا الناس ایھا انسان کو اللہ کی نعمتوں کو فراموش نہ کرنے کی دعوت دی گئی ہے۔اس کی نعمتوں کو یاد رکھے ہماری نعمتوں کو فراموش کرنے کے بعد تمہیں پھر دوبارہ پلٹ کے ہماری طرف آنا ہے گویا یہ آیت خطاب وعتاب ہے ان طاغی سرکشوں سے کہ تم ہمارے قبضہ قدرت سے باہر نہیں جاسکتے جائے فرار نہیں طاغی باغی کافر ملحد ہماری قدرت کے دائرے سے باہر نہیں۔

اس کے بعد آیت ۲۴ میں فرماتا سمجھ لو کہ اس حیات دنیا کی مثال اس پانی کے مانند ہے جو ہم نے آسمان سے نازل کیا ہے یہ پانی زمین کی نبات سے مل گیا ہے سبزیاں جو لوگ کھاتے ہیں یہ پانی جو زمین پر گرتا ہے اس سے نباتات کا جز بنتا ہے اور وہ نباتات انسان اور حیوان کھاتے ہیں اس پانی سے زمین کو زینت ملتی ہے سرسبز و شاداب ہوتی ہے تو لوگ گمان کرتے ہیں اب یہ ہمارے لئے ہمیشہ رہے گی کتنا خوشگوار ماحول ہے فضاء ہے سمجھتے ہیں کہ یہ چند دن کے لئے ہے اس وقت اچانک ہمارا قہر وعذاب آتا ہے کبھی رات کو کبھی دن کو۔ ہم اس طریقے سے تم کو مثالیں دکھاتے رہتے ہیں یعنی کتنی فصل ربیع آئے سورہ یونس آیت ۔۵۷ میں آیا ہے اے لوگو تمہیں اللہ کی طرف سے تذکر آیا تھا یاد دلایا تھا اللہ نے

تمہیں وعظ کیا تھا تمہارے دل میں جو چیزیں تھیں اس کے لئے دوا آئی تھی ہدایت ورحمت آئی تھی۔

گویا اس آیت میں اللہ نعمتوں کا ذکر کرتا ہے یہاں سے انسان کو سمجھنا چاہئے اللہ کی نعمتیں چاہے مادی ہوں یا معنوی چاہے فطری ہوں یا فعلی ہوں، نعمت خلق نعمت شکل وصورت نعمت فکر وزہانت نعمت ہدایت ورہنمائی ہو اللہ کی نعمتیں تمام انسانوں کے لئے ہیں مخصوص ایک جماعت ایک گروہ کے لئے نہیں ہے چنانچہ ہم دنیا میں دیکھتے ہیں کتنے حسین و جمیل حسینہ عالم کافر وملحد ہیں۔ان کو یہ نعمت کس نے دی ہے دنیا میں نامور نمبر لینے والے صاحب ثروت ودولت خدا سے جنگ لڑتے ہیں قارون کو یہ نعمت کس نے دی راگ فیلر کو کس نے دی ہیڈ ولنا ٹریپ کو کس نے دی ہے ذھین وفریس مکار وحیّا لدھوکہ باز ڈاکے والے دھشت گرد والے دین خدا کے خلاف اسمبلیوں میں بل پاس کرنے والے کو عقل و ذہانت کس نے دی ہے یہاں اللہ نے اپنی بے مثال نعمتیں ان کو دی ہے ان سے ضمنی سوال ہیں یہ نعمتیں جو تمہارے پاس ہیں اپنی خلق کردہ نہیں ہیں اپنی پیدا کردہ نہیں ہیں ہم نے دی ہیں۔

سورہ یونس آیت۔۱۰۴ میں فرماتا ہے اے لوگو اگر تمہیں میرے دین میں شک ہے تو میں تمہارے معبودوں کی پرستش نہیں کروں گا میں اس رب کی پرستش کروں گا جو تمہیں موت دے گا تم کو اپنے قبضے میں لے گا انسان کو اس ذات کی عبادت کرنا چاہئے جو اس کی موت وحیات اس کے قبضے میں ہو وجود دینا وجود اٹھانا۔کیوں اس ذات کی پرستش کریں جو تمہیں موت سے بچا نہ سکے موت کائنات میں ایک حقیقت نا قابل انکار ہے کافر وملحد ومؤمن ومنافق خواستہ نخواستہ اس کے سامنے سر تسلیم ہے۔تو کیوں کر اس کی طرف جاتے وقت طغیان وسرکشی کر کے جائے لہٰذا قرآن میں بارھا اللہ نے لوگوں کو دعوت یاد موت سے کیا ہے یاد موت انسان کے لئے جہاں ناگزیر چیز ہے ساکن کنندہ چیز ہے نا قابل فرار حقیقت ہے دلیل بر وجود خدا ہے وہاں مؤمنین کے لئے نسیان غفلت کوتاہیوں سے نکلنے کا تذکرہ ہے مصیبتوں میں پھنسے ہوئے انسانوں کے لئے واحد علاج ہے ملک کی درس گاہوں میں منابر پر یاد موت نہ ہونے کی وجہ سے بے ایمانی بے دینوں کی حوصلہ افزائی ہو رہی مؤمنین کو ہدایت ہے کفی بالموت موعظۃ اگر وعظ کنندہ نہیں ہے تو تم خود یاد موت کرو۔

یاایّھا النّاس کا ایک خطاب انسانوں کے لئے یاد موت دلانا ہے جس سے کوئی انسان فرار نہیں کر سکتا ہے یہ آیت اس بات کی دلیل ہے، تم یہاں رہنا چاہتے ہو جانے سے کراہت رکھتے ہو کتنا ہی ڈکٹیٹر امر متکبر کیوں نہ ہو نہیں کہہ سکتے ہیں میں نہیں جاوں گا۔

دین حق پے رہنے والوں کو حق کی طرف دعوت دینے والوں کو اپنے دین پر یقین اور اطمنان کا کیسے مظاہرہ کرنا چاہئے دنیا اوپر بالا ہو جائے خطرے گیرے تب بھی اپنے دین پر ذرہ برابر شک نہیں ہونا چاہئے قائم رہنا چاہئے یہ آیت

ان سیاسی سماجی اور خاص کر اس وقت دنیا میں مذاہب کی ہم آہنگی کی تحریک چلانے والے نام نہاد مسلمانوں سے خطاب ہے اپنے دین پر یقین رکھنے والوں کی علامت نشانی ہے ان کے لئے شائستہ نہیں ضال گمراہ ملحد کافر مشرک منافقوں سے اتحاد کرے۔

قرآن کریم میں اس مضمون میں ایک آیت سورہ کافرون ہے سورہ یونس آیت ۔۱۰۵ میں آیا ہے آپ اپنے دین پر قائم رہیں آپ شرک کی طرف مائل نہ ہو اللہ کے علاوہ کوئی بھی نہ نفع پہنچا سکتے ہیں نہ کوئی ضرر پہنچا سکتے ہیں اگر آپ نے مشرکین منافقین کے دین کو قبول کیا تو ان کا دین آپ کو فائدہ نہیں دے گا اگر مسترد کیا تو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گا اس حقیقت کے باوجود اگر آپ ان کی طرف جھکاؤ کریں گے تو ظلم ہوگا اس کے برعکس اگر اللہ نے آپ کو مصیبت میں مبتلا کیا تو یہ لوگ آپ کو نجات نہیں دلا سکیں گے اگر اللہ نے آپ کو کوئی خیر عنایت کی تو یہ لوگ اس خیر کو روک نہیں سکتے۔

سورہ یونس آیت ۔۱۰۷ سورہ یونس آیت ۔۱۰۸ میں فرماتا ہے جن لوگوں تک اللہ کی دعوت حق پہنچی ہے جو کوئی اس حق کے سامنے تسلیم ہوا ہدایت پائی اس نے آپنے نفس کو بچایا جس کسی نے منہ موڑا اس نے اپنی گمراہی کو ترجیح دی وہ گمراہ ہوں گے اگر کوئی کہدے کہ مؤمنین کے لیڈر شکست کھائے کوئی کہے کہ محمد کچھ نہیں کر سکے تو آپ ان سے کہو ہم اللہ کی طرف سے وکیل بن کے نہیں آئے ہیں تاکہ کہے کہ مقدمے میں محمد ہار گئے یہ آیت بھی ایک برھان قاطع دلیل ناطق ہے۔

اپنی مصلحت تراشی وقت وحالات کے تحت کفر والحاد کے ساتھ سیکولروں کے ساتھ قوم کی خاطر سمجھوتہ کرتے ہیں یقین کریں انھوں نے نہ قوم کو فائدے پہنچائے ہیں نہ دین کے لئے انھوں نے اپنے لئے غلاظت خریدی ہے وہ افراد جو پیغمبر کی جگہ پر پیغمبر کی نمائندگی میں قوم کا ھادی بننا چاہے اس کو پہلے دین پر یقین محکم ہونا چاہئے دین کو اُپر سے نیچے عمق بعد دائیں بائیں سب پر عبور ہونا چاہئے لیکن جن درس گاہوں میں پڑھے ہیں وہاں دین کے نام سے بے دینی سکھاتے ہیں وہاں اس علم کو سکھاتے ہیں جو بی بے دینوں نے دین سے انحرافی کے لئے بنائی ہے اس علم کے بانیان سب مشکوک ہیں اگر کسی کو اعتراض ہے تو پوری نحوبین کی فہرست وتاریخ لائیں گے۔

سورہ النساء آیت ۔۱ اس آیت کریمہ میں ناس سے خطاب کیا ہے سب سے پہلے ان کو دعوت دی ہے اپنے رب سے ڈرو جہاں خطاب تحدید ڈراؤ پر مشتمل ہو یہ علامت ہے مخاطب کی پنجہ قدرت سے اور اس کی دائرہ سلطنت سے فرار ممکن نہیں جہاں جہاں انسان یہ محسوس کرتے ہیں کہ میں کسی کی گرفت کے اندر ہوں کسی کی قدرت کے اندر ہوں تو اس کو اس کی مخالفت کی ہمت نہیں ہوتی دنیا میں رائج حکومتوں کے رعایا اسی طریقے سے ہے دنیا میں رعایا اپنی حکومتوں کی

مخالفت دوگروہ کرتے ہیں ایک گروہ وہ کرتے ہیں جو اس حکومت پے حاوی مسلط حکومت کے اشارے پر اس کی پشت بانی پر حکومت مخالفت کرتے ہیں ملک میں جاری سیاسی احزاب وحکومتوں کو دھمکی دیتے ہیں وہ ملک سے باہر حکومتوں کی ایما اشارے یا ان کی ضمانت پر کرتے ہیں ورنہ بہت سے دھواں دار تقریر کرنے والے کمانڈ وصفت والے بھی انتہائی ڈرپوک رہتے ہیں وہ جیلوں میں جانا تو چھوڑیں اپنے گھر کی نظر بندی بھی برداشت نہیں ہے۔

وہ آخر میں یہاں سے رہائی چاہتے ہیں۔۲۔وہ گروہ ہے جو زیادہ تر مؤمنین کا ہوتے ہیں اللہ پرست ہوتے ہیں ان کی سوچ یہ ہوتی ہے جب دین نہیں ہمارے سامنے دین کا استحصال ہو رہا ہے تو ان کا سوچ یہ ہوتا ہے کہ جینے سے بہتر ہے یہاں سے چلے جائیں عالم آخرت میں لقاء اللہ کی طرف جائیں اس آیت میں ان متمردین سرکشان ربوبیت سے خطاب ہے تم ہماری مخلوق ہو تم کو ہم نے خلق کیا ہے پتہ ہے تمہاری برگشت ایک ہی نفس سے ہے اس سے تمہاری زوجہ خلق کیا انھی دونوں سے رجال ونساء پیدا کیا اللہ سے ڈرو اللہ تمہارے اوپر رقیب ہے اس کے رقیب سے جائے فرار نہیں۔اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اس آیت میں لوگوں سے کہا ہے ڈرو اس رب سے جس نے تمھیں نفس واحد سے خلق کیا ہے اور اس سے اسکی زوجہ بھی خلق کیا ہے رجال ونساء میں سے خلق ہوا تم ان میں سے ایک ہو اگر کوئی انسان کسی سے عتاب کرے کسی کو ڈرائے۔

ایمانیات کا آغاز ایمان بالغیب سے ہوتا ہے دنیا کا ہر انسان بیک وقت دو چیزوں کو ساتھ مانتے ہیں ایک مشاہدات محسوسات جب کوئی چیز دیکھتا ہے یا سنتا ہے تو سوال نہیں کرتا ہے وہ کہاں ہے جانتا ہے سامنے ہے دوسرا کوئی اثر نشانی دیکھ کر کہتا ہے یہاں سے فلان چیز گزری ہے مشرکین قریش جو دین محمد پر ایمان نہیں رکھتے اثر قدم محمد کے نشانی کے پیچھے جا کر محمد کے قریب پہنچے تھے۔

عالم مناظر وشہود واضح وروشن غیر متردد دلیل قاطع ہے۔اس کے پس منظر میں ایک اور عالم عالم غیب کے نام سے معروف ہے جسے کوئی انسان انکار نہیں کرسکتا ہے سب سے روشن واضح روزمرہ مشاہدے میں آنے والی چیز سورج ہے یہ طلوع ہوتا ہے پھر غیب ہوتا ہے روزانہ ہر انسان غیب ہوتا ہے لہٰذا قرآن کریم میں عالم کو دو حصوں میں تقسیم کیا ہے۔

۱۔عالم غیب۔

۲۔عالم شہود

آیئے دیکھتے ہیں غیب کس چیز کا نام ہے کتاب مفردات راغب میں کہتے ہیں غابت الشّمس سورج نظروں سے نکل گیا چھپ گیا جو چیز نظر میں نہیں آتا ہے حواس میں نہیں آتا ہے اس کو غیب کہتا ہے سلیمان کو جب ھد ھد نظر نہیں آیا تو

کہا کیا وہ غیب ہے سورہ نمل آیت ۔۲۰ یہاں سے علماء لغت نے جو چیز حس میں نہیں آتا ہے اسے غیب کہا ہے جو چیز انسان کے علم سے باہر ہے اس کو غائب کہا ہے سورہ نمل آیت ۔۷۵ موجودات کو غیب و غائب کہتے ہیں انسانوں کے حوالے سے یعنی انسانوں کی نظر میں وہ غائب ہے غیب ہمیشہ انسان کے لئے ہوتا ہے اللہ کے لئے کوئی چیز غائب نہیں جو چیز انسانوں کے لئے غیب ہے وہ اللہ کے سامنے حاضر ہے سورہ انعام آیت ۷۳۔

لیکن خود اللہ کے لئے کوئی چیز بھی غائب نہیں جس طرح کسی انسان کے لئے اپنی پانچ انگلیاں کبھی غائب نہیں ہیں یہاں سے کہا ہے ہر وہ چیز جو انسان کے حواس کے سے باہر ہے اس کو غیب کہا ہے ۔موجودات غیبی کو یا وجود غیب کو کوئی انسان انکار نہیں کر سکتے ہر انسان کو اپنی جگہ کسی نہ کسی غیب کا اعتراف کرنا پڑتا ہے اعتقاد بو جود غیب انسان عاقل کے لئے ناگزیر ہے مثلاً ایک انسان پورے حواس خمسہ سے دیکھتے ہیں جو انسان سماعت سے محروم ہے وہ سماعت کی چیزیں اس کے لئے غیب ہے جو انسان بصارت سے محروم ہے رویتی چیزیں اس کے لئے غائب ہیں اس کے لئے اخبار پر اعتماد کرنا پڑتا ہے بعض چیزیں حواس خمسہ میں بھی نہیں آتا ہے وہ ایک اور عمل حس کے ذریعے سے پتہ چلتا ہے۔

مثلاً دو چیزیں ایک جیسی نظر آتے ہیں دیکھ کے پتہ نہیں چلتا ہے کس کا وزن زیادہ ہے ایک کو ہاتھ لگانے سے بھی پتہ نہیں چلتا ہے دونوں کو ہاتھ میں اٹھانا پڑتا ہے تب پتہ چلتا ہے کس کا وزن زیادہ ہے' یہاں سے یہ کہنا غلط نہیں حواس پانچ سے زیادہ ہے ایک کپڑا رنگ کے حوالے سے شکل کے حوالے سے ایک جیسا نظر آتا ہے لیکن نرمی کے حوالے سے ہاتھ لگانا پڑتا ہے دین کے ضد میں اللہ سے انکار اور اللہ کے ضد میں غیب سے انکار منکرین کو بھی ایک غیب پر ایمان لانا پڑتا ہے اس کے لئے ناگزیر ہے چنانچہ ان سے جب پوچھتا ہے یہ جو کائنات اس صورت میں نظر آتا ہے اس کا پہلا مادّہ کیا تھا تو وہ کہتا ہے پہلا مادّہ تھا حالانکہ کسی بھی انسان کے حس میں نہیں آیا ہے وہ کہاں سے کہتا ہے کہ سب سے پہلا مادہ گیس ہے لہٰذا ایمان بغیب میں ادیان اور منکر ادیان دونوں شریک ہیں دونوں کا ایمان ہے ایک موجود غیبی اس عالم سے پہلے موجود تھی فرق یہ ہے وہ کہتا ہے وہ بھی مادہ ہے اہل ادیان کہتے ہیں اس کے علاوہ بھی کوئی وجود غیر وہ غیر مادہ موجود ہے لہٰذا انسان اپنے وجود کو دیگر موجودات کے وجود کو بلکہ کل کائنات کے وجود کو تحلیل کرنے اور عقلیت کے دائرے میں لانے کے لئے ضروری اور ناگزیر ہے ایک موجود غیر مادّی جس نے اس کائنات کو پیدا کیا ہے پے ایمان لائیں گر اس پر ایمان نہیں لائیں گے تو اس کے لئے بڑا خطرہ کا سامنا ہے لہٰذا قرآن کریم کی دوسری سورہ سورہ بقرہ کی پہلی آیت میں آیا ہے یہ قرآن انسان کو ھدایت کرتا ہے رہنمائی کرتا ہے ایمان بغیب بھی اپنی جگہ ایک ایمان بغیب صحیح ہے ایک ایمان بغیب گمراہ کن ہے ایمان جامد ہے جواب رکتا نہیں ہے پھر بھی اس سے سوال ہوتا ہے یہ انرجی اس کو کس نے

پیدا کیا اس میں دھما کہ کس نے کیا لیکن ایمان ہدایت کن جب کہتا ہے ایک موجود ہے جو غیر مادی ہے وہ اپنے وجود میں صفات میں غنی بذات ہے کسی اور کی نیاز مند نہیں ہے۔

غیب ہر وہ چیز جو انسان کے مدرکات حسی سے باہر ہو اس کو غیب کہتے ہیں غیب چیزیں ہر وہ چیز جو غیب ہیں وہ متنازع ہے سارے جھگڑے یہاں ہوتے ہیں اختلافات یہاں ہوتے ہیں تمام جھگڑے فساد غیب کے بارے میں ہوتے ہیں کوئی کہتا ہے نظروں سے غائب ہے لیکن وہ یہاں نہیں مثلاً کسی عزیز کا ملک شہر سے باہر ہے ان کے عزیز پوچھتا ہے تمہارے عزیز یہاں ہیں یا نہیں تو کہتے ہیں یہاں ہیں دوسرا شخص کہتا ہے جھوٹ بولتا ہے نہیں ہے۔

جو چیز دائرہ حس میں آتا ہے شہود واقع ہوتا ہے وہاں متنازع نہیں ہے وہاں اختلاف نہیں ہے سورج نکلنے کے بارے میں محلّہ والوں میں کوئی اختلاف نہیں ہے اس چیز میں بالغ نابالغ نہیں ہے مذکر مؤنث نہیں عالم و جاہل نہیں یہاں کہاں نہیں یہاں پوچھتا ہے کہاں طلوع ہوا ہے تو جو چیز سامنے ہے تو وہاں کہاں نہیں لہٰذا دلیل کی بھی ضرورت نہیں تو دلیل ہمیشہ غیب کے لئے چاہیئے۔ غیب تک رسائی بہت کم ہوتا ہے لہٰذا قوی دلیل چاہیئے غیب جتنا اہمیت کے حامل ہوا تنا دلیل زیادہ قوی چاہیئے اہمیت کے حامل کم ہو تو اس کے لئے مختصر دلیل کافی ہے لہٰذا یہاں دلیل نقلی کافی ہے یہاں سے وجود اللہ قیل و قال سے ثابت نہیں ہوتا ہے اجماع سے ثابت نہیں ہوتا ہے وجود اللہ ہر وجود اس کا اثر ہے چیزیں ثابت دو طریقے سے ہوتے ہیں۔ ا۔ ایک خود وجود کوئی چیز دیکھنے سے ثابت ہوتا ہے۔

۲۔ اثر نشانی سے ثابت ہوتا چہرہ سرخ ہونے سے خوشی کا اندازہ ہوتا ہے چہرہ دیمی سے پریشانی کا اندازہ ہوتا ہے اثر سے ہوتا ہے لہٰذا یہاں سے غیب کی دو قسمیں ہیں۔

ا۔ غیب قابل دید ہے جیسے مسافر جب واپس آتا ہے غیب نا قابل دید کو قرآن میں غیب الغیوب کہا ہے غیبوں کی غیب ہے چونکہ اللہ غیب الغیوب ہے لہٰذا وجود باری محتاج دلیل ہے کسی کو اللہ کی طرف بلانے اور اللہ کا اعتراف کرنے کے لئے دلائل چاہیئے یہ دلائل کہاں سے لائیں گے دلائل حسی ہوگی تو لوگ مانیں گے دلائل غیب ہوں گے تو نہیں مانیں گے اصل وجود بھی غیب ہو دلیل بھی غیب ہو لہٰذا اللہ دلیل نقلی سے ثابت نہیں ہوتا شخص کتنی ہی برگزیدہ کیوں نہ ہو عظیم ہستی ہی کیوں نہ ہو کیونکہ انسان کتنا ہی بڑا ہو مفادات سے عاری خالی نہیں ہوسکتا پاک نہیں ہوسکتا احتمال باقی رہتا ہے دھوکہ باز ہو جھوٹا ہو عقل خراب ہو اس پے سحر ہوا ہو سارے احتمالات ہوتا ہے لہٰذا انبیا خود محتاج دلیل تھے کہ میں نبی ہوں دوسروں کو سمجھانے کے لئے بھی دلیل چاہیئے خود مطمئن ہونا کافی نہیں ممکن ہو خود مطمئن ہو جائے لیکن دوسروں کو کیسے مطمئن کرے یہاں سے وہ محتاج دلیل ہے پریشانی ہے کہ میں لوگوں کو کیسے سمجھاؤں۔

جب موسیٰ کو ندا آئی یا موسیٰ انا اللہ (آیت) موسیٰ نہیں مانے کہا کہ یہ آواز کہاں سے آئی ہے دھوکہ تو نہیں ہو رہا ہے تو اللہ نے ان سے کہا کہ اپنے عصاء کو پھینک دو عصاء پھینک دیا (آیت) ڈر گئے اللہ نے دوبارہ بلایا فرمایا کہ عصاء کو پکڑو پہلا جیسا ہوگا۔

ایمان بالغیب کے درجات مراتب ہیں ان میں سے بعض پہلے یا بعد میں منکشف ہوں گے وہ حاضر میں تھے اب غائب ہوا ہے جیسے گزشتہ اقوام اپنے دور میں حاضر تھے اب ہمارے لئے غائب ہیں بعض ہمارے لئے ابھی غائب ہیں وہ جلد یا دیر میں حاضر ہوں گے بعض اسی عالم مادے میں ہے ہم اور اس کے درمیان حجاب پردہ ہے وسائل وذرائع نہ ہونے کی وجہ سے پتہ نہیں ہوتے یہاں سے اللہ کے علم غیب اور بندوں کے علم کا تمیز ہوتا ہے اللہ بغیر وسائل جانتا ہے بندے وسائل کے بعد جانتے ہیں یہیں مناسب ہے کہ ہمیں یہ فرق رکھنا چاہئے غیب اور ایمان بالغیب غیب تو لامحدود ہے ہمیں ہر غیب پر ایمان نہیں لانی ہے جن غیبوں پر ایمان لانے کا حکم قرآن میں آیا ہے صرف انہی پر ایمان لانا ہے جن غیبوں پر ایمان لانے کا حکم ہے ان کو پیش کرتے ہیں۔ ۱۔ ایمان بالغیب غیب پر ایمان لاؤ لیکن کس چیز پر ایمان لانا ہے بیان نہیں ہے سورہ بقرہ آیت۔۳

۲۔ آپ سے پہلے جو نازل ہوا ہے اس پر ایمان لانا سورہ بقرہ آیت۔۴ سورہ نساء ۱۶۲

۳۔ اللہ پر ایمان لاتے ہیں اور آخرت پر ایمان لاتے ہیں سورہ آل عمران آیت۔۱۱۴

۴۔ اللہ پر ایمان لاتے ہیں اور نبی پر ایمان لاتے ہیں سورہ مائدہ آیت۔۸۱

۵۔ آخرت پر ایمان لاتے ہیں سورہ انعام آیت۔۹۲۔۱۱۳

۶۔ اللہ پر ایمان لاتے ہیں ملائکہ پر ایمان لاتے ہیں اللہ کی طرف سے نازل کردہ کتابوں پر اور رسولوں پر ایمان لاتے ہیں سورہ بقرہ آیت۔۲۸۵

ان چیزوں پر ایمان نہ لانے والے ہیں گمراہ ہیں سورہ نساء آیت۔۱۳۶

وحدانیت اللہ:

کلمہ وحدانیت مادہ وحد سے بنایا ہے جس کے معنی انفراد ہے راغب اصفہانی نے کہا ہے ہی شئی الذی لا جزء لہ وحدہ یعنی اس کو واحد گردانا گیا یا اس کو ایک حساب کیا ہے۔

کلمہ واحد مشترک بین مخلوق وخالق یعنی دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے لیکن دونوں وحدت میں فرق ہے وحدت مخلوق

قابل تحول ہوتا ہے یا وحدا دعائیہ ہے وحدت حقیقی نہیں ہے اما وحدت خالق جل شانہ وحدت اصلی ہے عارضی نہیں وحدت حقیقی قابل تحول نہیں قابل انتقال نہیں ہے۔

احد اکمل از واحد ہے اما وحدانیہ یہ صرف ذات باری تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے اما توحید یہ ایمان مکلّف ہے اللہ تعالیٰ متصف بوحدت ہے۔

وحدانیت اللہ اس کائنات جو صاحب فکر وعقیدہ ہے وہ انسان ہے انسان اس کائنات میں دو چیز دیکھ رہا ہے ایک خود انسان ہے خود کو دیکھ رہا ہے دوسرا تمام کائنات آسمان ستارے بحرات اشجار و درخت حیوانات دیکھ رہا ہے یہاں تین مفروضہ بنتا ہے یہ مخلوقات انسان سمیت خود نے خود کو خلق کیا ہے یہ مفروضہ باطل ہے کیونکہ انسان قبل خود کو خلق کرنے کے لئے پہلے ہونا ضروری ہے از وجود نہیں تھے کہ وہ خود کو خلق کریں ہر چیز کی وجود میں آنے کے لئے ایک موجود چاہیے یہ مسلمات عقل کے خلاف ہے قرآن کریم میں اس مفروضے کو باطل گردانا ہے طور ۳۵۔۳۶

۲۔ بعض نے بعض کو خلق کیا ہے یہ مفروضہ بھی پہلے جیسا باطل ہے کیونکہ جس نے دوسرے مخلوق کو خلق کیا ہے خود کو کس نے خلق کیا ہے خود نے خود کو خلق کیا باطل ہے چہ جائیکہ دوسرے کو خلق کریں۔

۳۔ غیر مخلوقات نے مخلوق کو خلق کیا ہے یہاں سوال آتا ہے یہ غیر مخلوقات جس نے تخلیقات کو خلق کیا ہے وہ جنس مخلوقات میں سے ہے یہ بھی باطل ہے اللہ سبحانہ وتعالی ہے یا وہ خود مخلوقات ہے تو رہ گیا کائنات کو اللہ نے خلق کیا ہے اللہ نے ہی کائنات کو خلق ہے اس پر اللہ پرستوں نے یہ دلائل قائم کی ہے۔

قرآن میں رسالت ونبوت ۔تورات انجیل صحف ابراھیم وزبور داود قرآن کریم رسالت الٰہی ہے سلسلہ انبیا تا حضرت محمد ﷺ اللہ کی طرف سے رسالت لانے والے خبر دینے والے ہیں قرآن کریم کی کثیر آیات میں اس رسالت کی خصوصیات امتیازات کو بیان کیا ہے سب سے اہم امتیاز یہ رسالت قطعی جزمی ہے کہ اللہ کی طرف سے نازل ہوا ہے اس کے علاوہ اس کو من اللہ تسلیم کرنے کے علاوہ کوئی اور چارجوئی نہیں ہے اس رسالت کے بارے میں مندرجہ ذیل نکات اللہ نے بیان کی ہے

۔ا۔ یہ رسالت اللہ کی طرف سے نازل ہے لھذا وہ خالص ہے اس میں باطل غلط کی شایئبہ تک نہیں ہے لھذا زمان نزول سے انتہائے دنیا تک جن وبشر کو تحدی کی ہے دھمکی دی ہے یا اس جیسا کوئی کتاب لائے ورنہ عذاب دردناک بگتنے کے لئے آمادہ رہے اسکا باطل کرنے والے نہ اللہ کی طرف سے آئینگے نہ بشر اس کو تبدیل کرسکتے ہیں (آیت) یہ کتاب رہتی دنیا تک اللہ کی طرف سے محفوظ رہیں گے (آیت)

۔۲۔ یہ کتاب رسول امین کی طرف سے رسول امین پر نازل ہوا ہے وہ محمد ﷺ ہے

۔۳۔ یہ کتاب دیگر محرف کتابوں اور بشری کتابوں کی طرح نہیں سیاق سباق ابتداء وانتہا میں کہیں بھی اختلاف نہیں ہونگے (آیت)

۔۴۔ یہ کتاب اپنی جگہ واضح وروشن ہونگے کسی قسم کی ابھام غموضیت نہیں ہونگی (آیات)

۔۵۔ یہ کتاب دین اور شریعت پر مشتمل ہوں گے یعنی ایمانیات اوراحکامات پر (آیات)

۔۶۔ شریعت ایک شریعت کامل ہونگے (آیات)

۔۷۔ قرآن کے بیان کردہ احکامات کے علاوہ کوئی احکام نافذ کرینگے وہ جھل جاھلیت پر مبنی ہوگا (آیت)

۔۸۔ اللہ کے علاوہ کسی کو کوئی چیز حلال کرنے کوئی چیز حرام کرنے کا حق نہیں ہے چونکہ ذرات اس کے اندر موجود خلیات مضر ومنفعت بطور کامل اللہ کے علاوہ کوئی اور نہیں جانتے (آیت)

۔۹۔ ان آیات پر عملی تطبیق سنت وسیرت محمد ﷺ ہوگی (آیت)

۔۱۰۔ اللہ اوراس کے رسول کے علاوہ کسی اور کا قول حجت نہیں ہوگی (آیت)

۔۱۱۔ رسات کے بعد نبوت کے باری آتی ہے یہ خبریں اللہ طرفسے پنچانے والے انبیاء ہیں حضرت محمد ﷺ ہیں انبیاء ابتداء سے لے کر حضرت محمد ﷺ تک تمام کے تمام بشر تھے جن وملک سے نہیں تھے اس سلسلے میں (آیات) جب یہ احکام اللہ کی طرف سے آئی ہے پیغام آئی ہے بشر کی طرف ۔ اس پیغام کو بشر تک پہنچانا واس پر عمل کرانے میں انبیاء کا مقابلہ بشر سے ہے یعنی بشر کا مقابلہ بشر سے ہے بشر کا انبیاء کی دعوت کو قبول کرنے میں چند رکاوٹ موانع پائے جاتے ہیں

۔۱۔ ہر انسان اپنے آپ کو دوسرے انسان کے ساتھ مساوی برابر ہم جنس سمجھتے ہیں لذا ایک دوسرے پر برتری برداشت نہیں کرتے یعنی جلدی قبول نہیں کرتے دوسرے کہتے ہیں تم بھی انسان ہو ہم بھی انسان ہیں ہم تمھاری بات کیوں مانیں اگر ہم کسی اور کی بات کو ماننا پڑے گے تو ہم کیوں نہ اپنی آباء واجداد کی بات کو نہ مانیں یہاں سے بشر نے انبیاء کی دعوت کو انبیاء میں برتری نہ ہونے کو بنیاد بنا کر مسترد کیا۔ کہا آپ پر ہمارے لئے برتر ہماری بزرگان ہے جو گزرگئے ہیں یہاں سے ان کی دعوت کمزور پڑتے ہیں جنھوں نے اپنی بزرگان کی بات کو ماننے کا فیصلہ کیا ہے کیوں کہ وہ بھی تم جیسے تھے انکو بھی برتری نہیں تھے جب برتری نہیں ہے تو انبیاء پر ان کو کیوں مقدم رکھا ان سے بد بخت بدتر وہ لوگ ہیں جو غیر قوم ظالم قوم کو خود پر ظلم ڈھانے والوں کو اپنے سے برتر سمجھتے ہیں یہاں سے دور جمھوریت کے عوام پر رونا آتا ہے ہر جگہ

مقامی ملکی غیر ملکی باتوں کو من عن قبول کرتے ہیں بعض پرانے کو پرانہ کہ کر رد کرتے ہیں جدید کو جدید کہکے آنکھوں پے لگاتے ہیں سینے سے لگاتے ہیں جبکہ حق نہ جدت میں ہے نہ قدامت میں حق حق ہوتا ہے حق کا مصداق صرف اللہ ہے یہاں سے انبیاء نے لوگوں سے خطاب میں کہا تم پے ہمیں برتری ہے کیونکہ ہم اپنی طرف سے نہیں کہ رہے ہیں تم ٹھیک کہتے ہو تم بھی بشر ہم بھی بشر لیکن ہم پے وحیہ ہوتا ہے اللہ کی طرف سے لھذا انبیاء قوموں کو یہ منوایا کہ ہم اپنی طرف سے کوئی بات کہنے کی مجاز نہیں ہم اللہ کی وحی تم تک پہنچاتے ہیں (آیت)

۔ا۔اللہ نے بھی وحی کے ذریعے پہنچایا انبیاء کے توسط سے اگر یہ غلطی یا افتراء باندھیں گے تو ہم ان کے گردن پکڑیں گے وہ ہماری گرفت سے بہر نہیں جاسکتے یہاں سے انبیاء کی بول بالا ہوگئ ہے (آیت)

۔۲۔انبیاء لوگوں کو دعوت دیتا ہے اپنے کو محدود رکھو انبیاء بتاتے ہیں ہم جو حدود اللہ کی طرف سے بتاتے ہیں اس تک محدود رہو اس میں دنیا میں تمھاری بھلائ ہے آخرت میں مرنے کے بعد قہر و عذاب الٰہی سے محفوظ رہینگے تو رسالت الٰہی صرف ھدایت اور رھنمائ ہے اس ھدایت رھنمائ کو قبول کرنے میں انسان کی آزادی جاتی ہے بعض اوقات ان کی دنیاوی مفادات بھی ہاتھ سے جاتی ہے یہ نقصان ہے بطور مثال انبیاء فرماتے ہیں زنا زنا کے قریب بھی مت جاو تو لوگ کہتے ہیں نہیں ہم اس کے عادی ہیں ہم اس کو چوڑ نہیں سکتے چلو زنا نہیں کریں تو ہم متعہ کریں گے نکاح سری کریں گے کہتے ہیں نہیں یہ بھی جائز نہیں اسلام میں ایک چیز جائیز ہے اسلام کے حرمات کا ایک چہرہ ہے جب کہ اس کے مقبال میں ایک شخص کہتا ہے حرام کچھ بھی نہیں جی بھر کے زنا کرو پیسہ چاہئے ہم دیتے ہیں جگ چاہیئے ہم دیتے ہیں عورت چاہیئے ہم دیتے ہیں جیسا کہ بعض جگہوں متع رواج دینے والوں ایسا بندوبست بھی کیا ہے ان دونوں ترجیحات کے مقابل میں اپنے دعوت کو اپنانے کے لیے انبیاء کو کیا طریقہ اپنانے چاہیئے انبیاء کے بعد ان کی دعوت کو اٹھانے والوں کو کیا کرنا چاہئے انبیاء اور ان کی دعوت کو اٹھانے والوں کی دعوت لوگوں کی آزادی سے طمع لالچ نقدی منافع مفادات سے متصادم ہے لھذا اللہ نے انبیاء سے کہلوایا اور ہمیشہ داعی حق اور داعی باطل میں تمیز کرنے کا اصول وضع کیا لوگوں کو سمجھنا چاہیئے جاننا چاہئے داعی حق کون ہے داعی باطل کون ہے تمھارے حق میں کون بات کرتا ہے تمھارے خلاف کون بات کرتا ہے یہ سمجھنا چاہئے یہ لوگوں کو مطمئن کرے کہ اس دعوت سے ہمیں کوئ فائدہ نہیں ہے ہماری دعوت کو قبول کرنے سے تمھیں کوئ نقصان نہیں ہماری دعوت مفت کے مفت ہے کسی قسم کی مادّی فکری اجتماعی اجرت کے خواہاں نہیں نہ تم سے اجرت ہم لے سکتے ہیں کیونکہ ہم اللہ کا نمائندہ ہے (آیات) قل لا اسئلکم ۔۔۔۔

۔۲۔قرآن میں جن آیتوں میں انبیاء سے کہلوایا ہے کہ ہم اپنی تبلیغ رسالت کا اجر کے خواہاں نہیں ہے ان آیات میں دیکھنا

ہے کیونکہ انبیاء طلب اجرت نہیں کر سکتے آیئے دیکھتے ہیں
۔۱۔اللہ اس کے لیے کیا منطق پیش کرتے ہیں سورہ شوریٰ کی آیت ۔۱۰۹۔۱۲۷۔۱۴۵۔۱۶۴۔۱۸۰ میں آیا ہے ہم تم سے اجرت نہیں چاہتے ہماری اجرت اللہ پر ہے یہاں منطق کو یہ پیش کیا ہے اجرت دوطرح سے نہیں ہوتا ہے ہم اللہ کی طرف سے مأمور ہیں لہٰذا بہت سے اداروں میں یہ اعلان کرتا ہے ہماری مزدور کو بخشش نہیں دینا دوطرف سے اجرت زیادہ ہے اور رجحانات ماڈی ان میں پیدا کرتے ہیں سورہ یونس آیت ۔۷۲ میں آیا ہے اگر تم ہم سے روگردانی کرے ہم نے تم سے کوئی اجرت طلب نہیں کیا تھا ہماری اجرت اللہ پر ہے ہم مأمور ہیں کہ صرف اس ذات کے سامنے تسلیم ہوجائے ان دو آیات میں طلب اجرت کو اس منطق سے مسترد کیا ہے کہ ھماری اجرت صرف اللہ پر ہے تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے جو چیز انبیاء نے امّت سے طلب کی ہے اس میں کوئی مصلحت نہیں کیوں ان کو امّت سے کوئی ملنا نہیں ہے جب انبیاء کا امّت سے کوئی مصلحت نہیں تو اس کا مطلب یہ نکلے گا کہ مصلحت خود امّت کی ہے۔
۔۳۔تیسری آیت زبان نوح سے حضرت نوح نے کہا ہم تم سے اجرت طلب نہیں کرتے ہماری اجرت صرف اللہ پر ہے دوسری وجہ بیان کی ہے جب ہماری اجرت اللہ پر ہے تو ہمارے پاس آنے والے لوگوں کے کوئی امتیاز نہیں ہوگا جن لوگوں نے ہمارے اپر ایمان لاے ہیں تمھارے خوشی میں ان کو دور نہیں کرے گا سورہ ہود کے آیت ۔۵۰۔۵۱ پر آیا ہے کہ ہماری اجرت صرف اللہ پر ہے سورہ یوسف آیت ۔۱۰۳۔۱۰۴ ۔ان کا اجر صرف اللہ پر ہے اب ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ کو حکم ہے آپ بھی انبیائے گذشتہ کی اقتدا میں کہئیے ہم جو دعوت کی ہے وہ اللہ کے لئے ہے ہم تم سے اجرت کے خواہاں نہیں ہے سورہ سبا آیت ۔۴۷ پیغمبر سے خطاب ہے آپ کہدے ہم تم سے کوئی اجرت نہیں مانگتے جو ہم نے کی ہے وہ تمھارے فائدے کے لئے ہے ہم اجرت صرف اللہ سے طلب کرتے ہیں وہ ہماری عمل کا خود ناظر و گوہ ہے

ملائکہ پر ایمان جزء ایمان ہے:

اعتراف بغیب ایمان بغیب موجودات غیب مرئی غیر حسی کا اعتراف اس وقت ضروری نا قابل انکار ہے اگر اس کی خبر قرآن میں آیا ہے جیسے وجود، جن، قرآن کریم میں انس کے ساتھ برابر، جن، کا ذکر آیا ہے ان کے وجود کا اعتراف نا قابل انکار ہے اور تکذیب تکذیب آیات ہے لیکن ان پر ایمان لانے کا نہیں کہا ہے، جن، پر ایمان نہیں لانا ہے کیونکہ وہ بھی ہم جیسے مکلّف ہے مکلّف کا اعتراف کیا جاتا ہے ان پر ایمان لانا اس لئے ضروری نہیں ہے کیونکہ وہ ہماری زندگی میں

مؤثر نہیں ہے اثر کا کردار ادا نہیں کرتے جو ہماری زندگی میں اثر کا کردار ادا کریا س پر ایمان لانا ہے ایمان ان پر لایا جاتا ہے جن پر ایمان لانے کا قرآن میں حکم آیا ہے جن چیزوں کے بارے میں ایمان لانے کا حکم نہیں وہ اعتقادات میں نہیں ہے یہاں سے چند چیزیں وضاحت کی ضرورت ہیں۔

۱۔جو قرآن میں آیا ہے چاہے تفصیل میں ہو یا اجمال میں اعتراف ضروری ہے انکار تکذیب بقرآن ہے

۲۔جن چیزوں کی غیب گوئی کی ہے پیش گوئی کی ہے کہ اس کا آنا ہے اس پر بھی ایمان نہیں ہوتا ہے جیسے دجال کی آمد مہدی کی آمد قرآن کریم نے جن چیزوں پر ایمان لانے کا حکم دیا ہے صرف ایمان تک محدود ہے باقی چیزیں اگر ثابت ہو جائے تو تسلیم ہے اور اگر ثابت نہ ہو جائے تو تسلیم بھی نہیں ہے جن چیزوں پر ایمان لانا ہے جس کے بارے میں کسی قسم کی حسی تصور ممکن نہیں ہے وہ غیب مطلق ہے اس پر ایمان لانا اس لئے ضروری ہے چونکہ قرآن نے ایمان لانے کا کہا ہے ہم قرآن کو رد نہیں کر سکے لہٰذا ایمان بھی رد نہیں کر سکتے اس میں ایمان باللہ اور ایمان بآخرت ہے ایمان باللہ اور ایمان یوم آخرت میں جو تفصیل قرآن میں آیا ہے اس کے مطابق ایمان لانا ہے اس سے زائد ایمان لانا چاہے وہ سائنسی طریقے سے ثابت کرے عقل یونانی سے ثابت کرے یا روایات سے ثابت کرے تینوں طریقے سے ایمان لانا ضروری نہیں ہے اس پر ایمان لانے سے امت میں فساد ڈالی ہے وہ لوگ گمراہ ہے انہوں نے ایک چیز اضافی امت پر ٹھونسا ہے جن میں معتزلہ اشاعرہ ماتریدی صوفی عقائد ہے۔

قرآن کریم میں تین چیزون پر ایمان لانے کا تکرار کیا ہے یہ تینوں چیزیں انسان کی سعادت وشقاوت میں دخل رکھتے ہیں۔

۱۔ایمان باللہ ہے اگر اللہ نہیں تو رسول کا نبی کا نظام کا حیات کا ممات کا کوئی تصور ہوتا نہیں ہے وہ ایک فالتو ہے جس طرح حیوان جب تک زندہ ہے کھاتا رہتا ہے جب مر گیا مر گیا جس طرح حیوان صفت انسان بھی جب تک زندہ کھاتا رہتا ہے اس کے لئے ضروری نہیں کسی نظام کے اندر رہے اگر نظام کسی اپنی ذاتی مصلحت کے تحت قبول کریں گے تو اندر سے نہیں مانیں گے جس طرح اقتدار میں آنے والے ظاہری طور پر انتظام کا چرچا کرتے ہیں اندرونی طور پر اندر سے نظام کو کھوکھلا کرتے ہیں سکھاتے ہیں چنانچہ اسلامی ملکوں میں آنے والے سے لے کے آپ لے جائیں مشرقی مغربی کمیونیزم نظام کے سربراہان تک وہ اندر سے چوری کرتا ہے دھندلی کرتا ہے کرپشن میں پکڑا جاتا ہے اللہ ہے ایمان باللہ ہے انسان کو محدود کرنے کا پہلا حد ہے اللہ مالک ہے اس نے اس حد سے تجاوز سے مولا نے منع کیا ہے۔

۲۔ ایمان بآخرت ہے اگر اللہ ہے اللہ کی وجود کو تسلیم کرے ہر موجود بغیر موجد کے وجود میں نہیں آتا ہے لیکن

ایمان بآخرت ایمان بحساب وکتاب سزاوجزانہ رکھے تو کوئی منطق نہیں بنتا ہے کہ وہ بہت سی برائیوں سے خودکو بازرکھے ایمان باللہ کے بعد ایمان بیوم آخرت ہے لہٰذاقرآن میں ایمان باللہ کے بعد ایمان بیوم آخرت ذکرآیا ہے اگر قیامت نہیں حشرونشرنہیں تو دین کا تصور بے معنی ہوکے رہتا ہے فرق نہیں پڑتا ہے آخرت نہیں ہے ہم دنیا کو چھوڑیں اللہ اور ایمان بآخرت کے بعد۔

۳۔تیسرا اصل اصل نبوت ورسالت ہے نبوت یعنی اللہ کی طرف سے بندے کو خبر دینا رسالت یعنی اللہ کی طرف سے دستورآنا آئین آنا ہے اگر یہ دستورآ گیا اس دستور پر عمل کیا تو وہ دستورانسان کو جنت لے جائیں گے اگر اس دستور کو رد کیا تو انسان جہنم جائیں گے یعنی دستور کو اپنانے والے کورد کرنے والے کو جزا ملیں گے ان تین کے بعد ایمان ملائکہ ہے اللہ کی وجود پر ایمان دوطریقے ہیں ایک آثار ہے دوسرانظام ہے ملائکہ الٰہی انسان سمیت کل کائنات کا نظام ملائکہ کے ہاتھ میں ہے حتیٰ وحی ہدایت ورہنمائی انبیاء ملائکہ کے ذریعے ہوتا ہے لہٰذا ایمان بملائکہ ہے۔

۳۔سورہ یونس کی آیت۔ا۔میں آیا ہے تلک آیت الکتاب الحکیم٥وہ آیات کتاب حکیم کی آیات ہیں تلک اشارہ ہے مؤنث پیغمبر سے یہ جو ہے آیات حکیم کی طرف سے ہے آیات قرآن کریم میں تین معنوں میں آیا ہے۔

ا۔جس چیز کی حسن وجمال خوبی اپنے انتہاء کو پہنچا ہے اس کو آیت کہتا ہے اس حوالے سے قرآن میں آیت تین معنوں میں استعمال ہوا ہے۔

الف۔اللہ کی طرف سے دیکھائے گئے معجزات کے لئے کہا ہے جوانسان اس جیسے مقابلے سے عاجز ہو اللہ کی طرف سے لائی جانی والی معجزات کو آیت کہا ہے سورہ اعراف آیت۔۱۳۲

ب۔کائنات میں دگرگوں ہونے والی محیّر العقول تغیّرات کے لئے آیت کہا ہے سورہ اسراء آیت۔۳۷ سورہ مؤمنون آیت۔۱۲ سورہ یٰسین آیت۔۳۷ سورہ اسراء آیت۔۱۲ سورہ مؤمنون آیت۔۵۰

ج۔آیت قرآن کے لئے استعمال ہوا ہے جس سے مشرکین کو تحدی کی ہے یہاں فرمایا ہے کہ یہ آیات جوآپ پر نازل ہوئی ہیں یہ حکیم کی طرف سے نازل ہوئی ہیں حکیم اسے کہتے ہیں جواشیاء کو اپنی جگہ پر رکھتا ہے قرآن کریم کی تیسری سورہ جس میں اس کتاب کی تعریف توصیف آئی ہے سورہ مبارکہ ھود اس کی پہلی اور دوسری آیت ہے پہلی صفت یہ ہے کہ اس کی آیت اپنی جگہ محکم ہے اس کو محکم کہا ہے یہ صیغہ مادہ۔ح ک م سے بنا ہے ح ک م سے مرکب یہ کلمہ ایک ایسی محسوس مطغن عمارت کو کہتے ہیں جس میں فساد خرابی خلل تناقض تعارض بوسیدگی جیسی چیزیں سرایت نہیں ہوسکتی ہیں یعنی اس کتاب کو ہر قسم کی نشان باطل بنانے والی چیزیں موجود نہیں ہیں اس کتاب سے تمسک کروگے تو تمہارے اندر فساد نہیں

آئے گا۔

دوسری آیت میں آیا ہے یہ کتاب تحکیم کے بعد تفصیل کی گئی ہے فصل کے معنی جدا کے معنوں میں آیا ہے فصل وصل کے بعد آتا ہے قرآن کریم ایک جامع کتاب ہے جس کو سوروں کے ذریعے ٹکڑے کرتے ہیں جدا کرتے ہیں سورہ بڑی فصل ہے جبکہ آیت چھوٹی فصل ہے اللہ نے قرآن کو محکم اس لئے کہا ہے کہ انسان کی اس تک رسائی ممکن ہو یعنی سمجھنا ممکن ہو مجمل معمّا نہ ہو فصل سے چندین مراد ہے۔

۱۔قرآن ایک کتاب فصلی ہے اس پر چندین آیات دلالت کرتی ہے

۲۔تنزیل ہے سورہ اسراء آیت۔۱۰۶

۳۔ترتیل ہے سورہ فرقان آیت۔۳۲

۴۔یہ تفصیل حکیم وخبیر کی طرف سے ہے خود صاحب کتاب کی طرف سے ہے

۵۔جس سورے کے آغاز میں اس کتاب کی تعریف آئی ہے وہ سورہ مبارکہ یوسف ہے فرمایا ہے یہ وہ آیات ہیں جو اپنی جگہ مبین ہیں یعنی یہ آیات معمّا متشابہ نہیں ہیں اپنے معنی خود بیان کرتی ہیں مبین اسم فاعل ہے مادہ ابان سے ہے یہاں سے بین بان سے ہے بان جدا کو کہتے ہیں جیسا کہ دیگر آیات دوجگہ آیا ہے لھذا بیان للناس یہ لوگوں کیلئے بیان ہے۔

سورہ ابراہیم آیت۔۱۔میں آیا ہے یہ کتاب ہے جسے ہم نے آپ کی طرف نازل کیا ہے اس کا مقصد لوگوں کو ظلمتوں سے نور کی طرف رہنمائی کرنا ہے اس سے واضح ہے کہ یہ کتاب کل بشریت کیلئے ہادی ہے بغیر کسی استثناء کے تمام بشر کے لئے ھادی ہے اس حوالے سے یہ کتاب کتاب انسانی ہے سورہ حجر اس کی پہلی آیت میں آیا ہے اس کتاب کی آیات اور قرآن مبین ہے قرآن کریم مین کلمہ مبین رسالت اور قرآن دونوں کی صفت بتائی ہے رسول بھی مبین ہے قرآن بھی مبین ہے بعض آیات میں رسالت کو مبین کہا ہے بعض آیات میں قرآن کو مبین کہا ہے حق و باطل کو الگ الگ طریقے سے پہچاننا چاہئے رسول بھی مبین ہے قرآن بھی مبین ہے۔

سورہ مائدہ آیت۔۹۲ سورہ حجر آیت۔۸۹ سورہ نحل آیت۔۳۵۔۸۲ سورہ نور آیت۔۵۴ سورہ عنکبوت آیت۔۱۸ سورہ یٰسین آیت۔۱۷ سورہ مائدہ آیت۔۱۵ میں آیا ہے کہ اللہ کی کتاب بھی مبین ہے رسول بھی مبین ہے قرآن کے لئے فرمایا کہ یہ لسان عربی مبین ہے سورہ نحل آیت۔۱۰۳ قرآن مبین ہے سورہ یٰسین آیت۔۶۹ سورہ احقاف آیت۔۹ سورہ یوسف آیت۔۱ کتاب مبین سورہ شوریٰ آیت۔۲ سورہ قصص آیت۔۲ سورہ زخرف آیت۔۲ سورہ دخان آیت ۲

سورہ انعام آیت ۔۵۹ سورہ سباء آیت ۔۲ ان آیات میں قرآن کریم کو مبین کہا ہے جن آیات میں پیغمبر کے لئے مبین استعمال ہوا ہے وہ یہ ہیں سورہ حج آیت ۔۴۹ سورہ عنکبوت آیت ۔ ان آیات میں پیغمبر کو مبین کہا ہے

سورہ حجر کی آیت ۔۱۔ میں فرمایا ہے کتاب کی آیات ہیں اور قرآن دونوں مبین ہیں کتاب جو ہے بغیر تعریف الف لام آئی ہے تو اس سے مراد تمام کتب آسمانی ہے جو اللہ نے حضرت ابراہیم سے لیکر حضرت خاتم النبیّین تک نازل کی ہیں یہ سب کتاب کا مصداق ہے لیکن جہاں کتاب الف لام سے معرف ہوا ہو تو اس سے مراد قرآن کریم ہے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل شدہ کتاب کی دو خصوصیات ہیں جیسا کہ پہلے بیان کر چکے ہیں۔

۱۔قرآن ہے جو سینوں میں محفوظ ہے حفظ داخل انسان ہے اور اس کی قرائت ہوتی ہے۔

۲۔کتاب ہے کتاب ثبت کو کہتے ہیں اس حوالے سے دیکھیں تو گزشتہ کتابیں بھی ثبت ہوئی تھیں لیکن وہ کتابیں نبی کے دنیا سے رحلت ہونے کے چندین سال گزرنے کے بعد ہوئی تھیں اس حوالہ سے دوسری کتب اور قرآن میں فرق ہے چونکہ سابقہ کتب نازل ہو کے عرصہ دراز گزرنے کے بعد لوگوں کی زبان سے ملی ہوئی الفاظ کو ضبط تحریر تدوین میں لایا ہے لہٰذا ان میں کمی بیشی دونوں احتمال حد قوی کو پہنچا ہے۔

جب کہ قرآن کریم فی زمانہ وقت نزول نبی کریم کی نگرانی میں بروقت ضبط ہوا ہے نبی کریم نے اس کا اہتمام اس طریقے سے کیا ہے کہ یک طرف سے اس کو حفظ کرنے کی دعوت دی ہے دوسری طرف سے اس کو لکھنے کے لئے امین مأمون شخص کو مؤلف کیا ہے لہٰذا اس میں کسی قسم کی کمی بیشی مسترد ہے آیات جو ہیں اس میں جیسا کہ پہلے بیان کیا ہے یا شیئ عجیب وغریب مناظر ہیں جس کی طرف ذہن متوجہ ہوتا ہے جیسے گردش لیل ونہار طلوع شمس وقمر انجم اپنی جگہ ایک دلیل ہیں ایک ایسا وجود جو ان سب کو گردش دے رہا ہے یا یہ ان معجزات کی طرف اشارہ ہے جو اللہ کے نبی ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں وہ سچا ہے یہ وہ آیات قرآن ہیں جو نظام حیات انسانی پر مشتمل ہیں یہاں کتاب کے بعد قرآن کہنا لفظ خاص ہے جو عام پر عطف کیا ہے۔

۳۔مبین ہے قرآن بذات خود واضح ہے اور دوسروں کو بھی واضح کرتا ہے وہ ہر چیز پر محیط ہے جیسا کہ سورہ انعام آیت ۳۸ میں آیا ہے جہاں جس چیز کا حکم چاہیں گے وہ اس قرآن میں ملے گا یا اہل ذکر سے پوچھیں۔

۴۔سورہ کہف اس سورہ کی پہلی آیت میں پیغمبر وامّت دونوں مأمور ہیں کہ اللہ کی حمد کریں حمد کہاں کرتے ہیں جہاں کوئی گراں قیمت چیز بغیر استحقاق حاصل ہو جائے محسن نے اپنی طرف سے احسان کیا ہو۔سورہ اسراء کا آغاز اللہ کی تنزیہ سے شروع ہوا ہے اس کے بعد سورہ کہف اللہ کی تحمید سے کیا ہے یہ حمد اس نعمت کے بدلے کہ اللہ نے اپنے بندے پر

ایک ایسی کتاب نازل کی ہے جس میں کسی قسم کی کجی نہیں پائی جاتی کلمہ عوج ٹیڑھے کو کہتے ہیں راستہ ایک مستقیم ہوتا ہے ایک ٹیڑھا ہوتا ہے لفظ جب فہم میں آسان ہو تو مستقیم کہتا اور اگر سمجھ میں مشکل ہو تو اس کو عوج کہتا ہے یہاں اللہ نے ہم سے حمد کرنے کے لئے کہا ہے کیونکہ اس نے ہم پر کتاب غیر عوج نازل کی ہے چنانچہ اس کا ذکر سورہ زمر آیت ۔۲۸ میں ہے سمجھایا ہے اگر جادہ یکسو جا رہا ہے تو اس کو مستقیم کہتے ہیں اور اگر دائیں بائیں موڑ ہیں تو اس کو عوج کہتے ہیں اس کے لئے دائیں بائیں موڑ کے لئے استظامیہ امور ومرور وہاں نشانی لگاتے ہیں کہ یہاں سے موڑنا ہے جانبدار انسان رشوت خور انسان مفاد پرست راستے کی کجی کی نشانی لگاتے ہیں اللہ کی راستے میں کجی نہیں تا کہ اس پر نشانی لگائی جائے یہاں سے اندازہ ہوتا ہے کہ اجتہاد واہل فقہ کتنی بدنیتی پر مبنی ہے اللہ پر افتراء باندھتے ہیں اللہ کی کتاب ظنی الدلالہ ہے۔ مطلب سمجھ میں نہیں آتا ہے لفظ غیر واضح ہے لفظ معما ہے متشابہ ہے قرینہ بھی نہیں لگایا ہے۔

نشانی بھی نہیں لگائی ہے اتنا جھوٹ باندھا ہے تا کہ وہ ایک جعلی حکم یہاں پر بنائے انتظامیہ امور ومرور موڑ نے کے لئے نشانی نہیں لگائیں گے تو بڑی آفت مصیبت فاجعہ ہو سکتی ہے پورے خلائق ہر کس و ناکس اس حکومت اور انتظامیہ امور ومرور کے لئے چن چن کے برے الفاظ استعمال کریں گے۔

دوسری آیت میں اللہ نے فرمایا ہے کہ یہ کتاب انسان پر ناظر و نگراں ہے ان وضاحت وروشنی کے باوجود انحراف کیا تو مخالف کو دردناک عذاب دیں گے اور مؤمنوں کو بشارتوں سے نوازیں گے یہ کیسے ممکن ہے کہ انسان کی تمام نقل وحرکت پر قائم ناظر کتاب سمجھنا انسانوں کے لئے مشکل ہو سورہ مائدہ آیت ۔۴۸ میں قیم کی جگہ لفظ مہیمن استعمال کیا ہے قرآن قیم ہونے کی وجہ سے دین اسلام بھی قیم بتایا ہے۔

۵۔ قرآن کریم کی تعریف جن سوروں کی ابتدا میں آئی ہے ان میں ایک سورہ سورہ نور ہے سورہ نور ایک قضیہ ایک مزورہ مغضوب کے حکم میں آیا ہے اس لئے یہاں حکم اتنی واضح وروشن بیان کیا ہے اس لئے آیات کو اللہ نے نور کہا ہے اسی مناسبت سے اللہ نے یہاں نور کا بھی تعریف کی ہے لیکن فقہ فقاہت والوں کی بدنیتی اور خیانت کاری کا اندازہ اسی سورے کی اس آیت سے بھی ہوتی ہے جہاں فرمایا ہے کہ زانی زانیہ کے لئے ہے مؤمنین کے لئے حرام ہے قرآن نے اس کو حرام کہا ہے فقاہت نے اس کو کراہت گردانا ہے۔

۶۔ جن سوروں کی ابتداء میں اس قرآن کی تعریف کی ہے ان میں ایک سورہ فرقان ہے فرمایا ہے وہ ذات مبارک ہے بابرکت ہے آپ کے وھم وگمان امید و آرزو سے زیادہ عنایتیں کرتا ہے وہ ذات جس ذات نے اپنے بندے پر فرقان نازل کی کیوں؟ عالمین کو ڈرانے کے لئے قرآن اور انبیاء اللہ کی منہج کو اپنانے والوں کو بشارت لے کے نازل ہو

اہے اورمخالفین کے لئے انذار کرنے کیلئے آیاہیں جب کہ صوفی اولیاء پرستوں کا کہناہے کہ ھم اللہ کی عذاب سے نہیں ڈرتے کیا یہ کفر نہیں ہے؟

اس سورے کی ابتداء میں قرآن کی ایک صفت فرقان بتایا ہے فرقان یعنی حق و باطل کو جداگانہ پیش کرنے کے لئے جیسا کہ سورہ اعراف کی پہلی آیت میں آیا تھا لوگوں کو ظلمت سے نور کی طرف نکالنے کے لئے نازل ہوا ہے اللہ نے قرآن نازل کیا ہے مواقع خیر وشر کو جداگانہ دکھانے کے لئے ہے دین اوج خیر پر ہے جب کہ کفر ظلالت وگمراہیوں میں ہے قرآن میں کوئی چیز مبہم نہیں چھوڑی ہے جو بیان نہ کیا ہو قرآن کو فرقان کہنے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ یہ ایک دفعہ نازل نہیں ہوا حصہ حصہ کر کے نازل ہوا ہے جیسا کہ سورہ اسراء آیت۔۶ میں آیا ہے۔

۷۔جن سوروں کی ابتداء میں قرآن کی تعریف کی ہے ان میں سے ایک سورہ شوری ہے سورہ شوری کی آیت ۲ میں آیا ہے یہ جو کتاب ہے مبین ہے مبین کا معنی اس میں کمی نہیں نقص نہیں ہے جیسا کہ سورہ انعام آیت۔۱۳۸ اس سورے کی آیت۔۳۔ میں اللہ نے نبی کریم سے فرمایا ہے کہ اپنے آپ کو ہلاک نہ کریں پریشان نہ ہو کہ یہ لوگ ایمان نہیں لائینگے جیسا کہ سورہ فاطر آیت۔۸ میں آیا ہے آپ ان پر زیادہ حسرت نہ کریں اس طرح سورہ غاشیہ کی آیت۔۲۲ میں فرمایا ہے آپ ان پے مسلط نہیں آپ ان پر جبار نہیں یا کسی اور جگہ پر آیا ہے کہ آپ وکیل نہیں ان آیات سے انسان کو حیرت میں ڈالتا ہے بعض علماء دین کی سربلندی کے لئے کافر وملحدین سے سمجھوتہ کرتے ہیں جن سوروں میں قرآن کی تعریف کی ہے ان میں ایک سورہ نمل کی ابتدائی آیت ہے اس سورے میں فرمایا ہے قرآن وکتاب دونوں مبین ہیں جب مبین ہے تو یہ ہدایت بھی ہے اور مؤمنین کے لئے بشارت بھی ہے۔

کلمہ وحدانیت مادہ وحد سے بنایا ہے جس کے معنی انفراد ہے راغب اصفہانی نے کہا ہے ہی **شئی الذی لا جزء له وحده** یعنی اس کو واحد گردانا گیا یا اس کو ایک حساب کیا ہے۔

کلمہ واحد مشترک بین مخلوق وخالق یعنی دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے لیکن دونوں وحدت میں فرق ہے وحدت مخلوق قابل تحول ہوتا ہے یا وحدات دعائیہ ہے وحدت حقیقی نہیں ہے اما وحدت خالق جل شانہ وحدت اصلی ہے عارضی نہیں وحدت حقیقی قابل تحول نہیں قابل انتقال نہیں ہے۔

احد اکمل از واحد ہے اما وحدانیہ یہ صرف ذات باری تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے اما توحید یہ ایمان مکلّف ہے اللہ تعالیٰ متصف بوحدت ہے۔

وحدانیت اللہ اس کائنات جو صاحب فکر وعقیدہ ہے وہ انسان ہے انسان اس کائنات میں دو چیز دیکھ رہا ہے

ایک خود انسان ہے خود کو دیکھ رہا ہے دوسرا تمام کائنات آسمان ستارے بحرات اشجار و درخت حیوانات دیکھ رہا ہے یہاں تین مفروضہ بنتا ہے یہ مخلوقات انسان سمیت خود نے خود کو خلق کیا ہے یہ مفروضہ باطل ہے اب تک کسی بھی ملحد و جامد کی ہمت نہیں ہوئی کہ یہ دعواء کریں کیونکہ یہ جہاں حال عقلی ہے کیونکہ انسان قبل خود کو خلق کرنے کے لئے پہلے ہونا ضروری ہے کہ وہ خود کو خلق کریں غیب موجود ہے خلق کی ضرورت ختم ہے ہر چیز کے وجود میں آنے کے لئے ایک موجد چاہیے یہ مسلمات عقل کے خلاف ہے قرآن کریم میں اس مفروضے کو باطل گردانا ہے طور ۳۵۔۳۶

۲۔بعض نے بعض کو خلق کیا ہے یہ مفروضہ بھی پہلے جیسا باطل ہے کیونکہ جس نے دوسرے کو خلق کیا ہے خود کو کس نے خلق کیا ہے خود نے خود کو خلق کیا باطل ہے چہ جائیکہ دوسرے کو خلق کریں۔

۳۔غیر مخلوقات نے مخلوق کو خلق کیا ہے یہاں سوال آتا ہے یہ غیر مخلوقات جس نے مخلوقات کو خلق کیا ہے وہ جنس مخلوقات میں سے ہے یہ بھی باطل ہے اللہ سبحانہ وتعالی ہے یا مخلوقات کو اللہ نے خلق کیا ہے اللہ نے ہی کائنات کو خلق ہے اس پر اللہ پرستوں نے یہ دلائل قائم کئے ہیں۔

قرآن کریم کی پہلی سورہ جسے روایات میں ام الکتاب کہا ہے اس سورہ کا آغاز اصرار و تکرار کے ساتھ اس کی ربوبیت کی توحید ور بوبیت کا اعلان واعتراف کرنے کی تلقین کی ہے اعلان ربوبیت کے بعد اعلان توحید الوہیت کریں اس کے بعد توحید عبودیت وتوحید استعانت کرنی ہے عالمین کا رب ہے اللہ کی ربوبیت دیگر ارباب سے مختلف ہے اللہ کی ربوبیت دیگر ارباب سے مختلف ہے اللہ کی ربوبیت مقتضی رحمانیت ورحیمیت والی ہے اس کے تحت کائنات کی ہر شئی اس کی ربوبیت کے احاطہ میں ہے چاہے کافر و منافق عاصی و ملحد ہی کیوں نہ ہو اس کی ربوبیت کی فیاضی بغیر کسی فرق وامتیاز ان تک پہنچتی ہے کثیر آیات میں اللہ نے انسانوں کو اس ربوبیت کا اقرار واعتراف کرنے کو کہا ہے۔

جن۔ملک۔انسان

۲۔انسان کی ہدایت کا عہدہ ملائکہ کو دے دیں ملائکہ انسان کی ھدایت ورہنمائی کریں۔ملائکہ انسان کے مقتداء نہیں ہو سکتے ہیں کیونکہ ملائکہ قوۃ شہوانیہ نہیں رکھتے ہیں

۳۔جن ہے کہ جن انسان کی ھدایت ورہنمائی بھی کرے۔

جن انسانوں کو دیکھتے ہیں لیکن انسان جنوں کو نہیں دیکھتے ہیں۔

ا۔جن چونکہ موجود غیر مرئی ہے انسان اسے دیکھ نہیں سکتا اس طرح ملک بھی موجود غیر مرئی ہے لہذا نبی از خود نوع انسان سے ہی ہوگا جو ایک دوسرے کو دیکھ سکتا ہو ہدایت کرنے اور لینے والا دونوں میں کوئی مانع عذر بہانہ نہ ہو چنانچہ اللہ

سبحانہ نے معاندین انبیاء کا یہ اعتراض اشکال مسترد کیا اگر ہماری ہدایت کے لئے بھیجتے تو قبول کرتے جہاں سورہ انعام آیت ۸۔۹ میں آیا ہے اگر ہم ہدایت کیلئے ملائکہ بھیجتے تو اسکو لباس انسان پہنا کر بھیجتے اس طرح سورہ اسراء آیت ۹۵۔

یہاں سے واضح ہو جاتا ہے انسانوں کی ہدایت اللہ کی طرف سے بشر ہی کر سکتے ہیں جہاں ہدایت کرنے والی تمام خصوصیات امتیازات تقاضے خواہشات ہادی اور مہدی دونوں کی ایک ہی ہے لہٰذا قرآن میں آیا ہے تم ہی سے رسول منہم آیا ہے اب یہ دیکھنا ہے اللہ کی طرف سے جو نبی آئیں گے وہ کس حساب سے آئیں گے زمان کی حد بندی کے تحت آئیں گے ہر ایک ہزار یا پانچ سو سال کے بعد ایک نبی آئیں گے یا کرہ ارض کو تقسیم کریں گے اس حوالے سے اگر دیکھا جائے تو انبیاء کی جو تعداد قرآن کریم میں آئی ہے وہ انتہائی محدود تعداد ہے اس محدود تعداد کو سامنے رکھنے سے معلوم ہوتا ہے انبیاء جو ہدایت لایا ہے وہ غیر محدود نہیں ہے ہدایت محدود ہے زمان و مکان اور اعداد جن و انس غیر محدود ہے انتہائی محدود وکلیات تک محدود ہے یعنی یہ پیغام جو اللہ کی طرف سے آیا ہے گرچہ اس زمانے کے مخاطبین سے محدود ہے لیکن یہ تمام روئے زمین کے رہنے والے بلکہ رہتی دنیا تک کے لئے کافی ہے۔

قرآن کریم کی مثال اس شجرہ کی مثال ہے جو اپنی جگہ صاحب شاخات کثیرہ ہے جس کے تنے میوجات سے بھرے اویزان ہے طویل قصیر سب اس کے پھل کھا سکتے ہیں لیکن میوہ ایک جیسی ہے میوہ متنوع نہیں قرآن کریم بظاہر سور و آیات میں متنوع نظر آتے ہیں آیات مختلف نظر آتے ہیں لیکن بعض سورے کا ایک ہی موضوع ایک عنوان ہیں جیسے سوری یوسف بعض جگہ سورہ میں تنوع نظر آتے ہیں جیسے سورہ کہف لیکن عندہ تحقیق ایک ہی ہدف کی طرف اشارہ کرتے ہیں جس طرح کل قرآن کا ایک موضوع ہی ہدف وہ ہدایت انسان ہے جیسا کہ بقرہ کی پہلی آیت میں آیا ہے ذلک الکتاب لا ریب فیہ یہ کتاب ہدایت ہے ہدایت کے لئے راستہ چاہیے راستہ کا نام صراط مستقیم ہے ہادی خاتم النبین ہے ایک علی صراط مستقیم انبیاء ہیں۔

لہٰذا اصل قرآن رسالت ہے خبر دینے والا رسول و نبی ہے امت اسلام کو اللہ کی طرف سے ہدایت لینے کیلئے رسول کی راہ پر چلنا ہے جو لوگ رسول کو چھوڑ کر اصحاب ائمہ کے راستہ پر دیکھاتے ان کے بعد علماء کے راستے دیکھاتے ہیں وہ ضال ہیں علماء ہادی ہیں بشرط کہ ان کو سنت قرآن اور سنت نبی کی کسوٹی سے ناپا تولا جائے۔

۴۔ انسانوں میں سے ایک انسان اللہ سے ھدایت لے کر آ کے انسانوں تک پہنچائیں عملی طور پر صرف یہی فارمولہ ممکن ہے باقی دو جن اور ملائکہ کا ممکن نہیں ہے چونکہ انسان ملائکہ کو نہیں دیکھ سکتا ہے لہٰذا اللہ نے فرمایا اگر ملائکہ بھیجیں گے تو ملائکہ کو انسان کا لباس پہنا کر بھیجیں گے۔ (آیت) ہدایت جن کریں گے تو انسان جن کو نہیں دیکھ سکتے تو رہ

گیا انسان ہی انسان کی ھدیت کرے لیکن بعض انسانوں نے اس کو بھی مسترد کیا ہماری ہدایت ہم جیسا بشر نہیں کر سکتا بشر نے ہمیشہ دعوت انبیاء کو یہ کہہ کر مسترد کیا ہے کہ تم ہم جیسا بشر ہے (آیت) انسان کی ہدایت کرنے والے انسان کو نبی کہتا ہے اس نظام کو نبوت کہتے ہیں علماء کے درمیان اختلاف ہے نبوت کا اصل مصدر کیا ہے۔

یہ صیغہ عربی کے کس مادے سے بنی ہے صاحب مقاییس لکھتا ہے نبأ سے بنی ہے نبا خبر ہے جو ایک مکان سے دوسرے مکان پے آتا ہے منبی ء بھی کہتا ہے مخبر بھی کہتا ہے نبأ ۃ ہلکی آواز کو کہتا ہے صاحب تھذیب جلد ۱۵ ص ۴۸۶ سے نقل کرتے ہیں ابن سکیت نے کہا ہے نبی اللہ کی طرف سے خبر دینے والے کو کہتے ہیں بعض نے کہا ہے نبی نبوءً سے بنی ہے نبو زمین سے اُپر ٹیلے کو کہتے ہیں نبی کو نبی اسلئے کہتے ہیں کہ تمام انسانوں میں سے اس کو انتخاب کیا ہے اس لئے اس کا مقام اللہ کی ہدایت لینے کی وجہ سے بلند ہے صاحب تحقیق لکھتے ہیں اس کی صل نقل خبر ہے ایک جگہ سے دوسرے جگہ لیکن ہر خبر کو نہیں کہتے ہیں بلکہ خبر عظیم کو کہتے ہیں نبی کا معنی مادہ نبأ سے ہے یہ مادہ سورہ۔۵ آیت۔۷ ۲ سورہ۔۱۰ آیت۔۱۷ سورہ ۴۱ آیت۔۶ سورہ۔۳ آیت۔۴۴ سورہ ۲۰ آیت۔۸۹ سورہ۔۷ آیت۔۱۰۱ سورہ۔۲ آیت۔۳۲ سورہ ۱۰ آیت۔۵۳۔

تفسیر قرآن ربوبیت والوہیت

ربوبیت والوہیت :

کتاب مقائس الغتہ ج ۱ ص ۴۵۸ پر آیا ہے رب ان دو کلمے کے چند اصول ہیں **اصلاح اشئی و القیام علیه رب مالک و خالق لزوم شئی و الاقامة علیه ۔**

کتاب التحقیق فی کلمات جلد ۴ ص ۱۷ الرب (الف لام) یا اضافے کے ساتھ اللہ کے لئے کہتے ہیں کسی چیز کے مالک کو کہتے ہیں رب الدین رب المال سیّد کو کہتے ہیں سربراہ آقا مالک کو کہتے ہیں **فیسقیٰ ربّه خمرا الرب ۔** جب کہیں گے تو مخلوق کے لئے صحیح نہیں ہے مالک کے معنی میں کیونکہ (ال) عموم کے لئے ہے تو مخلوق تمام مخلوقات کا مالک نہیں ہوسکتا۔ صاحب مقائیس سے نقل ہے رب کی چند اصول ہیں۔

۱۔رب اصلاح شیء و القیام علیه رب : مالک ، خالق، و الصاحب ۔

۲۔رب المصلح الشیء رب فلان ضیعتَه فلان باغ کا مالک ۔

۳۔رُبّ عنب رب انگور کو کہتے ہیں۔

رب رب کل الشیء : مالکه و الربانیّ شدید الاتساب رب اصل میں تربیت کو کہتے ہیں ایک چیز کو ایک حال سے دوسرے حال میں منتقل کرنے کو کہتے ہیں اصل اس مادے میں **سوق شیء الی جهة کمال و رفع النقائص بالتخلیةو التحلیة۔**

وحدانیت اللہ:

کلمہ وحدانیت مادہ وحد سے بنایا ہے جس کے معنی انفراد ہے راغب اصفہانی نے کہا ہے ہی شئی الذی لا جزء لہ وحدہ یعنی اس کو واحد گردانا گیا یا اس کو ایک حساب کیا ہے۔

کلمہ واحد مشترک بین مخلوق وخالق یعنی دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے لیکن دونوں وحدت میں فرق ہے وحدت مخلوق قابل تحول ہوتا ہے یا وحدت دعائیہ ہے وحدت حقیقی نہیں ہے اما وحدت خالق جل شانہ وحدت اصلی ہے عارضی نہیں وحدت حقیقی ہے قابل تھول نہین قابل انتقال نہیں ہے۔

احد اکمل از واحد ہے اما وانیہ یہ صرف ذات باری تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے اما توحید یہ ایمان مکلّف ہے اللہ تعالیٰ متصف بوحدت ہے۔

وحدانیت اللہ اس کائنات جو صاحب فکر وعقیدہ ہے وہ انسان ہے انسان اس کائنات میں دو چیز دیکھ رہا ہے ایک خود انسان ہے خود کو دیکھ رہا ہے دوسرا تمام کائنات آسمان ستارے، بحرات اشجار ودرخت حیوانات دیکھ رہا ہے یہاں تین

مفروضہ بنتا ہے یہ مخلوقات انسان سمیت خود نے خود کو خلق کیا ہے یہ مفروضہ باطل ہے کیونکہ انسان قبل از وجود نہیں تاکہ وہ خود کو خلق کریں ہر چیز کی وجود میں آنے کے لئے ایک موجود چاہیے یہ مسلمات عقل کے خلاف ہے قرآن کریم میں اس مفروضے کو باطل گردانا ہے طور ۳۵۔۳۶

۲۔ بعض نے بعض کو خلق کیا ہے یہ مفروضہ بھی پہلے جیسا باطل ہے کیونکہ جس نے دوسرے مخلوق کو خلق کیا ہے خود کو کس نے خلق کیا ہے خود نے خود کو خلق کیا باطل ہے چہ جائیکہ دوسرے کو خلق کریں۔

۳۔ غیر مخلوقات نے مخلوق کو خلق کیا ہے یہاں سوال آتا ہے یہ غیر مخلوقات جس نے تخلیقات کو خلق کیا ہے وہ ہاتھ اللہ سبحانہ و تعالی ہے یا وہ خود مخلوقات ہے تو ورہ گیا کائنات کو اللہ نے خلق کیا ہے اللہ نے ہی کائنات کو خلق ہے اس پر اللہ پرستوں نے یہ دلائل قائم کی ہے۔

توحید ربوبیت والوھیت:

قرآن کریم میں خطابات دیکھنے سے پتہ چلے گا کہ یاایّھا الناس سے خطاب کی تعداد بہت کم ہے جبکہ الناس کی تعداد بہت ہے جس میں تمام انسان شامل ہیں یاایھا الناس تمام منکر اللہ انبیاء قیامت شریعت ادیان محرفہ والے یہود و نصاریٰ مجوس سب شامل ہے منافقین معاندین سب شامل ہے لہذا ایھا الناس سے خطاب زیادہ ہونا چاہیے۔اس کی یہ وجوہات ہوسکتی ہے:

ا۔وہ دلیل سننے کے لئے تیار ہی نہیں ہوتے۔وہ کسی طرح سے دعوت سننے پر آمادہ ہی نہیں ہوتے۔کہتے ہیں ہمارے کانوں میں کپاس ہے اور اگر کسی پر دلیل یا دعوت سننے کا کی خدشہ رہتا ہے تو اس پر شور وشرابہ کریں۔

واسقف فیہ ہے معاندین کا گروہ آتا ہے اس مشرکین یہود و نصاریٰ مجوس حتیٰ مسلمانوں کے فرقہ ضالہ جو اندر یہ یہود و نصاریٰ صلیبوں کا ہے باہر مسلمان ہونے کا مظاہرہ کرتا ہے یہ گروہ قابل مخاطب نہیں ے ان کے بارے میں سورہ بقرہ کی پانچویں چھٹی آیت آئی دوسرا گروہ فاضلین ان پڑھ ہے۔ناس تین حالات سے خالی نہیں ہے۔

ا۔یا ناس جاھل ہے انپڑھ ہے سادہ ہے اس سے متوجہ متنبہ کرنے والے ملے اس کے عقل اس کو درک کرے تو وہ آمنا صدقنا کہیں گے۔

۲۔آسان سے ہر صدا کی طرف نہیں جاتے وہ مطالبہ دلیل کرتے ہیں۔

۳۔معاند اور متکبر گروہ ہے ان کو ھدایت ہونی نہیں ہے لہذا وہ درجہ مخاطب سے گر جاتا ہے ان کو مزید دعوت دینے کی ضرورت ختم ہوجاتی ہے لہذا گفتگو صرف دوسری گروہ سے ہوں گے جو ربوبیت والوھیت کے لئے دلیل مانگتے

ہیں۔

سورہ بقرہ آیت۔۲۱۔۱۶۸ سورہ النساء آیت۔۱ ۔۱۷۴ سورہ اعراف آیت۔۱۵۸ سورہ یونس آیت۔۲۳ ۔۱۰۴۔۱۰۸ سورہ حج آیت۔۱۔۵۔۴۹۔۷۲ سورہ نمل۔آیت۔۱۶ سورہ لقمان آیت۔۳۳ سورہ فاطر آیت۔۱۵ سورہ حجرات آیت۔۱۳ سورہ انشقاق آیت۔۶ ان میں یاایّھا الناس کہکے خطاب کیا ہے ان آیات کو پڑھنے سے ان کی تفسیر دیکھنے سے غور کرنے سے پتہ چلے گا کہ انسان اس دنیا میں خود کو ایک بڑی طاقت قدرت کے اندر سمجھتے ہیں بےبس سمجھتے ہیں وہ دو ہیں

۱۔جو رزق اس کو ملتا ہے اس کی بقائے حیات کے لئے ضروری ہے اسے طلب کرتے ہیں کبھی یہ ارزاق انسان کے لئے آسان میسر نظر آتے ہیں کبھی دشوار مشکل زحمت سے میسر آتا ہے کبھی ناممکن ہو جاتے ہیں لہٰذا وہ اس سلسلے میں پریشان رہتے ہیں، کبھی انسان اپنے ارزاق کی برگشت دریاوں کو گردانتے ہیں اسکے سامنے خاضع ہو جاتے ہیں اللہ سبحانہ تعالیٰ انسان کو اس زاوئے سے خطاب فرماتا ہے یہ جو رزق تم کھاتے ہو ارزاق اس کو پانی کون دیتا ہے اس کو کون اگاتے ہیں غذا سے زیادہ اہمیت پانی کو ہے یہ جو پانی تم پیتے ہو کہاں سے آتے ہیں کبھی فرماتا ہے ان بنجر زمینوں کو آباد کون کرتا ہے بتاؤ بعض تقلیدی لوگوں نے یہاں شبہ ایجاد کیا ہے یہ جو پانی آسمان سے آتے ہیں غلط ہے آسمان سے نہیں نزدیک سے آتے ہیں درمیان سے آتا ہے دریاؤں سمندروں سے بخارات بن کے اُوپر جاتا ہے اور بادلوں میں رہتا ہے پھر بادل سے نیچے گرتا ہے تو ان سے سوال ہوگا یہ جو پانی سمندر اور بخارات اُوپر کون لے جاتا ہے؟ اُوپر محفوظ کون کرتا ہے اُوپر سے نیچے کون گراتا ہے؟ یہ جو آگ تم جلاتے ہو اپنے غذا کو پکانے کے لئے استعمال کرتے ہو یہ کس نے نکالا ہے ؟ کہاں سے لایا ہے؟ اگر ہم اس پانی کو بند کریں تو کوئی ہے جو تمہیں پانی لا کر دے گا؟ ارزاق چونکہ انسان کی بقائے حیات کے لئے پہلا اور آخری ستون ہے انسان کی حیات میں تین ستون ہیں:

۱۔غذا

۲۔پانی

۳۔ہوا

غذا انسان کے اندر چند دن کے لئے ذخیرہ ہوتی ہے پیٹ میں چربی کی صورت میں ہڈی میں یہ چیزیں ذخیرہ ہوتیں ہیں چند دن غذا نہ ملے تو ذخیرہ سے کھاتے ہیں ذخیرہ ختم ہونے کے بعد وہ مرجاتا ہے لھذا بھوک انسان کے لئے برداشت نہیں ہے بھوک لگنے کے بعد ظالم بادشاہ بھی محفوظ نہیں رہتا ہے بعض مرنے سے پہلے خودکشی کرتا ہے غذا کی

اہمیت اتنی ہے مصر میں ایک سال قحط ہوا انسان اپنے عزیز و اقارب کے مردہ گوشت کھانے لگے ایک عورت اپنے زیورات کے بستے کو بازار لے گئی چند کلو گندم خرید نے کے لئے چند کلو گندم دینے والے نہیں ملے تو اس نے زیورات کو راستہ پے پھینک دیا جب مجھے میری حیات کیلئے چند کلو گندم نہیں ملے تو مجھے اس کا کیا فائدہ غذا کی اتنی اہمیت ہے۔

پانی کی اہمیت ہارون الرشید اس وقت کی چالیس سے پچاس حکومتوں کے حاکم تھے پاکستان ہندوستان افغانستان ایران روم سب ان کے ماتحت تھے۔

ایک دن اس نے دربار میں خادم سے پینے کا پانی مانگا خادم نے اس کو پانی دیا پانی پینے سے پہلے عبداللہ بن مبارک نے ان سے ایک سوال کی اجازت چاہی کہ پانی پینے سے پہلے مجھے ایک سوال کی اجازت دیجئے عبداللہ نے کہا اگر پانی نہ ملے تو کتنے میں خریدو گے ہارون نے کہا نصف سلطنت دے کر عبداللہ نے کہا یہ آپ کو گوارا ہو ہارون نے پانی پیا پینے کے بعد عبداللہ نے پھر سے پوچھا یہ پانی آخر میں جسم سے بول کی صورت میں نکل جاتا ہے اگر نہ نکلے راستہ بند ہو جائے تو آپ کیا کریں گے نکالنے والے کو کیا دیں گے اس نے کہا دوسرا نصف دیں گے عبداللہ مبارک نے کہا کہ اتنی بڑی سلطنت ایک گلاس پانی پینے اور اس کو نکالنے کی قیمت ہو۔ پانی جسم میں غذا سے کم کم مدت باقی رہتے ہیں غذا سے جلدی ختم ہوتا ہے لہذا اللہ نے پانی کو فراواں رکھا پانی کے لئے کوئی قیمت نہیں ہے اگر آج پانی کے لئے کوئی قیمت ہے تو اس کی سپلائی وغیرہ کے لئے ہے خود پانی کی قیمت نہیں علم سائنس سے زراعت کو بہتر بنایا ہے زیادہ بنایا ہے لیکن پانی کو زیادہ نہیں بنا سکے پانی وہی ہے جو اللہ نے پیدا کیا ہے پانی سے زیادہ اہمیت سانس کی ہے ہوا ہے ہوا بھی فراواں رکھا ہے اس کے بغیر انسان جی نہیں سکتا لھذا چند سکنڈ ہوا ختم ہو تو انسان مرجاتا ہے تو یہ رزق کہاں سے آتا ہے تم کو رزق کس نے دیا لیکن شیاطین ابالیس اللہ سے روگردانی کرنے والوں نے ہر دور میں خود کو رب متعارف کیا فرعون نے کہا فقال اَنَا رَبُّکُمُ الاعلیٰ سورہ النّٰزعٰت آیت ۔۲۴ پھر بولا میں تمہارا سب سے اُونچا رب ہوں۔

حضرت موسیٰؑ فرعون کے پاس آئے اللہ کی دعوت لے کر میں تمہیں اللہ رب العالمین کی طرف دعوت دینے کے لئے آیا ہوں فرعون نے کہا کہ میں خود رب ہوں میں کسی اور رب کے سامنے کیوں جھکوں موسیٰ نے کہا میرا رب خالق موت وحیات ہے (آیت) فرعون نے کہا ہم بھی موت وحیات دیتا ہے (آیت) سزائے موت والے کو بری کر دیا بری کو سزا موت دی ۔۲۔ تاریخ میں اللہ سے جنگ لڑنے والوں میں دوسرا گروہ کمونیزم ہے (۱۸ ویں صدی میں (صحیح تاریخ ڈالنی ہے) وجود میں آئی اسکول کے بچوں کو کمرے میں بند رکھا بھوکا رکھا ان سے کہلوایا کہ اے اللہ ہمارے لئے کھانا بھیجیں اے موسیٰ ہمارے لئے کھانا بھیجیں اے عیسیٰ اے محمد ہمارے لئے کھانا بھیجیں تو کہیں سے کوئی جواب نہیں آیا

تو کچھ دیر کے بعد کہا اب تو ان سے تو کوئی جواب نہیں آیا تو اس کے بعد ان سے کہا لینین اور مارکس کو آواز دو جونہی ان کو آواز دی دروازے کھل گئے رزق آیا بتایا رزق کون دیتا ہے پتہ چلا کہ رزق کون دیتا ہے اللہ نہیں بلکہ مارکس دیتا ہے۔

۳۔منافق ملحد دین میں الحاد پھیلانے والوں نے علی کو رازق بتایا علی سے رزق مانگتے ہیں لہٰذا ان لوگوں نے یا علی مدد کے نعرے کو اٹھایا ہے عام لوگ علی سے علی ابن ابی طالب شوہر نامدار حضرت زہرا سمجھتے ہیں جب کہ منافق ملحد کا مراد یہ علی نہیں بلکہ آغا خان مراد ہے لہٰذا جہاں جہاں آغا خانی نفوذ ہے وہ آغا خان کو رازق سمجھتے ہیں لہذا اللہ نے ارزاق سامنے لانے کے بجائے ارزاق کے مصدر کی طرف متوجہ کیا۔مصدر ارزاق پانی ہے پانی نہیں ہے تو کوئی رزق نہیں بنتا ہے رزق حیوانات، درخت اور زراعت ہے یہ تینوں پانی سے قائم ہیں۔تو اسی وجہ سے اللہ نے بار بار پانی کی طرف اشارہ کر کہ فرمایا پانی کو کس نے نازل کیا ہے؟

۴۔رزق دنیا میں اللہ کو سچے ماننے والے اللہ کو جھوٹے ماننے والے نہ ماننے والے انکار کرنے والے اللہ سے جنگ لڑنے والے سب رزق کھاتے ہیں تو یہ منافقین علی اللہ والے کہتے ہیں۔اگر اللہ دیتا ہے تو ھندوؤں کو کون دیتا ہے کمیونسٹیوں کو کون دیتا ہے یہاں قرآن سے جاھل مولوی نما پھنس جاتا ہے اس کا کوئی جواب ان کو نہیں ملتا ہے۔لیکن جواب یہ ہے ان کو بھی اللہ دیتا ہے لیکن اللہ نے رزق کو ایمان سے مربوط نہیں رکھا ہے کیونکہ ان کو اللہ نے ان کی مرضی اور ان کے ارادے کی چاہت سے یہاں نہیں لایا۔اس کی مثال کچھ اس طرح سے ہے اگر آپ نے کسی کو اپنے گھر پر کھانے کی دعوت دی گھر میں آنے کے بعد گھر والے سے جھگڑا ہوا تو گھر والے کی ذمہ داری ہے اس کو کھانا دے اور اس کو واپس ان کے گھر پہنچا دیں چونکہ اس کو بلا کے لایا ہے اس دوران میں ان کو کوئی تکلیف ہو جائے تو میزبان ذمہ دار ہوتا ہے یہ کافرین اللہ سے کہہ سکتے تھے ہم اپنی مرضی سے نہیں آئے تھے ہم ایمان کے وعدے پر نہیں آئے تھے تو نے لایا ہے لہٰذا خالق اللہ ہونے کی وجہ سے تمام مخلوقات کو رزق دینا اللہ کی رحمت کا تقاضا ہے اسے ربوبیت کہتے ہیں۔

۲۔اللہ نے فرمایا تم سے سوال ہے ریاضی سوال ہے ان دو میں سے ایک کا جواب دو تم کو اور تم سے پہلے لوگوں کو کس نے خلق کیا؟ چند حالات سے خالی نہیں کہ وہ یہ جواب دیدیں۔

۱۔میں نے اپنے آپ کو خلق کیا ہے۔

۲۔مجھے کسی اور مخلوق نے خلق کیا ہے ممکن ہے کہ کہہ دیں کہ والدین نے خلق کئے ہیں تو سوال ہوگا کہ والدین کو کس نے خلق کیا؟۔

۳۔ان سب سے مافوق ہستی نے خلق کیا ہے مشرکین سے سوال ہوا کہ تم اور یہ آسمان و زمین کو کس نے خلق کیا تو

انھوں نے جواب دیا کہ اللہ نے خلق کیا ہے۔

۴۔اللہ کو خالق تصور کرنے کے بعد انسان کے سامنے کوئی وجہ نہیں رہتا ہے کہ کسی اور کی پرستش کرے اللہ کی پرستش نہ کرے انسان کو خاضع ہونا چاہئے لہٰذا سورہ بقرہ کی آیت ۲۱ میں فرمایا کہ اپنے رب کے سامنے خاضع ہو جاؤ (آیت) گمراہ کنندگان نے جب دیکھا کہ اللہ کے سامنے خاضع ہونے کے علاوہ کوئی چارہ نہیں تو انھوں نے ایک اور چارہ پیدا کیا کہا اللہ نے انسانوں کو خلق کرنے کے بعد ان کو ارزاق دینے کا اختیار ان ہستیوں کو دیا ہے یا شرط رکھا ہے اللہ انہیں کو دیں گے جو ان سے متوصل ہو جائے گا متوصل نہ ہونے والے زیادہ کھا پی رہے ہیں اس کا کیا جواب ہوگا۔

سورہ یونس آیت۔۲۳ یں آیا ہے اے لوگو تمہاری طغیان سرکشی اس کی نتائج کی برگشت تمہاری ذات کو لاحق ہے یہ طغیان یہ سرکشی صرف حیات دنیا تک کے لئے ہے پھر تم ہماری طرف برگشت کرو گے پھر ہم تمہیں خبر کر دیں گے کہ تم کیا کرتے تھے

۔

یہ آیت کریمہ سے پہلے والی آیت ۲۲ میں ہے جب انسان کشتی میں سوار ہوتا ہے تو اس وقت انھیں خوش گوار ہوا آتی ہے جس پے وہ خوش ہوتا ہے اس خوشی کے دوران ایک تند و تیز ہوا آتی ہے اور فورا دریا کی موجیں ہر طرف سے اٹھتی ہیں اور ڈرتے ہیں ہلاکت نے انہیں گھیر لیا ہے اس وقت اخلاص کے ساتھ اللہ کو پکارتے ہیں اگر ہمیں اس عذاب سے اس ہلاکت سے نجات دیں گے تو ہم ہمیشہ اس ذات کے لئے شاکر رہیں گے اللہ ان کو نجات دیتا ہے تو پھر دوبارہ بغاوت شروع کر دیتا ہے اس آیت میں ایّھا الناس ایھا انسان کو اللہ کی نعمتوں کو فراموش نہ کرنے کی دعوت دی گئی ہے۔اس کی نعمتوں کو یاد رکھے ہماری نعمتوں کو فراموش کرنے کے بعد تمہیں پھر دوبارہ پلٹ کے ہماری طرف آنا ہے گویا یہ آیت خطاب وعتاب ہے ان طاغی سرکشوں سے کہ تم ہمارے قبضہ قدرت سے باہر نہیں جاسکتے جائے فرار نہیں طاغی باغی کافر ملحد ہماری قدرت کے دائرے سے باہر نہیں۔

اس کے بعد آیت ۲۴ میں فرماتا سمجھ لو کہ اس حیات دنیا کی مثال اس پانی کے مانند ہے جو ہم نے آسمان سے نازل کیا ہے یہ پانی زمین کی نبات سے مل گیا ہے سبزیاں جو لوگ کھاتے ہیں یہ پانی جو زمین پر گرتا ہے اس سے نباتات کا جز بنتا ہے اور وہ نباتات انسان اور حیوان کھاتے ہیں اس پانی سے زمین کو زینت ملتی ہے سرسبز و شاداب ہوتی ہے تو لوگ گمان کرتے ہیں اب یہ ہمارے لئے ہمیشہ رہے گی کتنا خوشگوار ماحول ہے فضاء ہے سمجھتے ہیں کہ یہ چند دن کے لئے ہے اس وقت اچانک ہمارا قہر وعذاب آتا ہے کبھی رات کو کبھی دن کو۔ہم اس طریقے سے تم کو مثالیں دکھاتے رہتے ہیں یعنی کتنی فصل ربیع آئے سورہ یونس آیت۔۵۷ میں آیا ہے اے لوگو تمہیں اللہ کی طرف سے تذکر آیا تھا یاد دلا یا تھا اللہ نے

تمہیں وعظ کیا تھا تمہارے دل میں جو چیزیں تھیں اس کے لئے دوا آئی تھی ہدایت ورحمت آئی تھی۔

گویا اس آیت میں اللہ نعمتوں کا ذکر کرتا ہے یہاں سے انسان کو سمجھنا چاہئے اللہ کی نعمتیں چاہے مادی ہوں یا معنوی چاہے فطری ہوں یا فعلی ہوں، نعمت خلق نعمت شکل وصورت نعمت فکروزہانت نعمت ہدایت ورہنمائی ہو اللہ کی نعمتیں تمام انسانوں کے لئے ہیں مخصوص ایک جماعت ایک گروہ کے لئے نہیں ہے چنانچہ ہم دنیا میں دیکھتے ہیں کتنے حسین و جمیل حسینہ عالم کافر وملحد ہیں۔ان کو یہ نعمت کس نے دی ہے دنیا میں نامور نمبر لینے والے صاحب ثروت ودولت خدا سے جنگ لڑتے ہیں قارون کو یہ نعمت کس نے دی راگ فیلر کو کس نے دی ہیڈ ولناٹریپ کو کس نے دی ہے ذھین وفریس مکار وحیّا لدھوکہ باز ڈاکے والے دھشت گرد والے دین خدا کے خلاف اسمبلیوں میں بل پاس کرنے والے کو عقل و ذہانت کس نے دی ہے یہاں اللہ نے اپنی بے مثال نعمتیں ان کو دی ہے ان سے ضمنی سوال ہیں یہ نعمتیں جو تمہارے پاس ہیں اپنی خلق کردہ نہیں ہیں اپنی پیدا کردہ نہیں ہیں ہم نے دی ہیں۔

سورہ یونس آیت۔۱۰۴ میں فرماتا ہے اے لوگو اگر تمہیں میرے دین میں شک ہے تو میں تمہارے معبودوں کی پرستش نہیں کروں گا میں اس رب کی پرستش کروں گا جو تمہیں موت دے گا تم کو اپنے قبضے میں لے گا انسان کو اس ذات کی عبادت کرنا چاہئے جو اس کی موت وحیات اس کے قبضے میں ہو وجود دینا وجود اٹھانا۔کیوں اس ذات کی پرستش کریں جو تمہیں موت سے بچا نہ سکے موت کائنات میں ایک حقیقت نا قابل انکار ہے کافر وملحد ومؤمن ومنافق خواستہ نخواستہ اس کے سامنے سر تسلیم ہے۔تو کیوں کر اس کی طرف جاتے وقت طغیان وسرکشی کر کے جائے لہٰذا قرآن میں بارھا اللہ نے لوگوں کو دعوت یاد موت سے کیا ہے یاد موت انسان کے لئے جہاں ناگزیر چیز ہے ساکن کنندہ چیز ہے نا قابل فرار حقیقت ہے دلیل بر وجود خدا ہے وہاں مؤمنین کے لئے نسیان غفلت کوتاہیوں سے نکلنے کا تذکرہ ہے مصیبتوں میں پھنسے ہوئے انسانوں کے لئے واحد علاج ہے ملک کی درس گاہوں میں منابر پر یاد موت نہ ہونے کی وجہ سے بے ایمانی بے دینوں کی حوصلہ افزائی ہو رہی مؤمنین کو ہدایت ہے کفی بالموت موعظۃ اگر وعظ کنندہ نہیں ہے تو تم خود یاد موت کرو۔

یاایّھا الناس کا ایک خطاب انسانوں کے لئے یاد موت دلانا ہے جس سے کوئی انسان فرار نہیں کر سکتا ہے یہ آیت اس بات کی دلیل ہے، تم یہاں رہنا چاہتے ہو جانے سے کراہت رکھتے ہو کتنا ہی ڈیکٹیٹر امر متکبر کیوں نہ ہو نہیں کہہ سکتے ہیں میں نہیں جاوں گا۔

دین حق پے رہنے والوں کو حق کی طرف دعوت دینے والوں کو اپنے دین پر یقین اور اطمنان کا کیسے مظاہرہ کرنا چاہئے دنیا اوپر بالا ہو جائے خطرے گیرے تب بھی اپنے دین پر ذرہ برابر شک نہیں ہونا چاہئے قائم رہنا چاہئے یہ آیت

ان سیاسی سماجی اور خاص کر اس وقت دنیا میں مذاہب کی ہم آہنگی کی تحریک چلانے والے نام نہاد مسلمانوں سے خطاب ہے اپنے دین پر یقین رکھنے والوں کی علامت نشانی ہے ان کے لئے شائستہ نہیں ضال گمراہ ملحد کافر مشرک منافقوں سے اتحاد کرے۔

قرآن کریم میں اس مضمون میں ایک آیت سورہ کافرون ہے سورہ یونس آیت۔۱۰۵ میں آیا ہے آپ اپنے دین پر قائم رہیں آپ شرک کی طرف مائل نہ ہو اللہ کے علاوہ کوئی بھی نہ نفع پہنچا سکتے ہیں نہ کوئی ضرر پہنچا سکتے ہیں اگر آپ نے مشرکین منافقین کے دین کو قبول کیا تو ان کا دین آپ کو فائدہ نہیں دے گا اگر مسترد کیا تو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گا اس حقیقت کے باوجود اگر آپ ان کی طرف جھکاؤ کریں گے تو ظلم ہوگا اس کے برعکس اگر اللہ نے آپ کو مصیبت میں مبتلا کیا تو یہ لوگ آپ کو نجات نہیں دلا سکیں گے اگر اللہ نے آپ کو کوئی خیر عنایت کی تو یہ لوگ اس خیر کو روک نہیں سکتے۔

سورہ یونس آیت۔۱۰۷ سورہ یونس آیت۔۱۰۸ میں فرماتا ہے جن لوگوں تک اللہ کی دعوت حق پہنچی ہے جو کوئی اس حق کے سامنے تسلیم ہوا ہدایت پائی اس نے آپنے نفس کو بچایا جس کسی نے منہ موڑا اس نے اپنی گمراہی کو ترجیح دی وہ گمراہ ہوں گے اگر کوئی کہدے کہ مؤمنین کے لیڈر شکست کھائے کوئی کہے کہ محمد کچھ نہیں کر سکے تو آپ ان سے کہو ہم اللہ کی طرف سے وکیل بن کے نہیں آئے ہیں تاکہ کہے کہ مقدمے میں محمد ہار گئے یہ آیت بھی ایک برھان قاطع دلیل ناطق ہے۔

اپنی مصلحت تراشی وقت وحالات کے تحت کفر والحاد کے ساتھ سیکولروں کے ساتھ قوم کی خاطر سمجھوتہ کرتے ہیں یقین کریں انھوں نے نہ قوم کو فائدے پہنچائے ہیں نہ دین کے لئے انھوں نے اپنے لئے غلاظت خریدی ہے وہ افراد جو پیغمبر کی جگہ پر پیغمبر کی نمائندگی میں قوم کا ھادی بننا چاہے اس کو پہلے دین پر یقین محکم ہونا چاہئے دین کو اُپر سے نیچے عمق بعد دائیں بائیں سب پر عبور ہونا چاہئے لیکن جن درس گاہوں میں پڑھے ہیں وہاں دین کے نام سے بے دینی سکھاتے ہیں وہاں اس علم کو سکھاتے ہیں جو بی بے دینوں نے دین سے انحرافی کے لئے بنائی ہے اس علم کے بانیان سب مشکوک ہیں اگر کسی کو اعتراض ہے تو پوری نحوبین کی فہرست وتاریخ لائیں گے۔

سورہ النساء آیت۔ا اس آیت کریمہ میں ناس سے خطاب کیا ہے سب سے پہلے ان کو دعوت دی ہے اپنے رب سے ڈرو جہاں خطاب تحدید ڈراؤ پر مشتمل ہو یہ علامت ہے مخاطب کی پنجہ قدرت سے اور اس کی دائرہ سلطنت سے فرار ممکن نہیں جہاں جہاں انسان یہ محسوس کرتے ہیں کہ میں کسی کی گرفت کے اندر ہوں کسی کی قدرت کے اندر ہوں تو اس کو اس کی مخالفت کی ہمت نہیں ہوتی دنیا میں رائج حکومتوں کے رعایا اسی طریقے سے ہے دنیا میں رعایا اپنی حکومتوں کی

مخالفت دوگروہ کرتے ہیں ایک گروہ وہ کرتے ہیں جو اس حکومت پہ حاوی مسلط حکومت کے اشارے پر اس کی پشت بانی پر حکومت مخالفت کرتے ہیں ملک میں جاری سیاسی احزاب وحکومتوں کو دھمکی دیتے ہیں وہ ملک سے باہر حکومتوں کی ایما اشارے یا ان کی ضمانت پر کرتے ہیں ورنہ بہت سے دھواں دار تقریر کرنے والے کمانڈ وصفت والے بھی انتہائی ڈرپوک رہتے ہیں وہ جیلوں میں جانا تو چھوڑیں اپنے گھر کی نظر بندی بھی برداشت نہیں ہے۔

نبوت مادہ نبأ یا نبو سے مشتق ہے نبی بعض نے ہمزہ کے ساتھ پڑھا ہے نبئ بعض نے نبو واو کے ساتھ پڑھا ہے جس کا معنی رفعت اور بلندی کے لئے ہے قرآن کریم میں یہ کلمہ دونوں طریقے سے آیا ہے نبئ عبادی خبر دے دو اور بعض جگہ نبیّ یا پے تشدید لگا کے علماء اعتقاد نے نبوت ورسالت کے فرق میں بتایا ہے رسول نبی سے افضل ہے حالانکہ یہ درست نہیں ہے کیونکہ قرآن میں نبی کی تعریف رسول سے نہیں کیا ہے بلکہ رسول کی تعریف نبی سے کی ہے امّا این کہ نبوت کا مقام منزلت درجہ رسول سے بلند ہونے کی وجہ معلوم ہے نبی کی برگشت ربط نبی کا اللہ کے حوالے سے ہوتا ہے یعنی نبی وہ ہے جو بندوں کو اللہ کی طرف سے خبر دیتا ہے لفظ نبی سے واضح ہوتا ہے کہ اس کا رشتہ اللہ سے ہے یعنی وہ اللہ کی طرف سے ہے جبکہ رسول کا واسطہ انسانوں سے ہے یعنی یہ پیغامبر انسانوں کو پیغام لایا ہے اس کا واستہ اس حوالے سے انسانوں سے ہے تو پیغمبر کی دو نسبت ہے ایک اللہ سے دوسرا بندوں سے تو وہ پہلو اعلیٰ واشرف ہونگے جو اللہ سے ہے۔

موسیٰ سے کہا فرعون کے پاس جاو اس کو میری طرف دعوت دو تو موسیٰ نے کہا کہ میں فرعون کو کیسے سمجھاوں کہ میں آپ کی

طرف دعوت دینے آیا ہوں اللہ نے ید بیضاء کے ساتھ عصاء دی فرعون کے پاس گئے کہا کہ ہم رب کی طرف سے آئے ہیں (آیت) تمہارا رب کون ہے (آیت) موسیٰ نے کہا میرا رب وہ ہے جو خلق کرتا ہے زندہ کرتا ہے مردہ کرتا ہے فرعون نے کہا ہم بھی زندہ کرتے ہیں یہ جو مخلوق ہے میں نے پیدا کیا ہے میں جب چاہوں اس کو مار سکتا ہوں تو سمجھیں ایمان بموت ایمان بغیب ہے غیب غیب سے ثابت نہیں ہوتا ہے فرعون نہیں مانے تو غیب کو ثابت کرنے کے لئے شھود چاہئے تو موسی کو دلیل شاہد پیش کرنا پڑا موسیٰ نے کہا میرا رب سورج کو مشرق سے نکالتا ہے تم اس کو مغرب سے نکالو فرعون پھنس گیا۔

ہماری دعوت بلا معاوضہ ہے اہل مکّہ دعوت کو رد کر رہے تھے وہ اجرت دینے کی خواہش نہیں کر رہے تھے اہل مدینہ اجرت دینے کا اظہار کر رہے تھے یہ واضح نہیں ہے کہ اہل مدینہ سے کس نے اجرت دینے کا مطالبہ کیا کون کون اس میں پیش پیش تھے یہاں مدینہ میں سب کچھ پیغمبر کے لئے دیا ہے اسلام کے لئے دیا ہے اہل مدینہ پیغمبر کے ساتھ اس وجہ سے تھے کہ پیغمبر کی دعوت خالص الٰہی ہے اگر اہل مدینہ کا اصرار ہوتا کہ پیغمبر کو اجرت دے دیں اور پیغمبر اللہ کی زبان سے ان سے یہ کہہ رہا ہے کہ میری رسالت کی اجرت میری قربیٰ سے مودت ہے پیغمبر کے قربیٰ میں سب سے قریب حضرت زہرا اور علی ہیں تو اہل مدینہ اگر پورا نہ ہو تو کم سے کم علی کے حق میں ہوتا یہ اس بات کی دلیل ہے اس مودت سے محبت اہل البیت مراد نہیں ہے پیغمبر کا اجر رسالت سے مراد محبت اہل البیت نہیں ہے۔

بشر کا انبیاء کی دعوت کو قبول کرنے میں چند رکاوٹ موانع پائے جاتے ہیں۔

ا۔ ہر انسان اپنے آپ کو دوسرے انسان کے ساتھ مساوی برابر ہم جنس سمجھتے ہیں لذا ایک دوسرے پر برتری برداشت نہیں کرتے یعنی جلدی قبول نہیں کرتے وہ کہتے ہیں تم بھی انسان ہو ہم بھی انسان ہیں ہم تمہاری بات کیوں مانیں اگر ہم کسی اور کی بات کو مانوں تو ہم کیوں نہ اپنی آباء واجداد کی بات کو مانیں یہاں سے بشر نے ان پر برتر نہ ہونے کو بنیاد بنا کر مسترد کیا۔ کہا آپ ہم پر برتری نہیں رکھتا ہے کیونکہ ہم دونوں برابر ہیں پھر کہا ہم اپنے بزرگان کی پیروی کریں گے یہاں سے ان کا دعویٰ کمزور پڑ گئے کیونکہ وہ بھی بشر تھے کیوں کہ وہ بھی تم جیسے تھے انکو بھی برتری نہیں تھے جب برتری کسی کو نہیں دینی ہے اپنے آباء کو کیوں دیتے ہو۔

تو انبیاء پر ان کو مقدم رکھنے والے بد بخت بد تر وہ لوگ ہیں جو غیر قوم کے ظالمین اپنے اوپر ظلم ڈھانے والوں کو اپنے سے برتر سمجھتے ہیں یہاں سے دور جمہوریت کے عوام پر رونا آتا ہے ہر جگہ مقامی ملکی غیر ملکی باتوں کو من عن قبول کرتے ہیں بعض پرانے کو رد کرتے ہیں جدید کو جدید کہ کے آنکھوں پے لگاتے ہیں سینے سے لگاتے ہیں جبکہ حق نہ جدت میں ہے نہ

قدامت میں ہے حق کا مصداق صرف اللہ ہے یہاں سے انبیاء نے لوگوں سے خطاب میں کہا تم پر ہمیں برتری ہے کیونکہ ہم اپنی طرف سے نہیں کہتے ہیں تم ٹھیک کہتے ہو تم بھی بشر ہم بھی بشر لیکن ہم کہتے ہیں اللہ کی طرف سے لہٰذا انبیاء نے قوموں کو یہ منوایا کہ ہم اپنی طرف سے کوئی بات کہنے کے مجاز نہیں ہم اللہ کی وحی تم تک پہنچاتے ہیں (آیت)

۱۔ اللہ نے بھی وحی کے ذریعے پہنچایا انبیاء سے اگر افتراء باندھیں یا غلطی کریں گے تو ہم ان کی گردن پکڑیں گے وہ ہماری کسی گرفت سے باہر نہیں جاسکتے' اس کو عصمت کہتے ہیں بعض معلوم معصوم کہنے والوں کو ابھی تک عصمت کا فارمولا پتہ نہیں ہے عصمت شخصی کے کہنے سے یا ان کے اقرباء دوست کے کہنے سے نہیں ہوتا ہے نہ کہ کسی اور کی مخالفت سے ہوتا ہے یہاں سے انبیاء کا بول بالا ہو گیا ہے (آیت)

۲۔ انبیاء لوگوں کو دعوت دیتے تھے اپنے کو محدود رکھو انبیاء بتاتے ہیں ہم جو حدود اللہ کی طرف سے بتاتے ہیں اس تک محدود رہو اس میں تمہاری دین و دنیا دونوں کی بھلائی ہے آخرت میں مرنے کے بعد قہر و عذاب الٰہی سے محفوظ رہیں گے تو رسالت الٰہی صرف ہدایت اور رہنمائی ہے اس ہدایت رہنمائی کو قبول کرنے میں انسان کی آزادی جاتی ہے بعض اوقات ان کے دنیاوی مفادات بھی ہاتھ سے جاتے ہیں یہ نقصان ہے بطور مثال انبیاء فرماتے ہیں زنا کے قریب بھی مت جاو تو لوگ کہتے ہیں ہم اس کے عادی ہیں ہم اس کو چھوڑ نہیں سکتے چلو زنا نہیں کریں تو ہم متعہ کریں گے نکاح سری کریں گے کہتے ہیں نہیں یہ بھی جائز نہیں اسلام میں ایک چیز جائیز ہے اسلام کے حرمات کا ایک چہرہ ہے جب کہ اس کے مقابل میں ایک شخص کہتا ہے حرام یا برا کچھ بھی نہیں جی بھر کے زنا کرو پیسہ چاہئے ہم دیتے ہیں عورت ہم دیتے ہیں عورت چاہیے ہم دیتے ہیں جیسا کہ بعض جگہوں پر متعہ رواج دینے والوں نے ایسا بندوبست بھی کیا ہے ان دونوں ترجیحات کے مقابل میں دعوت کو پہنچانے کے لیے انبیاء کو کیا طریقہ اپنانا چاہیے انبیاء کے بعد ان کی دعوت کو اٹھانے والوں کو کیا کرنا چاہئے۔ انبیاء اور ان کی دعوت کو اٹھانے والوں کی دعوت لوگوں کی آزادی سے طمع لالچ نقدی منافع مفادات سے متصادم ہے لہٰذا اللہ نے انبیاء سے کہلوایا اور ہمیشہ داعی حق اور داعی باطل میں تمیز کرنے کا اصول وضع کیا لوگوں کو سمجھنا چاہیے جاننا چاہئے داعی حق کون ہے داعی باطل کون ہے تمہارے حق میں کون بات کرتا ہے تمہارے خلاف کون بات کرتا ہے یہ سمجھنا چاہئے یہ لوگوں کو مطمئن کرے کہ اس دعوت سے ہمیں کوئی فائدہ نہیں ہے ہماری دعوت کو قبول کرنے سے تمہیں کوئی نقصان نہیں ہماری دعوت مفت کے مفت ہے کسی قسم کی مادّی فکری اجتماعی اجرت کے خواہاں نہیں نہ تم سے اجرت لے سکتے ہیں نہ ہمیں لینے ہے کیونکہ ہم اللہ کا نمائندہ ہے (آیات) قل لا اسئلکم ۔۔۔۔

۲۔ قرآن میں اللہ نے انبیاء سے کہلوایا ہے کہ ہم اپنی تبلیغ رسالت کے اجر کے خواہاں نہیں ہیں یہ اعلان قرآن کریم کے:

۱۔سورہ شعراء کی آیت ۔۱۰۹۔۱۲۷۔۱۴۵۔۱۶۴۔۱۸۰میں آیا ہے ہم تم سے اجر نہیں چاہتے ہماری اجرت اللہ پر ہے انبیاء اورلوگوں کے درمیان کوئی مسئلہ پیش آیا تھا کسی شئی نے اجرت مانگا تھا اس کی رد میں فرمایا ہے اس اعلان کے منطق انبیاء ظاہری طور پر لوگوں کے فرائض واجبات محرمات لائے ہیں جو مستکبرین کافرین مفاد پرستوں کے مفاد کے خلاف ہے لہٰذا وہ عام لوگوں سے کہتے تھے تم ان سے بچ کے رہو یہاں انبیاء سے کہلوایا ہے کہ ہمارا اجر اللہ پر ہے۔اجرت دو طرف سے نہیں ہوتا ہے ہم اللہ کی طرف سے مأمور ہیں لہٰذا بہت سے اداروں میں یہ اعلان کرتا ہے ہماری مزدور کو بخشش نہیں دینا دو طرف سے اجرت زیادہ ہے اور رجحانات ماڈی ان میں پیدا کرتے ہیں سورہ یونس آیت ۔۷۲ میں آیا ہے اگر تم ہم سے روگردانی کروگے ہم نے تم سے کوئی اجرت طلب نہیں کی ہے ہماری اجرت اللہ پر ہے ہم مأمور ہیں کہ صرف اس ذات کے سامنے تسلیم ہو جائیں ان دو آیات میں طلب اجرت کو اس منطق سے مسترد کیا ہے کہ ہماری اجرت صرف اللہ پر ہے تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے جو چیز انبیاء نے امّت سے طلب کی ہے اس میں کوئی انبیاء کی مصلحت میں نہیں جب انبیاء کی امّت سے کوئی مصلحت نہیں تو اس کا مطلب یہ نکلے گا کہ مصلحت خود امّت کی ہے۔

۳۔تیسری آیت زبان نوح سے حضرت نوح نے کہا ہم تم سے اجرت طلب نہیں کرتے ہماری اجرت صرف اللہ پر ہے دوسری وجہ بیان کی ہے جب ہماری اجرت اللہ پر ہے تو ہمارے پاس آنے والے لوگوں کے کوئی امتیاز نہیں ہوگا جن لوگوں نے ہمارے اپر ایمان لائے ہیں تمہارے خوشی میں ان کو دور نہیں کرے گا سورہ ہود کے آیت ۔۵۰۔۵۱ پر آیا ہے کہ ہماری اجرت صرف اللہ پر ہے سورہ یوسف آیت ۔۱۰۳۔۱۰۴ ۔ان کا اجر صرف اللہ پر ہے اب ہمارے نبی حضرت محمد کو حکم ہے آپ بھی انبیائے گذشتہ کی اقتدا میں کہیئے ہماری جو دعوت اللہ کے لئے ہے ہم تم سے اجرت کے خواہاں نہیں ہے سورہ سبا آیت ۔۴۷ پیغمبر سے خطاب ہے آپ کہہ دیجیئے ہم تم سے کوئی اجرت نہیں مانگتے جو ہم نے کیا ہے وہ تمہارے فائدے کے لئے ہے ہم اجرت صرف اللہ سے طلب کرتے ہیں وہ ہمارے عمل کا خود ناظر و گواہ ہے۔

۴۔سورہ ص آیت ۔۸۸ پیغمبر مأمور ہے آپ اعلان کرے کہ دعوت کی کوئی اجرت نہیں ہوگا یہ جو اعلان ہے حقیقت پر مبنی ہے از روئے تکلف نہیں ہے سورہ فرقان آیت ۔۵۷ میں آیا ہے تم سے کسی قسم کی طلب نہیں کرتے یہاں وجہ بتایا ہے یہی جو اللہ کی راہ کو اپناتے ہیں وہی ہماری اجرت ہے۔

۵۔سورہ شوریٰ آیت ۔۲۳ ہم تم سے اجرت نہیں چاہتے سوائے مودت قرباء کے یہ استثناء کونسی استثناء متصل ہے تو اجرت دوسری لفظوں میں مانگا ہے بلکہ یہ کہنا زیادہ درست ہوگا اجرت زیادہ مانگا انسانوں کی سرگرمیوں برگشت قربی کے لئے ہی ہوتا ہے مفسرین آیت میں موجود کلمات حروف سیاق وسباق پر غور کیے بغیر بلکہ نظر انداز کر کے شان نزول سے ایک دوسر

نے اپنا مطلب نکالا ہے ایک نے شان نزول مکہ بنا کر معنی بتائی ہے دوسرے نے شان نزول مدینہ بنا کر اپنا مطلب نکالا ہے یہاں یہ دیکھنا ہے مفسرین فرماتے ہیں جبکہ مفسرین نے فہم آیت کو مشکل بنایا ہے سورہ شوریٰ مکہ میں نازل ہوئی ہے لیکن صرف یہ آیت مدینے میں نازل ہوئی ہے یہاں یہ ایک دعویٰ ہے ابھی تک کسی روایت کو متواتر بنا کر تحقیق سے روکا گیا ہے اگر آیت کو مکّہ میں نزول قرار دیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ہمارا عمل بلا عوض ہے ہماری دعوت بلا معاوضہ ہے اہل مکّہ دعوت کو رد کر رہے تھے وہ اجرت دینے کی خواہش نہیں کر رہے تھے اہل مدینہ اجرت دینے کا اظہار کر رہے تھے۔ جبکہ مکہ اور مدینہ دونوں میں اجرت طلب کرنے کا معنی نہیں بنتا ہے خود ذات رسول اللہ یا ان کے اقرباء کے مفاد میں ہو۔

یہ واضح نہیں ہے کہ اہل مدینہ سے کس نے اجرت دینے کا مطالبہ کیا کون کون اس میں پیش پیش تھے یہاں بھی مدینہ میں سب کچھ پیغمبر کے لئے دیا ہے اسلام کے لئے دیا ہے اہل مدینہ نے پیغمبر کا ساتھ اس وجہ سے دیا ہے کہ پیغمبر کی دعوت خالص الہٰی ہے اگر اہل مدینہ کا اصرار ہوتا کہ پیغمبر کو اجرت دے دیں اور پیغمبر اللہ کی زبان سے انسے یہ کہہ رہا ہے کہ میری رسالت کی اجرت میرے قربیٰ سے مودت ہے پیغمبر کے قربیٰ میں سب سے قریب حضرت زہرا اور علی ہیں تو اہل مدینہ اگر پورا نہ ہو تو کم سے کم علی کے حق میں ہوتا یہ اس بات کی دلیل ہے اس مودت سے محبت اہل البیت مراد نہیں ہے پیغمبر کی اجر رسالت سے مراد محبت اہل البیت نہیں ہے۔

سوال اجر میں استثناء:

۱۔ ہماری اجر اللہ پر ہے سورہ یونس آیت ۔۷۲

۶۔ ہمیں اجرت طلب کرنے کا حکم نہیں ہے سورہ ص آیت ۸۶

۷۔ سورہ فرقان آیت ۔۵۷ میں آیا ہے کہ ہم تم سے اجر کے خواہاں نہیں ہے

۲۔ یہ کوئی اجرت کا کام نہیں یہ اللہ کا ذکر ہے سورہ یوسف آیت ۔۱۰۴

۳۔ ہمارا اجر یہ ہے جو خدا کی طرف راستہ تلاش کرے سورہ فرقان آیت ۔۵۷

۴۔ ہمارا اجر صرف اللہ پر ہے سورہ شعراء آیت ۔۱۰۹

۵۔ ہمارا اجر تمہارے لئے ہے سورہ سباء آیت ۔۴۷

۱۔ دعوت انبیاء اپنی جگہ ایک گراں قدر عمل ہے جو ایک انسان دوسرے کے لئے پیش کرتے ہیں تو شرافت مندی کا تقاضا یہ ہے کہ وہ اس کو متبادل کوئی اجرت ادا کرے اگر دین و دیانت پر قائم انسان وہ جان لے یہ رسالت جو اسکی دنیا و آخرت

دونوں میں سعادت کی ضامن ہے اس کا کوئی متبادل عوض اس کے امکان میں نہیں سوائے تسلیم اللہ اور رسول ہوجائیں نبی کریم ان سے فرمارہے ہیں کہ ہم نے تمہارے لئے ایک گراں قدر خدمت پیش کیا ہے اس حوالے سے انبیاء یہ کہہ سکتا ہے تمہارے ذمہ پے میرا یہ حق بنتا ہے لیکن میں تم سے وہ حق طلب نہیں کررہا ہوں اجرت عمل کے مقابلے میں کچھ کریں۔

۲۔اجرت اگر دے دیں تو مقابلہ عمل دیں گے عمل کے تناسب سے دیں گے یہ عمل جو رسول نے امّت کے لئے پیش کیا ہے وہ کتنی گراں قدر عمل ہے ان کی دنیا و آخرت کی زندگی کے فلاح و بہبودی میں ایک بہترین نسخہ ہے ایک ڈاکٹر علاج کے لئے نسخہ دیتا ہے وہ کتنا لیتا ہے ایک مھندس نقشہ دیتا ہے وہ کتنا لیتا ہے اس تناسب سے اگر رسول کے عمل کا اگر اجرت تعیّن ہوجائے تو کتنا ہوگا کتنا ہونا چاہئے ایک انسان جاھل و نادان اس عمل کی کیا قدر کریں گے کیسے قدر کریں گے جب اس کی کوئی قدر نہیں تو اجرت بھی ادا نہیں کرسکتے لہٰذا انبیاء نے سرے سے کہہ دیا جو عمل ہم پیش کررہے ہیں اس کا اجر تم دے ہی نہیں سکتا ہو کیونکہ یہ عمل جو ہے چند دن کے لئے مفید نہیں ہے حتیٰ صرف دنیا کے لئے نہیں ہے بلکہ دنیا و آخرت دونوں کے لئے ہے تم دے نہیں سکتا بلکہ دینا تو دور کی بات ہے تم اس کا تعیّن بھی نہیں کرسکتے یہ اجر وہی دے سکتا ہے جس نے مجھے بھیجا ہے اس کو پتہ ہے کہ اس کا کتنا اجرت بنتا ہے۔

جو پابند واجبات و ترک محرمات ہوتا ہے اللہ اس کے لئے فرماتے ہے کہ تمہارے لئے اجر عظیم ہے تو پیغمبر کے لئے کتنے اجر ہوں گے جس نے اپنی دنیا کو برباد کیا ہے نظر انداز کیا ہے اپنے لئے کچھ نہیں کیا ہے صرف اللہ کی رضایت وخوشنودی کے لئے کیا ہے اس کی اطاعت و فرمانبرداری کے لئے کیا ہے اس سلسلے میں شعراوی کہتے ہیں تیونس میں ہم گاڑی میں جارہے تھے راستے میں کوئی ڈاکٹر گاڑی کا انتظار کررہے تھے گاڑی والے نے گاڑی روک دیا ڈاکٹر نے پوچھا کتنے میں جاوگے گاڑی کے مالک نے کہا اللہ پر چھوڑتے ہیں تو ڈاکٹر نے کہا پھر تو بہت ہوں گے اسی وجہ سے قرآن کریم کی چندین آیت میں آیا ہے کہ ہماری اجر صرف اللہ پر ہے ہمیں حکم ہے کہ اس کے سامنے تسلیم ہوجائے سورہ یونس آیت ۔۷۲

انبیاء کی دعوت کو تسلسل دینے والے جو عمل انجام دینے کے لیے کہا اس کو انجام دے دیں اس کو تسلیم کہتے ہیں مثلا ایک شخص کسی سے کہتا ہے کہ یہ کام کرو تو وہ چپکے سے کرتا ہے نہیں پوچھتا ہے کتنی اجرت دیں گے اس کو پتہ ہے اس کا کتنا حق بنتا ہے اس آیت میں فرماتے ہیں کہ میری اجرت یہ ہے کہ آپ اللہ کی راہ کو اپنائے سورہ ص آیت ۔۸۶۔۸۷۔ ۸۸ لہٰذا اجر کو مختلف زویے سے اٹھانے کی ضرورت ہے۔

۱۔تم سے کسی قسم کی ولو حقیر ہی کیوں نہ ہو اس کا بھی خواہاں نہیں جس کو اجر کہا جائے۔

۲۔وما انا من المتکلّفین ۔۔۔ نہ میں تمہیں زحمت مشقت میں ڈالنے والی اجرت کا خواہاں ہوں نہ چھوٹی اجرت نہ بڑی

اجرت زحمت کا خواہان ہی نہیں ہوں۔

۳۔ہم تم سے ایسی اجرت کا طالب نہیں ہوں جو تمہاری طبیعت اور فطرت سے متصادم ہو جو تمہارے لئے انجام دینا زحمت مشقت کا باعث ہو بلکہ ایک ایسے عمل کی دعوت دیتا ہوں جو کہ درحقیقت دعوت نہیں ہے بلکہ تذکر ہے یعنی تم نے اللہ کو بھولا ہے ہم تم کو یاد دلانے آئے ہیں ہماری دعوت یاد دھانی ہے۔

۴۔ہماری دعوت ایک سرسری دعوت نہیں ہے اگر اس دعوت کو مسترد کیا تو اس کا انجام برا ہوگا فرمایا ہے اس کو مسترد کرنے کا نتیجہ بہت برا ہوگا جو بعد میں پتہ چلے گا' پھر فائدہ نہیں ہوگا کاش رسول سے کوئی معاہدہ طے کرتا۔

سورہ ص آیت۔۸۶ وما انا من المتکلفین :تکلیف: زیادہ زحمت مشقت دینے کو کہتے ہیں اس آیت میں پیغمبر سے کہلوایا ہے کہ میں تمہیں زیادہ زحمت میں ڈالنے نہیں آیا ہوں مشقت میں ڈالنا نہیں چاہتا ہوں کیونکہ عمل مبہم نامعقول ناقابل فہم و ادراک پیغام نہیں ہے ہر انسان کی فطرت طبیعت سے موافق دعوت ہے متصادم نہیں ہے یہ فطرت انسان عقل قوانین حیات سے موافق پیغام ہے اس میں کسی کے مفاد خواہشات کا دخل نہیں ہے تکلیف دہ وہ باتیں ہوتی ہیں جو باطل ہوں چونکہ باطل کو ٹھونسنا چاہتے ہیں یا فکر غریب ناماموس نادر چیز ہو فطرت انسانی اسے رد کرتی ہو وہ لوگوں کو دھوکہ دے کے منوانے کی کوشش کرتے ہیں اس کے لئے تکلف کرنا ضروری اور ناگزیر ہے وہ غلط طور طریقہ اپنانا چاہتے ہیں جس طرح جو شخص خبر کاذب پھیلاتا ہے جس کی کوئی بنیاد نہیں ہوتی۔

انسان آسانی سے اس کو قبول نہیں کرتے وہ خبر بڑھا چڑھا کر مبالغے سے ٹھونستا ہے یا وہ انسان جو اس کو رد کرنے میں ناکامی کا سامنا ہو دین اسلام دین صراحت دین صداقت ہے یہاں کتمان نہیں مبالغہ نہیں ہے لہذا قرآن میں غلو کی نفی کی گئی ہے اس وجہ سے قرآن میں بار بار تکرار کیا ہے ہماری دعوت میں جبر و اکراہ کی گنجائش نہیں حتیٰ نبی کریم کو بھی منع کیا ہے کہ آپ کسی قسم کا جبر و اکراہ نہ کریں حتیٰ کہ ناکامی کی صورت میں دکھ آزردہ پریشان نہ ہو جائیں یہاں کسی سے متأثر ہونا دکھاوا دھوکہ والی چیز نہیں ہے اگر لوگوں نے قبول کیا تو قبول کیا نہیں کیا تو خود دیگر آیات سے مختلف نظر آتے ہیں یعنی ہم تم سے اجر رسالت نہیں چاہتے ہیں سوائے میرے اہل بیت کی مودت کے عذاب میں مبتلا ہوگا لہذا ہماری دعوت میں تکلف نہیں تصنع نہیں سورہ شوریٰ آیت۔۲۳ اس آیت میں نفی اجرت کے بعد ایک استثناء آئی ہے وہ ہے مودۃ القربیٰ کی تفسیر میں مفسرین نے عزیزان رشتہ دار رسول سے محبت قرار دیا ہے۔

یہ تفسیر خود اس آیت کے پہلے حصہ اور بعد کی حصہ سے غیر مربوط کے علاوہ گزشتہ آیات سے بھی متعارض اور متصادم ہے اجر نہیں چاہتا ہوں سوائے میری اہل بیت سے محبت کے اس نے کوئی مسئلہ آیت کی تشابہ سے ازالہ نہیں کیا ہے بلکہ مزید

تشابہ میں ڈالا ہے کہا ہے مودت قربیٰ نہ مودت کی وصالت کی ہے کیونکہ مودت کی اقسام وانواع سے امودت سے مراد صرف دلی محبت۔

۲۔مودت سے مراد ان کی فعالیت بیان کرنا۔

۳۔ان کو اپنی مال سے کچھ حصہ دینا۔

۴۔ان کی خواہشات کو پورا کرنا۔

۵۔ہمہ وقت ان کی اطاعت کرنا نیز خود متشابہ ہے کہ آپ کے قربیٰ کون ہیں۔:

ا۔وہ ذوات جو آپ کی حیات میں آپ کی معیت میں تھے۔

۲۔وہ افراد جو حضرت زہرا حضرت علی اور حضرات حسنین سے پہلے تھے۔

۳۔وہ افراد جو قیامت تک آنے والے ہیں اس کی تفصیل نہیں ہے جو بھی تفصیل بیان کریں گے وہ اپنی طرف سے ہوگی اس آیت میں وارد روایات نے فہم آیات کو مشکل بنایا تفسیر قرآن کریم احادیث سے کرنے پر اصرار کرنے والون کی مذموم عزائم کا ایک شاخہ مثال اس آیت سے ملتا ہے یہاں جن حادیث سے اس آیت کی تفسیر کی ہے وہ احادیث آیت سے کتنے فاصلے پر ہیں آئیں دیکھیں احادیث نے جہاں آیت سے کشف نقاب کشف خطاءنہیں کی بلکہ آیات کئی اور خطات چڑھادی اور خود اور مشاکل میں یکے بعد دیگر گر گئے جس طرح چھت کی اوپر کی سیڑھی سے گرنے کا انجام ہوتا ہے پہلے مرحلے میں دو مختلف روایات ہیں۔

ا۔یہ مزاحمت ٹکراؤ چل رہا تھا سورہ مکی ہے نبوت کی مزاحمت ہورہی تھی تسلیم نہیں کر رہے تھے لہٰذا مودت قربیٰ کی طلب بے معنیٰ ہوجاتی ہے لہٰذا ان سے مودت قربیٰ سے طلب نہیں کرسکتا ہے مراد پیغمبر کا اپنی طرف سے مشرکین سے طلب مودت ہے کیا آپ کی دعوت کا پاس رکھیں خیال رکھیں احترام کریں چون کہ میں قریش کے قربیٰ میں ہوں' بلکہ نبی کریم نے فرمایا تم مجھے عشائر یہ مطالبہ پیغمبر سے چندیں حوالے سے متصادم ہے کیونکہ

ا۔یہ اس صورت میں ممکن ہوتا اگر پیغمبر غیر قریش کے ہاتھوں اسیر ہوتا تو وہاں پیغمبر قریشوں سے خطاب کرتے کہ میں قریشی ہوں اور قریشی آکے مجھے غیر قریشی سے نجات دے یہاں پیغمبر خود قریشوں کے ہاتھوں ظلم وزیادتی کا نشانہ بنے ہیں۔

۲۔قریش پیغمبر اکرم کی اس دعوت سے تنگ تھے یہاں قریش نے پیغمبر اکرم کو تجاویز دی پیغمبر کی ہر قسم کی خواہش پورا کرنے کے لئے آمادہ تھے کہ آپ یہ دعوت ترک کریں تو کیسے ممکن ہے پیغمبر ان سے رشتہ داری کا پاس رکھتے ہوئے میری

دعوت کو قبول کریں آپ کی دعوت کو مسترد کرنے والے تھے لہٰذا قریش آپ کے لئے محبوب نہیں تھے آپ قریش سے محبت نہیں کرتے تھے کیونکہ کفر سے محبت نہیں ہو سکتی لہٰذا آ کے کافرین سے یہ طلب کرے کہ تم ہم سے محبت کرو مشرکین یہ کہہ سکتے ہیں کہ آپ ہم سے محبت کریں تو ہم آپ سے محبت کریں گے آپ قریشوں کے آباءواجداد تک کے مسخرہ کر رہے تھے
۔

۳۔دوسرے گروہ نے اس آیت کی شان نزول مدینہ میں بنائی ہے اور مدینہ والوں سے مودت قربیٰ چاہا ہے یہاں ان کے لئے پہلا اشکال سورہ کا مکی ہونا آتا ہے وہ اس اشکال کا جواب بعض دیگر آیات کی دیتا ہے کوئی اشکال اعتراض نہیں کہ یہ آیت مدینہ میں نازل ہوئی اس پر اعتراض یہ آئے گا پھر آیت سورہ شوریٰ میں جہاں رکھا ہے غیر مربوط غیر مناسب ہوگا اس سلسلہ میں وارد روایات کا محور یہی ہے کہ یہ آیت مدینے میں نازل ہوئی ہے یہ ثابت کیا ہے لہٰذا مودت کا سوال مدینے میں ہوا ہے اگر کوئی کہے کہ یہ آیت مکہ میں نازل ہوئی ہے تو انہی روایت سے کہیں گے یہ آیت مدینے میں نازل ہوئی ہے گویا ان روایات سے بیک دفعہ دو مدعیٰ نا قابل سماعت نا قابل نقاش دعویٰ کیا ہے

۱۔صرف یہ آیت مدینے میں نازل ہوئی جو کہ خلاف عقل ہے جب پوری سورہ مکہ میں نازل ہوئی ہے صرف اس آیت کو مدینے میں نازل ہونا ثابت کرنا خلاف عقل ہے۔

۲۔نفی اجر رسالت کی آیات کی روشنی میں طلب مودت سے متصادم ومتعارض ہے انسان کی تمام مساعی کا ہدف اس کے قرباء ہوتے ہیں اس کی کفالت کے بعد اور کوئی چیز بھی رہتی ہے مودت کو اجر رسالت قرار دے رہا ہے۔

۳۔تفسیری روایات طبق آیات قرآنی شارح مفسر موضح آیات سے مجمل مبہم بلکہ متشابہ آیات کو پیغمبر واضح الفاظ میں بیان کرے لہٰذا پیغمبر مفسر مبلغ مبیّن قرآن متعارف ہوا ہے جب کہ یہ روایت اس آیات کی اجمال سے دور کا بھی رابطہ نہیں رکھتی ہے بلکہ روایت نے آیت کو مزید متشابہات میں ڈالا ہے روایت نے آیت کو متشابہ بنایا ہے اگر یہ روایت نہ ہوتی تو آیت محکم ہوتی کیونکہ یہ کلمات پوری آیت نہیں اس سے پہلے اور بعد کے حالات کے درمیان میں واقع حصہ ہے یہ جو کہتے ہیں کہ یہ آیت مدینے اتری ہے تو اس صورت میں مکمل آیت مدینے میں اترنا چاہئے نہ کہ ایک ٹکڑا ان روایات نے آیت کے تناسب کو رد کیا ہے۔

۴۔اس روایت نے آیت کو چندین متشابھات میں ڈالا ہے جس قربیٰ سے محبت کا مطالبہ ہو رہا ہے وہ قربیٰ رسول ہیں رسول کے کون سے قربیٰ رسول کے بہت سے قربیٰ ہیں:

۱۔چچا عباس اور ان کی اولاد۔

۲۔قربیٰ جد اور اسکی اولاد۔

۳۔قربیٰ عقیل اور اس کی اولاد عثمان جو آپ کا داما ہے۔

۴۔عمر بن خطاب جو آپ کی زوجہ حفصہ کا والد عزیز ہے۔

۵۔قربیٰ ابی بکر وام رومان جو عائشہ کی والد ووالدہ ہیں۔

۶۔قربیٰ زینب بنت جحش ہے۔

۷۔قربیٰ علی واولاد علی۔

۸۔سب نے عزیزے بیٹی فاطمہ اور آپ کی اولاد کو قربیٰ کہا ہے حضرات حسنین سے پہلے قربیٰ نہیں قربی کی شکل سے پہلے والوں سے محبت یہ کہاں تک جائے گا۔

۳۔اجر رسالت کی نوعیت کیا ہوگی اقتدار اعلیٰ مسلمین۔

۴۔مالی معاونت الفت ومحبت۔

کہا کہ یہ قربیٰ رسول ہیں یہاں چند سوالات ہیں

۱۔آیت میں ذوالقربیٰ ہے تو ذوالقربیٰ میں قربیٰ رسول نہیں ہے یہ کہاں سے کہا ہے (کہ قربیٰ رسول ہیں) اس کی کیا دلیل ہے۔

۲۔قربیٰ رسول بذات خود ایک وسیع قربیٰ ہیں وہ کیسے تعیّن کریں گے کہ اس آیت سے کونسی قربیٰ مراد ہیں پیغمبر کی نسب میں آیا ہے

۱۔سارے قریش اور حتیٰ بنی نجار مدینہ بھی آپ کے قربیٰ میں شامل ہیں

۲۔تمام عبد مناف والے آپ کے قربیٰ میں سے ہیں اس حوالے سے بنی امیّہ آپ کے ذوالقربیٰ ہیں حتیٰ عمر سعد بھی آپ کے ذوالقربیٰ میں ہے۔

۳۔اولاد عبدالمطّلب آپ کے ذوالقربیٰ میں سے ہے اولاد طیّار آپ کے قربیٰ میں سے ہیں

۵۔ہمیں یہاں قربیٰ کو کھولنا ہے قربیٰ میں تین نکات ہیں (۱) کلمہ قربیٰ ہے خود کلمہ قربیٰ یعنی لغت کے حوالے سے اس حوالے سے سب سے قریب نزدیک

(۲) صیغہ قربیٰ ہے یہ اسم تفضیل میں مؤنث ہے اس قربی میں پہلے مرحلے میں والدین آتے ہیں دوسرے مرحلے میں بھائی آتا ہے جد سے پھیلنے والا سورہ بقرہ آیت ۔۸۳

۳۔قربی میں لگے:الف ولام:الف لام کی تین قسمیں ہیں(۱)عہد ذھنی (۲)عہد ذکری (۳)عہد جنسی بغیر الف لام سورہ مائدہ آیت ۔۵ میں آیا ہے سورہ انعام آیت ۔۶ سورہ توبہ آیت ۔۱۱۳ سورہ فاطر آیت ۔۱۸ میں الف لام کے ساتھ آیا ہے سورہ نساء آیت ۔۸ ۔۳۶ میں دو دفعہ آے ہے سورہ انفال آیت ۴۱ سورہ نحل آیت ۔۹۰ اسرا آیت ۲۶ سورہ نور آیت ۔۲۲ سورہ روم آیت ۔۳۸ سورہ شوریٰ آیت ۲۳ میں آیا ہے ان میں سے ایک قربیٰ ہمسایہ پڑوسی کے لئے آیا ہے سورہ نساء آیت ۔۳۶ میں احسان و نیکی کو ان چار گروھوں کے لئے مخصوص کیا ہے

(۱)والدین سے نیکی بلا معاوضہ ہے بلکہ والدین ہے۔

(۲)ذوالقربیٰ ہے ذوالقربیٰ کو والدین کے مقابلے لانے کا مطلب یہ ہے کہ والدین اور ذوالقربیٰ دو ہیں والدین کو ذوالقربیٰ نہیں کہیں گے یعنی یوں کہے کہ والدین لا ذوالقربیٰ نہیں ہے۔ذوالقربیٰ کی چند مصادیق ہے:

۱۔ذوالقربیٰ نسبی ہے۔

۲۔ذوالقربیٰ سببی ہے۔

۳۔ذوالقربیٰ رضاعی

۴۔ذوالقربیٰ دینی ہے۔

۵۔ذوالقربیٰ مکانی ہے۔

جب تک القربیٰ پر لگے الف لام کا تعین نہ ہو جائے یہ عند کریا عہد ذھنی ہے یہ الف لام لینی استعر اض ہوگا جس تو اس میں تمام اقرباء شامل ہونگے۔

جار کا معنی عدول کے ہے موڑنے کے ہے جو آپ کے پڑوس میں ہے وہ آپ سے مڑ کے ہے ایک دن یا اس سے زیادہ مڑ کے ہے دنیا چھوڑ کے آپ کے پاس آئے ہیں یعنی ایک دوسری جگھوں کو چھوڑ کے آپ کے پڑوس میں آئے ہیں تو جار کے لئے حقوق ہیں قرابتداری کے بعد ان کے لئے حقوق ہیں ہمسائے تین قسم کے ہوتے ہیں:

(۱)ہمسائے کا ایک ہی حق ہے جو آپ سے سب سے نزدیک ہمسایہ ہے۔

(۲)وہ ہمسایہ اس کے لئے دو حقوق ہیں۔

(۳)وہ ہمسایہ اس کے لئے تین حقوق ہیں:

(۱) جس کے لئے ایک حق ہے وہ ہمسایہ مشرک و کافر ہے اس سے محبت نہیں ہوسکتی ہے چونکہ مجادلہ کی آخر میں ان سے محبت کرنے سے منع کیا ہے اس کے لئے صرف حق جوار ہے۔

(۲) آپ کا وہ پڑوسی جو مسلمان ہے اس کے لئے دو حق ہے ایک حق اسلام دوسرا حق جار ہے۔

(۳) وہ پڑوسی جس کے لئے تین حق ہیں وہ مسلمان ہے اور صلہ رحمی بھی ہے حق اسلام ہے حق جار ہے اور حق صلہ رحمی ہے۔

جار کی حدود کیا ہیں جس کے دروازے آپ کے گھر کے سب سے قریب ہیں یہ چالیس ہاتھ آتے ہیں بعض نے کہا ہے چالیس گھر تک ان کو جار قربیٰ کہتے ہیں (۲) جار جنب ہے جار جنب یعنی دور والے ہمسایہ صاحب بالجنب اس میں زوجہ اور رفیق سفر آتے ہیں تو اس حوالے سے آپ کے پاس قربی رحم ہے قربی جار قربی جار ایک دفعہ کافر ہوسکتا ہے ان سے محبت نہیں ہوسکتی قربی سفری ہم سفر ہے تو اس میں آیا محبت کرو تو قربی پے الف لام ہے تو یہ تمام قربی شامل ہوتے ہیں اس میں کہیں کوئی ایسا لفظ نہیں ہے کہ میرے قربی سے محبت کرو۔

قسمت نبوت ورسالت:

قرآن کریم کی آیات کی تفسیر دو طرح سے کی ہے ایک تفسیر جو متداول وجاری ہے وہ تفسیر تجزتی قرآن کریم ہے جہاں تفسیر کنندہ ہر آیت کی تفسیر اپنی جگہ کرتے ہیں اس قسم کی تفسیر سے کوئی انسان کسی نتیجے مقصد تک نہیں پہنچتے ہیں قرآن کریم اس موضوع کا حکم یہی ہے جو اس آیت میں بیان ہوا ہے کیونکہ ایک موضوع سے متعلق آیات ایک جگہ بیان نہیں ہوا ہے بلکہ آیات کل قرآں میں منتشر و پراکندہ ہے دوسرا تفسیر قرآن تفسیر موضوعی ہے قرآن ہے یہاں مفسر موضوعی ایک موضوع کو اٹھاتے ہیں اس موضوع کے عناصر کو تحلیل کرتے اس کے کتنے ابعاد وعناصر ہے اس کو ترتیب میں لاتے ہیں پھر ہر ایک کے بارے میں آیات تلاش کرتے ہیں یہ تفسیر ابھی تک عام رواج ہوا نہیں ہے کیونکہ قرآن پر زیادہ توجہ ہوا نہیں بلکہ قرآن سے دور ہونے کی مسائل پر زیادہ زور دیا گیا ہے اس تفسیر کا آغز جب مصر میں کلیہ اصول دین بنی اس وقت یہ تفسیر سامنے آئی اس کا مطلب یہ اخذ نہیں کر سکتے ہیں یہ ایک قسم بدعت ہوگئی ہے کیونکہ قرآن بذات خود ایک عنوان رکھتا ہے اس ایک عنوان کے گرد گردش کرتا ہے وہ ہے ہدایت انسان جیسا کہ قلب فاتحہ میں آیا ہے اب اگر آپ ہدایت انسان کو تحلیل کریں گے تو اس کے مندرجہ ذیل عناصر نکلتے ہیں۔

ہدایت انسان:

۱۔ ہدایت کیا ہے اس کی اپنی جگہ دھا عناصر عناوین ہے۔

۲-۲۔ ہادی کون ہے اللہ خالق انسان ہے اللہ کے بعد اس کے طرف مامور نمائندہ۔

۳۔نبوت ورسالت پر بذات دھاعناوین رکھتا ہے۔

۴۔حاضر کتابچہ تیسری قسم ہدایت نبوت ورسالت کے بارے میں قرآن میں موجود مباحث کو پیش کریں گے۔

نبوت یعنی بندوں کو اللہ کی پیغام پہنچانے والے یہ ہستی اپنی جگہ صاحؒ افتخار والا ہیں کس جنس کس نوع کا ہوسکتا ہے

۔جن۔ملک۔انسان

جن چونکہ موجود غیر مرئی ہے انسان ہے انسان اسے دیکھ نہیں اس طرح ملک بھی موجود غیر مرئی ہے لیکن نبی از خود نوع انسان سے ہی ہوگا جو ایک دوسرے کو دیکھ سکتا ہو ہدایت کرنے اور کیتے ہیں کوئی مانع شکل عذر بہانہ نہ ہو چنانچہ اللہ سبحانہ نے معاندین انبیاء اس اعتراض اشکال کو مسترد کیا جہاں صورہ انعام آیت ۸۔۹ میں آیا ہے اگر ہم ہدایت کیلئے ملائکہ بھیجے تو اسکو لباس انسان پہنا کر بھیجنا ہوگا اس طرح سورہ اسراء آیت ۹۵

یہاں سے واضح ہوجاتا ہے انسانوں کی ہدایت اللہ کی طرف سے بشر ہی کر سکتے ہیں جہاں ہدایت کرنے والی تمام خصوصیات امتیازات تقاضے خواہشات ہادی اور مہدی دونوں کی ایک ہی لہٰذا قرآن میں آیا ہے تم ہی سے رسول منہم آیا ہے اب یہ سیکھنا ہے اللہ کی طرف جو نبی آٗیں گے وہ کس حساب سے آئیں گے اعصا از مان کی حد بندی کے تحت آئیں گے یہ کرہ ارض کو تقسیم کریں گے اس حوالے سے اگر دیکھا جائے تو انبیاء کی جو تعداد قرآن کریم میں آئی ہے وہ انتہائی محدود تعداد ہے اس محدود تعداد کو سامنے رکھنے سے معلوم ہوتا ہے انبیاء جو ہدایت لایا ہے وہ غیر محدود نہیں ہے انتہائی محدود وکلیات تک محدود ہے یعنی یہ پیغام جو اللہ کی طرف سے آیا ہے گرچہ اس زمانے کے مخاطبین سے محدود ہے لیکن یہ تمام روئے زمین کے رہنے والے بلکہ رہتی دنیا تک کے لئے کافی ہے۔

تفسیر موضوعی کا آغاز کرتے ہوئے فرمایا میری عمر کا ایک نصف گزرنے والا ہے۔اساس دین وشریعت قرآن ہے بقول اصولیں وفقہاء ہماری فقہ کا پہلا مصدر قرآن ہے قرآن کو نصاب میں نہیں پڑھا ہے جب فقہ میں اجتہاد کرنا شروع کیا فرائد اصول انصاری وخراسانی کو اٹھایا ہے فقہ میں جواہری کرکی' نائنی کو اٹھانا اصل مصدر کہاں چھوڑا پتہ نہیں ہوا لیکن اس مرحوم ومظلوم کو معلوم نہیں کیسے اچانک یاد آیا کہ ہم نے اصل مصدر کو چھوڑا نہیں تفسیر قرآن کرنے کا عمر کا نصف گزرانے کے بعد یاد آیا معلوم نہیں تفسیر کا وقت ہوگا یا نہیں۔

دوسرا نصف کا پتہ نہیں کتنے سال گزریں گے نصف عمر گزرنے کے بعد تفسیر قرآن شروع کرنا ایک عمل غیر یقینی کا آغاز ہوگا اس احتمال کے تحت تفسیر تجزی قرآن سے کنارہ کشی دوری بھی منطق نہیں لہٰذا باقی ماندہ عمر کو جتنا بھی گزاریں قرآن میں گزارنے کی نیت سے فی الحال قرآن میں سنت تاریخ کا موضوع شروع کررہا ہوں چنانچہ ۱۴ درس کے بعد

حکومت بعثت ملحد نے مدت قیام گوئی کے ذریعہ ختم کر دیا پینتالیس سال کی عمر میں جوار جومتزل قرآن تشریف لے گئے آپ کو اجازت نہیں دی لیکن راقم کا آپ کی عمر کے مقابل میں میری عمر ۷۶ سال ہونے والی ہے میں کیا کر سکتا ہوں ان کی تاسی تو نہیں کر سکتا ہوں لیکن کتاب قصص عرب میں ایک عنوان آیا ہے ایک عاشق قرآن نے بنی عباس کے دور میں کسی عالم دین کے ہاتھ میں قرآن دیکھ کر اس سے التماس کی یہ قرآن آج مجھے عنایت کریں کل واپس کر دوں گا دو دن گزر گئے اس نے قرآن واپس نہیں کیا تو اس شخص کو تلاش کرنے کے لئے نکلے اس کے گھر پہنچے دیکھا قرآن اس کے سینہ پر ہے لیکن وہ یہاں سے جا چکے ہیں۔

ہم آپ سے زیادہ عمر گزار چکے ہیں آپ نے تو پہلے دن سے اسلام ہی کو اٹھایا تھا ہماری علم وفکر میں صفر وامتحانوں میں فیل کی وجہ کے علاوہ دین تک رسائی کو عزاداری امام حسین تصور کر کے اس کی اصلاح میں اٹھایا تو خرافات اکاذیب سے بھرے عزاداری کے پاسداروں نے احساس خطر کر کے شیعیت سے خارج کیا عدد وشودسبب کے ضرب المثل کے تحت اچانک پرویز ملحد کمنڈ و ہندوستان پر ٹوٹنے کی بجائے اسلام ومسلمین پر ٹوٹ پڑا ہے کہا میں اتاترک ہوں اتاترک نظام کا اعلان کرنے کی تیاری دیکھا زنجیر وقمہ زنی سینہ زنی چھوڑی گریہ میں عمر گزاری ان کی سب سے قرآن کی طرف متوجہ ہوئے اور خطابات عوام سے محروم ہوئے۔

یہاں ایک اور محرک برانگیختہ کنندہ بھی تھے عرصہ پندرہ بیس سال سے ملک طوفان وفساد خونریزی قتل وکشتار کے بارے میں فرقوں کے عوامل واسباب کے محرکات کو تلاش کرتے کرتے فقہ واصول پر کچھ لکھنے کے بعد فرق فقہی کو پڑھنے کے بعد معلوم ہوا فرق فقہی کی جنایت فرق اعتقادی سے زیادہ ہے فرق فقہی تک پہنچا فرق فقہی کے وجود میں آنے کے اسباب وعوامل سے بیانات سننے کے بعد ان کے اس دالخراش بیان کو دیکھا اور سنا ہے۔ کہ قرآن میں تمام احکام نہیں ہیں۔

نیز احکام سے متعلق آیات کے مفاہیم واضح روشن ہیں۔ لہٰذا قرآن سے یکسر صرف نظر کر کے انہوں نے واضح واشگاف الفاظ میں کہا ہے فقہ سایہ حدیث میں پرورش پایا ہے یہ بیان اہل قرآن کے لئے دلخراش تھے۔

قرآن کے بیانات ظنی الدلالہ حدیث کی حشر کی رونا روئی سب کو پتہ ہے انجیل تورات کی حشر سے کم نہیں صرف ایک قسطنطین یا اتاترک یا پرویز کی آمد کی حد تک رکی ہوئی ہے اس کی اور نقص کو ان علماء فقہائے احادیث مرسلات جعلیات قیاسات مع الفارق اجماعات بلا اجماع سے پر کیا ہے ان کو تو جہات سے ہم زندہ ہم ان کو کھال فطرہ خمس کے نام سے جزیہ دے رہے ہیں اس مصیبت کے لئے کسی کاشانی دیوبندی کا شقی طارق جمیل کی ضرورت نہیں خود یاد کریں تو پورا

وجود آنسو کے بجائے حوض بنے گا لیکن کسی مسئلہ پر رونا بوڑھی عورتوں شیر خواروں کی وراثت ہے نبی کریم کا فرمان ہے مصیبتوں میں قرآن کی طرف رجوع کریں ہم نے خود قرآن کی طرف رجوع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ فرق کیا پڑے اپنی غلطیوں پر عمل کریں یا کسی اور کی غلطی پر عمل کریں۔

قرآن کریم اللہ کا کلام ہے اللہ نے خطاب عوام سے کیا ہے فقہاء اہل حدیث سے نہیں کیا ہے اس میں کسی بھی بشر کا کلام داخل نہیں نہ کل کلام کسی کا ہے نہ جزء کلام پورا قرآن اللہ کا ہے اللہ نے اس قرآن میں کسی قسم کے نقص وکمی کو رد کیا ہے نیز امام اجمال کو بھی رد کیا ہے قرآن یا بعض قرآن کسی اور کا ہو اس کو قرآن نے تحدی کیا ہے ثابت کرو کہ یہ کلام غیر اللہ ہے امّا مخاطب قرآن مختلف ہے اسکے خطابات کچھ اس طرح سے ہیں بعض خطابات جن وانس کافر وملحد منافق و مومن عالم وجاہل سے یا ایھا الناس سے خطاب کیا ہے ان خطابات میں اللہ کی ربوبیت اور الوہیت کو تسلیم کرنے کی دعوت دی اپنی روبیت والوہیت میں بلاشریک ہونے کی دلیل دی ہے جنوانس کے منکرینو ملحدین سے اس کے خلاف اگر دلیل رکھتے ہیں میرے علاوہ کوئی مدعی ربوبیر الوہیت رکھنے والے میں تو لائیں کیا اپنی روبیت والوہیت کی دلائل عالم آفاق والنفس ایمان ودین وجدان وضمیر میں دیکھایا ہے جس کے لئے یا ایھا الناس یا ایھا الانسان کہ کر خطاب کیا ہے۔

ان خطابات سے عناد والحاد برتنے والوں سے کہا ہے میری گرفت سے نکلنے کی راہ نایاب ومسدود ہے جائے فرار نہیں ہے تم مجھ سے تکبر برتتے ہو میرے رحمانیت کے ریزہ خوار ہو میرے قبضہ بسط وضبط میں ہو ایسے لوگوں سے ایھا الناس خطاب آیا ہے وہاں دعوت فکر ونظر دی دیکھو یہ کائنات آسمان کو دیکھو زمین کو دیکھو آسمانپ پرستاروں کو دیکھو تم سے پہلے گزرنے والوں کو دیکھو دعوت نظر وفکر کے بعد دعوت تعقل دیا ہے دعوت تدبر تفقہ دیا ہے۔ یہاں سے ایک دن جا نا ہے اس سے متعلق آیات کو تفسیر الوہیت وربوبیت کا نام دیں گے اللہ نے سب سے پہلے اپنی الوہیت وربوبیت کی طرف دعوت دی اس کی عطا کردہ نعمتوں عطایا کی طرف متوجہ کیا پھر انسان کو متوجہ کیا ہے میں ہی ملک دیان ہوں اس حیات دنیا میں اور اس کے بعد بھی پھر اس مدعی کو ثابت کرنے کے لئے کیا کیا منطق استعمال کیا ہے کیا کیا دلائل دیے ہیں۔ کیا کیا طریقہ استدلال اپنایا ہے۔

قرآن کا ہدف نزول انسان کو دنیا وآخرت دونوں کی سعادت کی طرف ہدایت ہے انبیاء اس کے داعی ہیں یہاں سے ہم تفسیر موضوعی نبوت ورسالت کو اٹھائیں گے دعوت انبیاء کن کن عناصر سے مرکب ہے کن کن صفات کے حامل مشروط پر عمل ناگزیر ہے یہ دعوت کتنے مواد مطالب پر حاوی ہے انبیاء کی شخصیت طریقہ دعوت کیا تھے کیسے دعوت کرتے تھے مشکلات مزاحمت معارضہ کرنے والوں کے ساتھ کیا سلوک اپناتے تھے اس بارے میں جامع مجموعہ آیات کو تفسیر

موضوع نبوت ورسالت نام دیا ہے۔

۳۔تیسرا وہ انسان ہیں جنہوں نے دلائل وبراہین قاطعہ الٰہی سننے کے بعد تسلیم ہوتے ہوئے کہا ہے آمنا باللہ وبا لیوم الآخر۔جن لوگوں نے بغیر کسی جبر واکراہ کے قانع ومطمئن ہو کر اسی دعوت کو از خود قبول کیا ہے ان کو یاایھا الذین آمنوا سے خطاب کیا ہے ان کو دی گیئں ہدایات اوامر نواہی احکام شرعیہ نام رکھا ہے،ان کے اپنے اقرار واعتراف کے تحت ان پر نظام افعل ولاتفعل جاری کیا ہے اس کو شریعت کہا ہے شریعت کے ابواب ہیں۔یہاں کسی کو کم یا زیادہ کرنے کا حق نہیں دیا ہے یہ خالص الٰہی نظام ہے۔انبیاء کا کوئی حصہ نہیں انبیاء واسطہ ہیں ان کا کردار ابلاغ رسائی میں سے ایک عنوان نبوت ورسالت ہوگا جس میں انبیاء ومرسلین کے بارے میں بحث کریں گے اوران کا کردار بتائیں گے۔تمت

دعوت اللہ کی طرف سے داعی نبی ہے مدعو انسان ہے قبول دعوت کرنے والوں کو مؤمنین کہتے ہیں۔دعوت قبول کرنے والوں سے خطاب ہے جب تم نے اپنی مرضی سے خوشی سے ہمارے دلائل سنے ہیں تم معارضے نہیں کر سکے تسلیم ہو گئے ہیں تو ہماری اوامر ونواہی کو بھی قبول کریں اب تم ہمارے نظام کے اندر ہو ہمارے کرو نہ کرو کی حدود میں ہو اس سلسلے میں مجموعہ آیات کا نام احکام قرآنیہ رکھا ہے۔

پیغمبر کی نبوت عالمی ہونے کی ایک سند سورہ فرقان کی پہلی آیت ہے اس آیت میں فرمایا ہے منزہ ہے وہ ذات اس نے قرآن کو اپنے بندے پر نازل فرمایا ہے تا کہ وہ عالمین کے لئے نذیر بنے عالمین کے بہت سے اس کائنات میں مصادیق ہیں عالمین کے مصداق جلی وکلی ماسوائے اللہ کے وہ عالمین میں آتا ہے اسی میں عالم جماد عالم حیوان عالم جنّات عالم ملائکہ آتے ہیں چونکہ یہ عالمین مسخر ہیں مخیّر نہیں مکلّف نہیں ان کے لئے نظارت نہیں ہوتی ہے تو یہاں سے جو قابل انذار ہے اس میں جن وبشر رہتے ہیں جن وبشر دونوں پیغمبر کی نبوت کے احاطے میں آتے ہیں چونکہ وقت محدود نہیں لہٰذا یہ نبوت قیام قیامت تک باقی رہے گی۔

ربوبیت والوھیت۔ربوبیت والوھیت الٰہی ایمان بالغیب سے شروع ہوتا ہے عقائد اسلام ایمان بغیب سے شروع ہوتا ہے غیب کا معنی نظروں سے اوجھل کو کہتا ہے نظروں سے پوشیدہ کو کہتے ہیں شہر کی دیوار سے دور ہونے کو کہتے ہیں افق سے سورج کا ناپید ہونے کو کہتے ہیں ہر وہ چیز جو نظروں سے اوجھل ہوتے ہیں اسے غیب کہتے ہیں ہر انسان کے لئے غیوبات غیر متناہی ہے جس ذات کے لئے غیب نہیں وہ صرف اللہ تعالیٰ ہے وہ ہم سے بھی واقف ہے اور ہماری چھپی ہوئی چیزوں سے بھی واقف ہے غیب جو تحت حواس نہیں آتا ہے وہ صرف اخبار انبیاء سے پتہ چلتا ہے غیب مقابل شھود ہے غیب میں

امر مادی یعنی قابل ادراک اور غیر مادی جیسے حوادث گزشتہ یافی زمانہ پردوں میں حجاب میں مستور سب شامل ہیں غیب غیوب اللہ سبحانہ تعالی ہے اس کے بعد یوم آخرت ہے غیب تمام غیوب کا عالم صرف اللہ کی ذات ہے غیب کے چند اصول ہیں۔ا۔ایک اصل اللہ اوراس کی صفات ہیں یہ اصل اولی ہے۔۲موجودات غیر مادی ہیں روحانیت ملائکہ وغیرہ ہیں۔۳۔مابعدالموت ہے یہ اصل اولی ہے۔۲۔اخبار اقوام گزشتہ ہیں اب وہ نظروں سے غائب ہیں قابل دید نہیں ہیں ان کی خبریں ہم تک پہنچ سکتی ہیں۔۳۔وہ موجودات یا قوانین نہیں ہیں جو کاینات میں چل رہے ہیں جس کو انسان کی حس درک نہیں کررہی ہے غیب مخصوص ذات اللہ ہے بشر اپنے آپ کو کسی بھی غیب کو بلاواسطہ ذرائع سے سمجھنے سے قاصر ہے قرآن کریم میں غیب کی ایک تقسیم بندی ہے ایک غیب اللہ سے مختص ہے اللہ کے علاوہ کوئی اور نہیں جانتا سورہ نمل آیت ۔۶۵ ۔۲وہ غیب ہے جو اللہ کے بتانے کے بعد مخلوق کو پتہ چلتا ہے جیسے ملائکہ انبیاء جو وحی کے ذریعے جن کو پتہ چلتا ہے جن آیات میں غیب کو مخصوص بہ اللہ کیا ہے وہ آیات یہ ہے سورہ انعام آیت۔۵۹ سورہ نمل آیت۔۶۵ سورہ یونس آیت ۲۰ سورہ نحل آیت۔۷۷ سورہ ھود آیت ۱۲۳

۔۲ اللہ کے بتائے بغیر نہیں جانتا جیسے سورہ بقرہ آیت ۳۳ سورہ فاطر آیت ۳۸ سورہ مائدہ آیت ۱۰۹ سورہ آل عمران آیت ۔۱۸۲ سورہ انعا مآیت ۷۳ سورہ توبہ آیت ۹۴۔۱۵ذاتی طور پر پیغمبر علم غیب اپنے آپ نہیں رکھتے تصرف کائنات نہیں کر سکتے سورہ اعراف آیت ۱۸۸ سورہ ھود آیت ۳۱۔

علامہ سبحانی و نبوت خاتمہ

علامہ سبحانی نے مفاہیم قرآن کی تیسری جلد میں معالم نبوہ فی القرآن کریم میں حضرت محمد ﷺ کی نبوت ورسالت کی خاتمیت پر تفصیل سے بحث کی ہے حضرت محمد صل اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت ورسالت کی خاتمیت ہونا ایک حقیقت نا قابل تردید قرار دینے کے بعد لکھا ہے الا اینکہ ایک دو گروہ فرقی بھائیہ اور قادیانی نے اس سے اختلاف کیا ہے علامہ بزرگوار وسعت علم وفراغت تألیف ووسائل فراواں کے ہوتے ہوئے ختم نبوت سے متعلق تشکیک آور دیگر افکار و نظریات فرق و مذاہب کا بھی معترض ہوتا تو کتنا بہتر ہوتا آپ اس بات پر متفق ہیں کہ وحی وصل باللہ کا سلسلہ حضرت محمد ص کے بعد خاتمہ ہوا ہے تو کیسے آپ نے ان گروہوں کو نظر انداز کیا جنھوں نے حضرت محمد ص کے بعد حجت الہی کا تسلسل باقی رکھا ہے۔

ا۔اللہ روئے زمین کو حجت سے خالی نہیں رکھیں گے ہر دور میں ہر زمانے میں اللہ کی ایک حجت زمین پر ہوگی وہ نبی جیسا ہی ہوگا جبکہ اسی قرآن میں آیا ہے کہ حجت پیغمبر کے بعد ختم ہوا ہے۔

۲۔وہ سلسلہ روایات جس میں آیا ہے اللہ ہر ایک صدی کے بعد ایک مجدد مبعوث کریں گے جو دین سے حذف کرنے والی چیزوں کو واپس لائیں گے اضافہ شدہ چیزوں کو نکالیں گے خارج کریں گے اس فکر نے مسلمانو کو ایک عرصہ دراز سے ھنگامہ خیزی افتراق وانتشار میں مبتلاء کیا ہے حدیث کی صحت پر مہر صحت لگائی ہے لیکن مجدد دین کون ہیں اس پے اتفاق نہیں ہوا ہے ہر ایک نے اپنا مجدد بنایا ہے اللہ کے علاوہ کسی مجدد کو بعثت کرنے کا مطلب وہی بعثت انبیاء ہوتا ہے آپ نے فکر کو ضد خاتمیت ہونے کا ذکر نہیں فرمایا

۳۔اولیا پرستوں نے کہا ہے ولی نبی سے افضل ہے اولیا کا سلسلہ جاری ہے اولیاء کا کہنا ہے انبیاء وحی واسطے سے لیتے ہیں لیکن ہم بغیر واسطے کے لیتے ہیں ان کو بھی آپ نے چھیڑا نہیں۔

۴بعض حضرت عیسیٰ کے زندہ ہونے یا نزول کے قائل ہیں ان کی نبوت مقارن نبوت خاتم انبیاء رہیں گے تو یہ ختم نبوت سے متصادم ہے چونکہ ختم نبوت سے مراد ختم عرض وطول دونوں ہیں اگر ختم عرض باطل نہیں ہے تو جو بھی دعوائے نبوت کریں گے خاتم انبیاء کی تو وہ صحیح ہوگا کیونکہ وہ کہتے ہیں جو عرض نبوت میں کمتر از نبوت پیش کرتے ہیں اگر طولی ہے تو نبوت پیغمبر ختم ہوں گے پیغمبر کی نبوت کا دور ختم ہوں گے بھائی اور قادیائی عیسی اور مھدی کے نام سے آئے ہیں

۔۵۔مسلمان ایک مھدی کے قائل ہیں اور وہ مہدی کو جو دنیا میں ایک انقلاب برپا کریں گے باطل کا نام ونشان مٹا دیں گے عدل کو رائج کریں گے امن قائم کریں گے ایک ایسی مقتدر مسلط حکومت خود حضرت محمد ص کو اپنی حیات میں اور ابھی تک نہیں ملی ہے اس سے بڑا خطرہ ختم نبوت کے لئے اور کیا ہے جس طرح اس سے زیادہ جھوٹا کوئی وعدہ تاریخ میں نہیں آیا ہے۔

نبوت حضرت محمد ص نبوت عالمی اور خاتمی ہونے کی دلیل تین زاویئے سے ثابت ہیں

۔ا۔خود آپ کی نبوت کے بارے میں وارد آیات ہیں جس میں آپ کو خاتم نبیّین رحمت اللعالمیں ۱۰ انا ارسلناک کافۃ للناس کہا ہے۔

۔۲۔قرآن ہے یہ قرآن جو آپ کی نبوت کی علامت نشانی ہونے کے علاوہ آپ کی کتاب شریعت بھی ہے اللہ نے اس کتاب کے بارے میں چندین جگہ فرمایا ہے۔ا۔سورہ مبارکہ انعا م آیت ۱۹۔۲۔سورہ فصلت آیت ۴۲۔۳۔سور حجر کی آیت ہے ہم اس کتاب کی از خود حفاظت کریں گے یہ کتاب محفوظ ہوگی تحریف نہیں ہوگی۔

۳۔یہ جو دین آپ لائے ہیں یہ دین تمام ادیان پر غالب آئیں گے جس میں آیا ہے لیظہر ہعلی الدین کلہ تمام ادیان پر غالب آئیں گے اگر اس کے بعد کوئی دین آئے گا تو یہ دین مغلوب ہوگا یہ آیت قرآن کریم چند جگہ پر آئی ہے ان میں آیا

ہے کہ یہ دین تمام ادیان پر غالب آئیں گے لیکن شرک وکفر ختم نہیں ہوں گے بشکل مغلوب رہیں گے مقہور رہیں گے اس میں آیا ہے ولو کرہ المشرکون غلبہ اسلام مشرکین کے لئے نا گوار ہونگے کافرین کے لئے نا گوار ہوں گے جب تک اسلام ہے اسلام کے مقابلے میں کافر مشرکین ہوں گے یہ اس بات کے بھی دلیل ہے کہ جو کہتا ہے مھدی آیں گے تو دنیا میں کفرو شرک کا خاتمہ ہوگا سورہ فصلت آیت ۴۱ ۔۴۲ وہ کافرین جب قرآن آیا تو انھوں نے اس کو رد کیا حالآنکہ یہ کتاب اللہ کی وہ کتاب ہے جو عزیز ہے یعنی قدرت مند ہے قوی ہے شکست ناپذیر ہے مغلوبیت اسکی طرف نہیں آسکتی باطل کنندہ ہے اس کے آگے سے پیچھے سے باطل نہیں آسکتے کیوں کہ کتاب حکیم حمید کی طرف سے ہے یہ آیت جہاں اس کتاب کی ضمانت پر واضح آشکار دلیل ہے ضمانت کتاب اس کتاب کو کسی قسم کی تحریف کمی بیشی تقدیم تاٗخیر تنسیخ ابطال جیسی باطل کنندہ نہیں آئیں گے یہ قیام قیامت تک اللہ کا حجت بالغہ رہیں گے لایاٗ تیہ الباطل من بین یدیہ اس بات کی دلیل ہے باطل دنیا کے کسی گوشہ وکنار سے اس تک نہیں پہنچ سکتا ہے جب کتاب اللہ کا ہمیشہ باقی ہے تو آپ کی نبوت بھی ہمیشہ باقی رہے گی۔

حضرت محمدص کی نبوت نبوت خاتم ہونے کی ایک دلیل قرآ کی عالمیت ہے یہ قرآن ایک خطے کے لئے نہیں آیا بلکہ جہاں جہاں یہ کتاب پہنچے سب کے لئے حجت ہے سورہ انعام آیت ۔۱۹ اس سے بڑ کے بڑی دلیل کیا ہوں گے کہ آپ صادق وحی ہے آپ ان سے کہدے اللہ میرے اور تمھارے درمیان گواہ ہے اللہ نے میرے اُوپر یہ قرآن نازل کیا ہے تا کہ تمھیں اور دیگران تک انذار کروں تم اللہ کے علاوہ کسی اور کی الوھیت کو مانتے ہیں آپ کہہ دیں کہ میں اس کو نہیں مانتا ہوں میرا اللہ ایک ہے میں شرک سے برائت کرتا ہوں قرآن بذات خود شہید و مشھود ہے اپنی سچائی پر خود دلیل ہے جیسا کہ سورہ ۔۱۱ آیت ۔۱۷ میں آیا ہے۔

قضاوت مخالف قرآن صاحب فقہ قضایائے معاصر ڈاکٹر محمد ظاہر اسد اللہ ص ۵۹ پر لکھتے ہیں امام ابی حنیفہ نعمان بن ثابت سے نقل ہے آپ نے فرمایا اذا صح الحدیث فھو مذھبی کسی کے لئے جائز نہیں لا یحل لاحدٍ ان یاٗ خذ قو منا مالم یعلم من این اخذنا

۲۔ روایت ۔ حرام علیّ من یعرف دلیل انیفتی بکلامی فاننا بشر نقول القول یوم ونرجع عنہ غداً ۔۳۔ اقوال امام مالک امام مالک نے فرمایا انما انا بشر اخطئی واصیبفا نظروا فی رائی فکلما ماوافق الکتاب والسنۃ فاٗ خذوا وکل مالم یوافق الکتاب والسنہ والترکہ ۔۴۔ امام شافعی مامن احدالا وتذھب الی سنت رسول اللہ وتعذب عنہ فمہما ما قلت منقول اواصلت من من صل عن رسول اللہ خلاف ما قلت فالقول ما قول رسول اللہ وھوقوی ۔ ۔۲۔ اذا وجدتم فی کتابی خلاف سنت رسول اللہ فقولوا سنت

رسول اللہ وادعواما قلت ۔۵۔احمد بن حنبل لاتقلد نی ولاتقلد مالک ولاشافعی واوضاعی ولاثوری وخذمن حیث اخذوا فتوٰ ائے ائمہ اربعہ کتاب مدخل الی الشریعہ تألیف عمرسلیمان عبداللہ اشقرص ۱۵۶ لکھتے ہیں ائمہ مجتھدین اپنے حیات میں اپنے فتوٰی کی تصحیح تحقیق کرتے تھے یہ ائمہ بشر تھے کبھی صحیح کبھی غلط کرتے تھے عمر بڑھتے گئے ان کے علم میں اضافہ ہوانیا علم انھیں حاصل ہوا جو پہلے نہیں تھے اپنے زمانے میں اھل ورع وتقوی تھے وہ کسی خطاء غلطی پر اسرار نہیں کرتے تھے ابوشامہ نے نقل کیا ہے کسی سے امام شافعی سے سنا کہ میں نے یہ کتاب لکھی ہے کوئی کسر نہیں چھوڑی ہے اس کے باوجود اس میں خطاء ضرور ہے کیونکہ اللہ نے فرمایا ہے غیر اللہ کی کتاب میں غلطی ہوتی ہے سورہ النساء آیت ۸۲ اگر تمھیں میری کتاب میں خلاف کتاب وسنت کوئی چیز پایا تو میں اس سے دور ہوں انھوں نے کہا کہ میں بشر ہوں صحیح بھی کہتا ہوں دغا بھی کرتا ہوں جو قرآن وسنت کے موافق ہے اخذ کرو جو کتاب وسنت کے مخالف ہے اس کو چھوڑ دو چنانچہ امام مالکی کے بارے میں مشھور ہے آپ نے بصرہ میں کتاب لکھی ہے اس کو صحیح گردانا ہے اس کو مذھب جدید کہتا ہے اس سے پہلے جو بغداد میں لکھی ہے اس کو مذہب قدیم کہتے ہیں۔

رسالت قرآن یا قرآن کی تعریف قرآن سے قرآن جو رسالت آسمانی ہے حضرت محمد اس کے مبلغ ہیں اور معلم ہیں قرآن کیا مقاصد اہداف لے کے آئے ہیں اس کی کیا خصوصیات امتیازات ہیں۔

۱۔یہ قرآن کتاب قرائت ہے بمعہ تدبّر کے قرآن وہ کتاب نہیں جس میں نقص وعیب ہو اس قرآن کی تعریف میں سورہ بقرہ کی پہلی آیت آئی ہے ذالک الکتاب لاریب فیہ۔اس میں جائے شک وتردید نہیں لہٰذا یہ ایک کھلی کتاب ہے جس میں تدبر کی دعوت دی ہے سورہ نساء آیت ۔۸۲ سورہ محمد آیت ۔۲۴

۲۔یہ قرآن صراط مستقیم کی طرف جادہ حق کی طرف ہادی ہے سورہ بقرہ آیت ۔ا سورہ اسراء آیت ۔۹

۳۔یہ قرآن سرے سے لفظ کے ساتھ اللہ سے مستقیم لی ہے سورہ نمل آیت ۔۶

۱۔قرآن ہر ایک کے لئے میسر ہے سورہ قمر آیت ۔۱۷۔۲۲۔۲۳۔۴۰

۲۔قرآن تغییر تنسیخ ناپزیر ہے سورہ حجر آیت قرآن عربی ہے۔

۴۔حاضر کتابچہ کی تیسرتی قسمت نبوت ورسالت کے بارے میں مباحث کو پیش کریں گے۔

نبوت یعنی بندوں کو اللہ کی پیغام پہنچانے والے یہ ہستی اپنی جگہ صاحب افتخار والا ہونگے کس جنس کس نوع سے ہوگا۔

رسالت ونبوت

٭نبوت مادہ نبأ یا نبو سے مشتق ہے نبی بعض نے ہمزہ کے ساتھ پڑھا ہے نبیٔ بعض نے نبو واو کے ساتھ پڑھا ہے جس کا معنی رفعت اور بلندی کے لئے ہے قرآن کریم میں یہ کلمہ دونوں طریقے سے آیا ہے نبیٔ عبادی خبر دے دو اور بعض جگہ نبیّ یا پے تشدید لگا کے علماء اعتقاد نے نبوت و رسالت کے فرق میں بتایا ہے رسول نبی سے افضل ہے حالآنکہ یہ درست نہیں ہے کیونکہ قرآن میں نبی کی تعریف رسول سے نہیں کیا ہے بلکہ رسول کی تعریف نبی سے کی ہے امّا این کہ نبوت کا مقام منزلت درجہ رسول سے بلند ہونے کی وجہ معلوم ہے نبی کی برگشت ربط نبی کا اللہ کے حوالے سے ہوتا ہے یعنی نبی وہ ہے جو بندوں کو اللہ کی طرف سے خبر دیتا ہے لفظ نبی سے واضح ہوتا ہے کہ اس کا رشتہ اللہ سے ہے یعنی وہ اللہ کی طرف سے ہے جبکہ رسول کا واسطہ انسانوں سے ہے یعنی یہ پیغامبر انسانوں کو پیغام لایا ہے اس کا واستہ اس حوالے سے انسانوں سے ہے تو پیغمبر کی دو نسبت ہے ایک اللہ سے دوسرے بندوں سے تو وہ پہلو اعلیٰ و اشرف ہونگے جو اللہ سے ہے

رسالت و نبوت ہر ایک کی عناصر ہے عناصر نبوت میں ایک عنصر انسان ہے اس کو نبی کہتا ہے نبی نہ ملک ہوسکتا ہے نہ جن چنانچہ آیات میں آیا ہے اللہ کی طرف سے تبلیغ ابلاغ رسالت بشر ہی کریں گے (آیات)

۲۔دوسری آیت میں فرماتے ہیں اگر ملائکہ بھی بھیج دینگے تو اس کو بھی بشر ہی کی صورت میں بھیجیں گے وہ بشر ہی ہوگا چنانچہ قوموں نے انبیاء کو یہ کہ کے مسترد کیا کہ تم ہم جیسا بشر ہے (آیات) نبی نے بھی یہی بتایا ہم تم جیسا بشر ہے جب نبی بشر ہے انسان ہے تو بشر کی ابتداء علوم فنون سے عاری خالی ہوتا ہے چنانچہ آیت میں آیا ہے تم اپنے ماں کی شکم میں کچھ نہیں جانتے تھے (آیت) بشر کے پاس علوم دو طرح سے آتے ہیں

ا۔ایک بغیر کسی معلم و مربّی مظاہر کائنات دیکھنے سننے سے آتا ہے

۲۔تعلیم و تربیت سے آتا ہے کسی معلم کے ذریعے آتا ہے حضرت محمدﷺ کسی عالم کے ذریعے کسی معلم سے علم حاصل کرنے کے لئے نہیں بیٹھے لہٰذا محمدﷺ علوم فنون معلمین سے حاصل نہیں کیا ہے اس علم سے آپ محروم تھے لہٰذا آپ نے فرمایا کہ میں نے تمھارے درمیان سالہا سال زندگی گزاری ہے میں نے کسی کے پاس نہ کچھ پڑھا نہ سیکھا ہے لہٰذا محمدﷺ نے فرمایا کہ ہم اور تم دونوں بشر ہیں ہمارے درمیان فرق صرف وحی میں ہے مجھ پہ وحی ہوتی ہے وحی ہونے کا مطلب یہ ہے کہ پیغمبر تابع وحی ہوتا ہے اگر وحی نہ ہو تو پیغمبر کو علم نہیں ہوتا ہے چنانچہ مشرکین کے بعض سوالات کے جواب وحی نہ آنے کی وجہ سے رک گئے مشرکین نے افواہ اڑائی کہ اللہ نے محمد کو چھٹی دی ہے چھوڑ دیا ہے پھر وحی آئی اس کا مطلب یہ ہے پیغمبر کے پاس علوم کا مصدر صرف وحی ہے لہٰذا وہ ہر چیز نہیں جانتے ہیں اتنا جانتے ہیں جتنا وحی کے ذریعے ملا ہے لہٰذا

پیغمبر سے کہلوایا ہے۔

۱۔آپ ان سے ایک دفعہ کہدو کہ میں غیب نہیں جانتا ہوں سورہ ھود آیت۔۳۱ سورہ انعام آیت۔۵۰

۲۔دوسری آیت میں فرمایا اگر میں علم غیب جانتا تو میرے پاس خیروں کے انبار ہوتا (آیت)

۳۔آپ ان سے کہہ دیں کہ غیب مخصوص اللہ ہے سورہ نمل آیت۔۶۵ سورہ حجرات آیت۔۱۸ سورہ یونس آیت۔۲۰ سورہ ھود آیت ۱۲۳ سورہ نحل آیت۔۷۷ سورہ کھف آیت۔۲۶

۴۔نبی وہی جانتے ہیں جو وحی ہے سورہ آل عمران آیت۔۴۴ سورہ یوسف آیت۔۱۰۲

۱۔ہر چیز کا غیب جاننا منافی امتحان و آزمائش ہے

۲۔ہر چیز کا علم غیب جاننا فقدانی اور محرومیت ثواب کا سبب بنتا ہے محمد ﷺ احد میں نکلے نہیں جانتے تھے یہاں شکست ہو گی حنین میں گئے نہیں جانتے تھے شکست ہوگی محمد ﷺ عمرے کے لئے نکلے نہیں جانتے تھے شکست ہوگی لہٰذا ان آیات کو سامنے رکھنے کے بعد ایک ادنیٰ سادہ سے انسان یہ فیصلہ کر سکتے ہیں نبی کریم سے منسوب غیب گوئی میری امّت میں تہتر فرقے ہونگے اس میں قدریہ جبریہ آینگے مفوضہ آینگے اس میں ابوحنیفہ نامی آینگے شافعی آینگے شیعہ آینگے بغداد ختم ہوگا امام حسین کربلا میں قتل ہونگے قاتل شمر ہوگا اور ایسی ہزاروں غیب گویاں ان آیات سے متصادم ہیں جو غیب کو اللہ سے مخصوص اور نبی کریم سے نفی کیا ہے جب نبی علم غیب نہیں رکھتا تو ائمہ صوفی زاہد عارف کہاں سے علم غیب رکھتا ہے قرآن میں نبی سے علم غیب نفی کرنے کے بعد غیب کو اپنے لئے مخصوص کرنے کے بعد سینکڑوں ہزاروں غیب گوئیوں کی احادیث کہانیوں پر قلم سرخ کھینچیں گے تو ہمارے دین کی بہت اصلاح ہوگی دین میں بہت سی بدعتوں کا تکیہ انہی غیب گوئیوں پر قائم ہے ۔

علوم قرآن

علوم قرآن

علوم قرآن کے بارے میں قیل وقال:

وہ علوم ومعارف جن کا عنوان یا موضوع قرآن کرین کی کسی نہ کسی ابعاد میں بحث کیا ہے یا کرتے ہیں اس میں کسی قسم کا جائے شک وتردید نہیں قرآن کو اس کے تمام اطراف وزاویہ سے اٹھایا ہے کہیں بھی ابہام نہ رہے جس کی اطاعت و قدرت نہیں اس کو اٹھایا ہے کہیں بھی ابہام نہ رہ جائے اس میدان میں بہت سے علماء، مولفین اور مصنفین نے قلم اٹھایا ہے: بعض کے ساعی جلیل وجمیل وحسین ہے جزاھم اللہ خیر الجزاء سعیھم شکور کثرھم اللہ فی کل زبان وفی کل بعض لیکن بعض کے ساعی خانہ ثنا نہ رہے انہوں نے قرآن سے منسوب کر کے قرآن کو مشکوک عاشق قرآن کو قرآن سے دور کرنے کی مذموم ناکام کوشش کی ہے

علوم قرآن پیش کرنے والوں نے جو علوم پیش کیے ہیں ان میں ایک موضوع تاریخ قرآن ہے قرآن کریم کے آغاز نزول سے لے کر الی یومنا ھذا تک عوارض کو پیش کیا ہے اس عنوان کے لکھنے والوں کے مصادر نقلیات سے تطعیات کم حاصل ہوتا ہے اس کے محصورات مطنوتات شکوکات مطنونات ہوتا ہے قلیل الجدوات کثیر الھفوات ہوتا ہے جیسا کہ بحث ملی

ومدنی میں، جمع قرآن وترتیب قرآن قرائت قرآن تحریف قرآن ان موضوعات میں کودنے والے کشتی میں نابغہ کیوں نہ ہو نہ وہ لغزشیات سے محفوظ ہیں لیکن افسوس کے ساتھ بعض نے ان موضوعات کو نصاب درس کا درجہ دیا ہے اور بہت سوں کے اوقات کو قانع کیا ہے

۲۔اقسام وانواع تفاسیر ہے قرآن کریم کی کتنی زاویوں سے تفسیر کی ہے

بعض نے یا اکثر وبیشتر نے تفسیر قرآن میں تفسیر روائی کو اٹھا کر قرآن پر خیانت کی ہے مثلاً اصحاب تابعین آئمہ سے منسوب تفسیر کو قبول باقی تفاسیر کو دوسے درجے کیا رہنے دیا ہے جس کی وجہ سے اکثر وبیشتر قرآن سے شغف رکھنے والے کو قرآن سے دور کیا ہے کیونکہ انہوں نے منقولات کو تو پیش کیا ہے ناقلین کے بارے میں تحقیق پیش نہیں کی

۳۔تفسیر علمی بعض کائنات میں اکتشافات ہونے والی نئ تحقیق کی روشنی میں آیات قرآن کی تفسیر کی ہے جس کی وجہ سے قرآن کو وحی ربانی سے نکال کر تجربات میں داخل کیا ہے

عربی زبان کی وسعت:

جتنی وسعت اوائے معانی ومفاھیم میں جتنی وسعت رعمی زبان میں پائی جاتی ہے وہ کسی اور زبان میں نہیں ہے اس سلسلے میں ہم چند موارد نمونے کتاب فقہ اللغہ ثعالبی سے نقل کرتے ہیں فقہ لغت فصل ۱۷ص ۲۹۱ پر لکھتے ہیں عام طور پر دن رات کے لیے دوسری زبانوں میں ایک دو الفاظ سے زیادہ نہیں ہوتے لیکن عربی میں دیکھیں دن کی ابتداء کو شروق کہتا ہے سورج جب نکل جاتا ہے اس کو شروق کہتا ہے ۲۔اس کے بعد بکور کہتا ہے ۳۔اس کے بعد غرو کہتا ہے ۴۔یہ اس کے بعد ضحی کہتا ہے ۵۔اس کے بعد ھاجرہ کہتا ہے ۶۔اس کے ظھیرہ کہتا ہے ۷۔اس کے بعد رواح کہتا ہے ۸۔رواح کے بعد عصر کہا ہے ۹۔اس کے بعد قصر کہتا ہے اصیل کہتا ہے اصیل کے بعد عشی کہتا ہے عشی کے بعد غروب ہتا ہے امارات غروب کے بعد شفق کہتا ہے غسق کہتا ہے عتمہ کہتا ہے یہ عتمہ کے بعد سقفہ کہتا ہے سقفہ کے بعد جمعہ کہتا ہے جمعہ کے بعد ضلہ اس کے بعد زلفہ کہتا ہے اس کے بعد بھیرہ کہتا ہے اس کے بعد سطرہ کہتا ہے سطرہ کے بعد فجر، فجر کے بعد صبح، صبح کے بعد صباح، کسی چیز کی مجع کرنے کا ہر چیز کی جمع کیلیے الگ الفاظ ہوتے ہیں مال جمع کرنا ہے تو جمع آتا ہے خراج کے لیے جباء کہتے ہیں کتاب جمع کرنے کیلیے کتبہ کہتے ہیں کپڑا جمع کرنے کیلیے قشبہ کہتے ہیں اوراق جمع کرنے کیلیے مصحف کہتا ہے پانی جمع کرنے کے لیے قراء کہتے ہیں دودھ جمع ہوتا ہے اس کے لیے صریٰ کہتے ہیں بال جمع کرنے کے لیے عقص کہتے ہیں زین پے کپڑا جمع کرنے کو ضیاق کہتے ہیں دو چیزیں جمع کرنے کرنے کیلیے کتب کہتے ہیں کتب الکتاب کیوں کہتے ہو کیونکہ یہ

دوحروف کوجمع کرنے کو کہتے ہیں کتب الکتاب، کتب جمع کرنا۔خروج کسی چیز سے نکلنے کیلیے الگ لفظ ہے ثعالبی فصل دھم ص ۲۸۸۔ انسان کا گھر سے نکلنے کے لیےخرج کہتے ہیں اگرشجاع پہلوان نکلے توان کے لیے کہتے ہیں برز، برزمن ممکنہ،ان اصل اگرکوئی قوم نکلےکسی چیز کی تلاش میں نکلےتو انصلہ کہتے ہیں،انصلہ تفسما من امرک، تیرنکلنےکومرقہ کہتے ہیں قوس سے تیرنکل گیا خوشے سے نکلنےکوفسق کہتے ہیں فسق قلتمرتلوارا پنے محفظ سے نکلنےکودلق کہتے ہیں دلق السیف من غمدہ پھول سے خوشبو نکلنےکوفاحت کہتے ہیں فاحت رائعہ زھو ، پھول نکلنےکوغور کہتے ہیں لقمہ پیٹ سے باہر نکلنےکو قلسہ کہتے ہیں

تفاسیر پر ایک جائزہ

یہ شرف الدین صاحب کے سب سے آخری تحریروں میں سے ہے۔

تفاسیر ضرب علی القرآن عظیم

۱۔اصحاب سے بطور نقل صحیح منقول ہو کیونکہ نسخ کا دور پیغمبر کی دور تک محدود ہے نسخ ایک حکم وحی کو نسخ کرنا ہے تو وحی ہی سے نسخ ہوتا ہے چنانچہ پیغمبر اکرم نے فرمایا کہ میرے بس میں نہیں کہ میں ایک حکم کو تبدیل کروں سورہ یونس آیت ۱۵

۲۔شخص راوی تاریخ نسخ کو نقل کرے کہ میں نے فلان فلان موقع پر پیغمبر سے سنا تھا نسخ ہونے کے بارے میں امام بخاری نے اپنی صحیح میں ایک واقعہ نقل کیا ہے کہ نسخ کیسے ہوتا تھا امام بخاری سورہ توبہ کی آیت ۸۱ کے تلاوت وتفسیر کر رہے تھے عبداللہ بن ابیہ بن سلول ان کا بیٹا پیغمبر کے پاس آیا پیغمبر سے ان کا قمیص مانگا جس میں عبداللہ کو کفن کرے پیغمبر نے قمیص ان کو دیا پھر عبداللہ نے آپ سے نماز جنازہ پڑھنے کی درخواست کی پیغمبر اُٹھے عبداللہ کی نماز جنازہ کے لئے تو عمر اپنے جگہ سے اٹھے اور پیغمبر کے لباس کو پکڑا اور کہا آپ کس پر نماز پڑھ رہے ہیں حالانکہ اللہ نے آپکو ان کی نماز جنازہ پڑھنے سے منع کیا ہے تو پیغمبر نے فرمایا کہ اللہ نے مجھے اختیار دیا ہے کہ آپ اس پر ستر بار بھی استغفار کریں میں نہیں بخشوں گا تو میں ستر سے زائد استغفار کروں گا عمر نے کہا کہ وہ منافق ہے پیغمبر نے ان کی نماز جنازہ پڑھی تو اللہ نے یہ آیت سورہ توبہ

۸۴ نازل کی یہ آیت آنے کے بعد پہلے جو نماز پڑھنے کے اختیار تھے وہ منسوخ ہوئے صاحب اصول تفسیر نے قرآن کریم کی جن سوروں میں ناسخ و منسوخ نہیں ان کی تعداد ۴۳ بتائی ہے جن میں آیات ناسخ ہے منسوخ نہیں وہ ۶ سورے بتائے ہیں اور جن میں منسوخ ہے ناسخ نہیں وہ ۴۰ سورے بتائے ہیں اور جس میں ناسخ منسوخ دونوں نہیں ان کی تعداد ۲۵ بتائی ہیں اب شخص مفسر کے لئے ان تمام کا علم ہونا ضروری ہے۔

پیغمبر نے فرمایا میں حکم نہیں بدل سکتا ہوں پیغمبر وحی کے ذریعے حکم بدلتے ہیں انھوں نے کہا وحی دو قسم کی ہوتی ہے

۱۔ وحی متلو وہ قرآن ہے۔

۲۔ غیر متلو اس سے مراد جہاں پیغمبر کو تفویض ہوئی ہے کہ آپ اپنی طرف سے تعبیر کریں جب پیغمبر تعبیر کرتے ہیں تو وحی کے تعبیر کرتے ہیں وہ قرآن کے برابر ہے اس کے لئے انھوں نے سورہ حشر آیت۔ ۷ سورہ آلعمران آیت ۳۱ سے استناد کیا ہے قرآن حدیث سے نسخ ہونے کی دلیل اسی کتاب میں آئی ہے پیغمبر نے نماز سورہ مؤمنین پڑھا اور اس میں ایک آیت نہیں پڑھی نماز ختم کرنے کے بعد ان سے پوچھا کیا تم میں کوئی نہیں تھے کہ مجھے یاد دلائے صحابی نے کہا ہم نے سمجھا کہ یہ منسوخ ہوا ہے تو پیغمبر نے فرمایا اگر منسوخ ہوتی تو میں تمھیں خبر دیتا نقل از کتاب اصول سرخصی جلد ۲ ص ۷۵ اصحاب پیغمبر کا عقیدہ تھا کہ قرآن سنت سے نسخ ہوئی ہے اس کی ایک اور مثال پیغمبر نے فرمایا لا وصیت للوارث نسخ کتاب البیان فی تفسیر القرآن ص ۲۹۵ نسخ کا معنی استکتاب ہے استنساخ استنساخ نقل تحویل ازالہ امالغت میں ایک امر حکم شریعت میں ثابت شدہ ہے اس کی مدت ختم ہونے کو کہتے ہیں چاہے وہ احکام تکلیفہ ہو یا احکام وضعیہ یا مناصب الٰہی پر یا ایسی امر ہو جس کی برگشت اللہ کی طرف ہو ہم نے کہا ایک حکم ثابت ایک حکم ثابت سے رفع کرنے کو کہتے ہیں کبھی حکم موضوع ختم ہونے سے ختم ہوتا ہے جیسے رمضان ختم ہونے کے بعد روزے کا حکم ختم ہوتا ہے نماز پڑھنے وقت ختم ہونے کے بعد نماز کا حکم ختم ہوتا ہے کسی شخص کی ملکیت اس کے مرنے کے بعد ختم ہوتا ہے اصل نسخ عقلائے مسلمین کے نزدیک نسخ شریعت جائز ہے جب کہ یہود و نصاریٰ نے نسخ شریعت کو محال ناجائز قرار دیا ہے۔

شریعت اسلام میں نسخ واقع ہوئی ہے جو احکام پہلے شریعتوں کا بقایا چل رہے تھے اس پر مسلمانوں نے عمل کیا تھا وہ اسلام میں نازل قرآن کے ذریعے منسوخ ہوا ہے جس کی مثال مسلمان بیت مقدس کی طرف رخ کر کے نماز پڑھ رہے تھے وہ اس آیت کے تحت منسوخ ہوئے اس میں جائے شک و تردید نہیں لیکن بحث یہاں ہے قرآن میں ناسخ منسوخ ہے یا نہیں ؟ بعض نے اس میں بہت غلو کی ہے ابو بکر نحاس نے ایک کتاب ناسخ و منسوخ تالیف کی ہے اس میں ۱۳۸ آیات منسوخ ہونے کا کہا ہے آیت اللہ خوئی نے ۱۳۸ کو مختصر کر کے ۳۶ آیات کو اُٹھایا ہے اس پر بحث کی ہے جس ۳۶ آیت کے منسوخ

ہونے کے بارے میں بحث کی ہے۔

وہ سورہ مجادلہ کی آیت ۱۲ ہے اس میں پیغمبر سے سرگوشی کرنے پر صدقہ دینے کا حکم دیا ہے یہ آیت اسی سورے کی آیت ۱۳ سے منسوخ کی ہے آپ لکھتے ہیں کہ اس آیت کے منسوخ ہونے کے بارے میں وارد روایات دونوں طرف سے مستفیض ہے یہ حضرت علی کے شان میں نازل ہوئی ہے اس وقت حضرت علی کے پاس صرف ایک دینار تھا اس کو درھم میں تبدیل کیا دس درھم ملے روزانہ ایک درھم دے کے پیغمبر سے سرگوشی فرماتے تھے حضرت علی فرماتے ہیں کہ میری منقبت میں میرے ساتھ کوئی اور شریک نہیں تھے ان میں سے ایک دس درھم روزانہ صدقہ دے کر پیغمبر اکرم سے نجوی کرنا تھے جس پر علی نے فرمایا اس آیت پر میرے علاوہ کسی نے عمل نہیں کیا ہے آقائے خوئی مرحوم کا یہ کہنا ہے قرآن کریم میں اس آیت کریمہ کے علاوہ کوئی آیت منسوخ ہونا قابل ہضم نہیں یہاں بحث کرنے کی ضرورت ہے جب نسخ خلاف اصل ہے تو یہاں بھی خلاف اصل ہوگا اس خلاف کو اپنان کی کیا سند ہے اس کو بحث میں لانے کی ضرورت ہے۔

۱۔ نسخ شریعت قوانین میں گزشتہ زمان کے ساتھ تنسیخ و ترمیم کی جواز اس لئے بنتے ہیں چونکہ بشر آئندہ آنے والے زمانے اور لوگوں کے مفاسد و مصالح سے جاھل ہوتا ہے ان کو پتہ نہیں ہوتا ہے غلطیوں کا اکتشاف ہونے کے بعد اسے منسوخ کرتا ہے مسخ پے قانون بشر ضروری ہے نسخ نہ کرنا ایک ظلم و جبر ہے اما یہ صورت حال اللہ رب العزت کے بارے میں تصور بذات خود باطل ہے ناممکن ہے نقص در الوھیت آتا ہے

۲۔ نسخ ادیان گزشتہ مسلمان سادہ زبان میں سرسری سادگی مین کہتے ہیں کہ نسخ شرائع ہوا ہے ایسا نہیں ہے دین کے دو حصے ہیں ایک اصول عقائد ہے ایمانیات ہیں وہ قابل تنسیخ نہیں تبدیل نہیں دوسرہ اعمال وافعال ہیں وہ اپنی جگہ دو قسم کے ہوتے ہیں ایک امھات ہوتی ہے واجب کی بنیادیں محرمات کی بنیادیں یہ بھی قابل نسخ نہیں تبدیل نہیں۔

دوسرا ہنگامی حالات میں وقتی حالات میں امتحان و آزمائش کے لئے استقامت دکھانے کے لئے ہوتا ہے وہ اسباب ختم ہونے کے بعد اس کا حکم بھی ختم ہوتا ہے نسخ شرائع سے مراد اس قسم کے احکامات ہیں یہود و نصاریٰ جس چیز کی نسخ سے انکار کر رہا ہے وہ نسخ سے نہیں شریعت اسلام کو رد کرنے کے لئے کہتا ہے۔

۳۔ نسخ نماز روزہ زکات گزشتہ شریعت میں موجود تھے چنانچہ پیغمبر اکرم ص مبعوث ہونے کے بعد آپ اور آپ کے اصحاب نے نمازیں پڑھی ہیں روزے رکھے ہیں حج کئے ہیں لیکن آپ پر مستقل طور پر حکم واجب صلوۃ معراج کے بعد ہوئی ہے چنانچہ نماز آپ شریعت سابق کے تحت بیت المقدس کی طرف رخ کر کے پڑھتے تھے مدینہ ہجرت کرنے کے بعد قبلہ تبدیل ہوئے حج و عمرہ سابق دور کے تحت آپ انجام دیتے تھے وجوب حج ۱۰ ھجری کو ہوئی۔

۴۔اما قرآن میں آیات منسوخ ہونے کا جو دعویٰ ہے وہ قرآن کریم کی ان آیات سے منافی ہے اس قرآن میں کسی قسم کی نقص عیب تبدیلی آگے پیچھے سے نہیں آینگے اللہ کا یہ فرمان یہ آیت لایٔ تیہالبطل من بین یدیہ ولامن خلفہ اس بات کی دلیل ہے کہ قرآن نہ اللہ کی طرف سے منسوخ ہونگے نہ کسی اور کی طرف سے اب آتے ہیں اس آیت کے بارے میں روایت کا یہ کہنا دس دن تک اس آیت پر حضرت علی کے سوا کسی اور نے اس پر عمل نہیں کیا یہاں سول آتا ہے کسی اور نے عمل کیوں نہیں کیا چند مفروضے ہوتا ہے۔

۱۔کسی کے پاس صدقہ دینے کی گنجائش نہیں تھے یہ مفروضہ غلط ہے اصحاب میں مہاجر وانصار دونوں صاحبان ثروت تھے۔

۲۔بخل کنجوسی مال سے محبت یہ مفروضہ بھی تاریخ مہاجرین وانصار کے تحت غلط ہے بے بنیاد ہے جن انصار نے اپنی تمام مایملک ہتھیلی میں رکھ کر مہاجرین کو پیش کیا ہو اللہ رسول کی خاطر سب کچھ ہتھیلی میں رکھ کر پیش کیا ہو ان کے پاس ایک درہم کی کیا حیثیت ہے۔

۳۔مہاجرین میں ابوبکر عثمان طلحہ زبیر جیسے شخصیات تھے جو ہمہ وقت پیغمبر کے فرمان پر سب کچھ بذل کرنے والے تھے ایک دفعہ پیغمبر نے انصار سے کہا کہ اس جنگ میں چندہ دے دیں ابوبکر نے کچھ مال لایا پیغمبر نے پوچھا گھر میں کیا چھوڑ کے آئے ہو کہا اللہ اور اسکے رسول کو ابوبکر نے ۳۔۴ غلاموں کو مشرکین کے ہاتھوں سے آزاد کیا اپنی بیٹی عائشہ کی صداق جو ساڑھے چار سو بنتے تھے پیغمبر کو دیا آپ اس کو صداق میں دے دیں عثمان بن عفان نے جنگ تبوک میں لشکر اسلام کے نصف لشکر کے اخراجات برداشت کئے اب ان دونوں کے لئے ایک درھم کی کیا حیثیت تھی

۴۔آیا تاریخ میں ملتا ہے کہ حضرت علی اس سے پہلے بار بار پیغمبر سے سرگوشی کرتے تھے

۵۔سرگوشی پر عائد پابندی کی کیا حکمت عملی تھے یہاں دو احتمال ہوتے ہیں

۴۔قرآن میں تحریف

قرآن کو اس کے مقام سے گرانے کے لیے مولفات نفاقی کے اعداد وشمار حد واحصار سے باہر ہے سب سے زیادہ تصنیفات تحریف قرآن کے بارے میں لکھی گئی ہیں فصل الخطاب عن تحریف کتاب رب الارباب تالیف محدث نوری، الفرقان دراسات فی القران علی محمد آصفی، بحوث فی تاریخ القرآن وعلومہ ابوالفصل میر محمدی، التحقیق فی نفی التحریف سید علی الحسینی میلانی، التفسیر والمفسر ون محمد ہادی معرفت، التفسیر والمفسر ون محمد حسین ذہبی، درمنثور جلال الدین سیوطی، برھان ہاشم بحرانی تفسیر الصادقی جامع احکام القرآن، الکوثر، نور الاذھان وتفاسیر فرق نے اپنے فرقے کو اٹھانے کے لیے قرآن کی تنقیص کی۔

بظاہر شیعہ قرآن کی تحریف کے قائل ہونے کا نشانہ بنے ہیں جبکہ شیعہ تحریف قرآن کا الزام اہلسنت پر لگاتے ہیں حالانکہ دونوں فرقوں کا بطور مشترک تحریف قرآن کے ثبوت میں بہت سے دلائل دیتے ہیں یہاں سے واضح ہوجاتا ہے ان کے دلائل خلاف سنت وسیرت عامہ مسلمین ہے دونوں کی کوشش قرآن کو کسی نہ کسی طریقے سے کنارے پر لگانا ہے، زیادہ سے زیادہ اس کو اموات وقبرستان تک محدود رکھنا ہے، چنانچہ دونوں طرف سے مستقل طور پر تحریف قرآن پر کتابیں لکھی گئی۔ محدث نوری نے ایک ضخیم کتاب ''فصل الخطاب فی تحریف کتاب رب الارباب'' لکھی ہے اس کے مقابل میں مصر سے ایک کتاب ''الفرقان'' کے نام سے لکھی ہے جسے پاکستان کے شعبہ مجمع جہانی نے چھپوایا ہے لیکن یہ واضح ہے کہ یہ دونوں کے خواص علماء کی یہ کاوش ہے کہ قرآن کی تحریف کو ثابت کریں لیکن وہ اپنے امت وملت عوام کے خوف وڈر کی وجہ سے نفی کرتے ہیں۔ اس کی رد میں کہ ہم قرآن کی تحریف کے قائل نہیں سید علی حسینی المیلانی نے ایک کتاب لکھی ہے ''التحقیق فی نفی التحریف'' ایک کتاب دراسات فی القرآن الکریم'' علی محمد آصفی، دونوں نے تحقیق کا استناد دلیل عقلی قرآنی سے نہیں بلکہ اپنے گزشتہ علماء کے بیانات سیاسی سے دیا ہے جہاں انہوں نے پوری تفسیر میں تحریف کو ثابت کیا ہے ان سے عدم تحریف کا بیان لکھا ہے چنانچہ نفی تحریف کو شیعہ مذہب کے معتقدات میں شامل کرنے کیلئے سید میلانی نے لکھا ہے ''تیسری صدی سے ابھی تک شیعہ علماء نے اپنی کتابوں میں نفی تحریف کی طرف اشارہ کیا ہے اس سلسلے میں وارد احادیث کو احادیث ضعیفہ ثابت کیا ہے۔ اسی طرح سے ایک فہرست شامل کی ہے کہ انہوں نے کہا ہے قرآن میں تحریف نہیں ہے لیکن ہم ان کے اس دعوی کے مردود یا تقیاتی ہونے پر یہ شواہد پیش کرتے ہیں۔

۱۔ انہوں نے کھل کے تحریف قرآن پر کتاب لکھنے والے محدث نوری کی تجلیل کی ہے اور ان سے دفاع کیا ہے اور کہا کہ یہ ان پر افتراء ہے۔ اس پر ہمیں ایک قصہ یاد آیا ہے ملا نصیر الدین کے پاس ایک شخص گدھا مانگنے گیا تو ملا نے کہا کہ میرے پاس ابھی گدھا نہیں ہے، وہ شخص جب باہر نکلا تو اس وقت گدھے نے آوازیں نکالی تو اس گدھا نکنے کی آواز سنی۔ وہ شخص واپس آیا اور پوچھا کہ آپ نے تو کہا کہ گدھا نہیں ہے جبکہ گدھا تو یہیں پر موجود ہے۔ ملا نے کہا تم بہت بے وقوف انسان ہو تمھیں میرے کہنے پر اعتبار نہیں گدھے کی بات پر اعتبار ہے۔ محدث نوری نے ایک ضخیم کتاب لکھی جس نے عالم اسلام میں غوغا پھیلائی ہے پوری دنیا میں تلاطم ہوا ہے ان کے خلاف مظاہرے ہوئے ہیں جبکہ آپ کہتے ہیں یہ ہمارے بزرگ ہیں۔

۲۔ امامت قرآن سے ثابت ہے علم امام سے متعلق قرآن میں محدثہ حذف بنا یا روایات سے قرآن میں تحریف کر کے امامت ثابت کی ہے۔ قرآن میں تحریف کر کے امام مہدی کو ثابت کیا ہے۔

۳۔ کہا ہے کہ اصل قرآن اہلبیت کے پاس ہے یہ قرآن سرکاری جمع شدہ ہے اور سرکار نے جمع قرآن میں خیانت کی ہے۔

۴۔ اصرار و تکرار ہے قرآن میں آیات منسوخات بتائی ہیں، اس پر بے شمار کتابیں لکھی گئی ہیں۔

۲۔ کہتے ہیں قرآن میں تحریف نہیں ہوئی ہے قرآں وحی کے ذریعے ترتیب ہوا ہے پھر لکھتے ہیں مائدہ آیت یہ کسی اور جگہ سے یہاں لائی آیت ۶۷ کسی اور جگہ سے لائی گئی ہے سورہ معارج کی آیت کسی اور جگہ سے لائی آیہ تطہیر کسی اور جگہ سے لائے پھر کہتے ہیں یہ ترتیب سرکاری اصحاب کی ترتیب ہے اس نے الزام لگایا کہ علی کی جمع کردہ قرآن کو واپس کیا فلاں آیت کو شامل نہیں کیا گیا۔

۳۔ قرآن میں تا قیام قیامت کے احکام واقعات موجود ہیں پھر علی کی کتاب اور مصحف فاطمہ کا نام بھی لیتے ہیں۔

ایک خیال کے مطابق چونکہ قرآن بعد میں سرکاری طور پر جمع کیا گیا اس لیے اس کی ترتیب میں تحریف ہوئی ہے۔

تفاسیر حرب القرآن

۱۔ تفسیر القرآن بالقرآن محمد حسین طباطبائی

تفسیر القرآن بالقرآن محمد صادق تہرانی

تفسیر القرآن بالاحادیث دار المشو ر جلال الدین سیوطی

برھان سید ہاشم بحرانی

نور الثقلین عبد علی بن جمعۃ العروسی حویزی

تفسیر نمونہ

تفسیر اجتہادی

سید قرطبی الجامع الاحکام القرآن

تفسیر قرآن با احادیث اکبر و اعظم غش ہے

کیونکہ اس میں مخلوق کو خالق سے کئی گنا زیادہ قوت بیانی ثابت کرتے ہیں انسان جس طرح اس اصل مادہ جس سے وہ خلق ہوا ہے وہ مخلوق خالق متصل ہے نیز اس میں موجود تمام مزاجات احساسات اور آیات قدرت تکلم قدرت بیان بھی اس کی طرف سے حاصل ہے چنانچہ الرحمین میں آیا ہے الرحمین خلق الانسان علمہ البیان انسان کے اندر قوت بیان بھی اس کی طرف سے ہے جس کی مثال ایک علمی شخصیت جو دنیا میں قوۃ بیان معروف مشہور ہے وہ کسی اجتماع سے خطاب کرتے

ہیں ان کے خطاب کے بعد ان کے شاگرد برجستہ اٹھ کے اس کے خطاب کو اپنی عبارات میں دوبارہ تکرار کرتے ہیں اگر کوئی یہ کہیں استاد سے زیادہ شاگرد نے وضاحت کی ہے اگر یہاں ممکن ہو قرآن میں ممکن نہیں ہے فہم آیات میں محمد واسطہ نہیں ہے محمد قرآن لانے کا واسطہ ہے۔

التفاسیر ضرب علی القرآن العظیم

ان سے کتنوں کو مراد اللہ بنایا ہے یہ پہلی اینٹ ہے پہلی بنیاد فہم و ادراک کے لئے کلمہ تبین آیا ہے تبین کا معنی ظاہری لفظ سے نکلتا ہے تفسیر کلمات سے دور معانی اخذ کرنے کیلئے استعمال کرتے ہیں آئیں دیکھتے ہیں۔

تفسیر مادہ فسر سے باب تفعیل کا مصدر ہے مادہ فسرہ اور مادہ سفرہ دونوں کے معنی مستور مغمور مغموض مرموز سے کشف قناع کیلئے آتے ہیں کشف غطاء عن وجه شئی میں فسر وسفر دونوں ملتا ہے دونوں کے معنی ازالہ خفا حجاب پردہ ہٹانے کے معنوں میں آتے ہیں شخص مسافر کو اس لئے مسافر کہتے ہیں وہ گھر سے باہر کشف حالات کے لئے نکلتے ہیں تا کہ نا معلوم واقعات وحوادث سے آگاہی حاصل کریں چنانچہ گھر دور غیر حاوی مسافت طے کرنے کی غرض سے نکلنے والے کو مسافر کہتے ہیں دنیا میں کیا ہو رہا ہے کہ وہ مجھولات سے کشف غطاء کے لئے نکلتے ہیں چنانچہ سابق زمانے سے عصر حاضر تک کے سیاحان نے بہت سی معلومات فراہم کی ہیں تاریخ میں مکتشفین کی کشفیات کی فہرست لمبی ہے اس تناسب سے پردہ چھوڑ کر نکلنے والی خواتین کو سافرہ مسفورات کہتے ہیں کسی کلام کے غموض ورموز پر چھائے پردہ کو ہٹا کر اصلی معنی کو بیان کرنے کو تفسیر کہا ہے جیسا کہ سورہ کہف میں قصہ موسیٰ و عبد و صالح میں آسانی سے ملاحظہ کر سکتے ہیں جب موسیٰ اولوالعزم نبی کو ان چیزوں کے معانی سمجھ میں نہ آئے تو آپ تفسیر کے محتاج ہو گئے تھے عبد صالح نے جن اعمال کا لفظ سے نہیں بلکہ اپنی خاص معنی سے بیان کیا ہے لفظ تفسیر جہاں کہیں بھی استعمال ہوا ہے معمی، مغموض، پیچیدہ، دور دراز چیزوں کی وضاحت کے لئے استعمال ہوا ہے اتنی تفاسیر لکھنے کے باوجود ابھی تک یہ واضح نہیں ہوا کہ قرآن سمجھنے کی کتاب ہے یا نہیں ہے۔

کتاب عمدۃ الحفاظ ج ۳ ص ۲۷۳ فسر بمعنی کشف و بیان کو کہا ہے صاحب مفردات نے فسر اظہار معنی مقصود کو کہتے ہیں گلاس جس میں بول ہوتے ہیں طبیب اس میں موجود جراثیم دیکھتے ہیں جو عام نظروں میں نہیں آتے ہیں یہیں سے گلاس میں نظر آنے والے جراثیم کو تفسیر کہتے ہیں۔

کتاب التحقیق فی کلمات القرآن الکریم جلد ۹ ص ۸۶ پر کتاب مقائیس الغات سے لکھا ہے کہ کلمہ فسر کسی چیز کے بیان اور اس کی توضیح میں استعمال ہوتا ہے یہاں سے نظر الطبیب الی الماء و حکمه فیه کو تفسیر کہا ہے۔

کتاب مصباح سے نقل ہے فسرت الشی ءباب ضرب سے ہے بیّنتہ واوضحتہ کتاب تہذیب جلد۱۲ص۴۰۶ الفسر کشف ماغطّی لیث نے کہاالفسّر : **التفسیرھو بیان وتفصیل الکتاب .و التفسرة: اسم قاروراة الذی ینظر فیه الاطباء، یستدلّون بلونه علی علة** اس بول کو جوشیشیہ میں رکھا ہے کہتے ہیں۔

اوراس کے رنگ سے مرض کی نوعیت کودیکھتے ہیں وکل شی ءیعرف بہ شی ءویعنیہ فھوتفسیرتہ بعض نے کہا ہے التفسیر: کشف المرادعن اللفظ المشکل لفظ مشکل سے معنی اخذ کرنے کو کہتے ہیں اس کے قریب المعنی میں تاویل آتا ہے **و التاویل ـ.رد احد ی المعنین الی ما یطابق الظاھر للفظ** یعنی دو محتمل میں سے ایک کو ترجیح دینے کو کہتے ہیں جو ظاہر کے ساتھ مطابقت رکھتا ہو۔صاحب کتاب لغویوں کے بیان پر تعلیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں شرح معہ توضیح شرح کے ساتھ توضیح ہو۔

التوضیح ،التبیین ،الکشف التفصیل ،التأ ویل کے درمیان فرق یہ ہے انّ الشرح : **بسط مخصوص فی موضوعی فی قبال القبض** جہاں بند ہے اس کو زیادہ کھولے

البیان :انکشاف بعد ابھام ،بالتفریق و الفصل .

الانکشاف: زوال غطاء ورفعه عن شیء حتیٰ یظھر .

التأویل:جعل شیء متقدماحتی یترتب علیه الآخر .

التوضیح : یقابلالخمول و الحفاء . التفصیل :یقابل الوصل

التحقیق فی کلمات القرآن کریم جلد۵ص۱۳۶ سفر زمین میں چلنے کو کہتے ہیں جس کی جمع سفر جیسے صاحب سے صحب ۔اس کا اسم السَفَر آتا ہے سفر قطع مسافت کو کہتے ہیں اگروہ کسی مقصد کے لئے کسی خاص جگہ کے لئے عادی مسافت سے زیادہ طے کرے اس کو سفر کہتے ہیں اس لفظ سے سفر یا مسافر یہ فعل اور فاعل کا کلمہ کم استعمال ہوتا ہے اسم جمع اسفار آتا ہے دوساتھ سفر کرے تو سافر کہتے ہیں جمع قیاس سفرات آتا ہے **سفرت الشمس** یعنی سورج نکل گیا سفر بین القوم یعنی دوقوموں کے درمیان اصلاح کیا وکیل کے لئے سفیر کہتے ہیں اس کی جمع سفراء کہتے ہیں یہ کلمہ مأ خوذ ہے سفرت الشی ء سے **اذا کشفتَه و اوضحتَه** وہ اپنے مطلوب فیہ کو واضح کرتا ہے **سَفَرَت المرأۃسُفُرا : کشفت وجھھا**، چہرہ نکالا۔

اسفر الصبح اِسفاراً یعنی دن نے روشنی ڈالی اسفر الرجل بالصلوٰۃ یعنی نماز کو سفر میں پڑھا اسی سے سُفرہ بھی آتا ہے سفرہ اس غذا کو کہتے ہیں جو مسافر سفر میں لے جانے کے لئے بناتا ہے اس کو رکھنے والے برتن (ٹفن) جس میں یہ غذا رکھتا ہے صاحب کلمات نے مقائیس سے نقل کی ہے اس کا اصل معنی انکشاف وانجلاء کے لئے کہتے ہیں کیونکہ وہ اپنے

گھروں سے نکلتے ہیں سفرتُ البیت یعنی کنستُہ گھر کو جھاڑو کیا درخت سے گرنے والے پتہ کو بھی سفیر کہتے ہیں کیوں کہ ہوا نے اس کو پھینکا ہے سفیرِ قوم، سفیر اس لئے کہتے ہیں کہ وہ عداوت وکدورت کو دور کرتا ہے

سفرت المرأة عن وجھا عورت نے اپنی چہرے سے چادر ہٹائی وجہ مُسفِر یعنی خوش چہرہ سفر کشف غطاء کو کہتے ہیں سر سے عمامہ ہٹانے کو کہتے ہیں چہرے سے نقاب ہٹانے کو کہتے ہیں گھر کو جاڑو دینے کو کہتے ہیں اصل اس کا معنی اس مادے میں **ھو حرکة الی محیط خارج عن محدودته**، اپنے محدود علاقے سے باہر نکلنے کو کہتے ہیں (یہ قید ملحوظ ہے استعمال کے تمام موارد میں) والصبح اذا اسفر سورہ ۷۴ آیت ۔۳۴ سورہ ۔۸۰ آیت ۔۳۸ سورہ ۔۶۲ آیت ۔۵ سورہ ۔۸۰ آیت ،۱۵ سورہ ۔۲ آیت ۸۴ سورہ ۲ آیت ۲۸۳

سفیر بروزن فعیل اسم فاعل سے رسوں کو کہتے ہیں کبھی اس لحاظ سے بھی کہتے ہیں کہ قوم کے درمیان جو کشید گی نفرت عداوت ہے اس کو ازالہ کرتے ہیں سفیر معنی مفعول جو جاڑ جمع ہوتے ہیں۔

سفیر رسولوں کو بھی کہتے ہیں رسالت کو بھی کہتے ہیں جن سے خلق مخلوقات کی اصلاح ہوتی ہے سفیر ساعی باالصلح عمدۃ الحفاظ ۲۳۲ ج ۲ سفر کتاب قاموس قرآن میں پانچ معنوں میں آیا ہے **سفر المنازل الکتب الاشراق الانکشاف** سفر منازل کے معنی میں آیا ہے **با عدیین السفارنا** ہمارے محلے گاؤں کو ایک دوسرے سے دور کریں سفر بمعنی کتاب جمع عملوں اسفار سفر بمعنی اشراف عبس ۸۱ سفر بمعنی کشف سفر بمعنی طی منازل میں کان منکم مریضا

۱۔ کلمے کے قریب المعنی یا ترجمہ لفظی کرتے ہیں کبھی اس کے بالکل مخالف کلمے کے ذریعے کرتے ہیں‘ عربی زبان میں ہر ایک کلمہ کے قریب المعنی لفظ پایا جاتا ہے اس کو مترادف کہتے ہیں بعض نے اس بارے میں کتاب لکھا ہے اردو میں پایا جاتا ہے دوسرا اس کا ضد کلمہ پیش کیا ہے مثلاً کلمہ غنی کو کبھی بے نیازی سے کرتے ہیں کبھی اس کے نتائج سے کرتے ہیں جیسا کہ کلمہ اللہ احد کی تفسیر الصمد سے لم یلد ولم یولد سے کی ہے ضد فقیر سے بھی کرتے ہیں۔

۲۔ تفسیر کا دوسرا طریقہ تفسیر لفظ سے نہیں بلکہ کلام کے سیاق وسباق اول وآخر سے جوڑ کر آگے پیچھے لگے قرائن سے معنی نکالتے ہیں جہاں کلمہ کے معنی حقیقی امکان پذیر نہ ہو وہاں سیاق وسباق کو دیکھتے ہیں کیونکہ ہر کلمے کے معنی از روئے لغت تین طریقے سے کئے جاتے ہیں۔

الف۔ ایک کلمہ کے پورے معنی جو اس لفظ کے لئے وضع کیا ہے معنی کرنے دلالت مطابقی کہتا ہے۔

ب۔ کلمے کے ایک حصہ کا معنی بیان کرتے ہیں اس کو دلالت تضمّنی کہتا ہے۔

ج۔ لفظ کے خارجی لوازمات میں سے کرتا ہے اس کو دلالت التزامی کہتا ہے‘ عقلاء ماہرین زبان جانتے ہیں کہ

متکلم نے یہاں کونسے معنی مطابقی مراد لئے ہیں تضمنی یا التزام یہ لغات شناس اچھی طرح سے جانتے ہیں لغت بنایا ہے اسی لئے کہ مخاطب مطلب کو سمجھیں دنیا میں رائج تمام زبانوں میں سب سے زیادہ افہام وتفہیم کرنے کی طاقت عربی زبان میں ہے۔

د۔ایک دفعہ ان تینوں معنوں سے بھی ہٹ کر بہت دور قصد کر کے بتاتے ہیں، لیکن صاحب کتاب قرآن کا دعوٰی ہے ہمارے لئے حجت بالغہ ہے بینہ جہاں بیان نارسا ہو تو خود معنی کو بیان کرتا ہے وما ادراک۔

جیسا کہ قرآن کریم میں چند جگہ آیا ہے وما ادراک آپ کو کہاں سے پتہ چلا آپ کہاں سے جانتے ہیں وما ادراک کے بعد جو جواب آتا ہے وہ اس لفظ سے آسانی سے نہیں نکلتا ہے

سورہ حاقہ آیت۔۲ سورہ مدثر آیت۔۲۷ سورہ مرسلات آیت ۔۱۴ سورہ انفطار آیت۔۱۷۔۱۸ سورہ مطففین آیت ۱۸۔۱۹ سورہ طارق آیت۔۳ سورہ بلد آیت۔۱۲ سورہ قدر آیت۔۲ سورہ القارعہ آیت ۲۔۱۰ سورہ ھمزہ آیت۔۵ سورہ یونس آیت۔۶ سورہ احزاب آیت ۷۲ سورہ شوریٰ آیت ۱۷

القارعۃ وما ادراک مالقارعہ اسقر وما ادراک ما اسقر الطلاق وما ادراک ما الطارق القارعہ وما ادراک ما القارعہ فرماتے یو م یکون الناس کا دلسوزان کسی چیز کو جب زیادہ دبائیں گے اس کا آخری نتیجہ مراد ہے بتاتے ہیں۔

قرآن کریم کی پہلی تفسیر لغت ہے آیت میں موجود مرکزی کلمہ کا معنی دیکھیں یعنی تفسیر لغت سے کرتے ہیں اس حوالے سے بھی کن کن لغات کو دیکھنا ہے جاننا چاہیئے، ہر موضوع کی اپنی لغات ہوتی ہے طب کی اپنی لغت ہوتی ہے اقتصاد کی اپنی فلسفہ کی اور قرآن کے کلمات کی اپنی بھی لغات ہے ان کو دیکھنا ہوگا عام طور پر لوگ جدید کتاب لغت امثال منجد وغیرہ دیکھنے پر کفایت کرتے ہیں جبکہ ان لغات میں فی زمانہ رائج معانی کو بیان کرتے ہیں لغاتوں میں بھی تحریف پائی جاتی ہے کتب لغت میں بھی فرق ہے کتب لغات جدید و قدیم ہے انسان ادوار گزرنے کے بعد اس کے انداز فکر سوچ بود و باش بدل جاتا ہے کلمات کے معنی میں بھی تغیر آتا ہے بلکہ یوں بھی کہہ سکتے ہیں کتب لغات میں بھی تحریف پائی جاتی ہے بعض بڑے سے بڑے عالم کہتے ہیں صاحب مجمع البیان نے کہا ہے المیزان نے کہا ہے مفسرین نے کیا بتایا ہے یہ بات اپنی جگہ سرسری سادہ غیر مبہم غیر متنازع حالت میں درست ہے۔لیکن عند تحقیق وتدقیق درست نہیں ہے کیونکہ ذوات لغوی نہیں تھے انہوں نے لغت سے اپنے مطلب کے مطابق معانی کو لوٹا ہے۔

انہوں نے تاج العروس لسان عرب قاموس محیط تہذیب مقائس لغت سے لیا ہے کتب لغت میں ہر کلمہ کے لئے کتنی معانی بیان کئے ہیں ان میں سے مفسرین نے اپنے مطلب کی معنی اخذ کئے ہیں بطور امثال علامہ صاحب

المیز ان نے کلمہ استمتاع سے متعہ مراد لیا ہے کیونکہ یہ معنی ان کے ذوق سے قریب تھے یا ان کے فرقے کے حق میں تھے ۔بطور مثال کلمہ عترت قرآن کو کنارے پر لگانے کے بعد سنت کو بھی کنارے پر لگانے کے لئے بطور بدیل عترت استعمال کیا ہے'اسی طرح کلمہ سنت میں بھی انہوں نے تحریف کر کے قول اور تقریر کو بھی سنت میں شامل کیا اقوال اصحاب واتباع کو شامل کرنے کے لئے حدیث کا کلمہ استعمال کیا پھر اس کو تواتر بنایا ہے علماء ذاکرین نے عوام سے اس کا رٹہ لگوایا ہے یہاں تک کہ ان کے علماء حتیٰ عوام کو بھی سنت سے بھی چڑ ہے اُن کو غصہ آتا ہے کہ سنت نہیں عترت ہے۔جب ان سے پوچھا جا تا ہے اس کلمہ کا کیا معنی ہے۔کہا جا تا ہے لغت میں عترت کے لئے جو معانی بیان ہوئے ہیں وہ یہاں مناسبت نہیں رکھتے ہیں تاہم عترت کا ایک معنی رشتہ دار بھی ہے اس حوالے سے نبی کریم کے رشتہ دار چند بطون میں تقسیم ہیں آل طہار آل عقیل آل عباس آل ابی طالب ہے۔

قرآن سمجھنا آسان نہیں کی وجوہات میں سے ایک پھر یہ کہتے ہیں لغت عرب میں ایک کلمہ کے چندین معانی کا ذکر کیا ہے جسے مشترک لفظی کہتے ہیں اس کے مقابل میں چندین الفاظ کے ایک معنی ہیں جسے مشترک معنوی کہتے ہیں بعض جگہ ایک لفظ دو معنی متضاد رکھتے ہیں چنانچہ ماہرین لغات نے اس کلمہ پر مستقل کتابیں لکھی ہے مثلاً قرآن کریم سے شغف رکھنے والوں نے ایک کتاب مترادفات قرآن لکھی ہے اس کتاب میں ان الفاظ کو جمع کیا ہے جس کے چندین معانی بتائے ہیں اس کے بالمقابل ایک معنی کے لئے چندین الفاظ وضع کئے ہیں جسے کلمات مشترک کہتے ہیں مترادفات کا مترادفات القرآن نام رکھا ہے اپنی جگہ مستحسن عمل ہے لیکن فلسفہ لغت والوں کا کہنا ہے لغت جو بھی ہو خاص کر لغت عرب میں ہر ایک کلمہ کی ایک ہی معنی ہوتا ہے ورنہ غرض وغایت وضع لغت کے منافی ہونگے۔

کیونکہ وضع لغت کا فلسفہ افہام وتفہیم ہے جبکہ ایک لفظ کے چندین معنی ہونا یا ایک معنی کے لئے چند کلمات ہونے سے فہم معانی میں اشتباہ ہوتا ہے ہر شخص کو تمام کلمات پر عبور بھی نہیں ہوتا ہے قرآن کریم کے بارے میں صاحب قرآن عالم غیب ماضی ومستقبل نے نزول کے بعد

ہونے والی عوارض واطواری کو سامنے رکھتے ہوئے قرآن میں ہونے والی تمام مزعومات متصور کو سامنے رکھ کر رد کیا یہ کتاب عربی میں ہے۔

۲۔لسان مبین آیت

۳۔غیر ذی عوج آیت

۴۔اس کو فہم کے لئے آسان بنایا ہے۔آیت

۵۔وہ کتاب مبین آیت
۶۔یہ کتاب فصل ہے
اس کے باوجود سر توڑ کوشش کی ہے یہ کتاب آسان سے سمجھ میں آنے والی کتاب نہیں ہے۔
۲۔ نص امامت سے متعلق دو کتابیں ہیں

۱۔کتاب ارشاد مؤلف شیخ مفید ہے شیخ مفید کو ایک عالم معتدل غیر متعصب گردانا جاتا ہے شیخ مفید استاد رضی، مرتضیٰ، شیخ طوسی ہے اس کتاب میں حضرت علی سے لیکر امام حسن عسکری تک کسی نے بھی اپنے بعد کے امام پر نص نہیں کی ہے ذکر تک نہیں کیا ہے نص اللہ رسول اور امام سابق کی نص نہ ہونے کا واضح مثل آفتاب دلیل یہ ہے خاندان نبوت میں امام حسین کے اور امام حسن کے اولادوں میں تناؤ اور اختلاف ہو گیا ایک دوسرے سے بدظن ہو گیا امام حسن کے دونوں بیٹوں میں اختلاف ہو گیا زید نے قیام کیا۔امام جعفر صادق کے چار فرزند تھے اسماعیل، عبداللہ افطح، موسی کاظم، محمد دیباج چاروں نے دعوائے امامت کئے اگر اندرون خانہ امام کی اولاد نص کو نہ مانیں تو باہر والے کون مانے گا اگر نص ہوتے تو یہ اتنے کھلے بے دین بھی نہیں تھے امام موسی بن جعفر کی اولاد امام رضا نے مامون الرشید کی ولی عہدی قبول کی اور ان کی نگرانی میں اپنے کسی قسم کی حرکت امامت کے نام سے نہیں کی امام علی الھادی کے تینوں بیٹے امامت کے منصب پر انھوں نے کہا یا لوگوں نے کرایا محمد آپ کے حیات میں گذرے امام حسن عسکری لاولد دنیا سے گذرے جعفر کذاب کے نام سے معروف تھے لوگوں نے نہیں مانی یہاں ملحد بے دین محمد بن نصیری نمیری نے دعوٰی باب کیا اور امامت کے اثناعشری کی بنیاد رکھا اثناعشری باطل ہونے کی ہے بنیاد ہونے کی بانی نصیری ہونے کی دلیل یہ ہے اس سے پہلے ہر امام کی وفات پر لوگ رکھتے تھے توقف کرتے تھے امام باقر پر نہیں رکتے امام جعفر صادق پر نہیں رکھتے علی الھادی پر نہیں لھذا امامت کو نص کے ذریعے چلانے والے فاطمیین ہے وہ بھی نہیں چلا سکے انھوں نے بھی خود دعوی کیا ہے قتل کشتا سے کرسی پر بیٹھے ہیں کلمہ امام امامیہ منشور باطنی ہونے کی دلیل اثناعشریوں کی غیر اسماعیلی ہونے کی دلیل وہاں سے فاش ہوتا ہے اس وقت پاکستان میں اکثریت اذان میں شھادت ثالثہ اس طرح سے پڑھتے اشھد انّ امیر المؤمنین علی ولی اللہ و وصی رسول اللہ وخلیفتہ بلافصل منافق وغیر منافق کے تکرار واصرار کے بعد بادل ناخواستہ امام جمہور مسلمین قبول کیا اس کو کیسے کہتے ہیں کہ خلیفہ بلافصل تو یہ جھوٹ ہے امامت اثناعشری والے زیدی والوں سے دفاع کرتے ہیں ان کو اپنی چھتری میں رکھتے ہیں دعوائے الٰہی کرنے والے اسماعیلی سے دفاع کرتے ہیں ان کے کلمہ یا علی مدد کے یہ ورد کرتے ہیں آغا خانیوں سے دفاع کرتے ہیں شرف الدین کے ساتھ کیا کیا ہے دنیا جانتی ہے ان علماء کو یہ پتہ نہیں بڑے بڑے علماء ایک عرصے سے

امامت کے بارے میں وجود نص سے دست بردار ہوئے ہیں اب وہ اعلمیت آئمہ سے متمسک ہے تو باطنیوں کی اصل اساس امامت ہے وہ امامت کو چلانے کے لئے اقنوم ثلاثہ نص، عصمت اور معجزہ کے قائل ہیں۔

تفاسیر لغوی

اس سلسلے میں علامہ ھادی معرفت تفسیر مفسرون جلد۲ص ۵۱۰ پر لکھتے ہیں کلمات غریبہ قرآن کے نام سے بہت سی کتابیں لکھی گئی ہیں جو کلمات غریبہ کتاب اللہ میں آئے ہیں چونکہ کلمات غریبہ شان کتاب اللہ کے منافی ہیں تو ان کو خود کلمہ غریبہ کی تفسیر کرنی پڑی، غریب سے مراد وہ الفاظ ہے جو ایک قبیلہ میں معروف و مستعمل ہیں دوسرے قبیلے میں نہیں ہیں پھر جو ان سے مراد ہے اس کے لئے مثال دیتے ہیں مثلاً کلمہ، ودق، کلمہ جرحمی ہے کلمہ،، منات،، یہ لغت حضر موت ہے،، آسن،، بمعنی خراب، گندگی یہ لغت لمیم ہے،، سعر، یہ کلمہ عمان ہے،، بست،، بمعنی تغطت فاشدہ ہونا ٹکڑا ہونا یہ لغت کندہ ہے اس طرح سے قرآن میں جو کلمات آئے ہیں وہ بہت غریب ہیں۔

ان کا کہنا ہے یہ غریب گوارا اور جائز ہے اب قرآن میں استعمال ہونے کے بعد مأ لوف ہوا ہے اب یہ کلمات رقیق نہیں رہا ہے منفور نہیں رہا ہے اسی سلسلے میں لکھنے والے یہ لوگ تھے۔

۱۔ محمد بن سائب کلبی کوفی متوفی ۱۲۶ھ

۲۔ ابوفید معرج بن عمر نحوی سدوسی بصری متوفی ۱۷۴ھ

۳۔ ابوالحسن نذر بن شمیل مادنی متوفی ۲۰۳ھ بہترین کتاب معانی کے لئے لکھنے والے ابو محمد عبداللہ بن مسلم بن قتیبہ دینوری مروزی متوفی ۲۷۶ آخری کتاب حسین بن محمد معروف بہ راغب اصفہانی متوفی ۵۰۲ھ

۲۔ اسباب نزول قرآن

علوم قرآن میں سے ایک علم معرفت اسباب نزول قرآن کو گردانا جاتا ہے اس میں جائے شک و تردید نہیں بعض آیات قرآن کسی جماعت گروہ کی سوال کے جواب میں نازل ہوئی ہے چنانچہ جہاں جہاں یسئلونک آیا ہے اس کا معنی بعض نے آپ سے سوال کیا ہے ان کے جواب میں نازل ہوئی ہے یہاں سوال کے جواب میں آیت نازل ہونا واضح ہے امّا ان کے علاوہ اور کتنے جگے پر اس کی کسی سبب کے تحت قرآن نازل ہوئی ہے یہ موضوع بحث و نقاش ہے قرآن کریم کی غرض نزول دو بتایا جاتا ہے

۱۔ ایک اثبات نبوت حضرت محمد ﷺ ہے اس سلسلے میں نازل آیات ہے جو پیغمبر کی نبوت کے بارے میں آیات کسی سبب کا محتاج نہیں سوائے معاندین کی لجاجت خصومت عناد و انکاری کے جواب کے

۲۔دوسرا کتاب ھدایت کتاب شریعت ہے اس کے نزول میں کسی سبب کے انتظار نہیں ہوتا ہے لھذا بعض آیات کسی سبب کے تحت نازل ہوئے ہیں وہ بھی اللہ کے علم میں تھا اس کا جواب وقت مناسب پر دیا گیا ہے یہ کتاب اللہ نے نازل کرنے ہی تھے وہ کسی سبب کے متوقف نہیں تھے علی ای حال اسباب نزول قرآن جو کہ ایک شرط تفسیر بتایا ہے معاون و مددگار تفسیر بتایا ہے اسکو کچھ حد تک اس بارے میں وضاحت ضروری ہے اس سلسلے میں کتاب الاتقان فی علوم القرآن ص ۶۱ عنوان معرفت سبب نزول کے تحت علامہ جلال الدین سیوطی نے لکھا ہے اسباب نزول قرآن پر سب سے پہلے کتاب لکھنے والا علی ابن مدنی شیخ استاد بخاری ہے اسباب نزول کے بارے میں سب سے مشہور کتاب واحدی ہے جو نقائص و معائب سے بھرے ہیں اس کو جعبری نے اس کی اسناد کو حذف کیا ہے

۳۔شیخ الاسلام ابو الفصل ابن حجر نے ایک کتاب لکھی ہے لیکن اس کا مسودہ گم ہے ہم نے اس کے بارے میں کوئی چیز نہیں دیکھی ہے

۴۔خود انکی سیوطی کی کتاب ہے ہم نے اس میں ایک کتاب لکھی ہے جو انتہائی مختصر ہے لیکن اس جیسا ابھی تک اس جیسی اس موضوع پر کسی نے کتاب نہیں لکھی ہے اس کا نام ہم نے کتاب نقول فی اسباب نزول رکھا ہے اس پر بعض نے بہت سختی کی ہے معرفت نزول کے بغیر تفسیر کرنا درست نہیں ابن تیمہ نے لکھا ہے معرفت نزول فہم قرآن کے لئے مددگار رہے سنی شیعوں کا اسباب نزول قرآن کے بارے میں جھنجالی واضح نظر آتا ہے کتاب مناھل عرفان فی علوم قرآن ص ۱۰۰ پر آیا ہے بعض آیات قرآن خلیفہ دوئم عمر ابن خطاب کی تمنا خواہش پر اتری ہے اس کے لئے یہ چند آیات مثال پیش کی ہے

۱۔عمر ابن خطاب نے پیغمبر سے تمنا کی اگر ہم مصلی کو مقام ابراھیم لے تو اچھا ہوتا تو یہ آیت اتری ﴿**وَ اتَّخِذُوا مِنْ مَقامِ إِبْراهيمَ مُصَلًّى وَ عَهِدْنا إِلى‏ إِبْراهيمَ وَ إِسْماعيل**﴾

۲۔آپ کے ازواج کے حضور میں بے حجابی حالت میں بر و فاسق فاجر سب آتے ہیں آپ ان بیویوں کو حجاب کرنے کا حکم دیتے تو اچھا ہوتا تو یہ آیہ حجاب اتری ﴿**يا أَيُّهَا الَّذينَ آمَنُوا لا تَدْخُلُوا بُيُوتَ النَّبِي**﴾ سورہ احزاب آیت ۳ ازواج نبی نے غیرت سوکھنی کی بنیاد پر پیغمبر کو پریشانی کی تو عمر نے ان کو طلاق دینے کا مشورہ دیا تو اللہ نے سورہ تحریم نازل کی ان کو طلاق دینے کے متعلق۔شیعوں کے چھٹی صدی کا عالم دین نے ۸۴ آیات کے سبب نزول کو حضرت علی کی امامت بنایا ہے اور آیت کا علی تو چھوڑ دیں امامت سے کوئی ربط نہیں ہے کوئی رشتہ دور کا نہیں ہے اس طرح انھوں نے عملی میدان میں قرآن کو کنارے پر لگایا ہے اور دونوں نے اپنے مذھب کو اٹھانے کے لئے آیات کا شان نزول بنایا ہے کبھی یہ کہتے ہیں خود پہلے یہ کرتے تھے یا یہ کہتے تھے میری پرانی کتابوں میں لکھی گئی عبارات پیش کرتے تھے ڈاکٹر اسد

رجائی کہنے لگے کتابوں میں تضاد بھرے ہوئے ہیں یہ قرآن کے خلاف ہے یہ باتیں منطق فرعون ہے فرعون نے موسیٰ سے کہا سورہ شعراء آیت ۱۹ تم یہاں پہلے آدمی مروا کے گئے تھے تو موسیٰ نے کہا میں اس وقت گمراہ تھا موسی اولوالعزم نے طور پر اللہ کی درگاہ میں جب نبوت ملی تو فرمایا اے اللہ میں نے ان کے آدمی کو قتل کر کے آیا ہوں تو میں کیسے جاؤں جب موسیٰ جیسے اولوالعزم پیغمبر نبوت ملنے سے پہلے غلط کاری کرے تو شرف الدین کی کیا حیثیت کہ وہ جاھل محلے جاھل والدین کے پرورش پائی اور علم کی تلاش مدینہ علم میں گیا وہاں سے جہل مرکب بن کر بغیر علم دین خود کو عالم بنا کر جس طرح آج کل پاکستان میں بغیر علم اسلام زبانی رٹہ کرنے والے عبا قباء پہن کر عالم دین کہتے ہوئے منابر پر بسم اللہ اور الحمد للہ کہنے کے بعد جھوٹ سے فضاء کو مکدر کرتے ہیں ہم بھی انہیں میں سے تھے شرف الدین کو بعد میں پتہ چلا علم دین نہیں جانتے ہیں نہ اس ماحول میں دین کی خدمت کر سکتے ہیں تو لباس علما کی جو کسی کی یا فقیہ و مجتہد کے حکم پر اخلاق کرنے سے پہلے اس لباس کو اتار کے پھینک کر اٹھارہ سال ہو گیا مجھے اپنی جہالت کا خدمت نہ کر سکنے کا پورا یقین ہو گیا تو میں نے لباس پھینک دیا مجھ سے غلطیاں ہونا حتمی بلکہ مجھے خود احساس شرمندگی ہے کہ میں کیوں شیعوں کی رسومات فاسدہ میں شریک ہوا لھذا مجھے میری سابقہ گفتگوان باتوں میں شرکت کو جواز بنا کر مجھے مطعون کرنے کی کوئی جواز نہیں آیت اللہ جناتی نے اپنے مجتہد سید محمود شہرودی سے تین سو فتویٰ بدلوایا کسی کو ایک صفحہ تک نہیں بھیجا کہ ہمارے یہ فتویٰ بدل گئے کبھی یہ نہیں کہا کہ میرا یہ فتویٰ بدل گیا ہے لوگوں کو بتاؤ ہمارے دوست ذوالفقار اس پر اسرار ہے سابق کتابوں میں جو لکھے ہیں اس کی تردید لکھے اگر عقل ہے تو نئی کتابوں میں جو آیا ہے وہی صحیح ہے مجھے اس کا اعتراف کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے میری مذھب والوں کے اور ان کے علماء کی دروغات قولی و فعلی ہے انھوں نے اھل البیت اطہار کے نام سے کفر کا ہمیشہ ابتداء سے ساتھ دیا ہے اھل البیت سے ان کا واسطہ نہیں ہے ان کے مذھب کے بنیاد رکھنے والے قائدین کے چہرے کتب تاریخ میں ممسوخ ضد اسلام اسلام سے دور الحاد سے قریب ہے ہم نے کہا یہ مذھب الحاد سے قریب ہے الحادیوں کے حامی و داعی ہے دروغ پردازی ان کی مؤثر ترین سُپَر و اسلحہ ہے آئے کہ یہ مذھب اسلام کے خلاف ہے یا نہیں اس بارے میں ایک ان کے ہاں ابھی تک تروتازہ اسرار کے ساتھ ایک عملی موجود ہے وہ بغض و عناد تکفیر شیخین ہے یا ثلاثہ شیوخ ہیں

۳۔جمع قرآن مصطلح سرکاری

۴۔تعدد قرائت

۵۔ناسخ و منسوخ

۶۔تحریف قرآن

۷۔آیت کی جگہ کلمہ معجزہ استعمال ہوا ہے

غیاب۔ نبی کریم وحفاظ وصلحا وخیرالامہ امت وسط کے غیب کے بعد خفاً اعلانیاً متواتراً وقفے سے قرآن عظیم پر ضربات متنوعہ لگائی ہے جس طرح سوتیلی ماں سوتیلے بیٹے کو نوچتے ہیں قرآن ظاہری خود کو خادم قرآن پیش کرتے ہیں اندر سے قرآن کو مارتے ہیں متجزہ کریں لوگ اس کو ناقص معوب دیکھیں باقاعدہ اس کو ایک عنوان دے دیں ان عناوین میں سے چند عناوین یہاں پیش کرتے ہیں۔

۱۔ضرب علی القرآن العظیم

قرآن پر سب سے زیادہ کاری ضرب تفسیر کے نام سے تھی اس کی باقاعدہ مکمل تفسیر جریرطبری نے کی ہے جریرطبری مشکوک مخدوش ہیں اس نے قرآن کومحکوم کرنے کے لئے دوطریقہ کوانتخاب کیا ایک قرآن کے محکوم مردود شدہ شعر کو دوبارہ بحال کیا اور معانی قرآن کو اشعار جاہلیت کے شاہد کا محتاج بنایا دوسرا احادیث بلا اسناد کو مفسر قرآن بنایا مصادر تفاسیر بعد میں واقع ہوئی ہے فی غش وثمین حدیث اور اشعار سے باندھا ہے اس کو مشکل اور ناقابل فہم قرار دیا قرآن فہمی قرآن سمجھے بغیر حدیث اشعار جاہلیت کا کہنا ہے تفسیر بمعنی تفہیم آیات اردو بولنے والے کوکڑوی بوٹا جیسا ہے ناممکن سمجھایا بعض لوگوں کا خیال ہے آیات کے معنی کرنے کو کہتے ہیں تفسیر اس شیشہ میں موجود مائع دیکھنے کو کہتے ہیں جسے آزمائشی بوتل میں رکھا ہے جو اس کی نظر میں نہیں آتا اس کو تفسیر کہتے ہیں یہ تفاسیر جو لکھی ہیں کچھ حق کی بات کی ہوگی لیکن ان کا بنیادی مقصد قرآن کو کنارے پر لگانا ہے ان کی نیت اچھی نہیں تھی۔

۲۔شان نزول قرآن

ہر سورہ کے آغاز میں شان نزول بیان کیا ہے کچھ آیات سے تو واضح ہے لوگوں نے کچھ سوالات کیے اللہ نے ان کے جوابات دیے وہ اایات کے متن سے پتہ چلتا ہے لیکن خاص ہر آیت یا سورہ کا شان نزول نہیں ہے لیکن علماء تفاسیر اس کو علمی شکل میں بیان کیا ہے جس میں آیات متشابہات کو استعمال کیا ہے اور اس کو ایک علم کی شکل دے دی ہے جس سے لوگوں کو قرآن سے نزدیک کرنے کی بجائے دور کیا ہے۔

۳۔تعداد قرائت قرآن

علوم قرآن میں سے ایک قرائت قرآن ہے قرآن کی مختف قرائت بیان کی گئی ہے لہجہ اور انداز بیان بتایا ہے قرائت کی تاریخ بیان کی گئی ہے بعد از رسول خدا لوگوں کے درمیان قرائت پر اختلاف ہوا جو قرائت قریش پر ختم ہوا آج بھی

قرائت کے مقابلے کرائے جاتے ہیں لوگوں کو مفاہیم و مطالب سمجھانے کی بجائے حفظ اور قرائت کی تشویق دلائی جاتی ہے۔

۵۔تقید و تخصیص قرآن

۶۔تلاوت قرآن

علوم قرآن میں سے ایک تلاوت قرآن ہے اس کے بہت سے فضائل بیان کیے جاتے ہیں مختلف سورہ اور آیات کا ثواب بتایا جاتا ہے تلاوت کرنے سے پہلے بہت سی شرائط عائد کی جاتی ہیں جس کی تفصیل نیچے بیان کی گئی ہے۔

آداب تلاوت و تفسیر قرآن کریم:

فہم قرآن کریم کے لئے جو شرائط خود قرآن نے بیان کی ہیں اور جو شرائط آداب باطنین نے وضع کی ہیں وہ ایک دوسرے سے مختلف ہیں اکثر و بیشتر فہم قرآن کے لئے آداب شرائط باطنین نے وضع کی ہے اور وہی آداب کم و بیش ابھی چل رہے ہیں اس کا لب لباب خلاصہ میں ہے کہ فہم قرآن رکھنے والوں کو سرچشمہ قرآن سے دور کرنے کے لئے ترتیب دی ہیں ذیل میں ہم تدبر در قرآن تألیف ولی اللہ تقی پورص ۱۰۵ سے نقل کرتے ہیں صاحب کتاب نے تدبر در قرآن کے لئے جو تمہید بنائی ہے پہلے مرحلے میں اس نے ایک تمہید خصوصی اور ایک تمہید عمومی بیان کی ہے ہر صنف و گروہ اس میدان میں وارد ہونگے ان کے لئے ضروری ہے کہ مندرج ذیل آداب کا خیال رکھیں۔

۱۔آغاز تفسیر سے پہلے مسواک کرے نبی کریم سے روایت نقل کرتے ہیں نظف طریق القرآن، پیغمبر سے پوچھا گیا طریق قرآن کیا ہے؟ فرمایا تمہارا دھان ہے یہ دھان پاک کرو خوشبودار بناؤ پھر اس سلسلے میں مسواک کی فضیلت اور آداب و آثار کو بیان کیا ہے۔

۲۔شرط دوئم طہارت ہے تلاوت قرآن کے لئے جس طرح نماز میں طہارت شرط ہے تلاوت قرآن کے لئے طہارت شرط ہے۔

۳۔قبلہ کی طرف رخ کر کے قرآن پڑھیں۔

۴۔قرآن پڑھنے سے پہلے دعائے شریف تلاوت قرآن پڑھیں۔

ہر وہ شخص جو فرقہ باطنی اور ان کے ارمان و مرام سے واقف ہے وہ جانتا ہے فرقہ باطنی اس فرقے کا نام ہے جو ظاہر میں مسلمانوں کے اجتماع میں گھل مل بیٹھتا ہے اجتماعات میں شرکت کرتا ہے خوشی مسرت دکھ حزن میں شرکت کرتا ہے خود کو ایک مخلص باوفا دردمند دلسوز برادر کے طور پر پیش کرتے ہیں اس چھاؤ اور سیاہ چادر کے نیچے چن چن کے قرآن کی طرف

جانے والے پل کو توڑتے ہیں ہر راستے کے موڑ پر سرنگ لگاتے ہیں تاکہ ہمیشہ کے لئے اسلام قرآن سے لاتعلق رہے انھوں نے اللہ کی اصل بندگی سے باز رکھنے کے لئے جعلی عبادات وضع کی ہے جن میں سے نماز خمسہ سے پہلے بعد وضع کردہ اکثر و بیشتر مستحبات نفلیات ہیں جو انسان سے کثیر وقت لیتا ہے اور آخر میں ادائے واجب کے لئے تھکا دیتا ہے گھر والے ان سے تنگ آ کر طنز کرتا ان کا ہر کام مشکوک ہوتا اس کو سمجھنے کے لئے اصل قرآن تاریخ نزول قرآن مبلغ قرآن داعی قرآن کو سمجھنا ہوگا۔

آیئے دیکھتے ہیں تفسیر قرآن کے لئے جو آداب انھوں نے وضع کیا ہے وہ صدر اسلام میں اس کی کوئی مثال ملتا ہے ہر اٹھتے بیٹھتے مسواک کا لاتعداد فوائد کہاں سے نکالا ہے نظافت ایمان کی نشانی ہے یہ کہاں سے نکالی ہے گویا ایمان سے پہلے نضافت کرے قرآن پڑھنے سے پہلے طہارت کرے آیا جس وقت پیغمبر نے قرآن لایا اور لوگوں کو قرآن کی طرف دعوت دی تو مشرکین قرآن کو سمجھنے کے لئے طہارت کرتے تھے یہ جو مستشرقین نے مسلمانوں پر حملہ کرنے کے لئے اسلام کو دبانے کے لئے یورپ میں فہم قرآن پر زور لگا وہ قرآن کے لئے طہارت کرتے تھے؟ تلاوت قرآن کو نماز سے جوڑنا قیاس مع الفارق ہے نماز کے لئے طہارت شرط قرآن میں آیا ہے آیت روزہ عبادت طہارت شرط نہیں سعی بین صفا و مروہ عبادت ہے طہارت شرط نہیں ہے۔

تو دوسری عبادت کے لئے شرط کہاں سے نکالی ہے اور نماز کے بعد دوسری عبادت ہے، صحت روزہ کے لئے طہارت شرط ہے؟ حج میں احرام باندھنا ہے احرام ایک عمل حج ہے جس سے عمل حج شروع ہوتا ہے اس کے لئے طہارت ہے سعی بین صفا والمروہ رکن حج و عمرہ ہے طہارت شرط نہیں ہے وقوف در عرفات رکن اصیل حج ہے وقوف میں طہارت شرط نہیں ہے کسی عبادت میں طہارت شرط ہونے سے دیگر عبادت میں شرط نہیں بنتا اگر شرط ہوتے تو اللہ جو ہے بھولا نہیں ہے وہاں بھی ذکر کرتے فہم قرآن کے لئے دو ہی شرط ہے۔

۱۔ توجہ کے ساتھ سماعت قرآن ہے ارادے کے ساتھ تلاوت ہے

۲۔ کلمات قرآن میں تعقل تفکر تدبر ہے اور اس کا وسیلہ فہم کلمات مستعمل در قرآن کے لغوی معنی سمجھنا ہے۔

۷۔ تعویزات قرآن

۸۔ معجزات قرآن

۹۔ علمیت قرآن۔

قرآن کے بارے میں چند آراء پائی جاتی ہیں۔

۱۔قرآن کاایک ظاہر ہےاورایک باطن ہے۔

۲۔قرآن ناقابل فہم کتاب ہے۔

۳۔قرآن کوصرف اہلبیت سمجھ سکتے ہیں۔

۴۔اہل بیت ایک مجمل لفظ ہےکون سے اہل بیت۔اہل بیت توزیادہ ہیں اہل بیت حسن اہل بیت حسین،اہل بیت جعفر طیار،اہل بیت عقیل۔

حاضراوراق ہمارے ہاں متداول تفاسیر کے بارے میں اظہاررائے ونظرہےتفاسیر کے نام سے جوکتب اسواق کتب دستیاب ہے وہ کس نوع کی ہے آیاقرآن اذہان مسلمان وغیرمسلمان کوقریب اور سیراب کرنا ہے یااجنبی دورکرنا ہےایک گہراجائزہ ہےآیایہ تفاسیرانسان مسلمان وغیرمسلمان کے اذہان کوقرآن کریم کے معانی ومفاہیم سےنزدیک کرنے کے لئےلکھاگیاہے یایوں کہیں یہ تفاسیرقرآن کواذہان سے دورکرنے حیرت سرگردانتے یہاں تک جاہل شخص عالم متصورکرتا ہے۔اس کی وضاحت ضروری ہے تاکہ مبعدکومقرب مضرکونافع تصورکرکے عمرعزیزکوامرلاتحصل میں ضائع نہ کریں پوری امت کوخسارہ زیاں میں نہ ڈوبوئیں یہاں چندگروہ پائی جاتی ہے بعض بطورصریح کہاہےقرآن کاظاہری معنی مراد نہیں بلکہ باطن مرادہےدوسری جماعت کہتی ہےفہم قرآن بغیرتفسیراہل بیت ممکن نہیں بدقسمتی سےاہلبیت مضاف ہے مضاف الیہ محذوف ہےوہ کیاہےاورکون ہے یہاں یہ بات واضح کرکےگزرجاؤں بہترہوگااہلسنت کےمضاف الیہ عشرات کی تعدادمیں ہےحتی جن ذوات کی طرف اذہان منصرف ہےانہوں نےتفسیرنہیں کی ہے یہ مسلمات میں سے ہے معلوم نہیں یاکثیرقریب الاتفاق تفاسیراس احتمال کی تائیدکرتاہے یہ تفاسیرانسان مسلمان کوتنہانزدیک نہیں کرتے بلکہ یا پست بنی وہیات بعدالمشر قین یامغربین بدقسمتی جوغلط بات پہلےکس نےکی ہے لکھتے ہیں مشہوریہی ہےمشہورکوردنہیں کرسکتے جبکہ عقلاءکہتے ہیں رب شہرۃ اصلالہ بہت سی شہرتیں بےبنیادہوتی ہی یہاں یہ دیکھناہےقرآن فہمی کے لئےتفسیر اہل بیت صحابہ ناگزیرہےحقیقت اورواقعیت یاکھلاجھوٹ ہے یامبعدقرآن ہے یابےربط چیزہےذراان احادیث پر ایک نظرکریں گےیہ احادیث آیات کوواضح کیاہے یاکوئی اجنبی معنی پیش کیاہیے یالاحاصل ہےاگرچہ راقم کے بارے میں یہ کہہ سکتے ہیں۔

تفاسیرانسان مسلمان کوقرآن کریم سےنزدیک بلکہ تنہابعیدنہیں بلکہ تمام تفاسیرقرآن سےبغض عداوت کینہ دوزی شقاوت قساوت سےلبریزجلدی سےنظرسےہٹانےخواہش مندپائیں گےاس مدعی کےلیےقرائن شواہداعدادمعدودنہیں لا تحصی ہے۔

۱۔جس دوا کو بینائی کے لیے نقصان دہ کہا گیا اس کو دواء شفاء دہندہ قرار دیا ہے جیسے قرآن جن آیات کو محتاج توضیح پایا ہے اس کو رسول کے منع کردہ تدوین حدیث سے تفسیر کیا ہے۔

۲۔حوزات و مدارس جو دین کے نام سے تاسیس ہوئی درس قرآن نہ رکھنے کی محکم پالیسی ہے حتی عربی لغت تک نہ رکھنا کی پالیسی ہے۔

۳۔درس تفسیر کی ترتیب لغت عرب سکھانے کو آخری میں رکھنا۔

۴۔جو روایات احادیث تفسیر قرآن کے نام سے آیت ایصاق کیا ہے وہ آیت سے اجنبی ہے۔

ہدایہ نحو صمدیہ سیوطی نہ سمجھنے والے تفاسیر قرآن قضاوت کیسے سمجھیں گے ایک زمانہ مدارس دینی نقد کرتے ہیں یہاں درس تفسیر کیوں نہیں تو کچھ اصحاب مدارس کہتے ہیں تم تو یہاں قرآن سمجھنے والی کتاب پڑھاتے کوئی کہتا تھا یہاں خالی تاریخ کرتے ہیں والی کیلئے کو دا ہے وہ بھی اپنے دور علماء نوابغ کے لکھے تفاسیر کے بارے میں اظہار نظر کریں گے ایسے افراد کے بارے میں کیا کہہ سکتے ہیں ایسے اقدامات کرنے والے کو اگر ممکن ہو سکے تو کوئی ماہر نفسیات سے علاج کرائیں یا پاگل خانے میں پہنچائیں میں اس قسم کے نتیجہ اخذ کرنے والوں کو عالم و جاھل میں تمیز ہے یا تمیز نہ کرنے والے ہی کیوں نہ کہوں یہ منطق ناخواندہ کہیں گے اگر کوئی بلتی جس کو انگریزی سمجھ میں نہیں آتی ہے آپ اس سے کہیں تمہیں انگریزی تو نہیں آتی ہے بلتی تمہاری سمجھ میں کہاں سے آئیگا۔ان کو یہ کہوں گا سائل مفترض کے لئے علم نہیں چاہیے۔

صرف و نحو در حقیقت فہم قرآن کو ناممکن بنانے کے لئے وجود میں لائی ہے چنانچہ اس وقت کے شاغف و شابقہ بقرآن جہاں کہیں کتاب سیبویہ دیکھتے تھے کہتے تھے ضد قرآن لائی ہے ان کے واضعان کی سنت و سیرت عزائم و کردار اس کا منہ بولتا ثبوت ہے غیر عرب والوں کو عربی سیکھانے کے لئے وجود میں لائی ہے یہ بعد میں چلتی بس میں سوار ہو گا ضد اسلام والوں نے حصہ ڈالا ہے خود ان کا دعوٰی ہے کہ ہر کس و ناکس کیلئے نہیں یہ ہر آئے دن مشکل بناتے گئے جبکہ دنیا میں علوم کو آسان سے آسان بنایا گیا ہے چنانچہ فی زمانہ مدارس میں کم سے کم چھ سات سال لگتے ہیں لہٰذا نحو فہم قرآن سے ربط ہی نہیں رکھتا ہے جب کہ قرآن عام لوگوں کیلئے آسان بنا کر بھیجا ہے چنانچہ سورہ قمر میں تکرار سے آیا ہے ﴿وَ لَقَدۡ یَسَّرۡنَا الۡقُرۡاٰنَ لِلذِّکۡرِ فَہَلۡ مِنۡ مُّدَّکِرٍ ﴾ ۲۲،﴿وَ لَقَدۡ یَسَّرۡنَا الۡقُرۡاٰنَ لِلذِّکۡرِ فَہَلۡ مِنۡ مُّدَّکِرٍ﴾ ۳۲،﴿وَ لَقَدۡ یَسَّرۡنَا الۡقُرۡاٰنَ لِلذِّکۡرِ فَہَلۡ مِنۡ مُّدَّکِرٍ ﴾ ۴۰،﴿ وَ لَقَدۡ یَسَّرۡنَا الۡقُرۡاٰنَ لِلذِّکۡرِ فَہَلۡ مِنۡ مُّدَّکِرٍ ﴾ ۱۷۔اس علم کے مبتکرین مذاہب فاسدہ سے وابستہ تھے ان میں اکثر و بیشتر شعوبی تھے۔

قرآن سمجھنا کیوں مشکل ہے:

ہر غیر عادی غیر روایتی کام کے بارے میں سب پوچھتا ہے دنیا میں سیاست دان خطاب کرتے ہیں علماء خطاب کرتے ہیں فن والے خطاب کرتے ہیں کاروباری افراد ایک دوسرے سے خطاب کرتے ہیں ان کے کلمات کی تفسیر نہیں ہوتی ہے۔ دنیا میں کسی بھی کلام کی تفسیر نہیں ہوتی ہے زیادہ سے زیادہ توضیح تشریح ہوتی ہے کیونکہ تفسیر کے معنی ہے کشف غطاء کلام پر لگے پردے کو ہٹانا ہے نقاب کو اٹھانا ہے جیسا کہ مفسرین نے کلمہ تفسیر کی وضاحت میں بتایا ہے مبہم نا سمجھ کلمات کی توضیح کو تفسیر کہا ہے دنیا میں کسی کے کلام کی تفسیر نہیں ہوتی ہے حتی ہمارے ہاں پیغمبر کے کلمات کی ہی تفسیر نہیں ہوئی ہے کہیں نہ آئی ہے کسی نے رسول اللہ سے پوچھا آپ کی اس فرمان کی کیا تفسیر ہے کلمہ تفسیر مخصوص قرآن کے لئے۔ یہاں سے سوال پیش آتا ہے کہ صرف قرآن محتاج تفسیر ہونے کی کیا اسباب و وجوہات ہیں۔قرآن کی کیوں تفسیر چاہیئے قرآن کی تفسیر کی ضرورت کے بارے میں کیا جواب دیتے ہیں کہتے ہیں قرآن۔

۱۔عام لوگوں کے کلام جیسا نہیں خالق کائنات کا کلام ہے وہ احسن الخالقین ہے اس کا کلام اس کا مخلوق ہے وہ اپنے کلام تفسیر سے بے نیاز کرسکتا ہے کیوں کس لئے محتاج تفسیر والی کلام نازل کیا ہے اس کا کوئی جواب منطقی نہیں ہوسکتا ہے

۲۔قرآن حقائق و معارف سے بھرا ہوا کلام ہے اسلئے اس کی تفسیر کی ضرورت ہے۔

۳۔قرآن میں غیر عربی کلمات استعمال ہوئے ہیں۔

۴۔ ادب قرآن پر لکھنے والے تقریباً صالح کم نفاق زیادہ نظر آتے ہیں کیونکہ ادبی حوالے سے وہ لکھتے ہیں کلام فصیح ہونے کے لیے کام کے اجزاء میں الفاظ غریب نہ ہو یہ شرط لگاتے ہیں کلام فصیح وہ ہے جس میں الفاظ غریب نہ ہو پھر کہتے ہیں قرآن نے فصاء عرب کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر دیا پھر قرآن کو غریب القرآن لکھنا اس تضاد گوئی کا حل کون کیسے کرے گا حال ہی میں مفردات راغب لکھنے والے ابھی اس کو چھپائی کے وقت نیا ایڈیشن غریب القرآن کے نام سے چھاپا ہے۔ قرآن کریم میں کلمات غریبہ ہیں چنانچہ انھوں نے کلمات غریبہ پر کتابیں لکھی ہیں غرائب القرآن تالیف نظام الدین النیشاپوری کہا ہے عربی زبان میں ایک کلمہ بہت سی چیزوں کے لئے استعمال ہوا ہے جس کا نام انھوں نے کلمات مشترک معنوی رکھا ہے جس کے لئے انھوں نے ایک مثال دی ہے کلمہ کے لئے بہت سے معانی بیان کئے ہیں اب قرآن میں یہ کلمہ جہاں جہاں آیا ہے معلوم نہیں اس سے کونسے معنی مراد لیے ہیں۔

۵۔قرآن میں ایک چیز کے لئے دو لفظ آئے ہیں ان دونوں میں کونسا لفظ استعمال کریں بلکہ ایک جز کے لئے چندین معنی کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں مثلاً سورج کے لئے تلوار اور اونٹ کے لئے اتنے الفاظ استعمال ہوا ہے۔

۶۔حقیقت و مجاز کبھی کلمہ اپنے معنی حقیقی میں استعمال ہوتا ہے اور کبھی مجازی میں استعمال ہوتا ہے معلوم نہیں ہوتا

ہے کہ حقیقی معنی میں استعمال ہوا ہے یا مجازی میں یہ لغت کے لحاظ سے ہے۔

۷۔قرآن دیگر کلام جیسا نہیں ہے قرآن اللہ کا کلام ہے اللہ کا کلام کلاموں کا الہ ہے جس طرح اللہ بلند ہے انسان کا وھم وخیال اللہ تک نہیں پہنچتا ہے اسی طرح انسان کا ذھن اللہ کے کلام تک پہنچ نہیں سکتا ہے یہ وجوہات کلام کے حوالے سے ہیں۔

۸۔مخاطبین کے حوالے سے دنیا عرب قبائل وعشائر سے بھرے ہوئے ہیں ہر قبیلے کی اپنی زبان ہے کچھ چیزیں اپنی جگہ فرق ہے جیسے اردو سب کی ایک ہے لیکن علاقے کے حوالے سے فرق ہے عربوں میں بھی اس طرح سے ہے عرب عدنانی ہے قحطانی ہے حجازی ہے۔

۹۔متکلم بذات خود عاجز وقاصر ہے مطلب کو ادا نہیں کر سکتے اس سے قریب افراد اس سے، مانوس افراد اس سے صحبت میں رہنے والے افراد مطالب کو اپنی زبان میں وضاحت کرتے ہیں جیسے بچہ کوئی چیز طلب کرتا ہے تو سمجھ میں نہیں آتی ہے تو ماں سے پوچھتا ہے یہ کیا کہتا ہے باہر جائیں لوگوں کی سمجھ میں نہ آئے تو باپ سے پوچھتا ہے کہ بچہ کیا کہتا ہے۔

۵۔خود لغت میں عیب ونقص ہے اس میں ایصال معانی راقبہ گنجائش نہیں۔

یہاں اس کلام کے عناصر ترکیبی کو کھولنے کی ضرورت ہے۔

یہ لغت بذات خود ایک معما لغت ہے جس میں قدرت بیان نہیں ہے جیسے حبشی زبان کُردی زبان بلتی زبان شنائی زبان پنجابی زبان بلوچی پشتوئی زبان سرائیکی زبان سابق زمانے کی سنسکرتی زبان یا لاطینی زبان قدرت بیان نہ ہونے کی وجہ سے متروک ہوتی ہے آیا لغت عرب جس میں یہ قرآن آیا ہے ان زبانوں جیسی زبان ہے اس میں مواد ادائیگی کم ہے یہ یا تصور باطل ہے زبان عرب دنیا میں بہترین زبان ہے ہر چیز کی ادائیگی کے لئے اس میں کلمات فراوانی سے ملتے ہیں جس کی وضاحت ہم بعد میں کریں گے لغت میں خرابی نہیں ہے۔

۲۔مستمعین مخاطبین جن سے خطاب ہے اگر مخاطب بچہ ہو اگر مخاطب دیوانہ ہو تو ان سے خطاب نہیں ہو سکتا۔

اگر مخاطب غیر عربی ہو تو غیر عرب نہیں سمجھیں گے جب تک وہ عربی زبان کو نہیں پڑھیں گے۔

۳۔متکلم کی قدرت بیان میں نقص خامی ہے جسمانی طور پر لکنت رکھتا ہے یا کوئی جرم وجنایت کا ارتکاب کیا ہے چنانچہ موسی نے فرعون سے خطاب کرنے میں اپنی خامی کو بیان کیا ہے (آیت لکھنا ہے) ایک زبانی نقص کو پیش کیا ہے ایک مخاطبین کی نظر میں مجرم ہوں (آیت لکھنا ہے) اللہ سبحانہ خالق کلام ہے متکلم اللہ ہے ہر نقص وعیب سے پاک ومنزہ ذات

ہے خالق انسان ہے خالق عقل ہے خالق سماعت ہے اور معلم بیان ہے دوسروں کو بیان سکھانے والا ہے کیسے ممکن ہے متکلم میں عیب ہو۔

۳۔ٹھیک ہے قرآن جو ہے صرف عرب کے لئے نہیں ہے دنیا بھر کے انسانوں کے لئے ہے۔عربی زبان پر تسلط رکھنے والے قرآن کریم کلمات کو سمجھنے والے قرآن کریم جو شغف رکھنے والے انھیں مسلمانان عالم کو دعوت دیں وہ زبان عرب کو عالمی بنائیں نیز مفاہیم قرآن کو دوسرے مومنین بقرآن کو سکھائیں۔

تفسیر اہل البیت:

قرآن میں اہل بیت کا لفظ کہاں اور کس کے لیے استعمال ہوا ہے اس کے لیے قرآن کی وہ آیات پیش کرتے ہیں جن میں یہ لفظ پیش کیا گیا ہے۔

وَ قَرْنَ فی بُيُوتِكُنَّ وَ لا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّ جَ الْجاهِلِيَّةِ الْأُولى وَ أَقِمْنَ الصَّلاةَ وَ آتينَ الزَّكاةَ وَ أَطِعْنَ اللَّهَ وَ رَسُولَهُ إِنَّما يُريدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَ يُطَهِّرَكُمْ تَطْهيراً (33) احزاب

وَ حَرَّمْنا عَلَيْهِ الْمَراضِعَ مِنْ قَبْلُ فَقالَتْ هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلى أَهْلِ بَيْتٍ يَكْفُلُونَهُ لَكُمْ وَ هُمْ لَهُ ناصِحُونَ (12).قصص

قالُوا تَقاسَمُوا بِاللَّهِ لَنُبَيِّتَنَّهُ وَ أَهْلَهُ ثُمَّ لَنَقُولَنَّ لِوَلِيِّهِ ما شَهِدْنا مَهْلِكَ أَهْلِهِ وَ إِنَّا لَصادِقُونَ (49)النمل

قالُوا أَ تَعْجَبينَ مِنْ أَمْرِ اللَّهِ رَحْمَتُ اللَّهِ وَ بَرَكاتُهُ عَلَيْكُمْ أَهْلَ الْبَيْتِ إِنَّهُ حَميدٌ مَجيدٌ (73)هود.

بعض نے قرآن کو کنارے پرلگانے کے لئے اپنی من پسند خزعبلات کو بٹھانے کے لئے دین کو دین سے مارا ہے لیکن ان کو یہ پریشانی ہوتی ہے کہ ان کی بات باہر حقائق سے نہ ٹکرائیں۔

فرقہ باطنیہ نے قرآن کو کنارے پرلگانے کے لئے دو متبادل پل بنایا ہے جس طرح مسلمان ملکوں میں اجتماعات میں شرکاء کے لئے دو باب بنائے ہیں باب رجال و باب النساء لوگوں کو قرآن سے دور راستے پر گامزن کرنے کے لئے دو پل بنایا ہے ایک پل کا نام اھل البیت ہے جب کہ دوسرے کا خلفاء اصحاب سلف کی تفسیر پل اھل البیت پر لگانے والوں کو یہ کہا ہے قرآن اھل البیت کے گھر میں نازل ہوا ہے اور اھل البیت سے خطاب کیا ہے یہ بات ہمارے شام کو نشر ہونے والی اخبارات کا سرخی بن سکتا ہے کیونکہ قرآن اھل البیت کے گھر میں نازل نہیں ہوا قرآن محمد کے دل پر نازل ہوا ہے قرآن اھل البیت سے خطاب نہیں کیا ہے انسانوں، کافرین مشرکین، منافقین، مومنین سب سے خطاب کیا ہے

۲۔قرآن کو گرا کر اھل البیت کو اٹھانے کے لئے کہا ہے قرآن کتاب صامت ہے اھل البیت کتاب ناطق ہے، یہ بھی

شام کے اخبارات کے ہیڈ ینگ بن سکتا ہے کیونکہ قرآن ناطق مصر، ایران کے ریش تراش بھی ہیں وہ بھی قرآن ناطق ہے، گویا ریش تراش قرآن سے برتر ہوسکتا ہے اس طرح وہ بھی افضل ہوسکتا ہے

۳۔نعوذ باللہ پیغمبر نے فرمایا کہ میں تمھارے درمیان دوگراں قدر چیزیں چھوڑے جارہا ہوں ایک قرآن دوسری میری اھل البیت ہیں یہ اھل البیت کو محمدؐ پر برتری دینے کی بات ہوگی کیونکہ محمد قرآن کے بارے میں ثقل نہیں رکھتے تھے' قرآن محمد پر ثقیل تھے لہٰذا اللہ نے محمدؐ سے فرمایا کہ آپ کو ایک قول ثقیل نازل کرر ہا ہوں اس کو قبول کرنے' برداشت کرنے کے لئے تیار رہو' نبی کریم خود قرآن کے مقابل ثقل نہیں ہے تو انُ کا اہل بیت قرآن کے برابر ثقل کیسے ہوگا لیکن پیغمبر نے اپنے سے ثقل تر کو پیش کیا ہے فرمایا یہ دونوں کبھی الگ نہیں ہوں گے نعوذ باللہ دوسوساٹھ ہجری کے بعد اھل البیت لا پتہ ہوگیا کہاں گیا ابھی تک پتہ نہیں چلا اگر کافرین کو محمد کے کاذب ہونے کا کوئی سند پیش کرنا ہوتا تو یہی خبر کافی ہوتا۔ان اور اہل بیت الگ ہوگیا اب لوگوں کے درمیان قرار ہے اہل بیت نہیں ہے۔

اب مسلمانوں کے پاس اہل بیت ہے جن سے تمسک کریں سوائے وہ اہل بیت کے جو خمس خور الحاد پرست فساق وفجار لوگ ہے جبکہ قرآن کی جگہ کسی کے پاس بخاری شریف کسی کے پاس کساء شریف ہے دونوں جھوٹوں سے بھری ہوئی ہیں اتنی تمہید اھل البیت کی شان میں باندھنے کے بعد لوگوں کے دلوں میں یہ سوال ابھرتے رہتے ہیں یہ لوگ کتنے اھل البیت کے گرویدہ ہیں لیکن ان کا مقصد اھل البیت نہیں تھا بلکہ ان کا مقصد قرآن کی جگہ حدیث حدیث کی جگہ اصول فقہ اور فقہ کو لانا تھا ان کا مقصد کفایہ اور جواھر کا لانا تھا۔

امّا احادیث کی سن پیدائش اور مقام پیدائش ابھی تک عامۃ الناس کے لئے واضح نہیں ہوئی ہے

ا۔پیغمبر نے مدینے میں تشریف لانے سے وفات تک حدیث لکھنے پر پابندی لگائی تھی تو یقین سے کہ سکتے ہیں کہ سنہ ۱۱ ہجری تک حدیث نہیں لکھی تھی دعوت اسلام سے آپ کی وفات تک آپ کے سفر وحضر خلوت وجلوت میں رہنے والوں سے احادث سوڈیڑھ سو سے زیادہ نہیں ملتا ہے یہ بھی پیغمبر سے سنا ہو کہا نہیں ہے۔

۳۔اللہ نے قرآن میں ﴿ولکم فی رسول الله اسوة حسنة﴾ کہا اللہ نے خود رسول کو اسوہ حسنہ بنایا تھا' قول رسول کو سنت نہیں بنانا کیونکہ اللہ عالم بالغیب ہے وہ جانتا ہے کہ یہ لوگ محمد نہیں بناسکتے لیکن جانتا ہے کہ قال رسول اللہ ہزاروں بنائیں گے

۴۔تاریخ تدوین حدیث یا تولید حدیث ۱۳۲ھ کے بعد شروع ہوا ہے اس وقت مکثرین حدیث عالم برزخ میں تھے برزخ میں جو جاتا ہے واپس نہیں آسکتے ان سے کس نے پوچھا؟ ان کی ہمت نہیں تھی کہ اتنی احادیث کی بوچھاڑ کرے۔

۵۔لوگوں کواحادیث پرشکوک وشبہات پیدا ہونے کی وجہ ان اصحاب کوقرار دیا جاتا ہے جنہیں پیغمبر سے اتنی شرف لقاء حاصل نہیں تھی تھوڑے عرصہ پہلے اسلام قبول کیا تھا لیکن پیغمبر کے ساتھ خاص قربت نہیں تھے عائشہ ام المؤمنین دوسری ھجری کوعقد میں آئی ،عبداللہ ابن عمر سے زیادہ خود عمر پیغمبر سے قریب تھے،عبداللہ ابن عباس سے زیادہ ان کے والدزیادہ پیغمبر سے قریب تھے تو یہ کیسے ہوابعید العھد والے حدیث پے حدیث نقل کرتے ہیں قریب العمر والوں کے پاس کوئی حدیث نہیں تو ان دونوں میں فرق کہاں سے آیا فرق واضح ہے قریب العھد والوں نے کہا ہم نے پیغمبر کو دیکھا لیکن بعید والوں نے کہا ہم نے سنا ہے شنیدہ کےبوَد مانند دیدن (سنی ہوئی بات کی وقعت دیکھی ہوئی بات کے مقابلے میں نہیں ہو سکتی)اس جھوٹ کونرم برکفسول میں ڈال کر کہا ہے پیغمبر نے ان کے حق میں دعا کی ہیں اگر پیغمبرامور دنیا میں آپ کی دعا مؤثر ہوتی تو سب سے زیادہ خطرناک امت کوتفرقے سے بچانے کے لئے دعا کرتے بلکہ الٹے سے آپ نے امت کی تفرقے کی خبر دی ہے

۷۔حدیث کی جائے پیدائش حافظان حدیث ماخذ احادیث تینوں واضح ہیں، جائے پیدائش مرکز یہود ونصارا خوارج و دیگر مذاھب فاسدہ میں پیدا ہوا ہے جس طرح آج کوئی محترم بااثر رسوخ والے تازہ تازہ ہندوستان کے شہر نئی دہلی سے ہجرت کرکے یہاں آئے ہوئے ہیں آپ کتنا ان پر بھروسہ کروگے یا کوئی اسرائیل کے کوئی یہودی مسلمان بن کر آجائے اس پر آپ کتنا بھروسہ کروگے حدیث کی نگرانی کرنے والے سرپرستی کرتے کرتے حوالہ حکومت ساسان بزرجہ محل تھے جو ہرضد اسلام امورات کے لئے دل کھول کر بجٹ دیتے تھے جس طرح آج مغرب مسلمانوں کے فرقوں کوخیرات کے نام سے دیتے ہیں چنانچہ کتاب بلوغ العرب میں آیا ہے شعوبیوں کوانھوں نے تیس ہزار درہم دیئے تھے۔

اما حافظان وکاتبان حدیث ان میں سے اچھے چہرے والوں کا ان کے چہروں میں مت دیکھو ان کی کتابوں میں دیکھو کتنے احادیث موضوعات پائے جاتے ہیں اور بعض حفظ حدیث کے علاوہ الحاد پھیلانے کی وجہ سے مسلمانوں میں ناپسند قرار دے کر معاشرے سے دور کیا تھا چنانچہ صاحب ثقات ابی حیان خاتم اولیاء لکھنے پر خراسان آمدی کو دین سے انحراف پر شہر بدر کیا تھا یہ حدیث کی تاریخ ہے۔

امّا انھوں نے قرآن کی جگہ حدیث کیسے جاگزیں کیا ؟ حدیث جاگزیں کرنے کے لئے گھڑے گئے حدیث قرآن سے متصادم ہے یہاں سے واضح ہوتا ہے حدیث برابر قرآن نہیں حدیث فرزند لصیق بقرآن ہے حدیث کووحی غیر متلوء کہنا بذات خود غلط ہے اللہ نے قرآن میں سیرت محمدؐ کو حجت قرار دیا ہے نہ کہ قول محمدؐ کو۔

قرآن اور تفسیر بالرائے:

تفسیر باطنی کو رواج دینے کیلئے تفسیر بحدیث اور تفسیر بالرائے میں جھگڑا نما چھوڑا ایک نے کہا تفسیر بغیر حدیث باطل مردود ہے دوسرے نے کہا تفسیر بالرائے مردود ہے جبکہ دونوں کی برگشت تفسیر خلاف ظاہر قرآن مراد ہے دونوں نے تفسیر قرآن کو اجتہادیوں کے حوالے کیا تا کہ یہ میدان اجتہادیوں کے لئے خالص ہو جائے دوسرے نے بالرائے کے نام نقل تفکر سے کلی طور پر منع کیا تا کہ وہ توجہ بقرآن سے یکسرہ یکطرف روکنے کے لئے اٹھائے گئے اقدامات موثر رہے لیکن تفسیر بالرائے بطور قطعی عند الکل مذموم مقدوح ممنوع بلا دلیل برھان استناد ہے کیونکہ رائے کے ارباب لغت نے دو معنی بیان کئے ہیں رائے بمعنی دیکھنا رائے بمعنی جانا ہے لہٰذا ضروری ہے کہ ہم تفسیر بالرائے کو تحلیل کریں اس کی برگشت کہاں ہوتی ہے تفسیر کا معنی تو پہلے بیان کر چکے ہیں ابھی کلمہ رائے کی وضاحت ضروری ہے۔ رائے کسے کہتے ہیں؟ یہ کہاں سے نکلا ہے؟ کون اس کے مبتکر و بانی ہے پہلے ہم مادہ وصیغہ رائے کا معنی معلوم کرتے ہیں رائے قرآن کریم میں کثرت سے استعمال ہوا ہے۔

شاید اس جیسا کوئی کلمہ استعمال نہ ہوا ہو رائے، رائی، رایت، رایتک، رایتکم اور رایتھم بھرے ہوئے ہیں صاحب کتاب عمدۃ الحفاظ القرآن نے لکھا ہے کلمہ رائے بمعنی بصارت دو معنیٰ میں استعمال ہوا ہے ایک اپنی آنکھوں سے دیکھنا اگر آنکھوں سے دیکھنا ممنوع اور مذموم عمل قرار پائیں گے تو دنیا اس کے لئے تاریک ظلمت ہو جائیں گے مدخل علوم پہلے بصارت بعد میں سماعت ہے قبل سماعت اسکی کوئی حیثیت نہیں ہے سماعت و بصارت ختم ہونے کے بعد عقل کوئی کام نہیں کر سکتا ہے باب علوم رایت وسمعیت ہے۔ آپ نے سنا آپ نے دیکھا اور آیت پر پابندی لگائی۔

دوسرا معنی علم ہے آپ کو پتہ نہیں چلا آپ کو معلوم نہیں ہوا اس کا بھی برگشت رویت پر ہوتا ہے ایک دفعہ آنکھوں سے خود چیز کو دیکھتا ہے اس کو رویت بصری کہتا ہے دوسری چیز اس کو اثر کو دیکھ کر موثر پر ایمان لاتے ہیں اس کو رویت علمی قلبی کہتا ہے چنانچہ پیغمبر کے بارے میں آیا ہے ﴿وَ لَقَدْ رَآهُ نَزْلَةً أُخْرٰى ☆عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى﴾ (النجم ۔۱۳،۱۴) محمدؐ نے ایک دفعہ اللہ کو سدرۃ المنتھیٰ پر دیکھا یعنی رویت رویت علمی ہے الم تر کیف فعل ربک باصحاب الفیل کیا آپ نے نہیں دیکھا ہے اصحاب فیل کے ساتھ ہم نے کیا کیا جس وقت اصحاب فیل آئے تھے محمدؐ دنیا میں نہیں تھے وہ رویت علمی ہے خلاصہ کلام رائے آنکھوں سے دیکھنا رائے عقل سے اثر دیکھ کے موثر پر ایمان لانا اس کا نام رائے اللہ نے مشرکین وملحدین کے تمام تر احتجاج، تنقید، مذمت اس پر ہے کہ تم کیوں نہیں دیکھتے ہو۔

سوچتے کیوں نہیں دیکھتے یہ رویت کہتے ہیں کیوں نہیں سمجھتے ہو سمجھتے رویت علمی ہے رویت کی طرف دعوت کے باوجود تفسیر بالرائے کی شدت سے مذمت بات بات پر ہوتی ہے کیا آیات قرآن میں استعمال ہونے والے کلمات اسم

فعل حرف کے معانی کو سامنے رکھ کر معنی کرنا لغت کی ریشہ کو دیکھنا صیغہ کو دیکھنا آیات کے سیاق وسباق کو دیکھ کر معنی کرنا تفسیر بالرائے ہے یہ دوسری صدی میں قائم اصحاب رائے دراحکام شرعیہ سے پیدا ہوا ہے اور ایک گروہ خاص کی مذمت ہے وہ قرآن کو چھوڑ کے عقل کی سواری پر سوار ہو کے میدان مارنے والے محمد کی جگہ پر بیٹھ کے میری عقل کہتی ہے کہنے والا ہے معتزلہ نے اسلام کی ضد میں قرآن کو کنارے پر لگا کر اپنی طرف سے نیا اصول دین وضع کیا تھا قرآن کی کثیر آیات میں مشرکین سے خطاب میں عتاب آیا ہے کیوں عقل نہیں کرتے کیوں تفکر نہیں کرتے کیوں نہیں سوچتے آیا مشرکین سے یہ کہا ہے قرآن کو لے جا کر قرآن کے معانی ابوبکر سے کیوں نہیں پوچھتے علی سے عمر سے کیوں نہیں پوچھتے ابی مسعود عثمان بن عفان سے کیوں نہیں پوچھتے ایسا ہے؟

تفسیر بالرائے کی مذمت کرنے والوں سے سوال ہے یہ لمبی چوڑی ۳۵ آیت حضرت علی کے منصوص ہونے کے بارے میں پیش کی ہے آیت بلغ آیت اکمل آیت سال سائل آیت رکوع آیت تطہیر ان میں نص بر امامت کہاں سے نکلی ہے زواج متعہ کہاں سے نکلی ہے رائے نہیں ہے عقل سے کلام نکلتا ہے کلام سے عقل نکلتا ہے کلام سمجھنے کے لئے عقل چاہیے عقل کو سمجھانے کے لئے کلام چاہیے۔

عقل اور کلام والد ومولود ہیں انڈہ اور مرغی ہیں اس طرح کھیل کے رنز بنائے ہیں قرآن کریم کی تفسیر قیل وقال اخباریوں حدیثوں سلفیوں سے تفسیر کرنا تفسیر صحیح ہے کلمات قرآن کریم کو حاق لفظ سے سمجھنے کے بعد سیاق وسباق دیکھ کر معنی کرنا مذموم ہے مردود قرار دینا نقلیات بے سند کو جگہ بنانے میدان خالی کرنے کا حربہ ہے منصفین بھی اس وادی میں گر گئے ہیں ہادی معرفت جیسے بحاث محقق یہاں پھنس گئے ہیں تفسیر رائے کو مسترد کیا اس لئے کہ احادیث کو رد نہیں کر سکتے تھے تفسیر اجتہادی کو رد کیا چونکہ خود مجتہد تھے مجتہد کے داعی تھے مجتہد کے پروردہ تھے مجتہد کے ریزہ خوار تھے اجتہاد کا ستون رائے وادی رائے ہے اور رائے کی برگشت اپنا خیال ہے اور اس کے لئے ان کے پاس دلیل نہیں دلیل طلب کرنے والوں کو لاٹھی اور دھمکی ہے۔

تفسیر بالرائے رویت بصری حقائق کو نیابت رویت قلبی تنظیم وترتیب مقدمات کے بعد تفسیر کرنا عین حکم قرآن ہے اگر تفسیر رائے سے مراد فرقوں کی تفاسیر کا ئنا ما کان چاہے تک جلدی ہو یا موسوی ان تفسیر بالرائے سے خالی نہیں ہوگا آفت رائے ضرور لاحق ہوگا۔

بطور مثال

تفاسیر باطنیہ کی طرف کہ انھوں نے آیات قرآن کا کس طرح سے تفسیر کیا ہے۔

۱۔وضوء ہے وضوء سے مراد موالات امام ہیں۔

۲۔صلوۃ سے مراد امام ناطق مراد ہیں جو سورہ عنکبوت کی آیت ۴۵ میں ہے۔

۳۔غسل سے مراد جس کسی نے مذہب کی اسرار کو فاش کیا ہے تجدید عھد کریں۔

۴۔زکوۃ سے مراد تزکیہ نفس ہے۔

۵۔کعبہ سے مراد نبی ہے باب سے مراد علی ہے۔

۶۔صفاء سے مراد نبی ہے مروہ سے مراد علی ہے۔

۷۔میقات سے مراد ایناس ہے۔

۸۔تلبیہ سے مراد اجابت دعا ہے۔

۹۔طواف سے مراد موالات آئمہ سبعہ ہے۔

۱۰ جنت سے مراد جسم کو تکالیف شرعیہ سے آزاد کرنا ہے۔

۱۱۔نار سے مراد ظاہری عبادت انجام دینا ہے۔

۱۲۔آیات کے ظواہر سے موڑ کر بے جا غیر مربوط تفاسیر باطن دیکھنے کی خواہش مند یا قرمطیان کے عالم بواطن بحرانی کی تفسیر برہان ملاحظہ کریں

باطنیہ کی تفسیر کے علاوہ دیگر فرق و مذاہب کی تفاسیر بھی قرآن سے دور کرنے قرآن کو مھجور و معطل رکھنے میں فاطمیہ کے ہم ازم ہم برزم ہے اہم شاہد میں سے ایک سرے سے ابتداء ہی سے تفسیر قرآن کو احادیث سے شروع کرنا ہے اس کی کوئی منطق نہیں ہے بلکہ سازشی ہی لگتا ہے دوسرے مرحلے میں تفسیر سلف ہے یہ بھی پہلی جیسی بے بنیاد ہے حدیث سے تفسیر کرنا بے بنیاد ہونے کی منطق یہ ہے نبی کریم نے کوئی درس تفسیر رکھا ہو کہیں اس کا ذکر نہیں ملتا ہے اگر کہیں کسی نے پوچھا تو آپ توضیح فرماتے تھے۔

۲۔آپ نے اپنے ارشادات لکھنے سے منع فرمایا تھا۔

۳۔نحوین نے حدیث رسول سے استناد کرنے سے گریز کرنے کی توجیہ میں کہا یہ آپ کا فرمان نہیں جب نبی کریم سے منسوب احادیث سے قاعدہ نحوی ثابت نہیں ہوتا ہے معانی باطنی قرآن سے کیسے ثابت ہونگے اس کے علاوہ جس ذوات کو ذکر کرتے ہیں وہ کتب رجال میں مجروح ہے کیونکہ دنیا میں درس وتدریس تالیف میں ابھی بھی پہلے مرحلے میں کلام کے مفردات پر بحث کرتے ہیں اور خاص کر اس میں مبہم مشکل الفاظ کی پہلے وضاحت کرتے ہیں یہاں تک محققین نے

مصطلحات دینی میں شامل بہت سی اصطلاحات کے بارے میں لکھا ہے کہ یہ اصطلاح متشرعہ ہے شرعی نہیں پہلے نہیں تھے

قرآن کریم کا پہلا دعوٰی ہے کہ ہم آسان کتاب ہیں آسان کلام ہے محتاج تفسیر توضیح نہیں اس کو اللہ نے دو مرحلے میں پیش کیا ہے:

خوداوراس کے فہم وادراک کے بارے میں وضاحت ضروری ہے۔

تفاسیر فرق:

تفاسیر فرق تفاسیر باطنیہ سے چنداں مختلف نہیں بلکہ دونوں کی منزل یا منطق ایک ہے فرق اتنا ہے کہ انہوں نے ظاہر لفظ کو یکسرہ مسترد نہیں کیا ہے اس کو بے معنی چھلکا نہیں کہا ہے لیکن عبارات یا کتابات اشارات سے فہم ظاہر قرآن کو ہر شخص کے لئے ایک نا قابل فہم وادراک بنایا ہے یہ انہوں نے اس کے لئے متعدد تمہیدات بنائی ہیں۔

۱۔ یہ عام انسان سے خطاب نہیں ہے۔ یہ قرآن کو قرآن سے مارنے کی واضح مثال ہے قرآن کی تحلیل کر کے قرآن کو جھٹلایا ہے قرآن نے مشرکین کافرین منافقین عام انسانوں سے خطاب کیا ہے۔

۲۔ یہ کتاب وہی سمجھیں گے جن کے گھر میں یہ اترا ہے یہ عندیہ دیتا ہے قرآن صرف نبی کریم پر نہیں اترے ہیں بلکہ پورے گھرانے پر اتری۔ قرآن گھر میں نہیں اترا ہے قلب نبی پر اترا ہے

۳۔ قرآن میں کلمات غریبہ ہے جو ہر شخص نہیں سمجھتا تھا حتیٰ زمان نزول میں بھی عام اصحاب نہیں سمجھتے تھے۔ جبکہ قرآن میں آیا ہے یہ لسان عربی میں نازل کیا ہے یہ ذی عوج ہے۔

۴۔ انہوں نے قرآن سمجھنے کے لئے جو طریقہ بتایا وہ کلمہ تفسیر ہے۔ تفسیر کے معنی ہی معمیٰ گونگا عجیم الفاظ کے معنی کو تلاش کرنا۔

۵۔ انہوں نے فہم قرآن کو سنت سے بعض نے حدیث سے بعض نے اہل بیت سے باندھا ہے بعض نے علماء سلف سے باندھا ہے۔

فہم قرآن آسان نہیں:

یہ منطق طول تاریخ بشریت میں مشرکین کے بعد باطنیوں اوران کے پروردوں اسکالرشپ خوروں اوراخباریوں حدیثیوں کی رہی ہے اخباریوں اور حدیثوں کے چہرے ممسوخ ہونے منطق بیہودہ ہونے کے بعدان کے آگے اجتہادی آئے انہوں نے مزید قرآن سے دور کرنے کے لئے اللہ سے افتراء باندھتے ہوئے کہا ہے قرآن ظنی الدلالہ ہے قرآن سمجھنے کے لئے حدیث سے استعانت ضروری اور ناگزیر ہے۔

جہاں باطنیوں کے ترجمان کا کہنا ہے اتفاق واجماع اخباری حدیثی اصولی ہے حوزات ومدارس کے عباوقباپوش کے نزدیک نا قابل تردید نا قابل تشکیک ونا قابل نقاش حقیقت ہے کہ قرآن ظنی الدلالہ ہے

اگر کوئی شخص قرآن سمجھنا چاہتا ہے فعلیہ الاستعانہ بالا حادیث آیئے دیکھتے ہیں اللہ نے اپنی کتاب میں فرمایا ہے ہماری کتاب میں ہر خشک وتر کا حکم پایا جاتا ہے تو ہم خود قرآن سے پوچھتے ہیں اے کتاب رب کریم کیا یہ جوبات اخباری حدیثی فقہاء کہتے ہیں قرآن ظنی الدلالہ ہے درست ہے یا نہیں قرآن آپ کو جواب دیں گے نہیں کلاثم کلاالف مرۃ کا یہ قرآن پر افتراء وطعن ہے۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ''قرآناً عربیاً'' عربی واضح اور فصیح کلام کو کہتے ہیں واضح اور فصیح زبان میں (نازل کیا) سورہ یوسف آیت:۲ عربی کا معنی ہی وضاحت ہے جس میں کسی قسم کا شبہ نہ ہو چنانچہ غیر مزوجہ لڑکیاں ان کو غیر مبین کہا ہے وہ اپنی خوہشات کا اظہار نہیں کرسکتی بیوہ کو کہا بیوہ اپنی خواہشات کا اظہار کرتی ہے رضایت کا اظہار کرتی ہے

تفسیر کے معنی الکشف عن الشیء، وھواعم من النطق لانّ انطق مختص بالانسان عرب کے معنی بیان ہے عرب کے معنی تحسین ہے عرب کے معنی ازالہ خفا ہے قرآن نے تکرار سے کہا ہے کہ یہ ایک کلام بیّن ہے قرآن نے سورہ فصّلت آیت۔۴۴ میں کلام کو دو حصوں میں تقسیم کیا ہے

۱۔کلام عجمی

۲۔کلام عجمی یعنی کلام نامفہوم کو کہتے ہیں کلام عربی کلام مفہوم کو کہتا ہے زبان واضح ہونے کی وجہ سے اللہ نے فرمایا ہے اس کے احکام واضح ہیں اس کے احکام میں بھی اجمال وابہام نہیں ہے جس کلام کو اللہ نے کلام مانوس سہل البیان کہا ہے باطنیہ نے اس کو الفاظ غریبیّہ کہا ہے اصولی نے اس کو ظنیّ الدّ لالہ کہا ہے تب بھی قارئین مطمئن نہیں ہوں گے تب بھی انصاف نہیں ملے گا عربی کا معنی واضح ہونے کی ایک منطق شعوبیین نے کلمات کو صحیح پڑھنے کے لئے لگانے والی نشانی کو اعراب کہا ہے پوری عربی زبان آسان زبان ہے اور عرب میں بھی آسان زبان واضح زبان زبان قریش ہے۔

قرآن قریش کے لہجے میں نازل ہوا لہٰذا قرآن کے کلمات کو کلمات غریبہ غرائب کہنے والے اپنے منہ کو دھولیں اگر بدنیت نہیں ہیں تو لغت قرآن کا درس رکھیں تفسیر قرآن اس وقت وجود میں آئی ہے جس وقت احادیث دین وشریعت کا مصدر وحید بنے ہوئے تھے تفسیر قرآن کریم احادیث کے غلط وملط کی تمیز کرنے رہائی دینے کے لئے وجود میں نہیں آئی ہے بلکہ اس ڈر سے کہیں قرآن دوبارہ معاشرے پر حاکم نہ ہو جائے اسے روکنے کے لئے تفسیر قرآن نامی ایک شعبہ کھولا ہے لیکن اس عمل غلط کو مستند بنانے کے لئے انھوں نے تفسیر قرآن کو خود رسول اللہ سے اور آپ کے بعد اصحاب وتابعین سے

انتساب کیا ہے جس طرح انھوں نے بدعت اجتہاد کو اصحاب اور رسول اللہ سے انتساب کیا ہے جب جھوٹ بولتے ہیں تو جھوٹ چھپانے کے لئے اور جھوٹ بولنا پڑتا ہے یہ وجوہات کرتے ہیں عبداللہ بن عمرو بن عاص نے خصوصی اجازت لے کر آپ سے حدیث لکھتے تھے یا حضرت علی آپ سے املاء لکھتے تھے یہ آیات قرآن اور منع تدوین حدیث سے متصادم ہے۔

آیئے دیکھتے ہیں پیغمبر کے دور میں تفسیر قرآن کے بارے میں انھوں نے کتنی غلط بیانی کی ہے کتاب اصول تفسیر ومناھج ص۱۴ پر لکھتے ہیں اس وقت کے مسلمان عرب خالص تھے اپنے ذوق سلیقہ عربی کے حوالے سے قرآن کو اچھی طرح سے سمجھتے تھے۔

عرب اپنے ذوق اور سلیقہ میں بلند مقام رکھتے تھے لیکن قرآن کریم تمام عربوں کی زبان پر فوقیت رکھتے تھے اپنے الفاظ و اسالیب میں جو سمجھ میں نہیں آتا تھا وہ ایک دوسرے کو بیان کرتے تھے اگر کسی کی بھی سمجھ میں نہیں آتا تو پیغمبر سے پوچھتے تھے۔

الفاظ قرآن سکھاتے وقت قرآن کے معانی بھی کرتے تھے۔

۱۔ پہلے مرحلے میں فرمایا ہے یہ کلام عربی ہے سورہ نحل آیت ۱۰۳ سورہ فصلت آیت ۴۴ سورہ شعراء آیت ۱۹۵ سورہ یوسف آیت ۲ سورہ رعد آیت ۳۷ سورہ طہ آیت ۱۱۳ سورہ زمر آیت ۲۸ سورہ فصلت آیت ۳ سورہ شوریٰ آیت ۷ سورہ زخرف آیت ۳ سورہ احقاف آیت ۱۲ کیونکہ دنیا بھر کے تمام کلاموں میں افہام وتفہیم میں پیچیدگیاں پایا جاتا ہے اس کلام میں کسی قسم کی پیچیدگی نہیں نہ اس کی کلام میں نہ اس کی فہم میں۔

۳۔ قرآن کی ایک تفسیر جسے تفسیر روائی یا اثری کہتے ہیں جبکہ اس کو قرآن فہمی سے روکنے کے لئے دنوں پر لگانے والا تالہ کہنا زیادہ مناسب ہے۔ جس کی وجہ سے آج تک مسلمان قرآن سے محرم نہیں ہوسکا ہر آئے دن قرآن سے فاصلہ ہوتے گئے قرآن اس کے لئے لایعنی مھمل نہیں بنتا جارہا ہے بلکہ قرآن کو حدیث کا پناہ دہندہ کہہ سکتے ہیں چنانچہ اس عالم حدیث نے کہا حدیث قرآن کی محتاج نہیں بلکہ قرآن حدیث کا محتاج ہے۔

قرآن سمجھنے کے لئے وضع کئے گئے قواعد کو سامنے رکھ کر یا ان کو استعمال کریں وہ یہ ہیں:

۱۔ قرآن کی آیات میں آئے کلمات کے معانی جاننے کے لئے کلمات قرآن کے توضیح وتشریح کے لئے لکھے گئے مجامع قوامیس لغات دیکھیں جیسے لسان عرب تاج عروس قاموس محیط مفردات راغب عمدۃ الحفاظ وجود نظایر میں دیکھیں وہاں کیا معنی کیا ہے۔

۲۔تدبر درآیات قرآن کریں سورہ نساء۱۲محمد۲۴ص۲۹میں آیات قرآن میں تدبر کرو نہ کرنے والوں کی مذمت کی ہے
تدبر مادہ دبر سے ہے دبر کا معنی لغت میں کسی چیز کے پشت کو کہتے ہیں یہاں سے خالق ورازق
کائنات کو مدبر کائنات کہا ہے لہٰذا قرآن میں دبر کے معنی بعد وراء خلف ادبار آیا ہے کسی چیز کے پس منظر میں جانا ہے مثلا
تحقیقاتی اداروں میں کسی بھی چیز کے بارے میں چاہے درستگاہ ہوادارہ ہو کتاب ہو شخصیات ہو اس کے آغاز ابتدائی
تاریخ سے شروع کرتے ہیں مثلاً اگر قرآن کریم کو سمجھنا ہو تو قرآن کے آغاز ونزول میں جانا ہوگا یہ قرآن کب نازل ہو
ا کہتے ہیں چھٹی میلادی کے بعد نازل ہوا۔

یعنی جس وقت عرب اور ساری دنیا پر جاہلیت چھائے ہوئے تھی جس ذات پر یہ کتاب نازل ہوئی تھی وہ ذات بہ اتفاق موافق مخالف کسی بھی انسان کے سامنے تعلیم کے لئے جھکے نہیں تھے وہ امی ان پڑھ تھے لہٰذا جب پہلی آیت نازل ہوئی اس سے کہا پڑھو تو نہیں پڑھ سکا کیونکہ کسی چیز کے پڑھنے کے دو طریقے ہوتے ہیں ایک صفحات ذہن پر محفوظ ہو یا سامنے کوئی مکتوب ہو یہ دونوں نہیں تھے اس وقت امی نے یہ کتاب لاکر جاہل مشرکین کو پڑھائی تو وہاں مشرکین نے از خود درک کیا ہے یہ کلام عربی میں ہے لیکن عام انسان نہیں بول سکتا ہے وہ اس کی تہہ تک نہیں پہنچے محمد پڑھے ہوئے نہیں تھے لہٰذا کسی نے سحر و جادو کسی نے کہا یہ شعر ہے اللہ نے ان سے نہیں کہا کسی عالم سے پوچھو مفسر سے پوچھو فرمایا خود تفکر کرو یہ کتاب اس طرح نازل ہوئی جس طرح ابتدائی کلاسوں میں بچوں کو تعلیم دی جاتی ہے یہ کہتا ہے بال ہے اندھے ہیں کان ہیں یہ ناک یہ انگلیاں ہیں اللہ نے فرمایا تمہارے اوپر کیا آسمان زمین کے نیچے کیا ہے زمین یہ ہوائیں نظر آتی ہیں کہا اں تو پوچھا ان کو کس نے خلق کیا ہے اس طریقے کو تدبر تفکر تعقل کہا ہے۔

قرآن گزشتہ کتب آسمانی سے دو امتیاز رکھتا ہے جو اس سے پہلے کتابوں کو حاصل نہیں تھی اگر اس کے صفحات دنیا میں ختم ہو جائینگے تو قرآن سینوں میں زندہ پائینگے اگر حافظان قرآن ختم ہو جائیں کتاب مکتون کی صورت میں پائیں گے
:

قرآن کریم کو کبھی قرآن کبھی کتاب کہہ کے یاد کیا ہے یہ دونوں نام قرآن اور کتاب ستائیس سوروں میں اس کتاب کے تعارف میں یہ آیا ہے سورہ بقرہ٬ سورہ اعراف٬ سورہ یونس٬ سورہ ھود٬ سورہ یوسف٬ سورہ رعد٬ سورہ ابراہیم٬ سورہ حجر٬ سورہ کہف٬ سورہ طہٰ٬ سورہ فرقان٬ سورہ شوریٰ٬ سورہ النمل٬ سورہ قصص٬ سورہ لقمان٬ سورہ سجدہ٬ سورہ یٰسین٬ سورہ جن٬ سورہ زمر ٬سورہ فصّلت٬ سورہ زخرف٬ سورہ دخان٬ سورہ جاثیہ٬ سورہ احقاف٬ سورہ طوران سوروں کی ابتداء میں کبھی قرآن کبھی کتاب سے تعارف کیا ہے۔

قرآن کریم کا تعارف کسی بشر سے کرنے سے پہلے خود اللہ نے مثل شہاب ثاقب آیات محکمات سے ہر قسم کی شکوک وشبہات کو رد کیا ہے یہ نبی کریم پر نہیں چھوڑا ہے کہ آپ بیان کریں یہ کتاب کتنی عظیم ہے کتاب کی عظمت وجا معیت ورسائی وادراک کی نوعیت کو خود اللہ نے گزشتہ آیات میں بیان کیا ہے ان واضح وروشن ودرخشان وتابناک بیانات کے باوجود قرآن سے آنکھ چرانے توجہ ہٹانے کے لئے قرآن کو ایک نا قابل فہم وادراک کتاب قرار دیتا ہے اس کے لئے دو طریقے اپنایا ہے ایک عوام گرائشی طریقہ کو اپنایا ہے ہم ادنیٰ شعر کے معنی نہیں سمجھتے ہیں اپنے علماء کے کلام کو نہیں سمجھتے ہیں ہم علامہ اقبال کی کلام نہیں سمجھتے ہیں ہم بواشاہ عباس کی کلام کو نہیں سمجھتے ہیں۔ چہ جائیکہ کلام خالق متعال کے کلام کو کیا سمجھیں گے۔

۲۔آیات متشابات سے استناد کرتے ہیں حروف مقطعات کے کیا معنی ہیں۔اس آیت کا کیا معنی ہے اس آیت کا کیا مطلب ہے ترجمین نے متکلمین مختلف معانی بیان کئے ہیں۔

۳۔طریقہ علمی استناد کر کے کہتے ہیں علماء فرماتے ہیں قرآن ظنی الدلالہ ہے۔

حیلے بہانے ابلیسی مانند بخشیش تمسک کر کے رب کریم پر افتراء باندھتے ہے۔

۴۔قرآن میں سے انحراف کی ایک وجہ قرآن میں کلمات مشترکات ہیں یہاں اس کو مفروغ عنہ قرار دے کر اس پر آثار و احکام مرتب کیا ہے اور سب سے خطرناک اثر جو مرتب کیا ہے کلی طور پر کہا ہے قرآن کی ظنی الدلالت ہیں کسی لفظ کے بارے میں قطعی سے یہ نہیں کہ سکتا ہے اس کا معنی یہ ہے یہ مفروغ عنہ اور اس پر مرتّب حکم دونوں خطرناک عقل سے متصادم ہے قرآن میں کلمات مشترک لفظی مشترک معنوی پایا جاتا ہے یہ بات چندین لحاظ سے مردود ہے۔

قرآن عربی زبان میں ہے اس میں غیر عربی نہیں ہے لہٰذا عربی زبان میں جتنے بھی علوم وفنون حتیٰ عام خطابات ظنی الدلالہ ہوتا ہے وہ کوئی نہیں کہتا ہے تمام علماء بلغاء عرب کا اتفاق ہے عربی زبان سب سے زیادہ فصیح وبلیغ زبان ہے۔

قرآن زبان قریش میں نازل ہوا ہے اور قریشیوں کو تحدی کیا ہے جب قرآن سب سے زیادہ فصیح وبلیغ ہونگے تو اسے سب سے آسان فہم زبان سمجھا جائے گا دیگران کے خطابات سے بہتر ہونگے۔عربی زبان میں ایک لفظ کا چندین معنی ہو تے ہیں یا ایک معنی کے لئے چندین الفاظ ہوتے ہیں۔اس کو فلاسفہ لغت والوں نے مسترد کیا ہے۔

فلسفہ لغت والوں کا کہنا ہے وضع لغت افہام وتفہیم کے لئے ہے جب ایک کلمہ کا چندین معنی ہو تو یہ نقض وضع لغت ہے لغت افہام وتفہیم کے لئے ہے ایک لفظ کے کثیر معنی ہونا یا ایک معنی کیلئے چندین کلمات کا ہونا افہام وتفہیم میں رکاوٹ ہے تو یہ دونوں فلسفہ لغت افہام وتفہیم کے منافی کیلئے ہے اس سے انکار کرے یا ایک لفظ کے چندین معنی ہے اس کا انکار

کرے یہ دونوں ایک ساتھ نہیں چلتے یہ تناقض ہے جس کسی نے یہ بات گھڑی ہے وہ غلط ہے قانون لغت کے حوالے سے لغت عرب دیگر لغات سے مختلف نہیں ہوسکتا جب دیگر لغات میں مشترکات نہیں ہے کلمہ مشترک نہیں ہے تو عربی میں کیوں آئے۔

خود اہل لغت بھی اس کو رد کرتے ہیں چنانچہ دربار صاحب بن عباد میں ایک شخص لغوی انتہائی غرور و تکبر میں کہا کہ میں شیر کے پچاس نام جانتا ہوں تو ابن انباری نے کہا میں تو صرف ایک نام جانتا ہوں شیر کا ایک نام ہے کسی چیز کے دو نام نہیں ہو سکتے جس طرح انسانوں کے دو نام نہیں ہو سکتے عدالتوں میں وثیقہ جات میں ہمیشہ ایک نام لکھتے ہیں' دو نام رکھنا قانونی جرم ہے دہشت گرد جو بھی دو نام رکھا ہے:

ا۔ قرآن ایک واضح روشن تابناک کتاب ہے کتاب مبین ہے لسان مبین ہے حتی عربی زبان کو عربی اس لئے کہتے ہیں معانی بیان کرنے میں آسان ہے۔

فرقوں نے جو تفاسیر لکھی ہے وہ کس حد تک اطمینان تسلی بخش قابل اعتماد ہے وہ کس حد تک انسان مسلمان کو فہم قرآن سے نزدیک کرتے ہیں اس بارے میں ہمیں دو مرحلہ میں بحث کرنے کی ضرورت ہے:

ا۔ یہ جو تفاسیر انہوں نے فہم قرآن کے لئے پیش کی ہے وہ قابل اعتماد اعتبار بھروسہ ہے یا نہیں اس سلسلہ میں ہمیں دو مرحلہ میں دیکھنا ہے:

ا۔ مجموعی طور پر یہ تفاسیر کس حد تک قابل اعتبار ہے اس کے بارے میں تفاسیر قرآن پر ملاحظات لکھنے والوں نے کیا کہا ہے۔ تفسیر منشور تفسیر برہان' تفسیر نور ثقلین' تفسیر المیز ان وغیرہ کے بارے میں کیا کہا ہے ان کے مندرجات کی توثیق کی ہے یا تشکیک خدشہ ظاہر کیا ہے۔ یعنی وہ روایات جو انہوں نے تفسیر قرآن کے بارے میں پیش کی ہے وہ روایات اصول روایت شناسی تصیح روایت کرنے والوں نے کیا کہا ہے یہ بات نا قابل انکار ہے تفسیر قرآن کے بارے میں وارد روایات کے راویوں کی چھانٹی تحقیق نہیں کی ہے انہیں ادھورا متروک چھوڑا ہے۔ حتیٰ یہاں تک بہت سے علماء خاص کر احمد بن حنبل نے جن موضوعات کے بارے میں وارد روایات نا قابل اعتبار کہا ہے ان میں سے ایک تفاسیر ہے قرآن کی تفسیر کے بارے میں وارد روایات کا کوئی اعتبار نہیں۔ اس کے بارے میں جلال الدین صاحب درمنشور نے اپنی کتاب اصول نحو اقتراح میں لکھا ہے علماء نحو شواہد نحو میں سنت رسول سے استناد کرنے سے گریز کرنے کی توجیہ نہیں لکھا ہے ہمارے پاس خود رسول اللہ کا فرمان نہ ہونے کی برابر ہے جو کچھ ہے وہ عام لوگوں کے نقل معنی ہے وہ بھی زیادہ غیر عرب کی ہے جب قول رسول شاہد نحو کی لئے قابل قبول نہیں تو تفسیر آیات کے لئے کیسے قبول ہوگی۔

اگر ہم خود ان روایات کی تحلیل وتجزیہ کریں تو دو مرحلوں میں تجزیہ کرنے کی ضرورت ہے۔
۱۔ان روایات کا متن صریح آیات محکمات یا صریح سنت قطعیہ حضرت محمد متصادم متعارض تو نہیں اگر روایات کا متن صریح آیات سے متصادم ہو تو یہ خود بخود مردود ہوگا۔
۲۔اگر بفرض یہ آیات سے متصادم نہیں ہے تو ہمیں اس صورت میں ان روایات کی اسناد کو دیکھنا ہوگا آیا ان کی اسناد صحیح ہے بھی یا نہیں۔
۳۔یہ بات ایک مسلمہ متفقہ حقیقت ہے کہ نبی کریم نے آپ کی سنت لکھنے سے منع فرمایا تھا چنانچہ حدیث کی تدوین ۱۳۵ھ کے بعد شروع ہوئی ہے۔
یہاں ایک نکتہ پر توجہ مرکوز ہے علماء نے یا فرقوں نے ایک تدلیس چلائی ہے وہ تدلیس یہ ہے روایات کے بارے میں جو اصولی موقف ہے ہر روایت کے بارے میں وارد راویوں کے بارے میں علم رجال سے دیکھنا ہوگا اس صورت میں کوئی بھی روایت بچنے کی امید نہیں ہوتی تو انہوں نے ان روایات کو بچانے کے لئے بہت سی کتابوں میں نقل کیا ہے اور اس کو تواتر معنوی کا نام دے کر ان میں تحقیق کرنے سے روکا ہے یہ ایک بہت بڑی تدلیس ہے تواتر میں خود فرقوں کی تواتر کی کوئی قیمت نہیں تواتر میں جانب دار اور غیر جانب دار سب کو تسلیم کرنا ہے تو جس طرح یہ روایات جعلی ہے اسی طرح یہ تواتر معنوی بھی ایک قانون خود ساختہ ہے اس کا کوئی جواز نہیں۔

تفاسیر باطنی یا قرآن توڑ مساعی

تفاسیر باطنی کے بارے میں مفسرین اہل سنت والجماعت وشیعہ نے لکھا ہے باطنیہ کلی طور پر ظاہر آیات کو نہیں مانتے ہیں وہ کہتے ہیں ظاہر قرآن مراد نہیں بلکہ باطن قرآن مراد ہے ظاہر قرآن سے روگردانی کرانے کے بعد باطنی معانی کے نام سے اپنی الحادیات کی تلقین کرتے تھے چنانچہ اس کے کچھ نمونے آگے بیان کریں گے اور دیکھیں گے تمام اصول ایمانیات فروعیات اخلاقیات کو کلمہ امام میں مدغم کیا ہے اما جو تفاسیر سنی اور شیعوں نے تفسیر قرآن کے بارے میں لکھی ہے ان تفاسیر کے مقدمہ پر جو شرائط مفسر وتفسیر کے بارے میں لکھا ہے ان سے واضح ہے یہ تفاسیر بھی کم وبیش باطنیہ کی عزائم کی تکمیل تتمیم کے لئے لکھی ہے۔
ہمارے پاس موجود تفاسیر وتراجم زیادہ فرقہ باطنیہ کے منہج کی طرف برگشت کرتے ہیں وضاحت کرنے سے پہلے خود ان کے تعارف اور ان کے جائے پیدائش اور تاریخ تاسیس نیز ان کے عزائم ومنویات حرکات واردات بیان کرنا ضروری ہے باطنیہ کے بارے میں ہم نے ایک مستقل کتاب لکھی ہے مزید کتاب درسات فرق ومذاھب میں لکھا ہے

تفسیر مفسرین ذھبی جلد۲ص ۲۵۶ پر لکھا ہے اس فرقے کی بنیاد مامون رشید کے دور میں عراق کے زندان میں وجود میں آیا جہاں اس زندان میں عبداللہ بن میمون قداح فرزند میمون دیصان محمد بن حسین معروف بہ زندان اور ایک جماعت جنھیں چار بچے کے نام سے متعارف کرتے تھے۔اس مذہب کی فکری بنیاد ابی الخطاب اسدی، جابر جعفی، منذر بن جارود، میمون دیصان، وغیرہ نے دوسری صدی کے پہلے پچاس سال اسلام دشمنی کی بنیاد پر ڈالی تھی مسلمانوں کے بھیس میں رہ کر اہل البیت کے نام سے ہر سو اور ہر طرف سے اسلام کا انہدام ان کا منشور اولی رہا ہے اس فرقے نے اپنا منشور بنانے میں تجربات ماسونیہ سے استفادہ کیا ہے جہاں یہودی وغیر یہودی کو یہودی بنانے سے قاصر آیا تو انہوں نے لادینی بنانے کا فیصلہ کیا تھا۔

تفسیر سورہ کوثر

سورہ کو مندرجہ ذیل نکات پر بحث کرنے کی ضرورت ہے

۱۔شان نزول جہاں مشرکین سے حضرت محمد کی نبوت کا خاتمہ دیکھتے ہیں یہ سورہ اسکے جواب میں آیا عاص بن وائل کی سوچ اور اللہ کے جواب میں ربط ہے یا نہیں۔

۲۔مفسرین نے کوثر کا معنی خیر کثیر کیا ہے کوثر صیغہ مبالغہ کثرت سے اسمیں کلمہ خیر کہاں سے لیا ہے

۳۔علم وحکمت مراد ہے فضائل کوثر ہے کوثر واحد میں استعمال ہوتا ہے تعداد میں نہیں

۴۔آیت میں تمام ارکان جملہ سازی موجود ہے فعل ہے اسم ہے حرف ہے مالا کلمہ انا اپنی جگہ بہت اہمیت کا حامل ہے۔

کوثر سے مراد حضرت زھراء کی نسل سے ذریۃ کثیر مراد ہے یہاں چند سوالات ہیں۔

۱۔کثرت نسل جاہلیت جاہلوں کی افتخار میں سے تھے خاندان عاص بن وائل کی افتخار میں سے تھا لیکن مشرکین میں ان کا خاندان محترم نہیں تھا۔

۲۔عرب نسل از اناث کو نسل اغیار سمجھتے تھے یا نسل ثانی کی حیثیت دیتے تھے اناث سے پھیلی نسل جاہلیت اور اسلام دونوں میں دوسرے درجہ کا سمجھتے ہیں رائے عامۃ الناس ابھی تک اس پر قائم رہی ہے جبکہ اسلام میں خاندانی افتخار کی مذمت آئی ہے اس کو کوئی افتخار برتری نہیں دی ہے۔

۳۔افتخار و نسل کو مومنون کی آیت:۱۰۰ حجرات:۱۳ میں نفی کی ہے نبی کریم نے اپنی دین کی امتیازات میں قرار دیا ہے۔

۴۔امام رضا نے اپنے بھائی زید کو اس افتخار سے منع کیا ہے۔

۵۔حضرت زھراء سے پھیلے ابتدائی اولادوں میں کس نے اپنی دیگران پر برتری کا دعوی نہیں کیا ہے چنانچہ امام باقر کے

علاوہ دیگر آئمہ زوجات فاطمی نسل سے نہیں تھیں۔

۶۔ مفسرین شیعہ نے نسل فاطمہ سے پھیلنے والی ذوات میں سرفہرست امام حسن امام حسین تک محدود ہے جبکہ امام سجاد سے لیکر امام حسن عسکری دیگر خاندان کی نسل سے پھیلی ہے

سورہ کوثر میں چار فریق متصور ہیں یہاں یہ دیکھنا ہوگا یہ تمام عناصر اصلی ہے کسی کو بھی نظر انداز نہیں کر سکتا ہے یا بعض عنصر اصلی ہے بعض کی اہمیت نہیں ہے۔

۱۔ عاص بن وائل اور عمائدین میں مشترک انقطاع دعوت محمد کے خواہاں تھے۔

۲۔ حضرت محمد ہے کہ آپ ان کے طعنے سننے کے بعد دل غمزدہ ہو گئے تھے۔

۳۔ اللہ سبحانہ نے محمد کو تسلی اولاد کے بدلے عطیات عنایات کیے۔

۴۔ امت محمد امت قرآن کا اس میں حصہ دار بنتے ہیں یا نہیں۔

۵۔ دین اسلام کو اس عطیۃ سے اثر پڑا ہے یا نہیں ہے۔

تفاسیر کوثر بہ خیر کثیر

کثیر مفردات میں آیا ہے مائدہ ۶۴ مومنون ۷ انبیاء ۲۴ بقرۃ ۲۴۹ نساء ۱ بقرہ ۱۰۹ اص ۱۵ قلت و کثرت زیادہ تر محدود میں استعمال ہوتا ہے کثیر بذات خود کوئی فضیلت نہیں رکھتا ہے چنانچہ اسلام کثیر افراد خاندان پر افتخار کا مذہب نہیں چنانچہ عاص بن وائل کثرت افراد رکھتے تھے مگر بدنام تھے

خیر قرآن میں ۲۲ معنی میں آیا ہے

۱۔ ایمان انفال ۲۳

۲۔ اسلام نون ۱۲

۳۔ مال بقرۃ ۱۸

۴۔ عافیت انعام ۱۷

۵۔ اجر

۶۔ افضل

۷۔ طعام قصص ۲۴

۸۔ طفر احزاب ۲۰

تفسیر کوثر

سورہ کوثر کی جو تفاسیر مفسرین نے کی ہے اوران تمام احتمالات سے جن احتمالات کو انتخاب کیا گیا ہے کہ سورہ کوثر سے مراد خیر کثیر ہے یا جنت میں نہر ہے یا ذریۃ از نسل فاطمہ ہے۔سب شان نزول، سیاق وسباق سورہ میں بعض کلمات سے ہٹ کر ہیں۔اس اصول بدنیتی عزائم سوء، اعراض از قرآن کی تجدید کے علاوہ کوئی اصول وموازین تفاسیر کلمات عقلاء عالم سے مطابق نظر نہیں آتے ہیں یہ تفاسیر آیت سے تنہا غیر مربوط ہی نہیں بلکہ اجنبیت کوثر بے معنی بے صحت کے علاوہ کچھ نہیں بتاتے ہیں۔اب ہم آتے ہیں خود کلمات سورہ، شان نزول، وقت نزول کے دشمنان کے علاوہ عصر معاصر کے عمائدین مشرکین وعمائدین منافقین فرق کے

ارمان وآرزو کا جواب خود قرآن سے پیش کرتے ہیں۔

کوثر، محمد ہم نے ایک ایسی نعمت دی وہ ختم ناپذیر، گزند ناپذیر ہے وہ کیا ہے؟ وہ نبوت ہے نبوت کی تجسیم قرآن ہے جب تک قرآن باقی رہے گا نبوت محمد باقی رہے گی اس کا شکر کریں۔

سورہ کہف کی پہلی دو آیت میں اس کتاب کی عظمت کا خلاصہ کیا ہے۔

۱۔﴿الْحَمْدُ لِلّهِ الَّذی أَنْزَلَ عَلی عَبْدِهِ الْكِتابَ﴾ ہم نے یہ کتاب آپ پر نازل کی ہے، یہ کتاب تمام کتب آسمانی اورزمینی کا محک وقیم وناظر کتاب ہے، یہاں اس کتاب کی تین صفات بیان کیں ہیں۔

۱۔نازل من اللہ ہے ۲۔آپ پر نازل ہوئی ہے ۳۔قیم دین ہے۔

۱۔﴿ذٰلِکَ الْکِتابُ لا رَیْبَ فیهِ هُدیً لِلْمُتَّقین.بقره. ۱﴾

۲۔﴿نَزَّلَ عَلَیْکَ الْکِتابَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقاً لِما بَیْنَ یَدَیْهِ .العمران. ۲﴾

۳۔﴿کِتابٌ أُنْزِلَ إِلَیْکَ فَلا یَکُنْ فی صَدْرِکَ حَرَجٌ مِنْهُ لِتُنْذِرَ بِهِ.اعراف. ۲﴾

۴۔﴿تِلْکَ آیاتُ الْکِتابِ الْحَکیمِ ..یونس. ۱﴾

۵۔﴿کِتابٌ أُحْکِمَتْ آیاتُهُ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَدُنْ حَکیمٍ خَبیرٍ ..هود. ۱﴾

۶۔﴿تِلْکَ آیاتُ الْکِتابِ الْمُبینِ. .یوسف. ۱﴾

۷۔﴿تِلْکَ آیاتُ الْکِتابِ وَ الَّذی أُنْزِلَ إِلَیْکَ مِنْ رَبِّکَ الْحَقُّ. .رعد. ۱﴾

۸۔﴿کِتابٌ أَنْزَلْناهُ إِلَیْکَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ. .ابراهیم. ۱﴾

۹۔﴿تِلْکَ آیاتُ الْکِتابِ وَ قُرْآنٍ مُبینٍ. .الحجر. ۱﴾

۱۰۔﴿تِلْکَ آیاتُ الْکِتابِ الْمُبین..الشعراء..۲﴾

کوثر از غلوان علماء۔

غلومولیت شعراء ہے،غلوکسی چیز کی حقیقت اورواقعیت سے ماخوذ مقام منزلت دینا،یہ ایک قسم کا کذب ہوتا ہے،انسان ۔۔کذب سے گریز کرتے ہیں لہذا نثر میں اسکی گنجائش کم ہوتی ہے چونکہ شعر میں اس کی گنجائش زیادہ ہوتی ہے،شعراور نثر کی مثال معاشرے کوقانون آئین کا پابند کرنا اورآزادکرنے مانند اتباع شیاطین چنانچہ اگرآپ تاریخ شعراء دیکھیں تو نوابغ شعراء فوائد۔۔ پائیں گے،آپ یہ بھی کہہ سکتے ہیں علماء دین اورعلماء مذاھب میں غلوکا موازنہ کریں گےتو علماء مذاھب زیادہ غلات پائیں گے کیونکہ وہ کسی حدودوقیود کے پابندنہیں ہوتے ہیں،اس کاایک اور موازنہ بھی کرسکتے ہیں مجالس امام حسین میں بڑے پائے کےعلماءکورلانے والی مجالس نہ پڑھ سکنے کی وجہ سے کم پذیرائی ملتی ہے۔مولودۃ احادیث مرسلات آنے والے محدث نوری کوثر ذاکرین سے شکایت رہی ہے،مرحوم مطہری کورلانا نہیں آتاتھا،اورہمیشہ انسانوں کی وراثت میں رہے ہیں۔

جنہوں نےعلی کومعبود بنایاوہ مسلمان کیسے ہوسکتے ہیں یہاں دواسم ہیں ایک معبوداس مفعول مادہ عبد سے ہے یعنی جس کی پرستش کی جاتی ہے،پرستش کے چند مصادیق ہیں۔

۱۔ خضوع نہائی جس کے بعدخضوع کی مثال نمونہ نہیں بنتاہو۔

۲۔ ان کی اطاعت اس طرح کریں کہ ان سے اس کی پسندنہیں مانگی جیسے وہ مطاع آخر ہے۔

۳۔ ان سےکوئی ایسی صفات انتساب کریں جومخصوص ذات اللہ ہو۔

عبادہ بمعنی اطاعت سباء۴۰،۴۱،۶۳،یسین ۶۱،معبود دونہیں ہوسکتے نوح ۳ عباد

سورہ کوثر کا اپنے سے پہلے اوربعد کی سورہ سے کیا ربط ہے کوثر سے پہلے ماعون ہے ماعون میں جودین کو جھٹلاتے ہیں وہ اجتماع کی خدمت نہیں کرتے ہیں مساکین کوکھانانہیں کھلاتے اورنماز پڑھتے ہیں توغفلت میں پڑھتے ہیں انفاق کریں گےتو دکھاوے کا کریں گے اصل موقع پرچھوٹی چھوٹی چیز دینے کوتیارنہیں ہوتے ان آیات میں بخل کی مذمت کی گئی ہے جبکہ کوثر عطااورفراوانی کی بات کرتی ہے کہ ہم نے آپکواتنا دیا ہے کہ وہ ختم نہیں ہوگا

کوثر محمد

ایک دفعہ تبین وتوضیح آیات قرآن کریم کوبلادنفاق کفرونفاق میں گھڑے گئے قیل وقالات سے صرف نظرکرکے خودکلمات کے معانی مطابقی،تصنعی،لزومی کی تحلیلات کی روشنی میں سمجھنے کی کوشش کریں کہ یہی طریقہ طبیعی فطری اولی فہم

قرآن کریم سے رجوع کریں، ان تین آیات میں یہ نکات آئے ہیں۔

۱۔عمائدین مشرکین نبوت ورسالت محمد کو حیات محمد تک محدود سمجھنے لگے تھے، وہ اس سمجھ میں پرامید تھے چونکہ وہ غیب پر ایمان نہیں رکھتے تھے۔

۲۔اللہ سبحانہ نے ان تین آیات کے ذریعے دوام نبوت ورسالت محمد کا یقین دلایا ہے کہ نہیں ان کی سوچ غلط ہے ایسا نہیں ہوگا۔گردش امور ہمارے ہاتھ میں ہے آپ کی نبوت رسالت آپ کی ذات تک محدود نہیں کیونکہ جو چیز ہم نے آپ کو دی وہ کثیر ہے ختم ناپذیر ہے آپ کو ان کی چہ مگوئیوں کی طرف توجہ رکھنے کی بجائے خالص بطور دائم ہماری طرف رہیں اور ان سے دوبدو مقابلہ معارضہ محاربہ مناظرہ کرنا ہے فتح آپ کی ہوگی اور شکست وہزیمت ان کا مقدر ہوگی۔ہم نے آپ کو بہت سی چیزیں دی تھیں ان میں سے کوئی دوام پذیر نہیں تھی۔زوجہ کو ایک دن جانا ہے، اولاد فتنہ آزمائش امتحان تھی گئے نہیں گئے تب جانا تھا، آپ کی گود سے گئے۔بہت سے مومن فاسق فاجر غدار سب ہو چکے بہت سی چیزیں دی تھیں وہ قلیل تھیں کثیر نہیں تھے۔آپ کے علاوہ دیگران کو بھی دیا ہے اس عاص کو بھی دیا ہے، بنی مخزوم کو بھی دیا ابولہب کو بھی دیا ہے اسی لئے تو یہ لوگ مغرور ہو گئے تھے۔

باطنیہ فرقوں میں سے ایک نہیں فرقوں کا خالق ہے

بدقسمتی سے بعض کو یہ اشتباہ ہے یہ فرقہ ہے عام مسلمانوں سے مختلف ہونے کی وجہ سے مردود ہے جبکہ بعض دیگر کو اچھی طرح سے معلوم ہے یہ فرقوں کا خالق ہے اس بارے میں باطنیہ کے بنیادی عقائد اور دیگر فرقوں کے عقائد و سرگرمیاں دیکھنے ہونگے کہ ان سے مختلف ہے یا ان کی عقائد ونظریات دیگر فرقوں میں مختلف انداز میں پائے جاتے ہیں مسلمانوں میں گرچہ تہتر فرقے بتاتے ہیں لیکن سب کو ان دو فرقوں کے چھتری میں تقسیم کئے ہوئے ہیں شیعہ اورسنی دونوں میں مصادر عقائد وشریعت قرآن اور سنت رسول کو گردانا جاتا ہے لیکن عملی میدان میں دونوں قرآن اور سنت سے گریزہ اپنے خودساختہ مجتہدوں کی سنت پر قائم ہے اور اسی کے مروج ہے شیعہ بطور صریح کہتے ہیں ہم قرآن اور سنت دونوں اہل بیت سے لیتے ہیں اس سے واضح ہوجاتا ہے وہ قرآن اور سنت دونوں کو اصلی صورت میں نہیں لینا چاہتے اس میں تبدیل کر کے لینے کیلئے اہل بیت کو انتخاب کیا ہے حضرت محمد کی قسمت نبوت کو اڑانے کیلئے نیز ہر دور میں' امام معصوم کا ہونا ضروری گردانتے ہیں اس طرح سے انہوں نے عقیدہ ختم نبوت کو اڑایا ہے امام کا ہونا رجعت تقیہ انتظار مہدی عام مسلمانوں سے نفرت حوالے سے باطنیہ کا دوسرا نسخہ نظر آتا ہے اہل سنت پر باطنیہ کا کتنا سایہ ہے ان کی کتابوں میں باطنیوں کے خلاف سخت تندوتیز لہجہ پایا جاتا ہے لیکن میدان عمل میں کسی قسم کی مزاحمت نظر نہیں آتی ہے حالانکہ قادیانی کے

خلاف وقتاً فوقتاً مزاحمت کا اعلان کرتے رہنا جو کہ باطنیہ کی شکم سے نکلی ہے لیکن خود باطنیہ کی نام ہی نہیں لیتے ہیں لیکن باطنیوں کے منشور کا عملی جامہ پہنانے کے لئے پیش پیش ہے شیعہ اورسنیوں میں انتہائی شدت سے اختلاف دکھایا جاتا ہے تا کہ کبھی افہام وتفہیم سے اتحاد قائم نہ ہوسکے لیکن عام نکات اختلاف دوسری صورت میں طرف مقابل میں پایا جاتا ہے جیسے عقیدہ امام مہدی متعہ نزول عیسیٰ دجال مردہ پرستی جعل مزارات حلول اللہ جعل احادیث قرآن کو جہت سے گرانا میں غیر اعلانیہ اتحاد قائم ہے تا کہ اسلام کے لئے اتحاد قائم نہ ہوسکے۔

انتہائی وباریک سے اختلاف وایجاد مواقع پایا جاتا ہے احیاء اسلام کے لئے اتحاد ناممکن رکھا ہے اختلافات کے لئے بہت مواقع رکھا ہے جو عقائد احکام شیعوں میں رائج ہے وہ دوسری صورت میں اہل سنت میں پایا جاتا ہے اگر کوئی اپنے عقائد سے اختلافات کریں تو فورا کہتا ہے سنی بھی مانتے ہیں شیعہ ان عقائد واعمال فاسدہ کا حوالہ سنی کتابوں سے دے کر انجام دیتا ہے ان کی تمام عقائد فاسدہ کی مصادر سنیوں کی لکھی ہوئی ہے۔جب ان کو مشکلہ پیش آتی ہے تو کہتے ہیں سنیوں کی کتابوں میں ہے لہذا ماننا پڑے گا۔ بہت سخت تکنیک کھیل رہا ہے۔

انھوں نے قرآن کو نام کی حد تک اٹھائے ہوئے ہیں مدرسہ القرآن نظر آئیں گے لیکن حدیث شریف کو ہی اٹھاتے ہیں تمام بدعات ڈنڈے سے رواج دے رہے ہیں میلاد کی مراسم نعت کے نام سے کفریات الحادیات آسانی سے پھیلاتے ہیں مشرکین کے بتوں کی جگہ مزارات بنائے ہیں چنانچہ باطنیہ کا ترجمان عبداللہ بن حسن قیروانی نے سلیمان بن حسن جنانی کو ایک لمبا خط لکھا ہے تشکیک تورات وانجیل نیز شرائع کو کلی طور پر مشکوک بنائیں اور یہ ثابت کریں انسان وبشر وہ نہیں جو آدم ابوالبشر سے پھیلا ہے بشر پہلے سے موجود تھے عبیداللہ بن حسن قیروانی کے اس بیان سے ان کی ادیان سابقہ خاص کر اسلام کے ساتھ عداوت واضح ہوجاتے ہیں یہاں سے انھوں نے قرآن کو کنارے پر لگانے مشکوک اور معطل کرنے کے لئے سر توڑ مہم چلائی

ہوئی ہے۔

باطنیہ کے مغز متفکران قرآن کو عمق گہرائی سے سمجھا ہے یعنی روئے زمین میں کوئی چیز ہماری بنیادوں کو مسمار اور سکھا نہیں سکتے ہیں سوائے آسمانی کتب خاص کر مسلمانوں کی کتاب قرآن ہے چنانچہ ان سے پہلے قرآن کو پہچان کر قرآن سے دو بدو جنگ مشرکین نے کیا تھا مشرکین نے کہا تھا محمدؐ بغیر قرآن قبول ہے لیکن قرآن کسی صورت میں قبول نہیں لہذا انھوں نے محمد کو مہنگی ترین پیش کش کی ہے آپ کی ہر بات ماننے کے لئے تیار ہے صرف قرآن نہیں انھوں نے کہا یہ سحر ہے یہ جادو ہے یہ اللہ کی طرف نسبت دینا جھوٹ ہے اللہ نے نہیں کہا ہے اگر اللہ کی طرف سے ہوتا ہے تو آپ پر نہیں بھیجتے

ہیں مکہ اور طائف کے دو عظیموں پر نازل کرتے ہیں آپ پر بھیجنا اس بات کی دلیل ہے کہ یہ اللہ کا نہیں ہے۔

انھوں نے اچھی طرح سے سمجھ لیا کہ قرآن اللہ ہی کا ہے عرب قرآن کو کیوں نہ سمجھیں یہ انہی کی زبان میں نازل ہوا ہے جس طرح محمدؐ کو سمجھنے کیلئے سب سے زیادہ سزاوار یہود تھے انہوں نے محمدؐ کو اچھی طرح سے سمجھا اسی سمجھ کی بنیاد پر محمدؐ سے مزاحمت مقاومت کیا، وہی لوگ سمجھنے کا مستحق تھے اس کی طرف اس آیت کریمہ آیا ہے یعرفون اپنے بچوں جیسا جانتے اگر مشرکین کے سمجھ میں نہ آتا تو کسی اور کے سمجھ میں نہیں آتا قرآن عربی زبان میں تھا اور قریش عربی زبان کے اعلیٰ پائے فصاحت و بلاغت پر فائز تھے لیکن ان کا قرآن کی شناخت تسلیم کے لئے نہیں دشمنی کی بنیاد پر تھا اس طرح عصر معاصر میں مستشرقین نے قرآن کو سمجھا چنانچہ برطانیہ اپنی اوج اقتدار امپراطورہ کے دوران ان کے وزیر اعظم ایوان نمائندگان سے خطاب میں کہا جب تک مسلمانوں میں یہ قرآن ہے ہم کچھ نہیں کر سکتے ہیں قرآن سمجھنے کے لئے خاص مغز متفکر انتخاب کیا قرآن سمجھنے کے بعد دو بدو جنگ کیا قرآن کو مسلمانوں سے چھینا چنانچہ ان سے پہلے یہودیوں اور ان کے گماشتہ باطنیوں نے قرآن کو سمجھا تو انہوں نے قرآن کتبہ لگا کر اندر ضد قرآن پر تربیت دینا شروع کیا۔ انسان کے لئے ضروری ہے دوست کے ساتھ دشمن کی بھی شناخت کریں۔

لیکن بے چارہ مشرکین منتشر پراگندہ ہونے کی وجہ سے کسی مسئلہ پر اتفاق نہ ہونے کی وجہ سے قرآن سے مزاحمت کرنا مقابلے کرنے کی حیلے طریقے ان کو نہیں آتے تھے لہٰذا انھیں شناخت قرآن کا فائدہ نہیں ہوا لہٰذا مشرکین کو قرآن کے مقابلہ میں ہزیمت اٹھانا پڑیں لیکن باطنیہ اہل بیت کے نام سے دو بدو مقابلے اندر سے مزاحمت کرنے کا سوچ یہودی ماسونیہ سے اخذ کیا ان کے نقش قدم پر چلتے ہیں اس کا دقت باریکی سے جائزہ لیا پھر اپنے لئے اپنے پاس اس کا مقابلہ کرنے کے لئے اس سے دو بدو لڑنے کے لئے کیا ذرائع ہوسکتا ہے اسکا بھی جائزہ لینے کے لئے انھوں نے تجربات یہودی پروٹوکولات تلموت ماسونیہ سے لیا دو طریقے سے مزاحمت آئی ہے ہے مزاحمت دشمنی میں یہودیوں کے دین نصاریٰ کو روکنے کچلنے کے لئے سلاطین رومی کے اندر نفوذ کیا۔ سلاطین روم کے ذریعے انھوں نے مسیحیوں کو تتر بتر منتشر کیا حضرت عیسیٰ کو دار پر کھینچا۔

۲۔ دوسرا طریقہ دوستی میں رجعت مسیح اور مسیح کو اللہ کا بیٹا بنایا اس طرح سے نصاریٰ کو خالص مشرک بنایا باطنیہ نے دیکھا اسلام کی روح قرآن ہے، قرآن کے ہوتے ہوئے ہر قسم کی کاوش ضائع بے فائدہ ہے نیز مسلمان قرآن کے خلاف ذرا سی بھی آنکھ مچولی برداشت نہیں کریں گے یہاں سے انہوں نے تمام تر توجہ قرآن پر لگایا کلی طور پر یہودی سیرت پر عمل کر کے سنت رسول قرآن پر مسلط کیا قرآن کو پیچھے کرنے کے لئے شعوبیوں کو آگے لایا۔ نحو سازوں کو آگے لایا

ان کے زبان سے قرائت قرآن کا شعبہ کھولا کلمات قرآن کو مسخ کرنے کے لئے لغویین کو لایا بچے کچھے ضمیر فروشوں دین فروشوں شکم پرست مولویوں کے لئے تخریب دین کیلئے بجٹ بنایا اور کسی بھی دروازے سے قرآن کو اٹھانے کا سوراخ بھی بند کیا اور قرآن کے نام سے قرآن کے خلاف لکھنے والوں کو مفسرین قرآن کا اعزاز دیا۔ کراچی میں محفل خراساں کے امام مسجد نے عربی قرآن سے توجہ ہٹانے کیلئے اردو قرآن بنایا تاکہ سیکولر قرآن کو رد کرنے کیلئے اردو قرآن استعمال کریں۔ یہاں سے اہل فکر و دانش عقل و خرد والے کہتے ہیں ایک طریقہ شناخت تعریف بضد ہے یک از طریقہ شناخت آپ کے بارے میں آپ کے دشمن کیا کہتا ہے یہ جاننا ضروری ہے دشمن کی دو زبان ہوتی ہیں۔

۱۔ زبان مدح ہوتی ہے، تاکہ اسلام قرآن سے شغف رکھنے والوں کو اندھیرے میں رکھیں شکم اس مولویوں کی شکم پری کا بندوبست کریں۔ جس سے قرب اور فوائد حاصل کریں۔ وہ ان کے خاص الخاص ہوتے ہیں مسلمانوں کو ٹھنڈا کرنے اپنوں کو اٹھانے کے لئے کرتے ہیں چنانچہ عبداللہ مقفع ایسا تھا۔

۲۔ خود کو عرب دوست پیش کرتے تھے دوسروں کو عرب دشمن اس طرح سے بعض قرآن کے تعظیم ایک قرآن توڑ مہم پر لگایا ہے اس طرح ایک میدان عمل میں اتر کر قرآن کو کنارے پر لگانے پر تلے ہوئے ہیں ایک قرآن کی تعریف پر تلے ہوئے ہیں ایک قرآن حفظی کے لئے لوگوں کو آمادہ کرتے ہیں۔ دوسرا قرآن کو روکنے کیلئے طرح طرح نفاقی تعبیرات تعریف و تجلیل قرآن کے ذریعے قرآن سے دور رکھنے کرنے کی تدابیر بروئے کار لائیں کہ قرآن ہر کس و ناکس کا نہیں، کبھی لمبی شرائط رکھیں تاکہ قرآن سمجھی کا سوچ ہی ختم کریں گے اس لئے انہوں نے دو حلقے بنایا۔

ا۔ اصولین ظاہری قرآن سمجھنے کی کتاب ہے ظاہری قرآن حجت قرآن کو پڑھنا چاہیے درس قرآن ہونا چاہیے درس گاہ کھولنا چاہیے لیکن دروس کے دورانیہ قرآن کو حجت سے گرانے تشکیک پھیلانے کی سر توڑ کوشش کریں گے لیکن شرائط کے ساتھ دوسرا سمجھنا ہی ناممکن ہے ایک زمانے میں جس وقت برطانیہ کی امپراطوری چلتی تھی ان کی عزائم ابلیسی سے واقف لوگ یا ان کے تملق گران کہتے تھے سمندر میں اگر دو مچھلی لڑ پڑیں تو سمجھ لیں اس لڑائی میں برطانیہ کا کردار ہے اس وقت اس ملک میں چاہے بدنام زمانہ دہشت گردہ ہو یا مساجد و مدارس سازی ہو یا جماعت سازی ہو ان میں باطنیہ کا کردار ہونا ہے۔

واردات باطنیہ:

ملک میں جاری فتنہ وفساد قتل و کشتار کا سیرہ باطنیہ اور ان کی متبینات کو جاتی ہے اس طرح فاسد رسومات مذہبی علاقائی جو دین کو کھوکھلا کرتی ہے ان تزریفات کو جاتی ہے **الا ان اعدی العبود اللبعود و مسعر النایھی** جس پر پردہ رہنے والی فاقوں کو جاتی ہے باطنیہ پروردہ

ماسونیہ یہودیہ ہے لہٰذا ان کا واردات ماسونیہ یہودیہ سے مختلف نہیں ہے طریقہ واردات باطنیہ ان عناوین کے گرد گردش کرتا ہے:

۱۔ضرب دین بہ دین ضرب قرآن بہ قرآن

۲۔ضرب مسلمین بہ مسلمین

۳۔ضرب امام وماموین

۴۔ضرب مامونین بہ امام

۵۔ضرب مسلمین بہ کافرین

ضرب دین بہ دین کچھ اس طرح سے کیا ہے فرقہ پر فرقہ بنایا کبھی ہر ایک کو دوسرے کا ضد بنا کر ملاعنہ شروع کیا کبھی سب ناجی صرف ایک جہنمی قرار دیا' یہ اس بات کی دلیل ہے فرقہ بنانا اپنی جگہ ان کے نظر میں مستحسن ہے کبھی ضرب قرآن بہ حدیث کبھی صرف حدیث کہا ہے اللہ نے خود نبی سے بارہا کہلوایا ہے ہم علم غیب نہیں جانتے ہیں لیکن اتنی احادیث غیب گوئی کی بھرمار کی ہے:

۱۔میری امت میں سے فلاں فلاں جنت میں جائے گا تفصیل رشد ورشادات میں دیکھیں۔

۲۔میری امت کے تہتر فرقے ہونگے۔ہر فرقے کے نام لے کر لعنت بھیجا ہے۔

باطنیہ کو باطنیہ اس لئے کہا ہے انھوں نے ہر ظاہر کے لئے ایک باطن ہر تنزیل کے لئے تاویل کا دعوٰی کیا ہے ظاہر سے صرف نظر کر کے بے معنی بے فائدہ نا قابل فہم باطن کو مرام ومقصود قرار دینے کا مطلب ہی آیات کو حجت سے گرا کے اپنی طرف سے صادر معانی ٹھونسنا اپنی جگہ استبدادی استحصالی عزائم ومنویات پر عمل درآمد ہے۔

ان کے لئے کئے گئے معنی باطنی درست ہونے کا حشیش برابر بھی دلیل نہیں وہ خود مدعی ہے اور وہ خود گواہ اور قاضی ہے جس طرح فاطمی حکومت قائم ہونے سے پہلے عبداللہ میمون خود لوگوں کو امام کی طرف دعوت دینے والے تھے خود امام تھے یہ فرقہ ایک شخص کی بنائی ہوئی نہیں ہے بلکہ یہود وصلیب مجوسیوں کی مشترکہ کمپنی کے ساخت ہے غرض و غایت جس طرح اخوان صفا نے اعلان کیا ہے ان کے نظر میں دین کو شیشتشو کرنا ہے دین شیشتشو کر کے کفر وشرک کو بحال کرنا ہے اس کے لئے انھوں نے مختلف متعدد منصوبہ بندیاں کی ہیں ان میں ایک تفسیر قرآن ہے۔تفسیر قرآن کے نام سے قرآن کو معاشرے سے ہٹانا ہے اس عزم ناپاک کے لئے انہوں نے تفسیر قرآن فہم قرآن کے لئے ایک لمبی مقدمات پیش کیا ہے۔

باطنیہ اسماعیلیوں کا ایک نام ہے جہاں انہوں نے چہرہ اسماعیلیہ مسخ ہونے کے بعد تمام سرگرمیاں پوشیدہ تحت ستار انجام دینے کا فیصلہ کیا نیز ظواہر قرآن وسنت کی جگہ ان کے باطنی معنی اختراع کیا اس فیصلہ کے بعد انہوں نے ماسونیہ یہودی کی پیش رفتہ شکل کو اپنایا یہاں سے اپنا تعارف میں کہا ہے کہ وہ ظاہر کو نہیں باطن اشیاء کے قائل ہے ہر چیز کا ایک ظاہر ہوتا ہے جو نظروں میں آتا ہے ایک باطن ہوتا ہے جو خاص الخاص کے نظروں میں آتا ہے مثلا کلمات حروف سے مرکب ہے کلمات سے کلام بن جاتا ہے کلام اپنی جگہ ایک قسم کی حکایت خبر ہوتا ہے کلام کے معنی ہے ماافادہ سامع یعنی مسامع کو فائدہ نامہ پہنچے ان کا ظاہر کو ملغی کر کے باطن کا معنی لینے کا کوئی منطق نہیں بنتا ہے۔

۲۔ باہر موجود اثرات اس باطن پر دلالت کرتا ہے جیسے اللہ سبحانہ کبھی ظاہر نہیں ہوتا ہے باطن ہی ہوتا ہے لیکن کائنات کی ہر چیز اس پر دلالت کرتی ہے کلام میں بھی ظاہری معنی مراد ہوتا ہے اس سے معنی باطن بھی لے سکتا ہے جس پر یہ کلام دلالت کرتا ہے لیکن باطنیہ جو معنی بتاتے ہیں وہ ظاہر کلام سے بالکل غیر مربوط ہوتا ہے لہٰذا یہ معنی اس ظاہر سے اخذ کیا ہے اس کا کوئی ثبوت نہیں ہوتا ہے۔

جو ظاہر سے منہ موڑ کر نظریں ہٹا کر باطن نامعلوم باطن مجہول باطن ناقابل فہم کی طرف دعوت دینے والے انسان کو حقیقت سے روگردانی کرنا فسطائیزم ہی ہوگا لغت افہام وتفہیم کے لئے وضع ہوا ہے لغوی معنی کی طرف سے صرف نظر کر کے یہ کہیں جو ہم کہتے ہیں اسی کو لے لیں اس کا نام استبداد ہے یعنی جو میں کہتا ہوں اس کو مان لے یہ ہمیشہ فاقد دلائل والوں کی منطق ہوتی ہے یہاں سے ہم یہ کہہ سکتا ہے کہ تمام فرقے اس باطنیہ کی شاخ اور ان کے ریزہ خوار اور ان کی لشکر ابرہہ ہیں فرقے والے کہتے ہیں ہر چیز کی دلیل نہیں ہوتی ہے دلائل کی جگہ ہماری باتیں سنیں بلکہ دلائل کو چھوڑیں ہماری باتیں سنیں۔

لہٰذا لغت میں بھی بحث کرنے کی ضرورت ہے لغت سے اصلی معنی کیسے اخذ کریں تحریف سے محفوظ لغت کہاں سے اخذ کریں اس کا کوئی اصول ہے یا نہیں ماہرین دواؤں میں غلط اجزاء کی تشخیص کرتا ہے غذا میں ملاوٹ کی تشخیص کرتا ہے غرض مرکبات میں اجزائے اصلی اور اجزائے ملاوٹی میں تشخیص دنیا میں آسان ہوگئی ہے لیبارٹریاں وجود میں آئی ہیں آزمائش گاہیں وجود میں آئی ہیں تو لغت میں تحریفات نکالنا کوئی دشوار نہیں ہے۔

قرآن کا معنی لغت سے نکالنا اس کی پہلی تفسیر ہے یہاں سے یقین واطمینان قاطع دل مطمئن سے کہہ سکتے ہیں یہ تفاسیر تفسیر باطنیہ ہے اس کی دلیل یہ ہے کہ لغت کو تیسرے درجے پر پھینکا ہے دوسرا مسلمان درس گاہوں میں لغت قرآن کا شعبہ نصاب میں نہیں، اگر ہے تو وہ لغت قرآن کا نہیں لغت جاہلیت کا ہے جب تک ملاوٹ نکالنے کا شعبہ قائم نہیں ہوگا ہم

ان کو باطنیہ کہتے رہیں گے دنیا بھر میں ہر زبان میں اللہ نے انسان کے بارے میں کہا ہے ہم نے انسان کو بیان سکھایا ہے تو بیان کا بیان ہوتا ہے بہت نادر ہوتا ہے تو تمام زبانوں میں سب سے اعلیٰ سب سے زیادہ اپنا مرام مقصود بتانیکی صلاحیت رکھنے والی زبان زبان عربی ہے قرآن کریم میں اللہ نے اس قرآن کو عربی زبان میں نازل کرنے کا ذکر کیا ہے سورہ نحل آیت ۔۱۰۳سورہ شعریٰ آیت ۔۱۹۰، ۔۷سورہ یوسف آیت ۲سورہ رعد آیت ۳۷سورہ طٰہٰ آیت ۱۱۲سورہ فصلت آیت ۔۳سورہ زخرف آیت ۳میں عربی میں نازل کرنے کا ذکر ہے۔

۴۔مثال دیتے ہیں پہلی کلاس والے سے خطاب الگ زبان میں دیتے ہیں۔

ہمارے پاس قرآن فہمی کے لئے چار ذرائع ہیں:

۱۔سب سے پہلا ذریعہ لغت عرب ہے۔لغت میں بھی دخل اندازی کی ہے۔

جس طرح حدیث کو گزشتہ اقوام وملل کے علماء بادشاہان وطباء روز فلاسفہ کے کلمات سے پر کیا ہے لغت عرب جمع کرنے والوں کی اکثریت شعوبی تھے شعوبی یعنی عربوں سے عداوت نفرت رکھنے والے اس سلسلہ میں انوار جندی نے ایک کتاب لکھی فصحی لغت عرب اس میں کلمات جو قومیں لغت میں جمع ہے بیان کیا ہے ابھی سے کتنے متروک اور کتنے استعمال میں بیان کیا ہے ملاحظہ کریں

باطنیہ کا تفسیر قرآن سے کھیل

غرض وغایت باطنیہ معلوم ومشخصی ہے وہ ہے تمام شریعت کا خاتمہ بالخصوص اسلام کا خاتمہ چاہتے ہیں یہ منشور مود ہے۔وہ اسلام سے جنگ پر اسلام کو گرانے مسمار ونابود کرنے کے لئے ہر اسلحے کو استعمال کرے ہر وسائل وذرائع کو استعمال کرے بالخصوص رکن رکین اس واساس قرآن سے جنگ پڑنے پر تمام وسائل وذرائع کو متوجہ کرنے کے لئے کوئی چارہ کوئی ذریعہ آیات سے کھیلنے آیات کا اُوپر نیچے کرنے سے مؤثر نہیں دیکھا عبیداللہ بن حسن قیروانی نے سلیمان بن حسن بن سعید جینانی کو ایک خط لکھا اس خط میں آیا ہے میں تم کو سفارش کرتا ہوں حکم دیتا ہوں کہ لوگوں کو قرآن تورات زبور انجیل میں تشکیک پھلائے شریعت چھوڑنے کی طرف دعوت دے دے حشر معاد نشر تصور ملائکہ تصور جن ایمان بغیب سب کو باطل قرار دے سب سے انکار کروادے لوگوں سے منوائے آدم سے پہلے بہت آدم گزرے ہیں اس سے مراد یہ ہے عالم قدیم ثابت کرے خاص کر زعیم باطنہ کا توجہ ترجیح ختم قرآن کے لئے رہا ہے۔

نحوست باطنیہ

کتاب تفسیر المفسر ون زھبی جلد ۲ص ۱۲۴پر آیا ہے باطنیہ ہر ملک ہر علاقے میں نئے نام سے اپنا تعارف کیا ہے برصغیر

میں انھوں نے اپنا تعارف اسماعلیہ بوھرہ آغاخانی سے کیا ہے بلاد کرد وشام میں علویہ سے کیا ہے ایران میں علی الٰہی سے کیا ہے ترکیہ میں بلکہ اشتیہ سے کیا ہے ایران میں بابیہ سے فلسطین میں بھابیہ سے کیا ہے پاکستان میں قادیانیہ سے ہر ایک کی مرکزی ہدف اسلام سے جنگ ہے وسائل ذرائع ہر ایک کی دوسرے سے مختلف ہے۔

تفسیر باطنی

باطنیہ نے قرآن کی کلمات کا غیر مربوط نا قابل تطبیق مصادیق پیش کی ہے باطنیہ نے ظواہر کلام کو یکسرہ مسترد کر کے ایک اجنبی نا قابل تطبیق معانی پیش کی ہے جس پر ایمان تصدیق کرنے کا کوئی ذریعہ نہیں سوائے اس کے یہ لوگ کہتا ہے یہ معانی صرف امام جانتا ہے اور کوئی نہیں جانتا ہے امام سے ہر شخص نہیں مل سکتے ہیں ممکن ہے امام نامی کوئی موجود دنیا میں نہ ہو کہ وہ خود امام ہو لھذا تفسیر باطنی کو تفسیر قرآن نہیں کہ سکتا ہے بلکہ اس کو قرآن توڑ کہ سکتا ہے جس طرح بھائی اور قادیانیوں نے پیش کی ہے۔ان کے مقابل میں خود کو اھل سنت اور شیعہ کہنے والے نے الفاظ بدل کر کے کہا ہے تفسیر بغیر حدیث صحیح وہی منطق کا تکرار ہے تفسیر اما بغیر کوئی نہیں جانتا ہے۔نہیں اس سلسلے میں اگر کوئی مثال نمونہ دیکھنا چاہتا ہو تو تفسیر المیز ان فی التفسیر القرآن دیکھ سکتے ہیں جہاں صاحب المیز ان نے سورہ مبارکہ مائدہ آیت ۳،۵۵،۶۷ کی تفسیر روایات نزول سے کی ہے جو اپنی جگہ ہر حوالے سے آیت سے اجنبی بے گانہ بلکہ نظم سیاق وسباق آیات سے اجنبی ہونے کی وجہ سے انھیں بہت فلسفہ بافی کرنا پڑا ہے صرف اس لئے کہ روایات کتب ضیعفہ نا قابل اعتماد واعتبار کافی،
برھان۔غایت المرام،تفسیر قمی،تفسیر عیاشی احتجاج طبرسی کی ہے یہ سب نقل کرنے کی کوئی فائدہ نہیں مدعی یہ ہے احادیث قرآن سے اجنبی کرتا ہے قریب نہیں۔جو احادیث تفسیر قرآن کے بارے میں آئی ہے وہ آیات سے اجنبی کرنے کا کردار رکھتا ہے۔

تفسیر باطنی

۱۔ایک تفسیر ہے جو یکسرہ کلمات کو روک کے اس سے غیر مربوط غیر متعلق کوئی معنی پیش کیا ہے حقیقت قرآن یہ ہے وہ اس کے مدعی ہے دلیل اس کا یہ ہے امام ہی حقیقت جانتا ہے اور کوئی نہیں جانتا ہے امام کون ہے یہ خود ہے یا کوئی اور دونوں صورت میں اس تفسیر کو تفسیر استبدادی استکراہی تفسیر جبری کہیں گے یہ تفسیر اصول وقواعد سے نہیں ہوئی ہے یہ پیسے سے یا تلوار سے یا جاھلوں کو اغواء کر کے فرصت تفکر وتعقل چھین کر ٹھوسی ہے ورنہ دنیا میں کوئی عاقل خود مختار ایسے تفسیر کو تسلیم نہیں کرتے زید قائم یعنی زید سویا ہوا ہے زید مرا ہے یعنی ضرب زید زید نے کھایا ہے زید نے کہا ہے زید سویا ہے دنیا میں کوئی ماننے کے لئے تیار ہے؟ کعبے کی طواف کرو یعنی امام کے گرد گھومو سنا۔

۲۔دوسرا تفسیر جیسے تفسیر فرق کہتے ہیں فرقوں کے لکھی تفسیر خود اس فرقہ والوں کیلئے قبول ہے دوسروں کے لئے قبول ہے دوسروں کیلئے قبول نہیں فرعون نے قرآن کی تفسیر وہی تفسیر کی ہے جو باطنیہ نے کیا ہے باطنیہ نے کہا تفسیر قرآن صرف اما جانتا ہے وہی بات شیعوں نے کہا ہے سنیوں نے کہا ہے اصحاب جانتا ہے حدیث کے بغیر تفسیر نہیں کرسکتا ہے۔قرآن سمجھی کے قرآن فھمی کے ذرائع وسائل کو ناپید کر کے یا چھین کر غیر مربوط شرائط عائد کر کے قرآن سے دور کیا ہے یہاں یہ انھوں نے دو طریقے اپنائی ہے ا۔ایک قرآن فھمی میں عقل کو چھین کر عقل کو باندھ کر یا عقل کو روک کر قرآن سے قرآن اور عقل میں تضاد تناقض ناہم آہنگی غیر مربوط فکر قائم کیا ہے تاکہ کوئی بھی ہمت نہ کرے چنانچہ یہ بہت بہت کامیاب ہوا ہے اب سو میں نہیں ہزار میں نہیں لاکھوں مسلمانوں میں دو مسلمان نہیں ملیں گے کہ ہم قرآن کو سمجھیں اگر کسی مصیبت پر رونا ہوتا تو مسلمانوں کو اس مصیبت پر رونا چاہئے تھا عقل ہر چیز پر استعمال کرے صرف قرآن پر استعمال نہ کرے جبکہ اللہ نے اس کتاب میں کتنی دفعہ مختلف صیغوں میں کلمہ عقل کو دہرایا ہے عقل کو کیوں استعمال نہیں کرتے انھوں نے عقل کے نام سے مارا ہے یہ کسی قسم کے عقل فھمی نہیں

۲قرآن فھمی کے لئے جو علوم کے شرائط عائد کی ہے کتاب تفسیر المفسر ون تالیف دکتور محمد حسین ذجلد اص ۲۷۵ میں آیا ہے شخص مفسر کو ان علوم کا سمجھنا ضروری ہے

ا۔علم نحو جو کہ ایک علم کی صورت میں ایک سو ستر سال تقریبا گذرنے کے بعد سیبویہ نے اس کی بنیاد رکھی ہے اس کی کتاب اور اس کی سیرت واضح دلیل ہے کہ اس کا علم نحو قرآن وسنت پیغمبر اسلام سے کوئی شغف محبت لگاؤ نہیں تھا اور اس کا حریف سکا کی کا بھی دونوں کے نزدیک اور ان کے بعد میں آنے والے نحوییں کا پورا مقصد عیش ونوش ذریعہ معاش تھا جو بھی ہو ایک سو ستر سال غذرنے کے بعد آنے والے علم نحو کو قرآن فھمی کے لئے شرط لگانا کہاں کا انصاف اس سے پہلے قرآن معنی کرنے والے کیا پڑھتے تھے اس وقت نحو تو نہیں تھے آپ جب ان کی طرف پلٹاتے ہیں تو آپ بغیر نحو پڑھے تفسیر کرنے والوں کی طرف پلٹا یا نحوی

ا۔ابوعثمان متوفی ۲۴۹ھ

۲۔بکر ابن محمد بن بقیہ مازنی متوفی ۲۵۰ھ

۳۔احمد بن یحیٰ بن زیدب بن سیار متوفی ۲۹۱ھ

۴زجاج ابراھیم بن سری بن سھیل زجاج متوفی ۳۱۱ھ محمد بن قاسم بن محمد بن بشار انباری متوفی ۵۷۷ھ

۲۔علوم بلاغہ۔معانی بیان،بدیع یہ تینوں علوم کے بانی معلوم ہے معانی بیان کا تو کہتے ہیں عمرو ابن جاحظ متوفی ۲۵۵ھ

کتاب تاریخ آداب لغت عربی میں آیا ہے جس کے مبتکرین یہ لوگ تھے

۱۔قدمہ بن جعفر متوفی ۳۲۷ھ

۲ رمّانی متوفی ۳۸۴ھ

۳ عبدالقاہر جرجانی متوفی ۴۷۱ ھ

۴ سکاکی متوفی ۶۲۶ھ

۵ ابن اثیر متوفی ۶۳۷

سب کے سب ان کا دین وایمان ضمیر خلفاء امراء کی کاسہ لیسی غنی موسیقی سے شغف رکھنے والے تھے علم معانی بیان بلاغت کا جو چرچا ہوا ہے وہ بنی عباس کے دور میں ہوا ہے جب دربار خلافت میں فارس کے شاہ پرستان پہنچے جہاں وہ خود کو ذلیل وخوار اور خلیفہ امیر کو شمس وقمر سرپا بناتے تھے اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ قرآن میں فصاحت وبلاغت نہیں ہے ہم قرآن کریم کے فصاحت وبلاغت کون سے کیوں لے لیں عربی زبان اگر قرآن نہ ہوتے آج عبرانی زبان سریانی زبان یونانی زبان سنسکرت جیسا بنتا ہے اس زبان کو جو دوام وبقاء ملی ہے وہ قرآن کے طفیل ہے عربی زبان کی تین ادوار ہیں ایک ا۔دور جاھلیت ہے جو بعثت اسلام سے پہلے ایک سو سال کی حد تک ہے اس کا آغاز امراء القیس سے ہوا اس کا نام جامع فی تاریخ ادب مؤلف حنا الف خوری میں آیا ہے اس کا نام جندح بن حجر الکندی ہے امراء القیس یہ پانچ سو میلادی کو پیدا ہوا ہے اور پانچ سو چالیس کو مرا ہے۔ امراء القیس کی شاعری ان کے باپ کو پسند نہیں آیا اس کو خاندان شاہی کے لئے میدان جنگ کے لئے مقابلہ مبارزہ کرنے والوں کے لئے زیب نہیں دیتا اب اس کے بعد سلسلہ شروع ہوا یہاں تک کلام کی حسن وخوبی کو ناپنے کے لئے ان کا شعر آیا ہے لیکن جب قرآن نازل ہوا اس کو دور ختم ہوا اسلام آنے کے بعد حضرت محمدؐ اور آپؐ کے چہیتے اصحاب زبان عرب کو بہتر بنانے کے لئے سوچے نہیں بلکہ وہ اس کو ایک فخر بھی نہیں سمجھتے تھے افتخار بھی نہیں کرتے تھے وہ گویا قرآن کے لئے ایک اھانت تصور کرتے تھے چنانچہ ایک بادشاہ نے خلیفہ دوئم کو ایک خط بھیجا ان سے درخواست کی کہ آپ کیملک کے بہترین شاعر کا ایک شعر بھجدیں تو خلیفہ نے خط میں سورہ بقرہ بھیجا وہاں لکھا کہ ہمارے پیغمبر پر ایک کتاب نازل ہوئی اس کے بعد ہم شعر سے بے نیاز ہوگئے ہیں شعر کو قرآن کریم میں پیغمبر ومؤمنین کے لئے نازیب قرار دیا ہے قرآن ضد شعر شاعری ہونے کی بنیاد پر اصحاب وتابعین کے ہاں مجالس شعر استناد شعر کے لوگ نہیں تھے حتیٰ میدان جنگوں میں بھی رجز شعری نہیں تھے لیکن بنی امیہ کے دور سے معاویہ اپنی اقتدار کے لئے قرآن کو استناد نہیں کرسکتے تھے وہ اپنی تبلیغات کے لئے شاعر کو استعمال کرتے تھے شعراء یہودی مسیحی بے دین تھے ان کو

اپنے دور میں مقام نہیں تھے فاسد سمجھتے تھے یہاں تک عمرو بن عبدالعزیز منصور دوانقی وغیرہ شعراء کو اپنے ہاں آنے نہیں دیتے تھے ان کے بعد مھدی کے دور سے شروع ہوا تو شعر کی مقام بنانے کے لئے انھیں جھوٹ باندھنا پڑا ابو بکر شعر پڑھتے تھے حضرت عمر شعر پڑھتے تھے حضرت زھراء شعر پڑھتی تھیں اس کے بعد عربی زبان میں مہارت حاصل کی عربی زبان کو خراب کرنے کے لئے قیاس بنائی جس طرح فقہ کو خراب قیاس استعمال کیا تھا اب بدنیت والوں کے بنائی علم کو قرآن سمجھی کے لئے شرط لگانا ﴿تلک اذا قسمة ضیزیٰ﴾ ہے اگر قواعد عربی کو جو شعر پر جیتا ہے قرآن سے بناتے تو آج عربی زبان کہاں پہنچتے آج عربی زبان کو خلط ملط کرنے والوں کو یہ نوبت نہیں ملتی۔عربی زبان میں نبوغت حاصل کرنے والوں کو فصاحت و بلاغت میں اوج قلعہ نشینوں کو یہ اعزاز نہیں ملی فصاحت بلاغت قرآن کا جولانی کرے۔

۳۔تیسرا علم جو انھوں نے قرآن فھمی کے لئے بنائی ہے وہ علم قرائت ہے علم قرائت میں قرائت خود مشکوک ہے اور اس پر قرائت عشرہ بنائے ہیں عشرہ پر عشریں بنائے ہیں یہ قرآن کو بگاڑنے کے لئے ہے انھوں نے اپنا سب کچھ کیا ہے لیکن جس نے قرآن نازل کیا تھا اس نے اپنا تحفظ اپنے پاس رکھا تھا تو ان کا سر نیچے ہو گیا

۴۔چوتھا علم علم کلام ہے علم کلام وہی علم فلسفہ یونانی ہے اس کی رکیک بدنمائی بدظنی بدسمعتی سے بچنے کے لئے علم کلام بنائی ہے اسّ الاساس تخریب اذھان علم کلام ہے علم فقہ جو جسے احکام اللہ کہتا ہے اس کی اکثر مبانی کلام ہے علم لسان نحو لغت علم کلام ہے مخرب دین علم کلام ہے فقہ کو خراب کرنے والا علم کلام ہے علم کلام تاریخ میں ابو حنیفہ ہے جس نے فقہ کبر لکھا ہے اس کے بعد فقہ لکھا ہے اس نے فقہ کو علم کلام پر بنیاد رکھا ہے

۲واصل بن عطائے غزالی متوفی ۱۳۱ھ ۳۔ابو ھزیل محمد بن ھزیل الآف متوفی ۲۳۲ھ ۴۔محمد بن عبدالھاب حیوانی متوفی ۳۰۳ھ ۴۔ابوالحسن اشعری متوفی ۳۳۳ھ یہ علم کلام کے بنیاد گزاروں میں لکھا ہے

۵۔پانچواں علم ناسخ و منسوخ ہے جہاں انھوں نے کوشش پورا کی ہے کہ آیات قرآنی کو اکثر و بیشتر کو منسوخ کرے مسلمانوں کے شور شرابہ بدگمانی کی وجہ سے رک گئے تھے اب یہ شرط لگایا کہ منسوخ و نسخ کا علم ہونا چاہئے اور حدیث سے قرآن نسخ ہو سکتا ہے

۶۔چھٹا مفسر کو علم موھبہ ہوتا ہے یہ کہاں سے نکالی ہے۔

۷۔ساتواں مفسر کو لغت عرب عبور ہونا چاہیے یہ شرط مفروغ عنہ ہے جب آپ قرآن کو سمجھنا چاہیں گے زمان عربی جاننا ہوگا تو کیوں اپنی نصاب علم الغات نہیں رکھتے عربی کو قرآن ہی سے شروع کرے قرآنی الفاظ سے قواعد نکالتے علم صرف و نحو علم لغت نہیں

خطابات قرآن:

خطابات قرآن دنیا کے نامور خطباء کے خطابات سے مختلف ہیں دنیا میں اگر کوئی علم ودانش میں متبحر نابغہ اعلیٰ وارفع دانشگاہوں کے خطیب وسخنور ہوتو وہ سادہ عوامانہ خطاب نہیں کرسکیں گے وہ عوام الناس سے خطاب کو اپنے لئے اہانت اور جسارت محسوس کرتے ہیں اگر عامۃ الناس سے خطاب کرنے والے عالمانہ خطاب کریں تو عوام کی سمجھ میں نہیں آئے گا۔

قرآن کا مخاطب عالم دانشمند جاہل ان پڑھ مومن کافر انسان وجن سے خطاب ہے۔

دین اسلام کا ماخذ ومصدر قرآن اور محمد ہے یہ دونوں انفکاک ناپذیر ہے جدانا پذیر ہے کیونکہ قرآن بغیر نام محمد ادھورا ہے قرآن کو کسی نے پیش کیا ہے سب کا اتفاق بلا اختلاف ہے محمد نے پیش کیا ہے محمد کی نبی ہونے کی توثیق کس نے کی ہے قرآن نے کی ہے قرآن کے بارے میں اہل سنت کا موقف واضح ہے انہوں نے قرآن سے انتساب سے گریز پرہیز کرتے ہوئے اپنے کو خالص سنتی متعارف کیا ہے، جس طرح شیعہ نے دونوں سے انتساب توڑ کر خود کو اہل بیت والے متعارف کیا ہے۔ اہل فکر ودانش خاص کر قرآن اور سنت دونوں کو مصدر اسلام قرار دینے والوں کے اذھان میں چندین سوال آتا ہے دونوں کا قرآن اور محمد سے چڑ رہنے کی کیا وجہ ہے قرآن اور محمد دونوں متعارف کرنے کی میں سہل کیا مشکل تھے یا قباحت ہے جواب واضح ہے ایک سے تمسک دوسرے کی طرف جھکاؤ سبب بنتا ہے۔ کور کھنے میں کیا قباحت تھی۔ قرآن کو یہاں سے ہٹانے کی کیا وجہ تھی۔

۳۔ قرآن پر سنت کو قاضی وحاکم قرار دیا ہے۔

۴۔ سنت کو قرآن سے بے نیاز قرآن کو سنت کے نیازمند قرار دینے کے بعد پہلے دوسوال کا کچھ حد تک جواب مل جاتا ہے کہ قرآن ایک کتاب طفیلی سنت مانتے ہیں چنانچہ قرطبی نے اپنی تفسیر کے مقدمہ میں اس حدیث کو باطل وبے بنیاد قرار دیا ہے، قرآن ہی کسوٹی صحت وسقم حدیث ہے۔

۵۔ خود سنت سے کس حد تک وابستہ ہے اس سلسلے میں سنت منسوب مرفوع سے سنت اصحاب سنت اتباع اور بعد میں قول سلف سے سنت اصحاب کو شامل کرکے میدان عمل سے سنت رسول کو بے دخل کیا ہے۔

یہ حدیث اپنی سند ومتن دونوں حوالے سے مسئلہ متنازعہ بحث طلب ہے۔

بعض اصحاب دوسرے تیسرے درجہ اصحاب کے ہوتے ہوتے پہلے درجے کے اصحاب حتیٰ اہل بیت کے گھرانے سے زیادہ ان سے احادیث نقل ہوتی ہے یہاں تک علماء حدیث نے انہیں مکثر میں احادیث کا لقب دیا ہے لہٰذا

ان سے منقول احادیث مشکوک مخدوش نظر آتا ہے کہ نبی کریم نے فرمایا ہے یا ان سے منسوب کیا ہے۔

۲۔علماء حدیث نے احادیث کو اسناد کے حوالے تین حصوں میں تقسیم کیا ہے احادیث صحیحہ۔

۳۔احادیث ضعیفہ پر عمل نہیں کرسکتا ہے جبکہ فقہاء ومفسرین دونوں نے احادیث ضعیفہ پر عمل کرنے کا حکم دیا ہے۔

۴۔احادیث رسول بحکم قرآن اطاعت رسول میں آتا ہے اس کے لئے تعین جازم چاہیے کہ یہ رسول اللہ نے فرمایا احادیث ضعیفہ مقطوعہ مرسولہ حجت اورنہیں جس حدیث کے بارے میں یقین نہ ہو کہ نبی کریم نے فرمایا یانہیں ہم کیسے کہہ سکتے ہیں یہ سنت رسول اللہ ہے۔

۵۔اہل سنت دوسری تیسری صدی کے بعد مثل یہود آنکھ بند کر کے دین کو علماء کے دوراہے سے بندھا ہے ان کے اقوال فتاویٰ کو سنت کا درجہ دیا ہے لہٰذا اس وقت سنت رسول سے بھی بہت دور فاصلہ پر کھڑا الھذا وہ خرافات اور باطنیہ کے اہداف کو پروان دیتے ہیں مصروف ہے ان کے تمام پوری پیش روایات قرآن اور سنت رسول سے دور ہے۔

کتب تفاسیر روائی ہے جہاں انہوں نے آیات کی تفسیر روایت سے کی ہے یہاں یہ بات واضح کرنے کی ضرورت ہے تفسیر کے بارے میں وارد روایات کے راویوں کے بارے میں کتب رجال سے تحقیق کرنے میں دیکھنے کی کسی نے زحمت نہیں کی ہے گویا تفاسیر کے بارے میں آیا راویوں کی تحقیق ضروری نہیں۔جو فرقہ میں رہ کر قرآن کی تفسیر کرنے میں ان کو مزہ آتا ہے۔وہ فرقہ سے باہر نہیں سکتا ہے کیونکہ قرآن میں آیا ہے ولا تتفرقو ہم قرآن کے تفسیر کے نام سے افتراق وانتشار کی دعوت آسانی سے دے سکتا ہے جو قرآن سے باہر رہ کر نہیں دے سکتے ہیں مفسر یہ دعوی بھی کرتے ہیں کہ ہم غیر جانب دار رہ کر فرقے سے وابستہ تفسیر کریں گے یہ ممکن نہیں چنانچہ تفسیروں پر تبصرہ کرنے والوں میں سے ایک نے تفسیر المیز ان کے بارے میں لکھا ہے تفسیر اپنی جگہ اچھی تفسیر ہے معلومات کا انبار ہے جس طرح اہل حدیث میں رہ کر حدیث سے آزاد تفسیر ممکن نہیں لیکن اس کے مفسر شیعہ ہے شیعہ ہونے کے بعد آیات کی حقیقی تفسیر ممکن نہیں ہے۔

شیعوں نے اس تجزیہ نگار کی عصبیت پر استدلال کیا کہ دیکھو یہ شیعہ سے کتنا تعصب رکھتے ہیں لیکن اس نے دقت سے ایک حقیقت انکشاف کیا ہے دیکھو اگر آپ کو اطمینان نہیں آتا ہے اکملت آیت بلغ رکوع آیت مودت سیاق وسباق کے ساتھ کیا ہے۔چنانچہ صاحب المیز ان نے اپنی نبوغت علمی کے باوجود ساتویں صدی کے اسماعیلی عالم دین نے جن آیات کو حضرت علی کی امامت پر بطور نص پیش کیا ہے جیسے آیت تطہیر آیت مودت شوریٰ ۲۳ کی اقربا رسول آیت انما ولیکم اللہ حضرت علی اور اولی الامر ائمہ کی عصمت کی دلیل میں پیش کیا ہے ان آیات میں کوئی ایک کلمہ ان کی شان میں

مخصوص نہیں یہاں تک انہوں نے اپنے اسلاف کی مدعیٰ کو ثابت کرنے کی کوشش کی ہے جن آیات سے ان کے اسلاف نے امامت کے لئے استدلال کیا اس میں کچھ اضافہ کیا آیت سے دور کا بھی واسطہ نہیں بنتا ہے۔

کہ ایک ظاہر ہے اور ایک باطن ہے ظاہر باطن کا چھلکا ہوتا ہے ظاہر کا باطن سے نسبت مغز کا چھلکے سے ہوتا ہے میں عذاب تکالیف ہے جو ظاہر قرآن پر عمل کرتے ہیں وہ اس دنیا کے عذاب میں مبتلاء ہوتا ہے جو باطن قرآن پر عمل کرتا ہے اسے شریعت سے نجات ملتا ہے انھوں نے قرآن کو کنارے پر لگانے کے لئے جو طریقہ کار منصوبہ بندیاں شروع کیا ہے وہ بہت دقیق باریک منصوبہ بندی کی ہے۔تفسیر باطنیہ قرآن کے بہانے تمام اساس اسلام کو منہدم و مضمحل کر کے توحید کی شرک آخرت کی جگہ نظریہ تناسخ قائم کیا ہے۔

عدم امکان فہم قرآن:

عدولدود دشمن خشوم قرآن نے لوگوں کو قرآن سے دور رکھنے کے لئے قرآن کریم کا عدم امکان فہم قرآن کے لئے دلائل دیئے ہیں

کتاب اعجاز القرآن والبلاغۃ النبویہ تالیف شیخ الجلیل مصطفیٰ صادق رافعی ص ۵۷ نے ایک حدیث کتاب مناھل عرفان ج ا ص ۱۳۰ برہان ج ا ص ۳۰۱ سے نقل کی ہے انزل القرآن علی سبعۃ احرف اللہ نے قرآن کو سات حروف پر نازل کیا ہے ہر حرف کا ایک ظاہر ہے ایک باطن پھر ان حروف کی تاویل میں پھنس گیا حروف کا کوئی معنی نہیں ہوتا تو اس کی تاویل کیا ہوتی ہے پتہ ہے تاویل باطنیہ کے پاس بے ربط جعلی ہوتا ہے اس کو تاویل کہتا ہے انھوں نے اس حرف کے معنی کی تاویل یوں کی ہے۔

سات حروف سے مراد یعنی قرآن سات طریقے سے پڑھا جائے گا یعنی سات لغات عرب پھیلا ہے اور اس سے سات قرائت مراد لی ہے یہ روایات شناسوں کے نزدیک لحافت اور تناقص سے بھرے ہوتے ہیں اس کے علاوہ اس کو تسلیم کرے تو یہ قرآں کو حجت سے گردانے کے لئے بنائی ہے قرآن حجت سے گرنے کے بعد نہ قرآں رہیں گے نہ محمد رہیں گے جب کہ اللہ نے وعدہ دیا ہے اس قرآن کے آگے پیچھے سے اس کو باطل کرنے والے کوئی چیز نہیں۔

یا ایک مشکلہ فہم قرآن کے بارے میں ایک چیز قرآن کریم کا سات حروف پر نازل ہونا ہے اس سلسلہ میں تفسیر البیان فی تفسیر القرآن آیت اللہ خوئی میں گیارہ روایات نقل کی ہیں اس جیسی دیگر مشاکل عوائق فہم قرآن کے بارے میں گڑھی گئی مشکلات سے واضح ہو جاتا ہے مخالفین قرآن کی اصول وقواعد کو لے کر قرآن کا مقابلہ نہیں کیا ہے جب وہ قرآن سے اصولی مقابلہ کرنے سے عاجز آ گئے تو انھوں نے تمام فرق و مذاہب سے کہا ہے درخواست کی ہے التماس کی ہے یا اعلان

کی ہے اپنی طرف سے فہم قرآن کو رد کرنے کے لئے جو کچھ بول سکتا ہے بولے اگر ایک دورد ہو جائے تو باقی ہمارے پاس موجود ہے اگر سب رد ہو گئے دیکھو یہ سب غلط ہے؟

یہ سب بے دین ہیں؟ صرف آپ عالم ہیں؟ صرف آپ دیندار ہیں؟ یہ لوگ اپنے وقت کے بڑے بڑے عبادت گزار تھے قائم الیل صائم النھار تھے کیسے ممکن ہے؟ غلط کہتا ہوا نہی میں سے ایک قرآن کو مشکل بنانے والوں میں سے ایک شعوبی ہے شعوبیوں کی کارکردگی میں سے ایک جعل نحو ہے جس کتاب سے نحویوں کو افتخار ہے ان کے پاس وہ کتاب ام الکتاب ہے جسے سیبویہ نے تالیف کی ہے سیبویہ نے اس کتاب میں اصول نحو کے لئے تین ہزار اشعار سے استناد کی ہے جنھوں نے اصحاب مدارس حوزات مدارس جو کہتا ہے ہم یہاں قرآن فہمی والے علم کو سکھاتے ہیں وہاں قرآن کو چھوڑ کر اشعار جاہلیت قدیم وجدید سے استناد کی ہے۔

جس قرآن نے شعر کو مسترد کیا تھا انھوں نے اس شعر سے نحو بنائی ہے اور نحو بنانے کے بعد قرآن سے کھیلا ہے۔ اور قرآن کی ہر آیت کے لئے عرب عشائر وقبائل سے لہجات لی ہے حوف بدل دی ہے ایک آیت پڑھنے کے لئے بیس طریقے ایجاد کی ہے اور ان کو قرائتوں کو صحیح کرنے کے لئے بیس قرائت کیسے ہونگے اس کو کم کر کے سات بنائی ہے اور سات کو صحیح کرنے کے لئے حدیث سے استناد کی ہے اور اس کے لئے ایک حدیث جعل کی ہے وہ حدیث ہے قرآن سات حروف میں نازل ہوا ہے علماء لغات کا اس بات پر اتفاق ہے حروف کا کوئی معنی نہیں ہے انھوں نے جس کا معنی نہیں ہے اسے قرآں بنایا ہے۔

معنی اصطلاحی اجتہاد

کتاب ادوارِ اجتہاد از دیدگاہ مذاہب اسلامی صفحہ ۸

معنی اصطلاحی اجتہاد علمائے مذاہب اسلامی کے نزدیک متفق علیہ نہیں ہے بعض علمائے اہلسنت کا اعتقاد ہے کہ اجتہاد ایسے وسائل ذرائع کو استعمال میں لائے اور کوشش کرے کہ اس سے حکم شرعی کے بارے میں ظن وگمان حاصل کرے اس کے مقابل میں فقہاء شیعہ نے اجتہاد کیلئے اپنا نکتہ نظر پیش کیا ہے علماء بزرگ سیف الدین عامودی شافعی متوفی ۶۳۱ میں لکھتے ہیں اجتہاد عبارت ہے کوشش تاوان کو ظن وگمان استنباط شرعی میں استعمال کریں انسان احساس کرے یہ اس سے زیادہ استطاعت گنجائش نہیں تھی جتنی گنجائش میں تھے اسے بدل کیا ہے

علامہ ابن حاجب ابوعمرو عثمان بن عمر بن ابی بکر نے مختصر الاصول میں لکھا ہے اجتہاد یعنی حکم شرعی پر ظن وگمان حاصل کرے قاضی عبدالرحمٰن بن احمد عبدالغفار شافعی اضودی متوفی ۷۶۵ مختصر الاصول ابن حاجب پر شرح میں لکھا ہے

کہ اجتہاد سے مراد یہ ہے کہ سعی وکوشش تاوان کو اصول ظن گمان حکم شرعی ہے ابو حامد محمد غزالی شافعی متوفی ۵۰۵ صاحب فواطر المحمود فی شرح مسلم الثبوت میں نقل کیا ہے کہ اجتہاد سے مراد تلاش کوشش سعی حکم شرعی کو پیدا کرنے کیلئے ہے

مجتہد بزرگ علامہ حلی ۷۲۶ کتاب الاصول نہایت الاصول میں لکھا ہے کہ اجتہاد یعنی کارگرفتان سعی وکوشش بر تحصیل ظن وگمان بحکم شرعی۔

مرحوم آخوند خراسانی نے اجتہاد کی تعریف اس طرح سے کی ہے کارگرفتان تاوان درراہ سعی وکوشش بر تحصیل برجحت حکم شرعی۔

منابع اجتہاد صفحہ ۲۴ ادوار اجتہاد میں آغا جناتی فرماتے ہیں ماخذ ومنابع اجتہاد یہ ہیں قرآن یہ سب سے پہلا منبع ہے دوسرا سنت رسول ہے سنت رسول اللہؐ سے مراد قول فعل تقریر ہے یہ اس سلسلہ میں سنت رسول منبع ومصدر وماخذ ہونے میں تمام فقہاء کے درمیان کسی قسم کا اختلاف نہیں ہے سب کا اس پر اتفاق ہے چنانچہ سید مرتضی علم الہدی ابن قیم نے بہت سے علماء کا ذکر کیا ہے۔

تیسرا سنت اہلبیت وسنت صحابہ ہے اہل تشیع سنت آئمہ کو سنت رسول کی جگہ لیتے ہیں واہل تسنن سنت صحابہ کو سنت رسول۔ شیعہ سنت آئمہ کو نسخہ سنت رسول جانتے ہیں۔

چوتھا اجماع ہے کبھی اجماع علماء کبھی اجماع امت کہتے بدترین دقیانوسی ٹھونسا ہوا دلیل ہے جس کا کوئی برائے نام علماء جمع ہو کر کوئی حکم کا اجراء کیا ہو نہیں ملتا ہے پانچواں قیاس ہے شیعہ اس کو عقل کہتے ہیں ان چار کو مصادر فقہ کہتے ہیں اسمیں کمی کو پورا کرنا مجتہد کے اختیار میں دیا جہاں انکے لیے الگ مصادر وضع کیا ہے جنہیں مصادر فقہ کہتے ہیں وہ یہ ہیں مصالح مرسلہ ہے قاعدہ استصلاح ہے صدرائے ہے فتح ذرائع ہے شریعت گذشتگان ہے مذہب صحابی ہے عرف و عادت ہے سیرت عملی اہل مدینہ ہے استدلال ہے برات اصلی ہے مطلق اجماع ہے

۱۴۱۵ ھجری کو ایک کتاب بنام آراء فی مرجعیت الشیعہ نشر ہوئی ہے جس میں بہت سے علماء نے مرجعیت یا اجتہاد تقلید کے بارے میں اپنے نظریات پیش کیے ہیں ان میں سے ایک فرد عالم اسلامی میں بتحقیق شجاعت بیانی کے حامل علامہ محمد مہدی شمس الدین تھے اس کتاب کے ۵۷۳ صفحہ پر المرجعیہ وتقلید عند الشیعۃ اس عنوان کے ذیل میں آپ فرماتے ہیں

۔۔۔۔یہاں عربی دیکھ کر لکھنی ہے۔۔۔۔۔۔۔[مصطلح التقلید و مصطلح المرجیعة هذان المصطلحان وما یرادف هماو یناسب هما غیر موجدین باین نص شریعة و انهما و لیس هما اساس من حیث

کونهما تقدیر ان یدلان علی ....]

آپ فرماتے ہیں مصطلح تقلید مرجعیت، تقلید اور اجتہاد جو جاری ہے یہ چیز ہی کسی بھی نص شرعی میں نہیں ہیں یہ جو کچھ ہے یہ تازہ پیدا شدہ ہے ان کیلئے کوئی اساس وبنیاد نہیں نہ قرآن میں ہے اور نہ اثر میں ہے جو کچھ ان کا مصدر وماخذ ہے وہ ہے جو خبر ضعیف نہیں ہے جس کی کوئی قدر وقیمت نہیں ہے کہ اس سے استنباط کریں وہ ایک خبر بلا مصدر بلا سند ہے امام علی الھادی اور امام حسن عسکری یہ لوگوں کی زبان پر وردچل رہا ہے یعنی ہر وہ جو فقھاء اپنے دین کے محافظ ہو اپنی خواہشات کے مخالف ہو اپنے مولی کے مطیع ہو عوام کو چاہیے ان کی تقلید کریں مادہ تقلید حرف لا ہے اس نص ہے اس پر اس کسی صورت اعتماد نہیں کیا جاسکتا ہے

مدرسہ یسرنا القرآن اہل قرآن والوں کے لئے

یہ عنوان اس لئے انتخاب کیا ہے کوئی مسلمان دنیا میں نہیں ہوگا کہ وہ یہ نہیں جانتا اس کے نزدیک تمام کتب کی بنسبت یہ کتاب ہر حوالے سے جامع وکامل کتاب ہے اس کے مافوق کوئی کتاب نہیں وہ یہ بھی جانتے ہیں یہ کتاب مسلمان کی آئین سعادت دنیا وآخرت کی کتاب ہے اگر انسان پوچھے کیا آپ اس کتاب کے کچھ مواضع کی وضاحت کریں گے تو وہ بلا تامل کہیں گے میں نے قرآن کو بامعنی نہیں پڑھا ہے ایک طرف سے وہ کہتے ہیں مسلمانوں کا آئین سعادت کتاب ہے دوسری طرف سے کہتے ہیں مجھے نہیں آتا ہے یہ اکثر وبیشتر مسلمانوں کا جواب ہے چلیں آگے بڑھتے ہیں قرآن سے وابستہ علماء اعلام سے عرض نیاز کریں قبلہ قرآن سے کچھ ہدایت ونصیحت فرمائیں تو کہتے ہیں میری نصیحت ہے آپ پہلے اپنے نماز روزہ وضو غسل تیمّم کے مسائل پوچھیں اگر نسل جوان کسی دینی مدرسۃ میں داخل ہونا چاہتی ہے کہ وہ قرآن سیکھیں حضور میں یہاں قرآن سیکھنے کے لئے آنا چاہتا ہوں تو وہ کہیں گے یہاں قرآن نہیں سیکھاتے یہاں اونچے درجے کا علم سکھاتے ہیں آپ فلاں محلے گلی میں جائیں وہاں کتبۃ نظر آئیں گے یہاں تعلیم قرآن ہوتی ہے اگر وہ وہاں جائیں اور دریافت کریں کہ یہاں قرآن سکھاتے ہیں تو وہ کہیں گے یہاں صرف قرآن کی تلاوت سکھاتے ہیں نہیں میری مراد قرآن بامعنی سیکھنا ہے تو کہتے ہیں کہ یہاں بامعنی سکھانے والا نہیں ہے یا پوچھا جائے کہ حضور قرآن بامعنی پڑھنا چاہتا ہوں تو وہ کہیں گے ایسا کوئی مدرسہ نہیں ملے گا کیوں اس لئے یہ کتاب ہر عام وخاص کی سمجھ میں نہیں آنے والی کتاب یہاں سے انسان مسلمان حیران وسرگردان ہو کے رہ جاتا ہے خود قرآن میں آیا ہے اللہ نے فرمایا ہے کہ ہم نے اس قرآن کو سمجھنے کے لئے آسان بھیجا ہے سورۃ مبارکہ قمر آیت ۷۔۲۲۔۳۲۔۴۰ اس چھوٹی سورہ میں چار بار تکرار سے آیا ہے کہ ہم نے قرآن کو آسان بھیجا ہے جبکہ یہ حضرات اتفاق سے کہتے ہیں قرآن سمجھنا مشکل ہے اس کا حل کہاں سے ملے گا ہم

قارین فیس بک سے اس بارے میں سوال چاہیں گے اس تناقض کو کیسے رفع کریں ہم تو یہ بھی کہتے ہوئے ڈرتے ہیں یہ تناقض کس نے چھوڑا ہے اللہ نے فرمایا ہے آسان ہے اور یہ کہتے ہیں مشکل ہے ہم یہ سمجھیں گے یہ اللہ کی کتاب پر افتراء ہے۔

قارئین کرام اپنی بساط کی حدود میں تلاش کریں اس سلسلے میں ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا تعاون کرے جو مسلمان قرآن بامعنی سمجھنا چاہتے ہیں سمجھنے والے اس کو سمجھائیں تو یہ تعاون خود قرآن کے مطابق ہوگا ۔تعاونوعلی البروالتقوی

تعریف علم۔

علم صرف اس کو کہتے ہیں یہ علم ہر کلمہ میں موجود اصلی حرف اضافی حرف تبدیلی حرف کی شناخت کرتے ہیں ہر کلمہ عربی کے دو معنی ہوتے ہیں۔

۱۔مادے کا معنی ہوتا ہے

۲۔صیغہ کا معنی ہوتا ہے۔

کلمہ کو آگے کر کے معنی کرنا پیچھے کر کے معنی کر کے جمع بنا تا ہے کلام کی اہمیت اور غیر اہمیت بناتے ہیں۔اس کو علم معانی کہتے ہیں علم معانی انشاء کبر ذکر حذف تقدیم تاخیر تعریف تنکیر قصر فصل وصل ایجاز اطناب مساواہ

اقسام علم۔

علم دو قسم کے ہیں علم سے مال بناتے ہیں تو اس علم کی قیمت مال کے برابر ہوگی علم جس سے دنیا حاصل ہے نہ اخرت اس علم کی کوئی وقعت نہیں۔

علم شریعت وہ تو آپ کی نبوت کا حصہ کوثر سے مراد یعنی نبوت دیا ہے یہ نبوت دیگر انبیاء کی بنسبت کثیر ہے یہ اپنی جگہ معقول نہیں ہے۔

ہمیشہ مصادیق حسب سیاق وسباق سے اخذ کرتے ہیں وہ مواقع مراد لیا جاتا ہے یہاں دینے والا اللہ جس کو دیا ہے وہ محمد ہے محمد کس کثرت کے خواہاں تھے نہ وہ علم کثیر کے خواہاں تھے نہ مال نہ حسن و جمال وکمال نفس کے خواہاں محمد صرف اس دین کے فروغ کے خواہاں تھے۔

یہاں یہ سوال پیش آتا ہے دشمنان محمد کو سب سے زیادہ کونسی کوثر بری لگے گی وہی اللہ محمد کو دیں گے۔

تحمید وتشکر۔

تحمید وتشکر مجھے اپنی فکر اور سوچ جس پر میں انشاءاللہ قابض ارواح میرا روح نکالیں گے مصلحین ہوں کہ میں صراط مستقیم

قرآن ومحمد پر ہوں اپنی تالیفات کے مضامین مطالب کے بارے میں اکثر وبیشتر انتخاب پر بھی مومن ہوں درمیان میں گذرے مطالب سب سے مطمئن ہوں میری ذریعہ نجات یہ کتاب ہوگی اس پر بھی مطمئن ہوں اللہ اصل انتخاب توجہ خالص حق تھے اس پر مطمئن ہوں میری کتاب چلے گی قارئین میری حمایت کریں گے کوئی امید نہیں بہت سی کتاب سب سے بڑی کتاب کو روکنے والے دنیا میں رہیں گے۔

حضرت محمد امی تھے آپ پڑھ لکھ نہیں سکتے تھے:۔

قرآن عظیم کے دوسوروں نحل ۴۲ انبیاء ۷ میں آیا ہر وہ شخص جو نہیں جانتے ہیں وہ جاننے والے سے پوچھے ہمارے نبی کریم ناواقف وناآشنا تھے۔

کیا حضرت محمد لوگوں کے سوالات کے جوابات از خود دیتے تھے یا کہاں سے کیسے دیتے تھے حالانکہ وہ امی تھے پڑھنا لکھنا نہیں جانتے تھے۔

۱۔لوگ محمد سے قیامت کے بارے میں پوچھتے تھے احزاب ۶۳

۲۔لوگ چاند کے بارے میں پوچھتے تھے بقرہ ۱۸۹

۳۔لوگ پوچھتے تھے اگر انفاق کریں تو کیسے کریں بقرہ ۲۱۵

۴۔لوگ پوچھتے تھے کونسی مہینے میں جنگ حرام ہے بقرہ ۲۱۷

۵۔لوگ خمر اور جوئے کے بارے میں پوچھتے تھے بقرہ ۲۱۹

۶۔لوگ ایتام کے بارے میں پوچھتے تھے بقرہ ۲۲۰

۷۔لوگ عورتوں کو جو ماہواری آتی ہے اس کے بارے میں پوچھتے تھے بقرہ ۲۲۲

۸۔لوگ حلال حرام کے بارے میں پوچھتے تھے کیا چیز حلال ہے کیا حرام ہے مائدہ ۴

۹۔لوگ قیامت کے بارے میں پوچھتے تھے قیامت کب بپا ہوگی اعراف ۱۸۷

۱۰۔لوگ آپ سے انفال کے بارے میں پوچھتے تھے انفال ۱

۱۱۔لوگ روح کے بارے میں پوچھتے ہیں اسراء ۸۵

۱۲۔لوگ ذوالقرنین کے بارے میں پوچھتے ہیں کہف ۸۳

۱۳۔لوگ پہاڑوں کے بارے میں پوچھتے ہیں طٰہٰ ۱۰۵

۱۴۔لوگ ان سے عورتوں کے بارے میں پوچھتے تھے نساء ۱۲۷

۱۵۔لوگ آپ سے کلالہ کے بارے میں پوچھتے تھے نساء ۱۷۶

۱۶۔کلالہ کے بارے میں پوچھتے نساء۱۲

۱۷۔۳۳۱ بار قرآن میں کلمۃ قل آیا ہے

۱۸۔حاقہ۴۴ پر آیا ہے اگر کوئی اپنی طرف سے ہم پر نسبت دے تو ہم پکڑیں گے۔

۱۹۔میں اپنی طرف سے نہیں بدل سکتا ہوں یونس ۱۵۔

اگر ہم میں سے کوئی یہ کہنے کی جرات کرے لوگ نبی کریم سے سوالات کرتے تھے نبی کریم کو جواب نہیں آتے تھے اس کو چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی لوگ یہ کہیں گے اللہ نے ان پڑھ نبی کو نبوت کے لیے انتخاب کیا بات پس منظر میں لے جاتے ہیں بعثت کے ابتدائی دنوں میں مشرکین نے یہودیوں سے کہا ہمیں کچھ سوالات دیں جو محمدؐ جواب نہ دے سکیں مشرکین میں سے نبی کریم کو شرمندہ کرنے کے لئے یہودیوں سے چند مشکل سوالات لائے تھے انہوں نے آپ سے یہ سوالات کئے تو آپ نے فرمایا آپ کل یا دو دن کے بعد آئیں وہ لوگ واپس چلے گئے ادھر سے اللہ نے وحی نازل کرنا بند کیا کچھ عرصہ گذر گئے وحی نہیں آیا آپ سوچیں نبی کریم پر کیا گذرا ہوگا لوگوں نے افواہیں اُڑائیں محمدؐ کے رب نے محمدؐ کو معطل کیا محمدؐ سے ناراض ہوگیا یہ تو ممکن نہیں تھے اللہ محمدؐ سے ناراض ہوجائیں گے کہ آپ کو چھٹی کریں معطل کریں کیونکہ آپ کو نبوت آپ کی درخواست پر نہیں دیا تھا آیہ قرآن میں ہے آپ کے خطور میں بھی نہیں تھے آیت لہذا یہ کہنا غلط نہیں ہوگا کہ محمدؐ قرآن نازل ہونے سے پہلے پڑھنا لکھنا نہیں جانتے تھے یہ بات تو قرآن کی چند آیات میں آئی ہے محمدؐ قرآن کا پہلا شاگرد تھے یہاں سے یہ بات واضح ہوگئی محمد اور امت دونوں قرآن کے شاگرد ہیں محمد نے پہلے جبرائیل سے سیکھا پھر آپ نے امت کو سکھایا جیسا کہ جمعہ کی دوسری آیت میں آیا ہے یہاں سے یہ بات واضح ہوگئی محمدؐ اور محمدؐ کی کل عزت و شرف مجد و عظمت قرآن میں ہے اب سب ہم جو شغف قرآن ہے قرآن عظیم ہے اس وقت ہم سب محمد کے پیچھے ہیں لہذا یہ جملہ کھلا باطل بے معنی جملہ تھا کہ ہم نے اسلام کو اہلبیت سے لیا ہے یا ہم نے اصحاب سے لیا ہے اہلبیت بھی دنیا سے گئے اصحاب بھی گئے دونوں گئے بعد میں آنے والوں کو چھوڑ کر ان اہلبیت و اصحاب سے دین لینے کی کیا منطق کیونکہ محمدؐ نے قرآن جبرائیل امین وحی سے سیکھتے تھے جہاں جبرائیل نے محمدؐ سے کہا اقرا محمدؐ کے پڑھے لکھے نہیں تھے قرآن نازل ہونے سے پہلے آپ امی تھے لہذا اللہ نے محمدؐ سے کہا اقراء محمدؐ نے فرمایا ما انا بقاری۔

تعریف القرآن با القرآن

قرآن کا نزول سورۃ علق کی پہلی پانچ آیات سے شروع ہوا یہ پانچ آیات ایک مبارک رات میں نازل ہوئیں جیسا کہ

سورہ دخان اور سورہ قدر میں آیا ہے فی لیلۃ مبارکہ یہ رات رمضان المبارک کی راتوں میں سے ایک رات تھی عالم اسلام میں ایک عرصہ تک خالص اسلام کے ترجمان ناپید و مفقود رہے خواہ عالمی سطح پر کہیں بھی خالص اسلامی تعارف کبھی نہیں ہوا ہو کتنا ہی دردمند کیوں نہ ہو وہ اندر سے معاشرے پر مسلط فرقہ سے خائف ہی رہتے تھے لہذا وہ ایک فرقہ کے ترجمان رہے اس صدی میں سب سے زیادہ عالم اسلام میں شہرت و مقام والے جن سے زیادہ امیدیں وابستہ کی گئیں تھیں سید قطب اور امام خمینی تھے۔ سید قطب پہلے ہی مخالفین اسلام کے ہاتھوں گرفتار ہوئے امام خمینی آپ شیعہ مسلک کے ترجمان تھے اسمیں بھی شدت آ گئی تھی سید قطب اہلسنت کے ترجمان تھے خمینی کے پیش کردہ نظام ولایت کا مصدر و ماخذ روایات شیعہ تھیں جہاں انکے سائے میں ایک نظام ولایت کا بھی اعلان ہوتا رہا ہے اسلام کا مصدر قرآن ہے اور حق حاکمیت خالص اللہ کی ہے وہ چاہے انفرادی طریقہ سے ہو یا اجتماعی نام سے ہو وراثتی ہو یا انتخاب اول سے آخر تک۔۔۔۔ اسلام نافذ ہونا ہے اس راہ میں میں جبر و تشدد ضیاع جان و مال دھوکہ فریب سے پاک ہو نظام اسلام نظام قرآن ہے نظام فقہ نظام ولایت نظام سب پیوندکاری ہے۔

سورہ اور آیات میں ربط۔

قرآن کریم کی سور اور آیات میں ربط ہے جب ہم کہتے ہیں کہ آیات اور سورہ آپس میں مربوط ہیں بے ربط نہیں ہیں تو یہاں سے ہر سورۃ کے بارے میں سوال پیش آتا ہے بطور مثال سورہ بقرہ کا سورہ الحمد سے کیا ربط ہے سورہ الحمد اور بقرہ انسان کو اپنی تخلیق اپنی وابستگی اپنی بقاء اللہ سے جوڑتا ہے اسی کی طرف سے آیا ہے اسی کی طرف سے زندگی اور اسی کی طرف برگشت کرنا ہے اور ہمیشہ اسی کی بندگی میں رہنا ہے اور اسی کے سائے میں ہی رہنا ہے اللہ کی اطاعت و بندگی میں رہنے کے لیے نظام و آئین چاہیے منھج الحیات چاہیے نیز اس منھج الہی پر چلنے والوں ذواتوں کا نمونہ چاہیے نیز اللہ کی راہ سے بھٹکنے والوں کا انجام کیا ہے معلوم ہونا چاہیے سورہ حمد کے سات آیات اسی محور کے گردش کرتے ہیں سوال سورہ بقرہ حمد کے مضامین سے کس قسم کا رشتہ ہے توجہ دیں تو پتہ چلے گا اس سورہ میں سب سے پہلے جسکی طرف توجہ دی ہے آئین ہے جیسا کہ ذالک الکتاب آئین حیات قرآن ہے ہادی قرآن ہے ہدایت کون پاتے ہیں وہ پاتے ہیں جو برے انجام سے ڈرتا ہو ھدی اللمتقین جو برے انجام سے پرہیز کرتے ہیں یہ مختصر آیت آئین اور مالک یوم الدین سے آگاہ کیا گیا ہے یعنی اس دن صرف اللہ ہے ایاک نعبد صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں سوال یہ ہے کہ اسکی عبادت کیا ہوتی ہے بتایا یقیمون الصلوٰۃ یعنی اقامہ صلاۃ ینفقون بما رزقنکم انفاق کرنا انفاق یعنی مال کو ضائع کرنا مال کو بیوقوف ضائع کرتے ہیں اور عاقل نہیں کرتے تو نتیجہ یہ نکلے گا مالک یوم الدین رکھنے والے ہی مال کو ضائع کرتے ہیں یعنی اللہ کی راہ

میں دیتے ہیں تو گویا کچھ نکات حمد میں بیان ہوئے ہیں اور بقرہ میں انکی وضاحت اور دلیل ملتی ہے۔
۲۔اھد نا الصراط المستقیم صراط المستقیم کی ہدایت کرے اور اس راہ پر چلنے والوں دکھادے جب صراط مستقیم ہوگی تو دو تصور آتے ہیں اللہ کے کہنے ہر اس صراط پر چلنے والے دوسرا گروہ بھی دو ہیں ایک وہ جو برا ہے اور اس راہ سے منحرف ہوا اور قہر وغضب الٰہی کا نشانہ بنے ہے ایک گروہ ان سے بھی آگے ہے بہت گمراہ ہوا ہے سورۃ بقرہ میں تین گروہ کا ذکر ہے سواء علیھم ءانذرتھم اکفر مطلق ۲ منافق ۳ مومن

سورہ اور آیات کا ربط اعجاز قرآن۔

اعجاز قرآن نظم قرآن میں ہے قرآن کریم کی سورہ اور آیات ایک دوسرے کے ساتھ مناسبت تامہ رکھتے ہیں ایسا نہیں جس طرح گلہ گوسفند کا چرواہا ہو ایک اجتماع میں بڑے چھوٹے سیاہ وسفید عالم وجاہل صالح وفاسد کا غیر مربوط اجتماع ہو لیکن دانشگاہوں بین الاقوانی اجلاسوں حکومتی اجلاسوں میں پورا ربط کا خیال رکھا جاتا ہے۔لیکن قرآن کریم دین مبین اسلامی کی توحید سے لیکر ایمان بہ معاد حشر ونشر تک منافقین وملحدین نے ان میں تہہ وبالا شمال وجنوب ولومہ وموخر کرنے کی سرتوڑ کوشش کی وہ اپنی جگہ نا قابل انکار ہے یعنی نظم قرآن میں اختلاف اپنی جگہ علماء میں موجود ہے علماء سے مراد علماء اسلام نہیں بلکہ علماء فرق ہے اسلام قرآن سے گرائش رکھنے والے بھی رہے آپکو اشکال واعتراض سے بچانے کیلیے طرف بقابل کی آراء کا بھی اظہار کرتے آئے ہیں اس اختلاف سے تمام اختلاف کو دو۔۔۔میں سمویا ہے ایک آیت خود آیات من اللہ ہیں یہ ترتیب بھی من اللہ ہے اسکے مقابل بعض نے آیات قرآن کو حجیت سے گرانے کے لیے کیا نہیں کیا ہے کہ یہ ترتیب اصحاب نے کی ہے لیکن قرآن جو ہمارے پاس موجود ہے ہر سورہ ہر آیت کی ایک دوسرے کے ساتھ مناسبت اور مربوط ربط کو دیکھا جائے تو کمال ربط وہم آہنگی نظر آئے گی مثلاً پہلے مرحلے میں سورہ بقرہ اور سورہ حمد کا آپس میں ربط دیکھتے ہیں عالم ایمان میں ایمان با اللہ کا آغاز ان نکات میں خلاصہ ہوتا ہے انسان سمیت تمام مخلوقات ایک خلق کی مخلوق ہے اسکا منکر کوئی نہیں ہے لیکن ذی حیات مخلوقات یعنی جو صاحب حیات ہے اس سے کچھ نکلتا ہے محتاج ارزاق والی مخلوقات انکو رزق دینے والا ایک رازق ہے عالمین کو رزق دینے والا یعنی نباتات حیوانت وانسان سورۃ م حمد کا آغاز اس سے ہوا ہے اعتراف بہ ربوبیت رب عالمین پہلا نقطہ ہے

۲۔کائنات کا مبداء ایمان رب سے شروع ہوتا ہے اسکی ایک انتہا ہے اسکی طرف مالک یوم االدین آیا ہے ایک دین ایسا آئے گا جب اللہ کی حکومت سب دیکھیں گے

۳۔جب انسان کے لیے ایک مبداء ہے خالق وربی ہے اور دوسرے عالم میں منتقل ہونا ہے تو اسکا متقاضی لازمی ہے اسکی

عبادت کی جائے اس کیلیے اعتراف عبودیت کا حق آیا ہے یعنی میں اسکا بندہ ہوں یعنی یہ ایاک نعبد ہے اسکے بعد عبد کا اندر یہ تصور نہ آجائے کہ میں کچھ اپنا استقلال بھی رکھتا ہوں اسکا بھی انکار کرے یعنی تم اپنا کوئی استقلال نہیں رکھتے ہو کمال استقلال ایک عبد ہے جب انسان ایک مبداء کی طرف سے ہے اور اسکا ایک انجام ہے اسکے درمیان انسان کو اسکی بندگی کرنا ہے تو ہدایت کہاں سے لے اس کے لیے ہدایت چاہئے اسکے لیے اھد نا الصراط المستقیم یعنی میں تو بندگی کرتا ہوں لیکن کیسے بندگی کروں تو ہی راہنمائی فرما انسان کے لیے ہدایت کافی نہیں ہے نمونہ بھی چاہیے مثال چاہیے اس لیے کہا صراط الذین انعمت علیھم یعنی مجھے ہدایت یعنی مجھے ہدایت کے ساتھ ان ذوات کو دکھا جو اس راستے پر چلے ہیں اب انسان اس راستے کے بارے میں ہدایت آنے کے بعد اسپر چلنے اور نہ چلنے پر اختلاف میں پڑ گئے کچھ لوگ اس راستے پر چلے جو اللہ کی نعمتوں کے سزاوار ہیں پوری بشریت کے لیے وہ راہنما بن گئے اس لیے انکی بھی راہنمائی کریں اور جو اس راستے سے بھٹک گئے اور تیرے غضب کا نشانہ بنے انکی بھی راہنمائی کریں۔

اللہ نے ایمان لانے کے بعد اللہ کے راستے سے منحرف ہونے والوں سے دوری اختیار کرنا بھی ایمان کا حصہ ہے اسکے فورا بعد سورہ بقرہ میں آتا ہے ابتداء میں بھی ہدایت کا ذکر ہے مالک یوم الدین وبالآخرۃ ھم یوقنون کی تفسیر ہے ایاک نعبد کی تفسیر الذین یقیمون الصلاۃ ویوتون الذکواۃ صراط الذین انعمت علیھم کی تفسیر یومنون بما انزل الیک ہے اس کے بعد ضالین وتمرین کی تفسیر بقرہ میں ہے

تفسیر رمزی واشاری

اہل باطن نے تاؤیل کے نام سے ایک اور سلسلہ تفسیر اختراع کیا ہے جس میں دلالت ظاہری سے ہٹ کر باطنی معنی لینے کیلئے رمز واشارہ اس کو تفاسیر رمز واشاری کہا ہے فہم الفاظ سے ہٹ کر ذوق عرفانی پر گئے ہیں انھوں نے قرآن میں ہر جگہ بسم اللہ کے الگ معنی کیے ہیں۔

۲۔تفسیر قرآن ہے تفسیر قرآن لکھنے والوں نے اس کلمے کی وضاحت میں لکھا ہے کلمہ تفسیر مغلوب سفرہ یا دونوں مترادف کلمہ ہے دونوں کا معنی کشف حجاب کشف قناع ہے تفاسیر پڑھنے کے بعد نتیجہ یہاں پہنچا ہے کہ کشف قناع ممکن نہیں ہے، معانی حقیقی قرآن ممکن نہیں اس سلسلے میں چند مثالیں پیش کرتے ہیں اس سلسلے میں چند مثالیں ملاحظہ فرمائیں

۱۔صاحب مفاتیح الغیب محمد بن عمر رازی ملقب فخر رازی متوفی ۶۰۶ھ یہ اشعری مسلک کے تھے علوم یونان فلسفہ کلام کے متبحر تھے آپ نے تفسیر کبیر کے نام سے اپنی تفسیر کو قیل وقال سے پُر کیا ہے یہاں تک صاحب الاتقان فی العلوم قرآن نے لکھا ہے فیه کل شیء الا التفسیر اس میں ہر چیز موجود ہے صرف تفسیر نہیں ہے ہم اس میں یہ قضاوت

نہیں کر رہے ہیں کہ یہ تفسیر ہے یا نہیں لیکن رائے عامہ ہے کہ یہ ۳۲ جلد تفسیر نہیں ہے۔

۲۔علامہ محمد حسین طباطبائی متوفی ۱۴۰۲ھ نے المیز ان فی التفسیر قرآن بقرآن کے نام سے ۲۰ جلد لکھی ہیں تفسیر لکھتے وقت بیچارے معاشرے میں مطعون بدنام تھے قاضی قضاۃ انقلاب اسلامی ایران مرحوم بہشتی نے کہا میں ایک دن ان کے گھر گیا اور گھر سے وہ درس کے لئے نکلے تو میں ان کے ساتھ مسجد تک گیا درس چھوڑ کے آنا بھی میرے لئے مسئلہ تھا ان کی اہانت ہوتی تھی حلقے میں شامل ہونا بھی مسئلہ تھا حلقے سے دور کسی ستون کے ساتھ بیٹھ کے سنتا رہا ان کی تفسیر کے بارے میں بھی یہی مقولہ رائج ہوا ہے کہ یہ کتاب فلسفی ہے تفسیر نہیں یہ شیعوں کا کہنا ہے ڈاکٹر فھد نے اتجاھات فی التفسیر کے نام سے چار جلد لائے ہیں۔

تفاسیر سنی شیعہ پر تبصرہ آیا ہے تو المیز ان کا ذکر کرتے ہوئے اس نے لکھا ہے فیہ کل شی ءاچھی کتاب ہے الاّ ان مفسرہ شیعی یعنی مفسر مؤلف شیعہ ہے شیعہ اس جملے ڈاکٹر فھد کی ،، یہ تفسیر شیعی ہے،، اسلئے اچھی نہیں ہے لیکن اس کی مراد یہ نہیں ہے ان کی مراد یہ ہے کہ شیعہ میں ہوتے ہوئے تفسیر نہیں لکھ سکتے یا یوں کہیں کہ کسی فرقے میں ہوتے ہوئے تفسیر نہیں لکھ سکتے ہیں۔فرقے تفسیر لکھتے وقت تین اصول سامنے رکھتے ہیں تحقیق ،تقلید ،تفریق ایک جہت سے تحقیق کرتے ہیں بہت سی میں من وعن گزشتگان کی تقلید کرنے موخر میں فرقہ کے امتیاز شناخت کو باقی رکھتے ہیں۔

فرقہ خود گلے میں پھنسنے والی ھڈی ہے اس سلسلے میں کہنا ہے کہ تفسیر بالرائے کی مذمت میں لکھتے ہیں فرقے والے تفسیر قرآن لکھتے وقت اپنے فرقے کے حق میں لکھتے ہیں' بلکہ تفسیر قرآن کیلئے نہیں بلکہ اپنے فرقے کو یہ ثابت کرتے ہیں کہ میں اس فرقہ سے ہوں۔علامہ طباطبائی بھی اسی طرح کے تھے وہ فرقے میں رہ کے تفسیر لکھتے تھے اس کے چند ثبوت ہیں

۱۔شیعوں نے جن آیات متشابھات سے حضرت علی کی امامت کے لئے استدلال کیا تھا صاحب مفسر قرآن بقرآن نے بھی آیات کو چھوڑ کر انھیں روایات موضوعہ کی چھاؤں میں چھتری کے نیچے آرام فرما کر آیات غیر مربوط کو نص سے ربط دیا ہے یہ دلیل ہے شیعہ ہونے کی۔

۲۔ہر آیت کے بعد اس آیت سے متعلق روایات کو بحث روائی کے عنوان سے جمع کیا ہے کسی بھی روایات کے بارے میں اظہار خیال تک نہیں کیا ہے تفسیر امام حسن العسکری تفسیر قمی تفسیر صافی تفسیر برھان سب کو چھوٹ ملی ہے

۳۔اثبات متعہ کے بارے میں کلمہ مستمتعتم سے استدلال کیا ہے کلمہ متاع لذت اٹھانے کو کہتا ہے یہ وقتی ہوتا ہے حالانکہ متاع گھر کے سامان کو کہتا ہے متاع مرغن کو نہیں کہتا ہے حلویات کو نہیں کہتا ہے گھر میں موجود ہمیشہ استعمال ہونے

والے سامان کو کہتے ہیں متاع بیت ہمیشہ کے لئے زندگی بھر کے لئے ہوتا ہے تو اس کی اتنی لذت نہیں ہے جتنا چند دن کے لئے لانے والی عورت کی لذت ہے آپ نے تفسیر قرآن بقرآن پیش کر کے اندر سے عقل اور قرآن سے متصادم روایات کو اٹھایا ہے۔

۴۔ ہمارے استاد ڈاکٹر صادقی تہرانی نے الفرقان فی تفسیر القرآن لکھی ہے تفسیر قرآن بقرآن شروع کرنے سے وفات تک مطعون رہے' انقلاب اسلامی ایران قیام حکومت اسلامی کے بعد جب قم تشریف لائے یہاں بھی درس تفسیر کو جاری رکھا لیکن تیس چالیس سال قرآن لگاؤ شغف والی کو فرقوں کی طرف سے ہر قسم کے طعونات کے باوجود ان سے دفاع نہیں چھوڑا فرقوں کو قرآن سنجیدگی سے اٹھانا کیسے برداشت ہے یہ کتاب جہاں مشرکین کے لیے شرک سوز تھی وہاں توسل کے نام سے جاری وسیع عریض امتدادی عانی شرک کی جال بچھائی۔ قم میں دوران درس مسجد سے نکالنے کے لئے ہمارے ملک کے وحدت مسلمین کے سربراہ لاٹھی بردار لشکر لے کر وہاں پہنچے ان کو وہاں سے نکالنے گئے ہمیں بھی ان کی تفسیر کے دروس میں جانے کے جرم میں ہمارے علماء نے خانے میں محصور کیا ہے آیت اللہ ۲۰ جلد تفسیر لکھنے کے بعد بھی فرقے سے نہیں نکل سکے روایت خذ ما وفق القرآن، وضرب الجدار ما خالف القرآن کے صارخ نے خمس متعہ کی تقلید کو حدیث کساء امام مہدی جیسے بے بنیاد عقائد کو ثابت کرنا چھوڑا نہیں۔

۵۔ امام خمینی نے انقلاب اسلامی کے کامیاب ہونے کے بعد تہران منتقل ہونے سے پہلے درس تفسیر قرآن دیا جو بعد میں چھپ گئی اردو میں بھی ترجمہ ہوا اس میں آپ نے فرمایا حقیقی تفسیر قرآن ممکن نہیں اور اب تک کسی نے لکھا بھی نہیں ہے اور جو کچھ لکھا ہے سرسری شرح لفظ ہے۔ انقلاب کا یہ عقیدہ تھا انقلابیوں نے تفسیر قرآن کو چھوا نہیں ہے۔

اب ہم آتے ہیں آیا قرآن دنیا کے دیگر کلام سے بالکل مختلف ہے یا اسی کلام کی نوع سے ہے۔

یہاں سے سوال آتا ہے قرآن خود تن تنہا سمجھ میں نہ آنے والی کتاب ہو تفسیر بھی ممکن ہو گویا یہ کتاب اپنے ناقابل سمجھ ہونے میں انجیل تورات جیسی ہے بقول باطنیہ لاطینی جیسا ہے جو خاص خاص بلکہ خواص الخاص سمجھتے ہیں یہاں سے نتیجہ اخذ کرنا آسان ہو گا ہمارے پاس جو تفاسیر ہیں وہ باطنیوں کی تفسیر ہے۔

کلام کی تعریف میں لکھتا ہے **الکلام ما افاد المستمع فائدۃ تامۃ**

کلام وہ ہے جو مستمع کو فائدہ تامہ دیتا ہے کلام کی غرض وغایت مستمع کو قانع کرنا منوانا ہے کلام متکلم کے حوالے سے سامع کے حوالے سے اصل کلام کے حوالے سے متنوع ہوتی ہے متکلم ہے تو کلام عوامی ہو گا۔

۲۔ متکلم عالم ودانا ہے خطاب عام انسانوں کی افہام تفہیم کے لئے ہوتا ہے وہاں کوئی مفسر نہیں ہوتا ہے۔

کلام ایک دفعہ ہنر اور فن سے متعلق ہوتا ہے لیباٹری کا ڈاکٹر لیباٹری کے شاگردوں سے خطاب کرتا ہے عام آدمی نہیں سمجھ سکتا
شاگرد اچھی طرح سمجھ سکتا ہے ڈاکٹر شاگرد سے خطاب کرتا ہے جہاں نہیں سمجھے سوال کرتا ہے سیاسی درس گاہ میں درس دیتا ہے طلبہ سمجھتے ہیں ایک دفعہ شاگردوں سے خطاب کرتے ہیں کبھی ایک دفعہ میدان میں آ کے روڈ پر عوام سے خطاب کرتے ہیں ڈاکٹر ایک دفعہ شاگردوں سے خطاب کرتے ہیں ایک دفعہ مریض سے خطاب کرتے ہیں مریض سے خطاب کرے تو مریض کی سمجھ میں آتا ہے ملک کے فوجی سربراہ ایک دفعہ سپاہیوں سے خطاب کرتے ہیں ایک دفعہ عوام سے خطاب کرتے ہیں سب کی سمجھ میں آتا ہے ایک دفعہ جرنیلوں سے خطاب کرتے ہیں جہاں دوسروں کو سمجھانا مقصود نہیں ہوتا ہے خطاب الفاظ و معانی پر تسلط و قدرت کا نام ہے الفاظ کی ذخائر کا نام ہے۔
قدرت سازی کا نام ہے تو بتاؤ کائنات میں انسانوں کو قوت کلام دینے والی ہستی قوت گویائی دینے والی ہستی قوت بیانی دینے والی افہام و تفہیم کی قوت دینے والی ہستی جب خود خطاب کرتی ہے تو اس کا خطاب گونگ ہوجاتا ہے یہ کونسی منطق ہے یہ کونسی زبان ہے مشرکین مکہ جہاں تیرہ سال آپ نے خطاب کئے ایک طرف جاھل انپڑھ لجوج لدود مشرکین تھے ایک طرف آپ تھے وہاں نہ علی درمیان میں تھے نہ ابن مسعود نہ ابوبکر و عمر بیچ میں تفسیر کرتے تھے تیرہ سال بغیر ترجمان و مفسر ٹھیک ٹھیک طرح مشرکین کی سمجھ میں آیا مدینے میں تشریف لانے کے بعد اصحاب کی سمجھ میں نہیں آئی گویا یہ کہیں نعوذ باللہ قرآن سمجھی میں مشکلات صرف ایمان تھا ایمان لانے کے بعد فہم قرآن غائب ہوجاتا ہے واضح الفاظ میں بتاؤں مسلمانوں کو قرآن سے اجنبی دور کس نے کیا تو یہ کہہ سکتا ہوں علم نحو، علم فقہ، علم اصول فقہ، فلسفہ نے قرآن سے اجنبی کیا ہے۔
۲۔ حدیث انس بن مالک نے کہا ہے عمر کو بقرہ یاد کرنے کے لئے چندیں سال لگانا پڑا عمر کو حفظ سورہ بقرہ کے لئے چندین سال لگ گئے ہیں تو یقیناً پیغمبر دنیا سے گزرتے وقت ایک تہائی بھی یاد نہیں ہوا ہوگا دوسری جگہ ص ۱۹ پر لکھتے ہیں عمر کو اب کا معنی نہیں آیا جب قرآن عربی خالص ہے عمر عرب خالص تھے عمر کی تاریخ میں آیا ہے وہ جذباتی تھے لیکن اتنے کند ذھن نافہم ناسمجھ تو نہیں تھے بلکہ تاریخ عمر میں آیا ہے وہ قریش کا سفیر بھی تھے بلکہ ایک سفیر کی اداء کلمات میں دوسروں سے زیادہ کتنی صلاحیت ہونا چاہیے یہ تو کہیں نہیں آیا ہے کس نے اس وقت کی بڑی طاقت روم و فارس کو فتح کیا ہو بارہ سال امن و سکون کی حکومت چلایا ہو اس کو اب کا معنی نہیں آتا ہو اور اس کو سورہ بقرہ سمجھنے کے لئے چندین سال لگایا ہو اسکی تفسیر کہاں سے ملے گی۔

۳۔ لکھتے ہیں تفسیر قرآن میں اصحاب میں سے صرف چار مفسر قرآن نکلے ہیں:

۱۔ علی ابن ابی طالب

۲۔ عبداللہ ابن مسعود

۳۔ عبداللہ ابن عباس

۴۔ ابیہ بن کعب ہیں

جہاں پیغمبر خود تفسیر فرماتے تھے اصحاب خود شغف قرآن رکھتے تھے آیات ایک دوسرے سے پوچھتے تھے کم سے کم مدینے کی آبادی ۴۰، ۵۰ ہزار تھی ۴۰، ۵۰ ہزار میں سے صرف چار افراد نکلے تو قرآن پر علیہ السلام ہوگا اور پیغمبر نے جو کلاس تفسیر رکھی تھی اس میں سے صرف چار آدمی نکلے

۳۔ ان چاروں کے علاوہ دیگر اصحاب برجستہ ذہین وفتین اصحاب تھے وہ کہاں گئے ان کو قرآن سے کوئی تعلق نہیں تھا یا یہ لوگ اس درس میں شامل نہیں ہوتے تھے وہ لوگ کہاں گئے تھے۔

۴۔ ان چاروں میں جو اس وقت کے اعلیٰ پائے کے مفسر تھے جو تفسیر انھوں نے کی ہے وہ کہاں ہے کوئی کتاب ہے اگر منتشر ہیں ان کو جمع کر کے کوئی سو روایات تفسیر قرآن کے متعلق سو آیات مستند پیش کریں شکوک وشبہات سے پاک تفسیر عبداللہ بن مسعود کو مفسر قرآن کہا ہے اس کا حشر فرقوں نے کیا کیا ہے اس کو بھی ذرا دیکھو کہاں ہے تفسیر قرآن از سنت کے بارے میں آیت اللہ خوئی نے لکھا جو پیغمبر درس تفسیر دیتے تھے اور قرآن کی تفسیر سنت رسول سے ہوگی کہتے ہیں پیغمبر سے نقل شدہ تفسیر قرآن بہت قلیل ہے نہ ہونے کے برابر ہے کہتے ہیں سیوطی نے پیغمبر سے مروی تفسیر قرآن کی چند صفحات لکھے ہیں

۵۔ مفسرین کا اس بات پر اتفاق ہے سب سے زیادہ جعلیات وضعیات خود ساختگی تفسیر قرآن میں ہے۔

۶۔ سب سے زیادہ منہ بولتا ثبوت ہمارے دسترس میں موجود کتب تفسیر ہیں جس میں تفسیر صافی، نور ثقلین، تفسیر برھان درمنثور کو دیکھنے کے بعد یقین کامل ہوتا ہے کہ انھوں نے قرآن کو احادیث رسول سے نہیں باندھا ہے بلکہ احادیث موضوعات سے باندھا ہے قرآن کریم کی آیات کو ظنیّ الدلالہ گردانتے کے لئے اس کے کلمات کو تفسیر باطنی مروجہ تفسیر باطنیوں کا تفسیر ہے جہاں انھوں نے سنت اقوال سلف سے آیات کا معنی مفہوم مراد بیان کیا ہے۔

یہ جو احادیث فہم علماء سلف سے آیات کی توضیح تشریح کرنا کس سند سے مستند ہے یہ طریقہ کس کا ایجاد کردہ ہے کس نے ایجاد کرنے کی ہدایت دی ہے؟ یہ طریقہ نہ متکلم قرآن کے ساتھ بنتا ہے نہ عربی زبان سے بنتا ہے یہ طریقہ متکلم کی شان

کے خلاف ہے عربی زبان کے بھی خلاف ہے آئیے پہلے تفسیر کا معنی کرتے ہیں کتاب عمدۃ الحفاظ جلد۳ ص ۲۷۳ پر آیا ہے۔

تفسیر القرآن:

بیان الفاظه و بیان معانیه و احکامه ، وتائویله حمله علی المعانی اللائقه ، یہ الفاظ اس کے شان کے مطابق مناسب الفاظ بیان الفاظ بیان معانی واحکام ہے اورتاویل کا معنی اس کو ایک ایسے معنی پر حمل کرے جس کا ظاہر سے لائق ہو کبھی یہ معنی جاھل یا فوری شعور نہ رکھنے والا کرتے ہیں و **قال الراغب : والتفسیر قد یقال فیما یختص بمفردات الالفاظ و غریبها فیما یختص بالتئویل ، تفسیر کا لفظ** کبھی تو مفرد اور غریب الفاظ کی تشریح اور وضاحت پر بولا جاتا ہے اور کبھی خاص کرتاویل کے معنی میں استعمال ہوتا ہے اس لئے تفسیر رائی یا تاویل دونوں کہتے ہیں صاحب عمدہ کہتے ہیں **التئویل تفعیل من الَ یؤولُ، ای رجع۔ فمعنی تئویل : الرجوع بالفظ عن ظاهره الی معنی یستقیمُ به ذالک لفظ ۔**

تفسیر کا معنی مدلولات الفاظ ہے اور اسباب نزول وقائع احادیث ہے ام تاویل لفظ کو ایک ہی معنی کی طرف برگشت کرے جو اس سے مناسبت رکھتا ہو تفاسیر مروجہ قرآن کریم تفسیر باطنیہ ہیں اس کے لئے ہمارے پاس چند شواھد نا قابل انکار ہیں۔

۱۔ مفسرین نے مصادر و ماخذ تفسیر پیش کرتے وقت سب سے پہلا مصدر خود قرآن کو قرار دیا ہے بہترین تفسیر قرآن کا قرآن سے کرنا ہے قرآن کی قرآن سے تفسیر کرنے کی منطق اھل البیت کے نام سے دشمنان اھل البیت کو آگے لانے کی منطق جیسا ہے یہ قرآن سے جذبات میں کھیلنے کے لئے اہل قرآن کو دھوکے میں رکھنے کے لئے کہا ہے ایسی تفسیر لکھنے والوں نے اپنی تفسیر روایت ہی کو تفسیر واحد گردانا ہے جیسے اصفراء قرآن المیز ان اور الفرقان ہے

۲۔ قرآن کی تفسیر روایت سے منسوب پیغمبر سے منسوب روایت یہ کہہ کر اصحاب سے منقول دوسرے نے عترت سے کر دیا ہے تیسرے نے سلف سے کروایا۔

۳۔ قرآن کی دوسری تفسیر عقل سے کرائی عقل سے مراد عقل فلسفی کو آگے لایا ہے ایک نے تفسیر رائے کہہ کر مسترد کیا ہے تفسیر عقلی قرار دیا اور دوسرے نے ان کے ضد میں عقل کو مسترد کیا۔

فہم قرآن بغیر تفسیر سلف ممکن نہیں:

تفسیر قرآن کے لئے تفسیر سلف پڑھنا چاہئے کیوں کہ وہ عصر نزول قرآن سے نزدیک ہونے معانی آیات سے زیادہ

واقف وآگاہ تھے اس اصول مجھول کے تحت اس وقت ہم تیرہ سو سال کے رہنے والوں کے لئے آج سے دو سو سال پہلے لکھے گئے تفاسیر جو عصر نزول قرآن سے ہماری نسبت قریب تھی اس حوالے تفسیر کبیر فخر رازی تفسیر طنطاوی عصر رسول سے قریب ہونگے پڑھنا چاہیے۔ تو یہاں سوال آتا ہے جن سلف نے تفسیر قرآن لکھی ہے وہ کونسی تفاسیر ہے وہ خود تفسیر کن سے سیکھا ہے یا وہ کن کن تفاسیر پر اعتماد کرتے تھے آیا ان سے پہلے کسی نے تفسیر لکھی تھی جو سلفیوں کے ہاتھ میں آگئی تھی یا انھوں نے خود کی تھی اگر خود انھوں نے کی تھی سلف تو دوسری تیسری دور میں تھے ان سے پہلے والے تفسیر قرآن کس طرح کرتے تھے ان کا کہنا ہے سلف نے تفسیر قرآن تبع تابعین سے لی ہے تو ہم کیوں تبع تابعین سے کیوں نہ لے لیں تبع تابعین نے تفسیر قرآن اصحاب سے لی ہے اصحاب کی تعداد ہزاروں سے گزر گئی اصحاب کے مراتب و درجات ہیں۔

بعض نے پیغمبر کو دیکھا ہے سنا نہیں ہے ان میں انپڑھ جاھل عالم سب تھے ان میں سے کون کون تھے جو تفسیر قرآن سے زیادہ شغف رکھتے تھے۔

قرآن اپنی جگہ معارف کا اوقیانوس بحر مواج معانی مفاھیم رکھتے تھے جس تک ہر کس و ناکس کا پہنچنا ناممکن تھا یہاں سے علماء کہتے ہیں تفسیر قرآن کے لئے پہلے مرحلے میں اصول تفسیر پڑھنا ضروری ہیں مفسرین نے فھم و ادراک معانی قرآن مشکل اور دشوار ہونے کے بارے میں چندین وجوہات سے استدلال کیا ہے۔

۱۔ قرآن میں کلمات غریبہ موجود ہیں جو کہ خود عربوں کی سمجھ میں نہیں آتے تھے

۲۔ قرآن کے معانی مفاہیم اتنے بلند تھے کہ ہر انسان کے لئے اس تک رسائی ممکن نہیں تھی

۳۔ قرآن کریم جن پر نازل ہوا یا جس گھر میں نازل ہوا ہے یا جن سے خطاب ہوا ہے وہی قرآن کے معانی سمجھ سکتے ہیں

باطنیوں کے ہدایات ایمات اشار یا حکامات ہدایات پر قرآن کریم کو ہر حوالے ہر زاویے سے نا قابل نا سمجھ بتانے کی سر توڑ کاوشیں عمل میں لائی ہے ہم یہاں ان کے قرآن پر افتراء اتہامات کی ایک اجمالی فہرست پیش کرتے ہیں:

۱۔ قرآں میں الفاظ و کلمات غریبہ پایا جاتا ہے جس کی وجہ سے خود عرب خالص کو قرآن سمجھنا دشوار ہوتا تھا۔

۲۔ قرآن میں الفاظ مشترک لفظی و معنوی پایا جاتا ہے جس کی واضح مثال حروف جر ہے ہر ایک حرف جر کی چندین معانی ہے معلوم نہیں ہوتا ہے یہاں اس حرف کا کیا معنی ہے۔

۴۔ عربی زبان میں کلمات مشترک لفظی معنوی کلمات متضاد حد سے زیادہ ہیں یہ کلمات یا تو کلمہ چندین معانی کے لئے وضع ہوا ہے پتہ نہیں چلتا ہے کہ یہاں کس معنی میں استعمال ہوا ہے یا ایک معنی کے لئے

چندین الفاظ وضع ہونے میں ان میں سے کونسا لفظ استعمال ہوتا ہے۔لفظ قسورہ قیل: ھوالاسد، وقیل :الرّمی، وقیل الصائد بعض نے کہا ہے قسورۃ سے مراد، شیر ہے اور بعض نے تیرانداز اور بعض نے شکاری مراد لیا ہے سورہ مدثّر آیت ۵۱ میں آیا ہے۔’’فرّت من قسورۃ‘‘۔یعنی شیر سے ڈر کر بھاگ جاتے ہیں۔معلوم نہیں یہاں شیر کے لئے استعمال ہوا ہے یا تیر مارنے والے کے لئے ہے یا شکاری کے لئے استعمال ہوا ہے

۲۔کلمہ عسعس کے معنی تاریکی ہلکی ہونے کے ہیں یہ کیفیت رات کے دونوں اطراف میں ہوتی ہے یعنی رات جب آنے والی ہو یا جانے والی ہو اس لئے سورہ تکویر آیت ۱۷ میں۔’’واللّیل اذا عسعس‘‘عسعس کے معنی رات کے آنے اور جانے دونوں ہو سکتے ہیں۔

۴۔نکاح عقد کو بھی کہتے ہیں جماع کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے سورہ نور آیت۔۳۲ سورہ احزاب آیت۔۴۹ سورہ النساء آیت۔۲۵

۵۔قرء، حیض کو بھی کہتے ہیں اور طہر کو بھی کہتے ہیں سورہ البقرۃ آیت۔۲۲۸ یہ کلمات کی بات ہے قرآن میں بہت سے حروف استعمال ہوا ہے مثلاً کلمہ من یہ حرف جار ہے اور یہ ۱۔ابتدائی غایت ۲۔تبعیض ۳۔تبیین کے لئے آتا ہے ۴۔اور حرف نفی اور استفھا کے ساتھ ہو تو استغراق جنس کے معنی دیتا ہے سورہ الحاقۃ آیت ۔۴۷۔ ۵۔کبھی عوض کے لئے آتا ہے سورہ ابراہیم آیت ۳۷ میں تبعیض کے لئے آیا ہے سورہ نور آیت ۴۳ ’’من السماء من جبال فیھا من برد‘‘ میں من اولی ظرفیت کے لئے ہے اور دوسرا مفعولیت اور تیسرا برائے تبیین ہے اور سورہ مائدہ آیت ۴ میں تبعیضیہ ہے بعض نے کہا ہے کہ زائدہ ہے سورہ اسراء کی آیت ۱ میں ابتداء کے لئے آیا ہے سورہ آلعمران آیت ۹۲ میں تبعیض کے لئے استعمال ہوا ہے من سببیت کے لئے بھی استعمال ہوا ہے جیسے سورہ نوح آیت ۲۵ اسی طرح،، با،، فا،، الی،، علی،، ہر ایک کے چندین معنی ہیں کس معنی کو لے لیں؟

۶ عربی زبان میں کلمہ اپنی جگہ اس کے حقیقی معنی میں استعمال ہوتا ہے اور مجازی معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے کونسے معنی لے لیں؟ ان سب کو مجموعی نظر میں رکھ کر کہا ہے کہ قرآن کریم ظنی الدلالۃ ہے ظنی الدلالہ کو اگر آپ سادہ زبان میں عامی زبان میں پیش کریں تو ان عبارات میں پیش کر سکتے ہیں ’’ما نفقه کثیر امّمّا تقولُ‘‘ سورہ ھود آیت ۹۱ سورہ اعراف آیت ۹۸ سورہ انفال آیت ۔۶۵ سورہ توبہ ۱۲۷ سورہ حشر آیت ۱۲ سورہ منافقین آیت ۴ سورہ انعام آیت ۲۵ ہمارے دلوں پے پردہ ہے سورہ اسراء آیت ۴۶ سورہ کھف آیت ۔۵۷ سورہ فصلت آیت ۔۵ ،۴۴ سورہ لقمان آیت ۔۲۷

۳۔قرائت قرآن کی متعدد و مختلف قرائت ہے بعض جگہ ایک کلمہ کی چندین قرات نقل ہوئی ہے معلوم نہیں ہوتا ہے یہاں

کونسی قرات مراد ہے۔
۴۔فہم قرآن بغیر تفسیر اہل بیت یا بغیر حدیث ممکن نہیں۔
۵۔آیات قرآن ظنی الدلہ ہے۔
۶۔فہم قرآن بغیر تفسیر سلف ممکن نہیں ہے۔
۷۔قرآن میں صرف چند کلیات ہے باقی فروعات ہمیں خود استخراج کرنا ہے۔
۸۔قرآن معارف کا اوقیانوس ہے اس تک رسائی ممکن نہیں۔
۹۔قرآن میں تفسیر برائے کرنا درست نہیں۔
۱۰۔شیعوں اور صوفیوں اور سنیوں بریلویوں دیوبندوں سے اپنے عقائد ونظریات کو اپنے نام سے نشر کرنے کا ٹھیکہ دیا ہے۔

۱۔اس بہانے سے اغنیاء سے کچھ پیسے نکال کے فقراء کو دینا تھا فقراء کے حالات کو بہتر بنانا تھا جو کہ کامیاب نہیں ہوسکی یہ ہو بہو انجان لوگوں کی قوانین جیسی بنی اس پر عمل ہی نہیں ہوسکا۔
۲۔اغنیاء کو امتحان میں لانا تھا وہ بھی امتحان میں نہیں آئے
۶۔حضرت علی کی فضیلت کو اٹھانا تھا علی کی فضیلت کو اس نازک قانون کے ذریعے سے علی کو کیا مقام منظور تھا کیا پیغمبر سے نجوٰی کرنا یا نجوٰی کے لئے صدقہ دینا کیا خلیفہ مسلمین کے لئے بنیادی شرط ہے لہٰذا محسوس ہوتا ہے یہ قصے ایسا جھوٹ ہیں کہ اتنا بولے جھوٹ نکالنے والے پریشان ہوکر خود بیٹھ جائے یا ایسا ہے ایک شخص نے لوگوں کو کسی طرف متوجہ کرنے کے لئے ایک جھوٹی خبر بنائی وہاں کوئی قیمتی چیز مفت میں دے رہا ہے لوگ جوق در جوق وہاں جانے لگے تو جھوٹ بولنے والے کو خود شک ہوگیا کہ کہیں وہاں تقسیم تو نہیں ہورہا خود بھی ان کے ساتھ چلا گیا غرض اسلام ومحمد سے قرآن سے لوگوں کو دور رکھنے کے لئے مذاہب وفرق کی مساعی غیر جمیلہ غیر حسینہ کامیاب ہوئی ہے اب دین صحاب ائمہ سے شروع ہوتا ہے انھیں پر ختم ہوتا ہے قرآن ومحمد ص دونوں مھجور واقع ہوئے ہیں

موضوعات قرآن کریم کے بارے میں مختصر وضاحت کرتے گزرنا متحیر ومدافع قرآن اسلام ومسلمین کے ایک گران قدر سرمایہ علمی جناب علامہ عبداللہ دراز۔۔۔۔۔۔کے شہر لاہور میں منعقدہ سیمینار میں ممتاز عالم دین نے اس سیمینار ۔۔۔۔۔۔کے لئے جو عنوان انتخاب کیا تھا وہ یہ تھا موقف اسلام من الادیان الزھر کے۔۔۔۔۔۔اس خطاب کے فوراً بعد یہاں اسلام سے دفاع کرتے ہوئے ان کی روح اطہر خالق متعالی سے جاملی آپ نے سورہ مبارکہ کی ایک شرح لکھی

ہے شرح کلمات کے علاوہ اس کے سورت کے محتوی مضامین کی شرح کرتے ہوئے لکھا یہ سورہ استدلال قرآن ہے جو کچھ قرآن میں ہے یہ اس کا خلاصہ ہے کل قرآن کے موضوعات کو ایک موضوع لائیں تو یہ بنتا ہے معرفۃ الحق ومعرفۃ الخیر تقدیس الحق والتزام بالخیر اما معرفۃ الحق قوہ سبحانہا لحمد رب العالمین الرحمٰن ومالک یوم الدین وہی صاحب اللہ تعالیٰ افراسیی کی طرف برگشت ہے قرآن میں موضوعات ہیں ہر ایک سورہ اپنی جگہ ایک موضوع کامل ہے بعض موضوعات سے متعلق آیات پراگندہ منتشر ہیں یہاں تمام موضوعات بلکہ اکثر پر احاطہ کرنا ناممکن ہے۔

یہ عرب کے بھی خلاف ہے اس کے دلائل آگے بیان کریں گے لیکن انہوں اپنے خائنانہ سازش کے لئے کیونکہ تمام زبانوں سے زبان عرب قدرت بیان میں معروف ومشہور ہے قرآن کریم نے بیان مطلب میں یہ قضاۃ عرب کو تحدی کیا ہے اگر قرآن کا بیان وہ اصل مقصود وہدف نزول میں نقص بیان ہونا قرآن کی اہانت وجسارت ہے اس کے علاوہ قرآن نے بیانگ دھل تکرار سے اعلان کیا ہے کہ اس کے بیان میں ابہام واجمال نہیں اس کی آیات محکمات ہیں اما اینکہ قرآن اور سنت میں تمام احکام نہیں ہیں اس بارے میں دیکھتے ہیں۔

تفسیر قرآن باحادیث

آیات قرآن کریم کی تبین وتوضیح کو احادیث سے جوڑنا بذات خود سوال انگیز ہے یعنی یہ جوڑ غیر طبیعی غیر عقلی ہونگے وہاں سوال اٹھنا حتمی ہے سوال یوں ہے قرآن کلام اللہ ہے کلام بشر نہیں اللہ کو اپنے بندوں کی فہم وفرست ذھانت صلاحیت اھلیت کیسے ہیں معلوم ہے مخاطب رہتی دنیا تک انسان ہے یہ بات غلط درغلط ہونگے آیات میں انسان سے خطاب کی ہے آپ کہیں کہ یہ رسول اللہ سے مخصوص ہے ۲حسب تصریح قرآن کریم عربی زبان میں آیا ہے سورہ النحل

آیت: ۱۰۳ سورہ فصلت ۴۴

سنت رسول سے مراد فعل رسول ہے آپ کا عمل خود تفسیر قرآن رہا ہے جیسے اقیموا الصلوۃ کی تفسیر آپ کے نماز پڑھنے سے ہوتی ہے چنانچہ آپ نے فرمایا صلو کما رایتمونی اصلی آپ تابع قرآن ہیں تو یہ کہنے میں حق بجانب ہوگا آپ کا عمل مطابق قرآن ہوں گے لہٰذا یہ کہیں گے سنت شارح موضح آیات قرآن ہے سورہ نحل کی آیت ۴۴ میں بھی اس کی تصدیق وتائید کی ہے۔

مفسرین نے پہلے مرحلے میں سنت رسول میں تحریف کیا ہے سنت قولی اور تقریر کو سنت شامل کیا۔ جبکہ قول وتقریر رسول اللہ لکھنے پر خود رسول اللہ نے پابندی لگائی تھی تدوین حدیث دوسری صدی کے پہلے پچاس سے شروع ہوا ہے۔

۲۔ دوسرے مرحلے میں جن کی سنت حجت ہونے کے لئے تنکہ برابر سند نہیں ان کو بھی بزور طاقت سنت میں شامل کیا ہے

سنت اہل بیت اصحاب بھی حجت ہے۔

لیکن تفسیر قرآن سنت کے سلسلے میں اصول تفسیر تا لیف خالد عبد الرحمان ص ۷۹ پر ابی داود سے کتاب امارات میں ترمذی نے اپنی کتاب علم میں ابن ماجہ دارمی میں امام احمد سے نقل کی ہے (عبارت لکھنا ہے متن حدیث قرآن کے برابر بھی دی ہے یعنی سنت بھی قرآن کے برابر مقام دیا ہے یہ حدیث اپنی جگہ سند و متن دونوں حوالے سے موضوع بحث و تحقیق ہے اس پر ملاحظات ہو سکتے ہیں۔

۳۔سنت تابعین سنت کا جزء قرار دیا ہے۔

یہ احادیث اپنی ضعف سند کے علاوہ تضارب تناقض تضادات سے پر ہے کتاب تفسیر والمفسر ون تا لیف محقق علامہ ھادی معرفت جلد دوم ص ۳۰ پر احمد بن حنبل سے نقل کی ہے تین کتابوں کی بنیاد نہیں اعتماد ہو نہیں سکتا ہے۔

۱۔کتب غزوات

۲۔کتب ملاحم پیش گویاں

۳۔تفسیر اسی صفحے پر امام شافعی سے نقل ہے ابن عباس سے تفسیر کے بارے میں تقریباً سو حدیث نقل ہیں اس سے زیادہ قطعی طور پر خود ساختہ ہیں تفسیر ضعف اسناد ارسال مرسلات تقطیع جعلیات اسرائیلیات سے پر ہے آفت تفاسیر میں تفسیر احادیث کتاب اللہ سے ناروا سلوک اجنبیت بے دردی لاوارثی کا رویہ ہے کسی نے دونوں ہاتھ میں ڈنڈا اٹھایا دو دھار تلوار ہاتھ میں لے کر اجتماع میں کودا ہے میری باتوں کو نہ ماننے والوں کے لئے یہ ڈنڈا ہے۔ایک قرآن کو اپنی رائے کے انڈر جو خود کہتا ہے وہی تفسیر قرآن ہے جیسے تفسیر اجتہادی کا نام دیا ہے۔۲۔تفسیر علمی قرآن کریم کو سائینسی اکتشافات سے موازنہ کرنے کی تفسیر ہے۔۳۔تفسیر صوفی انھوں نے قرآن کے ساتھ جو کھیلا ہے بے ربط معانی بنائے ہیں۔

۴۔تفسیر عقلی قرآن کی تفسیر پر عقل حاکم ہے عقل حجت ہے عقل آیات کو لجام دیتا ہے جو خلاف عقل ہے وہ نادرست ہے جیسے تفاسیر اھل عقلانیت کی تفسیر قدیم وجدید

۵۔تفاسیر منجمد فھم لغت فھم کلام میں تعقل سے روکنے تفاسیر اشعری۔۶۔تفاسیر فرق ومذاھب۔

تفاسیر روائی کی قدر و قیمت:

تفسیر روائی پر عدم اعتماد کی برگشتان چار چیز میں ہے وہ چار چیزیں یہ ہیں۔

۱۔بعض کی طرف حد سے زیادہ غیر متوقع روایات نسبت دی بطور مثال ام المومنین عائشہ عبداللہ بن عمر عبداللہ بن عمرو عاص جابر بن عبداللہ انصاری ابا سعید خدری ابو ہریرہ

۲۔کثرت جعل روایات

۳۔اسرائیلیات ہیں

۴۔اسرائیلیات ۔اسرائیلی جعل روایات میں قہرمان وشہسوار ہیں یہ بات کسی سے چھپی نہیں ہے کہ انھوں نے دین مسیح کو تہ وبالا کیا مسیح کو اللہ یا اللہ کا بیٹا بنایا اسرائیلیوں سے منقول روایات کی تین قسم ہیں

ا۔پیغمبر سے مروی ہے اس کی سند موجود ہے جیسا کہ کہتے ہیں موسیٰ جس کے ساتھ چلے تھے اس کا نام خضر ہے اس حدیث کو بخاری نے صحیح قرار دیا ہے

۲۔وہ اسرائیلی روایات جن کا جھوٹا ہونا سب کو پتہ ہے وہ عقل ونقل دونوں سے متصادم ہیں

۳۔وہ روایات ہیں جو نہ صحیح میں شامل ہیں نہ جھوٹ میں،اس کے بارے میں علماء خاموشی اختیار کیئے ہوئے ہیں اس قسم کی روایات بہت زیادہ ہیں۔

لکھتے ہیں احادیث میں وضع کا سلسلہ ۴۱ھ سے شروع ہوا ہے جب لوگ گروہ بندی میں تقسیم ہوئے شیعہ خوارج اور جمہور ہر ایک نے اپنی پارٹی کے لئے احادیث جعل کی ہیں تفسیر میں احادیث کی جعلیات اتنی زیادہ ہوئی ہیں یہاں تک کہ وہ اعتماد کھو گئے۔

وضاعان روایات اسرائیلی

اکثر وبیشتر اسرائیلی روایات کی برگشت چار اشخاص کی طرف ہوتی ہیں

ا۔عبداللہ بن سلام

۲کعب احبار

۳۔وھب بن منبہ

۴۔عبدالملک بن عبدالعزیز ابن جریح

ان چاروں کے بارے میں مفسرین کی آراء میں مختلف ہے بعض نے کہا یہ جھوٹے ہیں ان کے اقول پر اعتماد نہیں کیا جاسکتا ہے صرف عبداللہ بن سلام کو اعتماد دیا جاتا ہے اس پر بھروسہ کیا جاسکتا ہے۔

کعب احبار کعب بن مائع حمیری یہ یمن سے تعلق رکھتے تھے وہ حضرت ابوبکر کی خلافت کے دور میں مسلمان ہوئے بعض نے حضرت عمر کے دور میں کہا ہے وہ سنہ ۳۲ھ کو مرا ہے اسکی عمر ۱۴۰ سال ہے اس کی روایات پیغمبر سے مرسل ہیں عمر سے،عائشہ سے،صہیب سے،معاویہ،ابوھریرہ،ابن عباس عطاء وغیرہ سے اس نے روایات نقل کی ہیں بعض نے اس

پر اعتماد کیا ہے بعض نے انہیں متہم کیا ہے وہ ۱۴۰ سال عمر ۳۲۰ھ کو مرا ہے۔
۲۔وھب بن منبہ بن سیج بن ذی کناس صاحب قصص ہے اس کی اصل فارس خراساں ہرات سے تعلق رکھتا ہے بادشاہ فارس نے ان کو یمن میں بدر کیا پیغمبر کے دور میں اسلام قبول کیا صنعاء میں قاضی رہا علماء نے ان کو جھوٹا، مدلس، فاسد، عقل فاسد عقیدہ قرار دیا ہے۔
جہاں یہ کہتا ہوا اسلام ختم ہو چکا تھا امام حسین نے بچایا ہے تبسم علی اصغر نے بچایا شرابی جواری تارک عزادار نے بچایا ہے اعلیٰ مقاصد کے لئے محرمات کا ارتکاب بے حرج ہے اسلام روحانیت سے زندہ ہے ان کے نظروں میں روحانیوں کے عیاشی نظر نہیں آتی ہے قرآن کی بجائے صرف ونحو نے اسلام کو بچایا ہے۔
دین کو انہی علماء نے بچایا گزشتگان کے توسط سے دین ہم تک پہنچا ہے بقول امیر المومنین حق لوگوں کے ذریعے سمجھنے والے کبھی حق تک نہیں پہنچ سکتا ہے۔
۳۔روایات غیر منقحہ روایات مشکوک مخدوش ہے پہلے مرحلے میں لوگوں کو جو کچھ ملا وہ جمع کیا صحیح غلط کا لحاظ کئے بغیر جمع کیا ہے چنانچہ علماء شیعہ بحار مجلسی میں جمع نا گفتہ بہ روایات کے دفاع میں لکھا ہے کہ اصل میں انہوں نے مواد کو ضائع ہونے سے بچانے کے لیے جو کچھ انہیں ملا جمع کیا ہے وہ حسن نیت رکھتے تھے انہوں نے تحقیق کو آئندہ آنے والوں پر چھوڑا ہے یہ دفاع بلا جواز ہے اگر ایسا تھا تو ان کو کتاب کے ابتداء یا انتہا میں اس کی طرف وضاحت دینا چاہیے تھا اور علماء کو ان کے اوپر چادر قدسیت نہیں چڑھانی چاہیے تھی جہاں شیخ عباس قمی نے ان کے بارے میں لکھا کہ جو خدمات مجلسی نے کی ہے کسی اولین کو نصیب ہوئیں اور نہ ہی آخرین کو نصیب ہونگی۔احادیث کی جمع ونشر مکان وزمان راویان ضرب مثلث مخدوش در مخدوش مشکوک در مشکوک ہے جناب احمد امین اس بارے میں انتہائی افسوسناک صورت حال نقل کی ہے۔

تفسیر قرآن بسنت:

اہل فرق نے سنت کی توضیح وتشریح میں لکھا ہے سنت سے مراد کیا ہے بیان کیا ہے:
۱۔انہوں نے اس کو کبھی سنت کہا ہے اور کبھی حدیث کہا ہے جبکہ خود ان کی تعریفات کے تحت سنت اور حدیث دو الگ چیز ہے۔
۲۔سنت کی انہوں نے تین مصادیق بیان کی ہیں۔
۱۔سنت عملی ہے، پیغمبر کی عملی زندگی، بہت سے اکثر وبیشتر اصحاب دیکھی ہے کم سے کم مہاجرین وانصار سب نے دیکھا ہے تو پیغمبر کی سنت ہم تک پہنچی ہے اس میں چندان اختلاف نہیں ہے پیغمبر اپنی زندگی مین دین کے حوالے سے کیا کرتے تھے

مثلاً تعداد رکعات۔ اوقات خمسہ۔ صوم رمضان حج وعمرہ مواقف حج اس میں امت میں اختلاف نہیں رو بہ قبلہ پڑھنا اختلاف نہیں ماہ رمضان میں روزہ رکھنے میں اختلاف نہیں، حج مواقف ثلاثہ رمی جمرات، سعی بین صفا ومروہ، تعداد طواف بیت میں یکسان ہے یعنی جو چیز پیغمبر کی عملی زندگی ہے اس میں امت کا کوئی اختلاف نہیں لیکن اس کو پیغمبر نے سنت کہا ہے حدیث سے نہیں بنتا ہے اس کے لئے وہ آیات ہیں جو پیغمبر نے حکم دیا اس پر عمل کرو جو پیغمبر نے حکم دیا اس پر عمل کرو جس سے منع کیا اس سے باز رہو یا وہ آیات جن میں رسول کی اطاعت کا ذکر کیا گیا ہے۔

۲۔ انہوں نے سنت عملی کے ساتھ، سنت قولی حتی تقریری کو بھی حجت گردانا ہے سنت عملی کا ناقل امت ہے لیکن سنت قولی میں مخصوص افراد ہے ممکن ہے چند محدود افراد ہو ممکن ہے شخص واحد ہو جب مخصوص نے سنا ہے تو شرائط روایت اس میں لاگو ہوگا جب تک اس سے ثابت نہ ہو وہ حجت نہیں ہوگا۔

۳۔ سنت سے تیسری مراد سنت تقریری ہے اس کو بھی ثابت کرنا تفحص روایات سے ہوگا۔

۴۔ بہت سی ایسی سنت پیغمبر سے منسوب کی ہے اس سنت کا ثابت ہونا مشکل ہے کیونکہ چنانچہ مجامع روائی میں جو روایات کی انبار لگی ہوئی ہے جو نقد روایات میں بے ضابطگی لاابالی بے احتیاطی بعض راوی کی فسق وفجور کالشّمس فی رائعۃ النہار ہو گیا مسلمان سب شرمندہ ہے سر نیچے ہیں۔

کتاب جامع الاحکام القرآن تالیف ابی عبداللہ محمد بن احمد الانصاری القرطبی متوفی ۶۷۱ ص ۳۷ ج ا باب تبیین بالکتاب با لسنۃ وما جاء فی ذالک میں سورہ نحل کی آیت ۴۴ سورہ نور آیت ۶۳ شوریٰ آیت ۵۲ سورہ حشر آیت ۴ سورہ احذاب ۳۶ میں تفسیر تبین للناس کے بارے میں ابوداود کی مقدام ابن معدیکرے سے اس حدیث کو پیش کیا ہے حدیث الا وتیت پھر لکھتے اوتیت مثلہ کے بارے میں لکھتے ہیں اس کی دو تاویل ہیں۔

ا۔ یہ ہے کہ رسول اللہ نے قرآن کے علاوہ اتنی برابر وحی باطنی کی ہے کہتے ہیں۔

ایک کتاب وحی ہے جو تلاوت ہوتی ہے اتنی برابر بیان دی ہے اذن لہ ان کو اجازت دی ہے جو کچھ اس کتاب میں ہے بیان کرے کبھی عام بیان کرتے ہیں کبھی خاص بیان کرتے ہیں کبھی خاص بیان کرتے ہیں کبھی اضافہ کرتے ہیں کتاب میں وہ شرح کرتے ہیں حسان بن عطیہ سے اوضاعی نے نقل کی ہے پیغمبر پر وحی نازل ہوتے تھے جبرئیل سنت لے کے بیٹھتے تھے اس آیت کا تفسیر کرتے تھے سعید بن منصور نے عیسیٰ بن یونس سے انھوں نے اوضاعی سے انھوں نے مکحول سے نقل کی ہے۔

حدیث القرآن احوج الی النسہ من النسہ الی القرآن روایت اوضاعی نے یحیٰ بن کثیر سے نقل کی ہے السنۃ

قاضیۃ علی الکتاب ولیس الکتاب بقاض علی السنۃ قال فضل بن زیاد سمعت ابی عبداللہ یعنی احمد بن حنبل ان سے اس حدیث کے بارے میں پوچھا السنۃ قاضیۃ علی الکتاب تو کہا کہ میں یہ جسارت نہیں کرتا ہوں کہ یہ بات کروں لیکن اتنا کہتا ہو سنت کتاب کی تبین کرتے ہیں ایک اور بیان میں قرآں کے حکم پر اضافہ بیان دینے کی مثال کی تحریم **نکاح المرائۃ علی عمتها و خاتها و تحریم الحمر الا هلیه و کل ذی ناب من السباع و القضاة با لیمین مع الشاهد و غیر ذالک۔**

قرآن فہمی میں سنت معاون ہوگی :

اس میں جائے شک تردید شہہ وخدشہ کی گنجائش نہیں جو بھی عمل نبی کریم انجام دیں گے ہمیں ثابت ہو جائیں آپ نے یہ عمل انصار ومہاجرین کے جم غفیر میں انجام دیا ہے جس کے گواہ تمام انصار ومہاجرین ہے اسے رد کرنے کی کوئی گنجائش نہیں علامت ایمان میں سے ہے رسول کریم کی من وعن اطاعت کریں آیات اطاعت گواہ صدق دلائل قاطع ہے قرآن کو گونگا بنا کر قرآن کو غریب قرار دے کر قرآن کو مجمل ومھمل قرار دے کر نبی کے نام سے اصحاب تابعین متقدمین کی بیان کو من وعن قبول کرنا اور اس کے لئے باندھے گئے مقدمات تمہیدات اپنی جگہ مخدوش ومشکوک موہوم ہے اس سلسلہ میں علماء حدیث نے جو تمہیدات باندھی ہے پہلے وہ پیش کرتا ہو۔

تفسیر شعراوی ج ۱۳ص ۷۹۵۷ پر لکھتے ہیں قرآن بیک وقت دو عنوان رکھتے ہیں:

۱۔ کتاب معجزہ یعنی یہ لانے والے کے لئے گواہ صدق ہے۔

۲۔ کتاب منہج دستور ہے یعنی آئین حیات ہے اب آ کے کہتے ہیں کتاب معجزہ ہونے کے حوالے سے عربوں کے لئے بطور مستقیم سمجھ میں آئے کہ یہ کتاب اللہ کی کتاب ہے۔

لیکن منہج کے حوالے سے کہتے ہیں کہ اسمیں تفصیل نہیں ہے اس میں منہج کی تعریف نہیں ہوا ہے توضیح ضروری ہے یہ کیوں نہیں ہوا؟ کہتے ہیں اگر توضیح وتشریح کرتے تو بہت ضخیم مجلدات ہوتے لہٰذا قرآں نے اصول لایا ہے اور تبیین وتوضیح رسول پر چھوڑا ہے کہ آپ شرح کرے آپ وضاحت کریں کہتے ہیں بعض کہے گا جو کچھ سنت میں آیا ہے اس پر عمل کرنا واجب نہیں کیونکہ سنت وہ ہے جس کو انجام دینے والے کو ثواب ملتا ہے نہ کرنے والے کو عقاب نہیں ہوتا ہے۔

شعراوی صاحب فرماتے ہیں ہم ان کو کہیں گے یہ بات صحیح نہیں ہے ہمیں سنت کو اس فرق میں رکھنا ہوگا۔

۱۔ سنت دلیل ہے۔

۲۔ سنت حکم ہے دونوں میں تمیز فرق ہونا چاہیے سنت دلیل کا مطلب یہ ہے کہ یہ فعل واجب ہے یعنی اس فعل کو کرنا ہے

جیسے عدد رکعات فرائض صبح ظہر وعصر مغرب عشاء ان رکعات کی تعداد سنت پیغمبر سے ثابت ہے
۳۔سنت حکم یہ دلیل نہیں ہے آپ سے کہا کہ کرو یہ امر احکام فقہی ہے پیغمبر سے مروی ہے انجام دینے والوں کو ثواب ملے گا چھوڑنے کو عقاب نہیں ہوگا' ایسے احکامات کے ہونے نہ ہونے اپنی جگہ موضوع بحث ہے تحقیق ہونی چاہیے جب دیکھیں گے یہ سنت دلیل ہے یا سنت حکم یہ کہاں سے ثابت ہوگا کہ یا سنت دلیل ہے یا سنت حکم پیغمبر کے۔
تو ہمیں اس میں فرق رکھنا چاہیے کہ یہ عطائے قرآن ہے عطائے نبوی ہے۔اخباریوں اور حدیثیوں کے آنکھ میں لگنے والی پڑنے والی خار مغیلان قرآن ہے وہ قرآں کا نام سننا دیکھنا برداشت نہیں ہوتا ہے لہٰذا انہوں نے قرآں کو مہک کسوٹی قرار دینے والے روایت کو باطل اور بے اصل قرار دیا ہے اور اس کی جگہ **القرآن محتاج الی السنة و لیس انه محتاج الی القرآن یا السنه قاضية قاصية ...۔**
جیسی مجھولات کو بنیاد بنانے والوں نے قرآن کو ہٹانے کے بعد ہر باب میں احادیث واخبار کی کی بھرمار اور بوچھاڑ کی ہے ان میں سے ایک معجزہ نبی کریم ہے اخباریوں نے معجزات پر بحرالمعاجز لکھی ہے حدیثوں نے نبی کریم کے لئے ایک ہزار سے زائد معجزات پر مشتمل کتابیں لکھی ہیں سورہ اسراء میں معجزات طلب کرنے والوں کو اللہ نے دوٹوک نفی میں جواب دی ہے۔ہم معجزات نہیں دیتے کیونکہ پہلے والو نے معجزات دیکھنے کے بعد ایمان کے بجائے کفر پر اصرار کی ہے حدیث سے پیغمبر کی نبوت ثابت نہیں اس سے دور لازم آتا ہے پیغمبر کی نبوت ورسالت کی سینکڑوں معجزات نہیں سورہ عنکبوت آیت ۵۱: ﴿أَ وَ لَمْ يَكْفِهِمْ أَنَّا أَنْزَلْنا عَلَيْكَ الْكِتابَ يُتْلى‏ عَلَيْهِمْ إِنَّ في‏ ذلِكَ لَرَحْمَةً وَ ذِكْرى‏ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ﴾ میں اللہ نے روئے توبیخ مذمت میں آیا کہ ان کے لئے یہ کافی نہیں ہم نے آپ پہ کتاب نازل کی ہے جو ہر شخص صبح شام تلاوت کرتے ہیں سمجھ سکتا ہے سن سکتا ہے اہل ایمان کیلئے یہی کافی ہے۔

کتاب اصول تفسیر وقواعدہ ص ۷۹

حدیث۔**الاانی اوتیت الکتاب و مثله معه لا یو شک و رجل شعبان علی اریکته**۔کتاب سنن ابی داود جلد ۴ ص ۲۰۰ شمارہ ۴۶۰۴ راویاں
۱۔عبدالوھاب بن نجدہ کتاب تہذیب التھذیب جلد ۶ ص ۴۰۱ متوفی ۲۳۲ھ کو ثقہ قرار دیا ہے
۲۔ابوعمرو بن کثیر بن دینار کتاب تہذیب التھذیب میں ان کا ذکر نہیں آیا ہے
۳۔حریز بن عثمان کتاب تہذیب التھذیب جلد ۲ ص ۲۰۷ بعض نے حریز کو ثقہ قرار دیا ہے حافظ حدیث قرار دیا ہے لیکن ابن عمار نے کہا ہے کہ وہ علی کے سرسخت مخالف تھے حریز کہتے تھے کہ ہم علی سے محبت نہیں کرتے علی نے ہمارے آباواجداد

کو قتل کیا ہے لوگوں سے کہتے تھے تمھارا امام ہمارا امام عمران بن غیث نے کہا میں نے حریز بن عثمان سے سنا کہ میں علی سے محبت نہیں کرتا ہوں حریز جب مکہ آیا تو کھل کے علی کو سب کرتا تھا

۴۔عبدالرحمٰن بن ابی عوف کتاب تہذیب التہذیب جلد ۶ ص ۲۲۲ عجلی نے شامی تابعی ثقہ کہا ہے ابن قحطان نے ان کو مجہول الحال کہا ہے۔

۵۔مقدام بن معدی کرب کتاب تہذیب التہذیب میں مقداد ذکر ہے جلد ۱۰ ص ۲۵۵ انھوں نے پیغمبر سے نقل کیا ہے وہ ۸۷ھ کو وفات پائے ہیں صحابی رسول ہیں عن رسول اللہ یہ روایت اپنی جگہ متن میں مخدوش در مخدوش ہونے کے علاوہ ایک ایک راوی ابی عمرو بن کثیر کا نام ہی تھذیب التھذیب میں نہیں آیا ہے دوسرا یہ عبدالرحمٰن بن ابی عوف کا نام مجھول الحال پایا ہے تیسرے حریز کا نام سب شاتم علی قرار پائے ہیں یہاں سے پتہ چلتا ہے کہ یہ روایت کسی اعتقادی فقہی مسائل کا حل ہونا تو دور ہے بلکہ یہ قرآن کے ساتھ اہانت وجسارت ہے نبی کے ساتھ افتراء ہے۔

تفسیر مفسرین حدیث سے قرآن کی تفسیر:۔

قرآن فہمی حدیث کے بغیر ممکن نہیں یہ قرآن کے نزدیک کے لیے نہیں بلکہ قرآن سے دور کرنے کے لیے ہیں اس کے بہت سے شواہد پائے جاتے ہیں ایک بڑی شاہد تفسیر سورہ کوثر ہے کتب تفاسیر میں جو مطالب پیش کئے ہیں اور ان تمام احتمالات سے جن احتمالات کو انتخاب کیا گیا ہے کہ سورہ کوثر سے مراد خیر کثیر ہے یا جنت میں نہر ہے یا ذریۃ از نسل فاطمہ ہے۔فصل سے مراد عید کی نماز نحر سے اونٹ کی قربانی یا تکبیریں، رفع یدین یا قبض یدین سب شان نزول، سیاق و سباق کلمات سے ہٹ کر معانی بنائے ہیں۔اس اصول بدنیتی عزائم سوء، اعراض از قرآن کی تجدید کے علاوہ کوئی اصول و موازین تفاسیر کلمات عقلاء عالم سے مطابق نظر نہیں آتے ہیں یہ تفاسیر آیت سے تنہا غیر مربوط ہی نہیں بلکہ اجنبیت کوثر بے معنی بے صحت کے علاوہ کچھ نہیں بتاتے ہیں۔اب ہم آتے ہیں خود کلمات سورہ، شان نزول، وقت نزول کے دشمنان کے علاوہ عصر معاصر کے عمائدین مشرکین وعمائدین منافقین فرق کے ارمان وآرزو کا جواب خود قرآن سے پیش کرتے ہیں۔

قرآن فہمی کیسے پیدا کریں۔

علوم قرآن سے وابستہ علماء کا کہنا ہے قرآن فہمی کے لیے عربی زبان سیکھیں کتب تفاسیر پڑھیں کتب تفاسیر انسان کو قرآن سے نزدیک کرنے کی بجائے دور کرتی ہیں چنانچہ کلمہ تفسیر خود الفاظ سے دور کے معنی نکالنے کو کہا ہے اکثر و بیشتر تفاسیر اس طرح کی ہیں بطور مثال سورہ کہف میں موسیٰ جس بندے سے ملے تھے اس کو عبد صالح کہا ہے جبکہ کتب تفاسیر میں اس کو

خضر کہا ہے کلمۃ عبد الصالح سے خضر کیسے نکالا ہے کیسے اطمینان کریں عبد الصالح سے مراد خضر ہے اور خضر کون تھے کہاں سے معلوم کریں ایسی مثال بہت ہیں سورۃ احزاب ۲۳ کی آیت میں اہلبیت آیا ہے اہلبیت یعنی گھر والے چاہے اردو میں یا عربی میں گھر والے کہیں یا انگریزی میں فیملی پہلی مصداق بیوی ہوتی ہے آپ یہاں اہلبیت سے آپکی بیٹی داماد مراد لے رہیں ہیں آپ نے آیت سے دور کیا یا نزدیک گویا آپ نے احادیث سے معانی قرآن آسان نہیں بنایا ہے بلکہ احادیث کو اٹھانے کے لیے قرآن سے آیت تلاش کی ہیں

۲۔ دوسری مثال قرآن کریم میں قیامت کے دن بعض گناہ گار شفاعت سے جنت جائیں گے جبکہ چندین آیات میں آئی ہیں قیامت کے دن شفاعت نہیں ہوگی ایک جس کے حق میں یا جس کو شفاعت کرنے کی اجازت ہوگی ان کی شفاعت ہوگی۔

۳۔ جن کو شفاعت کرنے کی اجازت ملے گی پھر مفسرین لکھتے ہیں وہ انبیاء ہوں گے یہ بات انہوں نے کہاں سے نکالی ہے۔

۴۔ قرآن شناسی والوں کا کہنا ہے قرآن کی موجودہ ترتیب و تنظیم وحی سے ہوئی ہے کہ نبی کریم کی ہدایت کے مطابق ترتیب ہوا چنانچہ اکثر و بیشتر جگہ عام انسان بھی درک کرتے ہیں آیات ایک دوسرے سے مربوط و منظّم ہیں لیکن تفاسیر سور کوثر کی تین آیات میں کوئی رابطہ نظر نہیں آتا ہے فصل نماز وانحر قربانی یہ آیت سے نہیں بنتی ہے یہ دونوں اعطاء کوثر نہیں بنتی ہیں۔

فہم و تبیینّ آیات قرآن کے لئے کلمۃ تفسیر اور اصول تفسیر فرقوں کے اقصاء قرآن تمہید جنات سازشی کہنا زیادہ مناسب رہے گا کیونکہ کلمۃ تفسیر اپنی مادہ اور صیغہ دونوں حوالے سے کلمات قرآن کی وضع لغوی سے صرف نظر کرکے دور جا کر معانی تلاش کرنے کو کہتے ہیں قرآن کریم اسی کیلیے تعلیم تبینّ کتاب آئی ہے جبکہ دنیا میں ہر کلمہ کا معنی جو عاقل کے منہ سے نکلے الفاظ و کلمات کے مطابق ہوتا ہے وہی مراد و مخصوص متکلم ہوتا ہے صاحب نے ہر قسم کی غموض عوج غریب الفہم کو کلمات صارفتہ سے رد کیا ہے اس کے باوجود فرقوں نے قرآن فہمی کو رد کرتے ہوئے کثیر دفعات لگائیں ہیں ان کی دفعات اور ان کے جوابات کو ہم نے بحث اجتہاد و تجدید و تقلید میں اور احکام قرآنیہ میں تفصیل سے بیان کیا ہے یہاں صرف مفسرین کی خیانت کی طرف اشارہ کرنا مقصود ہے ان کے عزائم سوء بقرآن کی واضح دلیل اقسام تفسیر مصادر تفسیر بیان کرتے ہوئے اس کی پانچ درجات مراتب بیان کیا ہے سب سے آخر پانچویں مرتبہ کو تفسیر قرآن لغت عرب کیا ہے اول کو آخر اور آخر کو اول کیا ہے ہر محکم قرآن از لغت میں بھی تشکیک پھیلاتے ہوئے انہوں نے صدر اسلام قلب قریش میں رہنے

والوں کولغت عرب سے نا آشنا قرار دیا ہے کہا ہے ابوبکر عمر کو قرآن میں مستعمل کلمات کا معانی نہیں آتے تھے یہ ازروی طبیعت وتاریخ کذب صریح ہے کیونکہ مدینہ دوران خلافت ابوبکر وعمر الحاد سے محفوظ تھا یہاں علاقہ مفتوحہ سے آنے والے نہیں ہوتے تھے۔

تفہم وتعقل قرآن

نہج قرآن فہمی ابھی تک واضح انداز میں متعارف نہیں ہوا ہے قرآن فہمی کا ایک منہج یہ بھی ہے اکثر علماء کے خطور میں بھی نازل نہیں ہوا ہے اسکی بنیادی وجہ کلی طور پر قرآن سے اجنبیت دوریت رکھنا ہے قرآن فہمی کو درسگاہوں کے نصاب میں شامل نہ کرنا واضح قرینہ ہوسکتا ہے درسگاہوں کے رائج نصاب کے دروس کیلیے ایک نہج معین ہے اسکی ایک تمہید ہوتی ہے اس تمہید کو پڑھے بغیر وہ نصاب میں داخل نہیں ہوسکتے ہیں علم نحو پڑھنے سے پہلے علم صرف پڑھنا ضروری علم فقہ پڑھنے سے پہلے اصول فقہ پڑھنا ضروری ہے علم فلسفہ کیلیے علم منطق پڑھنا ضروری ہے جسکو انہیں پڑھنا ہے پہلے انکی زبانوں کو پڑھنا ضروری ہے لیکن قرآن چونکہ نصاب میں شامل نہیں لہذا فہم قرآن کیلیے کوئی اصول بھی وضع نہیں ہے یہاں انسان مسلمان درس قرآن کیلیے دوراستے سے داخل ہوتے ہیں ایک شوق وشغف قرآن میرے نبی پر نازل کتاب ہم اسکی تلاوت کرتے ہیں کتنا دلکش ہے ہم کیوں اسکا معنی سمجھنے کی کوشش نہ کریں چھپ کر کوئی قرآن کے بارے لکھے کتاب پڑھتے ہیں یہ شخص قرآن کو پڑھنے کیلیے بے نہج بے اصول پڑھتے ہیں بے اصول پڑھنے والوں کی سمجھ میں بہت کم آتے ہیں کسی نتیجہ پر پہنچتے ہی نہیں دوسرے قرآن پر نقد کرنے والے قرآن سے لوگوں کو دور کرنے کیلیے قرآن میں خامیاں گھڑنے والے قرآن کا درس دیتے ہیں جیسے تفسیر صافی کا درس لوگوں سے بچا کے درس دیتے ہیں لہذا بڑی بڑی ہستیاں علمی نبوغت رکھنے والے شوق وشغف رکھنے والے ایسے علوم وامور میں معروف نہیں ہوتے ہیں مرعوب کتاب غیر مطلوب کتاب ہے آقائی خوئی اجتہاد پر فائز بغیر قرآن فہمی وارد ہوتے تھے بغیر اصول وارد قرآن ہوتے تھے لیکن انکے پاس صلاحیت وقابلیت تھی اسمیں معروف ہوئے لوگوں کو پتہ چلا انہوں نے روک دیا مرحوم باقر الصدر بھی ایسے ہی تھے

قرآن فہمی کے اصول

سب سے پہلے فرق ومذاہب کا امت اسلامی کو قرآن فہمی سے دور رکھنے کے لئے پہلی اقدام تفسیر کی تصنیفات وتالیفات ہے۔ جہاں انہوں نے کسی بھی متکلم کے کلام فہمی کے لئے جو اصول دنیا میں جاری ہے اس سے نظریں ہٹا کر کوئی نئے اصول وضع کیے ہیں۔ حقیقت میں یہ قرآن سے دور کرنے کا طریقہ ہے اس میں کسی کو مستثنیٰ کرنے کی گنجائش نہیں ہے تمام

فرق کا یہ متفقہ طریقہ کار رہے کہ قرآن پہنچنے کے تمام راستے بند کئے جائیں۔

۱۔قرآن فہمی کا پہلا طریقہ قرآن جس زبان میں نازل ہوا ہے اس زبان کا اصل طریقہ استعمال ہی اس کا پہلا ذریعہ ہو تا ہے۔ چند اصول تفسیر لکھنے والوں نے فہم قرآن کی جگہ تفسیر قرآن رکھا ہے۔ تفسیر کا مطلب کلمات سے دور معانی بتانے کو کہتے ہیں۔ علماء دین نے بہترین تفسیر قرآن کو خود قرآن قرار دیا ہے یعنی قرآن سے قرآن فہمی۔ یہ ابتدائی مرحلے میں بہت اچھی نظر آتے ہیں لیکن یہ اپنی جگہ دور کرنے کی تدلیس ہے۔ چونکہ قرآن فہمی میں ایک آیت کو سمجھے بغیر دوسری آیت کو سمجھنا مشکل ہے۔تو دوسری آیت کا معنی کہاں سے سمجھ میں آئے گا۔

۲۔دوسری دلیل قول شافعی بتایا ہے جو پیغمبر نے حکم کیا ہے وہ پیغمبر نے قرآن سمجھ کر کیا ہے پیغمبر نے فرمایا ہے اللہ نے مجھے قرآن دیا ہے یعنی سنت نہیں دیا سنت کے معنی عمل رسول ہیں عمل رسول اللہ اوپر سے نازل نہیں ہے یہ نقل شافعی کا درست نہیں ہے یعنی اگر آیت سے نہیں سمجھیں گے تو آپ دوسری طرف رجوع کریں گے یعنی سنت کی طرف روایات صحیحہ کی طرف رجوع کریں گے۔ اگر سنت پیغمبر میں آیت کے معنی نہیں ملیں تو اقوال اصحاب کی طرف رجوع کریں گے اگر سنت پیغمبر، قول صحابہ اور تابعین سے نہیں ملا تو لغت کی طرف رجوع کریں گے یعنی تیسرے درجہ پر لغت کو رکھا ہے یہ آپ نے مقدم کو موخر اور موخر کو مقدم کیا ہے۔ دنیا میں کسی کے بھی کلام کو سمجھنے کے لئے سب سے پہلے اس کی لغت کو سمجھنا ہوتا ہے قرآن عربی میں نازل ہوا ہے عربی کو قرآن سمجھ میں نہ آنے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ کیونکہ قرآن پہلے مرحلے میں عرب سے خطاب ہے بلکہ قرآن کا عربی کلمہ معنی میں واضح کیا ہے لہذا اللہ نے قرآن عربی ہونا دلیل قرار دیا ہے دنیا کا ہر کلام اس کی لغت سے سمجھا جاتا ہے آپ نے قرآن فہمی کے لئے لغت میں جن لوگوں کی نشاندہی کی ہے کہ ان کے لغات میں دیکھیں یعنی ان کی لغات کو حجت گردانا ہے جبکہ قرآن جس معاشرے میں نازل ہوا ہے جن ذوات سے پہلے مرحلے میں خطاب کیا ہے ان کو ناسمجھ قرار دیا ہے۔ قرآن قریش کی زبان میں نازل ہوا ہے جبکہ آپ نے ابوبکر اور عمر کو قرآن نہ سمجھنے والوں میں شامل کیا ہے فہم قرآن کے لیے جو طریقہ بتایا جاتا ہے وہ بدنیتی پر مبنی ہے اسکی بدنیتی پر مبنی ہونے کے اور بھی شواہد ملتے ہیں قرآن نے شعر و شاعری کو رد کیا آپ نے پورے دین کو شعر میں پیش کیا ہے مدح ومنقبت نبی اور فضائل علی واصحاب کو شعر میں بیان کیا ہے۔ آپ نے دوسری صدی میں آنے والے شعراء کی زبان کو شارع قرآن بتایا ہے یہ بھی ایک خیانت ہے تو قرآن فہمی میں قرآن کو سنت اور صحابہ سے سمجھا قرآن فہمی میں لغت عرب سے سمجھنا یہ سب ذومعانی کلمات ہیں ان سب طریقوں میں خیانت سوءنظر آتی ہے

قرآن فہمی کیسے پیدا کریں۔

علوم قرآن سے وابستہ علماء کا کہنا ہے کتب تفاسیر پڑھیں کتب تفاسیر انسان کو قرآن سے نزدیک کرنے کی بجائے دور کرتی ہیں چنانچہ کلمہ تفسیر خود الفاظ سے دور کے معنی نکالنے کو کہا ہے اکثر و بیشتر تفاسیر اس طرح کی ہیں بطور مثال سورہ کہف میں آیت موسی مجمع بحرین میں جس بندے سے ملتے ہے قرآن میں اس کو عبد صالح کہا ہے جبکہ کتب تفاسیر میں اس کو خضر کہا ہے کلمہ عبد الصالح سے خضر کیسے نکال لیا ہے انسان کے لیے اطمینان کریں عبد الصالح سے مراد خضر ہے اور خضر کون تھے کہاں سے معلوم کریں ایسی مثال بہت ہیں

۲۔ دوسری مثال قرآن کریم میں قیامت کے دن بعض گناہ گار شفاعت سے جنت جائیں گے جبکہ ایک آیت آئی ہے قیامت کے دن کوئی شفاعت نہیں ہوگی ایک امت جس کے حق میں شفاعت کی اجازت ہوگی ان کی شفاعت ہوگی۔

۳۔ جن کو شفاعت کرنے کی اجازت ملے گی پھر مفسرین لکھتے ہیں وہ انبیاء ہوں گے یہ بات انہوں نے کہاں سے نکالی ہے

۴۔ قرآن شناسی والوں کا کہنا ہے قرآن کی موجودہ ترتیب و تنظیم وحی سے ہوئی ہے کہ نبی کریم کی ہدایت کے مطابق ترتیب ہوا چنانچہ اکثر و بیشتر جگہ عام انسان بھی درک کرتے ہیں آیات ایک دوسرے سے مربوط و منظم ہیں لیکن تفاسیر سور کوثر کی تفسیر میں رابطہ نظر نہیں آتا ہے فصل نماز وانحر قربانی یہ آیت سے نہیں بنتی ہے۔

قران فہمی اور تفسیر بالرائے میں واسطہ۔

قرآن اور دیگر متکلمین سمجھنے کا پہلا وسیلہ ذریعہ اس کتاب کی زبان کو سمجھنا ہے زیادہ سے زبان کی باریکی ادائیگی میں لطائف طرائف کا بھی توجہ دینا ہے لیکن قرآن دیگر کتابوں کی بنسبت ایک امتیاز خاص کے حامل ہے وہ اس کو سمجھنا سہل و آسان میسر بنایا ہے دوسرا طریقہ کلام کے سیاق وسباق پر غور وخوض کرنا ہے تفکر وتدبر کرنا ہے چنانچہ خود قرآن میں اس چیز کی طرف دعوت دی گئی ہے سبا۴۶ ﴿قُلْ إِنَّما أَعِظُكُمْ بِواحِدَةٍ أَنْ تَقُومُوا لِلَّهِ مَثْنى وَ فُرادى ثُمَّ تَتَفَكَّرُوا ما بِصاحِبِكُمْ مِنْ جِنَّةٍ إِنْ هُوَ إِلاَّ نَذيرٌ لَكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذابٍ شَديدٍ﴾ بقرۃ۲۱۹ ﴿يَسْئَلُونَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَ الْمَيْسِرِ قُلْ فيهِما إِثْمٌ كَبيرٌ وَ مَنافِعُ لِلنَّاسِ وَ إِثْمُهُما أَكْبَرُ مِنْ نَفْعِهِما وَ يَسْئَلُونَكَ ما ذا يُنْفِقُونَ قُلِ الْعَفْوَ كَذلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآياتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُونَ﴾ نساء۸۲ ﴿أَ فَلا يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ وَ لَوْ كانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللَّهِ لَوَجَدُوا فيهِ اخْتِلافاً كَثيراً﴾ محمد۲۴ ﴿أَ فَلا يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ أَمْ عَلى قُلُوبٍ أَقْفالُها﴾ رعد۱۹ ﴿أَ فَمَنْ يَعْلَمُ أَنَّما أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ أَعْمى إِنَّما يَتَذَكَّرُ أُولُوا الْأَلْبابِ﴾ زخرف۱۸۴ اعراف۱۸۴۔ ﴿أَ وَ لَمْ يَتَفَكَّرُوا ما بِصاحِبِهِمْ مِنْ جِنَّةٍ إِنْ هُوَ إِلاَّ نَذيرٌ مُبينٌ﴾

قرآن کریم کے کلمات مادہ صیغہ سیاق وسباق نظم سب سے صرف نظر کر کے آیت کو یہاں غلطی سے یا تحریف کر کے لانے والوں نے رکھا جو آیت چاہے اپنی جگہ پر یا کسی اور جگہ پر ہو اس کے کلمات کے مادہ ہوتا ہے صیغہ ہوتا ہے ان سے بھی ہٹ کر احادیث ہے کہ کر گویا احادیث تر وتازہ امین وحی نازل کیا ہے قرآن نازل ہوئے عرصہ دراز گزر گیا ہے احادیث کو من وعن قبول کریں ورنہ ہم منوا سکتے ہیں ایسی تفاسیر کلمات آیات کے مخالف جو معنی کریں گے باطل ہوں گے یہاں ان میں سے چند نمونے پیش کرتے ہیں۔

۱۔شوریٰ کی آیت ۲۳ ہے یہاں کلمہ قربیٰ ہے کلمہ قربیٰ مادہ قرب سے اسم تفضیل مونث ہے کلمہ قرب اپنی جگہ کلمات طرفیہ میں سے چاہتے طرفیہ مکانی ہو یا زمانی قرآن کریم میں قرب زمانی اور مکانی دونوں کے لیے آئے ہیں طرفیہ کے بعد ہر قرب کے لیے بھی استعمال کیا ہے اس حوالے سے انسان جب خود کو دیگر انسانوں سے جوڑتا ہے تو بھی منزل نظر آتا۔

۲۔اپنے قریب اعزاء میں ماں باپ دونوں کی طرف قریب افراد ان کو صلہ ارحام کہتے ہین جن میں سرفہرست اپنے والدین کے لیے اولا د ہوتی ہے اولاد کے لیے باپ اور ماں کے رشتہ دار ہوتے ہیں ان کو اقرباء کہتے ہیں اگلے مرحلے میں اباعد آتے ہیں قرب نزدیکی قرب مکانی بقرہ ۳۵ قرب زمانی اقترب للناس ۴۷ انبیاء قرب نبی بقرہ ۸۳ نساء ۷ قرب مقام ومنزلت واقعہ ۱۰ قرب خلاف البعد انسان دوسرے انسانوں کے برابر میں تین مراتب رکھتا ہے خود ذات اور اس کے تطبیق اولاد والدین زوجہ اباعد مد مقابل بعد اور اعزاء کے در قربیٰ ہوتے ہیں۔

تفسیر قرآن سنت رسول سے۔

یہاں سنت رسول سے مراد قول فعل رسول ہیں یعنی آپ نے کسی آیت کی تفسیر توضیح فرمائی ہے یا آپ کا عمل مسلسل رہی ہے چونکہ آپ تابع قرآن ہیں تو یہ کہنے میں حق بہ جانب ہوگا کہ آپ کا عمل قرآن کے مخالف نہیں ہوگا لہٰذا یہ کہیں گے سنت شارح موضح قرآن ہے سورہ نحل کی آیت ۴۴ بھی اس کی تصدیق وتائید کرتی ہے لیکن تفسیر قرآن سنت کے سلسلے میں ایک حدیث صاحب اصول تفسیر وقواعدہ تألیف خالد عبد الرحمان ص ۷۹ پر ابی داؤد سے کتاب امرات میں ترمذی نے اپنی جامعہ میں کتاب علم ابن ماجہ دارمی میں امام احمد سے نقل کی ہے (عبارت لکھنا ہے متن حدیث کا) یعنی قرآن بھی دی ہے اور قرآن کے برابر بھی دی ہے یعنی سنت بھی قرآن کے برابر مقدار میں دی ہے یہ حدیث اپنی جگہ سند ومتن دونوں حوالے سے موضوع نقاش بحث وتحقیق ہے اس پر ملاحظات ہو سکتے ہیں

۱۔پہلے مرحلے میں کہا گیا کہ پیغمبر شارح ومبین قرآن ہیں اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے پیغمبر مقابل قرآن ہیں قرآن و محمد ملکر شریعت بنتے ہیں یہاں دو شریک بتاتے ہیں کیونکہ شارع ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ مطلب کو لفظ سے نکال کے

بتاتے ہیں وہ مطلب کو سیاق وسباق سے نکال کے بتاتے ہیں آپ آیات کی تفسیر کو دیگر آیات سے جوڑ کے بتاتے ہیں جب آپ تفسیر کو مثلہ مع سے کریں گے تو یہ الگ ہوں گے۔

۲۔قرآن کریم اس میں خشک وتر سب ہے لیکن اس میں ہر چیز کی تفصیل نہیں ہے تفسیر قرآن بہ سنت کے قائلین کے نزدیک اگر آیات کی تفسیر پیغمبر کی سنت میں نہیں ملا تو اقوال صحابہ کی طرف رجوع کریں گے صحابہ جانتے ہیں کیوں کہ وہ نزول قرآن کے شاھد وناظر تھے لہٰذا ان سے مروی روایات کو تفسیر قرآن میں قول نبی کی حیثیت ہوگی دین اسلام کو تہ وبالا کرنے میں سب سے بڑی کردار ان لوگوں نے کی ہے جنھوں نے اھل البیت اور اصحاب کو بطور مطلق رسول کے مساوی قرار دی ہیں یہ بات اظہر من الشّمس ہے اہل بیت واصحاب سب عالم تھے یہ معصوم خطاء ولغزش سے پاک تھے اصحاب میں سے کتنے جنگ جمل وصفین نہروان میں خلیفہ المسلمین کے خلاف باغی تھے اہل بیت سے وابستوں میں سے کتنے لوگوں نے اقتدار کی جنگ لڑی ہے جن سے آئمہ ناراض ونالان ہے لمبی فہرست ہے۔

اہل البیت سے کتنے اقتدار پرست نکلے ہیں انکی اقتدر پرستی سے کتنے لوگ قتل ہوئے ہیں نظام مسلمین درھم برھم ہوے ہیں خاص کر فاطمیین کے کردار ابھی تک مسلمان بھگت رہے ہیں اس خاندان سے زر پرست کتنے نکلے ہیں بنی عباس بنی امیہ سے کتنی دولت کمائی ہیں وہ تاریخ میں ثبت ہے اسی طرح اصحاب میں مشرکین کو جاسوسی کرنے والے جنگ میں بغیر عذر حیلہ بہانے سے شرکت سے گریز کرنے والے مسجد ضرار بنانے سے کم فھم وادراک میں اصحاب الف سے یے تک کے فاصلہ ذرہ سے مجرہ تک کے فاصلے غبی اور ذکی ہونا عقل ونقل دونوں سے ثابت ہیں ان کی کو پیغمبر کی دعا سے جوڑنا پیغمبر نے ان کی حق میں دعا کی تھی یہ فرط القتات یہ پیغمبر رحمت للعالمین تھے یہ جو دعا پیغمبر نے ابن عباس کے حق میں عبداللہ بن عمرو بن عاص کی ہے کیوں اپنے چچا کے حق میں نہیں کی کیوں حضرات حسنین کے حق میں نہیں کی کیوں جعفر طیار کے اولادوں کے حق میں نہیں کی۔

حدیث الاوتیت الکتاب و مثله الا اوتیت القر آن و مثله معه لال یو شک رجل ینشی شعبان علیٰ اریکته یقول علیکم با لقر آن فما وجود تم فی من حلال محلوه و ما وجد تم فیمن حرام فحترمو الا لا یحل لکم لحم الحمار اهلی ولا کل ذی ناب من السباع الا ولا لقطة من المال معاهد الا ان یستد من عنها صاحبها و من نزل یقوم فعلیهم ان یقروهم فان لم یقروهم فلهم ان یعقوبهم بمثل قراهم .

اس حدیث کے راویان مسند احمد بن حنبل سے ج۴ص۱۳۰ سے نقل کیا ہے۔

۱۔عبداللہ نے ابی سے

۲۔یزید بن ہارون

۳۔حریز بن عبدالرحمٰن بن ابی عوف الجرشی

۴۔المقدام بن معدیکرا کندی

رسول اللہ سے مندرجہ بالا حدیث کے راویان سنن ابن ابی داود ج ۴ص ۲۰۰ حدیث ۴۶۰۴

۱۔عبدالوہاب بن نجدۃ

۲۔ابوعمرو بن کثیر بن دینار

۳۔حریز بن عثمان

۴۔عبدالرحمٰن بن ابی عوف

۵۔المقدام بن مویکرب

رسول اللہ سے کتاب عقود المرجان ص ۳۷ پر لکھتے احادیث ضعیف سے تفسیر کرنا جائز ہے چنانچہ فقہانے قیاس پر حدیث ضعیف کومقدم رکھتے تھے امام احمد بن حنبل نے فرمایا حدیث ضعیف رائے سے بہتر ہے جب فقہ میں حدیث ضعیف سے فتوی دینا صحیح ہے تو تفسیر میں بھی جائز ہے کتاب قواعد حدیث من فنون مصطلح الحدیث تالیف جمال الدین قاسمی ص ۱۱۱ پر لکھتے ہیں حدیث ضعیف وہ حدیث ہے جس میں شرط صحت کا فقدان ہے نہ اس میں حسن ہے حدیث ضعیف کے اقسام ہیں موضوع مغلوب شاز منکر معلل مضطرب ہیں جب علماء حدیث نے حدیث ضعیف کو مردود کہا ہے تو پھر اس کو فقہ میں تفسیر میں لانے کیا منطق ہے۔

اس کی سند

مفسرین نے اس تفسیر کو احسن تفاسیر قرار دیا ہے اس میں جائے شک وتردید نہیں یہ ایک حقیقت ناصعہ قاطعہ ہے قرآن کریم کی نظام ترتیب جو کہ بذریعہ وحی ہوا ہے اس کا منہ بولتا ثبوت ہے ایک آیت کسی جگہ بطور اجمال بیان ہوا ہے یہی مطلب دوسری جگہ بطور تفصیل بیان ہوا ہے ایک جگہ مختصر بیان ہوا ہے دوسری جگہ بسیط کلام کی ہے اس کی ایک مثال سورہ مریم کی آیت۔۷۱ میں دی ہے اسی آیت کا ایک ٹکڑا ٭وان منکم الّا واردھا تم میں سے ہر ایک وہاں ضرور وارد ہونے والا ہے تم میں سے ہر ایک جھنم پہنچے گا یقیناً یہ خبر ایک مایوس کن خبر ہوگی لیکن اسی کے ذیل میں آیا ہے پھر ہم متقین کو نجات دیں گے ظالمین کو چھوڑیں گے اس کی ایک مثال زیادہ تر سورہ انعام کی آیت ۸۲ سے دی ہے اسکی تفسیر

سورہ لقمان کی آیت ۱۳ سے دی ہے لیکن یہاں بھی یہ تفسیر واضح نہیں ہے اس آیت میں ظلم میں ملوث ملبوس انسان کو قیامت کے دن امن نہیں ہوں گے امن صرف مؤمنین کے لئے ہونگے ظلم سے مراد ظلم شرک کی ہے ظلم شرک سے مراد تنہا بت پرستی نہیں بلکہ تمام انواع اقسام ظلم ہیں اللہ کو خالق سمجھتے ہیں عبادت گزار بھی ہیں لیکن نظم کائنات میں اللہ کو بے دخل کیا ہے نظام وضعی نفاذ کرنے میں سرتوڑ کوشش کی ہے گویا قیامت کے دن نجات دو گزرگاہ سے گزرتا ہے ایک منطقہ ایمانی جو شرک جلی سے گزرتا ہے شروع ہوتا ہے

ایک منطقہ عملی ہے شرک منطقہ اعتقادی سے گزر کر میدان عملی میں اعراض کرنے والے یا کوتاہی کرنے والوں کا بھی حشر برا ہوں گے جیسا کہ سورہ بلد اور سورہ عصر میں آیا ہے

تفسیر قرآن بہ قرآن۔

قرآن کا قرآن سے تفسیر اس کی چند مصادیق بنتے ہیں۔

۱۔ایک لفظ کا معنی مفہوم اسی آیت کے ذیل میں بیان کی ہے۔

۲۔ایک لفظ کا معنی دوسری آیت میں بیان کی ہے۔

۳۔ایک جملے کا مفہوم دوسری آیت میں بیان کی ہے جیسے سورہ دخان کی ایک اور تین میں ہے اس کی بیان سورہ قدر کی آیت ایک میں آیا ہے ان دونوں کا مصداق رمضان میں ہوا ہے سورہ بقرہ آیت ۱۸۵ اسی طرح سورہ انفال آیت ۔۲۴ کی توضیح سورہ حشر کی آیت ۱۹ میں ہوا ہے سورہ دھر کی آیت: ۴۱ ﴿﴾ اس کی وضاحت سورہ مائدہ کی آیت: ۳۳ ﴿إِنَّما جَزاءُ الَّذينَ يُحارِبُونَ اللَّهَ وَ رَسُولَهُ وَ يَسْعَوْنَ فِي الْأَرْضِ فَساداً أَنْ يُقَتَّلُوا أَوْ يُصَلَّبُوا أَوْ تُقَطَّعَ أَيْديهِمْ وَ أَرْجُلُهُمْ مِنْ خِلافٍ أَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْأَرْضِ ذلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيا وَ لَهُمْ فِي الْآخِرَةِ عَذابٌ عَظيمٌ ﴾ میں ہوا ہے سورہ بقرہ آیت: ۳۰ ﴿وَ إِذْ قالَ رَبُّكَ لِلْمَلائِكَةِ إِنِّي جاعِلٌ فِي الْأَرْضِ خَليفَةً قالُوا أَ تَجْعَلُ فيها مَنْ يُفْسِدُ فيها وَ يَسْفِكُ الدِّماءَ وَ نَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَ نُقَدِّسُ لَكَ قالَ إِنِّي أَعْلَمُ ما لا تَعْلَمُونَ ﴾ کی تفسیر سوہ لقمان آیت ۲۰ ﴿أَ لَمْ تَرَوْا أَنَّ اللَّهَ سَخَّرَ لَكُمْ ما فِي السَّماواتِ وَ ما فِي الْأَرْضِ وَ أَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهُ ظاهِرَةً وَ باطِنَةً وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ يُجادِلُ فِي اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَ لا هُدىً وَ لا كِتابٍ مُنيرٍ﴾ سورہ جاثیہ آیت: ۱۳ ﴿وَ سَخَّرَ لَكُمْ ما فِي السَّماواتِ وَ ما فِي الْأَرْضِ جَميعاً مِنْهُ إِنَّ في ذلِكَ لَآياتٍ لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ﴾ میں ہوا ہے۔

اگر زمان نزول میں جہاں پیغمبر دو بدو مشرکین وملحدین سے مقابلہ تھا اگر اس کلام میں کلام غربیہ یا غرائب ہوتے تو

مشرکین دومنٹ میں پیغمبر کو رد کر سکتے تھے آپ کی بات ہمارے سمجھ میں نہیں آ رہا ہے پیغمبر کی بیان یہ آیت اتنی سہل اور سریع فہم تھے اور مؤثر اثر کنندہ تھے جلدی سے مخاطب کے سمجھ میں آتے تھے لھذا مشرکین نے مکے میں آنے والوں کو پہلے جاکے روکتے تھے محمد سے نہ ملے یہ سمجھانے میں سحر کرتے ہیں عرب کے لجوج وبد وبغیر توضیح کنندہ بغیر تفسیر کنندہ اس کلمے کا معنی یہ ہے اچھی طرح سے سمجھ میں آتے تھے بھلا یہ اصحاب کا جن لوگوں نے ان کو بدنام کیا الفاظ قرآن اصحاب کے سمجھ میں نہیں آ رہے تھے ایمان لانے کے بعد بھی ان کے سمجھ میں نہیں آ رہے تھے تو قرآن سمجھ میں نہ آنے کی واحد رکاوٹ دو میں سے ایک ہوگا یا ایمان سمجھ میں آنے سے مانع ہے یا نفاق مانع ہے ظاہر قرائن شواھد یہ بتاتے ہیں قصص قرآن میں کسی کو آیت غریبہ نظر نہیں آتا ہے ان کو آیات غریبہ صرف آیات ایمانی اور عملی میں نظر آتا ہے ساری توڑ پھوڑ یہاں ہے ایمانیات عملیات سے متعلق آیات میں ہیں

اسباب ووجوہات ضرورت تفسیر قرآن

یہ اسباب وجوہات جو مفسرین نے تفسیر کے بارے میں علوم قرآن کے نام سے تفاسیر کے مقدمے میں جداگانہ علوم قرآن کے نام سے بیان کی ہے جو وجوہات انھوں نے پیش کی ہے اس کو ایک حوالے سے دو حصوں میں تقسیم کیا ہے ایک وجہ کی برگشت خود قرآن کریم ہے قرآن کریم کی دلالت میں پوشیدہ ہے قرآن کریم میں کلمات غریبہ ہے یعنی بعید الفھم کلمات مستعرب ہے یعنی غیر عربی کلمات مشترک معانی ہے

تبین قرآن بلاغت قرآن

دنیا میں رائج تشریح توضیح پہلے مرحلہ میں اس کلام کے لغت سے کیا جاتا ہے جس میں یہ کلام آئی ہے اگر اس کے بعد کوئی کمی خلاء یا تعیّن مصادیق کی ضرورت پڑے تو اس کے گردو پیش قرائن وشواھد سیاق وسباق سے کرتے ہیں قرآن زبان عرب میں نازل ہوا ہے عربی ایک زبان وسیع وعریض زبان ہے کوئی کلام مبہم مجمل یا غیر مانوس نظر آیا تو اس کو عربی لغت میں دیکھا جائے گا لغت نویسیوں نے اس کلمے کی کیا تشریح توضیح دی ہے لغت میں بھی جدید وقدیم ہے لھذا قرائن کہ جس کے نزول کے پندرھویں صدی چل رہی ہے لہٰذا کسی بھی کلمہ قرآن کا توضیح وتشریح یا تفسیر منجد، غیاث الغت، سے نہیں کیا جائے گا قرآنی کلمات کی تشریح سب سے قدیم لغات سے کریں گے کلمات قرآن کے معنی لغوی تلاش کرنے کی خصوص لغات ہے جیسے مفرادات راغب اصفہانی عمدہ الحفاظ وغیرہ جو کلمات ومستعمل قرآن کے معانی کیلئے مخصوص ہے جب لغات سے کریں گے تو لغات میں بھی حوالہ دیکھنا ضروری ہے جس طرح روایت میں حوالہ دیکھتا ہے کتب مسئلہ کتب لغات میں حوالہ دیا وہ دیکھا لغت نویسوں میں سے ایک قرطب نامی شخص ہے یہ سیبویہ کے شاگرد تھے اس کتاب جمھرۃ

العرب دیکھا ہے وہ فاسدہ العقیدہ علماء ان کی لغت پر اعتماد نہیں کرتے تھے۔فلاں نے اس کلمے کا معنی کیا ہے اس کا حوالہ ان کتابوں میں موجود ہیں مثلاً سب سے بڑی اور رائج کتب لغت لسان العرب تاج العروس صحاح مفردات راغب ہیں ان کتابوں میں کلمات کے معانی جن لغویوں سے نقل کی ہے جس طرح کتاب کے لئے مصادر ہوتا ہے مصادر لغوی میں اشہر لغوبین مشہور ترین لغوبین میں ابو عبیدہ مبرد فرہ زجاج قطرب شریف رضی راغب اصفہانی کا نام آتا ہے۔

تفسیر قرآن بہ قرآن

قرآن کی قرآن سے تفسیر کے چند مصادیق بنتے ہیں۔

۲۔ایک لفظ کا معنی دوسری آیت میں بیان کیا ہے۔

۳۔ایک جملے کا مفہوم دوسری آیت میں بیان کیا ہے جیسے سورہ دخان کی ایک اور تین کا بیان سورہ قدر کی آیت ایک میں آیا ہے ان دونوں کا مصداق رمضان میں ہونا ہے سورہ بقرہ آیت ۱۸۵ اسی طرح سورہ انفال آیت۔۲۴ کی توضیح سورہ حشر کی آیت ۱۹ میں ہوا ہے سورہ دھر کی آیت ۱۴۱ اس کی وضاحت سورہ مائدہ کی آیت ۳۳ میں ہوا ہے سورہ بقرہ آیت ۳۰ کی تفسیر سوہ لقمان آیت ۲۰ سورہ جاثیہ آیت ۱۳ میں ہوا ہے۔

واردار باطنیہ وبناتہا علی القرآن:

قرآن کریم کا مقابل بالمثل سے عاجز وقاصر آنے کے بعد انہوں نے قرآن کو حجیت سے گرانے کیلیئے سوچا ہم ظاہر میں قرآن کی تعظیم وتوقیر کرائیں خود کو خدام القرآن متعارف کرائیں سنت سے متصل ماں جیسا نوچیں اس کے لئے مختلف نام سے میزائل بنائے:

۱۔قرآن میں کلمات غربیہ ہے جس کی وجہ سے قرآن عام انسانوں کی سمجھ میں نہیں آرہا اس کا قرائن اور شاہدہ تلاش کئے۔

۲۔حدیث کو قرآن پر فوقیت دی پھر حدیث کو اٹھانے کیلیئے محیط اسلام سے دور دشمن اسلام و مسلمین خراسان کو انتخاب کیا حدیث کو کبھی اصحاب بھی اہل بیت کے نام سے اٹھایا ہے۔

۳۔بعض آیات قرآن گم ہوگئی یا منسوخ ہوگئی۔

۴۔فقہ کو جاگزین حدیث کریں۔

۵۔علوم عربیہ کو خدام قرآن کے نام وجود میں لایا ہے۔

۶۔علم کلام کو دقائق ومعارف قرآن میں تشکیک دیں۔